الجمعیۃ

Al-Jamiat

01 Jan 1932
To
28 Dec 1932

عرضِ مرتّب

راقم مشہور مفتی کا تعلق مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خانوادے سے ہے۔ راقم کے دادا مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ قدیم نامور علمائے لدھیانہ کے خاندان کے فرد تھے۔ آپ کے والد مولانا عبداللہ لدھیانویؒ نے قادیانیوں کے خلاف کفر کا اولین فتویٰ دیا تھا، آپ کے دادا مولانا عبدالقادر لدھیانویؒ اور تایا مولانا سیف الرحمٰن لدھیانویؒ 1857ء کی جنگِ آزادی میں فتویٰ دینے والے 34 علماء میں سرِفہرست تھے۔ یہ فتویٰ آزادی "صادق اخبار 1857ء میں شائع ہو چکا ہے۔

مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ تقسیم ہند سے پہلے جمعیت علمائے ہند کے نائب صدر اور ناظم بھی رہے۔ آپ ہندوستان میں متحدہ پنجاب کے مفتی اعظم بھی تھے۔ آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور جمعیت علمائے ہند کے سابق نائب صدر تھے۔

راقم کو اپنے دادا مرحوم سے متعلق تاریخی ریکارڈ درکار تھا، اسی سلسلہ میں "الجمعیۃ" کے پرانے شمارے تلاش کیے لیکن ہندوستان میں وہ شمارے نہ مل سکے۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے صاحبزادے مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ نے انتہائی محنت سے "الجمعیۃ" کے تمام اخبار اس نیت سے اکٹھے کیے تھے کہ وہ اپنے والد مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے فتاویٰ کو مرتب کر سکیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنی زندگی میں وہ فتاویٰ مرتب بھی کیے جو "کفایت المفتی" کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ اپنے کام کی تکمیل کے بعد انہوں نے "الجمعیۃ" اخبار کو جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر اور دہلی ہندوستان کے ایک اسلامی ادارہ میں محفوظ کرنے کے لیے بھیج دیا۔ جمعیت علمائے ہند کے موجودہ صدر مولانا سید ارشد مدنی صاحب انگلینڈ تشریف لائے تو ان سے ملاقات کے دوران یہ افسوس ناک انکشاف ہوا کہ ان کے پاس موجود "الجمعیۃ" کے اخبارات کو دیمک لگ گئی ہے۔ اس انتہاء درجہ کی لاپرواہی سے الجمعیۃ کے اس اہم ترین ریکارڈ کے ضائع ہونے پر انتہائی افسوس ہوا۔

دوسرا ریکارڈ جو دہلی کے کسی اسلامی ادارے میں موجود تھا اس کے حصول کے لیے اس ادارے سے رابطے کی کوشش کی گئی لیکن کوشش کے باوجود رابطہ نہ ہو سکا۔

اس تمہید کا ایک مقصد مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ (صاحبزادہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ صدر جمعیت علمائے ہند) کی کتاب "جمعیت علمائے ہند پر تاریخی تبصرہ" کے مطالعہ کی تاکید کرنا بھی ہے جس میں انہوں نے اپنے دور میں جمعیت علمائے ہند کی زبوں حالی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ تاریخی حوالہ کے طور پر درج کر

رہا ہوں کہ آج جمعیت علماء ہند دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے، ایک کے صدر مولانا سید حسین احمد مدنی کے بیٹے مولانا سید ارشد مدنی ہیں اور دوسرے حصہ کے صدر شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کے پوتے مولانا محمود مدنی ہیں۔ مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن واصف دہلویؒ نے اپنی اس کتاب میں اس اہم بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ دینی جماعتوں میں موروثیت ان جماعتوں کے دینی مقاصد کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

اسی اثنا میں کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کی لائبریری کے شعبہ Centre of South Asian Studies کے Archivist جناب پروفیسر ڈاکٹر Kevin Greenbank سے رابطہ ہوا جو Wolfson یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ "الجمعیۃ" کے کچھ سالوں کا ریکارڈ یہاں دستیاب ہے جو نہرو یونیورسٹی انڈیا سے یہاں لایا گیا تھا۔ یہ ریکارڈ پرانی Reels میں موجود تھا جس سے لائبریری میں موجود خصوصی ڈیوائس کے ذریعے ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا۔ چونکہ میں اپنی علالت کے باعث لائبریری جانے سے قاصر تھا اس لیے میں نے ان سے ان فائلوں کا عکس فراہم کرنے کی درخواست کی جو انہوں نے خندہ پیشانی سے قبول کرلی اور اپنی بیٹی کی ذمہ داری لگائی کہ وہ ان Reels کی فائلوں کو یکجا کر کے مرتب کریں۔ چنانچہ ان کے تعاون سے مئی 1926ء سے اپریل 1950ء تک کا ڈیٹا حاصل ہوسکا جن میں چند درمیانی سالوں/مہینوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اگرچہ یہ مکمل ریکارڈ نہیں ہے لیکن نہایت مفید اور مستند تاریخی ریکارڈ ہے۔

مجھے اس میں سے جو تاریخی معلومات درکار تھیں وہ تو میں اپنی کتاب "مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ اور اکابرین جمعیت علمائے ہند" میں جمع کرچکا ہوں لیکن چونکہ یہ ایک تاریخی دستاویز ہے جس سے بہت سی چیزوں کے متعلق درست ریکارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ سال کی ترتیب سے ان Reels کو مرتب کر کے شائع کردیا جائے تاکہ ہر شخص ان سے استفادہ کرسکے۔ اس کی ترتیب اور انٹرنیٹ پر محفوظ کرنے میں محترم جناب مولوی عبید الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دار العلوم کراچی نے تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ راقم کے لیے اور راقم کے والدین، تمام اعزہ واقرباء بالخصوص راقم کے اکابرین علمائے لدھیانہ کے لیے دعائے مغفرت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

مشہود مفتی

ابن نعیم بن مولانا محمد نعیم لدھیانویؒ

مطلوبہ صفحہ پر پہنچنے کے لیے کلک کریں

☜ جنوری 1932	☜ فروری 1932
☜ مارچ 1932	☜ اپریل 1932
☜ مئی 1932	☜ جون 1932
☜ جولائی 1932	☜ اگست 1932
☜ ستمبر 1932	☜ اکتوبر 1932
☜ نومبر 1932	☜ دسمبر 1932

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

مسئول مدیر ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲۱ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ مطابق یکم جنوری ۱۹۳۲ء | نمبر ۱

RANIER
1 JAN 32

معاصرین کے افکار و آراء

احرار کی فداکاریاں (مدینہ)

فداکاران پنجاب نے مجاہدانہ عزیمت کا جو نمونہ پیش کیا ہے وہ صرف خوش ہو لینے اور اظہار فخر کر لینے کے لئے نہیں ہے بلکہ تمام امت اسلامیہ کے گہرے غور و فکر کا محتاج ہے۔ یہ صحیح ہے کہ احرار اسلام سرفروشی کی راہ میں بے دھڑک چلے جا رہے ہیں وہ دار و رسن کو بوسہ دینے کے لئے مردانہ وار گامزن ہیں ان کی مائیں، بہنیں اور بیویاں، اپنے ہاتھوں سے اپنے عزیزوں کو جہاد و شہادت کے لئے تیار کر کے محاذ جنگ پر بھیج رہی ہیں۔ جو ایسے یہ پسند نہیں کرتیں کہ ان کے بچوں کے جسم میں ایک پھانس لگے وہ اس علم اور یقین کے ساتھ اپنے جگر گوشوں کو رخصت کر رہی ہیں کہ پولیس کی لاٹھیاں اور سنگینیں ان کے نازک جسموں کو چھید دیں گی۔ جو بیویاں اپنے خاوندوں کی ایک لمحہ کی جدائی گوارا نہیں کرتی تھیں وہ اپنے سرتاجوں کو مہینوں اور برسوں کے لئے جیلوں میں سڑنے کے لئے خوشی خوشی اور ہنسی ہنسی بھیج رہی ہیں ان کے دل اندر ہی اندر احساس جدائی سے خون ہو رہے ہیں لیکن اسلام اور ملت کی محبت کی آگ آنکھوں تک آ جانے والے آنسوؤں کو ایک ہی لپٹ سے خشک کر دیتی ہے اور غم زدہ ہونٹوں پر درد انگیز تبسم کھیلنے لگتا ہے۔ یہ سب کچھ پنجاب میں ہو رہا ہے ہم اس کے واقعات سنتے ہیں۔ اسلام کی سربلندی اور ملت کی عزیمت اور احرار کی سرفروشی پر ہم اظہار مسرت و افتخار کرتے ہیں لیکن کیا کبھی ایک لمحہ کے لئے بھی سوچتے ہیں کہ جو نوجوان جیلوں میں چلے گئے ہیں ان کی مائیں اور بہنیں اور بیویاں کس حال میں ہیں، ان کی نگہداشت کون کرتا ہوگا، رکانے والے جیلوں کو سدھار گئے یا جنت والی میں پہنچ گئے لیکن ان کے عزیز اور بچے عزیزوں کے کھانے پینے کا سامان کون کرتا ہوگا۔

سر محمد یعقوب کا جواب (ہند)

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے غالباً اعتراض کیا تھا کہ مسلم لیگ کا صدر ایک قادیانی کو کیوں تجویز کیا گیا ہے؟ اس کے جواب میں مولوی محمد یعقوب صاحب نے اپنا خط بعض اخبارات میں شائع کیا ہے اور ہم تا منصف ہوں گے ...

بلکہ خود وہ ادیب مذہبوں کی بنیاد انگریزی غلامی پر نہیں ہے اور قادیانی مذہب کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ مسلمانوں کو ہمیشہ کے لئے غلام رکھا جائے۔

قانون پیشہ جماعت پر پابندیاں (ہلال)

عدم تشدد کی تحریک میں حصہ لینا اور اس کے جرم میں قید و بند کی مصیبت برداشت کرنا کوئی ایسا اخلاقی گناہ نہیں ہے کہ اس کی وجہ سے ہائی کورٹ وکیلوں کے ...

سرٹیفکٹ ضبط کرے لیکن ہندوستان کی ہائی کورٹیں بھی قانون کی دفعات کا استعمال حکومت کے دفتر انتظامی کے اشارہ پر کرتی ہیں اور حب الوطنی کے جذبات دبانے کے لئے سند ضبط کرنے کی دھمکی دیتی رہتی ہیں۔

دنیا کے مہذب ملکوں میں حکومت کے انتظامی و عدالتی اختیارات بالکل علیحدہ رہتے ہیں۔ مجسٹریٹ اور جج بالکل دو مختلف حاکم ہوتے ہیں جن کا نقطۂ نظر بھی مختلف رہتا ہے۔ جج پر کبھی مجسٹریٹی ضروریات کا اثر نہیں پڑتا۔ وہ صرف قانون کی دفعات کی روشنی میں بے لاگ فیصلہ دیتا ہے۔ برخلاف اس کے ہندوستان میں عدالتی اختیارات اور فیصلوں پر ہمیشہ انتظامی و سیاسی اثر رہتا ہے جس کی وجہ سے "انصاف" کے نام سے بسا اوقات سیاسی مصالح کے ماتحت مظلوموں کے گلے پر چھری پھیر دی جاتی ہے۔

وکلاء کی بے عنوانیوں کے متعلق جو دفعات اس وقت قانون میں موجود ہیں ان کا منشاء صرف یہ ہے کہ اگر کوئی اخلاقی گناہ سرزد ہو تو ان سے باز پرس کی جا سکتی ہے۔ اور ہائی کورٹ کے حکم سے سند بھی ضبط ہو سکتی ہے۔ مگر سیتہ گرہ میں شرکت اس کی ادائی اور اس سلسلہ میں سزا پانا اس سے وکیل کی اخلاقی پستی کا ثبوت نہیں ملتا بر خلاف اس کے کیرکٹر کی مضبوطی ظاہر ہوتی ہے۔ ہندوستان کی اندھیر نگری میں اس کا اخلاقی جرم کا مرتبہ دے کر سند کی ضبطی تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ تحریک وطنی کو فنا کرنے کے لئے کیسے کیسے ذرائع استعمال کئے جاتے ہیں۔

ملک کے محترم لیڈر سی کلاس میں (ریاست)

لاہور کی تازہ اطلاعات سے یہ معلوم کر کے ہمیں سخت افسوس ہوا کہ مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کو بورسٹل جیل میں سی کلاس ملا ہے۔ مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری مسلمانوں کے ایک مشہور عالم پنجاب کے امیر شریعت اور ہندوستان کے ایک مقتدر سیاسی کارکن ہیں۔ مولانا ممدوح کے اثر کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ آپ ان معدودے چند بزرگوں میں سے ہیں جن کی آواز پر گزشتہ ستیہ گرہ تحریک میں بارہ ہزار مسلمان جیلوں میں چلے گئے تھے۔ ہمیں افسوس ہے کہ حکومت پنجاب نے آپ کے ساتھ جو سلوک روا رکھا ہے اسے کسی طرح مستحسن نہیں کہا جا سکتا۔ اس نے مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کو سی کلاس میں نہیں رکھا بلکہ تمام ہندوستان کو اس امر کا ناقابل تردید ثبوت دیا ہے کہ ...

گاندھی جی کو نظر بند کر دیا جائے (وقت)

... پیش نظر رکھتے ہوئے، کوئی بے وقوف ہی برطانوی گورنمنٹ کو ایسی تحریک کا احتمانہ مشورہ دے سکتا ہے۔ اگر ہندوستان کی بدامنی کا یہی علاج ہوتا جو اس بد دماغ لارڈ نے تجویز کیا ہے تو ہندوستان کے انگریز حکام اب سے بہت قبل اس پر عمل کر چکے ہوتے۔ لیکن اب تو یہ تجویز "مشتے بعد از جنگ" ہو گئی ہے!!

اُم الخبائث اور مولانا شوکت علی

مصری اخبارات کے عجیب و غریب بیانات

(منقول از ہند)

ذیل کی تصریحات، مصری وفد پارٹی کے آرگن "البلاغ" کی ۲۹ دسمبر کی اشاعت میں شائع ہوئی ہیں۔ خواہ تصریحات کیسی ہی عجیب کیوں نہ ہوں سب سے زیادہ عجیب تصریح وہ ہے جو شراب کے بارے میں ہے۔ ہمیں کسی طرح یقین نہیں آتا کہ مولانا شوکت علی کی زبان سے یہ لفظ نکلے ہوں گے، حتیٰ کہ مذاق میں بھی نہیں، کیونکہ ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ اس اُم الخبائث سے سخت نفرت رکھتے ہیں۔ ہم نے ایڈیٹر "البلاغ" سے بذریعہ تار دریافت کیا ہے کہ اس تصریح کی حقیقت کیا ہے؟ جب کوئی جواب آ جائے گا اور ہم اسے بھی شائع کر دیں گے۔

بہرحال "البلاغ" کی شائع کردہ تصریحوں کا لفظی ترجمہ درج ذیل ہے:

مصر کے ہندوستانیوں کی ناراضی

مصر میں اقامت رکھنے والے ہندوستانیوں نے (مولانا) شوکت علی کے پاس اپنا سخت احتجاج بھیجا ہے کیونکہ انہوں نے (دہلی) مولانا نے گاندھی جی کی نسبت مصری اخبارات سے گفتگو کرتے ہوئے بہت سے ناشائستہ الفاظ استعمال کئے تھے ...

... عاقل ہیں۔ انگریز سیاسی زندگی کو سمجھتے اور ہمارے معاملے کے زیادہ ہمدرد ہیں۔ وہ ہمارے حقوق محفوظ کر دینا چاہتے ہیں!

گاندھی ہمیں نکال دینا چاہتا ہے!

"سب لوگوں سے کہدو کہ گاندھی ایک ایسا شخص ہے جو قومیت و وطنیت کے نام پر اپنا اقتدار قائم کرنا چاہتا ہے ... میں صاف صاف ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ گاندھی ہم مسلمانوں کو ہندوستان سے نکال دینا چاہتا ہے، ہم کو ہندوستان پر ابھی کچھ مدت پہلے تک حکومت کر چکے ہیں!"

گاندھی لیڈر نہیں ہے

"تم لوگ گاندھی کی نسبت مشہور کرتے ہو کہ وہ لیڈر ہے اور ہندوستان کی سیاسی تحریک کا سب سے بڑا رہنما ہے حالانکہ گاندھی حقیقی سیاسی رہنما نہیں ہے بلکہ وہ اس کے بالکل برعکس ہے! (؟) وہ ہندوستان سے انگریزوں کو بدیر نکالنا چاہتا ہے مگر مسلمانوں کو بھی باہر نکال دینا چاہتا ہے!"

انگریز زندہ باد!

"میرا یقین و اعتقاد ہے کہ گول میز کانفرنس کی ناکامی، ہندوستان میں انگریزوں کو اور بھی زیادہ طاقتور کر دے گی ... حکومت بے حد مضبوط ہو جائے گی، اور وہ اقلیتوں کے طرفدار بن جائیں گے کیونکہ ان اقلیتوں نے انگریزوں کے مقابلے میں گاندھی کا ساتھ نہیں دیا ... میرا اعتقاد ہے کہ انگریز اقلیتوں کے مطالبے منظور کر لیں گے۔"

بیت المقدس کی یونیورسٹی

"اسی مناسبت سے ہم مقامی اخبار "اجپشین گزٹ" سے مولانا شوکت علی کی ذیل کی تصریح نقل کرتے ہیں جو انہوں نے بیت المقدس کی مجوزہ اسلامی یونیورسٹی کی نسبت اس اخبار کو دی ہے۔ یہ اخبار دعوی کرتا ہے کہ مولانا نے کہا "میں اس بات پر زور دوں گا کہ بیت المقدس کی یونیورسٹی کی تعلیم صرف تین زبانوں میں دی جائے، عربی، ترکی، فارسی۔ علم ہندسہ اور طب وغیرہ کی بھی تعلیم ہو۔ لیکن اس میں فنون (معلوم نہیں کون سے فنون) سے مولانا کا مقصود کیا ہے؟ (ہند) کو کوئی گنجائش نہیں ملنی چاہئے کیونکہ ہم فنون نہیں چاہتے۔"

بیت المقدس میں شراب خانے کیوں ہیں؟

اور جب "اجپشین گزٹ" کے نمائندے نے کہا آپ مسلمانوں کو مغربی قوموں کے دوش بدوش کس طرح کھڑا کر سکتے ہیں جب کہ انہیں مغربی زبانوں کی خبر نہ ہو؟ تو مولانا نے جواب دیا ...

انگریز زیادہ ہمدرد ہیں

"البلاغ" لکھتا ہے مولانا شوکت علی نے اخبار کے نمائندے سے حسب ذیل بیان دیا ہے:

"جو کچھ میں کہتا ہوں اسے حرفاً حرفاً شائع کرو۔ مسلمانوں کا ساتھ اب سمجھوتہ نا ممکن ہے ... انگریز گاندھی اور اس کے چیلوں سے کہیں زیادہ ..."

مولانا شوکت علی صاحب کی تردید

نمائندہ اجپشین گزٹ کا اصرار

پرسوں کی اشاعت میں مولانا شوکت علی صاحب کی جو تصریحات، مصری اخبار سے نقل کی گئی ہیں۔ ان میں ایک عجیب تصریح یہ بھی تھی کہ مولانا نے "اجپشین گزٹ" سے فرمایا "میں شراب پینا پسند کرتا ہوں" ...

ہمارے نمائندے نے کل شام کو اجپشین گزٹ کے نامہ نگار سے ملاقات کی اور اس سے دریافت کیا کہ کیا واقعی مولانا شوکت علی نے یہ الفاظ کہے تھے؟ ... مسٹر ... نے بڑی تاکید سے کہا کہ "ہاں کہے تھے" ... لیکن ہو تم اسلامی ہیں ہمارے نمائندے نے ... "اجپشین گزٹ" نے غلطی کی ہے ... مولانا شوکت علی نے یہ لفظ نہیں کہے، لہذا ہمیں اس کی تردید کر دینا چاہئے۔

(ہند)

"مااللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبری" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ پتہ: منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۱ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ ہجری

صوبہ سرحد میں "اصلاحات" کا نفاذ

آرڈیننسوں کا اجراء، گرفتاریوں کی بھرمار اور گولیوں کی بارش

جس وقت وزیر اعظم کے اعلان پر بعض ناعاقبت اندیش اور کوتاہ بین مسلم اخبارات نے شور مبارکباد بلند کیا تھا اور صوبہ سرحد کو مانٹفورڈ سکیم کے مطابق اصلاحات دیئے جانے کے وعدہ پر اظہار مسرت و اطمینان کیا جا رہا تھا ہم نے اسی وقت کہا تھا کہ انگریزوں کی یہ تمام ایلفریبیاں کسی زبردست تباہی کا پیش خیمہ ہیں جس کے لئے صوبہ سرحد کے بدنصیب باشندوں کو ہر وقت تیار رہنا چاہیئے۔ انگریز صوبہ سرحد کو کسی صورت میں آزاد کرنا نہیں چاہتا بلکہ اس کے برعکس ہر وقت اس فکر میں ہے کہ اپنی حکومت کے آہنی پنجہ کو اس صوبہ کی خالص مسلم آبادی پر اور زیادہ سخت اور مضبوط کر دے۔ سر شفیع کہہ رہے تھے کہ وزیر اعظم کا اعلان ہندوستان کی آزادی کا "منشور اعظم" ہے۔ انقلاب مسلمانوں کو یقین دلا رہا تھا کہ صوبہ سرحد کو دوسرے صوبوں کے مساوی اصلاحات مل رہی ہیں۔ الامان ظاہر کر رہا تھا کہ آنت مرحومہ پر انگریزوں کے الطاف و اکرام کی بارش ہو چکی ہے اور ان کے دو مطالبات یعنی صوبہ سندھ کی علیحدگی اور صوبہ سرحد کی آزادی تسلیم کئے جا چکے ہیں۔ حکومت کی اعانت و حمایت کے لئے یہ صریح مغالطہ آرائیاں کی جا رہی تھیں مگر جاننے والے جانتے تھے کہ دینے کا یہ دعوکہ یہ بازیگر کھلا رہا صوبہ سرحد اس قسم کے اعلانات سے آزاد ہونے والا نہیں ہے بلکہ کسی اور زیادہ ہولناک مصیبت میں گرفتار ہونے والا ہے۔

"منشور اعظم" کے الفاظ ابھی فضائے آسمانی میں گونج ہی رہے تھے کہ ان کا حقیقی اثر ظاہر ہونا شروع ہو گیا۔ اصلاحات کی بجائے بدترین قسم کے آرڈیننس نافذ کر دیئے گئے جن کی مثال دنیا کی آئینی تاریخ میں کسی ملک اور کسی قوم کے اندر نہیں مل سکتی۔ تشدد اور دہشت انگیزی کا دور شروع ہو گیا۔ فخر افاغنہ خان عبد الغفار خان جن پر بے حد ...

قادیانی کو صدر بنانے کا افسوسناک انجام

(بسلسلہ صفحہ ۲)

فیصلہ کی تائید نہیں کر سکتی۔

اس کے بعد مولانا محمد ابراہیم صاحب نے قادیانیوں کی مذہبی حیثیت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ انہیں مسلمانوں کا کوئی طبقہ اور فرقہ مسلمان نہیں سمجھتا۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ انہیں ایک مسلم جماعت کی قیادت کس طرح دی جا سکتی ہے ...

بدترین قسم کا رجعت پسند طبقہ داخل کر لیا گیا جسے کسی حلقہ اور کسی جماعت میں عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ اگرچہ یہ کارروائی اتفاقی تھی مگر اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلم کانفرنس کی طرح مسلم لیگ کی حیثیت یکطرفہ ہو گئی اور وہ بھی اپنی ترکیب کے اعتبار سے ایک خالص رجعت پسند جماعت بن گئی۔

اس ترکیب سے کورم پورا ہو گیا تو بجائے التوائے اجلاس کی تجویز منظور کرنے کے کارروائی شروع کر دی گئی۔ اس قسم کی حرکتیں ذمہ دار اراکین کے دامن پر ایک بدنما دھبہ ہیں۔ کونسل کے اجلاس میں جو کارروائی ہوئی وہ اور بھی زیادہ شرمناک ہے۔ لیگ کے تمام قوم پرور عنصر کو رکنیت سے خارج کر دیا گیا اور اس کی بجائے ...

فسادات لاہور

سی آئی ڈی کی نظر عنایت

تصحیح

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت کے صفحہ ۲ کالم ۲ میں کاتب صاحب کی مہربانی سے بجائے عقال کے اتقال لکھا گیا ہے۔ قارئین کرام تصحیح فرمائیں۔

(ایڈیٹر)

قادیانی کو صدر بنانے کا افسوسناک انجام

سر محمد یعقوب کے ہاتھوں آل انڈیا مسلم لیگ کی انتہائی تذلیل

فتحپوری ہال پر مسلمانوں کا قبضہ اور پرائیویٹ مکان میں لیگ کا جلسہ

(از نامہ نگار)

آج تاریخ ۲۶ دسمبر ۱۹۳۱ء کو دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد ہونے والا تھا اور اس اجلاس کی صدارت کے لئے لیگ کی کونسل نے چودھری ظفر اللہ خاں صاحب قادیانی کا انتخاب کیا تھا ...

فلسطین کی موتمر اسلامی کا حشر

دیوار گریہ۔ اسلامی یونیورسٹی۔ حجاز ریلوے اور دیگر مسائل کا تصفیہ

عربی انسائکلوپیڈیا کی تدوین کا کام مصر میں شروع ہوگا

(ترجمہ خصوصی)

موتمر کے انتظامات

مفتی اعظم کی مخالفت

دیوار گریہ اور مسلم یونیورسٹی

حجاز ریلوے کا معاملہ

لاہور میں مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں اور سکھوں کے جنگی مظاہرے

دو مسلمان شہید کردیئے گئے شہر میں کرفیو آرڈر اور ۱۴۴ کا نفاذ

میرٹھ، سہارنپور اور اجمیر کے قافلوں کی گرفتاری اور سزایابی

دوسرے مسلمان کی شہادت اور کرفیو آرڈر کا نفاذ

کل شام کے چھ بجے حکومت کی طرف سے اعلان کردیا گیا کہ ... تک تمام شہر میں کرفیو آرڈر نافذ کردیا گیا ہے جس کی رو سے شام کے آٹھ بجے سے صبح سات بجے تک کوئی شخص گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔

صوبہ سرحد میں خدائی خدمتگاروں کو گولی کا نشانہ بنادیا گیا!

۱۶ سرخ پوش شہید اور ۲۹ زخمی ہوئے

سرحد کے واقعات پر گاندھی جی اور سر ذوالفقار علی خاں کا بیان

اس کے بعد انہوں نے فوجی دستوں کو دھکے دینے شروع کردیئے جس پر فوج نے گولی چلائی۔ گولی چلانے کے بعد لوگ منتشر ہوگئے اور فوج نے گولی چلانی بند کردی۔ اس حادثہ میں ان کے دس آدمی ہلاک (شہید) اور بیس زخمی ہوئے۔

سہ پہر کو چھاؤنی سے ایک میل کے فاصلہ پر ... آٹھ سو سرخ پوش جمع ہوگئے۔ جن میں بہت سے اشخاص کلہاڑیوں سے مسلح تھے۔ پولیس اور فوجی دستوں نے انہیں وہیں روک دیا اور ان کو منتشر ہوجانے کا حکم دیدیا اور جب انہوں نے انکار کیا تو فوج نے ان کو نیزوں سے مار کر منتشر کرنا شروع کیا جس پر انہوں نے فوج پر حملہ کردیا جس کے باعث چار ہندوستانی سپاہی، فوجی افسر اور گھوڑے زخمی ہوگئے اس کے بعد فوج نے ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے دس بار گولی چلائی اور ہجوم منتشر ہوگیا۔

گرفتاریاں اور سزایابیاں

ڈاک اور تاروں پر سنسر

آرڈیننسوں کی واپسی پر کانفرنس کی کمیٹیوں سے تعاون ہوسکیگا

سرحد کے سرخ پوشوں کو کس جرم کی بنا پر گولیوں کا نشانہ بنایا گیا؟

انجمن فلاح ہند کے جلسہ میں گاندھی جی کی زبردست تقریر

اطلاع نہیں دی گئی ہے۔

اس کے بعد گاندھی جی نے یو۔پی آرڈیننس اور جواہر لال وشروانی وغیرہ کی گرفتاری پر اظہار افسوس کیا۔ بنگال آرڈیننس کے متعلق کہا کہ یہ عذر نا قابل قبول ہے کہ آرڈیننس اس لئے حق بجانب ہے کہ چند نوجوان دیوانے ہوگئے ہیں۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ اگر حکومت نے آرڈیننسوں کو واپس لے لیا تو وہ کانگریس کو گول میز کانفرنس کی کمیٹیوں کے ساتھ تعاون کرنے کا مشورہ دیں گے۔ کیونکہ آرڈیننسوں نے تعاون کی راہ مسدود کردی ہے۔

لاہور کے فساد میں دو مسلمان اور شہید ہوگئے

ایک ہندو بھی جانبر نہ ہوسکا

فساد رنگ محل کے متعلق معلوم ہوا تھا کہ جو مسلمان اور ہندو اس سانحہ میں زخمی ہوئے ہیں ان میں سے دو مسلمانوں اور ایک ہندو کی حالت نازک ہے اب معلوم ہوا ہے کہ دونوں مسلمانوں نے جام شہادت نوش کرلیا اور ہندو بھی جانبر نہ ہوسکا ان شہیدوں کے نام برکت اور نظام تھے۔ ہندو کا نام تلسی رام تھا۔

تیسری گول میز کانفرنس بھی ناکام رہیگی

بائیکاٹ کی تحریک کو کامیاب بنانا چاہئیے

سابق صدر اسمبلی کا بیان

بمبئی ۲۸ دسمبر۔ وٹھل بھائی پٹیل سابق صدر اسمبلی جو آج صبح پلسنا جہاز سے پہنچے انہوں نے نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس کے ساتھ ملاقات کے دوران میں یہ پیشگوئی کی کہ تیسری گول میز کانفرنس ناکام رہیگی۔

آپ نے فرمایا کہ علامات مظہر ہیں کہ ہندوستان جلدی جلدی دیہاتی انقلاب کی طرف جارہا ہے۔ جنگ آزادی کا از سر نو شروع ہونا ناگزیر ہے۔ کانگریس کو یورپ میں گزشتہ تجربہ کی روشنی میں اپنے موجودہ پروگرام میں ترمیم کرنی چاہئیے۔ مثال کے طور پر کانگریس کو برطانوی مال۔ برطانوی کمرشل انشورنس کمپنیوں وغیرہ کے بائیکاٹ کا کام پہلے سے زیادہ سرگرمی سے کرنا چاہئیے۔ ...

رشنی اس ملک کی آزادی کی خاطر مصائب برداشت کرنے اور قربانیاں کرنے کو تیار ہیں۔ کیا اس میں کچھ حقیقت ہے۔ آپ نے اس امر کا اظہار کیا کہ جدوجہد کو از سر نو شروع کرنے سے پیشتر شاید کانگریس اپنی تمام تر توجہ فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل میں ... کرنا دانشمندانہ خیال کرے۔

اسوقت تک ۱۱۲۸ سرخپوش گرفتار کئے جاچکے ہیں

پشاور ۲۹ دسمبر۔ صوبہ سرحد میں سرخ پوش لیڈروں اور رضاکاروں کی گرفتاری برابر جاری ہے اور اس وقت تک ۱۱۲۸ سرخپوش لیڈر اور رضاکار گرفتار کئے جاچکے ہیں جن میں سے ۵۹ ممبر ... ہیں۔

معرفت گاندھی جی کے نام ایک تار بھیجا ہے جس میں گاندھی جی کی ... واپسی پر انہیں مبارکباد پیش کی ہے اور لکھا ہے کہ فرقہ وار انجمن کی موجودگی میں انہوں نے گول میز کانفرنس کے اندر اپنی ناخوشگوار پوزیشن کو بھی طرح سے محسوس کرلیا ہوگا۔ چنانچہ آپ سے درخواست کی ہے کہ وہ سب سے پہلے فرقہ وار مسئلہ کو طے کرکے تمام اقوام ہند کو متحد کرنے میں تمام طاقت صرف کردیں۔

ریاست جموں میں بارہ مسلمان شہید کردیئے گئے

جمعہ کی نماز کے وقت ہندوؤں نے مسلمانوں پر حملہ کردیا

پولیس اور ہندوؤں کے ہاتھوں خانہ خدا کی توہین

لاہور ۲۸ دسمبر۔ میرپور ریاست جموں سے یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ۲۵ دسمبر کو جب مسلمان ادائے فریضہ جمعہ کے لئے مسجد میں جمع ہوئے اور مولانا عبداللطیف خطبہ ارشاد فرما رہے تھے تو پولیس کا ایک افسر بدتمیزی کے ساتھ مسجد میں گھس آیا اور کہنے لگا مولوی صاحب آپ تقریر بند کرکے جیسے پاس آجائیے میں آپ کو گرفتار کرنا چاہتا ہوں۔ مولانا نے جواب دیا کہ میں خداوند کریم کے دربار میں کھڑا ہوں۔ اس وقت مجھے مہاراجہ کیا انگریزوں کا بادشاہ بھی بلائے تو میں اس کی تعمیل نہیں کرسکتا۔ تم مجھے ادائے فریضہ کے بعد گرفتار کرسکتے ہو۔ اتنے میں سپاہی مسجد کے اندر گھس آئے۔ مسلمانوں کا مجمع ان کی اس حرکت سے جوش میں آگیا اس پر پولیس والوں نے نمازیوں کے پرامن مجمع کو زد وکوب کرنا شروع کردیا۔ اسی وقت ہندوؤں کا ایک جلوس دوسری طرف سے آرہا تھا وہ شور کرکے مسجد میں گھس آیا اور انہوں نے ہلڑبونگ مچادی۔ نمازیوں میں سے بارہ شہید اور تیس زخمی ہوئے۔ تفاصیل کا تاحال انتظار ہے۔

حجاز میں جنگ اور قحط کا کوئی خطرہ نہیں

امام یحیٰی الیمنی اور ملک الحجاز میں معاہدہ ہوگیا

مکہ معظمہ ۷ دسمبر۔ سرکاری طور پر ان تمام افواہوں کی تردید کی جاتی ہے جو سرزمین حجاز میں جنگ یا قحط وغیرہ کے متعلق پھیلائی جارہی ہیں۔ یہاں ہر قسم کا امن اور فارغ البالی ہے۔ حکومت حجاز اور امام یحیٰی والئے یمن میں باضابطہ طور پر دوستانہ معاہدہ مکمل ہوگیا اور اس پر دونوں حکومتوں کی طرف سے ان کے مندوبین نے گذشتہ ۱۵ شعبان المکرم کو دستخط بھی کردیئے ہیں۔ اب اس معاہدہ کی رو سے سرزمین عرب کی ان دونوں حکومتوں میں دوستانہ تعلقات قائم ہوگئے ہیں اور اس کے ذریعہ ان لوگوں اور مجرمین کا بھی تصفیہ ہوجائیگا جو ان دونوں حکومتوں کی سرحد پر شرارت کے مرتکب ہوئے ہیں۔ معاہدہ کی نقول دونوں حکومتوں کے پاس تصدیق کی غرض سے بھیجدی گئی ہیں جہاں سے وہ عنقریب سرکاری طور پر شائع کردی جائیں گی۔ (دکمت)

بمبئی میں کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

گاندھی جی وائسرائے کو ایک مکتوب ارسال کرینگے

صوبہ سرحد کے رہنماؤں سے تبادلہ خیال

بمبئی میں گاندھی جی کا ورود مجمع عام میں تقریر

میں دس لاکھ جانیں قربان کردونگا

حکومت تمام نسل کو بزدل نہیں بناسکتی

بمبئی ۲۸ دسمبر۔ آج گاندھی جی یورپ کے سفر سے بمبئی واپس آگئے جس وقت جہاز لنگر انداز ہوا تو آپ کی اہلیہ کستوری بائی تختہ جہاز پر پہونچیں گاندھی جی ان سے بغلگیر ہوئے۔ گاندھی جی نے سردار ولبھ بھائی پٹیل اور مجلس عاملہ کے دیگر ارکان کی پیٹھ ٹھونکی آپ کو پھول کے ہار پہنائے گئے۔ ساحل پر متعدد انجمنوں کی طرف سے آپ کا پرجوش استقبال کیا گیا۔ اچھوتوں کی جانب سے مخالفانہ مظاہرہ کرنے کی کوشش کی گئی مگر وہ اپنے مقصد میں ناکام رہے۔

شام کو آزاد میدان میں گاندھی جی کی تقریر ہوئی وقت مقررہ سے پہلے انسانوں کا ایک سیلاب میدان میں امنڈ آیا۔ گاندھی جی نے آغاز تقریر میں خان عبدالغفار خاں اور جواہر لال نہرو کی گرفتاری اور پشاور میں گولی چلنے کے متعلق اظہار افسوس کیا ...

سرحد میں مجسٹریٹوں کو خاص اختیارات

نئے مجسٹریٹوں کا تقرر

پشاور ۲۸ دسمبر۔ سرکاری گزٹ میں اعلان شائع ہوا ہے کہ چیف کمشنر نے آرڈیننس کی ... دفعہ کے ماتحت تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور تمام درجہ اول کے مجسٹریٹوں کو اپنے اپنے اضلاع میں عارضی سماعت کے اختیارات دیدیئے ہیں جو ملزمان آرڈیننس کی دفعہ ۳ (الف) کے ماتحت گرفتار ہوں گے ان کو براہ راست ہری پور سنٹرل جیل میں بھیجدیا جائیگا چودہ اشخاص کو تین ماہ کیلئے آنریری مجسٹریٹ مقرر کردیا گیا ہے۔

طرابلس کے سنوسی مجاہدین کا جہاد

ایک معرکہ میں دو سو مجاہدین کی شہادت

لاہور کا فساد ہندوؤں کی اشتعال انگیزی کا نتیجہ ہے

نور محمد کے قتل کے ذمہ دار ہندو ہیں

"وزیر ہند" کے نمائندہ کا اعلان حق

سرحد کے تمام جرگوں کو ناجائز قرار دیدیا گیا

چار سو آدمی گرفتار۔ پشاور میں فوج کا پہرہ

سرخ قمیص والوں کی زبردست گرفتاریاں

سرحد کے ظالمانہ قوانین کی موجودگی میں ...

سرحدی مسلمانوں کا خون ہندوستان کے مسلمانوں کو مشتعل کردیگا

جدید آرڈیننسوں کے متعلق سر ذوالفقار علی خاں کا بیان

امرتسر میں ہندوؤں کی مفسدہ پردازیاں

دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

دہلی میں جھنڈے کی سلامی، ہڑتال، جلوس اور جلسہ

سرحد اور یوپی کے آرڈیننسوں کی مذمت

گاندھی جی کو تصفیہ حقوق کا مشورہ

دہلی میں راندیری قافلہ کا ورود

مراد آباد کا دوسرا دستہ بھی پہونچ گیا

دہلی ۲۹ دسمبر۔ راندیر ضلع سورت اور مراد آباد کے دوسرے قافلہ کے رضاکار دہلی پہونچ گئے۔ کل بعد نماز ظہر ان ہر دو قافلوں کا جلوس نکالا گیا جو دفتر احرار اسلام سے شروع ہوا۔ جلوس میں ہزاروں مسلمان شریک تھے۔ جو اللہ اکبر، احرار اسلام زندہ باد، تحفظ مجاہدات اللہ زندہ باد کے نعرے لگا رہے تھے۔ مراد آبادی قافلہ ۲۰ رضاکاروں پر مشتمل ہے۔ اور راندیری قافلہ میں ۵ رضاکار ہیں۔

کل محمد ابراہیم صاحب سنگا پوری نے راندیری اور مراد آبادی قافلہ کی پرتکلف ضیافت کی۔ کھانے کے بعد رضاکاروں کی طرف سے ایک نظم پڑھی گئی۔ ... قابل عطاروں کی طرف سے تمام رضاکاروں کو دعوت دی گئی۔ ۳۰ دسمبر کو یہ دونوں قافلے محاذ جنگ پر روانہ ہوجائیں گے۔

مشترکہ بورڈ کے نام سے غلط اعلانات

مسلم لیگ کی صدارت کے خلاف مظاہروں کے سلسلے میں چند غیر ذمہ دار اشخاص نے خاص جھنڈے کے ساتھ جس پر مشترکہ بورڈ کا نام تحریر ہے اور بورڈ کی طرف سے جلسوں کے اعلانات کئے ہیں۔ اراکین اور مسلمانان دہلی کی آگاہی کے لئے ظاہر کرنا ضروری خیال کرتا ہوں کہ قادیانی صدر مسلم لیگ کی مخالفت یا موافقت سے مشترکہ بورڈ کا بحیثیت جماعت کوئی تعلق نہیں۔ اس قسم کے اعلانات سراسر غلط اور کارکنان بورڈ کی لاعلمی میں کئے گئے ہیں۔

مذکورہ بالا جھنڈا دفتر بورڈ سے کچھ عرصہ سے غائب ہے جس کا بعض دیگر مواقع پر بھی ناجائز استعمال کیا گیا ہے اس کے حاصل کرنے کی فوری کوشش کی جارہی ہے۔

ضیاء الدین احمد
سکرٹری مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے۔ دہلی

مسلم خواتین اور بچیوں کا جلوس

ڈوگرہ پولیس کے حکم کی پامالی

جموں ۲۵ دسمبر۔ کل چار بجے کے قریب مسلم خواتین اور بچیوں کا ایک عظیم الشان جلوس مسجد محلہ جلکا تیاں سے نکلا اور نعرہ تکبیر۔ اسلام زندہ باد اور شہیدان جموں وکشمیر زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتا ہوا تمام اسلامی محلوں میں پھرا۔ جب جلوس مذکور محلہ بابا جیون شاہ میں پہنچا تو لاٹھیوں سے مسلح پولیس نے خواتین کو گھیر کر منتشر ہوجانے کا حکم دیا لیکن ان دختران توحید نے منتشر ہونے سے انکار کردیا آخر کچھ عرصہ تک روکے رکھنے کے بعد پولیس نے رستہ دے دیا۔ ... پاس جاکر ختم ہوا جہاں شب برات کی تقریب پر عورتوں کا اجتماع تھا۔

کانپور کا جتھہ دہلی پہونچ رہا ہے

(خاص تار)

کانپور ۲۹ دسمبر۔ احرار کا جتھہ کل صبح کو اکسپریس سے دہلی پہنچ رہا ہے۔
سکرٹری احرار کانپور

کمپنی باغ کی مسجد کے متعلق ڈپٹی کمشنر کا فیصلہ

قطعہ زمین پر مسلمانوں کو قبضہ دیدیا گیا

دہلی ۲۹ دسمبر۔ کمپنی باغ والی مسجد کا جو تنازعہ ایک مدت سے چلا آرہا تھا بحمد اللہ کہ اب اس کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ میونسپلٹی دہلی میں اس مسجد کے سلسلہ میں کئی بار مباحثہ ہوا۔ آخر تمام ممبران نے مسٹر جانس ڈپٹی کمشنر اور صدر میونسپلٹی کو فیصلہ کا اختیار دیدیا کہ وہ جس طرح چاہیں فیصلہ کریں۔ صاحب موصوف نے بذات خود جگہ کا معائنہ کیا اور فریقین کی تسلی کرلینے کے بعد آج میونسپلٹی کے اجلاس میں صدر صاحب نے اپنا فیصلہ سنادیا ... مسلمانوں کو نماز پڑھنے کی اجازت دیدی۔ ... اس قطعہ کے گرد ایک جنگلہ لگادیں گے ... زمین پر کوئی عمارت تعمیر نہیں کی جاسکتی۔ مگر امید ہے کہ یہ پابندی بھی جلد ہٹالی جائے گی۔

گمشدہ کی تلاش

تحریک کشمیر کو کامیاب بنانیکا عزم صمیم

سیالکوٹ میں علماء اور مشائخ کی کانفرنس

مجلس احرار اسلام سیالکوٹ نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ تحریک حریت کشمیر کے سلسلہ میں ماحالات نے جو نازک صورت حالات اختیار کرلی ہے اس پر غور وخوض کرنے اور آئندہ کے لئے ایک لائحہ عمل مرتب کرنے کی غرض سے جو اس مقدس ومبارک تحریک کو کامیابی کی منزل تک پہنچانے کیلئے مدد ومعاون ثابت ہو۔ سیالکوٹ میں ایک عظیم الشان کانفرنس منعقد کی جائے۔ ہندوستان کے تمام سربرآوردہ علماء کرام، مشائخ عظام اور متقدر رہنماؤں کو اس کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی جائیگی۔ کانفرنس کے متعلق تمام انتظامات تکمیل تک پہنچ چکے ہیں اور ہفتہ عشرہ کے اندر اندر تمام متقدر تائدین ملت کی خدمت میں دعوت نامے ارسال کردیئے جائیں گے۔ نیز کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے ہندوستان کے مختلف حصص میں ایک وفد عنقریب دورہ کرنے کیلئے بھیجا جائے گا۔

(سکرٹری مجلس احرار سیالکوٹ)

آج سول نافرمانی کا ۵۹ واں دن ہے
اس وقت تک شمع حریت کے
۲۲۸۴۷
پروانے کشمیر کے سلسلہ میں جیلوں میں جاچکے ہیں
شہداء کی کل تعداد
۱۴ ہے

نادر افغان

یو۔پی میں آرڈیننسوں کا زور اور کرفیو آرڈر کا نفاذ

پنڈت جواہرلال نہرو اور تصدق احمد خاں شیروانی کی گرفتاری

الہ آباد ۲۶ر دسمبر۔ صوبجات متحدہ کے اضلاع سے یہاں آرڈیننس جاری ہے جو خبریں آرہی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ تقریباً ہر جگہ عام طور پر گرفتاریوں کا سلسلہ ری ہے مگر گذشتہ تین چار دن سے اس کی رفتار سست ہے البتہ آرڈیننس کی رو سے نظر بندی اور میونسپلٹی کی حدود سے باہر نہ نکلنے کے احکام بڑی تیزی سے اور کثرت سے جاری کئے جارہے ہیں۔

شمالی اور مغربی اضلاع سے دورہ کرکے واپس آئے تو انہیں بھی الہ آباد سے باہر جانے کی ممانعت کردی گئی۔

لیکن یہ دونوں حضرات اس بات سے ہوئے تھے کہ وہ بمبئی ضرور جائیں گے خواہ یہ حکم نافذ رہے یا نہ رہے۔ چنانچہ وہ بمبئی کے لئے روانہ ہوگئے۔ روانگی کے وقت ان دونوں کو یہ یقین تھا کہ وہ ضرور گرفتار کئے جائینگے

کلکتہ میں بڑا دن بڑی تشویش سے گذرا گیا

مفرور انقلابیوں کی موجودگی سے پولیس میں بے چینی

ناچ کے وقت اسلحہ خانہ پر حملہ کا اندیشہ

خان عبدالغفار خان اور جواہرلال نہرو کی گرفتاری

تمام ہندوستان میں ہیجان ہڑتالیں اور جلسے

خان عبدالغفار خاں پنڈت جواہرلال نہرو اور مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کی گرفتاری پر تمام ہندوستان میں تشویش پیدا ہوگئی ہے اور حکومت کے اس رویہ کے خلاف زبردست احتجاج کیا جارہا ہے۔ لاہور، پونا، بنارس، سکھر، کراچی، دہلی، بمبئی اور متعدد مقامات پر ہڑتالیں کی گئیں، جلوس نکالے گئے اور جلسے منعقد کئے گئے۔ اور گرفتار شدگان کی گرفتاری پر مبارکباد پیش کی گئی۔

خان عبدالغفار خاں کے بھائی نینی جیل میں

الہ آباد ۲۸ر دسمبر۔ خان عبدالغفار خاں کے بھائی ڈاکٹر خان کو الہ آباد پہنچا دیا گیا ہے اور آپ کو نینی جیل میں محبوس کردیا گیا ہے۔ لیکن ابھی تک خان عبدالغفار خاں کے متعلق کچھ معلوم نہ ہوسکا کہ آپ کو کہاں بھیج دیا گیا ہے۔

یو۔پی کے آرڈیننس میں توسیع

لکھنؤ ۲۸ر دسمبر۔ یہ آرڈیننس ضلع فرخ آباد میں بھی نافذ کردیا گیا ہے۔

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

گرفتاری کس طرح ہوئی

جواہرلال نہرو اور شیروانی صاحب کی گرفتاری

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی

آگرہ کے کانگریسیوں کو خارج البلد کردیا گیا

جائدادوں کی قرقی اور ضبطی

محبوب عاشق کے قدموں پر

اگر صحت پیاری ہے

ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

مسلمانو ہوشیار ہوجاؤ

سوزاک یعنی سوزاک اور اسکا علاج

حکیم سید محمد عزیز الحسن برہی گھاٹ بھوپال

جوان بنانے والی معجون

دہلی کے بقائی خاندان کا مشہور و معروف دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

حب نعمت رجسٹرڈ

منیجر دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

فرنچ الارم ٹائم پیس

ایس۔ بی۔ بھٹی۔ اینڈ کمپنی

دی جان سن واچ ہاؤس

صوبہ سرحد کیلئے تین آرڈیننس۔ گرفتاری کیلئے وسیع قوانین

خان عبدالغفار خان اور آپ کے رفقاء کی گرفتاری

خان صاحب گرفتار کرکے انڈمان بھیج دیے گئے؟

گرفتاری پر چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

نئی دہلی ۲۶ر دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ خان عبدالغفار خاں ان کے بھائی ڈاکٹر خان صاحب اور مسٹر سعداللہ خاں اور قاضی عطاءاللہ خاں وکیل مردان کو شملہ کے ریگولیشن ۱۸۱۸ء کے ماتحت گرفتار کرلیا گیا ہے۔ یہ حضرات آج یہاں ایک بند اسپیشل میں دہلی کی طرف سے گئے۔ اسٹیشن پر کسی کو اطلاع نہ تھی البتہ پولیس کا کچھ انتظام کردیا گیا تھا قطعی طور پر یہ نہیں معلوم کہ انہیں کہاں لے گئے ہیں اور ان پر کوئی مقدمہ بھی چلایا جائے گا یا نہیں تاہم اندازہ کیا جاتا ہے کہ ان کی اسپیشل کلکتہ کی طرف گئی ہے جہاں سے ان کو شاید

سرخ قمیص والوں کی مزاحمت

اسی طرح گذشتہ دو ماہ کے عرصہ میں ان کی جماعت نے تعزیری قوانین میں بھی مزاحمت کی اور حکومت کی راہ میں مشکلات پیدا کیں وہ جرائم کا اخفا کرتے تھے لوگوں کو دھمکیاں دیتے تھے اور مختلف صورتوں میں جرمانہ وغیرہ کے ذریعہ اپنا حق بٹھلاتے تھے دفعہ ہوہ عائد کی گئی لیکن انہوں نے اس کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی۔

اسی طرح اس بیان میں لکھا گیا ہے کہ خان عبدالغفار خاں نے قومی منافرت پھیلائی اور لوگوں کے اس طرح جذبات برانگیختہ کئے کہ انگریزوں سے نفرت ہوجائے ہری کشن حملہ آور گورنر پنجاب کے ساتھ سرخ قمیص والوں نے ہمدردی ظاہر کی اور اس طرح قتل و غارت کے جذبات کی حمایت کی۔ اسی طرح اس قسم کی مثالیں بھی پائی جاتی ہیں کہ پشاور کے باشندوں میں بھی باہمی نفرت پیدا ہوگئی ہے۔

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

نمائش پر اثر

سرحد میں تین آرڈیننس کا نفاذ

قومی سرمایہ کی ضبطی کے اختیارات

تیسرا آرڈیننس۔ تیسرے آرڈیننس کا مقصد یہ ہے کہ حکومت سرحد جس جس چیز کو چاہے اسے ناجائز قرار دیدے اور اسے اختیار ہوگا کہ وہ ایسے مقامات پر قبضہ کرے جہاں ناجائز انجمنیں ہوں اسی آرڈیننس کی رو سے صوبہ کی حکومت کو یہ اختیار بھی دیا گیا ہے کہ وہ اس قسم کی تحقیقات کے بعد جیسے وہ ضروری خیال کرے اس سرمایہ یا رقم کو جو غیر قانونی انجمنوں میں استعمال ہوتا ہو، ضبط کرلے۔

صوبہ سرحد میں چالیس خدائی خدمتگاروں کی گرفتاری

پولیس کی گولی سے ایک آدمی کی شہادت

پشاور ۲۶ر دسمبر۔ غیر قانونی انجمن کی رکنیت کے الزام میں ۱۸۸ سرخ قمیص والوں کو اس وقت تک گرفتار کیا جاچکا ہے۔ یہ لوگ پانچ اضلاع میں پکڑے گئے ہیں جو دہاں سرخ قمیص کی تحریک کا کام کررہے تھے ان میں سے صرف پشاور سے ۱۰۲ پکڑے گئے، کوہاٹ سے ۲۶، بنوں سے ۷، ڈیرہ اسمعیل خاں سے ۱۳ اور ہزارہ سے ۳۰ آدمی گرفتار ہوئے ہیں۔ ان گرفتار شدگان میں دو نو اخباروں کے ایڈیٹر ہیں، متعدد مختلف مجالس کے صدر اور دیگر عہدیدار ہیں نیز جھتوں کے کمانڈر۔

دو سو سرخ قمیص والے کوہاٹ میں جمع ہوگئے تھے، پولیس نے انہیں روک لیا۔

پشاور کے قریب ایک گرفتاری کے سلسلہ میں پولیس کی طرف سے ایک گولی بھی چلی جس سے ایک آدمی ہلاک ہوا۔

صوبہ سرحد میں اصلاحات کے متعلق چیف کمشنر کا اعلان

اصلاحات کے فوری نفاذ کا وعدہ

پشاور ۲۶ر دسمبر۔ ہر قسم کے سیاسی خیالات رکھنے والی جماعتوں کے نمائندے، بارایسوسی ایشن کے ارکان، مقامی سرکردہ ملکی اور فوجی عہدیدار جن میں کمانڈر پشاور ڈسٹرکٹ بھی شامل تھے آج بعد دوپہر چیف کمشنر کے دربار میں شامل ہوئے۔

نفٹنٹ کرنل گرفتھ چیف کمشنر نے شروع ہی میں ان امور کا حوالہ دیا جن کی وجہ سے باشندگان صوبہ کے دلوں میں اپنے معاملات کے نظم و نسق میں حصہ لینے کی خواہش پیدا ہوئی۔

اصلاحات کے فوری نفاذ کی ہدایات

سب سے اہم کام

سرحد پر ڈھائی لاکھ مجاہدین کا اجتماع

خان صاحب کی گرفتاری پر ڈیلی ایکسپریس کی نکتہ آرائی

اخبار ڈیلی ایکسپریس (لندن) کا نامہ نگار مظہر ہے کہ خان عبدالغفار خاں نے ڈھائی لاکھ کا لشکر سرحد پر تیار کرلیا تھا اور اب ہندوستان کی سیاسیات میں سب سے بڑا مسئلہ اسی لشکر کا انسداد تھا اس فوج کی باقاعدہ تعلیم و تربیت ہورہی تھی اور ان سب کے رگ و ریشہ میں برطانیہ کے خلاف جہاد کی روح پھونک دی گئی تھی خان عبدالغفار خاں جو سرحدی گاندھی کے نام سے مشہور ہیں گاندھی جی سے بھی زیادہ خطرناک ثابت ہورہے تھے۔

بنگال میں انقلابیوں کا قلع قمع

معلوم ہوا ہے کہ بنگال میں انقلابیوں کی کافی تعداد پناہ گزیں ہے۔ چنانچہ جدید آرڈیننس کی رو سے ایک آدمی کو ضلع فرید پور میں بلیا کنڈی میں اور ایک کو پبنہ میں گرفتار کیا گیا ہے معلوم ہوا ہے کہ وہ ایک میکنیکل اسکول کا طالب علم ہے۔

کانپور میں دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی

مشہور سلکی ٹسری صافے

سلکی ٹسری صافے نہایت مضبوط اور پائیدار آٹھ گز قیمت چار روپے علاوہ محصول ڈاک

جنرل ٹریڈنگ ایجنسی جگ سلائی ٹاٹا نگر

اسلامی دنیا کیلئے ایک اور نایاب تحفہ

صحیح۔ خوشخط عکسی۔ رنگین۔ خوبصورت اور پاکیزہ

قرآن مجید

پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ۔ لاہور

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

فتنہ نگار کا انسداد

سگنل ڈاؤن ہوگیا

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان



شعبہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ سرکار عالی

کو

فلسفہ کی انگریزی اور جرمنی کتابوں کے ترجمہ کے لئے ایسے مترجم کی ضرورت ہے جو ان زبانوں سے اردو میں بامحاورہ اور سلیس ترجمہ کرسکے۔ یورپ کے تعلیم یافتہ اشخاص کو جو زبان اردو سے بخوبی واقف ہونگے ترجیح دی جائیگی تنخواہ ماہوار ۔/۳۰۰ تا ۔/۳۵۰ روپیہ سکہ عثمانیہ ہوگی درخواستیں مع اسناد اور علمی کارناموں کے ناظم دارالترجمہ کے پاس یکم فروری ۱۹۳۲ء سے پہلے پہنچ جانی چاہئیں۔

محمد عنایت اللہ ناظم دارالترجمہ حیدرآباد دکن

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۲ء | نمبر ۲

مولانا شوکت علی صاحب کی سیاست پر عربی اخبار الجہاد کا تبصرہ

انگریزوں کو بری الذمہ قرار دینا کہاں تک صحیح ہے؟

والی نے ابھی کی گفتگو کے ساتھ آئے ہیں۔ انگریزوں کو اس عینک سے نہیں دیکھتے جس سے مولانا شوکت علی انہیں دیکھتے ہیں۔ انگریزوں کو وہ ایسا نہیں سمجھتے ہیں جیسا ہمارے مولانا لیڈر سمجھتے ہیں...

ہم مسلمانان عالم کے لئے یہ واقعہ کس درجہ المناک ہے کہ ہندوستان کے ہندو مسلمان باہم کسی ایسے سمجھوتے پر نہیں پہونچتے جو ان کی نااتفاقی کا خاتمہ کردے اور وہ غاصب کی مقاومت میں متحد ہو جائیں...

(باقی صفحہ کالم پر ملاحظہ فرمائیے)

معاصرین کے افکار و آراء

صوبہ سرحد میں اصلاحات کا سبز باغ (ریاست)

گزشتہ سال سرحد کے پانچ سو بہادر فرزندوں نے گاندھی جی کے جھنڈے کے نیچے عدم تشدد کی جنگ میں جو اپنی جانیں مادر وطن پر قربان کی تھیں ان کے خون کی قیمت میں حکومت ہند صوبہ سرحد کو اصلاحات عطا کرنا چاہتی ہے چنانچہ ۲۲ دسمبر کو پشاور میں چیف کمشنر کا دربار ہوا اور سر جارج نے آئین میں اصلاحات کے عنقریب نافذ ہونے کا اعلان بھی کر دیا گیا...

اتحاد ایشیا کا آوازۂ کہن (مدینہ)

جمہوریہ ترکیہ کے صدر اعظم غازی عصمت پاشا ماسکو کا عزم کرنے ہیں اور مشرقی دنیا میں اتحاد ایشیا کا آوازۂ کہن بلند ہو جاتا ہے...

بھوپال کے خلاف کی ٹیٹین (حقیقت)

احرار اسلام زندہ باد (ہند)

محمد توفیق ایاب (ایڈیٹر الجہاد)

تاما اللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبریں" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ "منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی"

بالکل مفت

طلائے عزیز

اکثر حکماء اور وید قیمتی طلے بنایا کرتے ہیں اور ان کی قیمت شاید روپیہ اور عشرہ روپے مقرر کرتے ہیں بلکہ بعض بعض جگہ تو پچاس پچاس روپے دینے پڑتے ہیں مگر تمام لوگ اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے اور اس کو فضول عیاشی کی چیز جانتے ہیں مگر در اصل دیکھا جاوے تو انسان کے جسم میں ایک آلہ تناسل ہی ایسی چیز ہے جس سے نسل انسانی کی افزائش ہوتی ہے اس لئے ہر انسان کا فرض ہے کہ اس خداداد مشین کی بخوبی حفاظت کرے اور اس کو درست رکھنے میں ہر طرح کی کوشش کرے لہٰذا کوئی صاحب کسی وجہ سے قبل از وقت اس مشین سے محروم ہوگئے ہوں یا رگوں میں پانی اتر آیا ہو یا اس میں لاغری، گٹلا پن، ڈھیلا پن، سستی وغیرہ آگئی ہو تو ان کو چاہئے کہ ہمارا طلائے عزیز ضرور منگائیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں...

ملنے کا پتہ
منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

حلفیہ بیان عمر سابق مشیر الضرغام اللہ خان کا مدعا

فی زمانہ جھوٹے مکار حکمت سے ناآشنا ہیں ... مجبور فرضی سرٹیفکٹوں کے اعتبار سے بیمار نامردی کے گلے پر چھری پھیرنے میں دریغ نہیں کرتے درہ اصول قدیم اور جدید کی رو سے کسی ایک اکسیر کا نامردی جریان منی سرعت انزال کثرت احتلام کیلئے صحیح ثابت ہونا قطعاً غلط اور سفید جھوٹ ہے ایک اکسیر چاہے دس ہزار کی قیمت سے بھی کیوں تیار کیا ہو ایسے مایوس بیمار خانصاحب کا مجوزہ نقشہ سوالات ہم سے مفت منگوا کر بعد خانہ پری واپس بھیجکر خانصاحب کے تیار کردہ اکسیرات کے استعمال سے قدرت کا نظارہ دیکھیں ... بھی بسوں میں ... تجربہ شرط ہے۔ المشتہر

منیجر دواخانہ امیں الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں۔ مرد عورت بچے بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mafg: Co: India
POST Box 88 Karachi

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرآبادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدر آبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۰ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

دہلی دواخانہ کا کرشمۂ عظیم!

فہرست کلاں مفت جمال پلس

زنہار سکا حوالہ ضرور دیں

منیجر دہلی دواخانہ صدر بازار منڈی روئی دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو لکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے ... فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معریٰ

اس شان کا آنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے۔ بچے۔ جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر مین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (عا)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹیل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹیل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ:۔ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... قسم دوم حاشیہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸/ چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ ہجری

برطانوی تدبر کا دیوالہ

گاندھی جی کو لارڈ ولنگڈن کا جواب

بمبئی اور کلکتہ کی تازہ ترین اطلاعات سے ملک کے طول و عرض میں اضطراب و بے چینی کی ایک لہر دوڑ گئی ہے اور تمام سیاسی وغیر سیاسی حلقوں میں حکومت اور کانگریس کے درمیان آئندہ جنگ کے امکانات پر چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔ گاندھی جی نے انگلستان سے دہلی پر لارڈ ولنگڈن کے نام جو برقی پیغام ارسال فرمایا تھا وہ ...

نہ ہوں۔ اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو یقیناً یہ ایک غلطی ہے اور بہت بڑی غلطی ہے۔ گاندھی جی نے اپنے سب سے پہلے تار میں صرف یہ کہا تھا کہ جدید آرڈیننس اور ان کی بنا پر صوبہ سرحد میں جو گولیاں چلائی گئی ہیں اور یوپی اور سرحد میں جو گرفتاریاں ہوئی ہیں وہ ان کے لئے قطعی غیر متوقع ہیں ...

[illegible]

یوم رئیس الاحرار

مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں مسلمانان ہند کی جو خدمات انجام دی ہیں اور ان کے دلوں میں آزادی وطن کی جو تڑپ پیدا کی ہے وہ رہتی دنیا تک مولانا کی یاد کو قائم رکھے گی اور جب تک اس سرزمین پر ایک مسلمان بھی زندہ ہے مولانا کا نام انتہائی عزت و احترام کے ساتھ لیا جاتا رہے گا۔ گزشتہ سال مولانا مرحوم کی وفات حسرت آیات نے تمام عالم اسلامی کو حزن و ملال کے سمندر میں غرقاب کر دیا تھا اور امت مرحومہ کو اس حادثۂ فاجعہ سے وہ صدمۂ عظیم پہنچا تھا کہ ہر مسلمان مضطرب و بے چین نظر آتا تھا۔ مولانا کی یاد کو تازہ کرنے اور مرحوم کے روشن کارناموں کو پیش کر کے قوم کو پستی سے بلندی کی طرف لے جانے کے لئے امسال ۴ جنوری کو تمام ہندوستان میں یوم رئیس الاحرار منایا جا رہا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ تمام ملک کے مسلمان مختلف مقامات پر اس پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے پوری کوشش کریں گے جو اس سلسلہ میں شائع کیا گیا ہے۔ دہلی میں بھی یوم رئیس الاحرار منانے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں اور اس سلسلہ میں مجلس خلافت کی ایک سب کمیٹی کچھ کام بھی کر رہی ہے ...

سرحد میں تشدد کی گرم بازاری

صوبۂ سرحد سے جبر و تشدد کی جو ہوشربا تفصیلات موصول ہوئی ہیں انہوں نے اب تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو زبردست ہیجان و اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے ...

سوقیانہ انداز

[illegible]

یونائیٹڈ لیگ کانفرنس کمیٹی

جب سے کہ سر آغا خاں نے اپنے ایک خط میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ کو ملا کر ایک جماعت یونائیٹڈ کانفرنس لیگ کے نام سے بنا دی جائے مسلمانوں کے بعض اخبارات میں اس پر بڑے شد و مد کے ساتھ بحث کی جا رہی ہے اور دور دراز کار دلائل پیش کئے جا رہے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کو اس وقت اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے اور اس لئے ان دونوں انجمنوں کو متحد ہو جانا چاہئے تاکہ مسلمانوں کا افتراق و انشقاق دور ہو جائے ...

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارہ میں کہ آزاد مومنہ کا پردہ اجنبیوں اور نامحرموں کے سامنے آنے میں از روئے قرآن و حدیث وفقہ کیا ہے؟ برقعہ اوڑھنا واجب ہے؟ یا چہرہ اور ہاتھ کھول کر نکلنا جائز ہے؟ اور اگر جائز ہے تو اس شخص کی نسبت شرع کا کیا حکم ہے جو عورتوں کو گھر میں بیٹھنے پر مجبور کرے چار دیواری سے نکلنے نہ دے یا بغیر برقعہ کے کہیں آنے جانے سے روکے۔

الجواب

پردے اور حجاب کے حکم کا مدار خوف فتنہ پر ہے اور ظاہر ہے کہ چہرے پر نظر پڑنی اس بارے میں زیادہ مؤثر ہے اس لئے فقہائے کرام نے کہ منہ کھولے اجانب کے سامنے کشف وجہ کو ناجائز قرار دیا ہے ...

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

(۱) ... مسلمان رہے گا اور زوجہ مرتدہ ہو جائے گی تو جب بھی نکاح ٹوٹ جائے گا۔ فقط واللہ اعلم

(۲) شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے واللہ عز و جل کا فرمان ہے۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم مگر اس سیدانی لڑکی کے اولیاء کو نکاح کے فسخ کرانے کا اختیار ہوگا بوجہ غیر کفو ہونے کے فقط

اجابہ وکتبہ حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

ضروری اطلاع

اخبار کے اکثر نئے خریدار صاحبان وی پی وصول کرنے کے بعد اخبار کا انتظار کرنے لگتے ہیں اور دو چار روز انتظار کرنے کے بعد شکایتی خطوط کا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں۔ حالانکہ اخبار اسی وقت جاری کیا جاتا ہے جب وی پی کی رقم دفتر کو وصول ہو جاتی ہے۔

نیز اس بات کا ضرور لحاظ رکھنا چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کا ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

مسلمانوں کو قادیانی صدارت پر کیوں اعتراض ہے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی طرف سے سر محمد یعقوب کے خط کا جواب

قارئین کرام کو معلوم ہوگا کہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند آج کل لاہور میں تشریف رکھتے ہیں۔ اور دربار کشمیر و حکومت پنجاب سے جن احرار اسلام کی جو گفت و شنید ہو رہی ہے اس میں آپ احرار کی رہنمائی فرما رہے ہیں۔ سر محمد یعقوب نے حضرت مولانا کے مکتوب گرامی کا جواب دیتے ہوئے بعض اخبارات میں جو بیان شائع کرایا تھا اس پر الجمعیۃ کی گزشتہ سے پیوستہ اشاعت میں ایک اجمالی تبصرہ کر دیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ اس بیان کا مفصل جواب خود حضرت مولانا ہی دیں گے ...

[illegible]

بیزاری کی چوتھی وجہ

سر محمد یعقوب کا خط

مرزائیت اور دوسرے فرقوں کا مقابلہ

اساسی اختلاف

قادیانیوں کی انگریز پرستی

سر آغا خاں اور ظفر اللہ خاں

قادیانیوں سے مسلمانوں کی بیزاری

بیزاری کی پہلی وجہ

بیزاری کی دوسری وجہ

بیزاری کی تیسری وجہ

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

حکومت حجاز روسی تعلقات کی مؤثر تردید

سرزمین حجاز قحط سالی دشواریوں اور قرضہ کی لعنت سے پاک ہے

انگریزی اور عراقی جرائد کا خطرناک پروپیگنڈہ

آج کل حکومت حجاز پر اغیار کی خاص نظر پڑ گئی ہے اور اس کی قوت کو توڑنے اور حکومت کے وقار کو تباہ کرنے کے لئے انگریزی اور عراقی اخبارات اپنا پورا زور صرف کر رہے ہیں۔ انگریزی اخبارات تو یہ خطرہ ظاہر کر رہے ہیں کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود روسی حکومت سے دوستانہ تعلقات قائم کر کے ممالک عربیہ میں بالشویک تحریک کی نشر و اشاعت کا ذریعہ بن گئے ہیں ...

[illegible]

ترکی عراقی سرحد پر کردی بغاوت کے شعلے

کردی قبائل نے عراقی فوج کو شکست دیدی

عراق کے شمال میں قبائل کی جنگی کارروائیاں شروع ہو گئی ہیں جنہوں نے سخت پریشانی پھیلا دی ہے۔ ان کے اقدامات قبضہ سے باہر ہو گئے اور عراقی فوج بھی ان کو نہ روک سکی ...

[illegible]

فلسطین کی مؤتمر اسلامی کے نتائج

اٹلی کے مظالم بیان کرنے پر ایک نمائندہ کا اخراج

فلسطین کی مؤتمر اسلامی کے اجلاس ختم ہو چکے اور مندوبین اپنے اپنے وطن کو واپس ہو گئے۔ مؤتمر کی ایک مجلس عاملہ مقرر کی گئی ہے جس میں مفتی اعظم کو پوری قوت حاصل ہوگی ...

[illegible]

ترکی حکومت کی مالی حالت

غیر ملکی اشیاء کی درآمد پر پابندیاں

ترکی حکومت کی مالی حالت کے متعلق اب اخبارات میں سننے میں آتا ہے ...

[illegible]

وزیر اعظم نوری پاشا کا سفر انگورہ

عراق کو انتداب کے پنجہ سے چھڑانے کی سعی

بغداد کے وزیر اعظم نوری پاشا بذریعہ ہوائی جہاز انگورہ روانہ ہوئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ آپ کے اس سفر کی غرض و غایت ان چند معاہدات پر بحث و تمحیص ہے جو حکومت عراق اور ترکی گورنمنٹ کے مابین تصفیہ طلب ہیں ...

[illegible]

یمن میں ایک پادری کا قبول اسلام

شکار کرنے آئے تھے مگر خود شکار ہو گئے

ایک امریکن پادری مسٹر ... عرصہ سے یمن کے اطراف میں عیسائی تبلیغ کا جال پھیلائے ہوئے تھے ...

[illegible]

بغداد میں عیسائی مبلغین کیا کر رہے ہیں؟

[illegible]

مراکو کے ایک سلطان کا اعزازی خطاب واپس لے لیا گیا

سلطان محمد پر ملک معظم کا عتاب

[illegible]

بغداد میں براڈکاسٹنگ کا استعمال

مختلف اطراف میں پیغامات بھیجے گئے

[illegible]

گاندھی جی کو وائسرائے کا آخری جواب

سابق صدر اسمبلی چندر بوس اور جمنا داس مہتہ کا کانگریس سے اختلاف

مسٹر سوبھاش چندر بوس گرفتار کر لیے گئے

نئی دہلی ۴ جنوری ۔ گاندھی جی نے وائسرائے کو جو برقیہ ارسال کیا تھا اس کا جواب وائسرائے کی طرف سے دیدیا گیا ۔ اس کا جواب الجواب بھی گاندھی جی نے بذریعہ تار وائسرائے کی خدمت میں ارسال کر دیا تھا ۔ کل وائسرائے بذریعہ ہوائی جہاز کلکتہ سے دہلی واپس آ گئے ہیں ۔ آپ نے مجلس عاملہ کا ایک فوری اجلاس طلب کیا ۔ آج صبح وائسرائے نے گاندھی جی کے آخری تار کا جواب بھی دیدیا ہے جس میں آپ نے لکھا ہے کہ سول نافرمانی کی دھمکی کی صورت میں گاندھی جی سے میری ملاقات نہیں ہو سکتی ۔ یقین کیا جاتا ہے کہ حکومت کانگریس کے چیلنج کو منظور کرے گی اور ایک مہتمم بالشان آرڈیننس جاری کرے گی جس کے بعد کانگریس اور اس کی شاخیں خلاف قانون قرار دیدی جائیں گی ۔

گاندھی جی اور وائسرائے کے درمیان نامہ و پیام

وائسرائے کا مایوس کن جواب

کانگریس کی مجلس عاملہ کے فیصلے

گاندھی جی اور لارڈ ولنگڈن کے مابین ۲۹ دسمبر سے جو نامہ و پیام جاری تھا اس کا نتیجہ فوری طور پر تو افسوس ہے کہ مایوس کن ثابت ہوا اور کانگریس کی مجلس عاملہ نے مشروط طریقے پر یہ فیصلہ کر دیا کہ ان حالات میں اس کے لئے سوائے سول نافرمانی شروع کرنے کے اور کوئی چارہ نہیں ہے ۔

گاندھی جی کا جواب الجواب

وزیر اعظم کا بیان

سول نافرمانی کی شرطیں

مجلس عاملہ کی منظور شدہ تجاویز

محکمہ تار اور سرکاری عدالتوں کا بائیکاٹ

ملاقات کی شرط

مسٹر جیکر اور ڈاکٹر سپرو بیچ میں پڑے ہیں

> ## سرحد میں حکومت کی سخت گیری امن و امان کو تباہ کر دیگی
> ### وائسرائے کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار
> جمعیۃ علماء ہند کے صدر محترم حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے وائسرائے کو مندرجہ ذیل تار ارسال فرمایا ہے ۔
> (مولانا مفتی) محمد کفایت اللہ

کانگریس کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں مباحثے

آرڈیننسوں کو واپس لینے کی درخواست

تحریک بائیکاٹ کیلئے رہنماؤں کی مشاورت

حکومت کی ذمہ داری

صوبہ سرحد کے لئے اصلاحات کا عجیب و غریب تحفہ

کونسل کے چالیس ارکان میں سے ۱۴ نامزد شدہ ہونگے !

ہندوؤں اور سکھوں کو تناسب آبادی سے تین گنا زیادہ نمائندگی

نئی دہلی ۳۱ دسمبر ۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو معلوم ہوا ہے کہ گول میز کانفرنس کی تین کمیٹیوں کے اراکین نامزد ہو چکے ہیں ۔ اور لائحہ عمل تجویز کر لیا گیا ہے کہ گول میز کانفرنس کی مجلس عاملہ کا پروگرام بھی مرتب ہو چکا ہے ۔ امید ہے کہ اس سلسلے میں ۵ فروری سے پہلے اعلان ہو جائے گا ۔

اسی ضمن میں سرحد میں اصلاحات کے نفاذ پر بہت بحث چھڑی ہوئی ہے ۔ ... سرحد کی مجلس قانون ساز کے چالیس ممبر ہونگے ۔ ان میں چھبیس منتخب شدہ اور چودہ نامزد ہوں گے ۔ ... ہندو اور سکھ جو یہاں اقلیت میں ہیں تناسب آبادی سے تین گنا زائد نمائندگی حاصل کریں گے ۔

گاندھی جی خاموش کریں

ہز ایکسیلنسی کی تقریر کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ انہوں نے اس کے دوران میں کانگریس کا ذکر کرنے کے بعد گاندھی جی کا نام لیکر ان سے اپیل کی کہ وہ خدارا رک جائیں ۔

کانگریسی لیڈر شہرت کے بھوکے اور متوازی حکومت کے طالب ہیں

حکومت کے خلاف ہر تحریک کا مقابلہ کیا جائیگا

کلکتہ میں وائسرائے ہند کی تقریر

کلکتہ میں یوروپین ایسوسی ایشن کے سالانہ ڈنر کے موقعہ پر ہز ایکسیلنسی لارڈ ولنگڈن نے بھی اسی طرح ایک اہم تقریر کی جس طرح ان کے پیشرو کیا کرتے تھے ۔ اس تقریر میں ہز ایکسیلنسی نے اپنی حکومت کی پالیسی کی تشریح کی اور ملک میں عدم تعاون کی تحریک کی سخت مذمت کی ۔

> ## سرحد کے آرڈیننسوں کی واپسی کا مطالبہ
> ### حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اعلان
> صوبہ سرحد سے سخت ہولناک واقعات کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ۔ وائسرائے نے تین آرڈیننس جاری کر کے صوبہ سرحد کے حکام کو وسیع ترین اختیارات کا مالک بنا دیا ہے ۔

پشاور کوہاٹ ۔ بنوں اور خٹک کی خلفشار

فوجوں کا مظاہرہ ۔ زبردست گرفتاریاں

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

آرڈیننسوں کا اگر کانگریسیوں سے سوال

خان عبدالغفار خاں کو برما پہونچا دیا گیا

مجلس احرار اسلام دہلی کا عظیم الشان جلسہ

سرحد میں تشدد اور آرڈیننسوں کیخلاف احتجاج

خان عبدالغفار خاں کی رہائی کا مطالبہ

جامع مسجد میں مجلس احرار اسلام دہلی کا عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا عبدالماجد صاحب منعقد ہوا ۔ اور مولانا ابراہیم صاحب نے ایک پرجوش تقریر کی ۔ حاضرین ..... کی تعداد میں تھے حسب ذیل تجویز بالاتفاق منظور ہوئیں ۔

علماء مسلمانان دہلی کا یہ جلسہ تشدد کی اس مہم کے خلاف زبردست احتجاج کرتا ہے جو حکومت نے صوبہ سرحد میں تحریک آزادی کو کچلنے کے لئے جاری کر رکھی ہے ۔ صوبہ سرحد کے جدید آرڈیننس جن کے ماتحت بے شمار گرفتاریاں عمل میں آ چکی ہیں اور جن کے نفاذ کے بعد متعدد مقامات پر فوج اور پولیس نے گولیاں چلا کر بے گناہ باشندوں کو شہید اور مجروح کیا ۔ دنیا کی تاریخ میں اپنی نظیر پیش نہیں کر سکتے ۔

مسلمانان دہلی اور جہاد کشمیر

سکریٹری دفتر احرار دہلی

مجلس احرار اور دربار کشمیر کے درمیان صلح کی کوشش

مولانا احمد سعید اور مفتی محمد کفایت اللہ کی مخلصانہ مساعی

مخالفین کے اتہامات قطعی بے بنیاد ہیں

جناب شبیر حسن صاحب قتیل اور جناب غازی محمد خضر صاحب نگرامی نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا ہے ۔

آج ہم لوگ چار دن قیام کرنے کے بعد لاہور سے دہلی واپس آئے اور کل صبح کانپور روانہ ہو جائیں گے ۔ ہم اپنے مشاہدات و تجربات کا تفصیلی بیان کانپور پہنچ کر شایع کریں گے ۔ لیکن اس کا اعلان جلد از جلد کر دینا چاہتے ہیں کہ مجلس احرار اور دربار کشمیر کے درمیان جو صلح کی گفتگو ہو رہی ہے اس میں مولانا احمد سعید صاحب اور مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اسی خلوص و نیک نیتی و خودداری سے کام کر رہے ہیں جس کی ان جیسے مقتدر اور عالی مرتبت رہنمایان قوم سے توقع ہو سکتی تھی ۔

> ## سرحد میں ۲۳۵ اشخاص گرفتار ہو چکے ہیں

جیلوں میں جگہ نہیں رہی

دار الحکومت

لال قلعہ دہلی کی شاہی مسجد کا انہدام

مسلمانان دہلی میں اضطراب

جمعیۃ علماء کے کارکنوں کی بروقت مداخلت

دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں کچھ اشخاص نے آکر بیان کیا کہ لال قلعہ دہلی ایک قدیمی مسجد کو شہید کیا جا رہا ہے ۔ چونکہ اس خبر سے مسلمانوں میں سخت اشتعال اور ہیجان پیدا ہونا یقینی تھا اس لئے فوراً ہی بہ ہمراہی مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی منیجر الجمعیۃ اخبار و سید محمد اسحاق صاحب کرنل عساکر اسلامیہ و مولانا محمد یعقوب صاحب تفتیش حالات کے لئے قلعہ کو روانہ ہو گیا ۔

قلعہ میں پہنچکر معلوم ہوا کہ اس طرف جہاں مسجد مذکور واقع ہے کسی شخص کو جانے کی اجازت نہیں اس لئے ہم کیپٹن ہربرٹ اسٹیفن اسٹیشن اسٹاف افیسر سے ملے ...

اس تمام کارروائی کی اطلاع مقامی افسران کو دیدی گئی ہے ۔ ۲ جنوری

(سید احمد شفیع ۔ سر دفتر جمعیۃ علمائے ہند ۔ دہلی)

> ## کئی آرڈیننس اور نافذ ہونے والے ہیں
> ### گاندھی جی اور کانگریسی لیڈر عنقریب گرفتار
> نئی دہلی ۲ جنوری ۔ وائسرائے نے گاندھی جی کی پیشکش کو ٹھکرا دیا ۔ حکومت ہند نے صوبجاتی حکومتوں کو ہدایات جاری کر دی ہیں جن کی بنا پر تمام کانگریسی لیڈر فوراً گرفتار کر لیے جائیں گے ۔ گاندھی جی ، سردار پٹیل ، وٹھل بھائی پٹیل سابق صدر اسمبلی اور دیگر کانگریس کی مجلس عاملہ کے ممبروں کو آج رات گرفتار کر کے کسی نامعلوم مقام پر بھیجدیا جائیگا ۔ ایک دو روز میں کئی اور آرڈیننس نافذ کر دیے جائیں گے ۔ برطانوی مال کے بائیکاٹ کو روکنے کا آرڈیننس فی الفور جاری ہونے والا ہے ۔

سنہری مسجد زیر لال قلعہ میں نماز تراویح

باڑہ ہندو راؤ میں مجلس احرار کا جلسہ

دہلی میں آرڈیننس ڈے

مسلمانوں کو قادیانی صدارت پر کیوں اعتراض ہے

(بقیہ صفحہ ۲)

اس وجہ سے ہے کہ اس نے کانگرس کا اتباع نہیں کیا۔

سر محمد یعقوب کو معلوم ہونا چاہئے کہ میرا یا جمعیۃ علما کا کبھی وقت بھی یہ خیال نہیں ہوا کہ مسلمانوں کو کانگرس کا اتباع کرنا چاہئے۔ ہم نے جنگ آزادی میں مسلمانوں کو یہ مشورہ ضرور دیا تھا کہ وہ کانگرس میں شریک ہو کر جنگ آزادی میں اس قدر حصہ لیں جس قدر کہ ہندوستان کا باشندہ ہونے کی وجہ سے ان پر عائد ہوتا ہے لیکن کیا سر محمد یعقوب صاحب جیسا ناقص عن کہ علمائے کے خاندان میں سے ہونے کا فخر ہے شرکت اور اتباع کا فرق نہیں سمجھ سکتا۔

کیا سر محمد یعقوب اب ہمیں یہ تلقین کرنا چاہتے ہیں کہ ہم ان جماعتوں پر جو جمعیۃ علما کی پالیسی سے اختلاف رکھتے ہیں اپنے غصہ کا اظہار کریں لیکن میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ جمعیۃ علما کے خدام اس قدر چھچھورے نہیں ہیں...

عامۃ المسلمین کی اہانت

ذاتی مفاد اور مصالح ملت

خود ستائی اور تعلّی

استحصال فروشی

مولانا محمد علی مرحوم کے وقار کا راز

احسان فراموشی کا گلہ

رواداری کی تلقین

قرآن نہمی

مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ کا تبلیغی جلسہ

انعامات واسناد کی تقسیم

مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ نہ صرف اہل حدیثوں کے لئے ایک نازش ہے بلکہ حقیقتاً یہ تمام مسلمانان ہند کے لئے باعث صد فخر ومباہات ہے۔ امسال اس نے ایک عظیم الشان تبلیغی جلسہ کیا جس کے لئے دہلی والے مدتوں سے چشم براہ تھے۔

جلسہ برابر دو دن (۲۶-۲۷ دسمبر) ہوتا رہا۔

مہتمم مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ دہلی

دار الحدیث مدرسہ سعیدیہ عربیہ دہلی کے سفیر

مدرسہ قاسم العلوم لاہور میں درس قرآن کریم کا افتتاح

مسلم لیگ کے رویہ کیخلاف مفتی پارک میں جلسہ

مختلف قراردادوں کی منظوری

انجمن خدام الدین کے مفت رسائل کی اشاعت

سناٹوجن کے استعمال سے شکمی تکالیف کا ازالہ

اگر کسی شخص کو بدہضمی پیٹ کا درد استفراغ وغیرہ ہو جائے اور وہ معمولی خوراک کھا کر ورنہ ہو جائے اور اسکی عصابی بیماریاں اسکو تنگی کی راستے محروم کردیں تو اس کیلئے ایسی خوراک کی ضرورت ہے جو زود ہضم اور شکم کی کمزوری کو دور کرنے والی ہو جس کے استعمال سے ہاضمہ کی تمام خرابیاں دور ہو جائیں اس مقصد کیلئے ثناٹوجن کی ضرورت ہے یہ خوراک بدن کو بے انتہا طاقت بخشتی ہے اور شکم کی تمام بیماریوں کو دور کرتی ہے

آج ہی سناٹوجن کا استعمال شروع کر دیجئے پھر دیکھئے کہ ہر قسم کا درد اور تکلیف کتنی جلدی غائب ہوتے ہیں۔ آپ اس کے استعمال سے طاقت اور صحت محسوس کریں گے۔ اور خوراک کو بغیر کسی دقت اور تکلیف کے ہضم کیجئے صحت کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آپ کو بھوک لگے۔

SANATOGEN

ہر دوائی فروش سے دستیاب ہوسکتا ہے

اسلامی دنیا کیلئے ایک اور نایاب تحفہ

صحیح - خوشخط عکسی - رنگین - خوبصورت اور پاکیزہ

قرآن مجید

سالانہ انتہائی رعایتی اعلان

خوشنما کلینڈر ٹائم پیس - بلند آواز کا بائدار پوا الارم - نئی قسم کا خوبصورت کلاک



جواہرات سے تولنے کے قابل

محبوب عاشق کے قدموں پر

قیامت کا دن

اور ایک بزرگ کامل کا زبردست اعلان

شیخ کامل قطب الاقطاب حضرت شیخ جمال الدین سجادہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ اعلان ہے کہ اگر اس موثر دعا کا صرف سات روز عمل کر لینے سے مرحوم ہیں جو ترقی نصرت اور دین و دنیا کے ہر جائز مقصد میں کامیابی یا خود سخت سے سخت مشکلات کا حل اور تمام پریشانیوں مصیبتوں سے نجات نہ مل جائے تو قیامت کے دن میرا دامن ہوگا اور آپ کا ہاتھ۔ صاحبو اگر آپ بہت سے عملیات پڑھنے اور سینکڑوں تعویذات ونقوش استعمال کرنے پر بھی بدنصیب محروم مایوس وناکام ہیں تو یہ موثر اور حکمی دعا جو ایک بزرگ متبع شریعت کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہے۔ ذیل کی دوا کے ہمراہ منگا کر صرف سات روز ترکیب کے مطابق عمل کیجئے انشاء اللہ تعالے آپ ہرگز محروم نہ رہیں گے ہم محض خلق اللہ کو حضرت قطب الاقطاب کے فیض سے مستفیض کرنے کیلئے بالکل صحیح دعا لکھکر ہمراہ دوا بھیجدیتے ہیں۔

ایک رات کا مجرب عمل

حضرت صوفی مولانا قاضی حکیم حاجی محمد عمر صاحب چشتی صابری نقشبندی رئیس اعظم چرتھاول نور اللہ مرقدہ کا یہ خود آزمودہ عمل ہے جو بفضل تعالے رفع تنگدستی دفع بے روزگاری حصول روزگار اور ترقی کاروبار کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس میں چلہ کشی اور پرہیز وغیرہ کی زحمت نہیں اور آسان ہے۔ بس جو شخص اس عمل کو صرف ایک رات پڑھے اللہ کے فضل سے وہ کبھی تنگدست دبے روزگار اور تا دم زیست کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ اور اس کو حیرت ہوگی کہ حق تعالے شانہٗ کہاں سے اور کس طریقہ سے روزی عطا فرما رہا ہے ہر مسلمان کے پاس اس عمل کا ہونا ضروری ہے جسکا ہدیہ پیشگی بذریعہ منی آرڈر ۵؍ ہے۔

سات روزہ حکمی دعا

حب صحت افزا کے ہمراہ ارسال ہوگی حب صحت افزا معدہ کی تمام بیماریوں اور ہر قسم کے ریاحی دردوں کا فوری تریاق ہے جو ہمیشہ وقت پر نا قابل برداشت بھوک لگاتی صالح خون بکثرت پیدا کرتی اور پیٹ کی جملہ شکایات کو مطلقاً دور کرتی ہیں اگر یہ گولیاں امراض معدہ میں مفید ثابت نہ ہوں تو شرعاً وقانوناً قیمت واپس کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

۱۲۵ گولی (معہ محصول ڈاک) فیس منی آرڈر ۸ کل ایک روپیہ آٹھ آنہ۔ عمل ہفت روزہ معہ ترکیب پارسل میں ہوگا۔

ملنے کا پتہ:- حافظ اشفاق احمد انصاری دواخانہ چرتھاول مظفر نگر یو پی (انڈیا)

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی دروغن کرامات) تمام دنیا میں پہنچتی ہے۔ ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ۱)

پنٹ بہراپن

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو پی)

بال جڑ سے کالا

دمہ - بواسیر - سوزاک - کوڑھ - سفید داغ

خدا کی قدرت کا کرشمہ

سینکڑوں کوڑھی صحت یاب ہوگئے! اکسیر برص سے

سگنل ڈون ہوگیا

جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ

دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
۱/۲ کالم
۱/۴ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

نمبر ۳	دہلی۔ یوم شنبہ ۲۹ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء	جلد ۱۵

معاصرین کے افکار و آراء

جنگ کی ذمہ داری (مدینہ)

ہماری مجلس قومی کانگریس کے صدر سردار ولبھ بھائی پٹیل اس وقت سیاسیات ملکی کے سب سے بڑے رہنما ہیں۔ کانگریس کا تمام نظام اُن کی قیادت میں سرگرم عمل ہے۔ اُن کے احکام اور ارشادات جس طرح ہندوستان کے کروڑوں عوام کے لئے قابل عمل ہیں اسی طرح برطانوی حکومت بھی اُن سے متاثر ہوتی ہے۔ سردار پٹیل کے متعلق بیرونی ترمیم کے کہا جا سکتا ہے کہ آن کو ملک کی رائے عامہ کی ترجمانی کا سب سے زیادہ حق ہے۔ اور موجودہ اختلافی معاملات میں حکومت کے سامنے وہ صرف ایک ایسے وکیل ہیں جن کو قوم کی جانب سے ذمہ داری کے ساتھ …

لارڈ ولنگڈن یہ ہوگی سارو بھرم کا شاگرد مانچسٹر کے لوگ عنقریب لارڈ ولنگڈن جیسے دوست نما دشمن سے بچا نہیں گے

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم — کہ بامن ہرچہ کرد آں آشنا کرد

سرحد میں تین آرڈیننس (البشیر)

ہم نے افسوس کے ساتھ سنا کہ صوبہ سرحد میں ایک ساتھ تین آرڈیننسوں کا نفاذ ہوا منجملہ ان کے ایک آرڈیننس کی بہت سی دفعات بنگال کے آرڈیننس سے ملتی جلتی ہیں دوسرے آرڈیننس کی اکثر دفعات حال کے متھرا کے آرڈیننس سے ملتی جلتی ہیں تیسرا آرڈیننس مخصوص صوبہ سرحد کے واسطے ہے …

… کے اقرار کے بموجب یک گونہ امن و امان کا باعث نہیں ہوئی؟ کیا حکمہ پولیس کے اس نادانستہ اعتراف کے مطابق وہ ملک میں جرائم کی تخفیف کا سبب نہیں بنی؟

دو قوتوں کا تصادم

والسرائے ہند کی تقریر

کانگریس اور امن و امان

رمضان المبارک کی آمد

امت مسلمہ کیلئے روحانی عروج اور ذہنی ارتقاء کی ایک سبیل

جس طرح دنیا کے بے شمار مذاہب میں عبادت اور تزکیہ نفس کے طریقے مقرر ہیں اسی طرح روزہ کا مفہوم بھی ہر مذہب میں پایا جاتا ہے۔ عیسائیوں اور یہودیوں کے ہاں روزہ کی اصل موجود ہے گو اہل کتاب اپنی عالمگیر گمراہیوں کے باعث اس کی روح سے محروم ہو چکے ہیں …

روزہ دار کے فرائض

اسلام میں روزہ کی حقیقت

روزہ کا مقصد "ارتقاء"

روزہ کے فضائل

… (باقی صفحہ ۲ کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

بے ثمر روزہ

حدیث قدسی میں خدا فرماتا ہے کہ جو شخص روزہ کی حالت میں جھوٹ بولتا ہے …

"ماء اللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبریں" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرمایہ میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے۔ فہرست خصوصی مفت۔ "منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی"

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں۔ مرد۔ عورت بچے۔ بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

Castophen Mfg. Co: India
POST BOX 88 Karachi

سوزاک یعنی سوزاک اور اسکا علاج

… منگانے کا پتہ: حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

بالکل مفت

طلائے عزیزیہ …

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں غلط خواہ طور پر مفید نہیں رہتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ بیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ ۸ آنہ علاوہ محصول ڈاک۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

حلفیہ بیان اور سابق مشیر باضر غلام احمد خان کا مدعا

… منیجر دواخانہ امیر الغرباء محلہ شاہ نظر راولپنڈی

جوان بنانے والی معجون

حکیم نابینا صاحب کا طلسمی نسخہ

… احمد جلیلی منیجر رسالہ نظام المشائخ ۱۲ کوچہ چیلان دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) **کی تلاوت کرنے کا**

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی۔ ظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصول ڈاک۔ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہیں

غریبوں کا قرآن مجید معریٰ

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ ۱۲ مجلد چرم نقرہ دو روپے (۲) علاوہ محصول ڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔ ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ۔ قسم دوم حنا شدہ علاوہ محصول ڈاک جلد پارچہ ۸ چرم

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۹ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ ہجری

ملک میں اضطراب و ہیجان

واقعات کی رفتار

گزشتہ تین چار دن کے عرصہ میں واقعات اس درجہ سرعت کے ساتھ گزرے ہیں کہ ملک کو ان کے نتائج پر غور کرنے اور ان کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے کا موقع نہیں مل سکا۔

مسائل رمضان المبارک

سر محمد یعقوب مسند افتاء پر

گاندھی جی، ولبھ بھائی پٹیل، راجندر پرشاد اور دیگر رہنماؤں کی گرفتاریاں

پنڈت جواہر لال نہرو کو ڈھائی سال اور مسٹر شیروانی کو ۹ ماہ کی قید سخت

ملک کے طول و عرض میں چار آرڈیننسوں کا نفاذ

ہڑتالیں، جلسے، جلوس اور لاٹھی چارج

گاندھی جی کے جواب میں وائسرائے نے جو آخری تار دیا تھا اس سے کانگریس اور حکومت کے درمیان مصالحانہ تعلقات کا انقطاع قطعی معلوم ہوتا تھا ...

عام گرفتاریاں

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

حکومت حجاز اور یمن کے نزاع کا فیصلہ ہو گیا

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا اپنے خلاف فیصلہ

معاصر ام القریٰ کا مفصل بیان

آستانہ میں ترکی جرائد کی کانفرنس

ترکی اخبار نویسی کے پانچ دور اور ان پر تبصرہ

موجودہ اخبارات کا معیار اور تعداد

زائرین بیت اللہ الحرام کا ورود جدہ

جاوی حجاج کے متعلق اعلانات

رمضان المبارک کی آمد

سابق صدر اسمبلی اور مسٹر عبداللہ بریلوی بھی گرفتار کر لئے گئے

ایک دن میں ڈیڑھ سو گرفتاریاں۔ پانچ سو انجمنیں خلاف قانون قرار دی گئیں

کانگریس کی عمارت اور ساٹھ ہزار روپیہ پر حکومت کا قبضہ

بمبئی ۸ جنوری۔ آج صبح سے پولیس نے آرڈیننس کے ماتحت کانگریسی لیڈروں کو گرفتار کرنا شروع کر دیا۔ مگنین داس، ماسٹر قائم مقام صدر بمبئی صوبہ کانگریس کمیٹی سب سے پہلے گرفتار کئے گئے۔ وٹھل بھائی پٹیل سابق صدر اسمبلی کو ۵ بجے صبح گرفتار کر لیا گیا۔ ان کے بعد کے۔ ایف۔ نریمان۔ کملا دیوی۔ اور ستیاپال کو پکڑ لیا گیا۔ مسٹر عبداللہ بریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل کو بھی ان کی قیام گاہ سے گرفتار کر لیا گیا۔

... پولیس کی ایک جماعت ڈپٹی کمشنر کی سرکردگی میں آرڈیننس کے ماتحت چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کا حکم لیکر پہونچی اور کانگریس کی عمارت پر قبضہ کر لیا۔ آج چار بجے شام تک ڈیڑھ سو کانگریسی کارکن گرفتار کر کے جیل بھجوا دئے گئے ان گرفتار شدگان میں ۹ عورتیں ہیں۔

بمبئی شہر اور پریذیڈنسی میں پانچ سو انجمنیں اور جماعتیں خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں۔ ان جماعتوں میں قوم پرور مسلم پارٹی بھی شامل ہے۔ مقامی افسران کو وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں۔

بمبئی میں کانگریس کی رقوم کو منضبط کرنے کی بھی حکومت کی طرف سے کوشش کی جا رہی ہے ... ساٹھ ہزار روپیہ جمع تھا جس کو حکومت کی جانب سے حکم دیدیا گیا ... کانگریس کے انفرادی ممبروں کے ذاتی حسابات میں منتقل کر دیا گیا۔

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے مکان کی تلاشی

متفقہ فتوی کی تین کاپیاں اور نہرو رپورٹ پر تبصرہ کی ایک کاپی پولیس اٹھا کر لے گئی

شہر میں بارہ مکانات کی بیک وقت تلاشیاں

دہلی ۸ جنوری۔ کل صبح دس بجے سید خورشید علی صاحب سب انسپکٹر تھانہ حوض قاضی و منشی سراج الحق سب انسپکٹر سی۔ آئی۔ ڈی ایک ہیڈ کانسٹیبل اور چند سپاہیوں کے ہمراہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے مکان واقع کوچہ چیلاں پر پہونچے اور کہا کہ مولانا کے مکان کی تلاشی لینی ہے ...

بارہ اصحاب کے مکان کی تلاشیاں

...

دارالحکومت

دہلی میں یوم محمد علی کا شاندار جلوس

ہندو مسلمانوں کی طرف سے متفقہ عقیدت کا مظاہرہ

عظیم الشان جلسہ میں مرحوم کے کارناموں کا تذکرہ

...

کانپور۔ بریلی۔ علی گڈھ۔ خورجہ میں گرفتاریاں

دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ۔ جلسوں اور جلوسوں کی ممانعت

...

سر سپرو اور وائسرائے کی ملاقات

...

ضلع پشاور کے دیہات پر جرمانے

بنوں اور ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں گرفتاریاں

...

آج تحریک کشمیر کا ۱۰۶واں دن ہے اور آج تک شمع حریت کے ۲۵۳۷۸ پروانے جیلوں میں جا چکے ہیں شہداء کی میزان ۱۶ ہے

ڈاکٹر انصاری اور ڈاکٹر کانگریس کے مکانوں پر پہرہ

آنے جانے والوں کی تلاشیاں خطوط پر احتساب

...

صدر اور ناظم جمعیۃ علماء ہند کے تار

محکمہ ٹیلیگراف نے دونوں تار روک لئے

...

مسلم کانفرنس کے ارکان میں تفریق

موجودہ سیاسی معاملات پر اختلاف رائے

کانفرنس کے صدر اور سکرٹری کا استعفا

...

کانگریس کا پروگرام یا سول نافرمانی

کی خبریں شائع کرنا آرڈیننس کے ماتحت جرم قرار دیا گیا

...

کشمیر آرڈیننس کا دوبارہ نفاذ

چار ماہ کے لئے مزید توسیع

لاہور ۸ جنوری۔ کشمیر آرڈیننس جس کے ماتحت اخبار کے چھپنے گرفتار کئے جا رہے ہیں اور جو ہر نومبر کو صرف دو ماہ کے لئے نافذ کیا گیا تھا اس کی میعاد مزید چار ماہ کے لئے بڑھا دی گئی ہے اور گورنمنٹ سے اس کا اعلان ہو گیا ہے۔

دہلی کی کانگریس کمیٹیاں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

دہلی ۸ جنوری۔ مقامی حکومت نے ضلع و صوبجاتی کانگریس کمیٹیوں کو غیر قانونی جماعت قرار دے دیا ہے۔

اخبارات کیلئے دوسرا آرڈیننس جاری کیا جائیگا

کانگریس کی کوئی خبر شائع نہ ہو سکے گی

...

ہندوستان آزادی کامل کا اہل ہے

صوبجاتی آزادی کے بعد سول نافرمانی کا خاتمہ ہو جائیگا

سر آغا خاں کا اظہار خیال

...

موٹروں کے ٹیکس پر اضافہ

دہلی میونسپلٹی کے خلاف موٹر والوں کا احتجاج

...

کلکتہ کارپوریشن کا اجلاس ملتوی

حکومت کی پالیسی کے خلاف احتجاج

...

دہلی میں احمد آباد کے قافلہ کی آمد

...

ڈاکٹر انصاری کانگریس کے صدر نامزد کئے گئے

...

صوبہ سرحد میں حالات روبا صلاح ہیں

بنوں و ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں گرفتاریاں

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا بیان

پشاور ۸ جنوری۔ چیف کمشنر صوبہ سرحد نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا ہے ...

صوبہ سرحد میں تیس ہزار گرفتاریاں

کتنے فرزندان توحید نے جام شہادت نوش کیا

تمام صوبہ میں زبردست گرفتاریاں

...

یرودا جیل میں گاندھی جی کے مشاغل

کتب اخبارات اور دیگر آسانیاں

سردار پٹیل علیحدہ رکھے گئے ہیں

بمبئی ۸ جنوری۔ یرودا جیل سے جو خبر آئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاندھی جی کو وہی کوٹھری ملی ہے جس میں وہ گذشتہ تحریک میں اپنی رہائی سے پہلے مقید تھے۔

...

کمیشن انتداب اور عراق کی آزادی

عراق سے ضمانت کا مطالبہ

...

حجاج کی طبی امداد کیلئے حکومت حجاز کی کوشش

محکمہ حفظان صحت کے کرکاری افسران کا استعفا

...

چین میں احیاء ملت اسلامیہ

مسیحی مشنریوں کا زبردست مقابلہ

...

جیل دروز میں میںبوبونو کی آمد

دروزیوں کے مطالبات پر ہمدردانہ غور

...

وزیر اعظم کی مصروفیات

گاندھی جی کی گرفتاری کا اثر

...

ہندوستان کی کمیٹی بیس ارکان پر مشتمل ہوگی

...

مدرسہ انوار الاسلام قصبہ اجراڑہ کیلئے اپیل

...

محمد مصطفیٰ خاں مہتمم مدرسہ انوار الاسلام

قصبہ اجراڑہ ضلع میرٹھ (یو۔ پی)

سیاسی جنون کا طفلانہ مظاہرہ خودکشی ہے

گاندھی جی کی گرفتاری پر ٹیگور کا اظہار خیال

...

میں نے انتہائی کوشش کی مگر ناکام رہا

لارڈ اروِن کے نام گاندھی جی کا بحری تار

...

دہشت انگیزی کیخلاف پٹیالہ میں ایک آرڈیننس کا نفاذ

انجمنوں کی رجسٹری اور اخبارات کی ضمانتیں

...

پنجاب کانگریس کمیٹی خلاف قانون قرار دیدی گئی

...

حجاج کا پہلا جہاز خیریت سے جدہ پہونچ گیا

...

نواب صاحب چھتاری کی میعاد میں توسیع

...

ذمہ دار اسمبلی کے قیام سے کشمیر کی مشکلات کا خاتمہ ہو جائیگا

مولانا محمد یوسف میر واعظ کشمیر کا اعلان

...

رہتک کے احراری رضاکاروں کا مقدمہ

۱۴۴ کے اختتام پر زبردست جلوس

...

ایوان تاجران ہند کا تار وائسرائے کے نام

گاندھی جی کی گرفتاری عاقبت نااندیشی پر مبنی ہے

...

سوراج بھون مقفل کر دیا گیا

الہ آباد میں کرفیو آرڈر کا نفاذ

...

برما کی مجلس مقننہ کیلئے دو ایوانوں کا مطالبہ

برما گول میز کانفرنس کا فیصلہ

...

مسلمانوں کی قربانیوں کا اثر

کشمیر کی چار مسجدیں مسلمانوں کے حوالہ کر دی گئیں

...

صوبہ سرحد میں لال کپڑوں کی ضبطی

دوکانوں سے سرخ رنگ بھی قبضہ میں کر لیا گیا

...

صوبہ سرحد میں متعدد اخبارات کا داخلہ بند

زمیندار پر حکومت کی نظر عنایت

...

صوبہ سرحد میں اصلاحات کا کام

مشاورتی کمیٹی کا پہلا اجلاس

...

متھرا میں چالیس آدمی گرفتار

دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی

...

خلط مبحث

(از مولانا عبد الماجد صاحب مدیر "سچ")

مسلمانوں کی ہر تحریک کا کچھ عرصہ کے بعد شکست پڑ جانا لازمی ہے۔ نزاع و اختلاف، انتشار و انشقاق، بدگمانیاں اور اختلاف آرا نیاں، یہ سب چند روز کے بعد لازمی طور پر پیدا ہو جاتے ہیں۔ تحریک خلافت ۱۹۲۰ء میں کس زور سے اٹھی دو چار سال کے بعد جو دیکھا تو پارہ پارہ بن چکے تھے، تنظیم، تبلیغ، وغیرہ ہر تحریک کا یہی حشر ہوا اور ہوتا رہا ہے۔ انسداد فتنہ نگار کی تحریک اس کلیہ سے مستثنیٰ نہیں رہ سکتی تھی۔ ابتدائی آواز پر سارے اسلامی ہند نے متفق ہو کر لبیک کہا، رفتہ رفتہ اختلافات رونما ہوتے گئے۔ لیکن جہاں تک نفس جرم کا تعلق ہے، بحمد اللہ اب بھی کوئی اختلاف نہیں۔ "نگار" کی تحریروں کے دل آزار، صبر شکن و اشتعال انگیز ہونے پر سارا اسلامی ہند آج بھی متفق و متحد ہے۔ کسی ایک کلمہ گو کی بھی آواز آج تک ان تحریروں کی حمایت و تائید میں بلند نہیں ہوئی ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ خود مدیر "نگار" نے اپنی ان تحریروں کا دل آزار ہونا تسلیم کر لیا۔ اس سے بھی کسی کو اختلاف نہیں کہ ان تحریروں کو ضبط کر لینا چاہئے۔ کونسل صوبہ متحدہ میں یہ تحریک پیش ہوئی، صدہا جلسوں میں یہ تجویز منظور ہوئی، خود صاحب نگار نے جناب مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے خط میں ان تحریروں کے تلف کر دینے پر اپنی آمادگی ظاہر کر دی۔ غرض ان اجزا میں تو کوئی نزاع و اختلاف ہی نہیں، اب گفتگو جو رہ جاتی ہے وہ صرف اس باب میں کہ ایسے مجرم کے ساتھ مسلمانوں کا آئندہ برتاؤ کیا ہو؟ قوم اپنے مجرم کے ساتھ آئندہ طرز عمل کیا اختیار کرے؟

ایک بڑے گروہ کی رائے ہے کہ مقدمہ چلنا چاہئے، دوسرا گروہ جو اپنی "گرم" گروہ کے مقابلہ میں "نرم" کہا جا سکتا ہے، کہتا ہے کہ توبہ و معذرت کافی ہے، اس کے بعد کسی مزید کارروائی کی ضرورت نہیں۔ بڑا اور اصلی اختلاف انہیں دونوں خیالات کے درمیان ہے لیکن یہ اختلاف بھی محض ایک خلط مبحث کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہے، اور دونوں خیالات کے معنی اور منشار کے واضح ہو جانے کے بعد یہ اختلاف بھی انشاء اللہ رفع ہو جائے گا۔

"گرم گروہ" کو بھی نیاز صاحب سے شخصاً کوئی ضد یا عداوت نہیں، نہ اسے اس کا شوق ہے کہ خواہ مخواہ کسی انسان کو جیلخانہ بھجوایا جائے، یہ کام اشقیا کا ہے، خادمان دین کا نہیں ہو سکتا جو سب سے زیادہ رحمدل ہوتے ہیں ...

حد تک ہو گئی ہے کہ مسلمان اس سے مطمئن ہو جائیں کیا اب اس میں عقائد اسلامیہ پر حملے اور جذبات اسلامی کے ساتھ تمسخر بند ہو گیا ہے؟

(۲) دوسرے یہ کہ مدیر "نگار" کی متواتر و متعدد بد عہدیوں کے تجربہ کے بعد اب ان کے کسی جدید عہد پر اعتماد کرنا، مسلمانوں کے لئے کسی حد تک قرین دانش و مصلحت ہے؟

"گرم جماعت" کی گرمی اور سرگرمی قائم رکھنے والے بس یہی دو سوالات ہیں۔ معذرتیں اور معافیاں، جو کچھ بھی پیش ہو رہی ہیں، وہ بعض اکابر قوم یا بعض مجالس کے سامنے پیش ہو رہی ہیں، نگار خواں پبلک کے سامنے اب تک اسی قسم کا زہر برابر پیش ہو رہا ہے۔ علاج کا یہ اصول عجب ہے کہ جو زہر پلایا گیا ہے، تریاق اسے نہیں دیا جا رہا ہے بلکہ تندرستوں میں تقسیم ہو رہا ہے ...

محکمہ تعلیمات سرکار آصفیہ میں "نگار" کی ممانعت

دفتر نظامت تعلیمات سرکار عالی نے رسالہ نگار کی ممالک محروسہ میں خریداری کی ممانعت کی نسبت ایک گشتی نشان ۱۹۸ مورخہ ۲۵ آذر ۱۳۴۱ف جاری کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ رسالہ نگار میں بعض مضامین ایسے شائع ہو رہے ہیں جو مذہبی نقطہ نظر سے ناقابل مطالعہ ہیں اور مدرسین اور طلبہ کو مطلع کیا گیا ہے کہ وہ اس رسالہ کو نہ خریدیں اور یہ کہ اگر مدرسہ کی لائبریری کے لئے رسالہ مذکور خریدا جا رہا ہے تو اس کی خریداری موقوف کر دی جائے۔

(دربیر دکن)

جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں جلسہ دستار بندی
حضرت مولانا انور شاہ صاحب کے ارشادات گرامی

کتب کے لئے کمروں اور درسگاہوں میں برقی روشنی کر دی گئی ہے۔ قریب تھوڑے تھوڑے فاصلہ سے طلبہ کی سہولت کے لئے پانی کے نلوں کا انتظام، کتب خانہ جدید دار المطالعہ، دفتر اہتمام اور مدرسۃ البنین و مدرسۃ البنات، فارسی خانہ، گجراتی کلاس کے کمرے، دار التجوید، مہمان خانہ اور غسل خانوں کی تعمیر کا تذکرہ کیا جو اس وقت زیر تعمیر ہیں۔

بعدہٗ حضرت شیخ الحدیث مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہٗ (صدر مدرس جامعہ) نے "سفر آخرت" کے متعلق ایک ایمان افروز بسیط وعظ فرمایا جس میں بہت سے دقیق مسائل کو اپنے خاص محققانہ طرز میں تمثیلات و تشبیہات سے واضح فرمایا اور اس سے تمام جلسہ خصوصاً اہل علم نہایت متاثر و محظوظ ہوئے۔ نیز آخر میں آپ نے آئندہ سال بھی جامعہ میں قیام فرمانے کا عزم ظاہر فرمایا۔

آپ کے بعد حضرت شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مدظلہٗ نے اپنے دلنشین انداز میں ایک مبسوط تقریر فرمائی جس میں مدارس عربیہ کی ضرورت اور ان کے بقا و تحفظ وغیرہ کے متعلق مدلل تبصرہ فرمایا اور سامعین پر بہت گہرا اثر ہوا۔ بعد ازاں ۲۳ فارغ التحصیل طلبہ کی دستار بندی کی گئی۔ اور جلسہ بخیر و خوبی دو بجے کر ۱۲ بجے کے بعد ختم ہوا۔ حضرت شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی، مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب، مولانا سراج احمد صاحب، مولانا بدر عالم صاحب اور مولانا عبد الجبار صاحب وغیرہ اساتذۂ جامعہ اور لوواردہ مہمانان جامعہ اسی روز شام کو جامعہ سے تشریف لے گئے اور حضرت شیخ الحدیث مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہٗ بخاری شریف کے کچھ پارے باقی ہونے کے سبب ہنوز قیام فرما ہیں جو رمضان ... تک تشریف لیجائیں گے۔

سال آئندہ کے متعلق اعلان کیا جاتا ہے کہ جدید داخلہ ابھی سے شروع ہو گیا ہے اور ۲۰ شوال ۱۳۵۰ھ تک جاری رہیگا اور چونکہ پنجاب و شمالی ہند وغیرہ دور دراز مقامات کے طلبہ کو اپنے داخلہ و تجویز اسباق کے متعلق تردد رہتا ہے ان کی سہولت کے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ وہ دیوبند میں مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی سے اور میرٹھ میں مولانا بدر عالم صاحب کو امتحان داخلہ دے سکتے ہیں اور آئندہ کے لئے تجویز اسباق بھی یہی حضرات کر سکتے ہیں نیز جو طلبہ اپنے آنے کے متعلق خط و کتابت کرنا چاہیں وہ تینوں جگہ خط لکھ سکتے ہیں۔

احقر عفرلہٗ مہتمم جامعہ اسلامیہ ڈابھیل سملک ضلع سورت

مسلمانان سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ
حالات کشمیر پر زبردست تقریریں

... پہلے کشمیر کی اجمالی تاریخ بیان فرمائی وہاں کے ۳۲ لاکھ دلدادگان توحید کی زبوں حالی اور اس کے اسباب پر روشنی ڈالی اور پھر موجودہ جنگ آزادی کشمیر پر تفصیلی تبصرہ کرتے ہوئے قادیانیوں کی کشمیر کمیٹی اور اس کے اسلام کش ہتھکنڈوں سے مسلمانوں کو آگاہ کیا اور بتایا کہ اگر مجلس احرار اسلام بروقت اس سازش کا احساس کر لیتی اور مسلمانوں کی عزت و حرمت بچانے کے لئے عواقب و نتائج سے بے پرواہ ہو کر اس بھڑکتی ہوئی آگ میں نہ کود پڑتی جیسے مسلمانان کشمیر کو فنا کر ڈالنے کے لئے مختلف سمتوں سے ہوا دی جا رہی تھی تو نہیں کہا جا سکتا کہ آج کشمیری مسلمان اور اس کے ناموس کی حفاظت کا بھی کوئی نشان مل سکتا تھا یا نہیں ... جلوس مختلف بازاروں اور مختلف محلوں میں ہوتا ہوا اسٹیشن پر پہنچا اور ... بجے کی گاڑی سے فدایان اسلام کو لاہور روانہ کر دیا گیا ... کے ہار پہنائے گئے اور علاوہ سکھی کی تواضع کی گئی۔ اس جلسہ میں چندہ ... ہوا۔

(خادم اسلام محمد یسین سکرٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور)

خانہ کعبہ

خانہ کعبہ اللہ کا گھر ہے اور ہزارہا سال سے دینی مرکز چلا آتا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اسے مل کر ایک اللہ کی عبادت کے لئے بنایا۔ اس کی بہی عزت اور توقیر کیا کم ہے، پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دوبارہ گر کر اس کی تعمیر کی گئی تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے لوگوں کے ساتھ اس کے بنانے میں شریک تھے اور گارا اور پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے تھے۔ الغرض پاک گھر جس کی تعمیر میں ایسے ایسے جلیل الشان پیغمبروں کا ہاتھ ہو ... پاکیزگی ...

دوستو سال بھر کے بعد یہ رعایتی اعلان نکالا گیا ہے۔ جلدی آرڈر روانہ کیجئے

رمضان المبارک ... رعایتی اعلان

نہایت مضبوط

ڈبل گھنٹی الارم ٹائم پیس

شب چراغ پاکٹ لیور واچ



ایس۔ کے۔ بی بجشی ... ایجنسی ... کلکتہ

دہلی کے بقائی خاندان کا مشہور و معروف
دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

حب نعمت جبریٹر

منیجر دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

رعایت کا مبارک مہینہ
جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیو



جوان بنانے والی معجون

حکیم ... صاحب ... نسخہ

احمد مجتبیٰ منیجر دوا خانہ ... کوچہ چیلان دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

الحمد للہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جتنی یوم الجمعہ کو حج کیا تھا بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو امسال حج میں شرکت کریں گے۔

(ایک سچا مسلمان)

فریضۂ حج

سگنل ڈاون ہوگیا
جلد دوڑو ورنہ خطرہ ہے

بحر اعظم دنیا میں جم کی کشتی پر سفر کرنے والو جیتک جسم کے خطرات سے آگاہ نہ ہو ... آپ قدم قدم پر ٹھوکریں کھایا کرتے ہیں اس راز کو فاش کرنے والی صحت و تندرستی کی نعمت او راست کی استادی کرنے والی ... ہمدم اور سچا مشورہ دینے والی خوش خرم بنانے والی اردو زبان میں کتاب "کام شاستر" کا دوسرا ایڈیشن تیار ہو گیا ہے جلد از جلد ایک کارڈ تحریر کر کے مفت طلب کر کر ملاحظہ فرمائیں ... کا انتظار کرنا پڑیگا۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اگر بچوں کی تعلیم کیلئے

آپ کسی ایسے قابل، تجربہ کار، نیک مزاج اور اعلیٰ کیرکٹر کے استاد کی تلاش میں ہیں جو آٹھویں درجہ تک کی مکمل تعلیم اور مذہبی تعلیم قابل اطمینان طریقہ پر دے سکتا ہو تو ذیل کے پتہ پر گفتگو کیجئے۔

ایم ایچ معرفت منیجر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان



جلد آرڈر دیجئے ... ملنے کا پتہ: دی نصیر واچ کمپنی ... صدر بازار میرٹھ (یوپی)

دسمبر بواسیر سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرہ سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر یورپ میں تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) لمیٹڈ
Castophen Mafg: Co: India
POST BOX 88 Karachi
بندر روڈ کراچی

خصائل نبوی

لاثانی قرآن مجید

فضائل رمضان شریف

عبد الوحید صدیقی مہتمم اخبار الجمعیۃ دہلی

سالانہ انتہائی رعایتی اعلان

جواہرات سے تولنے کے قابل

قوت باہ و اعصاب کی ڈھیلے اور لٹکنے کی دوا

نظیر آباد لکھنؤ

بال جڑ سے کالا

فتنہ نگار کا انسداد

اگر صحت پیاری ہے تو

ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی-اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳ ...
... ۲۰ ۲۴ ...
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۵ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۳ جنوری ۱۹۳۲ء | نمبر ۴

احادیث کی روشنی میں رمضان المبارک کے فضائل

روزے کس طرح ایک مومن کو معراج سعادت پر پہونچا سکتے ہیں

[illegible]

روزہ

[illegible]

اعتکاف

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

نازک موقع

[illegible]

خاتم الانبیاء پر ایک نازیبا حملہ

[illegible]

صوبہ سرحد

[illegible]

جرائد پر آرڈیننس کا وار

[illegible]

کشمیری تحریک

[illegible]

خراج عقیدت

[illegible]

ماء اللحم خاص الخاص اور مفرح عنبری اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرمایہ میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجئے فہرست خصوصی مفت منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

منجن عزیزی استعمال کیجئے
[illegible]
حکیم سید محمد عزیز الحسن پری کھاٹ بھوپال

کون کہتا ہے کہ دمہ اچھا نہیں ہوتا
[illegible]
صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

عید آرہی ہے
تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ
[illegible]
امریکن کمرشل کمپنی - بمبئی نمبرا

حلفیہ بیان
[illegible]
منیجر دواخانہ انیس الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ
علماء، صلحاء، محدثین، مفسرین، نوابوں اور بادشاہوں کا پسندیدہ
قرآن مجید

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

اب تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

سب سے بڑی ضمانت

اس قرآن مجید کے قابل قدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنۃ نے اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب۔ اسد الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خان صاحب مرحوم حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بیحد پسند فرمایا ہے۔ اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں۔ رمضان المبارک میں ایک مسلمان کے لئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہوسکتا۔ خود طلب فرمائیے اپنے عزیزوں کے لئے منگائیے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجئے۔

خصوصیت

صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے معریٰ کاغذ پر قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ علاوہ محصول ڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

صرف رمضان المبارک کیلئے

پانچ قرآن مجید ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر ۶ فیصدی کم کردئے جائیں گے

رمضان شریف میں
گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے منور کردینے والا
قرآن مجید

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب، زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہر مومن کا فرض ہے

کہ وہ رمضان شریف کے مقدس مہینہ میں ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اسے تلاوت کرے اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں، طالب علموں، مسجدوں، یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں۔ اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھرلیں۔

یہ قرآن معریٰ اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے۔ ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے ہدیہ بغیر ترجمہ صرف ایک روپیہ بلا جلد علاوہ محصولڈاک۔ کپڑے کی جلد کے ۸ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائے گا۔
ہدیہ مترجم۔ قسم اعلیٰ کاغذ سفید خوشنما صرف تین روپیہ۔ قسم دوم خوشنما دو روپیہ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کے آٹھ آنہ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔

شوال تک خاص رعایت

یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے۔ لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ رمضان المبارک میں مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہذا اخیر شوال تک کیلئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔
پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲ کی کردی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۔ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

صوبہ سرحد کی موجودہ صورت حال

سرکاری اور غیر سرکاری بیانات

گزشتہ ہفتہ لاہور کے بعض اخبارات کے واسطہ سے صوبہ سرحد کے متعلق جو خبریں موصول ہوئی ہیں انہوں نے تمام ہندوستان کے مسلمانوں میں ایک آگ سی لگادی ہے اور نہ صرف انتہا پسند طبقہ بلکہ نیم اور معتدل مسلمان بھی ان حالات کو سن کر ایک عجیب و غریب ہیجان و اضطراب میں مبتلا ہیں اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ اب حکومت کی حمایت کے لئے وہ عامۃ المسلمین کے سامنے کیا پروپیگنڈا …

غیر سرکاری خبر رساں ایجنسیوں کی اطلاعات کو مبالغہ آمیز بھی کہیں اور ایسوسی ایٹڈ اور حکومت کے بیانات کو حرف بحرف درست اور مبالغہ سے پاک بھی خیال کریں تو بھی سرحد کی صورت حال کچھ زیادہ خوشگوار نظر نہیں آتی اور مسلمان اس تصویر کو بھی مطمئنہ کر اطمینان سے نہیں بیٹھ سکتے۔

پشاور سے ایسوسی ایٹڈ نے جو اطلاع ۴ جنوری کو دی ہے اس میں ۴ جنوری …

نام نہاد تحقیقات

سر آغا خاں کی مخالفت

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ ہم نے ان کالموں میں سر آغا خاں کی اس تجویز کا ذکر کیا تھا جو انہوں نے مسلم لیگ اور مسلم کانفرنس کو ملا کر ایک کر دینے کے متعلق پیش کی ہے اور اس تجویز کی تائید کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ اگر خلافت کمیٹی کو بھی اس مجموعہ میں شامل کر لیا جائے کیونکہ اس کی پالیسی بھی علاً مسلم کانفرنس یا مسلم لیگ سے جدا گانہ نہیں ہے …

احادیث کی روشنی میں رمضان المبارک کے فضائل

(بسلسلہ صفحہ اول)

صوبہ سرحد میں آرڈیننسوں کے ماتحت حکومت

فوج اور پولیس کا گشت اور ۴۱۲۹ گرفتاریاں

سرخپوشوں کے نظام کو درہم و برہم کرنے کی کوششیں

صوبہ سرحد کی خبروں پر احتساب قائم کیا جا چکا ہے اور وہاں کی اطلاعات کے متعلق کوئی غیر سرکاری مراسلہ یا برقی پیام موصول نہیں ہو رہا ہے۔ پنجاب کے بعض دیگر جرائد کے ذریعہ جو غیر سرکاری خبریں ہم تک پہنچی تھیں ان کا ایک خلاصہ گزشتہ اشاعت میں درج کر دیا گیا تھا اس کے بعد سے ابھی تک یہ سلسلہ منقطع ہے اور خبر رسانی کے ذرائع میں یا تو سرکاری کمیونکے ہیں جو حکومت کی طرف سے شائع کئے جاتے ہیں یا پھر ایسوسی ایٹڈ پریس کی وہ اطلاعات ہیں جن کی حیثیت سرکاری بیانات سے زیادہ مختلف نہیں ہے اور جنہیں نیم سرکاری اطلاعات کہنا بالکل صحیح ہوگا۔ ان خبروں کی بنا پر حالات کا صحیح اندازہ لگانا تو دشوار ہے مگر تاہم اس قدر ضرور کہا جا سکتا ہے کہ وہاں ابھی تک گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے اور مکمل سکون اور کامل امن و امان پر جو زور دیا جا رہا ہے وہ کچھ بہت زیادہ صحیح نہیں ہے۔ ہم ذیل میں صوبہ سرحد کے حالات کے متعلق تمام خبریں انگریزی اخبارات سے ترجمہ کر کے شائع کرتے ہیں۔ (الجمعیۃ)

دیہات میں کامیابی ہوئی اور رضاکاروں کے طرز عمل میں تبدیلی نظر آئی جنہوں نے خود بخود معذرت چاہی اور کانگریس کی تحریک میں حصہ نہ لینے کا وعدہ کیا۔ اس تحصیل میں صورت حال پرسکون ہے۔

ہزارہ میں کانگریسی تحریک بالکل ختم معلوم ہوتی ہے اور اب کسی شورش کی امید نہیں کی جاتی۔

دیہات میں فوج کا دورہ

گرفتاریاں اور مظاہرے

پشاور ۷ جنوری۔ تحصیل نوشہرہ کے علاقہ کورہ میں تین دیہات مصری باندا …

چارسدہ کا مجمع منتشر کیا گیا

ہوائی جہازوں کا مظاہرہ

اجناس کی گرانی

ضلع بنوں میں گرفتاریاں

۵ جنوری تک کی گرفتاریاں

فوج کا خیر مقدم

ایسوسی ایٹڈ پریس کی تردید

۴ جنوری تک کی گرفتاریاں

کانگریسی دفاتر پر فوجی دھاوا

ایک پارسی خاتون پر سرحد کا داخلہ بند کر دیا گیا

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمیعۃ کیلئے)

ہالینڈ میں مشرقی مؤتمر کا اٹھارواں اجلاس

اسلامی تمدن پر مسلمانوں و عیسائیوں کے زبردست مقالے

حکومت ہالینڈ اب تک ڈیڑھ لاکھ مسلمانوں کو مرتد بنا چکی ہے

ملک ہالینڈ کو موجودہ زمانہ میں شرف و مجد حاصل ہے کہ وہ مشرقی ادبیات سے خاص دلچسپی رکھتا ہے اور اسلام اور عربی تمدن پر گہری نظر رکھنے کے باعث اس کے جلیل القدر علماء اور فضلاء عربی لٹریچر کی فراہمی میں خاص کوشش کرتے رہتے ہیں۔ ہالینڈ میں عربی مطبوعات کا کافی ذخیرہ موجود ہے اور نہایت انضباط اور تصحیح کے بعد ان کو طبع کرا کر شائع کیا جاتا ہے۔

عربی علوم و فنون کا مطالعہ وسیع پیمانہ پر یہاں ایک عرصہ سے جاری ہے اور بڑے بڑے اساطین علم و فضل اور حکومت کے عہدیداران علوم میں مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ لائڈن (ہالینڈ) میں مذہب اسلام کی تحقیق اور اس کے اثر و نفوذ کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔ منجملہ انہی دلچسپیوں کے باعث امسال اور نیٹل کانفرنس (مشرقی مؤتمر) کا اٹھارواں اجلاس لائڈن میں منعقد ہوا جس کی سرپرستی شہزادہ ہالینڈ نے فرمائی …

عیسائی اپنے لئے باعث فخر تصور کریں!!

ڈیڑھ لاکھ مسلمانوں کو عیسائی بنایا جا چکا ہے

یہ واقعہ ہے کہ ہالینڈ کے تبلیغی مشن اپنی نو آبادیوں میں نہایت وسعت اور سرعت کے ساتھ تبلیغ کر رہے ہیں اور ان کی تائید کروڑوں عیسائی کرتے اور اربوں روپیہ اس مقصد پر خرچ کرتے ہیں۔ یہ مشن اب تک ڈیڑھ لاکھ مسلمانوں کو تثلیث کی لعنت میں گرفتار کر چکے ہیں جن کا بڑا حصہ یتیموں، مفلسوں اور بے روزگاروں پر مشتمل ہے۔

ہالینڈ کی نو آبادیات میں سات کروڑ مسلمان آباد ہیں جن کی موجودگی میں ڈیڑھ لاکھ مسلمانوں کو مرتد کر لینا ان مشنوں کی زبردست کامیابی ہے۔

اس مؤتمر کا آخری اجلاس اشٹاٹ گورٹ میں منعقد ہوا جس میں اعلان کیا گیا کہ مؤتمر کا آئندہ اجلاس چار سال بعد روما میں منعقد ہوگا۔

حکومت اسپین سے ریفی مسلمانوں کے مطالبات

قرطبہ اور ریف کے مسلمانوں کو حکومت کی طرف سے اطلاع

کردی بغاوت کا خاتمہ

باغیوں کے لیڈر شیخ محمود گرفتار کر لئے گئے

دمشق میں مؤتمر وطنی کا اجلاس

انتخابات کی شرکت کیلئے قوم پروروں کے مطالبے

وزیراعظم مصر کا اعلان

مصر اور برطانیہ میں گفت و شنید کا آغاز

حکومت ہالینڈ اور عیسائیت کی تبلیغ

دارالحکومت

ایک عورت نے آپ کے سامنے کھانا پیش کیا آپ نے فرمایا تم بھی کھاؤ اس نے کہا میں روزے سے ہوں۔ فرمایا اگر کسی روزے دار کے سامنے کوئی شخص کھانا کھاتا ہے تو جب تک وہ کھانا کھانے والا کھاتا رہتا ہے فرشتے اس روزے دار پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ (ترمذی)

روزے دار کے پاس جب کھانا کھایا جائے تو روزے دار پر ملائکہ فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ (ترمذی)

قرآن شریف کا پڑھنا

بہترین شخص تم میں سے وہ ہے جس نے قرآن کو سیکھا اور سکھایا۔ (بخاری مسلم)

کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ الم ایک حرف ہے۔ اگر کسی نے الم کہا تو الف ایک حرف ہے، لام ایک حرف ہے میم ایک حرف ہے۔ (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ الفاظ مراد نہیں ہیں بلکہ حروف مراد ہیں۔ ہر حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں۔

مسجد میں جو لوگ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں۔ یا قرآن کا درس دیتے ہیں ان پر خدا کی جانب سے سکینہ نازل ہوتا ہے اور ان لوگوں کو رحمت کے فرشتے ڈھانک لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان بندوں کا ذکر ملائکہ کی جماعت میں کرتا ہے۔

جامع مسجد میں جلسہ اور احراری رضاکاروں کا جلوس

کلکتہ اور علی گڑھ کے قافلوں کی محاذ کشمیر کو روانگی

دہلی ۱۱ جنوری۔ کل بعد نماز ظہر جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں کئی ہزار مسلمانوں نے شرکت کی۔ کلکتہ اور علی گڑھ کے احراری رضاکار اپنے سرخ لباس میں ملبوس تھے۔ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے جلسہ کی صدارت فرمائی۔ مولانا عبدالماجد صاحب صدر مجلس احرار اور مولانا محمد ابراہیم صاحب سکرٹری نے نہایت موثر تقریریں فرمائیں۔ ...

قومی جھنڈے کی سلامی پر پولیس کا مظاہرہ

دہلی میں گیارہ اشخاص اور گرفتار کرلئے گئے

دہلی ۱۱ جنوری۔ کل صبح قومی جھنڈے کی سلامی کے سلسلہ میں پولیس کی ایک جمعیت نے ...

مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

سر شفیع کی وفات پر اظہار رنج و ملال

کشمیر اور صوبہ سرحد کے متعلق قرار دادوں کی منظوری

کلکتہ و علیگڈھ سے مجاہدین کے قافلوں کی آمد

دہلی میں مزید دس رضاکاروں کی گرفتاری

پولیس کا ایک سپاہی گولی سے اڑا دیا گیا

ایک مفرور ملزم کا وحشیانہ انتقام

دہلی میں ایک اور آرڈیننس کا نفاذ

محمد ابراہیم سکرٹری مجلس احرار اسلام دہلی

ڈاکٹر انصاری صدر کانگریس کی گرفتاری اور سزایابی

مولانا عارف ہسوی اور دیگر کانگریسی لیڈروں کے مقدمہ کا فیصلہ

کانگریسی جلسہ پر پولیس کا قبضہ متعدد خواتین کو سزائیں

دہلی ۱۳ جنوری۔ آج بعد دوپہر تقریباً ایک بجے کانگریس کے تیسرے ڈکٹیٹر ڈاکٹر مختار احمد انصاری گرفتار ہوگئے۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر صاحب اپنے مطب میں بیٹھے ہوئے تھے ایک بجے کے قریب ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بمعہ چند افسران پولیس کوٹھی پر پہنچے ...

مولانا عارف ہسوی اور دیگر خواتین کو سزائیں

ڈاکٹر صاحب کو چھ ماہ قید اور جرمانہ کی سزا

ڈاکٹر انصاری کے جانشین نامزد کر دیے گئے

مشہور انقلابی مسٹر ایم این رائے کے مقدمہ کا فیصلہ

بارہ سال کیلئے عبور دریائے شور کی سزا

سنہری مسجد زیر لال قلعہ میں نماز تراویح

حضرت مولانا عبدالعلیم صدیقی صرف ایک ختم قرآن فرمائینگے

قصبہ افضل گڈھ میں ۱۴۴ نافذ کردی گئی

دو ماہ تک جلسے اور جلوسوں کی ممانعت

کانگریسی جھنڈا نصب نہ کیا جائے

حکومت مدراس کا حکم

مجسٹریٹوں کو وسیع اختیارات

اخبار لبرٹی کے ایڈیٹر کی گرفتاری

وزیر اعظم برطانیہ ہندوستان آئینگے

مدیر زمیندار پر بعض مضامین کی بنا پر مقدمہ

ضمانت داخل کردی گئی

سپرو اور جیکر کی وائسرائے سے ملاقات

دو گھنٹہ تک مفصل گفتگو

صدر اور ناظم جمعیۃ علماء ہند کی لاہور سے واپسی

نواب سکندر حیات خاں اور احراری لیڈروں سے جیل میں ملاقات

دربار کشمیر کے نام حضرت صدر جمعیۃ علماء ہند کا مراسلہ

دہلی ۱۱ جنوری۔ ۹ جنوری کی شام کو حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند و مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند لاہور تشریف لے گئے ...

سر محمد شفیع کا انتقال پر ملال

حکومت ہند کے دفاتر و درسگاہیں اور عدالتیں بند

پچاس ہزار مسلمانوں نے نماز جنازہ ادا کی

ڈاکٹر انصاری کی گرفتاری پر الہ آباد میں جلوس

جلوس اور جلسہ کو منتشر کرنے کیلئے طاقت کا استعمال

کانگریس کا لاکھوں روپیہ حکومت کے قبضے میں

بمبئی میں ایک مارواڑی فرم کو نوٹس

کراچی میں ایک پریس کی ضبطی

کانگریس آفس پر پولیس کا قبضہ

بمبئی کے تیسرے ڈکٹیٹر کو قید سخت کی سزا

کرسٹنا آئر خزانچی کی گرفتاری

لکھنؤ میں کانگریسی جلسہ لاٹھیوں سے منتشر کردیا گیا

۷ ارکار کنوں کی گرفتاری

کراچی کے تین میونسپل کمشنروں کی گرفتاری

میونسپلٹی کا اجلاس ملتوی کردیا گیا

مجلس احرار کے نئے ڈکٹیٹر

مولانا معین الدین صاحب اجمیری

جہاد کشمیر کے ایک اور مجاہد کی شہادت

تعلقہ احمد آباد میں گولی چل گئی

تین ہلاک اور متعدد زخمی

یو پی میں آرڈیننس کے ماتحت گرفتاریاں

الہ آباد اور سلطان پور کے رہنماؤں کو سزائیں

مسٹر عباس طیب جی بھی گرفتار کرلئے گئے

کراچی میں مولوی محمد صدیق جیا کی گرفتاری

آل انڈیا کشمیر کمیٹی کے ارکان میں شدید اختلاف

مرزا قادیانی کے بیٹے میرو بشیر کا صدارت سے استعفیٰ

پہاڑی پر موٹر کی ٹکر

سات عورتوں کی افسوسناک ہلاکت

۴۵ انجمنوں کو خلاف قانون قرار دیدیا گیا

کراچی میں کپڑے کے مارکٹ پر پکٹنگ

حکومت سول نافرمانی کا پوری قوت سے مقابلہ کریگی

صاحبزادگان دکن کے خطابات میں اضافہ

درشہوار اور نیلوفر کو خاندانی القاب

سر شفیع کے قائم مقام نواب چھتاری تقرر ہوگئے

پارلیمنٹ کا فوری اجلاس طلب کرنے کی تحریک

حکومت کی غلط پالیسی پر اظہار تشویش

منچوریہ پر جاپان کا مکمل قبضہ

جاپان کے خلاف امریکہ کا احتجاج

لارڈ سینکے کا استعفیٰ؟

مزدور پیشہ جماعت کی تحریک

شاہ جاپان پر بم پھینکا گیا!

پیرس میں گولی چلادی گئی

پنامہ میں ہندوستانیوں کے داخلہ کی ممانعت

ہندوستان کے نئے دستور کا اعلان ۱۹۳۳ء میں کیا جائیگا

والیان ریاست حکومت کی امداد کرینگے

مولانا ظفر علی خاں کی رہائی

بھوپال میں علوم مشرقیہ کا عظیم الشان جلسہ

اسلام اور تمدن پر تاریخی تقریریں

بھوپال میں ... انجمن علوم مشرقیہ کا ایک عام عظیم الشان جلسہ بعنوان "اسلام اور تمدن" زیر صدارت عالی حضرت ... حاجی سید لیاقت علی صاحب ... منعقد ہوا جس میں معزز اراکین علوم قدیمہ و جدیدہ کے دو فاضلین ارباب علم و ادب اور عام اہل ذوق حضرات کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ جلسے کا افتتاح جناب ... صاحب کی ایک پُرمغز فارسی نظم سے ہوا۔ اس کے بعد جناب حکیم ... صاحب کا ایک بسیط اور فاضلانہ مضمون عنوان ... پڑھا۔ اسی مضمون کے بعد جناب ڈاکٹر ... صاحب نے اپنی تقریر میں اسلامی تمدن پر مختصراً تبصرہ کر کے موجودہ اعلیٰ تمدن اور تہذیب سے مقابلہ کیا اور واقعات سے تمدن اسلامی کی اولیت ثابت کی۔

آپ کے بعد جناب مولانا عبدالرزاق صاحب مصنف البرامکہ کا ایک جامع بسیط اور عالمانہ مضمون سکریٹری انجمن نے پڑھ کر سنایا ... اور تمدن اسلام پر ایک عالمانہ نظر ڈالی گئی تھی۔

اس کے بعد جناب ... اور جناب ذوالفقار الدین صاحب و جناب سید ابو سعید صاحب ... نے موضوع مقررہ پر تقاریر فرما کر تمدن اسلام کی ابتدا اور اس کے مختلف دور دار تقاریر پر محققانہ تبصرہ فرمایا ...

عنایت اللہ خاں جنرل سکریٹری "انجمن علوم مشرقیہ" بھوپال

دیوبند میں ... تقریر ... شیخ الحدیث ...

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے

پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

اس خطبہ کے دوران میں طلبہ پر ایک ہو کا عالم طاری تھا ...

دورہ کی جماعت کی تحریک

دارالعلوم دیوبند میں جلسہ تقسیم اسناد

شیخ الحدیث کی حیات بخش تقریر

کشمیر کمیٹی کے پروپیگنڈا قادیانیوں کے مذموم ارادے

ذمہ دار اسمبلی کا مطالبہ مسلمانان کشمیر کا مطالبہ ہے

جناب میاں احمد یار صاحب ...

کشمیر میں قادیانیوں کے آنے کا مقصد

اب جو خاص بات قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ مسٹر عبدالقدیر قادیانی نے مذکورہ بالا گفتگو کے اختتام پر کہا کہ:-

میرے بنگال کے قابل تعریف کام کی وجہ سے ہی حضرت صاحب (مرزا محمود) نے مجھ کو کشمیر میں بھیجا ہے۔ میں اس سے پہلے ایک جلسہ میں کشمیر کمیٹی کی خدمات کا اعتراف کر چکا ہوں لیکن مسٹر عبدالقدیر کی گفتگو سن کر میں نے محسوس کیا کہ اس جماعت کا مقصد وحید مسلمانان کشمیر کی ہمدردی کے پردہ میں مذکورہ بالا طریقوں کے ذریعہ سے کشمیر میں قادیانیت کی اشاعت کے لئے فضا پیدا کرنا ہے اس کے سوا ان باتوں کا اور کوئی نتیجہ نہیں ہو سکتا۔

ذمہ دار اسمبلی کا مطالبہ

مسلمان اور حج

پادری زویمر کی زبان پر کلمۂ حق

حبش میں عیسائی مشنوں کی ناکامی

ایک ترک کا بچہ اپنی عیسائی بیوی کے بطن سے

عیسائی عورتوں کی مسلم اولاد مسلمان ہو گی

عیسائی مبلغین اگر ایک طرف اسلامی سیاست کیلئے زبردست خطرہ ہیں تو دوسری طرف وہ ایمان اور توحید پر بھی ڈاکہ ڈالتے رہتے ہیں ...

(الشہاب قسطنطنیہ)

بحری تجارت ترکی حکومت کے قبضہ میں

ملکی مصنوعات کی ترقی کا زبردست پروپیگنڈہ

(النفیر)

عراق - ایران ٹرکی اور شام میں ٹیلیفون

عراقی سکہ کی ترویج میں التوا

(جزیرۃ العرب)

شاہ فیصل اور نوری پاشا کے مشاغل

برطانوی حکمبرداری سے عراق کی آزادی

بے اعتمادی کا عام اظہار

مسلم کانفرنس کا نام نہاد وفد

انگریزی اور اردو اخبارات کی نظر میں

مولانا شفیع داؤدی کے بیان سے راز فاش ہو گیا

اینگلو انڈین اخبارات فخر کر رہے ہیں

(معاصر "ملت" کی رائے)

"نیم سرکاری تحقیقات"

عام مسلمانوں کو ہرگز اطمینان نہیں ہو سکتا

(معاصر روزنامہ اجمل کا اظہار خیال)

مسلمانان دہلی کا قابل ستائش عمل

سرکاری متمدین کے خلاف اظہار مذمت

(معاصر روزنامہ بمبئی کرانیکل کا نوٹ)

صرف دو اشخاص کے ساتھ مراعات خصوصی

آخر اس کا سبب کیا ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۵۰ ہجری

مسلم کانفرنس کا افسوسناک انجام

صدر، ناظم، اور اراکین کے استعفے

تقریباً تین سال کا عرصہ گزرا کہ دہلی میں مختلف جماعتوں کو دعوت دے کر ایک اجتماع اس غرض کے لئے منعقد کیا گیا تھا کہ مسلم مطالبات کی تشکیل و ترتیب عمل میں لائی جائے اور ان کے تحفظات کو متعین کر دیا جائے جن کے بعد مسلمان ہندوستان میں بڑی اقلیت کو محفوظ سمجھتے ہوئے جداگانہ انتخاب سے دستبردار اور مخلوط ...

لگی کہ مسلم کانفرنس کو جس نے کئی حیثیتوں سے مسلم مفاد کے بجائے حکومت کے مفاد کو تقویت پہنچائی ہے ختم کر دیا جائے اور اس سے وہ لوگ علیحدہ ہو جائیں جن کی شرکت کو ہمیشہ مسلم نمائندگی کے سلسلہ میں نمایاں کر کے پیش کیا جاتا رہا ہے ...

جمعیۃ العلماء کی علیحدگی

مخلص اراکین میں بددلی

عہدہ داروں کے استعفے

کانفرنس کی نعش

انکشاف حقیقت

بچشم خود مطالعہ

شرمناک حرکات

پروپیگنڈا کی پہلی قسط

حضرت مولانا عبد الماجد کا وظیفہ

احادیث نبوی

(از حضرت مولانا مولوی حافظ محمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

قرآن شریف کی مختلف سورتیں

مولانا شفیع داؤدی کے نام مسٹر ہاول کا خط

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا بصیرت افروز بیان

نے فوراً یہ جواب دیا کہ ان کے وفد کا مقصد حکومت اور صوبہ سرحد کے مسلمانوں کے درمیان ربط و اتحاد پیدا کرنا ہے اور پولیٹیکل سکرٹری کے خط سے جو شرائط عائد ہوتی ہیں وہ ان کی راہ میں حائل نہیں ہیں مجھے اس معاملہ کے متعلق یہی معلوم ہے۔ جہاں تک میں خیال کرتا ہوں مولانا شفیع داؤدی کے لئے اپنی مدافعت میں بیانات شائع کرنا اس وقت تک مفید نہیں ہوگا جب تک کہ وہ ہاول کے اس خط کو شائع کرنے کے لئے تیار نہ ہوں جو انہوں نے میرے مکان پر بہت سے حضرات کی موجودگی میں پڑھکر سنایا تھا۔

نامہ نگار الجمعیۃ کا مکتوب

مولانا شفیع داؤدی کے وفد کے متعلق نامہ نگار الجمعیۃ نے مسٹر ہاول کے خط کے علاوہ بعض اہم اور متعلقہ تفصیلات دی تھیں اور ان کی سرحدی سرگرمیوں اور حکومت ہند اور حکومت صوبہ سرحد سے سازشوں کا پورا افسانہ پیش کیا تھا۔ اور اپنے ابتدائی بیان کو ثابت کرنے کے لئے بہت سے بیرونی ثبوت بہم پہنچائے تھے ہم قلت گنجائش کے باعث اس دلچسپ مکتوب کو بھی آئندہ کے لئے ملتوی کرنے پر مجبور ہیں۔

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

میرپور ریاست کشمیر کے تازہ مظالم پر پرزور احتجاج

دہلی ۲۳ جنوری۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند منعقد ہوا۔ حضرت علامہ نے جلسہ کا افتتاح کرتے ہوئے ایک مبسوط تقریر فرمائی جس میں آپ نے ڈوگرہ فوج کے مظالم ریاست کشمیر کے خونریزی کیا اور مسلمانوں کے مطالبات سے بے پروائی وغیرہ امور پر نہایت حیرت انگیز تبصرہ کیا اور مسلمانوں کو احکام شریعہ کی پابندی کی تلقین فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ مسلمانوں کا تمام دنیا میں ایک امتیازی نشان یہ ہے کہ وہ ایک خدا کے سوا کسی کے سامنے نہیں جھکتا اور نہ اللہ کے سوا اسکو کسی کا خوف ہوسکتا ہے۔

فرماتے ہیں کہ ریاست کشمیر اب تک مسلم مطالبات کو تسلیم کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہوئی آپ نے ذیل کی قرارداد پیش فرمائی جو بالاتفاق منظور کی گئی:۔

"مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حکومت کشمیر اور ڈوگرہ فوج کے وحشیانہ مظالم پر جو ایک عرصہ سے مسلمانان کشمیر پر توڑے جارہے ہیں اور جن کا ایک جانگداز منظر ابھی حال میں مسلمانان میرپور کے نہتے مجمع پر آتشباری کی صورت میں ظاہر ہوا ہے سخت نفرت اور غصہ کا اظہار کرتا ہے اور مسلمانان ہندوستان سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ وہ جہاد کشمیر کی تحریک کو پوری قوت اور صبر و استقلال کے ساتھ جاری رکھیں۔"

اس تجویز کی تائید مولانا مولوی سید عبدالحمید صاحب مہتمم اخبار الجمعیۃ نے فرمائی اور کہا کہ جب تک مسلمانان کشمیر اپنے قدموں پر آپ کھڑے نہ ہوجائیں گے اور حکومت کشمیر سے اپنے مطالبات تسلیم کرانے کی قوت نہ پیدا کرلیں گے اس وقت تک مجلس احرار اپنی مجاہدانہ سرگرمیوں کو برابر جاری رکھے گی۔ جلسہ میں حاضرین کی تعداد دس ہزار سے زائد تھی۔ اسکے بعد انجمن شبان المسلمین دہلی کے زیر اہتمام جلسہ شروع ہوا جس میں متعدد قراردادیں منظور کی گئیں جو قلت گنجائش کی وجہ سے اس اشاعت میں درج نہیں کی جاسکیں انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں درج کی جائیں گی۔

(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۴)

ذکر الٰہی

ایک حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ میں اپنے بندے کے گمان کے قریب ہوں۔ جب بندہ مجھکو یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ اپنے جی میں مجھے یاد کیا تو میں بھی اسے اپنے جی میں یاد کرتا ہوں ... (بخاری مسلم)

... (ابن ماجہ) ... (ابن ابی الدنیا) ... (ترمذی)

پنڈت اندر کو قید سخت کی سزا

خواتین اور رضاکاروں کے مقدمہ کا فیصلہ

کانگریس کے خزانچی کی تلاشی اور روپیہ ضبط

دہلی ۲۰ جنوری۔ کل صبح پولیس نے کوچہ بلاقی بیگم میں لالہ رام پرشاد سابق خزانچی ضلع کانگریس کمیٹی کے مکان کی تلاشی لی۔ پولیس دس دس اور پانچ پانچ کے متعدد نوٹ اور تین روپے اپنے ہمراہ لے گئی۔

ایک عورت نے پولیس کو اپنی خدمات پیش کردیں

دہلی پولیس میں عورتوں کی بھرتی کا مسئلہ آجکل جاذب توجہ بنا ہوا ہے سینیر سپرنٹنڈنٹ نے عورتوں کی بھرتی کے لئے جو اشتہار دیا تھا اس کے نتیجہ میں آج ایک عورت نے پولیس کے محکمہ کو اپنی خدمات پیش کیں۔

ضروری اطلاع

تمام حضرات کو اطلاع دیجاتی ہے کہ میں نے اپنی جائداد واقع سڑک بہادر گڑھ بازار تیلی واڑہ ... میری جائداد کا معاملہ ... اور اس کی تمام ذمہ داری ان لوگوں پر عائد ہوگی جو اس قسم کی ناجائز کارروائی کا ارتکاب کریں گے۔

شیخ قمر الدین سوداگر پارچہ دہلی بازار لیماران

صوبہ سرحد کے معاملات پر بحث کرنے کی اجازت نہیں دی گئی

شہری معاملات کے علاوہ اور دوسرے مسئلہ پر بحث نہیں ہوسکتی

میونسپل کمیٹی کا ہفتہ واری اجلاس

دہلی ۲۰ جنوری۔ کل صبح میونسپل کمیٹی کا ہفتہ واری اجلاس مسٹر جانسن صدر میونسپلٹی کی صدارت ٹاؤن ہال میں منعقد ہوا۔ ممبران کی تعداد کافی تھی۔ کارروائی سے قبل لالہ دیش بندھو نے کہا کہ میں نے صوبہ سرحد کے متعلق حکومت کی موجودہ پالیسی پر کمیٹی کا خیال معلوم کرنے کے لئے ایک تجویز پیش کرنے کا نوٹس دیا تھا لیکن معلوم ہوا کہ جناب نے اس تجویز کو پیش کرنے کی اجازت نہیں دی۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ اپنے حکم پر نظر ثانی فرمائیں۔

صدر نے کہا کہ میں صرف ان معاملات پر بحث کرنے کی اجازت دے سکتا ہوں جن کا تعلق صرف دہلی سے ہو۔ لالہ دیش بندھو نے کہا کہ ہندوستان کی بڑی بڑی کمیٹیاں اس سے قبل اس قسم کے معاملات پر بحث کرچکی ہیں۔ دوسرے صوبے والوں کو یہ سہولت ہے کہ وہ کونسل کے ذریعہ اپنے خیالات کا اظہار کرسکتے ہیں مگر یہاں کونسل نہ ہونے کی وجہ سے کمیٹی ہی کو اس کا ذریعہ بنایا گیا ہے کیونکہ ان کے پاس صرف کمیٹی ہی اظہار خیال کا ایک ذریعہ ہے۔

صاحب صدر نے کہا کہ میں اپنے فیصلہ کے متعلق گفتگو یا غور کرنے کی آپ کو اجازت دیتا ہوں صدر صاحب کا رولنگ دستخط مختصراً درج ذیل ہے:۔ میونسپل کمیٹی کے سفاء اور ممبران کو تضیع اوقات سے بچانے کی غرض سے میں اس تجویز کو پیش کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ قرارداد کو شہری معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ جب تک میں اس عہدہ پر مامور ہوں میں اسی اصول کا پابند رہونگا اور امید ہے کہ میرے جانشین اس کی پیروی کریں گے۔

... صدر نے کہا کہ اگر ایسا ہوتا رہا ہے تو غلطی ہوئی ہے۔ آخر طویل بحث کے بعد اس معاملہ کو ختم کردیا گیا۔

میرٹھ میں ایک رئیس کے مکان پر ڈاکہ

رئیس کا دردناک قتل نقد اور زیورات کی چوری

میرٹھ ۱۸ جنوری۔ کل رات کو ۹ بجے یہاں کے مشہور رئیس لالہ شنکر لال کے مکان میں ڈاکوؤں کا ایک گروہ گھس گیا۔ ڈاکوؤں نے پہلے تو بالک اور اس کے لڑکے اور ملازم کو رسیوں سے باندھ دیا اس کے بعد انہوں نے نقد روپے اور زیورات پر قبضہ کرلیا۔ چلتے وقت ڈاکوؤں نے مالک مکان لالہ شنکر لال کو خنجر سے ہلاک کردیا۔ چور اپنے ہمراہ چند دستاویز، ہنڈیاں اور حساب و کتاب کے رجسٹر بھی لے گئے۔

بہرام پور میں مجمع پر پولیس کے فائر

ایک ہلاک متعدد مجروح اور چھ عورتیں گرفتار

گنجام کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ بدیشی پارچہ کی دکانوں پر جو رضاکار پکٹنگ کر رہے تھے ان کے گرد بہت سے آدمیوں کا ہجوم ہوگیا۔ پولیس نے مجمع کو منتشر ہونے کا حکم دیا لیکن مجمع نے اس کی تعمیل نہیں کی بلکہ پولیس پر پتھر پھینکے۔ پولیس نے ۸ رضاکاروں کو گرفتار کرلیا اور مجمع کو متنبہ کرنے کے بعد اس پر گولی چلادی جس کے باعث ایک شخص ہلاک اور دو مجروح ہوئے۔ چھ خواتین نے زنانہ بازار کی طرف رخ کیا۔ پولیس نے ان کو بالی جیل کی طرف منتشر کرنا چاہا لیکن عورتیں اپنی جگہ کھڑی رہیں آخر پولیس نے ان کو گرفتار کرکے پولیس کمشنر کے دفتر میں پہونچادیا۔

ایڈیٹر نوجیون کو تین سال قید سخت

موہن لال بھٹ ایڈیٹر اخبار نوجیون کو تین سال قید سخت اور سو روپیہ جرمانہ کی سزا دیدی گئی بصورت عدم ادائے جرمانہ ڈیڑھ ماہ مزید قید۔

صوبہ سندھ میں ہندو مسلم تنازعہ

حیدرآباد سندھ ۱۸ جنوری۔ جہلکا (ضلع حیدرآباد) سے خبر آئی ہے کہ وہاں کے ہندو مسلمانوں میں فساد ہوگیا۔ ایک ہندو جاں بحق ہوگیا اور تین آدمی شدید طور پر زخمی ہوئے۔

بمبئی میں پھر لاٹھی چارج

بمبئی ۲۳ جنوری۔ تھانہ میں مسٹر شیوداس بھاگی کوتوال ڈکٹیٹر تھانہ کانگریس کمیٹی کی زیر صدارت آج شام کو جلسہ منعقد ہوا۔ جس کو پولیس نے ہلکا لاٹھی چارج کرکے منتشر کردیا۔ مسٹر کوتوال اور چار دیگر اشخاص کل بدعات بھیری میں حصہ لینے پر گرفتار کرلئے گئے۔

ایک ریاست کے باشندوں کو تنبیہ

احمد آباد ۲۰ جنوری۔ ریاست کچھ کے گزٹ میں ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس میں اپنی رعایا کو تنبیہ کیا گیا ہے کہ جو تحریکیں برطانوی ہند میں خلاف قانون قرار دی جاچکی ہیں ان میں حصہ نہ لے۔

ڈاکٹر ستیہ پال اور سردار منگل سنگھ کی گرفتاری

لاہور ۱۹ جنوری۔ کل شام کو پولیس نے ڈاکٹر ستیہ پال اور جگت نارائن کپور پرانند پریس کو انارکلی میں پکٹنگ کا معائنہ کرتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ ان کے ساتھ دس رضاکار بھی گرفتار کرلئے گئے۔ ... سردار منگل سنگھ کو ... گرفتار کرلیا۔

گاندھی جی کے چھوٹے صاحبزادے کی گرفتاری

بمبئی ۱۹ جنوری۔ سورت سے ایک تار موصول ہوا ہے جس سے معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کے سب سے چھوٹے بیٹے رام داس گاندھی ... گرفتار کرلئے گئے۔

ریاست بھوپال کے خلاف دروغ بے فروغ

مسٹر دوبے کے مطالبات کی عریاں حقیقت

بھوپال کی مجلس مقننہ اور دیگر دفاتر میں ہندوؤں کی تعداد زیادہ ہے

مسٹر رام سروپ دوبے سکرٹری ہندو سیوا سنگھ بھوپال نے جو مطالبات حکومت بھوپال سے بذریعہ اخبارات کئے ہیں ان کو دیکھتے ہوئے افسوس ہے کہ ان مطالبات کے بعد مسٹر دوبے کسی مبارکباد کے مستحق نہیں ہیں۔

"یہ مطالبات جو بیس کی تعداد میں ہیں۔ ان میں اکثر ضمنی ہیں اور بعض ایسے ہی جو ناواقفیت اور بلا معلومات حاصل کئے ہوئے لکھدئے ہیں۔ بعض مطالبات ایسے بھی ہیں جن کو دیکھ کر مسٹر دوبے کی عقل سلیم اور فہم رسا پر افسوس ہوتا ہے۔

فرمانروائے بھوپال کی بیدار مغزی اور روشن خیالی کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوسکتا ہے کہ حکومت میں غیر سرکاری مشیروں کو شامل کرنے کے لئے ریجسلیٹو کونسل کو بلا طلب قائم کیا اور عام انتخابات کے ذریعہ سے رعایا کے ممبروں کو حاصل کیا جس میں بہ نسبت مسلمانوں کے ہندوؤں کی تعداد زیادہ ہے۔ اسی طرح اور بھی کمیٹیاں ہیں جن میں غیر سرکاری ہندو ارکان ہوتے ہیں ...

صوبہ سرحد میں پھر گولی چل گئی

ایک مسلمان جاں بحق گاؤں والوں پر جرمانے

اصلاحات کے متعلق جرگوں کا انعقاد

پابندیاں وغیرہ

مسٹر ایونیو ہوول سکرٹری محکمہ خارجہ حکومت ہند پشاور پہنچ گئے ہیں، اور لوگوں سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ اصلاحات کی مشاورتی کمیٹی کا آئندہ اجلاس ۲۴ جنوری کو پشاور ہی میں ہوگا۔

اصلاحات سے اہل سرحد کی دلچسپی

پشاور ۱۹ جنوری۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے ضلع میں ... مقامات پر گاؤں والوں پر اس الزام میں کہ وہاں کانگریس کے جلسے ہوئے اور پکٹنگ لگایا گیا، آرڈیننس کی رو سے ...

ٹربیونل کی عدالت میں مجسٹریٹ کوملا کے مقدمہ قتل کی سماعت

"ہمیں اقبال جرم کیلئے مجبور کیا گیا تھا"

عدالت میں لڑکیوں کا تحریری بیان

کلکتہ ۱۸ جنوری۔ کل کلکتہ ہائی کورٹ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کوملا کے قتل کے مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی۔ اس مقدمہ میں نیشنل اسکول کی دو طالبات مس شانتی گھوش اور مس سنیتی چودھری ماخوذ ہیں۔ ٹربیونل نے ان کے خلاف قتل عمد کی دفعہ کے ماتحت فرد جرم عائد کی ہے۔

کلکتہ ۱۸ جنوری۔ کل استغاثہ اپنی تمام کارروائی ختم کرچکا۔ وکیل صفائی نے ملزم لڑکیوں کی طرف سے عدالت میں ذیل کا بیان دیا۔ ...

پولیس سارجنٹ پر قاتلانہ حملہ

حملہ آور ریوالور چھین کر بھاگ گیا

ڈھاکہ ۲۰ جنوری۔ گذشتہ شب جبکہ مسٹر بورسے پولیس سارجنٹ ... پولیس ہیڈ کوارٹر سے اپنے بنگلہ کو واپس جارہا تھا تو کسی نامعلوم شخص نے پیچھے سے اس پر حملہ کردیا۔ ... حملہ آور اس کا ریوالور چھین کر بھاگ گیا ...

تختہ جہاز پر مسٹر سین گپتا کی گرفتاری

پولیس کی مداخلت پر جہاز کے کپتان کا اعتراض

پولیس کی حفاظت میں یرودا کو روانگی

بمبئی ۱۸ جنوری۔ مسٹر اور مسز سین گپتا کل صبح یورپ سے بذریعہ جہاز بمبئی پہونچے جس وقت جہاز بندرگاہ پر پہنچا تو ڈرا خفیہ پولیس کے چیف افسر جہاز پر پہنچ گئے اور صبح سات بجے مسٹر سین گپتا کو بنگال ریگولیشن کے ماتحت گرفتار کرلیا۔

مسٹر سین گپتا اپنی بیوی بیٹے اور بھتیجے کے ہمراہ اطالوی کمپنی کے جہاز "گنگے" کے ذریعہ بمبئی آئے ...

وزیر ہند پر بمبئی کارپوریشن کا دعویٰ

بارہ لاکھ روپے کی ادائیگی کا مطالبہ

بمبئی ۲۰ جنوری۔ بمبئی میونسپل کارپوریشن نے وزیر ہند باجلاس کونسل کے خلاف بارہ لاکھ پانچ ہزار روپیہ کی وصولی کے لئے دعویٰ دائر کیا ہے۔ اس مقدمہ کی سماعت کل مسٹر جسٹس مرزا بمبئی ہائی کورٹ کی عدالت میں شروع ہوئی ...

لکھنؤ میں ایک جدید مسلم پارٹی کا قیام

نواب اسمٰعیل خاں کی مساعی

لکھنؤ ۱۹ جنوری۔ نواب محمد اسمٰعیل خاں اور راجہ سلیم پور بھوپال میں مسلم کانفرنس کی مدافعت سے علیحدہ ہونے کے بعد ... ایک جلسہ مدعو کیا ہے جو ۲۴ جنوری کو لکھنؤ میں منعقد ہوگا ...

اسمبلی میں وائسرائے کی افتتاحی تقریر

گول میز کانفرنس کی مجلس عاملہ کا لائحہ عمل اور پروگرام

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ آئندہ ۲۰ جنوری کو وائسرائے ہند اسمبلی میں تقریر کریں گے ...

کشتی اور جہاز کا تصادم

اب تک گیارہ لاشیں برآمد ہوچکی ہیں

ڈھاکہ ۲۰ جنوری۔ جبس موٹر کشتی کا جہاز "بیکر" سے تصادم ہوگیا تھا اور کشتی ڈوب گئی تھی اس کے ہلاک شدگان میں سے اب تک گیارہ لاشیں دستیاب ہوئی ہیں۔ کشتی ابھی تک پانی کے اندر ہے اور خیال ہے کہ متعدد لاشیں ابھی کشتی میں ہیں۔ پولیس اس حادثہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔

ضلع گورکھپور میں مجمع پر گولیوں کے فائر

ایک سپاہی مجروح متعدد دیہاتی گرفتار

الہ آباد ۲۰ جنوری۔ گورکھپور سے ایک اطلاع مظہر ہے کہ رام کولی نامی ایک موضع میں دیہاتیوں کے ایک مجمع پر ایک ہیڈ کانسٹبل نے دو مرتبہ آتشباری کی جس سے کوئی شخص زخمی نہیں ہوا۔ لیکن مجمع خود منتشر ہوگیا ...

مسٹر عبداللہ بریلوی اور ایک پادری کو قید سخت

پولیس میں روزانہ اطلاع نہ دینے کا جرم

بمبئی ۱۹ جنوری۔ مسٹر عبداللہ بریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل نے کل خود کو پولیس کے حوالہ کردیا ...

چلتی ریل گاڑی پر مسلح نوجوانوں کا حملہ

نواکھالی ۲۰ جنوری۔ گذشتہ شام سورج غروب ہونے کے وقت دو نوجوان آدمی ایک چلتی ریل گاڑی کے ڈاک والے کمرہ میں داخل ہوئے اور ڈاک کے ملازموں کو ... تمام ڈاک کو تھیلوں میں بھر اور ... لفافوں کو لے کر بھاگ گئے۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء کا داخلہ

دارالعلوم ندوۃ العلماء کا بعد امتحان سالانہ آخر شعبان سے بند ہوگیا ہے اس کے بعد اب ۵ شوال ... مطابق ... فروری ۱۹۳۲ء کو کھلیگا۔ ...

عبدالعلی ناظر ندوۃ العلماء

علامہ سید سلیمان ندوی اور دارالعلوم ندوۃ العلماء

چین اور جاپان میں عنقریب جنگ چھڑ جائیگی

جاپان نے روسی شرائط کو مسترد کردیا

چین نے امریکہ کو اس کے اس مطالبہ کا کہ اسے دول کے معاہدہ کی پابندی کرنا پڑے گی یہ جواب دیا ہے کہ وہ کسی ایسے معاہدہ کا پابند نہ ہوگا جو کسی بین الاقوامی معاہدہ کے خلاف ہو۔

روس میں ریل کا ہولناک حادثہ

۶۸ جانوں کا اتلاف

گذشتہ ۱۰ جنوری کو ماسکو کے قریب ... ایک مال گاڑی اور ایک مسافر گاڑی میں تصادم ہوگیا ... اس حادثہ میں ۶۸ آدمی ہلاک ہوئے۔

ٹوکیو میں گاندھی جی کی گرفتاری پر احتجاج

برطانوی سفارتخانہ پر یورش

ٹوکیو ۲۰ جنوری۔ ... ہندوستانی طلبہ ... برطانوی سفارتخانہ ...

امریکہ کے ایک سو پادریوں کا برطانیہ سے مطالبہ

گاندھی جی کو فوراً رہا کردیا جائے

نیویارک ۱۸ جنوری۔ ... امریکہ کے ۱۰۶ مذہبی پیشواؤں (پادریوں) نے مسٹر ریمزے میکڈانلڈ وزیراعظم کو ایک بحری تار ارسال کیا ہے جس میں ان سے اپیل کی گئی ہے کہ ہندوستانی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے گاندھی جی کا اشتراک عمل حاصل کرنے کی غرض سے ان کو رہا کردیا جائے۔ ...

اشتراکیوں کے تصادم میں دو اشخاص کی ہلاکت

برلن ۱۹ جنوری۔ ... اشتراکیوں اور نازیوں کے درمیان تصادم ہوا جس میں دو اشخاص ہلاک اور سات مجروح ہوئے ...

ایران سے سونے کی برآمد ممنوع

طہران کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ حکومت ایران نے سونے کی برآمد کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ میں اس معاملہ کے متعلق ایک مستقل قانون منظور کیا جائیگا۔

لندن میں حکومت ہند کی پالیسی پر نکتہ چینی

فرینڈس آف انڈیا سوسائٹی کے زیر اہتمام لندن میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا جس میں ... ایک تجویز کے ذریعہ حکومت ہند کی پالیسی کی مذمت کی گئی۔

روس سے پانچ لاکھ پونڈ کی روئی خریدی گئی

ایک ہفتہ میں ... لاکھ پونڈ کا سونا باہر بھیجا گیا

بمبئی ۲۰ جنوری۔ ... سونا باہر بھیجا گیا ...

مسلمانانِ سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ

صوبہ سرحد اور تحریک احرار کے متعلق بعض اہم تجاویز

کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مجلس احرار سہارنپور کی طرف سے زیر صدارت حافظ مولوی محمود حسن صاحب ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرت خلیق صدیقی سہارنپوری مدیر روزنامہ شہر رنگون نے جو آجکل یہاں آئے ہوئے ہیں تقریباً دو گھنٹہ تک ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی آپ نے سینٹ گیبریل میگزین رنگون کے مسلم آزار مضمون تحریک کشمیر اور مظالم سرحد پر مبسوط تبصرہ فرماتے ہوئے...

سکریٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور

حضرت مولانا عبد الکافی صاحب کا انتقال

حکام ریاست کشمیر کے بے پناہ مظالم

محمد عمر غفر علی سہسرامی

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے



تمام گھڑیاں ملنے کا پتہ: ایس - ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ کالونی ہاؤس - ۱۲ - دہلی

دمہ، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ

خصائل نبوی

لاثانی قرآن مجید

فضائل رمضان

عبد الوحید صدیقی مہتمم الجمعیۃ دہلی

حب مشتہی

معدہ کی بیماریوں کا آبحیات

حب مشتہی آفس پرتھاول مظفر نگر

خلاف تحریر قیمت واپس

نوایجاد مشین سویاں

ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

زکوٰۃ کا بہتر مصرف

(مولانا) ابو البرکات عبد الرؤف عفی عنہ قادری دانا پوری

مسلمانو! جہان خاتم رسول اللہ صلعم کو تباہی سے بچاؤ

مدرسہ دار العلوم میرٹھ کا دار الطلبہ بر سر نیلام ہے

انتقال پر ملال

مدرسہ تعلیم الاسلام انگانہ

غریب یتیم طلباء کو بھی یاد رکھئے

حافظ عبد المجید خلف صاحب بانی و مہتمم مدرسہ تعلیم الاسلام انگانہ ضلع رہتک

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

قاضی محمد سلیمان صاحب مرحوم

المشتہر منیجر مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ پنجاب

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی اور مستقبل کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے۔ قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

جرمنی کو جنگ عظیم میں سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ توپ تھی اور نہ گن مشین تھی بلکہ صرف سول پستول تھا جو بغیر کوئی تکلیف پہونچائے چشم زدن میں ہر ایک جاندار کو بے حرکت کر دیتا ہے

جرمنی سے یہ پستول پہلی مرتبہ ہندوستان میں آیا ہے اس کے مقابل میں دنیا کے بڑے سے بڑے ہتھیار بالکل بیکار ہو جاتے ہیں اس پستول کا جونہی گھوڑا دبایا جائے فوری ایک خاص قسم کا بجلی کا کرنٹ نکلکر ہر ایک جاندار دشمن کو ۱۵ منٹ کیلئے قطعی اندھا کر دیتا ہے... ان کی آنکھوں پر اس طرح سے اثر پڑتا ہے کہ پندرہ منٹ تک وہ قطعی اندھا ہونے کے علاوہ بالکل بے جان ہو جاتا ہے... نہایت اطمینان سے قابو پا سکتے ہیں... چشم زدن میں قابو پا سکتے ہیں گویا ہر جاندار کو چاہا پندرہ منٹ تک اندھا اور بے جان کر دیا

ہر شخص کے پاس اس کا رہنا بے حد لازمی ہے آج ہی ایک عدد منگوا کر ہماری تحریر کو لفظاً لفظاً آزمائیے قیمت فی عدد چھ روپے (سے) محصولڈاک آٹھ آنہ (۸/)

ہندوستان برما سیلون کیلئے

ایجنٹ: اے - ایچ فرانسیس اینڈ کو پوسٹ بکس ۵۰۰۱ بمبئی

پیام تعلیم

طلبہ کا سب سے اچھا اخبار

جو ہر مہینے دو بار جامعہ ملیہ اسلامیہ سے شائع ہوتا ہے

چندہ سالانہ عہ

اردو کے تمام اخبارات و رسائل میں طلبہ کے لئے پیام تعلیم سے زیادہ مفید کوئی اخبار نہیں، اخبار کیا ہے ایک شفیق استاد ہے۔ جغرافیہ تاریخ سائنس کے مضامین اور اخلاقی پند و نصائح، کہانیوں، نظموں اور تصویروں کا ایک دلچسپ مجموعہ ہے جماعت میں جن مضامین سے لڑکے جی چراتے ہیں پیام تعلیم میں خوشی سے پڑھتے ہیں۔

پیام تعلیم

سالانہ امتحان میں کامیاب کر دیتا ہے

تعلیمی ضرورت بھی پوری ہو گئی

کیونکہ

پیام تعلیم میں وہ تمام باتیں ہوتی ہیں جن کی اسکول کے لڑکوں کو ضرورت ہوتی ہے۔ اس اخبار کی یہی خوبی دیکھکر ماہرین تعلیم نے اسکول کے لئے سرکاری طور پر خرید کیا ہے اور طلبہ کو اردو کے عام گندہ لٹریچر سے بچانے کیلئے واحد اخبار تجویز کیا ہے۔ ہر ماہ میں دوبار شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ صرف عہ

نمونہ مفت

منیجر پیام تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان

کامیابی

سگنل ڈاون ہو گیا

بال جڑسے کالا

سفید بال سات دن میں جڑسے کالا

ڈبل گھنٹی کا الارم ٹائم پیس

کوٹھی نمبر ۹ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

مسلمانانِ سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ

صوبہ سرحد اور تحریک احرار کے متعلق بعض اہم تجاویز

کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مجلس احرار سہارنپور کی طرف سے زیر صدارت حافظ مولوی محمد حسن صاحب ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرت خلیق صدیقی سہارنپوری ایڈیٹر روزنامہ شیر رنگون نے جو آجکل یہاں آئے ہوئے ہیں تقریباً دو گھنٹہ تک ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی آپ نے سینٹ گبریل میگزین رنگون کے مسلم آزار مضمون تحریک کشمیر اور مظالم سرحد پر مبسوط تبصرہ فرماتے ہوئے ان کے پس پردہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف استعماری جدوجہد کے چہرہ سے پردہ اٹھایا اور حکومت کو متنبہ کیا کہ وہ مسلمانوں کے مقابلے کا خیال ترک کردے آپ نے پُرزور الفاظ میں میگزین کی ضبطی سرحدی آرڈیننسوں کی واپسی کا مطالبہ کیا اور مسلمانوں سے جہاد کشمیر میں حصہ لینے کی موثر اپیل کی آخر میں آپکے مقرر کی تحریک اور حافظ عبدالغفار ونیز سکریٹری مجلس احرار کی تائید سے حسب ذیل تجاویز بالاتفاق آراء منظور ہوئیں۔

۱۔ مسلمانانِ سہارنپور کا یہ عام جلسہ سینٹ گبریل ہائی اسکول میگزین رنگون مجریہ دسمبر ۳۱ء صفحہ ۱۳ کے اس نہایت دل آزار اشتعال انگیز اور ناپاک مضمون کے خلاف اپنے انتہائی غم و غصہ اور نفرت و حقارت کا اظہار کرتا ہے جس میں میگزین مذکور کے کو جسم بد طینت اور گندہ دہن اڈیٹر نے حضور ...

کے نتائج حکومت کے لئے نہایت خطرناک ہونگے اور تمام مسلمانانِ ہند میں اس درجہ سے سخت اضطراب پیدا ہو جائیگا۔

۳۔ یہ جلسہ مجلس احرار ہند لاہور کو یقین دلاتا ہے کہ سہارنپور کے مسلمان کشمیر کے جہاد حریت کو کامیاب بنانے کے لئے زیادہ سے زیادہ قربانیاں پیش کرنے کے لئے تیار ہیں۔ اور مجلس احرار اسلام کے معزز و محترم رہنما بالخصوص حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند پر اپنے کامل اعتماد کا اظہار کرتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ جب تک یہ حضرات مظلومین کشمیر کی دادرسی کے متعلق اطمینان نہ کرلیں گے۔ سہارنپور کے مسلمان اپنی جدوجہد کو برابر جاری رکھیں گے۔ اور مجلس احرار کے ہر حکم کی تعمیل کو مذہبی فرض سمجھتے رہیں گے۔

۴۔ مسلمانان سہارنپور کا یہ جلسہ ان مجاہدین سہارنپور کی خدمت میں تبریک و تہنیت پیش کرتا ہے جنہوں نے حصول مقصد کی کوشش کرتے ہوئے لاہور اور لائلپور میں گرفتار ہوکر قید و بند کی صعوبتوں کو لبیک کہا۔

آخر میں صاحب صدر نے شہید کشمیر فتح محمد کے لئے دعاء مغفرت فرمائی اور یہ عظیم الشان جلسہ بصد کامیابی اختتام پذیر ہوا۔

سکریٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور

حضرت مولانا عبدالکافی صاحب کا انتقال

بے حد افسوس و نہایت حسرت کے ساتھ یہ خبر وحشت اثر ملک میں سنی جائے گی ...

قاری ولی محمد صاحب ان کے جانشین قرار دئے گئے اور جناب خان بہادر نواب سید محمد عیسیٰ صاحب رئیس الہ آباد نے مجمع کو مخاطب کرکے ایک تحریر سنائی جس میں اس امر کا اعلان کیا کہ حسب منشاء و تنفیذ نامجات بعد حضرت مولانا کے ان کے بڑے صاحبزادے متولی اور مہتمم مدرسہ سبحانیہ ہوئے اب کل معاملات کا تعلق براہ راست انہیں کے ساتھ ہونا چاہئے اس کے بعد حضرت مولانا شاہ ولایت حسین صاحب مدظلہ العالی نے ایک مختصر اور جامع تقریر اس کی تائید میں فرمائی جس میں حضرت مولانا قدس سرہ العزیز کے تقدس و خدمات مذہبی کو نہایت وضاحت سے بیان کرتے ہوئے ان کے وصال پر اظہار افسوس فرمایا اور جناب قاری صاحب کے ساتھ اظہار ہمدردی فرماتے ہوئے مسلمانوں کو مدرسہ سبحانیہ کی طرف توجہ دلائی اب تمام مسلمانوں سے استدعا ہے کہ مدرسہ سبحانیہ کی امداد میں پہلے سے زیادہ حصہ لیں اور کل رقوم و خط و کتابت جناب قاری ولی محمد صاحب مہتمم مدرسہ سبحانیہ کے نام بھیجا کریں آخر میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا قدس سرہ العزیز کے فیوض و برکات کو قیامت تک جاری رکھے اور جملہ متعلقین کو صبر و استقامت کی توفیق عطا فرمائے آمین۔ محمد فرحت علی سہسرامی

حکام ریاست کشمیر کے بے پناہ مظالم

میرپور علاقہ ریاست جموں میں مسلمانوں نے حالات سے تنگ آکر عدم ادائے مالیہ کی مہم جاری کی ہوئی ہے۔ حکام ریاست کی طرف سے عورتوں کے ساتھ جس طرح بے حرمتی ہو رہی ہے ساتھ وحشیانہ مظالم ہو رہے ہیں۔ اگر اسکا عشر عشیر ہند داخل کرنے کی جاری کردہ تحریک کے دوران میں ہوتے تو زمین و آسمان کو چیخ و پکار سے سر پر اٹھا لیا جاتا۔

میرپور میں رات کو شبخون مارا جاتا ہے۔ مردوں کو گرفتار عورتوں کو بے نقاب کیا جاتا ہے مزاحمت کرنے کی عدم موجودگی میں بھی زمین پر لیٹے ہوئے مسلمانوں پر گولی چلادی جاتی ہے۔ زخمیوں کی کوئی خبر گیری نہیں کی جاتی۔ لواحقین اپنے مجروحین کو ... میل سفر کرکے جہلم پہنچاتے ہیں پھر کہیں جاکر ... ہوئے جسموں سے گولیاں نکالی جاتی ہیں۔

بارودلی کی مہم عدم ادائیگی مالیہ کی شہرت بہت کچھ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سارا ہندو اور ... پریس پروپیگنڈا کرنے والا تھا۔ بارودلی میں نہ عورتوں کی بے حرمتی ہوئی نہ گولی چلائی گئی یہاں بدترین حالات نمودار ہیں۔ ہمیں کامل امید ہے کہ آپ اس حالت میں ...

رعایت کا مبارک مہینہ

فائدہ اٹھانے کا نادر موقعہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیے

گیارہ ماہ گذر جانے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے پھر ہم کو اور آپ کو رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے اس لئے ہم نے بھی یہی مہینہ اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے انتخاب کر رکھا ہے لہذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں وغیرہ کی قیمت میں بے حد رعایت کردی گئی ہے ...





تمام گھڑیاں ملنے کا پتہ۔ ایس۔ ایم۔ عثمان اینڈ کمپنی ... چاندنی چوک دہلی

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ ...

خصائل نبوی — لاثانی قرآن مجید — فضائل رمضان

عقائد الاسلام

عبدالوحید صدیقی مہتمم اخبار الجمعیۃ دہلی

حب مشتہی

معدہ کی بیماریوں کا اکسیر علاج

حب مشتہی آفس چرتھاول مظفرنگر

خلاف تحریر قیمت واپس

نو ایجاد مشین سویاں



ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

زکوٰۃ کا بہتر مصرف

بنگال کے سیلاب کی وجہ سے جو تباہی اضلاع بنگال میں اس سال ہوئی ہے اس کا حال اخبارات میں پڑھ لیا اور ان لوگوں کی زبانی بھی اچھی طرح معلوم ہوگیا ہے جو خود وہاں جاکر اپنی آنکھوں سے وہاں کا حال دیکھ آئے ہیں۔ اس میں شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ اس وقت بنگال کے ہزارہا مسلمان نہ صرف پیٹ کی روٹی کے محتاج ہو رہے ہیں بلکہ فاقوں سے جان دے رہے ہیں۔ عورتوں کے پاس ستر پوشی کے لائق بھی کپڑا نہیں ہے بہت سے بچے بلک بلک کر آب و دانہ مر رہے ہیں۔ ایسا شبہ ایسی حالت میں زکوٰۃ کا بہترین مصرف یہ ہے کہ ان مرنے والوں کو بچایا جائے اور ان ننگوں کا ستر چھپایا جائے جن لوگوں کو اللہ پاک نے توفیق دی ہے کہ وہ فرض زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ اور اس ہجر کو چھوڑ کے نزدیک ہے نمائش سے زیادہ بہتر سمجھتے ہیں۔ ان سے مخلصانہ گذارش ہے کہ اپنے زکوٰۃ کے پیسے سے اپنے مسلمانوں کو بچا سکتے ہو اور جتنی عورت اور مرد کا ستر پوشیدہ کرسکتے ہوں اس سے غفلت نہ کیجئے یہ اس وقت کی سب سے بڑی نیکی ہے جو کوئی شخص حاصل کرسکتا ہے۔

(مولانا) ابوالبرکات عبدالرؤف عفی عنہ قادری دانا پوری

نوٹ۔ ان مصیبت زدوں کی امداد کی دو صورتیں (بظاہر معلوم ہوتی) ہیں جو شخص معقول رقم امداد کے لئے دے سکے یا اپنے دوستوں سے چندہ کرکے وہ خود لیجاکر تقسیم کرے یا اپنے کسی معتمد شخص کے ذریعہ تقسیم کرائے۔ اس صورت میں بہتر ہوگا کہ وہ خلافت کمیٹی کلکتہ سے مشورہ کرکے کہ کس علاقہ میں امداد کس طرح تقسیم کیا ...

... ہیں اور یہاں کے حالات سے خوب واقف ہوگئے ہیں۔ اور اگر خود جاسکیں اور دیکھنا چاہیں تو وہ اپنی امداد خلافت کمیٹی کلکتہ کے ذریعہ تقسیم کراسکتے ہیں لیکن اس صورت میں اگر زکوٰۃ کی رقم ہو تو کمیٹی کو متنبہ کردیں کہ یہ رقم زکوٰۃ کے مصارف کے علاوہ اور کسی مد میں نہ صرف کی جائے۔

مسلمانو! اپنے مہمان خانۂ رسول اللہ صلعم کو تباہی سے بچاؤ

مدرسہ دارالعلوم میرٹھ کا دارالطلبہ برسرِ نیلام ہے

مدرسہ ہذا کے لئے ایک قیام گاہ مہمان خانۂ رسول اللہ کے نام سے ... کی محنت اور عرق ریزی سے چندہ کرکے دس ہزار روپے کی عمارت تیار کی گئی ... دگری ہوئی۔ اپیل کیا گیا ... جنوری ۳۲ء کو ... نیلام ... مسلمانو ...

انتقال پُر ملال

مولوی حکیم سید شاہ محمد یحییٰ صاحب فریدی ...

قارئین کرام سے گذارش ہے کہ مرحوم کے لئے دعاء مغفرت فرمائیں اللہ تعالیٰ پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

مولوی سید شاہ زین العابدین فریدی ...

مدرسہ تعلیم الاسلام نگانہ

غریب یتیم طلباء کو بھی یاد رکھئے

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

قاضی محمد سلیمان صاحب مرحوم

... مینیجر ... سلیمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

جرمنی کو جنگ عظیم میں سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ توپ تھی اور نہ گن، مشین تھی بلکہ صرف سول پستول تھا جو بغیر کوئی تکلیف پہونچائے چشم زدن میں ہر ایک سپاہی کو بیکار کردیتا ہے

ایجنٹ۔ ایچ فرانسیس اینڈ کو پوسٹ بکس ۱۱۵ کلکتہ

رمضان المبارک میں سحری کے وقت جگانے والا

ڈبل گھنٹی کا الارم ٹائم پیس

اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی ... کلکتہ

کیلوفین

بچوں کی صحت

کیلوفین میڈیکل کمپنی (انڈیا) کراچی

کامیابی

سگنل ڈون ہوگیا

بال جڑ سے کالا

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

پیامِ تعلیم

طلبہ کا سب سے اچھا اخبار

چندہ سالانہ ...

مینیجر پیام تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

رمضان المبارک کا سالانہ رعایتی اعلان

المشتہر: حافظ عبدالرزاق ... کمپنی ...

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دھلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دھلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون
محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دھلی۔ یوم پنجشنبہ ۱۹ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۸ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۸

بے اعتمادی کا عام اظہار

مسلم کانفرنس کا نام نہاد وفد

اسلامی جرائد کی نظروں میں

چیف کمشنر کی دعوت پر نہیں بلکہ مسلم کانفرنس کی دعوت پر

دونوں میں کیا فرق ہے؟

(معاصر انصاف کا تبصرہ)

[illegible]

سرحدی وفد کے ارکان کیا کہیں گے؟

"صوبہ سرحد میں بالکل خیریت ہے"

(معاصر "ہند" کا مقالہ افتتاحیہ)

معزز معاصر "ہند" کلکتہ نے اپنے افتتاحیہ میں ذیل کا زبردست مقالہ سپرد قلم فرمایا ہے:-

[illegible]

راہ نجات یا آستانہ فرنگ پر جبہ سائی!

"سرحدیوں کو کانگریسیوں نے بہکا لیا تھا"

[illegible]

(باقی صفحہ ... پر ملاحظہ فرمایئے)

دو بے حقیقت افراد کا وفد

جمعیۃ علماء کے وفد کو کیوں اجازت نہیں دی گئی

[illegible]

"ماء اللحم خاص الخاص" اور "مفرح عنبریں" اور ہماری دیگر مقوی شاہی ادویہ سے اس سرما میں نئی زندگی اور طاقت حاصل کیجیے۔ فہرست مفت۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

حلقیہ بیان اور سابق منیجر صاحب انعام اللہ خان کا ...
اکسیر کامل مردمی جاری ... مینجر دواخانہ انیس الغربا محلہ شاہ نظر راولپنڈی

کون کہتا ہے کہ دمہ اچھا نہیں ہوتا
خدا چاہے تو
یہ محض اس لئے
کہ غریب آدمی بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔
ملنے کا پتہ
صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دھلی

اگر صحت پیاری ہے تو
ہمدرد دواخانہ لال کنواں دھلی

اگر بچوں کی تعلیم کیلئے
ایم ۔ اے بمعرفت منیجر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر
ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۲۵ دھلی

رمضان المبارک کا سب سے بہتر اور مقدس تحفہ
علماء صلحاء۔ محدثین مفسرین۔ نوابوں اور بادشاہوں
کا پسندیدہ
قرآن شریف
مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمی اور توشہ عقبی سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔
سب سے بڑی ضمانت
اس قرآن مجید کے قابلقدر اور عدیم النظیر تحفہ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ اسے تاجدار دکن حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا ہے اور شیخ المحدثین حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب مفتی اعظم صدر العلماء حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب سند الاسلام حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب مسیح الملک حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی وغیرہم جیسے متبحر اور مقدس علماء نے اسے بیحد پسند فرمایا ہے اور نہایت پرزور الفاظ میں مسلمانوں سے اس کے متعلق سفارشیں کی ہیں رمضان المبارک ہیں ایک مسلمان کیلئے اس پانچ ترجمے والے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی دوسرا تحفہ نہیں ہو سکتا۔ خود طلب فرمایئے اپنے عزیزوں کے لئے منگائیے اور دوستوں کو ہدیہ کے طور پر دیجیے۔
خصوصیت
صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمال حسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں
صرف رمضان المبارک کیلئے
پانچ قرآن شریف ایک ساتھ منگانے کی صورت میں ہدیہ کی کل رقم پر عہ/ کم کردیے جائیں گے۔

رمضان شریف میں
گھروں کو نور اسلام کی شعاعوں سے
منور کر دینے والا
قرآن مجید
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جن سے بہتر لکھنے والا ہندوستان میں کوئی دوسرا خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دیانت اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے۔ جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔
ہر مومن کا فرض ہے
کہ وہ رمضان شریف کے مقدس مہینہ میں ہم سے نورانی قرآن مجید طلب کرکے اسمیں تلاوت کرے اور جنہیں اللہ تعالی نے استطاعت دی ہے وہ کافی تعداد میں منگا کر غریبوں۔ طالب علموں۔ مسجدوں۔ یتیم خانوں اور مدرسوں میں مفت تقسیم کریں اور اللہ کے ذکر کو گھر گھر پھیلا کر اس کی رحمتوں سے اپنے دامن بھر لیں۔
یہ قرآن معرا اور مترجم دونوں قسم کا چھپوایا گیا ہے۔ ترجمہ حضرت حکیم الامۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جس کی مقبولیت کے متعلق کچھ کہنا آفتاب کو شمع دکھانا ہے ھدیہ بغیر ترجمہ صرف عہ بلا جلد علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد ۸/ اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ لیا جائیگا۔
ھدیہ مترجم قسم اعلی کاغذ سفید خاشدہ صرف تین روپیہ قسم دوم خاشدہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کے آٹھ آنے اور چمڑے کی جلد کا ایک روپیہ ہدیہ کے علاوہ ہوگا۔
شوال تک خاص رعایت
یہ تو آپ خود بھی سمجھ سکتے ہیں کہ ان دونوں نایاب قرآن مجیدوں کا ہدیہ کم سے کم رکھا گیا ہے لیکن ہماری دلی خواہش ہے کہ رمضان المبارک میں مسلمانوں کا کوئی گھر ان مقدس تحفوں سے خالی نہ رہے لہذا اخیر شوال تک کے لئے ذیل کی رعایتوں کا مزید اعلان کیا جاتا ہے۔
پانچ قرآن مجید سے زائد طلب کرنے کی صورت میں ہر روپیہ پر ۲/ کی کمی کردی جائے گی۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دھلی

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible] رمضان المبارک [illegible]

سلیم پور ہاؤس میں اتحاد و اتفاق کے روح پرور نظارے

مختلف الخیال مسلمانوں کا ایک مبارک اجتماع

مظالم سرحد پر احتجاج، تحفظ سرحد کی تجویز اور گول میز کانفرنس کا بائیکاٹ

(از نامہ نگار خصوصی)

[illegible]

صوبہ سرحد کا مساوی درجہ

جدید اصلاحات کا نفاذ

[illegible]

... اس وقت نافذ ہیں اور ان سے صوبہ سرحد کو وہی مرتبہ مل جائے گا جو دوسرے صوبوں کو حاصل ہے۔

صوبہ سرحد کو مسلمانوں کے نزدیک اس وجہ سے زیادہ اہمیت حاصل ہے کہ وہاں مسلم اکثریت ہے مگر ہم سمجھتے ہیں کہ وہاں کی مسلم اکثریت کو جدید اصلاحات نے وہ پوزیشن نہیں دی ہے جو دوسرے صوبوں کی اکثریت کو حاصل ہے۔ اس کی تفصیل ہم انشاء اللہ آئندہ عرض کریں گے۔

مولانا شفیع داؤدی کا عذر گناہ

(نامہ نگار الجمعیۃ کے قلم سے)

اگرچہ مولانا شفیع داؤدی نے آپ کے نامہ نگار کو جھٹلانے کے لئے بہت کچھ ہاتھ پاؤں مارے اور ایک ایک دن میں چار چار بیانات شائع کرائے مگر افسوس ہے کہ ان کی مراد پوری نہ ہو سکی اور انہوں نے حق کو چھپانے کی جتنی جدوجہد کی وہ اتنا ہی اور زیادہ نمودار ہوا۔ مولانا شفیع داؤدی اور ان کے رفیق "مشن" کی بدحواسی ...

[illegible]

کا جواب ہی آج تک نہیں دیا تو مکتوب کو کیا شائع کریں گے۔

اس سلسلہ میں اخبار الامان جو گندگی اچھال رہا ہے اس کے متعلق میں ایک حرف بھی کہنا نہیں چاہتا۔ البتہ آپ کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ایک اصولی بحث میں الامان کا ذاتی حملوں پر اتر آنا مسلمانان دہلی میں سخت ترین اشتعال پیدا کر رہا ہے بالخصوص اس نے حضرت علامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے متعلق تازہ اشاعت میں جو کچھ لکھا ہے اس پر مسلمان بہت زیادہ مشتعل ہیں ...

[illegible]

اہم تجاویز کا خلاصہ

۱۔ [illegible]

۲۔ چونکہ گول میز کانفرنس کے [illegible] مسلمان ... گول میز کمیٹیوں کا بائیکاٹ کیا جائے۔

۳۔ جمعیۃ علماء ہند کے وفد کو حالات سرحد کی آزادانہ تحقیقات کی اجازت نہ دینے پر یہ جلسہ احتجاج کرتا ہے۔

۴۔ مظالم کشمیر کی ذمہ داری حکومت کشمیر کے علاوہ حکومت ہند پر بھی عائد ہوتی ہے۔

۵۔ یہ جلسہ اتحاد و اتفاق کے لئے ایک کمیٹی مقرر کرتا ہے۔

مسلم کانفرنس سے علیحدگی کے اسباب

[illegible]

احادیث نبوی

(از حضرت مولانا الحاج الحافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

ذکر الٰہی

انسان کا بہترین مال یہ ہے کہ اس کی زبان ذاکر ہو قلب شاکر ہو اور اس کی بیوی ایماندار اور شوہر کی مددگار ہو جو شوہر کے ایمان کی امداد کرے۔ (ترمذی)

چار چیزیں ایسی ہیں جس کو وہ مل گئیں تو سمجھو دین و دنیا کی بھلائی مل گئی۔ شکر گزار دل، زبان ذاکر، بدن صابر اور بیوی نیک جو اپنے مال اور نفس میں شوہر کی کوئی خیانت نہ کرتی۔ (طبرانی)

ذاکر اور غافل کی ایسی مثال ہے جیسے زندہ اور مردہ۔ (بخاری)

مفردون آگے بڑھ گئے کسی نے پوچھا مفردون کون ہیں فرمایا کثرت سے ذکر الٰہی کرنے والے۔ (مسلم)

جو لوگ ذکر الٰہی پر فریفتہ ہیں قیامت میں ان پر کوئی بوجھ نہ ہوگا۔ وہ بالکل ہلکے پھلکے ہوں گے۔ (ترمذی)

اگر ایک آدمی روپیہ تقسیم کرے اور ایک خدا کی یاد کرے تو ذاکر کا مرتبہ اس مالدار سے افضل ہے۔ (طبرانی)

صدقہ ذکر الٰہی سے افضل نہیں ہے۔ (طبرانی)

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

بالشویک روس کا نظام حکومت اور اسلام

روس کے ڈکٹیٹر لینن اور امیر شکیب ارسلان کی ملاقات

کاتب الشرق امیر کبیر امیر شکیب ارسلان کے پرائیویٹ سکریٹری محمد یحییٰ نے ایک عربی اخبار کے نمائندہ سے دوران ملاقات میں فرمایا کہ روسی حکومت کے خلاف تمام دنیا میں جس برے طریقہ سے پروپگنڈا کیا جا رہا ہے اس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ ایک طرف عیسائی چلاتے ہیں کہ روسی حکومت نے گرجاؤں کو ڈھا دیا اور مہندم کرا دیا اور بیابان کو تھیٹروں، سینماؤں اور مارکیٹوں میں تبدیل کر دیا ہے اور علماء نصاریٰ کو چن چن کر قتل کر دیا ہے دوسری طرف مسلمان شور کر رہے ہیں کہ روس اسلام کا سخت ترین دشمن ہے۔ اس نے ہزاروں مساجد ویران اور منہدم کر دیں اور ہزاروں علماء کو ملک بدر یا قتل کر دیا۔ جہاں تک عیسائیوں کا تعلق ہے بلاشبہ روس نے کچھ زیادتی کی ہے کیونکہ اس کو مغربی سرمایہ داری کے ساتھ ساتھ اس کے مذہب سے بھی انتہا درجہ کی نفرت ہے۔

دوسرے یہ ایک قدرتی ردعمل ہے جو زار روس کے مظالم کے سامنے عشر عشیر بھی نہیں۔ زار روس اسلام کا سب سے بڑا دشمن گزرا ہے جس نے لاکھوں مسلمانوں کو زبردستی عیسائی مذہب قبول کرنے پر مجبور کیا اور لاکھوں مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتارا۔ اب اگر موجودہ حکومت نے غیر ارادی طور پر اس کا بدلہ لیا ہے جس کو قدرتی ردعمل کہنا چاہئے۔ لیکن جہاں تک مسلمانوں کے مذہب کا تعلق ہے روس پر یہ ایک بہتان عظیم ہے۔

جب میرے استاد علامہ امیر شکیب ارسلان (۱۹۲۲ء میں) روس تشریف لے گئے ...

[illegible]

اس کے بعد لینن نے تسلیم کیا کہ دنیا میں جب کبھی اعتدال قائم ہوگا تو اس کی صورت سوائے اسلام کے اور کوئی نہیں ہوگی کیونکہ اسلام کا نظام نوع انسانی کی بقاء کے لئے ایک بہترین ضمانت ہے۔ (الصراط)

عظیم الشان تجارت اور اسلامی حکومتوں پر اس کا فروغ ہے۔ اگر تم تاریخ کے ان اجزاء کی تحلیل کر کے دیکھو جو اسلامی حکومتوں کے زوال و انحطاط سے متعلق ہیں تو تم کو اس امر کے باور کرنے میں کبھی شک نہیں رہے گا کہ یورپ کی تجارت اور صنعت و حرفت نے بارود اور بندوقوں سے اسلامی ممالک کو اپنا شکار بنایا اور صرف اسی چیز میں مسلمانوں کی پسپائی اور مغربی قوموں کی پیش قدمی مضمر ہے۔

بلاد عربیہ اپنے جغرافیائی اور تمدنی اعتبار سے حریت و آزادی کا گہوارہ تھی کسی قوم نے ان کو مغلوب کرنے کی جرأت نہیں کی ... سرزمین تجارت کے عفریت سے مغلوب و منکوب ہو جاتی ہے اور ایسی حالت کو پہنچ جاتی ہے کہ دوسرے غلام ممالک کو بھی اسے دیکھ کر رونا آتا ہے۔

بلاد عرب کے جس حصہ پر سب سے پہلے استعمار کی بلا نازل ہوئی وہ عدن ہے جب مغربی "شیروں" نے دیکھا کہ حکومت عثمانیہ کا اثر و اقتدار ہر جگہ کمزور ہو رہا ہے اور ترکی امراء اپنی املاک سے بے پرواہ ہو گئے ہیں تو انہوں نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھ کر اندرون ملک میں ریشہ دوانیاں شروع کر دیں۔

۱۸۳۹ء میں انگلستان نے باب عالی سے ایک معاہدہ کیا جس کی رو سے انگلستان کو ٹرکی قلمرو میں تجارت کا حق حاصل ہو گیا سب سے پہلے انگلستان نے ترکی سے عدن کا مطالبہ کیا کیونکہ یہی وہ مقام ہے جس کو بلاد عربیہ کی ریڑھ کی ہڈی کہنا چاہئے۔

دولت عثمانیہ نے عدن کو اس شرط پر دینا منظور کیا تھا کہ حکومت انگلستان حربت مصر کے قائد امام محمد علی پاشا کے مقابلہ میں امداد دیگی مگر اس کا ایفاء ...

[illegible]

علاوہ ترکی حکومت کے ہاتھ سے نکل جانے کا یہ نتیجہ ہوا کہ اس کے بعد ہی بحرین پر انگلستان کا قبضہ ہو گیا اور رفتہ رفتہ خلیج فارس کے امراء نے انگلستان کی غلامی کا طوق اپنی گردنوں میں ڈال لیا۔ ترکی حکومت کے اضمحلال کے اور بھی مختلف اسباب ہیں اور بنیادی سبب عدن کا دولت ترکیہ سے نکل کر انگریزوں کے قبضہ میں چلا جانا ہے۔ (جزیرۃ العرب بحوالہ العرب)

بلاد عربیہ میں فرنگی برکات

عدن، فلسطین اور بغداد میں مغرب کی تباہ کاریاں

استاذ ثعالبی نے قاہرہ کی ایک مجلس میں بلاد عربیہ کے سیاسی اور اخلاقی حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مغرب کا سیلاب روز بروز بلاد عربیہ کے اخلاقی شرف و امتیاز کو بہاتا چلا جا رہا ہے اور کوئی نہیں جو اس کے انسداد کیلئے اپنی آواز بلند کرے۔ یورپ اپنی سیاہ کاریوں کے باعث یقیناً ایک روز زیر و زبر ہوگا مگر ہمیں خوف یہ ہے کہ وہ اپنے ساتھ عربی ممالک کو بھی لے ڈوبے گا۔

[illegible]

بلاد عربیہ پر کس طرح تسلط جمایا؟

عدن اور بحرین کے قبضہ نے انگریزوں کا راستہ صاف کر دیا

اب تک متعدد اسلامی حکومتیں مغربی مستعمرین کے قبضہ میں جا چکی ہیں اس کے مختلف اسباب ہیں لیکن سب سے بڑا سبب جس نے مغرب کو مسلمانوں پر مسلط کر دیا وہ مغرب کی ...

موحدوں کی عید

خالق کائنات کی توحید و تمجید کا عالمگیر مظاہرہ

(از حضرت علامہ سید سلیمان صاحب ندوی)

[illegible]

تمہارے ساتھ آسانی چاہتا ہے سختی نہیں اور تاکہ تم گنتی پوری کر لو اور تاکہ اس ہدایت کے ملنے پر تم خدا کی بڑائی بیان کرو، اور تاکہ تم شکر ادا کرو، اور جب میرے بندے میری نسبت پوچھتے ہیں تو میں ان کے قریب ہی ہوں، اپنے پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں، جب وہ مجھے پکارتا ہے تو چاہئے کہ لوگ مجھے جواب کے لئے پکاریں، اور مجھ پر یقین رکھیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

اس کے بعد پھر قرآن میں روزے کے احکام شروع ہوتے ہیں۔ ان آیتوں میں بڑی وجاہت کے ساتھ یہ ظاہر کر دیا گیا ہے کہ رمضان، قرآن، صیام، توحید، نزول ہدایت، اور عطائے ربانی کے یادگار اور شکر یہ کے لئے ...

[illegible]

یہی دونوں مقصد مسلمانوں کی عید میں بھی پنہاں ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ اس کے لئے کون سے دن منتخب کئے جائیں، ہندوستان کے تہواروں پر غائر نظر ڈالو تو ظاہر ہوگا کہ اس نے اس کے لئے عجائبات قدرت اور زمین و آسمان کے فطری انقلابات کو زیادہ تر اپنی خوشی و مسرت کے اظہار کیلئے اختیار کیا ہے ...

[illegible]

دیکھو کہ عید گاہ کے راستہ میں مسلمان اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر واللہ اکبر وللہ الحمد۔ (اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے ...)

[illegible]

شام میں ایک نئی سلطنت کے قیام کی تجویز

انتخاب کے موقعہ پر دمشق میں زبردست خونریزی

ملک شام پر جب سے فرانس کو انتداب حاصل ہوا ہے وہ برابر عربی قبائل کی قوت کو توڑنے پر لگا ہوا ہے اور اس مقصد کیلئے اس نے شام کو چار حصوں اور سلطنتوں پر منقسم کر دیا ہے تاکہ ایک سلطنت کو دوسری سلطنت پر اقتدار قائم رکھنے کے لئے آلہ کار بنایا جا سکے۔ اب خبر آئی ہے کہ ان چار سلطنتوں میں فرانس ایک اور سلطنت کا اضافہ کر رہا ہے جس میں ارمنی و کُردی، چرکسی و کرد نسل کے لوگ اور سریانی اقوام بسائی جائیں گی ...

[illegible]

(الاستقلال)

عراق عرب میں اصلاح اخلاق کی کوشش

مسکرات اور زنان بازاری کے اخراج کا فوری مطالبہ

عراق کے علماء اور رشید رضا نے حکومت کو ایک یادداشت ارسال کی ہے جس میں حکومت سے شراب کے انسداد اور زنان بازاری کے اخراج کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ... امریکہ کے مذہب میں شراب حلال ہے مگر حکومت نے اس کو ناجائز اور حرام قرار دیدیا ہے اور اسلامی شریعت میں شراب اور زنا حرام اور قطعی مگر ایک اسلامی حکومت ان کو عملاً جائز قرار دے رہی ہے!

اسی طرح بغداد کی جمعیۃ اسلامیہ نے ایک جلسہ کر کے چند قراردادیں منظور کی ہیں جن میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ مسکرات اور دیگر منشی اشیاء کا فوراً انسداد کیا جائے اور شارع عام پر زنان بازاری کو بالکل تبدیل کر دیا جائے کیونکہ اس سے نوجوانوں کے اخلاق پر برا اثر پڑتا ہے۔ یہ تجاویز حکومت کے سامنے پیش کی جائیں گی تاکہ ان کو آئینی حیثیت حاصل ہو جائے۔ (القبلہ)

حجاز مقدس میں اصلاحات کا دور دورہ

لاسلکی اسٹیشنوں کی تعمیر اور آبرسانی کے جدید انتظامات

حکومت حجاز و نجد کے محکمہ برید (ڈاک) نے اعلان کیا ہے کہ نجد کے مقام ریاض میں لاسلکی نے اندرونی اور بیرونی پیغامات وصول کرنے شروع کر دیئے ہیں ...

[illegible]

دو بے حقیقت افراد کا وفد

(بسلسلہ صفحہ اول)

(۲) آخر یہ کیا سبب ہے کہ مذکورہ بالا وفد کی رپورٹیں بھی حق سرکار ضبط کرلی گئیں۔

(۳) آخر یہ کیا بات ہے کہ مولوی شفیع اور ان کے تمام رفیق کو بلا تکلف وہیں سے اُن کے اس پار بلا لیا گیا۔

(۴) آخر یہ کیا باعث ہے کہ یہ وفد بھی حکام سے ملی اور وہاں کی ہدایات کے مطابق دورہ کرتی رہی اور دعوتیں کھاتی رہی۔

(۵) اس کی کیا وجہ ہے کہ جمعیۃ العلماء کے وفد کو صوبہ سرحد میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی۔

(۶) اور یہ کیا بات ہے کہ سوائے مولوی شفیع داؤدی اور مولوی مظہر الدین کے اور کوئی قابل مسلم کانفرنس اس ڈیپوٹیشن میں شریک نہیں ہے۔

مذکورہ بالا حقائق کی بنا پر بلا تکلف یہ فیصلہ صادر کیا جا سکتا ہے کہ ...

[illegible]

یمن میں بے روزگاروں پر حکومت کا دست شفقت

امام یحییٰ والی یمن کی فرض شناسی

دنیا میں کساد بازاری اور بے روزگاری کا عام دور دورہ ہے اور ہر ملک (غالباً باستثناء روس) تنگی معیشت سے نالاں ہے۔ یمن میں بھی بے روزگاری اپنا اثر دکھا رہی ہے اور بیکاروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے لیکن امام یحییٰ والی یمن ایک نہایت بیدار مغز حکمران ہیں اور آپکو مفلسوں اور بے روزگاروں کا خاص لحاظ رہتا ہے ...

[illegible]

مختلف تجاویز پر غور و خوض کیا جائے گا۔

مجلس مضامین کا اجلاس

مجلس مضامین کا اجلاس ۸ بجے زیر صدارت مولانا حسرت موہانی شروع ہوا تمام اراکین شریک تھے۔ سب سے پہلے صوبہ سرحد کے حالات پر بحث کی گئی اور ڈاکٹر حسین صاحب، شاہ مسعود صاحب، حسین شہید سہروردی صاحب، مسٹر آصف علی صاحب، مولانا ظفر علی خاں صاحب، فیروز خان نون صاحب وغیرہ کی طرف سے مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔ بہت دیر کی رد و کد اور بحث و تمحیص کے بعد جس میں ہر خیال اور ہر طبقہ کی نمائندگی کی گئی تھی بمندرجہ ذیل تجویز منظور کی گئی۔

"یہ جلسہ حکومت کی اس تشدد انہ پالیسی پر جو اس نے صوبہ سرحد میں اختیار کی ہے اور جس کے ماتحت سرحد کے بہادر باشندوں پر جگر خراش مظالم کئے جا رہے ہیں انتہائی غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور مسلمانان ہند کو دعوت دیتا ہے کہ وہ عام احتجاج کرنے کے لئے ہندوستان کے طول و عرض میں جمعۃ الوداع کو "فرانٹیر ڈے" منائیں اور اس روز اپنے جذبات کا اظہار کر کے ان لوگوں کی خدمت میں اپنی ہمدردیاں پیش کریں جن پر مظالم کئے جا چکے ہیں اور کئے جا رہے ہیں۔"

اس متفقہ تجویز کی مخالفت صرف فیروز خاں نون کی طرف سے کی گئی جو حکومت پنجاب کے وزیر ہیں اور گورنمنٹ کے کیمپ کے اور سرکاری گزٹ اور دیگر کاغذات لے کر جلسہ میں اس غرض سے آئے تھے کہ سرحدی آرڈیننسوں کے خلاف احتجاج کی تجویز منظور نہ ہونے دیں۔ ...

دار الحکومت

افسروں کی حفاظت کیلئے خاص پولیس کا تقرر

سولہ ہزار روپیہ کی منظوری

دہلی ۲۳ جنوری۔ اسٹینڈنگ فائننس کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اعلیٰ افسروں اور شملہ اور دہلی کی سکریٹریٹ عمارتوں کی حفاظت کیلئے عارضی پولیس متعین کی جائے اور اس کے اخراجات کیلئے چار ہزار چھ سو روپیہ اور گیارہ ہزار نو سو روپیہ منظور کیا جائے۔ یہ پولیس مقدمہ سازش دہلی کے سلسلہ میں گارڈ کا کام دے گی۔

دروغ بے فروغ

مقامی اخبار الامان نے فیروز خاں نون وزیر حکومت پنجاب کے گمراہ کن بیان کو بنیاد قرار دے کر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ کانفرنس بغیر کسی آخری فیصلہ کے ملتوی ہو گئی۔ یہ بیان بالکل جھوٹ اور حقیقت سے قطعاً جدا ہے۔ کانفرنس کے تمام فیصلے مولانا حسرت موہانی کی صدارت میں ہوئے اور کارروائی آخر تک پوری دلچسپی کے ساتھ جاری رہی۔ ...

دہلی میں خاتون کانسٹیبلوں کا تقرر

مقامی پولیس نے خاتون کانسٹیبلوں کے تقرر کے لئے بعض مقامی اخبارات میں جو اشتہار دیا تھا معلوم ہوا ہے کہ اس کا اثر ہوا اور کم و بیش پچاس درخواستیں آئی ہیں جن میں ہر قوم اور ہر فرقہ کی عورتیں ہیں۔ ...

گول میز کانفرنس کا پہلا اجلاس

دہلی ۲۳ جنوری۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کا پہلا اجلاس یکم فروری کو دہلی میں منعقد ہوگا۔

سول نافرمانی کی موجودگی میں کوئی مصالحت نہیں ہو سکتی

حکومت اپنے اختیار کردہ ذرائع میں کوئی نرمی نہیں کر سکتی

اسمبلی کے اجلاس میں وائسرائے ہند کی تقریر

نئی دہلی ۲۵ جنوری۔ لارڈ ولنگڈن وائسرائے ہند نے کل صبح اسمبلی کے اجلاس میں افتتاحی تقریر فرمائی۔ ...

صوبہ سرحد کے انتخابات کے قواعد کی ترتیب

ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں کیلئے نشستیں

کونسل کے پہلے صدر کو حکومت مقرر کرے گی

نئی دہلی ۲۳ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ سرحد کے انتخابات کے جو قواعد مرتب کئے گئے ہیں وہ منظوری کے لئے بذریعہ ہوائی ڈاک وزیر ہند کے پاس ارسال کر دیئے گئے ہیں۔ ان قواعد کے مطابق صوبہ سرحد کو حسب ذیل حلقہ ہائے انتخاب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ تمام صوبہ میں سکھوں کو ایک نشست ملے گی۔ ہندوؤں کو پانچ نشستیں ... مسلمانوں کو اٹھارہ دیہاتی اور دو شہری نشستیں حاصل ہوں گی۔ ... کونسل کا پہلا صدر گورنر صوبہ کی جانب سے نامزد کیا جائیگا۔

پشاور پر جرمانہ نہیں کیا جائے گا

چیف کمشنر صوبہ سرحد کا ایک اعلان مظہر ہے کہ کانگریس کے ایجنٹوں نے جو یہ افواہ مشہور کر رکھی ہے کہ باشندگان شہر پشاور پر عنقریب جرمانہ کیا جانے والا ہے وہ بالکل بے بنیاد ہے۔ حکومت صوبہ سرحد کا یہ ارادہ نہیں ہے کہ وہ پشاور پر کوئی تاوان یا جرمانہ عائد کرے۔

دہلی میں شراب کشید کا ایک کارخانہ

پولیس کا حملہ اور ملزمان کی گرفتاری

دہلی ۲۳ جنوری۔ مسٹر مدن موہن لال ایکسائز سب انسپکٹر نے پولیس کی مدد سے صدر بازار میں ایک مکان میں ناجائز شراب کشی کے ایک کارخانہ کی تلاشی لی۔ پانچ بڑی بڑی گولیاں شراب کے مسالہ سے بھری ہوئی ملیں۔ ...

راجوری (جموں) میں زبردست بغاوت

۱۲ گاؤں، تھانہ اور ڈاکخانہ لوٹ لئے گئے

حملہ کیلئے بارہ ہزار آدمیوں کی تیاریاں

جموں ۲۵ جنوری۔ محکمہ تحقیقات کے افسر ملک کرتے ہیں کہ راجوری کی حالت سخت نازک ہے۔ لوگ بغاوت کر رہے ہیں۔ تقریباً ایک درجن مواضعات لوٹے جا چکے ہیں۔ ...

گورہ اور سکھ افواج کی سرحد کو روانگی

سرحد میں جلسوں کے انعقاد کی اجازت؟

پشاور ۲۴ جنوری۔ یہاں غیر سرکاری حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ انتخابات کے سلسلہ میں جلسوں کے انعقاد کے متعلق بہتر فضا پیدا کرنے کے لئے ... دفعہ ۱۴۴ ہٹالی جائے گی۔ ...

دہلی کے ایک ہوٹل پر پولیس کا چھاپہ

تین بنگالیوں کی گرفتاری

دہلی ۲۳ جنوری۔ آج شام کو پولیس کے ایک دستہ نے مغل ہوٹل چاندنی چوک پر چھاپہ مارا۔ تین بنگالیوں کی تلاشی لی گئی۔ ... پولیس نے تینوں کو گرفتار کر لیا ہے۔

صوبہ سرحد کی اصلاحات اور وائسرائے

افتتاح کے انتظامات

اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ صوبہ سرحد میں جلد سے جلد اصلاحات کا نفاذ کر دیا جائے گا اور اس کا افتتاح ہز ایکسیلنسی لارڈ ولنگڈن کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔ ...

حضرت ملا رموزی کی آمد

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں قیام

دہلی ۲۴ جنوری۔ کل صبح کی گاڑی سے ہندوستان کے مشہور ادیب، ظرافت نگار اور گلابی اردو کے "خلاق" جناب ملا رموزی صاحب بھوپال سے دہلی وارد ہوئے ہیں۔ ...

سونے کا فروخت کرنا بند کر دو

ہندوستانی سوداگروں اور بینکروں سے اپیل

بمبئی ۲۳ جنوری۔ پنڈت مدن موہن مالویہ نے ایک بیان دیا ہے جس میں ہندوستانی سوداگروں، بینکوں اور باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس دھوکہ میں اپنا سونا فروخت نہ کریں۔ ...

صوبہ سرحد کو گورنر کا صوبہ بنایا جائے گا

گزٹ کی اشاعت غیر معمولی میں سرکاری اعلان

دہلی ۲۵ جنوری۔ صوبہ سرحد میں اصلاحات کے متعلق وائسرائے ہند کے اعلان کے ساتھ ساتھ گزٹ کی ایک غیر معمولی اشاعت میں صوبہ سرحد کو گورنر کا صوبہ بنانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ...

سرکاری ٹکسال اور انگریزی بینکوں پر پکٹنگ

سونے کی برآمد کو روکنے کی سعی

بمبئی ۲۴ جنوری۔ سرکاری ٹکسال پر کل بھی پکٹنگ لگا گیا۔ ... کل کانگریسی رضاکاروں نے چارٹرڈ بینک، نیشنل بینک اور ایسٹرن بینک پر پکٹنگ شروع کر دیا ہے۔ ...

شہریار دکن کا دہلی میں ورود مسعود

۱۲ فروری کو تشریف آوری

حیدر آباد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ اعلیٰ حضرت شہریار دکن کا ۱۲ فروری کو دہلی میں نزول اجلال ہوگا۔ ...

مسٹر امیر الدین کی علالت

مسٹر امیر الدین قدوائی بسبب ناسازی صحت مسلم یونیورسٹی سیلیکٹ وفاقی بیرون نہیں جا سکے ...

مقدمہ سازش لاہور کے دو ملزم بری کر دیئے گئے

لاہور ۲۳ جنوری۔ ... مقدمہ سازش کی سماعت کے دوران ...

برمی باغیوں کو پھانسی اور کالا پانی

رنگون ۲۳ جنوری۔ ... ایک مقدمہ بغاوت کا فیصلہ سنا دیا گیا ہے۔ ...

الہ آباد میں مقدمہ سازش کے ایک مفرور ملزم کی گرفتاری

مسٹر یشپال اور پولیس نے ایک دوسرے پر فائر کئے

ملزم کے ہمراہ ایک آئرش لیڈی بھی گرفتار کر لی گئیں

الہ آباد ۲۳ جنوری۔ پولیس نے کل ایک انقلابی کے مکان پر چھاپہ مارا اور ایک ۲۵ سالہ نوجوان کو گرفتار کر لیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ شخص یشپال ہے جو مقدمہ سازش دہلی کا مفرور ملزم ہے۔ ...

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کھلنا کے ڈبہ پر بم

سابق سپرنٹنڈنٹ پولیس چاٹگاؤں کی ہلاکت

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پورنیہ کو کیسے گولی لگی

کلکتہ ۲۳ جنوری۔ ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پر بم پھینکنے کی مزید تفصیلات موصول ہوئی ہیں۔ ...

پارلیمنٹ کے ارکان میں شدید اختلاف

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو ملاحظہ فرما کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ دس روپے علاوہ محصولڈاک
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں ایسے سواد و سر قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں -
نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل نگین اور جاذب نظر ہے جس پر بہترین بلاک طبع کرائے گئے ہیں۔ اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔
محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ ... بلا جلد مجلد ... علاوہ محصولڈاک ...

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت صحیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے سے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
حصہ اول ہدیہ ... قسم اعلیٰ سفید کاغذ ... علاوہ محصولڈاک ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دھلی

مجلس احرار اور حکومت کشمیر میں مصالحت کے متعلق

صدر جمعیۃ علماء ہند اور کشمیر گورنمنٹ کی خط و کتابت

حامداً و مصلیاً و مسلماً

نومبر ۱۹۳۱ء کی آخری تاریخوں میں (شیخ محمد صادق صاحب کی سعی مفاہمت کی ناکامی اور مولوی انیس احمد اور نواب بھیا فریدالدین کی اپنے اس خیال میں کہ وہ حکومت ہند کے کسی ذمہ دار افسر سے کوئی دعوتی خط لا سکیں گے مایوسی کے بعد) مولوی انیس احمد اور نواب بھیا فریدالدین نے حضرت مفتی صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب سے دریافت کیا کہ اگر ہز ہائینس مہاراجہ کشمیر آپ کو گفتگوئے مصالحت کے لئے دعوت دیں تو آپ احرار اور حکومت کشمیر کے درمیان مفاہمت کرانے کے لئے آمادہ ہونگے یا نہیں۔

...

ہم تو جہاں چاہیں منتقل کر سکتے ہیں۔ البتہ احرار لیڈرز جو انگریزی حکومت کے قیدی اور پنجاب کے مختلف جیلوں میں ہیں ان کو ایک جیل میں جمع کرنے کے لئے حکومت پنجاب سے کہنا ہوگا۔ مگر یہ کوئی وقت طلب بات نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس کا انتظام آسانی سے اور جلد ہو جائے گا۔ میں آج یا کل یہاں سے لاہور جاؤں گا اور حکومت پنجاب کے ذمہ دار افسروں سے گفتگو کر کے ۱۷ یا ۱۸ دسمبر تک آپ کو اطلاع دوں گا۔

...

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

قضیہ کشمیر پر غور و بحث

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس جمعیۃ کے دفتر میں ۹ فروری کو شب کے نو بجے بصدارت حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب منعقد ہوا۔ شرکائے اجلاس میں حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب محدث۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر مدرس دارالعلوم دیوبند۔ حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر الشریعۃ صوبہ بہار و اڑیسہ۔ حضرت مولانا عبدالحلیم الصدیقی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب مدرس جامعہ اسلامیہ ڈابھیل حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری۔ حضرت مولانا فخرالدین صاحب صدر مدرس مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد۔ حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی۔ حضرت مولانا مبارک حسین صاحب پرنسپل دارالعلوم میرٹھ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کٹھوری خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

۹ فروری سے آج ۱۰ فروری کی دوپہر تک مجلس کی چند نشستیں ہوئیں ہنوز اجلاس جاری ہے قضیہ کشمیر پر نہایت غور و خوض کے ساتھ بحث کی گئی۔ مفاہمت کے متعلق تمام خط و کتابت پیش ہوئی۔ صوبہ سرحد کے مسئلہ پر بھی نہایت غور و فکر کے ساتھ مباحثہ رہا۔ متعدد حضرات نے اس بحث میں کافی حصہ لیا اور واقعات پر روشنی ڈالی۔ اس وقت تک چند تجاویز منظور کی جا چکی ہیں۔

جناب مولانا نثار احمد صاحب سابق صدر جمعیۃ علماء ہند اور مولانا عبدالماجد صاحب بدایونی۔ مولانا عبدالکافی صاحب الہ آبادی مولانا عبدالکافی صاحب کانپوری کے انتقال پر ملی رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے۔

حضرات علمائے کرام کی گرفتاری اور بالخصوص صوبہ سرحد کے مسلمانوں کی قربانیوں پر مبارکباد پیش کی گئی ہے۔

مڈلٹن رپورٹ کو سخت غیر منصفانہ اور ناقابل اعتماد قرار دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ مسلمان اس کو کسی طرح قبول نہیں کر سکتے۔

حکومت کشمیر کے زہرہ گداز مظالم پر غم و غصہ کا اظہار کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں مجلس احرار کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔

مجلس نے اس امر کو تکلیف کے ساتھ محسوس کیا ہے کہ انگریزی حکومت نے تحریک کشمیر کو اپنی کاربراری کا ذریعہ بنایا ہے اور ریاست پر اپنا اقتدار قائم کرنا شروع کر دیا ہے۔ اور اس کی ذمہ داری مہاراجہ کشمیر پر بھی عائد کی ہے۔ حکومت کشمیر اور حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے درمیان مصالحت کی غرض سے جو خط و کتابت ہوئی تھی اس کی اشاعت کی اجازت دیدی گئی ہے جو کسی دوسری جگہ شائع کی جا رہی ہے۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند کا اجلاس ہنوز جاری ہے۔

جہاز علوی کراچی سے روانہ ہو گیا

اکبر جہاز آٹھ مارچ کو روانہ ہوگا

حاجی عبدالغنی صاحب صدر حج کمیٹی کراچی سے بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ حاجیوں کا جہاز علوی کراچی سے ۲۹ فروری کو روانہ ہو گیا اس جہاز میں بمبئی سے ۲۲۱ حجاج سوار ہوئے تھے اور کراچی سے ۱۳۸۔ جہاز اکبر کراچی سے آٹھ یا نو مارچ کو روانہ ہوگا اس جہاز کے لئے درجہ اول کا ٹکٹ نہیں مل سکتا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۶ ماہ شوال المکرم ۱۳۵۰ھ ہجری

"انقلاب" کا دجل و فریب

سرحدی وفد کو بے قصور ثابت کرنے کی سعیٔ ناکام

(۲)

مولانا شوکت علی کا دورہ

ہمارے نامہ نگار کو مولانا شوکت علی کے دورۂ سرحد کے متعلق نہایت دلچسپ اور پُراسرار معلومات بہم پہنچی ہیں جنہیں ہم آج کی اشاعت میں درج بھی کر رہے تھے مگر بعض ضروری مضامین کے باعث ان کی اشاعت کو ملتوی کر دینا پڑا۔ امید ہے کہ ناظرین الجمعیۃ جب ان تفصیلات کو ملاحظہ فرمائیں گے جو ہمیں موصول ہو چکی ہیں تو انہیں بے انتہا حیرت ہوگی۔ اور وہ دیکھیں گے کہ ڈاڑھی زندہ کا راز فاش ہو جانے اور اس کا حشر اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے باوجود اب بھی ایسے "بہادر" اور "جری" مسلمان موجود ہیں جو جہاد اسلامی کے خلاف اور مسلمانوں کی عام مخالفت کے علی الرغم صوبہ سرحد میں جانے اور وہاں حکومت کے مقاصد کو پورا کر لینے کے لئے تیار و آمادہ ہو سکتے ہیں۔ مولانا شوکت علی کے اغراض و مقاصد ان کی روانگی کے حالات، ان کے استقبال کی کیفیت باشندگان سرحد کا طرز عمل اور بہت سے اہم امور پر الجمعیۃ کا نامہ نگار انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں روشنی ڈالے گا۔

فلسطین میں عمر مختار شہید کے نام کی سڑک

اطالوی سفیر کا خوف و ہراس

غزہ کی میونسپلٹی نے ایک تجویز منظور کی ہے کہ وہاں کی ایک سڑک کا نام شارع عمر مختار رکھا جائے۔ اس فیصلہ کے بعد القدس کے اطالوی قنصل نے اعتراض کیا کہ یہ فیصلہ اطالوی حکومت کے خلاف جذبات منافرت پھیلائے گا اور اس سے اطالیہ کو اذیت پہونچے گی۔ اس کا جواب صدر بلدیہ فہمی بک حسینی نے دے دیا جس میں آپ نے ... یہودیوں نے بھی بعض لیڈروں کے نام ... پہلے ان کے ناموں کو تبدیل کیا جائے کیونکہ مسلمانوں کو ان سے روحانی اذیت پہونچتی ہے۔ غزہ کی میونسپلٹی نے ایک ایسے شخص کی یادگار قائم کی ہے جو نہایت نیک نام، پاک نفس اور معزز و مکرم ہے۔

الہ آباد میں پولیس اسٹیشنوں پر متعدد بم پھٹے

پولیس کے خلاف ایک گہری سازش

تھانہ پر بلوائیوں کا حملہ۔ چار آدمی ہلاک

الہ آباد کی ایک خبر مظہر ہے کہ گزشتہ ۔۔ فروری کو بہادر گنج کی چوکی کے پاس بم کے حادثہ کے بعد شہر کی مختلف پولیس چوکیوں میں بم پھٹے۔ ۲۵ فروری کی شب میں تو سول اسٹیشن کی پولیس لائن میں ایک نہایت ہی خطرناک بم ملا اور پھر اس کے بعد دوسرے دن صبح کو ... پولیس اسٹیشن کی چھت پر ایک بم پھٹا اور پھر اسی طرح اتوار کی شب میں ... ایک بم پھٹا اور دوسرا بم تھانے کے باورچی خانہ کے پاس ملا۔

یہ سب بم تقریباً ایک ہی قسم کے تھے ... اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس سازش کی تہہ میں ایک ہی جماعت کے افراد ہیں ...

اسی سلسلہ میں یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ گزشتہ ۱۹۳۰ء کے جون میں اسی طرح ایک ہی زمانہ میں بم کے متعدد حادثے پنجاب میں ہوئے تھے۔ اس وقت سرکاری طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ ان کی غرض صرف یہ ہے کہ پولیس والوں کو پریشان کیا جائے۔ اسی طرح اب بھی معلوم ہوتا ہے کہ الہ آباد میں رات کی نگرانی کے متعلق انتظامات کئے گئے ہیں۔

پٹنہ ۲۷ فروری۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مظفر پور نے اطلاع دی ہے کہ تحصیل سیتامڑھی تھانہ شیوہر میں تقریباً سات ہزار آدمیوں کے ایک مجمع نے منظم طریقے پر اتوار کے دن تھانہ پر حملہ کر دیا۔ مجمع پتھر اور لاٹھیوں سے مسلح تھا۔ ایک افسر اور گورکھا پولیس کے دو آدمیوں کو لاٹھیوں کے زخم آئے۔ پولیس نے چار بیٹی کارتوس چلائے اور مجمع کو منتشر کیا۔ چار آدمی مارے گئے اور آٹھ آدمی زخمی ہوئے۔ دو شدید طور پر مجروح ہوئے ہیں۔

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس اور روس

ایک طرف تحدید اسلحہ دوسری طرف جنگ

روسی نمائندہ کا زبردست اعتراض

جنیوا ۲۵ فروری۔ تحدید اسلحہ کی کانفرنس کے سامنے پھر ایک نہایت اندیشناک صورت پیدا ہو گئی۔ روس اور یورپ کی دیگر حکومتوں میں کھلم کھلا مخالفت ہو گئی جس وقت ابتدائی کانفرنس کی رپورٹ منظور کی جا رہی تھی تو روس کی طرف سے اس کے نمائندے موسیو لٹوینوف نے یہ شکایت کی کہ رپورٹ غیر اطمینان بخش ہے چنانچہ ان کی مخالفت کا یہ نتیجہ ہوا کہ کانفرنس نے رپورٹ کا منظور کرنا ملتوی کر دیا اور روس کو پھر موقعہ دیا گیا کہ وہ دوسری نشست میں اپنی قرارداد پیش ...

... اسلحہ چین کی طرف جا رہے ہیں۔ موسیو لٹوینوف کی اس تجویز کی تائید صرف ترکی نمائندوں نے کی جو بالآخر دوسروں کی تائید کی وجہ سے مسترد ہو گئی۔

دارالعوام میں حکومت ہند کی پالیسی کی حمایت

اقلیتوں کو مطمئن کرنے کی کوشش

ہندوستانی اخبارات پر الزام

لندن ۲۹ فروری۔ دفتر نمارجہ ہند کے اخراجات پر مباحثہ کے سلسلہ میں ہندوستان کی حکومت کی روش پر مباحثہ ہوا لیکن وزیر ہند سر سیموئل ہور نے اپنی تقریر کو صرف ہندوستانی عمال حکومت کی روش کی حمایت تک محدود رکھ کر دارالعوام کی مخالف پارٹی کو بہت مایوس کر دیا۔ وزیر ہند نے عارضی اور ہنگامی اختیارات کے متعلق کہا کہ وہ ملک میں نراجی حالت کا مقابلہ کرنے کیلئے نہایت ضروری ہیں اور انہیں نہایت احتیاط اور سمجھ سے استعمال کیا جاتا ہے۔ انہوں نے چند ہندوستانی اخبارات کا ذکر کیا جن میں معاندانہ ...

سر سیموئل ہور نے اقلیتوں کے حقوق کا ذکر کرکے کہا کہ وہ اس معاملہ میں حکومت ہند سے برابر نامہ و پیام کر رہے ہیں اور انہوں نے وائسرائے کو مطلع کر دیا ہے کہ وہ اقلیتوں کو ذرا صبر کرنے کی تلقین کریں کیونکہ اس کے متعلق اب تک وہ کوئی اعلان کرنے کے قابل نہیں ہو سکے ہیں۔

تمام اقلیتوں کو جن میں مسلمان بھی شامل ہیں یہ یقین دلایا کہ حکومت نے اس بارے میں جو اعلانات اور جو وعدے کئے ہیں ان سے ہرگز ہٹ نہیں سکتی وہ ان پر برابر قائم رہیگی۔

وزیر ہند نے ہندوستان کی اقتصادی مشکلات کا ذکر کرکے کہا کہ گو ہندوستان اس وقت شدید مشکلات میں مبتلا ہے تاہم حالات بہت کچھ درست ہو گئے ہیں اور موجودہ حالت میں ہندوستان کی حالت دنیا کے تمام دیگر ممالک سے اقتصادی اعتبار سے بہت بہتر ہے۔

مسٹر مہر علی اور مالوی جی کے فرزند کو سزا

پولیس کے نوٹس کی تعمیل نہ کرنے کا جرم

بمبئی ۲ مارچ۔ مسٹر یوسف مہر علی کارکن یوتھ لیگ اور پنڈت مدن موہن مالویہ کے فرزند پنڈت مکند مالویہ کل پولیس کے نوٹس کی تعمیل نہ کرنے کے الزام میں گرفتار کر لئے گئے تھے ان کو آج مسٹر مکند مالویہ پریذیڈنسی مجسٹریٹ کی عدالت سے ایک سال قید با مشقت کی سزا دی گئی ہے۔

مسٹر مہر علی پر ایک سو روپیہ اور پنڈت مکند مالویہ پر دو سو روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے۔ بصورت عدم ادائیگی تین تین ماہ قید کی مزید سزا بھگتنی ہوگی۔ مسٹر مہر علی نے فرمایا کہ انہیں تھانہ میں جانے کے لئے دس منٹ کی مہلت دی گئی تھی جبکہ وہ کرایہ کی موٹر میں خیر بروکرز کے جلسہ میں گئے اور وہاں ان کے رو برو تقریر کی وہیں انہیں گرفتار کر لیا گیا۔

شاہ ایران کو مصطفیٰ کمال پاشا کا تحفہ

ترکی ساخت کے ایک طیارہ کی پیشکش

مصطفیٰ کمال پاشا کی طرف سے توفیق رشدی بک ایران پہونچے اور انہوں نے شاہ ایران کو غازی موصوف کا سلام پہونچایا۔ توفیق رشدی نے رضا شاہ پہلوی کو اطلاع دی کہ اعلیٰ حضرت غازی مصطفیٰ کمال پاشا نے جلالتمآب کو ترکی ساخت کا ایک ہوائی جہاز بطور تحفہ پیش کیا ہے۔ یہ طیارہ قیصری شہر کے کارخانہ میں تیار ہو رہا ہے۔ تکمیل کے بعد ایک ترکی ہوا باز جہاز مذکور کو ایران پہونچا آئے گا۔

گورنر بنگال کی حملہ آور لڑکیوں کی رہائی

بنگال آرڈیننس کے ماتحت دوبارہ گرفتاری

کلکتہ ۲۹ فروری۔ جلسہ تقسیم اسناد کے موقعہ پر بیتھون کالج کی جن دو لڑکیوں پر گورنر بنگال پر حملہ کے الزام میں مقدمہ چلا رہا تھا چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ نے انہیں چھوڑ دیا لیکن اس کے بعد بنگال آرڈیننس کے ماتحت پھر گرفتار کر لیا۔

افغانی جنگی قلعہ کی تعمیر

شاہ نادر خاں نے آرڈر دیدیا

پشاور ۲۵ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ غازی محمد نادر شاہ نے ہندوستان اور افغانستان کی سرحد پر تورخم میں ایک زبردست جنگی قلعہ تعمیر کرنے کا حکم دیا ہے تاکہ شنواریوں میں بغاوت کا مستقل سد باب ہو جائے۔ ایک جرمن فرم کو قلعہ کی تعمیر کا ضروری سامان اور سامان بہم پہنچا نا جائے گا آرڈر دیدیا گیا ہے۔

فرانس سے ٹیونس کے مسلمانوں کی فریاد

ٹیونس کے مسلمانوں نے فرانسیسی کمشنر کے پاس ایک درخواست بھیجی ہے جس میں حکومت فرانس سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ مسیحی مشنریوں کے نام ایک حکم امتناعی جاری کرے کہ وہ اسلامی مدرسوں میں آکر مسلمانوں بچوں کو تبلیغ نہ کیا کریں اور نہ انہیں انجیل کے عربی نسخے تقسیم کیا کریں۔ ان کی یہ تبلیغ بالغ اور تعلیم یافتہ مسلمانوں تک محدود ہونی چاہئے تاکہ وہ حق کو باطل کو عقل کی کسوٹی پر پرکھ سکیں۔

طبیہ کالج کی ہڑتال

چین اور جاپان کی جنگ میں انسانی خون کا سیلاب

چینیوں کو زبردست شکست کیانگوان پر جاپان کا قبضہ

بارہ ہزار جانوں کا اتلاف مصالحت کے لئے گفت و شنید

چین کی طرف سے جاپانی حملوں کا زبردست مقابلہ

شنگھائی ۲۵ فروری۔ جاپانیوں کا بیان ہے کہ انہوں نے میاؤ ہنگچن میں چینی محاذ کو توڑ دیا جو کیانگ وان سے دو میل مغرب میں ہے کیانگوان میں آج صبح جو لڑائی شروع ہوئی تھی چینی اس کی شرکت کے لئے جوق جوق چلے آ رہے ہیں جاپانی فوجیں ...

کیانگوان پر چینیوں کا قبضہ

لندن ۲۸ فروری۔ ایک ہفتہ کی مسلسل معرکہ آرائی کے بعد شنگھائی کی جاپانی فوجوں نے آخر کار کیانگوان پر قبضہ کر ہی لیا۔ جاپان کیا جاتا ہے کہ جاپانیوں نے وہاں سے چینی فوجوں کو بالکل بھگا دیا۔ ان ... پر جاپان نے نہایت ہی زبردست گولہ باری کی ...

چینیوں کا زبردست مقابلہ

گول میز کانفرنس کے انعقاد کی تجویز

بیس لاکھ پونڈ کی منظوری

... لاکھ پونڈ قرضہ کی منظوری دیدی ہے۔

برلن ۵ مارچ۔ شنگھائی کا ایک پیام مظہر ہے کہ جرمن سفیر اعظم نے چینی توپخانہ کی گولہ باری کی وجہ سے سفارتخانہ خالی کر دیا ہے یہ گولہ باری جرمن سفارتخانہ کے قریب جاپانی سفارتخانہ اور دوہا ... پر ہو رہی تھی۔

... میں موجود ہے اور جنگ کے ہر طرح سے آراستہ ہے۔

جاپان کے سرجنگی جہاز اس وقت شنگھائی کے سامنے لنگر انداز ہیں ... میں چالیس توپیں بڑے قسم کے ہیں۔

جاپان کی فوجیوں کی تعداد ۷۲ ہزار ہے

... اقلیتوں کے دیگر مطالبات کو ملتوی کر دیا گیا کہ انہیں ارکین کی اطلاع کے لئے گشت کرایا جائے۔

اچھوتوں کے ساتھ مراسم اور دیگر صورتوں میں جو تفریق کی جاتی ہے اسے غیر قانونی قرار دیا گیا۔

اینگلو انڈین جماعت کی تعلیم وغیرہ کے لئے جو مخصوص انتظامات ہیں اس پر بحث شروع کی گئی لیکن کوئی بات طے نہیں ہوئی ہے۔

صوبہ سرحد کیلئے گورنر کا تقرر

ملک معظم کی طرف سے منظوری

نئی دہلی ۲ مارچ۔ ایک کمیونک مظہر ہے کہ ملک معظم نے آنریبل لفٹنٹ کرنل سر رالف گرفتھ نائٹ سی۔ آئی۔ ای کو صوبہ سرحد کا گورنر مقرر کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ آپ کی تقرری اسی وقت عمل میں آئے گی جب کہ صوبہ سرحد کو گورنر کا صوبہ بنانے کی جملہ آئینی تبدیلیاں مکمل ہو جائیں گی۔

فلسطین میں سیاسین کا اجتماع

لارڈ ریڈنگ۔ امیر شرق اردن اور خدیو مصر کی ملاقات

فلسطین میں برطانوی ہائی کمشنر نے ایک جلسہ منعقد کیا جس میں لارڈ ریڈنگ مرفلپ سپن اور سابق خدیو مصر نے شرکت کی۔ جلسہ میں امیر عبداللہ والی شرق اردن مع اپنے وزیر اعظم اور مشیروں کے موجود تھے۔ واپسی پر لارڈ ریڈنگ نے مصر کے والی اور وزیر اعظم سے ملاقات کی۔ سابق خدیو مصر اپنے دوست حسن خالد پاشا کے ہمراہ مصطفیٰ کمال پاشا سے ملاقات کرنے کیلئے انقرہ تشریف لے گئے۔

گول میز کانفرنس کی کمیٹی کا اجلاس

اقلیتوں کے حقوق پر بحث

گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی (مجلس عاملہ) کے اجلاس کل جمعہ کے دن ساڑھے دس بجے سے اور پرسوں جمعرات کے دن شام کو پونے پانچ بجے سے ہوئے پرسوں کے اجلاس میں مسٹر جیکر نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ سرکاری اسکولوں میں فرقہ وارانہ تفریق کا لحاظ نہ کیا جائے اس پر دیر تک بحث ہوتی رہی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس مسئلہ کو مزید غور کے لئے اور نئے طور پر تصفیہ کے لئے دوسرے دن کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے سلسلہ میں کانگریس نے جو اسکیم تیار کی تھی اسے پیش کیا گیا اور اس پر دیر تک بحث ہوئی۔ آخر میں طے پایا کہ بنیادی حقوق کے سلسلہ میں ...

وزیر دربار افغانستان کی آمد

مشترکہ بورڈ کی طرف سے استقبال

حضرت سردار احمد شاہ خان صاحب وزیر دربار افغانستان سفر یورپ کو تشریف لیجاتے ہوئے آج صبح ڈھائی بجے دہلی سے گزرے۔ آپکے تشریف لانے کا صحیح حال رات کو معلوم ہوا۔ اس وقت شہر کے سربرآوردہ اصحاب اور اراکین بورڈ کو اطلاع دیدی گئی مگر ...

ناظم جمعیۃ علماء ہند اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمات

دونوں مقدمے آئندہ کیلئے ملتوی کر دیئے گئے

۲۶ فروری کو حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے مقدمہ کی سماعت دہلی ڈسٹرکٹ جیل میں شروع ہوئی۔ چونکہ مسٹر الیسر ایک ماہ کی رخصت پر گئے ہوئے ہیں اسلئے مسٹر پول نے مقدمہ کی سماعت کی اور بغیر کسی کارروائی کے مقدمہ آئندہ ۷ مارچ کے لئے ملتوی کر دیا۔

اسی طرح مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی سماعت کیلئے ۲۹ فروری مقرر تھی مگر مسٹر پول نے کچہری سے کہلا بھیجا کہ مقدمہ ۲ مارچ کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

مسٹر آصف علی گرفتار کر لئے گئے

دہلی یکم مارچ۔ گزشتہ شب کو نو بجے کے بعد مسٹر آصف علی کو ایمرجنسی آرڈیننس کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔ شیخ اکرام الحق صاحب سب انسپکٹر تھانہ دریا گنج نے مسٹر آصف علی ...

شاردا ایکٹ کو منسوخ کرنے کی تجویز مسترد

نئی دہلی یکم مارچ۔ راجہ رگھونندن پرشاد سنگھ نے آج کونسل آف اسٹیٹ میں شاردا ایکٹ کو منسوخ کرنے کی ایک تجویز پیش کی۔ مسٹر ایمرسن نے کہا کہ یہ قانون دو سال قبل اسمبلی میں کثرت رائے سے پاس ہوا تھا۔ اس قانون سے نہ کوئی بے چینی پیدا ہوئی ہے اور نہ اس نے معاشرتی زندگی میں خلل اندازی کی ہے قانون کی حیثیت کچھ تادیبی حکم رکھتی ہے گو اس کے ماتحت مندرجہ مقدمات کی تعداد کم ہے تجویز بالآخر مسترد ہو گئی۔

دہلی میں احراری قافلہ کی آمد

دہلی ۳۰ فروری۔ کل ۱۰ بجے صبح کی گاڑی سے گیا سے چھ رضاکاروں کا ایک جتھا دہلی آیا۔ مجلس احرار نے اسٹیشن پر استقبال کیا۔ یہ لوگ عنقریب لاہور روانہ ہو جائیں گے۔

مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کا سفر

فرزند ارجمند کا تولد

حضرت مولانا الحاج حافظ عبدالحلیم صاحب صدیقی امسال زیارت بیت اللہ کیلئے حرمین شریفین تشریف لے جائیں گے۔ مولانا کا ارادہ ہے کہ حج سے فارغ ہو کر ممالک اسلامیہ (فلسطین، عراق، مصر، دمشق وغیرہ) کی سیاحت فرمائیں۔

نہایت مسرت کا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ممدوح کو فرزند ارجمند عطا فرمایا ہے جس کا نام محمد طارق نجم الدین رکھا گیا ہے۔ ہم اس مبارک تولد پر حضرت مولانا کی خدمت میں ہدیہ مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ خالق اکبر مولود مسعود کو عمر طبعی عطا فرمائے اور نیکی و سعادت سے اس کو بہرہ مند فرمائے۔ آمین

تمام دنیا کی پاپیادہ سیاحت

دو مسلم نوجوانوں کی اولوالعزمی

دو مسلم نوجوان آجکل دہلی میں آئے ہوئے ہیں۔ ایک کا نام ... جن کی عمر اٹھارہ سال ہے (محمد قاسم) ہے دوسرے نوجوان کا محمد فخر الدین ہے۔ ان کا ارادہ تمام دنیا کی پاپیادہ سیاحت کا ہے۔ یہ دونوں کلکتہ سے دہلی پاپیادہ پہونچے ہیں ان کا یہ عزم و ارادہ حیرت انگیز ہے امید ہے کہ ہندوستان کے لوگ اپنے ان نونہال فرزندوں کا پُرجوش استقبال کرکے ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

منچوریا کی جدید آزاد حکومت پر عتاب

نیویارک یکم مارچ۔ حکومت چین نے فیصلہ کیا ہے کہ منچوریا کی جدید "آزاد" ریاست کے خلاف جو جاپانی سیادت میں سابق شہنشاہ چین کے ماتحت قائم کی گئی ہے تعزیری مہم روانہ کی جائے۔

شکریہ خصوصی

ہم جناب پروفیسر ایم۔ ایس مرزا صاحب ... کے بصمیم قلب شکر گزار ہیں کہ آپ "الجمعیۃ" کی ترقی و فلاح کے لئے ہمیشہ نہایت اخلاص اور ...

سٹیزن لیگ کے جلسہ میں دیہاتیوں کا عظیم الشان اجتماع

جلسہ پر سودیشی لیگ کا قبضہ اور مسٹر آصف علی کی تقریر

دیہاتی ہی پیٹے گئے۔ داعیان جلسہ کیخلاف زدوکوب کا مقدمہ

دہلی ۲۹ فروری۔ کل شام کو چار بجے کمپنی باغ آزاد میدان میں دہلی سٹیزن لیگ کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں متعدد ... چند دیہاتیوں اور کھتیکوں نے شرکت کرکے جلسہ کو پُر رونق بنایا۔ جلسہ کی شرکت کیلئے شاہدرہ اور قرب و جوار کے دیہاتیوں کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا کیونکہ عام طور پر یقین کیا جاتا تھا کہ لیگ کے اس "عظیم الشان" اجلاس میں دہلی کے شرفاء شریک نہ ہوسکیں گے۔ ان دیہاتیوں کو پہلے ملوں پر جمع کیا گیا جہاں ان کی لاریوں سے تواضع کی گئی دہلی سے بھی بعض مزدوروں کو چار چار آنے دیکر جلسہ میں شریک کیا گیا تاکہ یہ سب حضرات ملک خان بہادروں اور رائے صاحبوں کی سیاسی تجاویز کی "علی وجہ البصیرت" تائید و حمایت کریں۔ دہلی سٹیزن لیگ کے متعدد مختصر جلوس مرتب کئے گئے تھے ایک جلوس باوردی ضلعداروں کا تھا دوسرا جلوس عربی لباس والے مصنوعی "بدوؤں" کا تھا ... اور دیہاتیوں پر مشتمل تھے جن کو ... باغ میں جمع کرکے لڈو وغیرہ تقسیم کئے گئے ...

سٹیزن لیگ کا پریشان جلسہ

مسٹر شرما نے دعویٰ واپس لے لیا

جناب مولانا احمد اشرف صاحب راندیری کا عزم وطن
جمعیۃ علمائے صوبہ برما کی طرف سے الوداعی دعوت

۸ رشوال المکرم ۱۳۵۰ھ شب بعد نماز عشاء مطابق ۱۵ فروری ۱۹۳۲ء جناب مولانا احمد اشرف صاحب راندیری نائب صدر جمعیۃ علمائے صوبہ برما کے عزم وطن مالوف راندیر کے سلسلہ میں جمعیۃ موصوفہ کی طرف سے دفتر جمعیۃ واقعہ مغل اسٹریٹ رنگون میں الوداعی جلسہ قرار پایا جس میں اراکین جمعیۃ کے علاوہ دیگر معززین و عمائد شہر بھی شریک ہوئے۔ اولاً جناب قاری شیخ حمزہ صاحب مدنی خطیب وامام مسجد نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام نے تلاوت کلام پاک فرمائی اور اس کے بعد تحریک ناظم جمعیۃ و تائید جناب مولانا عبدالغنی صاحب ... جناب مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب راندیری مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔ باجازت صدر جلسہ جناب مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی ناظم مدرسہ راندیر نے ایک پرمغز بسیط تقریر فرمائی جس میں جناب مولانا احمد اشرف صاحب کی بحیثیت نائب صدر خدمات جلیلہ اور ان میں شبانہ روز غایت شغف و انہماک کا بو ضاحت تمام بیان فرمایا اور واقعات سے ثابت کیا کہ مولانا ممدوح کی ذات بابرکات جمعیۃ علمائے صوبہ برما کے لئے روح رواں تھی۔ آپ کی تقریر ختم ہونے ...

نمایاں انجام ہوئے وہ سب جناب مفتی صاحب صدر جمعیۃ کے تقدس و تقویٰ و توجہات خاصہ اور حضرات اراکین جمعیۃ کے اخلاص و للہیت کے ثمرات تھے۔ جناب مفتی صاحب البتہ اس قابل ہیں کہ ان کو "روح رواں" کہا جائے۔ اس جوابی تقریر کے بعد جناب مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی نے کھڑے ہو کر پہلے تو مولانا ممدوح کو خطاب فرماتے ہوئے کہا کہ میں جمعیت علماء کی طرف سے آپ کے الفاظ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو آپ نے صدر جمعیۃ علماء کے بارہ میں فرمائے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ آپ جمعیۃ کے "روح رواں" ہیں اور جناب مفتی صاحب "روح اعظم" اور ان دونوں میں کچھ منافات نہیں اس کے بعد ناظم جمعیۃ نے تمامی حضار جلسہ کی تکلیف فرمائی کا شکریہ ادا کیا پھر آخر میں جناب مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب صدر جلسہ نے دعا پر جلسہ ختم کیا۔ ختم جلسہ کے بعد حاضرین کی خدمت میں آئس کریم اور سموسہ پیشکش کیا گیا اور تقریباً ۱۱ بجے جلسہ برخاست ہوا۔ عین برخاستگی کی حالت میں جناب شاہد احمد زماں صاحب اور جناب مسٹر سید بخشش احمد صاحب نے جناب ممدوح کی شان میں فی البدیہ برجستہ اور برمحل اپنے چند اشعار پڑھ کر حاضرین کو نہایت درجہ محظوظ فرمایا انہوں نے سونے پر سہاگہ کا کام دیا۔ اور ختم دعوت پر خواکہ پیش کئے گئے۔ ذیل میں وہ سپاسنامہ جو جناب مولانا احمد اشرف صاحب راندیری کی خدمت میں پیش کیا گیا درج کیا جاتا ہے۔

سپاسنامہ

...

میرے متعلق جو جمعیۃ کا روح رواں ہونا فرمایا گیا ہے اس کو تو سنکر مجھکو اس قدر شرم دامنگیر ہوتی ہے کہ گردن نہیں اٹھتی۔ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے مولانا نے فرمایا کہ جمعیۃ علمائے صوبہ برما نے جو اسلامی خدمات اور کارہائے ...

کارگذاریاں آپ کے ہاتھ عظیمہ کی بھی بہت کچھ رہین منت ہیں۔ آپ کے روضۂ علم و فضل کے نفحات اور آپ کے حدیقۂ مواعظ و تذکرکے نفحات مسلمانانِ رنگون کے گلزار دیانت و امانت کو عطر بیز بنانے کا سبب رہے ہیں اور آپ کی ساعی جمیلہ سے استعداد عوام کی کیاریوں میں رشد و ہدایات ...

پیش کردہ ۸ رشوال المکرم ۱۳۵۰ھ شب شنبہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مقویات سراج عالم
آتشک گرمی گردیان قبض اور بعض خرابی کی جریان احتلام سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کرکے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں حضرور تجربہ کریں صحت و تندرستی کی نعمت کام شاستری بالکل مفت طلب فرما دیں۔
ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

صرف چند روز کیلئے مفت
فینسی رسٹ واچ مفت
... قیمت ایک شیشی ایک روپیہ ... مفت دی جائیگی ... پانچ سال ... واپس۔
ملنے کا پتہ: ایشیاٹک رسٹ واچ کمپنی جہانسی سٹی (یو پی)

کیسٹو فین
بچوں کی صحت
کا خیال اور پاس ضروری ہے کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی و مستقبل کا دارومدار ہے۔ ... بچوں کی صحت کو خراب مت کرو
کیسٹو فین
بچوں کی صحت کا محافظ ہے ...
کیسٹو فین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ اگر دوا کھاتے کھاتے تھک گئے تو میری جڑی بوٹی کی دوا اگر ان مرضوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا نہ دے تو دام واپس فی دوا ۵۔ کوڑھ ... پتہ جڑی بوٹی میڈیکل ہال ... دربھنگہ

علاج میں کفایت شعاری
ممکن ہے مگر صرف
۱۲ بارہ مارچ کے دن
کیونکہ اپنے تمام اخراجات میں کمی کر چکنے کے بعد بھی آپ جب بیمار پڑ جائیں تو طبی امداد حاصل کرنے سے گریز نہیں کر سکتے۔ پس اس کام میں کفایت شعاری مضحکہ خیز بات معلوم ہوتی ہے لیکن اس کا بھی ایک طریقہ ہے اور وہ یہ ہے۔ کہ سال بھر میں جو رقم عام طور پر آپ دواؤں اور ڈاکٹروں کی فیسوں پر خرچ کرتے ہیں اس سے چوتھائی ہی رقم ہمارے پاس جمع کرا دیجئے۔ ... ۱۲ مارچ کو جمع کرائی رقم جب تک ختم نہ ہو۔ نصف قیمت پر ادویات بالکل مل سکتی ہیں! ...
کی قیمت پر
۵۰ فیصدی رعایت ملیگی!
فہرست ادویات ابھی منگوا لیجئے
نوٹ۔ امرت دھارا اور اس کے پانچ مرکبات ... پر صرف ۲۵ فیصدی رعایت ہوگی!!
ڈاک یا تار کیلئے پتہ:۔ امرت دھارا لاہور
منیجر امرت دھارا فارمیسی امرت دھارا بلڈنگس امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

خدا توفیق دے تو ضرور پڑھئے

خصائل نبوی
امام ترمذی کی مشہور کتاب "شمائل ترمذی" کی اردو شرح ہے۔ اس کتاب کی قدر و قیمت کچھ اہل ایمان ہی سمجھ سکتے ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اوصاف، احوال، معمولات، عبادات، طریقہ معاشرت وغیرہ سے واقف ہو کر آپ کا صحیح نمونہ بننے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ علماء اور عام اردو خواں لوگوں کے لئے یکساں مفید ہے صفحات ۲۲۶
قیمت صرف ایک روپیہ بارہ آنہ

اوجز المسالک
حدیث کی مشہور درسی کتاب موطا امام مالک کی عربی شرح ہے جسے مولانا محمد زکریا صاحب شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم نے نہایت تحقیق و تدقیق کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔ اور جسے اہل علم اور طلباء نے قبولیت کے ہاتھوں سے لیا ہے۔ کتاب کے شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جس میں فن حدیث کی تاریخ۔ محدثین کے مدارج۔ حدیث کی عہد بعہد تدوین اور موطا کی تقدیم و فضائل وغیرہ پر نہایت محققانہ انداز میں بحث کی گئی ہے اس شرح کی بے انتہا خوبیاں دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہیں۔ کتابت کاغذ اور طباعت نہایت اعلیٰ صفحات ۵۵۵
قیمت صرف چار روپیہ آٹھ آنہ (للعہ)

درس عبرت
اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ پہلے مسلمان کیا تھے اب ان کی حالت کیا ہے اور آئندہ انہیں کیا کرنا چاہئے انداز بیان نہایت دلچسپ اور دلنشین ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ یقیناً ہر مسلمان کے لئے خضر راہ ثابت ہوگا۔ عالموں اور صوفیوں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ ضرور مطالعہ کریں
قیمت صرف ایک روپیہ

رسول کی دعائیں	قرآن مجید کی مکمل تاریخ	امت کی مائیں	اسلام اور یورپ	علامہ شیخ محمد عبدہ	غوث اعظم
صحیح احادیث سے جمع کی ہوئی دعاؤں کا قابل قدر مجموعہ قیمت صرف ۱۲ /	(دعوۃ البیان) قیمت صرف ۸ /	عنوان خود مضمون کی تفسیر ہے قیمت صرف ایک روپیہ	کا مقابلہ قیمت صرف ۱۲ /	مصری کی تفسیر سورہ فاتحہ کا اردو ترجمہ قیمت صرف ۱۰ /	کی مکمل سوانح عمری قیمت صرف ۱۶ /

ملنے کا پتہ: ایم اے مجید بلیماران دہلی

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو
عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہم نے بصرف زر کثیر ایک فاضل اجل اور صوفی اکمل سے اس شرح کو لکھوایا ہے جس میں اول مثنوی کا شعر جلی قلم سے ... اس کے بعد مشکل الفاظ کی لغات اور صرفی نحوی ترکیب لکھ کر شعر کا ترجمہ سلیس اردو میں ایسی طرز سے لکھا ہے۔ ... اس کے بعد شعر کے مطلب کو قرآن و حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کے حوالہ جات سے مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ... غرضیکہ مثنوی شریف کی یہ شرح آج تک کی تمام شائع شدہ شرحوں سے اعلیٰ اور عمدہ و بہترین ہے۔ ملک کے نامور اخبارات اور مشہور علمائے دین اور بزرگان کرام نے اس شرح کو نہایت پسند کیا ہے
ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ ... (اس شرح کو پڑھنے اور ناظرین الجمعیۃ سے اس کی خریداری کی پرزور سفارش کی ہے)
لکھائی چھپائی کاغذ اعلیٰ قیمت حصہ اول بلا جلد دو روپے آٹھ آنے حصہ دوم دو روپے آٹھ آنے حصہ سوم دو روپے آٹھ آنے حصہ چہارم دو روپے آٹھ آنے حصہ پنجم دو روپے آٹھ آنے۔ مجلد جس پر سنہری حروف میں کتاب کا نام درج ہے فی حصہ تین روپے چار آنے ... سوانح مولانا روم ... جنتری ۱۹۳۲ء مفت ... علاوہ ازیں ہر قسم قرآن مجید و حمائل شریف مترجم و مفسر اور ہر قسم کی کتابیں عربی فارسی اردو بکفایت ہمارے کتبخانہ سے مل سکتی ہیں۔
ملنے کا پتہ
محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب مالک قریشی بک ایجنسی (ج) کشمیری بازار لاہور

اعلیٰ حضرت شہریار دکن کے مشاغل
ممبران اسمبلی کی جانب سے حضور نظام کی دعوت

...

رامپور سہریا میں وفد کے خلاف مظاہرہ
آج تاریخ ۱۲ فروری ۱۹۳۲ء بمقام رامپور سہریا مسلمانان ... کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب ... منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں بعد غور و خوض حسب ذیل تجاویز بالاتفاق آراء پاس ہوئیں۔ ...

سرحد کے نام نہاد وفد سے اظہار بیزاری
بہار کے مسلمانوں کا شفیع داؤدی سے مطالبہ
آج تاریخ ۲۰ فروری ۱۹۳۲ء کو مسلمانان ... کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب مولانا محمد حسین صاحب منعقد ہوا اور حسب ذیل تجاویز بالاتفاق آراء منظور ہوئیں۔
... چونکہ مولوی شفیع داؤدی صاحب اور ان کے رفیق کار ملا مظہر الدین ... وغیرہ اور ان حقوق مسلمین مسلمانوں کو دھوکہ و فریب میں مبتلا رکھکر واقعات سرحد کی آزاد تحقیقات کے نام سے صوبہ سرحد گئے تھے لیکن در حقیقت یہ لوگ حکومت کی خواہش پوری کرنے گئے تھے جیسا کہ بعد کو واقعات سے روز روشن ...

... مسلمانان ... کا یہ عام جلسہ حکومت کی اس جابرانہ و متشددانہ روش پر جو اس نے صوبہ سرحد میں اختیار کر رکھا ہے اپنے غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ تمام ہنگامی قوانین کو فوراً واپس لے لے اور خان عبدالغفار خاں اور ان کے رفقاء سرخ پوشوں کو رہا کر کے باشندگان صوبہ سرحد کو مطمئن کرنے کی کوشش کرے۔

بال ... جڑ سے ... کالا

شربت فولاد
... قیمت ... مکمل فہرست جس میں ۶۰۰ سے زائد مجربات درج ہیں مع جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگوائیے۔ پتہ
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

جرمنی کو سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ تو توپ تھی اور نہ گن مشین تھی بلکہ صرف سول پستول تھا جس نے بلا کسی قسم کی تکلیف پہنچائے ہزاروں میں ہر ایک جاندار کو اندھا و بیجان کر دیا
جرمنی سے یہ پستول پہلی مرتبہ ہندوستان میں آیا ہے ...
پستول کا جوں ہی گھوڑا دبایا جاتا ہے فوری ایک خاص قسم کا بجلی کرنٹ ہر ایک جاندار پر اس بری طرح اثر کرتا ہے کہ قطعی اندھا کر دینے کے علاوہ بالکل بے حرکت کر دیتا ہے۔

اور بے حرکت کر سکتے ہیں (۱۰۰) قدم
... کی جان کا ساتھ دینے والا صرف یہی
سول پستول ہے جس جاندار کو ...
ایک ہفتہ ... ایک لفظ تحریر کے خلاف
خرچہ سے واپس لینے کو تیار ہیں ...
اے ایچ فرانسس اینڈ کو پوسٹ بکس ۵۰۵ بمبئی نمبر ۹

امرت دھارا اسکاوٹ سٹ تیار ہو گیا
سکاوٹوں۔ بال چروں۔ خدمتگاروں۔ والنٹیروں اور مفصلات میں رہنے والے افسروں اور ہر گھر میں اور ہر جیب میں رکھنے کے لئے
یہ سکاوٹ سٹ دنیا بھر میں لاثانی ہے۔ ہر بیماری اور ہر حادثہ میں اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس میں مشہور عالم دوائی امرت دھارا و اسکے مرکبات یعنی امرت دھارا۔ امرت دھارا مرہم۔ امرت دھارا صابن۔ امرت دھارا بام۔ امرت دھارا ... کے سٹ رکھے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں لوک روئی۔ بورک لنٹ۔ بینڈیج۔ سوئی دھاگا وغیرہ رکھ دیئے ہیں۔ ... نہایت خوبصورت پاکٹ میں رکھنے لائق ہے۔ ... کوئی اچانک بیماری سر درد۔ کان درد۔ داڑھ درد۔ پیٹ درد۔ دست۔ قے۔ ... تب ان سے ہی کام لیا جا سکتا ہے۔ اینٹی سپٹک سٹ ... موجود ہیں۔ ... قیمت ...
۱۲ مارچ کو کسی بھی ڈاکخانہ میں خط ڈالنے سے ۳/۴ قیمت یعنی عہ/ کو بھیجا جائیگا
خط و کتابت و تار کیلئے پتہ:۔ امرت دھارا لاہور

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
... روغن کرامات
... تیل بہرہ پن
قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عمر)
... ہم پہلی بھیت ... آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے
دکان کی دوا سب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو پی)

ہندوستان کے ...
ایک سیٹھ نے چودہ لاکھ روپیہ دیا
حسب شتی (رجسٹرڈ)
... شتی آفس ...

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا
قیمت چار روپیہ ...
منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور دربھنگہ

... خوشخبری
... پڑھئے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۰ - ۲۴ - ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
نصف کالم
چوتھائی کالم

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۵ | دہلی - یوم چہارشنبہ - یکم ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۱۸

منچوریہ میں مسلم جنرل ماچان شان کا قتل

چینی مسلمانوں کے قائد کے عظیم الشان کارنامے

(از سید بدر الدین چینی جامعہ ملیہ دہلی)

۲۴ فروری ۱۹۳۲ء نانکین کے رپورٹر کی خبر سے ظاہر ہے کہ منچوریہ کا مشہور جنرل ماچان شان کو ایک بیاسی حاسدنے مار ڈالا ...

جہاں تک میرا خیال ہے اس نئی ریاست کا سرکاری اعلان چند ہی روز کے اندر اہل ہنکگان میں ہو چکے گا جس پر اہل جاپان ضرور خوش منائیں گے۔ مگر باشندگان چین اسکا جنازہ نکالیں گے اور منچوریہ کی لاش کمخاب سے اس مسلم سپہ سالار ماچان شان کی لاش کے ساتھ ایک ہی وقت میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!

معاصرین کے افکار و آراء

کیا اشتراک عمل سے یہی مطلب ہے؟ (ملت)

گول میز کانفرنس کی مجوزہ کمیٹیوں کے ساتھ اشتراک عمل کے متعلق تو ہم دیکھ رہے ہیں کہ کوئی جماعت بھی موافق نہیں ہے تاہم یہ چند افراد جو ملت کی مرضی کے خلاف ان کمیٹیوں میں کام کر رہے ہیں، اگر دیانتداری، خلوص، نیک نیتی، جرأت اور محنت کے ساتھ ان کمیٹیوں میں کام کرتے اور یہ دکھلاتے کہ وہاں میں حاقعی صرف مسلمانوں کے مفاد کی غرض سے شریک ہوئے ہیں ...

مسلم حقوق کا اعلان؟ (ہمدم)

مولانا شوکت علی کا عزم سرحد (زمیندار)

یہ عجیب بات ہے کہ مولانا شوکت علی آج بھی اس غلط فہمی کے شکار ہیں کہ اسلامیان ہندان کی زعامت وقیادت پر اعتماد کرتے ہیں ...

محض بے بنیاد شکایات (حقیقت)

جیسا کہ ہمارا خیال تھا ہندوؤں کی ایک جماعت مسلم ریاستوں کے ہندو باشندوں میں بے چینی پیدا کرنے کی سعی کر رہی ہے ...

مسلمانوں کی حقیقی خدمت (البشیر)

جب تک مسلمانوں کو بچپن سے کفایت شعاری کی تعلیم دی جائے گی اور ان کو سادہ زندگی کا عادی نہ بنایا جائے گا ...

مولانا شوکت علی کا دورۂ سرحد (حقیقت)

سر سیموئل ہور کے تازہ ارشادات (زمیندار)

وزیر اعظم کی گذشتہ تقریر میں التفات مسلمانوں پر بھی مبذول ہوا ہے اور انہوں نے ...

محبوب عاشق کے قدموں پر

... تھوڑا گھر نسخہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دئے جائیں گے جو ہمارے ایجاد کردہ دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کرے گا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

... قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ
منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

بڑھاپے میں جوانی

کا لطف وکیف حاصل کرنا ہے تو طلاء مقناطیسی استعمال کیجئے

طلاء مقناطیسی

نامرد مرد بنو

... قیمت فی شیشی تین روپے آٹھ آنے (عسہ) علاوہ محصول

حکیم محمد ظہیر علی کلاں محل دہلی

چار نکاح کیجئے

لطف شباب کیا ہے: سفوف وطلاء

... ملنے کا پتہ حکیم مولوی نظیر علی (لکھنوی) پوسٹ بکس نمبر ۵۷ دہلی

قرابادین مفید عام

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوا حسب خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ ... مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے ...

قرابادین مفید عام کا ہر ایک اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے ...

نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں۔ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایۂ ناز خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگالیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے دعاء)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ھدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار قسم دوم حاشیہ دار علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸/ چرم

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

نکات و لطائف

(از جناب مُلّا رموزی فاضل الٰہیات بھوپال)

بہرہ لطافت نگاری سے دلچسپی رکھنے والوں نے دیکھا ہوگا کہ اکثر اوقات یہ اخبار "الجمعیۃ" بجائے صرف "الجمعیۃ" کے "پورا الجمعیۃ العلماء ہند" ہوکر رہ جاتا ہے یعنی جب یہ الجمعیۃ سے "الجمعیۃ العلماء ہند" ہو جاتا ہے تو پھر اس کے صفحات میں مجلس العلماء کے مسائل سیاسی کے ساتھ آپ کے لئے "مُلّا رموزیات" کو کس طرف بٹھایا جائے۔ خیر یہاں تک تو ایک طرح کا ضابطہ تھا کہ جب جمعیۃ العلماء ہند کے معاملات اس میں شائع ہوں تو کوئی دوسری گنجائش باقی نہ رکھی جائے۔ لیکن آج کل یہ مولانا نام کے شیخ داؤدی صاحب صوبہ سرحد کا دورۂ تحقیق بن کر ہوگا گاہ…

بحیثیت نمائندۂ حکومت کے ان سے متعلق رہیگی تو انہوں نے وقت ہی کیوں مقرر کیا؟ اگر وقت مقرر ہو چکا تھا تو جیسا کہ قصہ ہے کیوں منسوخ کیا؟ گفتگو کی جو نوعیت … نے متعین کی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ حضرت مفتی صاحب کے خط کے جواب میں ان کے خط سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس پوزیشن کو تسلیم کرتے ہوئے ملاقات کا وقت مقرر کر رہے تھے لیکن جب ملاقات ہوئی تو انہوں نے سرکاری حیثیت میں گفتگو کرنے سے انکار کر دیا۔ اسکے معنی سوائے اس کے اور کیا سمجھے جائیں کہ حکومت پنجاب کی رائے بدل گئی اور نواب صاحب مجبور ہوگئے کہ جب مفتی صاحب سے ملیں تو "ذاتی" اور "سرکاری" کا سوال اٹھا کر سلسلۂ گفتگو کو منقطع کر دیں۔

اگر نواب سکندر حیات خاں ۵ جنوری کو حضرت مفتی صاحب اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب سے ذمہ دارانہ حیثیت میں گفتگو کر لیتے تو ہمیں یقین ہے کہ مصالحت ضرور ہو … کوئی نہ کوئی ایسا امر دریافت کیا جا سکتا جو حکومت پنجاب (جو حکومت … کی نمائندہ تھی) اور مجلس احرار دونوں کیلئے قابل قبول ہوتا۔ نواب صاحب کے طرز عمل سے تو صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ …

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ یکم ذیقعدہ ۱۳۵۵ ہجری

کشمیر کے متعلق مصالحت کی گفت وشنید

حضرت مفتی صاحب اور حکومت کشمیر کی خط وکتابت

مجلس احرار اور حکومت کشمیر میں مصالحت کے متعلق صدر جمعیۃ علمائے ہند اور حکومت کشمیر کے درمیان جو خط وکتابت ہوئی تھی اور جس کی اشاعت کا انتظار نہایت بے چینی کے ساتھ کیا جا رہا تھا گزشتہ اشاعت میں شائع کی جا چکی ہے۔ اس خط وکتابت کی مختصر تاریخ یہ ہے کہ سب سے پہلے ۲ دسمبر کو ہز ہائینس مہاراجہ کشمیر کی دعوت پر …

خط میں پھر ان ہی امور کی طرف وزیر اعظم کو توجہ دلائی اور اس پر زور دیا کہ احرار گفتگوئے مصالحت کو آگے بڑھانے سے پہلے مذکورہ بالا بنیادی امور کی تکمیل کا انتظار کرنے میں حق بجانب ہیں۔ اس خط کے بعد ہی سلسلۂ خط وکتابت منقطع ہوگیا۔

ہم نے یہ خلاصہ محض اس لئے درج کیا ہے کہ گفت وشنید کے متعلق تمام واقعات کی تسلسل کے ساتھ قارئین کرام کے سامنے آجائیں …

… کے درمیان مصالحت کی کوئی صورت پیدا ہو جائے اور ریاست کشمیر کے اندر راعی اور رعایا کے درمیان جو خوفناک کشمکش جاری ہے وہ کسی طرح ختم ہو۔ مفتی صاحب نے اپنے رویہ کو شروع سے آخر تک مصالحانہ رکھا اور گفت وشنید کی جو لائن اختیار کی اسے نہایت ذمہ دارانہ طریقہ پر پورے حزم و احتیاط کے ساتھ آخر تک پہنچا دیا۔ یہ دوسری بات ہے کہ حکومت کو صلح کرانی مقصود … اور اس نے صلح نہ ہونے دی۔

دھمکی کے جواب میں دھمکی

دہلی کے مقامی اینگلو انڈین اخبار "اسٹیٹسمین" کو عام طور پر حکومت کی آواز کہا جاتا ہے۔ کیونکہ آج تک اس نے آرڈیننس اور دیگر قوانین کے متعلق جو تحریک شروع کی ہے وہ آخر میں حکومت ہی کے مقصد اور منشا کے مطابق ثابت ہوئی ہے چونکہ اس اخبار کا دفتر دار الحکومت میں ہے اس لئے اس کی پالیسی حکومت کی پالیسی کی آئینہ دار ہوتی ہے اور اس کی روش کو دیکھ کر بآسانی ہوا کا رخ پہچانا جا سکتا ہے۔ اس اخبار نے مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کی اس قرارداد پر جو گول میز کمیٹیوں کے مقاطعہ کے متعلق بطور سفارش کے منظور کی گئی ہے حسب ذیل تبصرہ کیا ہے:

"اس قرارداد سے ایک طرف تو صاف طور پر یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ مسلمان ملک معظم کی حکومت سے فرقہ وارانہ تصفیہ کا جو مطالبہ کرتے ہیں اس سے ان کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ صرف ان ہی کے لکھائے ہوئے تصفیہ کو حرف بحرف منظور کر لیا جائے اور دوسری طرف اس قرارداد میں یہ تجویز کی گئی ہے کہ اگر ان کے مطالبات منظور نہ کئے جائیں تو پھر مسلمانوں کے سیاسی خالفین کو اس کا پورا موقع دیا جائے کہ وہ گول میز کمیٹیوں میں اپنی من مانی کارروائی کریں اور اس طرح مسلمانوں کی علیحدگی سے دوسری قوموں کو اور خود مسلمانوں کو نقصان پہنچ جائے۔"

اگر غور سے دیکھا جائے تو اسٹیٹسمین کے تبصرہ میں حکومت کی پالیسی کا کھلا ہوا اعلان موجود ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ حکومت مسلم کانفرنس کے مطالبات کو حرف بحرف ماننے کے لئے تیار نہیں ہے وہ اس میں ضرور قطع و برید کرے گی اور اپنی مصالح کے مطابق جو تصفیہ اپنے لئے مفید سمجھے گی نافذ کر دے گی اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر اس بنا پر کانفرنس والے بائیکاٹ کی دھمکی دیتے ہیں تو اس دھمکی کی حکومت کو ہرگز پرواہ نہیں ہے … تعاون کرنے والے موجود … اگر کمیٹیوں سے سارے مسلمان بھی نکل آئیں تو بھی دستور اساسی منظور کر دیا جائے گا خواہ وہ صرف اکثریت ہی کے مفاد میں کیوں نہ ہو … حکومت کو دھمکی کا جواب دھمکی سے دینا کس طرح آتا ہے۔

اسلامی پریس پر حکومت کی عنایت

گزشتہ عرصہ میں مسلم پریس پر حکومت کی نظر عنایت جس طرح مبذول رہی ہے اس نے "اینگلو مسلم اتحاد" کا ایک اور ثبوت بہم پہنچا دیا ہے۔ "زمیندار" سے دو ہزار روپیہ کی ضمانت مانگی گئی "احرار" کی ضمانت ضبط ہوگئی اور وہ آج کل بند ہے "الانصاف" سے ڈیڑھ ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کر لی گئی اور وہ نزع کے عالم میں ایڑیاں رگڑ رہا ہے "انقلاب" سے پانچ ہزار روپیہ کی ضمانت کا مطالبہ کیا گیا اور وہ التوائے اشاعت کا اعلان کر رہا ہے …

مولانا شوکت علی کا "دورۂ" سرحد

مخصوص اغراض ومقاصد کی تکمیل کیلئے مذموم پروپگنڈا

پشاور اور چارسدہ میں استقبال کی کیفیت

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

مولانا شفیع داؤدی کی سعی ناکام کے بعد ہندوستان کے کسی پبلک آدمی کی جرأت نہ ہوئی چاہیے تھی کہ وہ صوبہ سرحد میں جاکر حکومت کی امداد و اعانت کے لئے جدوجہد کرے مگر اس کے باوجود مولانا شوکت علی نے یہ خطرناک اقدام کیا اور تمام مصالح قومی کو نظر انداز کرکے سرحد کی طرف روانہ ہوگئے …

ان کی بہت افزائی کی گئی اور انہیں بغیر کسی روک کے صوبہ سرحد جانے کی اجازت دیدی گئی۔ یہ امر کہ مولانا شوکت علی کے سفر سرحد کو حکومت کے مفاد کے مطابق کس طرح استعمال کیا گیا، پنجاب اور دہلی کے اینگلو انڈین اخبارات اور خود مولانا شوکت علی کے بیانات سے پوری طرح واضح ہو جاتا ہے …

… شوکت علی کے خلاف ظاہر کئے جا رہے تھے۔ مولانا نے اپنے سفر سرحد کو ملتوی کر دیا ہے اور وہ اب سرحد نہیں آئیں گے۔ اس پر لوگوں نے اظہار مسرت کیا اور رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت کی کیفیت محسوس کی جانے لگی۔ ادھر سرحد کی یہ حالت تھی اور ادھر لاہور میں مولانا شوکت علی سے جو شخص ملتا تھا یہ کہتا تھا کہ آپ کو یہ ہو کیا گیا ہے کہ آپ حکومت کی حمایت کرنے اور مظلوموں کو اور زیادہ …

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے)

… جب حکومت کے اس طرز عمل کے متعلق اسمبلی میں سوال ہوا تھا تو سر ایولن ہاول کے فارن سکریٹری نے یہ جواب دیا تھا کہ ان کا سفر سرحد نامناسب سمجھا گیا تھا اس جواب کے بعد ہی مولانا شوکت علی کا بمبئی سے دہلی آنا اور حکومت ہند کے اعلیٰ عہدہ داروں سے مل کر گفتگو کرنا اور پھر سرحد کیلئے روانہ ہو جانا صاف بتاتا ہے کہ ان کا سفر نہ صرف نامناسب نہیں سمجھا گیا بلکہ ان کے اثر کو صوبہ سرحد میں استعمال کرنے کے لئے …

مولانا کی پالیسی

ایک بروقت تنبیہ

دورۂ سرحد کے متعلق ایک اینگلو انڈین اخبار کا بیان

حکومت اس سفر کو کس طرح استعمال کر سکتی ہے؟

آج کی اشاعت میں نامہ نگار الجمعیۃ کا جو بیان شائع ہو رہا ہے اس میں ایک جگہ "سول اینڈ ملٹری گزٹ" لاہور کا حوالہ دیا گیا ہے۔ نامہ نگار مذکور سول کے جس بیان کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہے ہم اسے درج ذیل کرتے ہیں۔ اس بیان کو پڑھکر جو ایک نیم سرکاری اینگلو انڈین اخبار میں شائع ہوا ہے قارئین کرام مولانا شوکت علی کے دورۂ سرحد کی غرض وغایت بآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ وھو ھذا:

"مقام مسرت ہے کہ مولانا شوکت علی صاحب نے صوبہ سرحد کے دورہ کا عزم کیا ہے۔ وہاں آپ کے اثر و رسوخ سے دو طریقہ سے استفادہ کیا جا سکتا ہے اول یہ کہ ان کی وساطت سے پٹھانوں کو حکومت کی نیک ارادوں کا یقین دلایا جائے اور ان میں کانگریس سے اتحاد کے خطرات کا احساس پیدا کیا جائے۔ دوسرے یہ کہ مسلمان ہند کو جو اپنے سرحدی ہم مذہبوں کی پوزیشن کے متعلق قدرتی طور پر فکر مند ہیں ان کی طرف سے اطمینان دلایا جائے …"

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

دمشق میں قوم پرور اخباروں پر حکومت کا عتاب

اخبارات کو فہمائش اور جریدہ الیوم کا تعطل

مسٹر کامین سکرٹری قلم المطبوعات دمشق نے اخبارات دمشق کے ایڈیٹروں کو بلا کر فہمائش کی کہ وہ حکومت کے متعلق خبریں شائع کرنے میں احتیاط برتیں ورنہ ان سے باز پرس کی جائے گی۔ اسی طرح سیو سالو بیاک نے جریدۃ الیوم کے رئیس التحریر کو بلایا …

ترکی میں اشاعت اسلام کی رفتار

نومسلموں کی تعداد میں معتدبہ اضافہ

جب سے ترکی میں جمہوریت قائم ہوئی ہے اس وقت سے نومسلموں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ ہر شخص کو اسلام قبول کرنے میں کسی خاص مشکل کا سامنا کرنا نہیں پڑتا …

طرابلس کے مجاہدین کی جدید سرگرمیاں

جبل اخضر پر فوجی چھاؤنی کی تعمیر

فلسطین کی مردم شماری

یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ

… فلسطین کے مضافات کی مردم شماری کا نقشہ حسب ذیل ہے:

نام شہر	مسلمان	عیسائی	یہودی
حیفا	۲۰۳۴۹	۱۳۸۸۰	۱۵۹۹۵
[illegible]	۳۵۰۱۰	۹۲۰۷	۷۱۳۲
تل ابیب	۱۰۹	۱۳۰	۴۵۶۰۲
[illegible]	۲۷۲۸۸	۱۰۹	۱۳۴
[illegible]	۲۹۸۲	۶۸۲	۵۲۶۰
صفد	۴۷۸۴	۴۲۶	۲۵۲۹

دمشق میں طلباء کی زبردست ہڑتال

گورنر کی تحقیقات اور ہڑتال کا خاتمہ

(۲) مدرسہ حربیہ کا افتتاح کیا جائے۔

میو بوفو نے طلباء کو یقین دلایا کہ ان کی تمام شکایات کی تحقیقات کی جائے گی … اس کے بعد وفد کے ارکان نے طلباء کا ایک جلسہ کیا جس میں قرار پایا کہ طلباء کو اب ہڑتال ختم کرکے مدرسہ میں داخل ہو جانا چاہیے۔ چنانچہ اس فیصلہ کا طلباء میں اعلان کر دیا گیا اور ہڑتال ختم ہوگئی۔

حجاز ریلوے کے مسئلہ پر غور

شامی اور حجازی لیڈروں کی مؤتمر

حجاز کا ایک پیغام مظہر ہے کہ حجاز ریلوے کے مسئلہ کو طے کرنے کے لئے حجاز کے کسی مقام میں ایک عظیم الشان اجتماع ہونے والا ہے جس میں شام، مصر، فلسطین اور حجاز کے بڑے بڑے علماء اور لیڈر شرکت کریں گے۔ اس جلسہ میں ان تدابیر پر بحث و تمحیص کی جائے گی جو حجاز ریلوے کو مسلم وقف برقرار رکھنے کیلئے مفید ہوں گی۔ معلوم ہوا ہے کہ اس مؤتمر میں فرانس اور برطانیہ کے رویہ پر احتجاج بھی کیا جائے گا۔

مصری حکومت کی طرف سے جدید طیاروں کی خریداری

مصری وزارت حربیہ نے انگلستان سے دو جدید طیارے خریدے ہیں …

فلسطین میں ایک مقبرہ کی ملکیت پر تنازعہ

عیسائیوں اور مسلمانوں میں چپقلش

حیفا کے مغربی حصہ میں ایک مقبرہ ہے جس کی ملکیت پر عیسائیوں اور مسلمانوں میں جھگڑا شروع ہوگیا ہے …

مصری ریلوے کو خسارہ

گزشتہ اور موجودہ سال کے اعداد وشمار

مصر کے محکمہ ریلوے نے نومبر تک کی آمدنی کے جو اعداد وشمار شائع کئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ امسال گزشتہ سال کی نسبت آمدنی میں کافی کمی ہوگئی ہے اور ریلوے کو خسارہ اٹھانا پڑا ہے۔ نومبر تک مسافروں سے آمدنی کا تخمینہ … گنی کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال اسی مدت میں ۱۸۴۰۰۰ گنی کی آمدنی ہوئی تھی اس حساب سے امسال تین لاکھ ۹۷ ہزار گنی کا خسارہ ہوا ہے۔ مال گاڑیوں سے امسال نومبر تک ۱۸۶۷۳۰۰ گنی کی آمدنی ہوئی ہے حالانکہ گزشتہ سال اسی مدت میں … گنی کی آمدنی ہوئی تھی …

ایک فرانسیسی خاتون کا انشراح صدر

عیسائیت پر اسلام کو ترجیح

ایک فرانسیسی خاتون (جو اس وقت مصر میں مقیم ہے) قرآن حکیم کا دو سال سے مطالعہ کر رہی تھیں اور قرآن و انجیل کی تعلیمات کا مقابلہ دقت نظر سے فرما رہی تھیں کہ ان پر اسلام کی صداقت منکشف ہوگئی اور انہوں نے مسیحی مذہب کو طلاق دیدی۔ خاتون مذکورہ نے "البلاغ" کو ایک مکتوب ارسال کیا ہے جس میں موصوفہ نے اپنے مشرف بایمان ہونے کا مفصل تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ اسلام کی فطرتی تعلیمات نے مجھے انشراح صدر عطا فرما دیا ہے جس سے میں نے حق و باطل کو دو اور دو چار کی طرح سمجھ لیا ہے۔

موصوفہ نے محکمہ شرعیہ کی طرف رجوع کرکے اسلام قبول کر لیا اور اپنا اسلامی نام ولیمتہ محمد اختیار کیا ہے۔ توقع ہے کہ اس خاتون کے ذریعہ سے کچھ بڑے ذی علم فرانسیسی اسلام قبول کریں گے۔

جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں چین و جاپان کا قضیہ

شنگھائی میں جاپان کی ۵۵ ہزار افواج پہنچ گئیں

جاپان پر چینی نمائندہ کا الزام۔ جمعیۃ الاقوام کی تجویز

جنیوا ۴ مارچ۔ جنرل شیرا کاوا جاپانی سپہ سالار نے اعلان کردیا ہے کہ پرسوں دو بجے سے جاپان نے اپنا حملہ روک دیا ہے۔ جاپانی سپہ سالار کو جب جنگ ملتوی کرنے کا حکم ہوا تو انہیں سخت حیرت ہوئی کیونکہ اس سے پہلے اس قسم کی جتنی کوششیں کی گئیں تھیں وہ سب ناکام ثابت ہوئیں۔ شنگھائی میں جو جاپانی فوجیں موجود تھیں وہ بھی اس حکم التواء سے سخت مایوس ہوئیں کیونکہ وہ پورا عزم کرچکی تھیں کہ وہ چین کے انیسویں دستہ کو جو کینٹن سے آیا تھا شنگھائی کے نواح سے پاک کردے۔

جنیوا کا ایک دوسرا پیام مظہر ہے کہ ڈاکٹر ین چینی سپہ سالار نے جمعرات کی شام کو جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں یہ اعلان کیا کہ مصالحت کی جو گفت و شنید ہو رہی تھی وہ ٹوٹ گئی کیونکہ جاپان نے ان شرائط کو پورا نہیں کیا جو ۲۸ فروری کو امیر البحر کیلی کے جہاز پر طے ہوئی تھیں۔ نیز جاپان نے جو شرطیں پیش کی ہیں وہ فاتحانہ انداز کی ہیں لہٰذا چین انہیں قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔

جاپانی نمائندہ کا جواب

چینی نمائندہ کا جاپان پر الزام

جمعیۃ الاقوام کی تجویز

جنگ برابر جاری ہے

آخری تار

ہندوستان بھر میں گرفتاریاں اور سزایابیاں

رہائی کے بعد نوٹسوں کی تعمیل۔ جلسے منتشر کردیے گئے

مدراس ۵ مارچ۔ کل چار عورتوں اور ۹ مردوں نے رتن بازار سے ایک جلوس نکالا جس میں انہوں نے اشتہارات تقسیم کئے اور قومی نعرے لگائے۔ پولیس نے جلوس کو روک کر اس کو منتشر ہونے کا حکم دیدیا۔ منتشر نہ ہونے پر عورتوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ اور مردوں کو بیدوں سے زدوکوب کرکے منتشر کردیا گیا۔

الہ آباد ۵ مارچ۔ پچاس ساٹھ آدمیوں کا ایک جلوس پرشوتم داس پارک میں پہونچا۔ سابق اسسٹنٹ سکریٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی تقریر کے دوران میں گرفتار کرلئے گئے۔ جلسہ منتشر کردیا گیا۔ تحصیل سبھا، میرگنج اور تحصیل کانگریس کمیٹی دعامہ بھی خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں۔

احمد آباد۔ کل جو اشخاص غیر ملکی پارچہ کی دوکانوں پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار کئے گئے تھے ان میں گاندھی جی کے بھتیجے کانتی لال گاندھی بھی شامل ہیں۔

بمبئی ۵ مارچ۔ بمبئی کلاتھ مارکیٹ، پیس گڈز، کاٹن اور دیگر تجارتی ...

مولانا شوکت علی کا دورہ

بسلسلہ صفحہ دو

تباہ کرانے کے لئے صوبہ سرحد جا رہے ہیں۔ لاہور میں مولانا کی عام مجلس میں صوبہ سرحد کے سفر کے متعلق چند ایسے خیالات کا اظہار کیا گیا جس نے خاص طور پر یہ ثابت کردیا کہ مولانا کے دوست اور دشمن سب ہی ان کے اس اقدام کو نظر ناپسندیدگی سے دیکھتے ہیں اور ان کی حرکات و سکنات کو مشتبہ سمجھا جاتا ہے۔ اس کے باوجود مولانا جو وعدہ کرچکے تھے اور جو کام اپنے ذمہ لے چکے تھے اس سے عہدہ برآ ہونے کا سوائے اس کے اور کوئی طریقہ ہی نہ تھا کہ سرحد جاتے اور اس بدنامی کو برداشت کرلیتے۔ چنانچہ وہ روانہ ہوگئے۔

پشاور میں ورود

لاہور سے روانہ ہونے کے بعد مولانا شوکت علی ۲۸ فروری کو پشاور پہنچے۔ اگرچہ ایک اطلاع میں جو مولانا کے پشاور پہنچنے کے متعلق تھی صرف یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ "پشاور میں آپ کا شاندار استقبال ہوا" مگر بجز حقیقت معلوم ہے کہ یہ استقبال سرکاری نقطۂ نگاہ سے "شاندار" تھا قومی نقطۂ نگاہ سے شاندار نہ تھا ...

دورۂ مردان کی یادگار

حکومت کا پروپیگنڈا

رنگڈھ کی مسجد کی دیوار شہید کردی گئی

۱۵ مسلم خاندانوں کی ہجرت

ایک بے بنیاد افواہ کی تردید

نواب محمد اسمٰعیل خاں کا بیان

حکومت امن و قانون کو ہر صورت میں برقرار رکھیگی

احراری تحریک اور سول نافرمانی نے حکومت پر بار ڈالا ہے

موجودہ مشکلات پر گورنر پنجاب کی تقریر

مدرسہ اسلامیہ چوموں کا فیصلہ

ایک دیرینہ تنازعہ کا خاتمہ بالخیر

ریلوے اسٹیشن پر ایک انقلاب پسند کی گرفتاری

ریوالور اور کارتوسوں کی برآمدگی

مسٹر عباس طیب جی کی رہائی

رہائی کے بعد نوٹس کی تعمیل

مولانا حبیب الرحمن صاحب کے فرزند
مولانا خلیل الرحمن صاحب کو ایک سال قید کی سزا

پنجاب میں شراب کی ناجائز کشید

روس اور جرمنی میں لڑائی کرانے کی کوشش

برطانیہ کی ہوائی قوت میں تخفیف

روس کا سودا جرمن کو

سرحدی قبائل پر ہوائی تاخت
قبائل کے نو آدمی مارے گئے سات زخمی ہوئے
حاجی صاحب ترنگ زئی کے وطن پر بمباری

پشاور ۱۲ مارچ۔ کل موسم کی خرابی کی وجہ سے شاہی ہوائی دستہ کا ایک ہوائی جہاز جبکہ وہ بہت نیچے پرواز کررہا تھا بجوڑی کے ایک لشکر نے اس پر فیر کئے۔ یہ لشکر حاجی صاحب ترنگ زئی کے اشارہ پر شب قدر سے صرف دس میل کے فاصلہ پر ہنڈیانی میں مجتمع ہوا تھا۔

ہوائی جہاز نے اپنی حفاظت کی غرض سے مشین گن سے فیر کئے جس سے قبیلہ کے نو آدمی تو ختم ہوگئے اور سات زخمی ہوئے۔ چنانچہ اس لشکر پر اور اس کے اطراف میں کافی اثر ہوا ہے نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے نہایت سختی کے ساتھ حاجی صاحب ترنگ زئی اور بادشاہ گل پر اپنے غصہ کا اظہار کیا کہ انہوں نے دھوکا دے کر انہیں مصیبت میں مبتلا کردیا۔ باوجودیکہ کل دن بھر موسم بھی بہت ہی خراب رہا لیکن پھر بھی ہوائی دستہ کے ہوائی جہازوں نے حاجی صاحب ترنگ زئی کے گاؤں لکاری پر بم باری کی جو ہندوستان کی سرحد سے صرف ۳۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ بمباری ان کے پاس دو دفعہ تنبیہی نوٹس بھیجنے کے بعد کی گئی۔ ان سے بار بار کہا جاچکا ہے کہ وہ اپنے لشکر ہندوستان کی سرحد کے پاس سے ہٹالے جائیں۔

خیال ہے کہ بمباری کا بہت اچھا نتیجہ ہوا اور وہ خوب کامیاب رہی۔ حاجی صاحب کا مکان بمباری کا خاص نشانہ تھا، حالانکہ اس کے قریب ایک خانقاہ ہونے کی وجہ سے یہ کام بہت مشکل تھا تاہم خیال ہے کہ اس میں بھی پوری کامیابی ہوئی ہے۔

ہفتہ بھر کے اندر ہوائی کارروائیوں کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ صورت حال بہت ہی اطمینان بخش ہوگئی ہے خصوصاً جہاں تک مہمندیوں کا تعلق ہے ان قبائل میں کس طرح باغیانہ خیالات ٹھنڈے ہوجاتے ہیں اس کی ایک مثال اس سے ملتی ہے کہ مشہور باغی فضل کو ملہم بنایا گیا ہے جس کا انتقال گزشتہ جنوری میں ہوا ہے۔

حاجی صاحب کے فرزند کی سرگرمیاں

اس مہم میں حاجی صاحب کے دوسرے فرزند شریک ہوئے تھے جنہوں نے دیگر لشکر سے اپیل کی کہ وہ ان کے ساتھ جہاد میں شریک ہوں جو وہ حکومت برطانیہ کے خلاف کررہے ہیں ان کی اس دعوت کا چند نوجوانوں پر اثر ہوا لیکن سن رسیدہ لوگوں نے یہ کہا کہ حاجی صاحب اور ان کے رفقا صرف اپنے مقاصد کے لئے لوگوں کو بہکا رہے ہیں۔

جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہ صورت حال غیر معمولی طور پر درست ہوچکی ہے اور عام طور پر لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ دشواریوں کو پیدا کرنے والوں نے بڑی عجلت کی ...

ایک ہندو نو آبادی کی بغاوت

حکومت کے خلاف مہمندیوں کا "جہاد"
قبائل پر بم گولوں کی بارش
ایک لشکر کی پسپائی

سرحد کے متعلق مجلس مملکت میں سوالات
حکومت رپورٹ کو شائع کرنا نہیں چاہتی

وزیریوں اور محسودیوں میں جنگ

ایک ہفتہ کے اندر یوپی میں گرفتاریوں کی تعداد

کشمیر میں حالات روبہ اصلاح ہیں
مکانات کو آگ لگانے کے جھوٹے واقعات
انسپکٹر جنرل پولیس کا بیان

مولانا ابوالکلام آزاد گرفتار کرلئے گئے

کشمیر میں آئینی سوالات کا حل
۹۵ فیصدی کو ۵ فیصدی کے برابر نشستیں

کشمیر میں پولیس اور مجمع کا تصادم

ہندوستان میں حکومت ہند کی انتظامی کارروائیاں
گرفتاریاں۔ نوٹسوں کی تعمیل، جرمانوں کی وصولی
ملک میں دار و گیر کی عام رفتار

ناگپور ۱۲ مارچ۔ مسٹر ابھینکر بیرسٹر جو کل کل جیل میں ہیں ان کا ڈھائی ہزار روپے کا جرمانہ وصول کرنے کے لئے کل ان کی موٹر کو نیلام کرنے کی کوشش کی گئی لیکن کوئی شخص بھی بولی دینے والا نہیں تھا۔ صرف ایک بولی دینے نے پانچ سو روپے لگائے جو منظور نہیں کئے گئے۔ نیلام کے دوران میں محنۂ عدالت سے اشتہارات پھینکے گئے جن میں تحریر تھا کہ موٹر کی کوئی شخص بولی نہ بولے۔ ایک رضاکار بھی نیلام میں مداخلت کرنے کے باعث گرفتار کرلیا گیا۔ موٹر کسی اور دن نیلام کی جائے گی۔

بمبئی ۱۲ مارچ۔ تین دوا فروشوں کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ تھانہ میں جاکر پولیس کمشنر سے نوٹس لے لیں جو ان کو ہڑتال کرنے کی ممانعت کی گئی تھی۔ اس حکم کی تعمیل نہ کرنے پر ان کو گرفتار کرلیا گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ ۵۰ دوا فروشوں کے نام نوٹس جاری ہوئے تھے لیکن صرف ۵ دوکانداروں پر نوٹسوں کی تعمیل ہوسکی جن دوا فروشوں نے دوکانیں کھولی تھیں ان کے سامنے مخالفانہ مظاہرہ کیا گیا۔

احمد آباد ۱۱ مارچ۔ کل سے پولیس گجرات ودیا پیٹھ کی تلاشی لے رہی ہے یہ تلاشی کئی روز تک جاری رہے گی۔ ودیا پیٹھ حال ہی میں خلاف قانون قرار دی گئی تھی۔

کلکتہ ۱۱ مارچ۔ بسنت لال مرارکا وصدر لال ... کو جو حال میں رہا ہوئے ہیں ان کو تھانہ میں حاضری نہ دینے کے الزام میں چھ چھ ماہ قید سخت کا حکم دیا گیا۔

دہلی میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

بات کو تسلیم نہیں کرتی کہ کوئی ایسا شخص بھی لاٹھی سے مجروح ہوا ہے جو خلاف قانون انجمن کا ممبر نہ ہو۔

کلکتہ ۱۲ مارچ۔ مسٹر سنتوش گپتا ممبر کانگریس کمیٹی پکٹنگ بورڈ اور دیگر پانچ اشخاص کو چار ٹرنگ کے سامنے جلوس نکالنے اور بائیکاٹ کے نعرے لگانے کے الزام میں کل سہ پہر گرفتار کرلیا گیا۔

بمبئی ۱۲ مارچ۔ لوتھین کمیٹی کی آمد پر بطور احتجاج کے شہر میں ایک ہفتہ کی ہڑتال کا جو اعلان کیا گیا تھا اس کے بموجب ہڑتال اب تک جاری ہے کل بھی بڑی بڑی فرمیں اور دوکانیں بند رہیں۔ دیوبانار میں بھی ہڑتال منائی گئی۔ ... شہر ... آرڈیننس کے ماتحت کل گرفتار کرلئے گئے۔

الجمعیۃ اور مولوی شفیع داؤدی

معلوم ہوا ہے کہ مولوی شفیع داؤدی اور ان کے رفیق نے پھر سر نظیلہ اور یہ بھی سنا گیا ہے کہ انہوں نے دجل و فریب پھیلانے کے لئے شہر میں کوئی پمفلٹ بھی شائع کیا ہے۔ اس لئے ناظرین کرام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انشاء اللہ آئندہ الجمعیۃ اس طرف متوجہ ہوگا اور جن حالات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے وہ حجابانہ نقاب کرتے جائیں گے۔

مسٹر پی جوزف ایڈیٹر انڈین سوشل کو ۲ ہزار روپے کی ضمانت داخل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

احمد آباد ۱۲ مارچ۔ گاندھی جی کے پوتے کانتی لال اور دیگر ۵ رضاکار کل صبح امپیریل بنک کی مقامی شاخ پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار کرلئے گئے ...

اودھ کے تعلقہ داروں کا مطالبہ
حقوق رائے دہی کی کمیٹی میں ... صاحب کا بیان

آودھرم منڈل کے جلسے میں بلدگاہ حقوق کا مطالبہ

ایک معاون کا شکریہ

بہار پراونشل اصلاح کانفرنس کا اجلاس
مظالم سرحد و کشمیر پر احتجاج

امسال بحمد للہ تعالیٰ جموئی ضلع مونگیر میں جمعیۃ اصلاح صوبہ بہار کا اجلاس زیر صدارت فخر قوم حضرت مولانا سید صالح حسین صاحب (صدر انجمن اصلاح المسلمین چھپرہ) نہایت تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوا۔ جس میں صوبہ کی اکثر انجمنوں کے نمائندگان موجود تھے ۔ ۵ر مارچ کو سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں مطابق دستور العمل دفعہ ۹ مجلس عاملہ کا انتخاب ہوا۔ بعد اس کے مندرجہ ذیل تجاویز مختلفہ مسلمانان کشمیر و سرحد پیش ہو کر منظور ہوئیں:-

(۱) یہ کانفرنس مظلوم و ستم رسیدہ مسلمانان کشمیر سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے شہداء کشمیر کے لئے دعائے مغفرت کرتی ہے جنہوں نے محض مذہب کی محبت میں اپنی جانوں کو فدائے اسلام کیا۔

(۲) یہ مجلس اُن دشمنان دین و قوم سے اظہار نفرت کرتی ہے جنہوں نے بے گناہ مسلمانان کشمیر کا خون بہایا۔ ان کے مکانوں کو جلا کر خاک سیاہ کیا ان کے بچوں کو یتیم کیا۔ عورتوں کو رانڈ بیوہ بنایا۔

(۳) یہ مجلس اُن انجمنوں و مسلمانان صوبہ بہار کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے مسلمانان کشمیر و احراران پنجاب کی معاونت فرما کر اخوۃ اسلامی کا ثبوت دیا۔

(۴) یہ مجلس مہاراجہ گدھور ضلع مونگیر کو توجہ دلاتی ہے کہ مقدمہ مسجد گدھور کی وجہ سے مسلمانان صوبہ بہار میں ایک بے چینی پھیلی ہوئی ہے اور وہ اس امر کے منتظر ہیں کہ مہاراجہ موصوف اپنی رعایا سے رواداری کا ثبوت اس طرح دیں کہ مقدمہ کی عدالت مونگیر سے اٹھا کر مسلمانوں کو تکمیل تعمیر مسجد کی اجازت بخشیں تاکہ علاوہ ازیں ان کو مسلم رعایا کے مسلمانان بہار کی یہ بے چینی دور ہو۔

(۵) تجویز ہوا کہ مجلس عاملہ سب کمیٹی کانفرنس کرے جو نصاب تعلیم کا انتخاب کرے۔

(۶) تجویز ہوا کہ ممبران جمعیۃ اپنے اپنے مواضعات و برادری میں اصلاح رسوم غیر شرعیہ کی کوشش کریں اور اسے اپنا فریضہ تصور کریں۔

محمد عباس جنرل سکرٹری صوبہ بہار

دہلی میں دار الاصلاح کا کام

[illegible]

بہ خیال میرے دل میں گوکل کانگڑی کے دیکھنے سے پیدا ہوا اور کوئی شخص اپنے مخالف کا مقابلہ نہیں کر سکتا جب تک کہ قوت و سامان میں اس کے برابر یا اس سے افضل نہ ہو۔

مسلمان جو مدرسے مدرسوں کی تعلیم کے خوگر ہو چکے ہیں وہ دار الاصلاح کی طرف متوجہ ہوئے ہیں نے دار الاصلاح کی تعلیم و تربیت کے مظاہرے کئے اور اکابران قوم کو لا کر معائنہ کرایا جن کی آراء حوصلہ افزا اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں کام کو دیکھ کر دہلی کے متمول طبقہ کے بعض حضرات نے اعتراض کیا کہ قرول باغ دور ہے۔ ہماری اولاد کس طرح مستفید ہو میں نے کہا کہ آپ اس کا آسانی سے انتظام فرما سکتے ہیں ایک چھوٹی سی موٹر لاری خرید لیجئے مگر ان اصحاب کا معائنہ تعلیم و تربیت پر ایک ابال تھا جو ٹھنڈا ہو گیا۔

میں مالی مشکلات کی الجھنوں کا اس وقت تک دار الاصلاح کو چلاتا نہیں گھسیٹتا رہا مگر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ بصورت موجودہ کام نہ کرنا کام کرنے سے بہتر ہے کہ جو چندہ دار الاصلاح کو ملتا ہے وہ اس کی ضرورتوں کے لئے کافی نہیں لہذا ایک سال کا خرچ پورا ہو یا دار الاصلاح بند کر دیا جائے تاکہ یہ رقم کسی دوسری جگہ کارآمد ثابت ہو۔ اس نظریہ پر غور کرنے کے بعد میں نے اخبارات میں چھ ہزار روپیہ کے لئے اپیل شائع کرایا کہ اگر زکوٰۃ رمضان میں یہ رقم وصول ہو جائے تو ایک سال پوری قوت و اطمینان سے کام کر کے آئندہ چندوں سے نجات مل جائے کیونکہ شعبہ صنعت و حرفت کو ترقی دیکر دار الاصلاح کی آمدنی کا مستقل ذریعہ بنا دینے کا خیال تھا۔

مجھ کو کمال افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان اپیلوں پر مسلمانوں نے توجہ نہ فرمائی اور ماہ مبارک میں ایک ہزار بھی پورا نہ ہوا۔ زکوٰۃ کا سب سے بڑا ذریعہ تھا جو نکل گیا اور اب امید نہیں ہو سکتی کہ یہ قوم جو اپنے حقوق حکومت سے مانگتی اور ہندوؤں سے تصفیہ کا مطالبہ کرتی ہے اپنے مسکین و یتامیٰ کے حقوق پر توجہ کرے گی اور اپنی زندگی کے اسباب پر نظر ڈالے گی اور بقر عید تک یا تیاندہ پانچ ہزار روپیہ فراہم کر دے گی لیکن میرے احباب و مشیر کار مصر ہیں کہ بقر عید تک انتظار کروں اس کے بعد اگر قوم نے آواز نہ سنی تو تم کو حق ہو گا کہ دار الاصلاح سے علیحدہ ہو جاؤ۔

برادران محترم! میں نے قوم کا ایک مرض تشخیص کیا۔ اس کا علاج بھی علمی صورت میں پیش کر دیا۔ اکابران و معائنہ کنندگان نے پسند بھی فرمایا لیکن اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ پھر ساری قوم کا کام میں اکیلا کس طرح اٹھا لوں۔ [illegible]

تشریف لے جا رہے ہیں۔ الوداعی دعوت میں اکثر مہاجرین و مقیمین شہر موجود تھے۔ مولانا موصوف نے جامع و مانع تقریر میں فضائل حج اور اسلام کی خوبیاں بیان فرماتے ہوئے ابتداء اسلام میں حضرت سرور دو عالم صلعم کی مشکلات اور استقلال کا ذکر فرمایا۔ اشاعت اسلام کی ضرورت پر بحث کرتے ہوئے آپ نے بتایا کہ کس طرح مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے آنحضرت صلعم نے ہجرت فرمائی مہاجرین و انصار کے تعلقات پر پوری طرح روشنی ڈالی۔

تقریر کو ختم کرتے ہوئے آپ نے اس امر پر زور دیا کہ انجمن سعادت بخارا و ترکستان کو زیادہ کامیاب بنایا جائے اور اس کے شعبہ مدرسہ کو جس کی حالت تسلی بخش نہیں ہے مستحکم کیا جائے۔ آخر میں مولانا عبد القادر صاحب نے بلنے پچاس روپے شعبہ مدرسہ کی امداد کے لئے عطا فرمائے اور اپنا کتب خانہ بھی انجمن کے حوالہ کر دیا۔

محمد عمر خان۔ انجمن مرکز یہ سعادت بخارا و ترکستان پشاور

آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس کا تیسرا اجلاس

گذشتہ سال کانفرنس کے اجلاس پٹیالہ میں جناب حکیم ناصر الدین خان صاحب نے کانفرنس کو اگلے سال کے لئے بدایوں میں مدعو کیا تھا۔ چنانچہ بدایوں میں مجلس استقبالیہ کا انتخاب ہو چکا ہے۔ اور وہاں سے اطلاع آئی ہے کہ اجلاس کی تاریخیں ۲۰، ۲۱، ۲۲ مارچ مقرر ہیں۔ تمام اطباء کو اپنے اس فنی اجلاس میں ضرور شرکت کرنی چاہئے اور اطلاع سکرٹری مجلس استقبالیہ بدایوں کے پتہ پر بھیجنی چاہئے۔

جنرل سکرٹری آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس

مدرسہ دار العلوم میرٹھ کا سالانہ اجلاس

مدرسہ دار العلوم میرٹھ نے جو اس قلیل عرصہ میں ترقی کی ہے وہ محتاج بیان نہیں مدرسہ کا تیرھواں سالانہ جلسہ و دستار فضیلت بتاریخ ۲۰، ۲۱، ۲۲ مارچ ۱۹۳۶ء کو جامع مسجد میں منعقد ہوگا۔ جس میں ہندوستان کے مشاہیر علماء کرام تشریف لاکر اپنی متبرک ہاتھوں سے دستار بندی فرمائیں گے۔ مدرسہ پر قرض جس کی اپیل اخبارات میں شائع ہو چکا ہے نصف کے قریب قرضہ ادا ہو گیا ہے جن حضرات نے چندہ بھیجا تھا اس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

(مولانا) محمد مبارک حسین ناظم مدرسہ دار العلوم میرٹھ

ترک مسکرات کے لئے ایک انجمن کا قیام

سنٹرل شوشل سروس لیگ دہلی کی اکسائز سب کمیٹی نے ایک انجمن بنام "مدرا تیاگ سبھا" کے نام سے صدر بازار متصل گلی روئی کی منڈی میں قائم کی ہے۔ تمام ممبروں سے حلف لیا گیا ہے کہ وہ مسکرات کا استعمال نہ کریں۔ اس انجمن کے سکرٹری لیکھ راج مقرر ہوئے ہیں۔

(آنریری سکرٹری)

جزیرہ فجی کے لئے ایک حنفی مولوی کی ضرورت

جزیرہ فجی کے لئے ایک مولوی کی ضرورت ہے بہ شرائط حسب ذیل ہیں:-

(۱) اردو و عربی کا عالم ہو صرف و نحو سے کلام پاک پڑھتا ہو۔
(۲) حدیث شریف اور فقہ کا ماہر ہو تبلیغ کی تڑپ ہو۔
(۳) انگریزی کا کم از کم میٹرک ہو ہندی جانتا ہو مناظرہ کا علم ہو۔
(۴) ریلوے اور جہاز کا کرایہ جماعت المسلمین فجی ہوگا۔
(۵) کم سے کم تین سال کے لئے معاہدہ کرنا پڑیگا۔
(۶) مکان بڑے رہائش کا ہوگا ماہواری تنخواہ ستو روپیہ ہوگی۔
(۷) جملہ شرائط خط و کتابت کر کے فیصلہ کریں تمام درخواستیں معہ سند اسناد پر آنی چاہئیں۔

محمد عثمان خاں پوسٹ بکس ۱۲۲ سوا (فجی)

ایک قوم پرور انگریزی اخبار کا اجراء

کلکتہ سے عنقریب انگریزی میں ایک نیا ہفتہ وار پرچہ نکلنے والا ہے جس کا نام "نیشنلسٹ انڈیا" ہوگا۔ امید ہے کہ پہلا پرچہ ۳ اپریل کو شائع ہو جائے گا پرچہ کی پالیسی و اغراض خالص نیشنلسٹ رہیں گے۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اخبار فرزانہ کا رضا نمبر
[illegible]

صرف چند روز کے لئے مفت فینسی رسٹ واچ مفت
[illegible]
ایشیاٹک رسٹ واچ کمپنی جھانسی سٹی (یو۔ پی)

دمہ، بواسیر، سوزاک، کوڑھ، سفید داغ [illegible]

خدا توفیق دے تو ضرور پڑھئے
خصائل نبوی | اوجز المسالک | درس عبرت
[illegible]
رسول کی نمازیں | قرآن مجید کی مکمل تاریخ | امت کی آئیں | اسلام اور یورپ | علامہ شیخ محمد عبدہ مصری کی تفسیر | غوث اعظم کی مکمل سوانح عمری
[illegible]

ستو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے
[illegible]
معجون مددگار غدود
منیجر سالار نظام اشاعت کوچہ چیلاں دہلی

حلیۃ بیان وسعت البیان میں کا استعمال
[illegible]
بال جڑسے کالا
[illegible]
صد ہا مرضوں کی ایک دوا
[illegible]
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

مجلس احرار اسلام دہلی کی مجلس عاملہ توڑ دی گئی
مولوی عبد الماجد صاحب ڈکٹیٹر مقرر ہو گئے

احرار اسلام دہلی کی مجلس عاملہ صوبہ سرحد کے مسلمانوں پر وحشیانہ مظالم اور مسئلہ کشمیر کے سلسلہ میں مسلمانوں کی گذشتہ جد و جہد اور قربانیوں اور حکومت ہند کی ناقابل برداشت مداخلت پر کافی غور و خوض کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ مسلمانوں کی تمام گذشتہ قربانیوں کو نتیجہ خیز بنانے اور آئندہ موثر اقدام کرنے کے لئے مجلس عاملہ کو منتشر کر دیا جائے اور اس مجلس کے تمام اختیارات ایک ڈکٹیٹر کے سپرد کر دئے جائیں۔

لہذا

(ا) مجلس احرار اسلام دہلی کی ورکنگ کمیٹی منتشر کی جاتی ہے۔

(ب) مولانا عبد الماجد صاحب صدر مجلس احرار اسلام دہلی کو ڈکٹیٹر بنایا جاتا ہے۔

(ج) مولانا ممدوح کو وقت ضرورت اپنا جانشین منتخب کرنے کا حق حاصل ہوگا اور آئندہ بدستور یہ سلسلہ جاری رہے گا تا وقتیکہ مسلمانان کشمیر کو ان کے جائز حقوق حاصل نہ ہو جائیں اور صوبہ سرحد سے انسانیت سوز مظالم کا سلسلہ بند ہو کر انہیں ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے مساوی حقوق مل جائیں۔ سیکرٹری مجلس احرار

ڈکٹیٹر مجلس احرار دہلی کا مکتوب
حاجی عبد الغفار صاحب کے نام

چونکہ ورکنگ کمیٹی مجلس احرار دہلی توڑ دی گئی ہے۔ اور تمام عہدیدار موقوف کر دئے گئے ہیں۔ اور تمام اختیارات صرف صدر کو تفویض کر دئے گئے ہیں اس لئے جناب سے عرض ہے کہ مجلس احرار کی بقیہ رقم دیدیجئے۔ اور آپ آئندہ اپنے آپ کو مجلس مذکور کا خزانچی تصور نہ فرمائیں۔

عبد الماجد صدر مجلس احرار و ڈکٹیٹر

مجالس احرار اسلام توڑ دی گئیں

[illegible]

حضرات کے اسمائے گرامی ذکر کے قابل ہیں۔

شمس العلماء مولانا شاہ ابو الخیر صاحب نعیمی۔ مولانا ابو بکر محمد شعیب صاحب ناظم دینیات مسلم یونیورسٹی۔ مولانا حکیم محمد جمیل خان صاحب دہلی۔ مولانا قطب الدین عبد الوالی صاحب۔ مولانا محمد اسلم صاحب۔ مولانا رشید صاحب۔ مولانا محمد عنایت اللہ صاحب۔ مولانا محمد صبغۃ اللہ صاحب۔ مولانا محمد ایوب صاحب۔ مولانا محمد نامدار صاحب۔ شمس العلماء مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ۔ شمس العلماء مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ۔ شمس العلماء مولانا سید سبط حسن صاحب قبلہ۔ آنریبل نواب سر حافظ احمد سعید خان صاحب ہوم ممبر۔ نواب محمد یوسف صاحب منسٹر لوکل سلف گورنمنٹ۔ خان بہادر شیخ مقبول حسین صاحب سی۔ آئی۔ ای۔ ٹپارٹڈ کمشنر تعلقہ دارگڈھ۔ خان بہادر حافظ ہدایت حسین صاحب ایم ایل سی۔ آنریبل خان بہادر حافظ محمد نسیم صاحب ممبر کونسل آف اسٹیٹ۔ آنریبل شیخ مشیر حسین صاحب قدوائی بیرسٹرایٹ لا ممبر کونسل آف اسٹیٹ۔ سید اعزاز رسول صاحب تعلقہ دار سندیلہ۔ خان بہادر نواب سید مہدی حسن صاحب۔

اعلیحضرت اقدس کی رونق افروزی کے بعد سب سے پہلے عنایت اللہ متعلم دار العلوم نے کلام مجید کی تلاوت کی اس کے بعد علاء الدین حیدر آبادی متعلم دار العلوم نے ایک خاص انداز میں چند منٹ تک اعلیحضرت اقدس کا نعتیہ کلام پڑھ کر سنایا۔ نعت شریف کے ختم ہونے کے بعد مولانا سید سلیمان معتمد دار العلوم نے دعا نامہ پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد دعا نامہ جو زریں خریطہ میں تھا اسکو ایک نقرئی کشتی میں منشی محمد احتشام علی صاحب معتمد ندوۃ العلماء نے اعلیحضرت اقدس کی خدمت میں پیش کیا۔ پھر نواب صدر یار جنگ بہادر نے دار الاقامہ اور اعاطہ تعمیر مسجد کی طرف اعلیحضرت اقدس کی توجہ مبذول کرائی جو ہال کے اندر سے صاف نظر آ رہی تھی۔ آخر میں مفتی الدولہ حسام الملک شمس العلماء نواب سید محمد علی حسن خاں صاحب نے پھولوں کا گجرہ پیش کیا اور بفضلہ تعالیٰ جلسہ کامیابی کے ساتھ برخواست ہوا۔

عبد العلی ڈی۔ ایس۔ سی۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس، ناظم ندوۃ العلماء

مسودہ قانون نظر بندان بنگال پر مباحثہ
اسمبلی میں سر ہری سنگھ کی مخالفت

[illegible]

کیا اخبار انباء مصر مولانا شوکت علی صاحب

(از جناب محمد احمد صاحب کاظمی ایڈووکیٹ سہارنپور)

مولانائے محترم!

گول میز کانفرنس کی شرکت۔ اسلامی ممالک کے دورے "برٹش" پالیٹکس دانوں اور دیگر حکام کی ملاقاتوں سے فارغ ہو کر ہندوستان واپس تشریف لانے پر جناب کی زبان فیض ترجمان سے یہ خبر سن کر بہت مسرت ہوئی کو "برطانیہ کی ذہنیت میں عجیب و غریب تبدیلی واقع ہو رہی ہے" اور "زمانہ قریب تھا تمام بدگمانیاں کافور ہو کر مسلمانوں اور انگریزوں کے درمیان ایک جدید اور مستحکم رابطہ اتحاد قائم ہو جائیگا" علاوہ ازیں عراق و یمن کو عطائے آزادی کا مژدہ (جیسا کہ شاہ فیصل سے جناب کو معلوم ہوا) فلسطین کی حکمبرداری کے اختتام کی توقع مصری معاملات میں انگریزوں کی عدم مداخلت یہ سب پیام ہائے شیریں بے حد امید افزا ہیں۔ اور ہمارے ملک کے بہترین معلومات رکھنے والوں کے لئے بھی یہ ایک خبر جدید ثابت ہوگی۔ مگر بدقسمتی سے مسلمانوں کی اکثریت کو جناب کی بہم کردہ خبروں پر یقین لانے میں تامل ہوگا کیونکہ گورنمنٹ کی سابقہ پیمان شکنیوں کو دیکھ کر وہ بہت محتاط ہو گئے ہیں اور بالخصوص کسی باضابطہ اور سرکاری اعلان کی عدم موجودگی میں محض نجی اطلاعات کو وہ وقعت بھی حاصل نہیں ہو سکتی جو ایک سرکاری "عہد و پیمان" میں مضمر ہے۔ اس لئے میں امید کرتا ہوں کہ آپ براہ کرم گورنمنٹ کی جانب سے جلد ہی کوئی سرکاری اعلان شائع کرانے میں کامیاب ہوں گے جس سے عامۃ المسلمین کو اطمینان ہو سکے۔

ہندوستان کے متعلق جناب کے اس ریمارک سے بہت توقعات پیدا ہو گئی ہیں کہ گول میز کانفرنس میں ہندوستانی نمائندوں سے گفت و شنید کر کے اہل برطانیہ نے محسوس کر لیا ہے کہ ہندوستان پوری طرح اپنے بلوغ کو پہنچ چکا ہے اس لئے زمانہ ولایت ختم ہو جانا چاہئے اس کے علاوہ جناب کا یہ ارشاد کہ برٹش گورنمنٹ محض عارضی تحفظات اپنے پاس رکھنا چاہتی ہے ہر ہندوستانی کو قابل قبول ہونا چاہئے مگر جو اندازہ جناب نے آئندہ اصلاحات کا قائم کیا ہے وہ بہت امید [illegible]

سرحد کو اصلاحات دینے کا راز

صرف یہی وجہ شکایت نہیں ہے بلکہ ایک اہم سوال اور باقی رہ جاتا ہے وہ یہ ہے کہ صوبہ سرحد کو موجودہ اصلاحات دینے میں جو تاویل کی گئی ہے وہ آئندہ کمل اختیارات خود اختیاری دینے کی خواہش پر مبنی ہے یا کوئی اور راز درون پردہ ہے؟ میں جناب کی اطلاع کے لئے اس اندیشہ کا اظہار کئے دیتا ہوں جو اکثر مسلمانوں کے دلوں میں جاگزیں ہے وہ کہہ رہے ہیں کہ یہ نئی رحمت موجب زحمت ثابت ہوگی۔ ان کا خیال یہ ہے کہ موجودہ اصلاحات کو مکمل اختیارات خود اختیاری نہ دینے کے لئے ایک بہانہ بنایا جائیگا۔ اور بہت ممکن ہے کہ آئندہ یہ کہا جائے کہ چونکہ اس صوبہ کو حال میں ہی گورنر کا صوبہ بنایا گیا ہے۔ اس لئے مکمل حکومت خود اختیاری دئے جانے سے پیشتر ضروری ہے کہ اسکو نیا دستور اساسی کا پورا تجربہ ہو جاوے۔ اگر اس قسم کا حیلہ تراشا گیا تو ظاہر ہے کہ موجودہ نئی اصلاحات محض ایک دھوکہ کی ٹٹی اور موج سراب ثابت ہوں گی۔ [illegible]

سرحد میں مسلم اقلیت

[illegible]

اعلیٰ حضرت فرمانروائے دکن کا ورود لکھنؤ
دار العلوم ندوۃ العلماء میں رونق افروزی

[illegible]

موسم بہار کیلئے حلال شراب برف ڈال کر پینے کی چیز
[illegible]
طبی کمپنی دہلی سے منگائیے

پیشوا کا حج نمبر مفت
[illegible]
منیجر رسالہ پیشوا دہلی

قرآن شریف مترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا
[illegible]
ملنے کا پتہ: محمد حسین مالک اخبار مدینہ و رسالہ پیام تعلیم بجنور (یو۔ پی)

مقویات سراج عالم
[illegible]
وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال سات دن میں جڑسے کالا
[illegible]
منیجر گنگا پرشاد کمپنی بہار سٹیشنری سٹورٹ [illegible]

تارکاپتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۱ - ۲۵ - ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (〃)
ایک کالم (〃)
½ کالم (〃)
¼ کالم (〃)

سہ روزہ
ید اللہ علی الجماعۃ
الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۵ | دہلی - یوم یکشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۰ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۱

معاصرین کے افکار و آراء

ایک فریب خیال (مدینہ)

"برطانوی تجارت کے قلب پر ضرب" (ملت)

روس پر اعلان جہاد! (مدینہ)

مسلم اخباروں سے مسلمانوں کا سلوک (پیچ)

انگریزی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کیلئے)

"برطانوی مال خریدو"
انگلستان میں ملکی مصنوعات کی ترغیب کیلئے جدوجہد

انگلستان میں ہندوستانی مصنوعات کی قدردانی
ہندوستانی پیداوار سے ملکہ معظمہ کی دلچسپی

چین کے مشرقی کتب خانہ کی المناک تباہی
شنگھائی کی لائبریری پر ایک چینی پروفیسر کا نوحہ

انگلستان کے محکمہ ڈاک میں ترقی
ایک سال میں کتنے خطوط، پارسل اور تار روانہ کئے گئے

ضروری گزارش

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین خشک میوے رنگی کلاہ - رومال (مشہدی سندی پشاوری) پنکھے چپلیاں - نسوار سرکہ انگوری - اصلی میرہ اور نایاب جڑی بوٹیاں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد، عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHE MAFG: Co: INDIA
POST BOX 88 KARACHI

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دیئے جائیں گے جو ہمارے ایجاد کردہ دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کرے گا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

عید کی خوشی میں عید کے روز ڈالیں گے تو یہ آپ کو دو چند خوش کردے گا اور بالوں کی سیاہی قائم رکھنا جڑوں کو مضبوط کرنا، بالوں کو چکدار اور ملائم کرنا بالوں کو گھنا اور لمبا کرنا اس کا اصلی فعل ہے۔ سر کے چکر درد سر آنکھوں کی گرمی دور کرکے دل کو تسکین دیتا ہے۔ غرض یہ کہ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جو صاحب ایک مرتبہ بھی اس کو استعمال کریں گے ہمیشہ یہی تیل پسند کریں گے۔

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ
منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

منشی کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۳۵ دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

قرابادین مفید عام
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

منیجر کتبخانہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اسکو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمالیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس میں اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی عہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ علاوہ محصولڈاک دو روپے (ع)

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ہے قسم دوم حنا شدہ عہ علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

نکات و لطائف

(از قلم جناب ملا رموزی صاحب فاضل الہیات بھوپال)

لیجئے اسے کہتے ہیں "حسن اتفاق" کہ ادھر ملا رموزی نے ۹ مارچ ۱۹۳۲ء کے "نکات و لطائف" میں شکایت کی کہ اخبار "الجمعیۃ" کبھی کبھی ہمارا "الجمعیۃ الاجتماعیۃ العلماء الہند" بن جایا کرتا ہے اس لئے ملا رموزی کے لطائف و نکات دھرے رہ جاتے ہیں، بس ان خیالات یا شکایت کا شائع ہونا تھا کہ جمعیۃ العلماء کے گرامی مراتب ارکان کو جو ملا رموزی پر تاؤ آیا تو بعد میں محترم نے فوراً ہی ایک آرڈیننس جاری کردیا ...

ترجمان القرآن

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد مدظلہ العالی کو سیاسی اور مذہبی دنیا میں جو بلند پایہ اور رفیع مرتبہ حاصل ہے وہ کسی تعارف اور تشریح کا محتاج نہیں، آپ کی ذات گرامی مذہب و سیاست کی جامع اور حقائق دینیہ کا بے مثل سرمایہ دار ہے اور بلاشبہ کہا جاسکتا ہے کہ تمام ہندوستان بلکہ تمام عالم اسلامی مولانا نے محترم جیسی جلیل و عظیم شخصیت کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ مولانا ہندوستان کے سب سے بڑے خطیب سب سے بڑے انشاپرداز اور سلطان القلم ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تقریر و تحریر میں جو اسلوب بدیع عنایت فرمایا ہے اور جو سحر حلال آپ کے ہر فقرے، ہر سطر اور ہر لفظ میں رکھ دیا ہے وہ ایک ایسی خصوصیت ہے جس میں کوئی شخص بھی آپ کا شریک و سہیم نہیں ...

وہ اس تفسیر کو خرید کر ضرور مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ قرآن کریم خود اپنے آئینہ میں کیا نظر آتا ہے۔

تفسیر نہایت اعلیٰ کاغذ اور عمدہ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع ہوئی ہے صفحات ۵۳۱ قیمت بلاجلد ۵ روپے مجلد ۷ روپے۔ دفتر ترجمان القرآن دریا گنج دہلی سے طلب کرنے پر مل سکتی ہے۔

مولانا شفیع داؤدی کا عذر گناہ

(بسلسلہ صفحہ ۲)

now in session at Delhi an invitation to visit the North-West Frontier Province and see conditions there for yourself. If you accept this invitation, he would only ask that you would go straight to Peshawar and while in Peshawar would be guided by his advice as to the places which you should visit and generally the persons to whom you should give interviews. If you decide to accept this invitation, will you please let me know as soon as possible.

Yours sincerely,

(Sd) E. B. Howell

فارن اینڈ پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ

نئی دہلی۔ مورخہ ۵ جنوری ۱۹۳۲ء

مائی ڈیر مولوی۔ میں چیف کمشنر صوبہ سرحد سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتا رہا ہوں اور انہوں نے (چیف کمشنر نے) مجھ سے یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ میں آپ کو اور آپ کی وساطت سے ایک دو دیگر اراکین آل انڈیا مسلم کانفرنس کو جو آجکل دہلی میں اپنا اجلاس منعقد کررہی ہے) صوبہ سرحد کا سفر کرنے اور حالات کا خود مطالعہ کرنے کی دعوت پہنچا دوں۔ اگر آپ یہ دعوت قبول کرلیں تو چیف کمشنر آپ سے صرف یہ مطالبہ کرتا ہے کہ آپ سیدھے پشاور ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ ہجری

مسلم کانفرنس کی ابلہ فریبیاں

حکومت سے علانیہ تعاون اور قوم کو کھلا ہوا دھوکہ

(۱)

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ ہم گزشتہ سے پیوستہ اشاعت میں گول میز کانفرنس کے ساتھ تعاون و عدم تعاون کے متعلق مسلم کانفرنس کی دورخی پالیسی پر بحث کرتے ہوئے یہ بتاچکے ہیں کہ مسلم کانفرنس کے ایگزیکٹو بورڈ نے ۹ اگست ۱۹۳۱ء کو ہزار دقت و دشواری الہ آباد میں مولانا حسرت موہانی کے اصرار پر جو قرارداد منظور کی تھی ...

خلوص کا مظاہرہ

پھر جب مسلم کانفرنس کے گول میزی اراکین لندن سے واپس آئے اور حقوق مسلمین کے خواب کی کوئی تعبیر نہ ملی تو ایک مرتبہ پھر گول میزی اور غیر گول میزی دہلی میں سر جوڑ کر بیٹھے اور اسی مسئلہ پر بحث کے دوران میں بظاہر نوبت یہاں تک پہنچی کہ چند اراکین نے اپنے استعفے داخل کردیے اور نیشنلسٹ مسلمانوں کے ساتھ مل کر لکھنؤ میں ایک ...

مقاطعہ کا گورکھ دھندا

جنگ زرگری

تحریک مقاطعہ کا انجام

مخلصین کو تنبیہ

ملکا نا ٹھی چارج

مولانا شفیع داؤدی کا عذر گناہ

دہلی کے کوچہ و بازار میں ایک گمراہ کن پمفلٹ کی اشاعت

گزشتہ سے پیوستہ جمعہ کو جبکہ مسلمانان دہلی کے ایک زبردست اجتماع کے سامنے جامع مسجد میں حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے مظالم سرحد کے متعلق ایک معرکۃ الآرا تقریر فرمائی تھی اور مظالم سرحد کی آزاد تحقیقات اور آرڈیننس واپس لینے کا مطالبہ کرنے کے لئے ہزارہا مسلمانوں کا ایک جلوس شہر کے بڑے بڑے بازاروں میں نکالا گیا تھا اور کمپنی باغ میں معززین شہر کے پرامن مجمع پر نہایت سخت لاٹھی چارج کیا گیا تھا جس سے بہت سے دوسرے مسلمانوں کے علاوہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ ... گرفتار کرلیا گیا تھا، ٹھیک اسی دن دہلی کے کوچہ و بازار میں ایک پمفلٹ ہزاروں کی تعداد میں تقسیم کیا گیا تھا جس کے عنوانات "مسئلہ سرحد اور شفیع داؤدی" اور "بعض اخبارات کے گمراہ کن پروپیگنڈا کی حقیقت" تھے ...

نامہ نگار الجمعیۃ کا مدلل و مسکت جواب

اعتراف جرم اور مغالطہ انگیزیاں

ایک لغو اعتراض

کو بچشم خود دیکھنے کی دعوت دی تھی"۔ حالانکہ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ جس خط کا حوالہ مولانا شفیع داؤدی دے رہے ہیں اس میں کسی ایک جگہ بھی مسلم کانفرنس کی قرارداد کا ذکر نہیں کیا گیا ہے بلکہ اس کے بالکل برخلاف یہ لکھا گیا ہے کہ مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی (ابھی) اپنا اجلاس منعقد کررہی ہے۔ اصل تحریر کے الفاظ یہ ہیں:-

Confidential.

Foreign and Political Department, New Delhi,

5th January, 1932.

My dear Maulvi,

I have been in conversation on telephone with the Chief Commissioner of the North West Frontier Province and he desires me to convey to you and through you to one or two other members of the All India Muslim Conference

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فلسطین کے اعراب اور یہود کی جداگانہ تقسیم

تخت فلسطین کیلئے سابق خدیو کی مساعی

سیاسی حلقوں میں یہ خبر گشت کررہی ہے کہ خدیو سابق نے تخت فلسطین کے لئے بشرط عائد کی ہے کہ فلسطین اور شرق اردن عربیہ اور یہود یہ دو حصوں میں منقسم کردیا جائے ایک اطلاع مظہر ہے کہ مجلس عالمہ عربیہ نے اس تقسیم کو تسلیم کرلیا ہے ...

مصری روئی کی برآمد

امریکہ میں مصری پنبہ پر جدید محصول

مصر میں بیرونی جوتوں کی درآمد

صنعت چرم سازی کو ترقی دینے کی سعی

حکومت اٹلی اور حجاز میں معاہدہ

مصری افواج کے اخراجات

شام میں سرکاری عہدوں کا سوال

مدینہ منورہ جانے والے حجاج

فلسطین میں مہاجرین کی تعداد

یمن اور حجاز میں دوستانہ معاہدہ

ہر حکومت شرعی احکام کو مقدم رکھے گی

اہم دفعات کا خلاصہ

حسب الحکم امام یحییٰ حمید الدین والی یمن اور عبدالعزیز سلطان ابن سعود والی حجاز و نجد فریقین کے نمائندوں سے جمع ہوئے اور حسب ذیل معاہدہ دونوں کے درمیان منعقد ہوگیا اس معاہدہ کا مقصد یہی ہے کہ دونوں حکومتوں میں دوستی اور محبت کے تعلقات زیادہ مستحکم ہوں اور سیاسی اختلافات کو حسن تفاہم کے ذریعہ طے کیا جائے ...

تخفیف اسلحہ کانفرنس میں ترکی نمائندہ کا نظریہ

آتشبار اسلحہ اور جنگی طیاروں کو موقوف کیا جائے

ترک اور قرآن

کوئی ترک قرآن عزیز سے ناواقف نہ رہنے پائے

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

مسجد کوچہ رائمان کی توہین پر پُرزور صدائے احتجاج

یکم اپریل کو تمام ہندوستان میں یوم مسجد منایا جائیگا

دہلی ۱۸ مارچ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مسلمانانِ دہلی کی طرف سے ایک عام جلسہ منعقد کیا گیا جلسہ کا اعلان پوسٹروں کے ذریعہ تمام شہر میں کر دیا گیا تھا اور جلسہ کی غرض یہ بتلائی گئی تھی کہ کوچہ رائمان والی مسجد کی توہین پر مسلمانانِ دہلی اپنے پُرخلوص جذبات کا اظہار کریں گے۔ چنانچہ جلسہ میں چند ہزار مسلمانوں کا اجتماع ہو گیا۔ حافظ عبدالغفار صاحب نے جلسہ کا افتتاح کلام مجید کی تلاوت سے فرمایا۔ مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی تحریک اور مولانا عبدالحلیم صاحب مہتمم اخبار الجمعیۃ کی تائید سے مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ جلسہ کے صدر منتخب ہوئے۔ سب سے پہلے مولانا عبدالماجد صاحب نے ایک پُرجوش، مفصل اور بسیط تقریر فرمائی اور گذشتہ ہفتہ کے پولیس...

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کے مقدمہ کی سماعت

مسٹر سردار عبدالصمد خاں سٹی مجسٹریٹ اور دیگر گواہان استغاثہ کے بیانات

مولانا نے اپنا تحریری بیان عدالت میں پیش کر دیا

(از نامہ نگار)

دہلی، ۱۸ مارچ آج ڈسٹرکٹ جیل میں مسٹر پول ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کا مقدمہ پیش ہوا۔ آپ پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ مسٹر جانسن ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی طرف سے ۹ مارچ کو جو نوٹس اختیارات کے آرڈیننس کے ماتحت جو نوٹس آپ کے نام جاری ہوا تھا۔ آپ نے اس کی خلاف ورزی کی ہے۔

مجسٹریٹ لیکن ملزم تو جیل میں تھا کیا اس نے یہ اعلان جیل سے شائع کئے تھے؟ مجسٹریٹ نے مزید کہا کہ یہ ثابت کرنا چاہئے کہ ملزم نے یہ اعلان شائع کئے تھے۔

مولانا نے اقرار کیا کہ میں جمعیۃ علماء ہند کا صدر ہوں۔

مسجد کوچہ رائمان کی توہین کا معاملہ

تحقیقات کیلئے ایک مجلس کا تقرر

(الف) وہ حالات جن سے مسجد کی بے حرمتی کی گئی۔

(ب) وہ حیلہ جس کی آڑ میں یہ بے حرمتی کی گئی۔

(ج) بے حرمتی کے دوران میں کون کون سے افعال سرزد ہوئے۔

(د) مسجد کو کیا کیا نقصان پہنچایا گیا۔ کیا کوئی نقصان مسجد میں رہنے والوں اور عبادت کرنے والوں کو بھی پہنچا۔

(۴) عبداللطیف خاں صاحب۔

سوال۔ کیا آپ کو کچھ اور کہنا ہے؟

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کے مقدمہ کا فیصلہ

اٹھارہ ماہ قید سخت کی سزا

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کے مقدمہ کا آج مسٹر پول ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے فیصلہ سنا دیا۔ آپ کو نوٹس کی خلاف ورزی کے الزام میں اٹھارہ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

مجسٹریٹ نے مولانا کو اے کلاس دینے کی سفارش کی ہے۔ حضرت علامہ مجسٹریٹ کو دیکھ کر مسکرائے اور فیصلہ کو نہایت اطمینان اور سکون کے ساتھ سنا۔

(مفصل آئندہ)

صوبہ سرحد کے مظالم

مولانا محمد عرفان صاحب کے تاثرات

موجودہ اصلاحات ناکارہ اور فضول ہیں

مولانا شوکت علی صاحب گذشتہ ہفتہ صوبہ سرحد تشریف لے گئے تھے تاکہ آپ ان مظالم کی تحقیقات کریں جو غیور سرحدی بھائیوں پر حکومت کی طرف سے توڑے جا رہے ہیں۔ مولانا کا جس طرح سرحدی مسلمانوں نے استقبال کیا اور مظاہرہ کرنے پر آپ کے سامنے جو ساٹھ ستر مسلمان گرفتار کئے گئے وہ حالات الجمعیۃ میں شائع ہو چکے ہیں۔

حضرت مفتی صاحب کے سوالات

مولانا نے گواہ پر جرح کرتے ہوئے چند سوالات کئے۔

گواہ۔ ہاں آپ نے حاضرین کو یہی حکم دیا تھا۔

عدالت میں مفتی صاحب کا بیان

سردار عبدالصمد خاں سٹی مجسٹریٹ

مفتی صاحب کے اعلانات

سید علی شاہ سب انسپکٹر

عدالت۔ پولیس کس طرح تعینات ہوئی؟

ناظم جمعیۃ علماء ہند مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمات کی سماعت

نکات و لطائف

(بسلسلہ صفحہ ۳)

اسمبلی کے اجلاس میں کوچہ رائمان کی مسجد کا معاملہ

"یہ قطعی ناممکن ہے کہ مسجد سے پتھر پھینکے گئے ہوں"

مسلم ممبران کی تقریریں، صفائی میں حکومت کی بیجا تاویلات

دہلی ۱۵ مارچ۔ کل اسمبلی کے اجلاس میں شام کو ۴ بجے مسٹر شاہ مسعود احمد صاحب نے تحریک التواء اجلاس پیش کرتے ہوئے مختصر طور پر ان واقعات کا تذکرہ کیا جو تین روز تک شہر دہلی میں رونما ہوتے رہے۔

مسجد کی توہین ضرور ہوئی

حکومت کی طرف سے صفائی

مفتی صاحب کا رفیع مرتبہ

توہین کا اقرار اور ملک وکٹوریہ کے اعلان کا اعادہ

چین آخر وقت تک لڑنے کیلئے تیار ہے

مکڈن میں چینیوں کی بغاوت

جاپانی افواج کی واپسی

شنگھائی کی اطلاعات مظہر ہیں کہ وہاں اس خبر سے اب قدرے سکون ہو گیا ہے کہ جاپان اپنی فوجیں واپس بلا رہا ہے لیکن اسی کے ساتھ سابقہ منچوریہ میں بغاوت کی خبروں سے تشویش پیدا ہو گئی ہے۔

ٹوکیو کا ایک تار مظہر ہے کہ دفتر حربیہ جاپان نے اعلان کیا ہے کہ رنتوجی دستہ اور کرد کے بریگیڈ کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ شنگھائی سے واپس آ جائیں۔

منچوریہ میں بغاوت

فرقہ وارانہ مسئلہ اور حکومت

دارالعوام میں وزیر ہند کی ٹال مٹول

لندن ۱۸ مارچ۔ برطانوی دارالعوام کے اجلاس میں آج مسٹر الفریڈ ناکس نے یہ سوال کیا کہ آیا حکومت ہندوستان کے فرقہ وارانہ مسئلہ کا ابھی کوئی فیصلہ کرانہیں چاہتی۔

جرمن میں انتخابی سرگرمیاں

وان ہنڈنبرگ کی کامیابی کا امکان

حکومت کو اسمبلی میں شکست

تخفیف اخراجات کے مسئلہ میں مخالف پارٹی کی کامیابی

گاندھی جی کی اہلیہ کو دوبارہ سزا

دہلی میں شراب پر پکٹنگ شروع ہو گیا

صوبہ سرحد میں حالات کی نزاکت

بادشاہ گل اور فقیر علی کہاں ہیں؟

حاجی صاحب ترنگ زئی کے مکان پر بم باری

پشاور ۱۸ مارچ۔ شاہی ہوائی تاخت کی کارگذاری کے باعث حاجی صاحب ترنگ زئی کے مکان کو خصوصیت سے نقصان پہنچا ہے۔

موافقین اور مخالفین کی فہرست

صوبہ سرحد کی لیجسلیٹو کونسل کا ممبر

سرحدی جرائم کی ریگولیشن کی واپسی

توہین مسجد پر اظہار ملامت
مسلم مشترکہ بورڈ دہلی کا جلسہ

تجویز:- مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا یہ جلسہ پولیس کے ۱۲ مارچ ۳۲ء کو مسجد کوچہ رائمان دہلی کے کواڑ توڑ کر جوتوں سمیت مسجد میں گھسنے - نمازیوں کو زدو کوب کرنے اور سامان مسجد کے نقصان پہنچانے کو انتہائی رنج و غصہ کی نظر سے دیکھتا ہے اور پرزور مذمت کرتا ہے۔

نیز لوکل گورنمنٹ اور گورنمنٹ آف انڈیا سے درخواست کرتا ہے کہ مقدس عبادت گاہ کی توہین کرنے والے افراد کو قرار واقعی سزا دی جاوے اور نقصان کی معقول تلافی کی جاوے۔

۲- مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی کا یہ جلسہ اراکین اسمبلی کا شکریہ ادا کرتا ہے جن حضرات نے مسجد کوچہ رائمان کے سلسلہ میں تحریک پیش کی اور اس کی تائید میں حصہ لے کر جوش ملی کا مستحسن ثبوت دیا۔ نیز ان غدار مسلم اراکین پر اظہار ملامت کرتا ہے جو اس خالص مذہبی تحریک کے خلاف گئے۔

ضیاءالدین احمد آنریری جوائنٹ سکرٹری
مشترکہ بورڈ مسلم انجمن ہائے دہلی

انجمن تہذیب الکلام کا اہم جلسہ
حوض والی مسجد کی توہین پر اظہار غم و غصہ

آج بتاریخ ۱۳ مارچ ۳۲ء بوقت عشاء انجمن تہذیب الکلام کا ایک عام جلسہ ... مسجد کوچہ رائمان کی ...

قضیہ رام گڑھ اور مولانا شوکت علی

روانگی کے وقت آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ رام گڑھ جا کر خود حالات دیکھوں گا سنا گیا ہے کہ مولانا محمد عرفان صاحب اور رغازی محی الدین صاحب کو اس قضیہ کے تصفیہ کے لئے چھوڑ گئے ہیں۔ دیکھنا چاہیے یہ حضرات کیا کرکے آتے ہیں مسلمانان رام گڑھ سخت پریشان ہیں اس لئے کہ مسجد کے چھپر میں آگ لگانے کا الزام بھی مسلمانوں کے سر تھوپا جارہا ہے۔ حالانکہ ہندوؤں نے راؤ راجہ صاحب کی موجودگی میں اور عمال مہکانہ کی موجودگی میں دو مرتبہ آگ لگائی اور قبرستانوں کی تمام باڑ جل کر بھسم ہوگئی جن کے خلاف نہ کوئی مقدمہ چلا اور نہ کوئی تنبیہ ہوئی ہندوؤں نے مسجد میں آگ لگائی اور مسلمانوں ہی کو مورد الزام قرار دیا جارہا ہے کیونکہ راؤ راجہ صاحب ہندوؤں کے خلاف کچھ کرنا نہیں چاہتے جن کی وجہ سے وہ اس قدر شیر ہوگئے ہیں۔

محمد اسحٰق مدیر تبلیغ از دہلی

مجاہدین آگرہ کی محاذ کشمیر پر روانگی

۱۸ مارچ بعد نماز جمعہ بارہ ہزار مسلمانوں کے عظیم الشان جلوس کے ساتھ مجاہدین آگرہ کا ایک جتھا اسٹیشن آگرہ پر تین بجے پہنچا - جہاں مجلس احرار آگرہ کے معزز اراکین اور مجاہدین آگرہ کو جناب مولانا سید حبیب علی صاحب ہاشمی نے پھولوں کے ہار پہنائے اور مجاہدین آگرہ اسلام زندہ باد - اللہ اکبر کے نعروں میں رخصت ہوئے۔ ٹونڈلہ پر مجاہدین کے انتظار میں سینکڑوں مسلمان جمع تھے۔ مجاہدین آگرہ جلوس کے ساتھ نعرے لگاتے ہوئے جامع مسجد ٹونڈلہ پہنچے۔ بعد نماز مغرب مولانا سید علی صاحب ہاشمی نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی جس کا اثر یہ ہوا کہ مسلمانان ٹونڈلہ نے مجلس احرار قائم فرمانے کا وعدہ فرمایا۔ اور بعد نماز عشاء مسلمانان ٹونڈلہ نے مجاہدین آگرہ کو ضیافت طعام کے بعد رخصت کیا۔ مجاہدین آگرہ ۱۰ بجے شب کی گاڑی سے روانہ ہو کر علی گڑھ پہنچے اور بارہ ...

حمایت و اعانت مظلومین کیلئے پہلا قدم

ہر شخص جو کشمیر اور سرحد کے مظالم اور بے انصافیوں میں اپنے مظلوم اور مصیبت زدہ بھائیوں کی معاونت کا خواہاں ہے اسکو چاہیئے کہ

(۱) دیسی اشیاء کی عموماً اور گھریلو صنعتوں کی خصوصاً سرپرستی کرے اور اس طرح کفایت شعارانہ زندگی بسر کرنے سے جو کچھ بچا سکے اس کا ایک حصہ آزادی کشمیر و سرحد کے لئے اس وقت تک وقف کردے جبتک کشمیر و سرحد جور و ظلم سے پاک ہوکر آزاد نہ ہو جائے۔

(۲) ہر قسم کے ملکی اداروں کی جن میں ملکی سرمایہ لگا ہوا ہے سرپرستی کرنا تاکہ ملک میں فلاح و خوشحالی کی ترقی ہو اور ہر شخص معاونت کے لائق ہو سکے۔

(نوٹ) مثلاً کپڑے، لوہے، دیاسلائی کے کارخانے، بنک، انشورنس وغیرہ

(۳) منشیات اور ہر قسم کے مخرب اخلاق اعمال سے اجتناب کرنا اور اس کی دوسروں کو تلقین کرنا تاکہ قوم میں اخلاقی بلندی پیدا ہو۔

(۴) ہر قسم کی کفایت شعارانہ زندگی بسر کرکے جو کچھ پس انداز ہو اس کا ایک حصہ تحریک حریت یعنی آزادی کشمیر و سرحد پر صرف کرنا۔

مندرجہ بالا امور پر کلاً یا جزاً عمل کرکے آپ جہاد حق و حریت میں شرکت کا ثواب حاصل کر سکتے ہیں۔

محمد قاسم عثمانی امیر ضلع مجلس احرار گیا۔

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا ہیر اپن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہنچتی ہے۔ ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے

نیپ ٹیہر اپن

چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (۱؎ ۴)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔ پی)

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔

گلدستہ قاسمی مفت

مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند

غنچہ

بڑھاپے میں جوانی

طلاء مقناطیسی

جاوید نامہ

نام و دو تو

حکیم محمد ظہیر علی کلاں محل دہلی

برقی پستول

محبوب عاشق کے قدموں پر

صرف چند روز کیلئے مفت

فینسی رسٹ واچ مفت



مدینہ

حلقہ ... کا استعمال

وفد جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا کانپور میں خیر مقدم

وفد جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ مرادآباد کا کانپور میں بہت شاندار خیر مقدم کیا گیا یہاں کے علماء و معززین نے اس وفد کے اغراض و مقاصد کی تائید کی۔ جمعیۃ العلماء (شاخ دہلی) نیشنل پارٹی - احرار اسلام کے سکرٹریوں کی طرف سے ۱۸ مارچ کی شب میں زیر صدارت مولانا حسرت موہانی صاحب خانقاہ شریف میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں تقریباً ہر طبقہ کے اصحاب شریک تھے۔ مندرجہ ذیل اصحاب خاص طور پر لائق ذکر ہیں۔

مولانا عثمان صاحب صدر جمعیۃ العلماء شاخ دہلی - مولانا ابوالضیاء حکیم نور ار صاحب ناظم جمعیۃ العلماء شاخ دہلی - محمد منصور عالم صاحب بی اے ایس سی سکرٹری نیشنل پارٹی - ڈاکٹر ابوالفرح صاحب سکرٹری احرار اسلام - معین الدین احمد صاحب صدیقی ایم اے وکیل - سید خبیر حسین صاحب نقیل ایڈیٹر اخبار انصاف - خواجہ عبدالسلام صاحب ایڈیٹر اخبار انصاف - خواجہ عبدالسلام صاحب ایڈیٹر اخبار صداقت مولوی محمد صالح خاں صاحب - حکیم خواجہ عبدالشکور صاحب - مولوی حکیم ... صاحب - مولوی محمد محسن صاحب - حاجی شرف الدین صاحب - حافظ خلیل الرحمٰن صاحب۔

۱۸ مارچ کی شب میں جمعیۃ العلماء کانپور (شاخ دہلی) کا جلسہ ہوا جس میں بہت سے مقامی علماء نے شرکت فرمائی - مولانا عمر دراز بیگ صاحب ناظم جمعیۃ العلماء

صوبہ متحدہ نے سکرٹریوں کی درخواست پر یہاں کے قومی اداروں اور عربی مدارس کا معائنہ فرمایا۔ نیز مسلم اسکول و مسلم یتیمخانہ کو دیکھا جس سے معززین ساختہ رہے۔ مولانا کرم علی صاحب بھی مدرسہ جامع العلوم کے معائنہ کے وقت ناظم صاحب کے ساتھ تھے۔ ناظم صاحب مولانا عبدالکافی صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کانپور کے والد صاحب کی خدمت میں بھی بغرض تعزیت تشریف لے گئے جو ناظم صاحب کی روشن خیالی اور خوش اخلاقی کی بین دلیل ہے۔ ناظم صاحب اپنی بلند نظری و وسعت قلبی کی بنا پر جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے دفتر میں بھی تشریف لے جانا چاہتے تھے مگر یہاں کے معززین نے بالخصوص مولانا عبدالکافی صاحب مرحوم کے والد ماجد مولانا عبدالرزاق صاحب نے فرمایا کہ اب اس جمعیۃ کا کانپور میں کوئی دفتر نہیں ہے۔ مولانا صاحب نے ناظم صاحب سے یہ بھی فرمایا کہ جب تک روپیہ رہا اس وقت تک دفتر بازار میں رہا لیکن جب روپیہ ختم ہوگیا تو مولانا مرحوم اس دفتر کو اپنے مکان پر ہی لے آئے تھے اور اس کے چند رجسٹر ایک الماری میں مقفل ہیں۔ یہاں کے ہمدرد مسلمانوں نے ناظم صاحب کی خدمت میں ایک کیسہ زر بھی پیش کیا جس کی فراہمی میں گلزار احمد خاں صاحب ایڈوکیٹ و سید ذاکر علی صاحب ایڈوکیٹ نے خاص طور پر حصہ لیا۔

سید ابو محمد ثاقب

اردو اکادمی جامعہ
مضمون اور مباحثہ

اردو اکادمی جامعہ کا ایک جلسہ ۹ مارچ ۳۲ء ۸ بجے شب تعلیمی مرکز قرولباغ میں منعقد ہوگا جس میں مولانا محمد اسلم جے راجپوری "مغربی تہذیب پر اسلام کا اثر" کے عنوان پر ایک مضمون پڑھیں گے۔ مولانا محمد اسلم نے از راہ عنایت جلسہ کی صدارت قبول فرمائی ہے۔

مضمون کے بعد ایک علمی مباحثہ زیر صدارت پروفیسر محمد مجیب صاحب بی اے (آکسن) ہوگا جس میں ڈاکٹر ذاکر حسین خانصاحب تجویز پیش کریں گے کہ "ہندوستانی یونیورسٹیوں کی موجودہ تعلیم مجموعی حیثیت سے ملک و قوم کے لئے مضر ہے" - جناب خواجہ غلام السیدین صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج علی گڑھ اس کی مخالفت کریں گے۔

نئی اور حضرات بھی جو تعلیم کے مسئلہ سے دلچسپی رکھتے ہیں اس مباحثہ میں حصہ لیں گے۔ امید ہے کہ علم دوست حضرات شرکت فرماکر فاضل مقررین کے خیالات سے مستفیض ہوں گے۔

مہتمم اردو اکادمی جامعہ

ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کی گرفتاری پر احتجاج
مسلمانان لائل پور کا جلسہ

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی گرفتاری پر یہاں لائل پور کے مسلمانوں نے شب گذشتہ جلسہ کرکے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس کیا جلسہ میں مولانا محمد مسلم صاحب مدرس اعلیٰ مدرسہ عربیہ و شیخ فرخوب احمد صاحب بیرسٹر اور نور اسلام علیہ نے تقریریں کیں اور بتایا کہ مفتی صاحب جیسے محسن کو گرفتار کرکے حکومت نے اپنی دور اندیشی کا ثبوت نہیں دیا بلکہ عجلت اور کم فہمی کا ثبوت دیا ہے۔

تجویز:- مسلمانان لائل پور کا یہ پبلک جلسہ موجودہ حکومت کی اس کم فہمی پر جو کہ اس نے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند و ڈکٹیٹر جمعیۃ العلماء ہند کو گرفتار کرکے ظاہر کی ہے۔ سخت افسوس اور رنج کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کی اس کارروائی کی مذمت کرتا ہوا مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے لئے دعاء صبر و استقلال کرتا ہے اور ان کو اسلامی ہمدردی میں کام کرتے ہوئے گرفتاری پر مبارکباد دیتا ہے۔

سکرٹری مجلس احرار اسلام
لائل پور

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لہذا

معجون مددگار غدود

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

بال جڑ سے کالا

مقوڑا لیکا ماتین روپے زیادہ لیکا بال ... کالا نہ رہے تو دو نام واپس۔ پتہ:- بال کالا اسٹور کنسی سری در بھنگہ



سناٹوجن ...

SANATOGEN

آج ہی سناٹوجن کی ایک بوتل خریدیے ہر دوا فروش سے مل سکتا ہے

مقویات سراج عالم

آتنک نگرہ گولیاں قبض اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی و کمی جریان

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

پیشوا کا حج نمبر مفت

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

از دفتر پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ لاہور

طابع و ناشر قرآن مجید ... و دیگر اسلامی مطبوعات

الراقم محمد احسان

گریٹ کلیئرنس سیل



دی یونائیٹڈ واچ کمپنی پی۔ بی۔ ۱۲۲۱۶ کلکتہ

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

محمد حفیظ الدین قریشی تاجر کتب مالک قریشی بک ایجنسی (۲) کشمیری بازار لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزنامہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم	۵	۹	۱۳
۱۷	۲۰	۲۴	۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...

نصف صفحہ ( ) ...

ایک کالم ( ) ...

½ کالم ( ) ...

¼ کالم ...

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ...

ششماہی ...

سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ...

ششماہی ...

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۵ | دہلی ۔ یوم پنجشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۲

معاصرین کے افکار و آراء

نکاح اور شادی کے اخراجات (امارت)

مسلمان رسم و رواج کے پیچھے برباد ہو رہے ہیں مگر افسوس ہے کہ وہ ان رسم و رواج کو کسی طرح ترک نہیں کرتے بلکہ اگر ایک کو چھوڑتے ہیں تو دوسری اس سے زیادہ بری رسم اختیار کر لیتے ہیں۔

شادیوں میں ہمارے یہاں جو فضول اخراجات اور اسراف و تبذیر ہوتے ہیں ... کہ دولہا میاں کو ایک مخصوص رقم "سلامی" ... "سونے" کی ایک قیمتی "انگوٹھی" دی جائے ۔ ایک اعلیٰ قسم کا "ریشمی" رومال دیا جائے ۔ ان شرطوں پر نکاح ہوتا ہے ۔ اس کے بعد دولہا میاں کے والد بزرگوار کا ایک خط ... کے نام آتا ہے کہ عزیزم سلمہ فلاں تاریخ آپ کے "سلام" کو ... اب یہ صاحبزادے اپنے خسر کے سلام کے لئے تشریف لائے ... پھر ایک معقول رقم انہوں نے "سلامی" کی وصول کی رجب شادی کی تاریخ مقرر ہوئی تو پھر ایک گراں قدر رقم کی فرمائش دی گئی اور اس طرح ... کے بعد شادی کے مراسم پورے کئے گئے ۔ ان مراسم کے انہام کی بڑی ذمہ داری ہمارے صوبہ کے مشائخ کرام پر عائد ہوتی ہے کیونکہ عموماً ان ہی کے افراد اس قسم کے نکاح کرنے کے لئے طلب کئے جاتے ہیں اور نکاح کے بعد ان کے ذریعہ سلامی دی جاتی ہے ۔ یہی سونے کی انگوٹھی اس مرد کی انگلیوں میں پہناتے ہیں اور ریشمی رومال اس کے ہاتھ میں دیتے ہیں ...

بھی تھا جو گورنمنٹ کی جانب سے باشندگان صوبہ سرحد پر ہوئے اور ان کے خلاف الزامات لگے تھے ، صوبہ سرحد کے باشندوں نے اس کو پسند نہیں کیا کہ ان کے الزامات کی فہرست بیان کی جائے اور انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں ان الزامات کے بیان کرنے سے ہمیں اندیشہ ہے کہ ہمیں اور زیادہ نقصان پہنچے گا ۔ اس وجہ سے رپورٹ کی اشاعت ملتوی کی گئی ۔

سیٹھ عبداللہ ہارون صاحب کی اس گفتگو کو سن کر ہم یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ الجمعیۃ میں جو کچھ کہ مجلس عاملہ مسلم کانفرنس کی کارروائی کے حالات شائع ہوئے ہیں وہ صحیح ہیں اور اخبار ... وہ صحیح نہیں ہے ۔ ہماری رائے ہے کہ اب اس بحث کو ختم کرنا چاہئے اور جو کچھ غلطی ہو چکی ہے آئندہ اس سے سبق حاصل کرنا چاہئے ۔

مسلمانوں کے مطالبات (مدینہ)

اس مسئلہ پر غور کرنے کیلئے سب سے پہلے ہمیں مسلمانوں کے مطالبات کا مطالعہ کرنا چاہئے ۔ ان کی تعداد اس وقت تک زیادہ سے زیادہ ۱۴ ہے ۔ ان میں سے بیشتر مشترک ہیں ۔ مثلاً صوبہ سندھ کی علیحدگی ، صوبہ سرحد کو دوسرے صوبوں کے مساوی حقوق و اختیارات دینا ، تہذیب و تمدن ، تعلیم زبان اور مذہب کی حفاظت کا قانون بنانا وغیرہ وغیرہ اور بعض مختلف فیہ ہیں ۔ مثلاً پنجاب و بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت برقرار ... آئین متعین کر دینا ...

کوچہ ارکان کی سچا اور سرکاری بیان

سرحدی وفد کی رپورٹ

حکومت کے تدبر کا دیوالہ

جمہوریت چین

(از جناب سید عبدالدین صاحب چینی متعلم جامعہ ملیہ)

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین ، خشک میوے ، لنگی ، رومال (پشاوری ، مشہدی ، یزدی) کلاہ ، پنکھے ، چپلیاں ، نسوار ، سرکہ انگوری ، چائے سبز ، اصلی میرہ اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے ۔ چار آنہ کے ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیے ۔ فہرست مفت

منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

دلہن بہار تیل

ایک سو روپیہ انعام اس کو دئے جائیں گے جو ثابت کر دے کہ دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقص ثابت کرے گا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے ۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے ۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

چار نکاح کیجئے

لطف شباب کیمیائی سفوف و طلاء

ملنے کا پتہ حکیم مولوی نظیر علی (لکھنوی) پوسٹ بکس نمبر ۵۵ دہلی

دمہ ، بواسیر ، سوزاک ، کوڑھ ، سفید داغ ... کی دوا اگر ان مرضوں سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا نہ دے تو دام واپس ... پتہ جڑی بوٹی میڈیکل ہال ... در بھنگہ

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے ... کتابیں تصنیف فرمائی ہیں ۔ ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کا شدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے ...

قرابادین مفید عام کا ہر بااصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے ۔

قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک ۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں ۔

آجتک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے ہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا ۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیری خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل حسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے ۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عللہ علاوہ محصولڈاک ۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایۂ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے ۔ جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں ۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے ۔

محبت اسلامی سے آپ کو یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد ۔ مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ ... علاوہ محصولڈاک ۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور با محاورہ ہے اس کا ٹائٹیل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹیل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے ۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۰ ہجری

فرقہ وارانہ مسئلہ کا تصفیہ

حکومت ہند کا ایک اور اعلان

۹ مارچ کو نئی دہلی سے ایک سرکاری بیان شائع کیا گیا ہے جس میں ایک مرتبہ پھر حکومت کی طرف سے یہ اطمینان دلایا گیا ہے کہ ملک معظم کی حکومت بہت جلد فرقہ وار مسئلہ کا تصفیہ کرنے والی ہے اس بیان کے الفاظ یہ ہیں کہ

حکومت کو اطلاع ملی ہے کہ فرقہ وار تصفیہ نہ ہو سکنے سے اس پروگرام ...

ہے اور نتائج یہ کہ پوری اکثریت کو ناراض کر کے وہ نظام حکومت کو قائم نہیں رکھ سکتی بالخصوص ایسی حالت میں جب کہ صوبہ وار خود مختاری کا ذکر کیا جا رہا ہے اور مختلف صوبوں میں مختلف قوموں کی اکثریت ہونے والی ہے حکومت کے لئے یہ طریق عمل قطعاً غیر ممکن ہے کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ کھلم کھلا اتحاد کر کے اور ...

حکومت کا مقصد

قوموں کا اختلاف

ریاست کا تقاضا

طفل تسلیاں

اور جب اس کا اعادہ کیا جاتا ہے تو تھوڑی دیر کے لئے مطمئن نظر آنے لگتے ہیں۔

دوسری طرف حکومت کی ترکیب یہ ہے کہ وہ اس وقت تک ان گم کردہ راہ مسلمانوں کو الجھائے رکھنا چاہتی ہے جب تک کہ دستور سازی کے کام کا وہ حصہ پورا نہیں ہو جاتا جس کا تعلق ہندوستانیوں سے ہے، گول میز کانفرنس میں یہی ہوا کہ اس نے کوئی صاف وعدہ مسلم حقوق کے متعلق نہیں کیا، پھر اس کے بعد گول میز کمیٹیوں کے اعلان کے وقت یہی ہوا کہ اس نے حقوقیوں کو محض یہ کہہ کر ٹلا دیا کہ ہم فرقہ وار تصفیہ خود کر دیں گے۔ اور اب بھی یہی ہو رہا ہے کہ جب دنیا کو دکھانے کے لئے تھوڑا سا شور مچاتے ہیں وہ فوراً اسی اعلان کو پھر دہرا دیتے ہیں جو وزیر اعظم نے دسمبر میں کیا تھا۔ ہنوز روز اول ہے اور نتیجہ کچھ نظر نہیں آتا۔ ہمیں یقین ہے کہ حکومت اسی طریقہ کو آخر تک جاری رکھے گی اور جب مسلمانوں، ہندوؤں، سکھوں اور اچھوتوں سے اپنا کام کرائے گی اور دنیا کو دکھا چکے گی کہ ان تمام قوموں کے اشتراک عمل سے دستور مرتب کیا گیا ہے تو آخر میں فرقہ دار مسئلہ کے حل کا اعلان کر دے گی اور پھر کسی مخالفت کی پروا نہ کرے گی، چونکہ حکومت کو پہلے ہی سے معلوم ہے کہ اس کا حل کسی قوم کے لئے بھی من وعن قابل تسلیم نہ ہوگا اس لئے وہ اپنے مخالفین کو اس وقت موقع دینا نہیں چاہتی ہے، جب دستور سازی میں ان کی امداد لے چکے گی اس وقت اپنے تیے ہی منبر پر رکھ دے گی۔ سب ایک دوسرے کا منہ دیکھ کر رہ جائیں گے۔ اور آخر میں ہر قوم کے عافیت پسند دل کو جار و ناچار تعاون کرنا ہی پڑے گا کیونکہ پھر ان کے عدم تعاون کے لئے کوئی چیز باقی ہی نہ رہے گی۔

ہم اس قدر لکھ چکے تھے کہ ہمیں سر محمد اقبال صدر لاہور مسلم کانفرنس کا خطبہ صدارت اور مسلم کانفرنس کی بعض تجاویز موصول ہوئیں ہم انشاء اللہ ان کے متعلق آئندہ اظہار خیال کریں گے۔

سے انصاف کی امید رکھیں جو اس ملک کو مسلمانوں سے لینے کے دن سے ہی دعویٰ کر رہے ہیں کہ ہمارا کام ہندوستان میں غیر جانبدارانہ توازن قائم رکھنا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ قدم برطانوی ہمت اور راست بازی ایک دم تلون پذیر پالیسی سے اس طرح بدل گئی ہے کہ لوگوں کے دل میں اعتماد قائم نہیں ہو سکتا۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں وہ صرف اپنی حیثیت کو مستحکم بنانا چاہتے ہیں۔ اس لئے مسلمانوں کو اپنے مفاد کا فیصلہ کرنا ہے اور یہ وہ مسئلہ ہے جو کانفرنس کے کھلے اجلاس میں طے پانا چاہئے ہندوستانی مسلمانوں کی تاریخ میں سب سے زیادہ نازک وقت آگیا ہے۔ اب آپ اپنا فرض ادا کریں یا اپنے وجود کو مٹا دیں۔

مسلم کانفرنس میں منظور شدہ تجاویز

دو ماہ کے بجائے حکومت کو تین ماہ کا نوٹس

لاہور ۲۱ مارچ۔ بذریعہ ٹیلیفون خبر ملی ہے کہ آج شام کو مسلم کانفرنس میں بعض قوم پرور مسلمانوں نے برطانیہ کے خلاف نعرے بلند کئے لیکن وہ بہت جلد خاموش کر دئے گئے۔ آج کے اجلاس میں دو قرار دادیں منظور کی گئیں پہلی قرار داد میں مطالبہ کیا گیا کہ تمام ہندوستان میں مسلمانوں کو ایک تہائی ملازمتیں دی جائیں۔ دوسری قرار داد میں حکومت سے درخواست کی گئی کہ وہ مسلمانوں کے مطالبات فوراً منظور کر لے اور تین ماہ کے اندر اندر فرقہ وارانہ مسائل کا تصفیہ کر دے (سبجکٹ کمیٹی کے اجلاس میں دو ماہ کی میعاد مقرر کی گئی تھی)۔

حوادث و احکام

استفتاء

کتاب الطلاق

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید ایک (اغواء) جاہل بریرز نگار دور ... سال کے اندر اپنی منکوحہ سے ... ہو جایا کرتا ہے اس کے نان و نفقہ پر خیال رکھتا۔ تین بچے بھی تھے منجملہ اس کے ایک شیر خوار لڑکی تھی۔ لیکن رفتہ رفتہ عمر سے اور زید کی بی بی کے ساتھ ناجائز تعلق ہو گیا زید کو خبر ملتے ہی اپنی منکوحہ سے کچھ سختی کا برتاؤ کرنا شروع کیا لیکن نان و نفقہ بدستور جاری رکھا عجب اتفاق زید کے غائبانہ میں عمر اس کی بی بی کو لے کر مفرور ہو گیا بجائے اس پر بہت گرویدہ تھا حاکم وقت کی عدالت میں چارہ جوئی کرتا کام رہا تاہم ...

الجواب

استفتاء

الجواب

مسلم حقوق کی وضاحت اور سیاسی تنظیم کا پروگرام

برطانیہ کی راست بازی تلون مزاج پالیسی سے بدل رہی ہے

آل انڈیا مسلم کانفرنس میں سر اقبال کا خطبہ صدارت

لاہور ۲۱ مارچ۔ آل انڈیا مسلم کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے سر محمد اقبال نے فرمایا کہ ہم اس جگہ اس سوال کا حل سوچنے کے لئے جمع ہوئے ہیں کہ آیا اس تعاون کو جو ابتک جاری رکھا جا رہا ہے جس نے اب تک برطانیہ کی مشکلات کو رفع کیا ہے یا کوئی اور صورت اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ مقرر نے مسلمانوں کو کانگریس میں شریک ہونے کا مشورہ نہیں دیا کیونکہ اس نے حکومت اور اقلیتوں کے معاہدہ کو شکست دینے اور حکومت کو ...

صوبہ سرحد کے مظالم پر احتجاج

مسلمانوں کی غلطی

"حقوقیوں" کی سادہ لوحی

برطانیہ کی راست بازی کی حقیقت

محصول و کتابت کے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے

منیجر

مولانا شفیع داؤدی کا عذر گناہ

دہلی کے کوچہ و بازار میں ایک گمراہ کن پمفلٹ کی اشاعت

نامہ نگار الجمعیۃ کا مدلل و مسکت جواب

(۲)

ہر شخص بآسانی دیکھ سکتا ہے کہ ۵ر جنوری ۱۹۳۲ء کے خط میں جسے ہم نے مولانا شفیع داؤدی ہی کی فرمائش کے مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۲ء کے "ہندوستان ٹائمس" سے لفظ بلفظ نقل کر دیا ہے کسی ایک جگہ بھی مسلم کانفرنس کی قرار داد کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ مولانا شفیع داؤدی کا یہ فرمانا کہ سرا ول نے اس خط میں لکھا تھا کہ وہ چیف کمشنر ...

ہو سکتی تھی تو انہیں اسی وقت یہ کہنا چاہئے تھا کہ بیشک ہم چیف کمشنر صوبہ سرحد کی دعوت پر گئے تھے لیکن دعوت کا مفہوم یہ نہیں تھا جو اردو داں پبلک عام طور پر سمجھتی ہے بلکہ اس کا مفہوم کچھ اور ہی تھا جو انگریزی کی رسمی مراسلت کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے یہ دور کی کوڑی جو وہ آج نکال کر لائے ہیں انہیں اسی وقت نکالنی چاہئے تھی ...

مولانا شفیع داؤدی کا تبلیغ عام

مسلم کانفرنس پر افتراء

اتحاد کے بعد اقرار

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا

دور کی کوڑی

مجاہدین طرابلس کا نیا حکم

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

عدن کی قدیم تاریخ کا ایک ورق

بندرگاہ عدن کی زرخیزی اور تجارتی مرکزیت

موجودہ اور قدیم عدن کی عظمت کا موازنہ

قدیم زمانہ میں عدن یونانیوں میں بہت مشہور و متعارف تھا اور ان کی زبان میں عدن کو "یوڈامن" کہا جاتا تھا۔ قدیم تاریخ اور آثار سے پتہ چلتا ہے کہ جس زمانہ میں یونانی اور رومی باشندے بحری سفر کر کے مصر کے راستہ سے اوتیانوس کی آبادیوں میں آتے تھے اس وقت کسی ہندوستانی کا قدم عدن اور اس کے اطراف میں نہیں آیا تھا۔ ...

سبائی اور حمیری سلاطین کا عہد حکومت

عدن کی موجودہ حالت

روسی حکومت سے مسلمانوں کی درخواست

حکومت کا شکریہ اور مزید احتیاط کا مطالبہ

عشق آباد (روس) کا ایک عربی جریدہ رقمطراز ہے کہ باکو کے مسلمانوں نے صدر جمہوریہ روس کی خدمت میں ایک درخواست گزاری ہے جس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے معابد و مساجد اور اوقاف سے وہ سلوک نہ کرے جو عیسائیوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ بلکہ مسلمانوں کو بدستور آزاد رکھے اور ان کی روایات ملی میں کسی قسم کی مداخلت نہ کرے۔ درخواست میں روسی حکومت کا شکریہ بھی ادا کیا گیا ...

ریف میں محاکم شرعیہ کا قیام

جدید ہسپانی حکومت کی مسلمانوں سے مطابقت

حجاز میں ایک پراسرار مسیحی مشنری

بیک بینی و دوگوش نکالے گئے

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں مصری نمائندگی کا مسئلہ

شاہ فیصل سے مسولینی کا مذاق

کردی بغاوت کے سردار کا قتل

عربی میں شاہنامہ اور عمر خیام کی رباعیات

ادبیات ایران سے مصر کی دلچسپی

عراق سے ترکی اور ایران کا معاہدہ

دار الحکومت

حضرت صدر جمعیۃ علمائے ہند دہلی جیل میں
سزا کے بعد اعزا سے پہلی ملاقات

دہلی ۱۴ مارچ - حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کو ڈیڑھ سال سخت کی سزا دیدی گئی۔ اس خبر نے تمام مسلمانوں میں اضطراب و بے چینی پیدا کردی ہے۔ کیونکہ ضعیف العمر دائم المریض مولانا کے لئے ہر شخص اس سزا کو شدید و طویل خیال کر رہا ہے۔ آج ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں حضرت العلامہ کے خلف اکبر مولانا حفیظ الرحمن صاحب واصف و میاں خلیل الرحمن صاحب چھوٹے صاحبزادے اور انوار الرحمن برادرزادے نے ملاقات کی۔ حضرت علامہ حسب معمول بشاش تھے لیکن چھوٹے صاحبزادے پر خاص اثر تھا۔ حضرت موصوف نے مولانا حفیظ الرحمن صاحب کو حسب ذیل نصائح فرمائیں۔ ایک گھنٹہ تک ملاقات کا سلسلہ جاری رہا۔

نصائح

مجھے امید ہے کہ تم سب بچوں نے اور تمہاری والدہ نے میری ڈیڑھ سال قید سخت کی خبر کو پوری ہمت اور استقلال و ضبط سے سنا ہوگا ...

(حضرت مفتی صاحب قبلہ کی والدہ محترمہ حیات ہیں جو نہایت ضعیف العمر ہیں۔ ایڈیٹر)

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کا
دہلی جیل سے تبادلہ

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کو دہلی جیل سے آج ۶ بجے شب بذریعہ فرنٹیئر میل ایکسپریس ملتان جیل میں تبدیل کردیا گیا۔ ...

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کا مقدمہ
وکلاء کی بحث آئندہ پیشی ۲۴ مارچ

(دفتر نامہ نگار)

دہلی ۱۴ مارچ - مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کا مقدمہ کل ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں بعدالت سردار عبدالصمد خان صاحب مجسٹریٹ درجہ اول پیش ہوا۔ ...

یکم اپریل کو یوم احترام مساجد

دہلی ۱۴ مارچ - گذشتہ جمعہ کو جامع مسجد دہلی میں جو قرارداد منظور کی گئی تھی اس کے مطابق مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کا ایک اعلان موصول ہوا ہے ... ہندوستان میں یوم احترام مساجد منایا جائے اور ہر شہر و قصبہ میں حکومت کی اس روش کے خلاف تجاویز منظور کی جائیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کی تشریف آوری

دہلی ۱۴ مارچ - کل صبح حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی اجمیر سے بعض کاموں سے فارغ ہوکر دہلی تشریف لائے اور رات کی گاڑی سے پنجاب روانہ ہوگئے۔

دہلی جیل سے متعدد خواتین کا تبادلہ
خواتین کو جبراً لاری میں بٹھایا گیا
خواتین کیساتھ بدسلوکی - اسمبلی میں تحریک التوا

دہلی ۱۹ مارچ - کل شب جبکہ سیاسی اسیران دہلی جیل سے انبالہ اور لدھیانہ بھیجی جارہی تھیں تو ایک خطرناک صورت پیدا ہوگئی۔ ...

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند سے
دہلی جیل میں ملاقات

دہلی ۱۴ مارچ - حضرت مولانا سے کل آپ کے اعزا نے دہلی جیل میں ملاقات کی۔ مولانا خوش و خرم ہیں۔ ...

سابق جوائنٹ سکرٹری مجلس احرار اسلام دہلی

حافظ صادر علی صاحب کے ضعیف العمر والد اور بھائیوں نے بھی آپ سے ملاقات کی۔ حافظ صاحب بعافیت ہیں۔

مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی
کی گرفتاری

دہلی ۱۰ مارچ - آج بروز یوم بقرعید ۸ بجے شام مولانا عبد الماجد صاحب کے مکان پر پولیس گرفتار کر کے لے گئی۔ ... مولانا نے اپنا جانشین مولانا شمس الحق صاحب قادری کو منتخب کیا ہے۔

حافظ صادر علی صاحب کی گرفتاری

دہلی ۱۹ مارچ - کل تین بجے سہ پہر کو حافظ صادر علی صاحب سابق جوائنٹ سکرٹری مجلس احرار اسلام دہلی ... کے الزام میں گرفتار کئے گئے۔

فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق حکومت ہند کا بیان
گذشتہ اعلانات کا اعادہ اور عارضی اسکیم کی پیشکش
مسلم مطالبات سے حکومت کی چشم پوشی

سرکاری کمیونکے مظہر ہے کہ ملک معظم کی حکومت کی توجہ اس امر پر منعطف ہوئی ہے کہ گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی فرقہ وارانہ مسئلہ کو طے نہ کر سکی اور اس کے صدر نے اس کی جو خواہش اس وقت تک پہنچائی تھی کہ ملک معظم کی حکومت ہی اس کا فیصلہ کردے اس پر غور کیا گیا۔ ...

عارضی اسکیم کی پیشکش

...

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے وفد کا
الہ آباد میں خیر مقدم

...

دستور کمیٹیوں کے بائیکاٹ کا فیصلہ
بہار مسلم کانفرنس کی تجویز

...

بمبئی میں ہندو مسلم فساد
لاٹھیوں اور اینٹوں کا استعمال

...

ریزیڈنسی کا علاقہ نظام کو واپس کردیا گیا
حکومت ہند کا فیصلہ

...

حکومت کو صرف "دو ماہ" کا نوٹس
آل انڈیا مسلم کانفرنس کی قرارداد

لاہور ۱۴ مارچ - دو روز کی سرگرم بحث کے بعد آل انڈیا مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ نے آج شام ایک ریزولیشن پاس کیا جس کے ذریعہ حکومت کو مطلع کیا کہ وہ صرف دو ماہ کے لئے انتظار کریں گے ... اس ریزولیشن پر آج رات کو کانفرنس کے کھلے اجلاس میں غور ہوگا۔

کل مسلم یوتھ کانفرنس کا اجلاس زیر صدارت سیٹھ عبداللہ ہارون ممبر اسمبلی منعقد ہوا جس میں گول میز کمیٹیوں کے بائیکاٹ کے متعلق سرگرم بحث ہوئی۔

پنجاب میں مسلمانوں کیلئے پچاس فیصدی ملازمت
سکھوں کا بے جا اضطراب

لاہور ۱۸ مارچ - پنجاب کونسل کے تمام منتخبہ ارکان کے دستخطوں سے مندرجہ ذیل بیان شائع ہوا ہے۔ ...

حکومت بھی مسلمانوں کے مطالبات منظور نہیں کرے گی
مسلمانوں کو کونسا راستہ اختیار کرنا چاہئے
مسلم کانفرنس میں صدر استقبالیہ کمیٹی کی تقریر

لاہور ۱۴ مارچ - آل انڈیا مسلم کانفرنس کے اجلاس میں جو کہ آج کل لاہور میں ہو رہا ہے مولوی رحیم بخش صدر استقبالیہ کمیٹی نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ مسلمان تین جماعتوں میں منقسم ہیں۔ ...

یوپی میں گرفتاریوں کی مجموعی تعداد
سہارنپور، لکھنؤ اور علی گڈھ میں احرار کی سرگرمیاں

...

سرحد پر قبائل کا دوبارہ اجتماع
فقیر علی نگر جنڈول پر حملہ آور ہونے والے ہیں
سرکاری طیاروں سے قبائل پر زبردست گولہ باری

پشاور ۱۹ مارچ - معلوم ہوا ہے کہ فقیر علی نگر کو بجوڑ کے علاقہ میں سالارزئی قبیلہ میں سے ایک لشکر تیار کرنے میں کامیابی حاصل ہوگئی ہے اور وہ نواب دیر کے علاقہ میں جنڈول پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے۔ سرکاری ہوائی جہازوں نے جو تحقیق حال کے لئے گئے تھے ان پر زبردست گولہ باری کی مشین گنوں سے بھی انہوں نے جواب دیا۔ ...

گاندھی جی کے پروگرام کو بالکل کچل دیا جائے
مسٹر چرچل کی شرافت کا نمونہ

...

چین اور جاپان کی جنگ کا تصفیہ
شرائط صلح اور فوجوں کی واپسی

...

سرکاری محصل پر دیہاتیوں کا حملہ
اسکول میں افسر کو جان بچانی پڑی

...

مدراس میں کل سیاسی گرفتاریاں
جرمانہ میں ۹۲ ہزار روپیہ وصول ہوا

...

پنجاب میں مسلمانوں کیلئے پچاس فیصدی ملازمتیں
فرقہ وارانہ نمائندگی کے متعلق پنجاب کونسل کا فیصلہ

...

ودیا ساگر کے ایک طالبعلم کی گرفتاری
ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

...

وزیر اعظم برطانیہ کا استعفیٰ؟
انگلستان کے سیاسی حلقوں میں خیال آرائیاں

...

بموں کے سلسلہ میں ایک طالب علم کی گرفتاری
شہر بھر میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

...

ہندو مسلم اتحاد کیلئے مشترکہ میلہ کی تجویز

...

انگلستان کو مزید سونے کی روانگی

...

ہندوستان میں حکومت ہند کی انتظامی کارگذاریاں
دار و گیر کا لامتناہی سلسلہ گوشہ گوشہ میں گرفتاریاں

بنارس ۱۹ مارچ - شری پت پرکاش ڈکٹیٹر پراونشل کانگریس کمیٹی کو ... ایک سال قید سخت اور پانچ سو روپے جرمانہ کی سزا دے دی گئی۔

لاہور ۱۹ مارچ - کل کانگریسی رضا کاروں نے جنرل پوسٹ آفس پر پکٹنگ کرنے کی کوشش کی۔ ...

...

اور آٹھ مرد اور تین خواتین کو گرفتار کر کے لے گئی۔ ... چھ چھ ماہ قید سخت اور پچاس پچاس روپے جرمانہ کا حکم ہوا۔ اس کے بعد بھی خواتین گرفتار کی گئیں۔

گول میز کمیٹیوں کے متعلق صحیح رائے عمل
مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی کا اعلان

حضرت علامہ مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی نے یہ مضمون مسلم کانفرنس (منعقدہ لاہور) کے ارباب بست و کشاد کے غور و عمل کے لئے کانفرنس کے انعقاد سے پیشتر تحریر فرمایا تھا جو افسوس ہے کہ گذشتہ اشاعت میں شایع نہ ہوسکا چونکہ مضمون اس قابل ہے کہ اس کو ہر ہندوستانی مسلمان تک پہونچایا جائے اس لئے باوجود تاخیر کے شایع کیا جاتا ہے۔

...

کشمیر کے لئے مزید برطانوی فوج

...

مندروں کو آگ لگانے پر جرمانہ

...

قادیانی مناظر کی بدحواسی

"قرآن میرے لئے حجت نہیں"

حال ہی میں ماسٹر محمد ادریس صاحب مناظر اسلام کا ایک زبردست مباحثہ قادیانیوں کے مناظر ماسٹر محمد حسن آسان کے ساتھ دہلی میں ہوا مناظرہ کا موضوع یہ تھا کہ آیا انبیائے کرام سے اپنے الہاموں کے سمجھنے میں غلطی ہو سکتی ہے یا نہیں۔ اسلامی مناظر نے نہایت صاف صاف واضح طور پر کہا کہ کسی نبی کو اپنے الہام کے سمجھنے میں غلطی نہیں لگی ...

ینگ انڈیا سوسائٹی کی تجاویز

کوچہ رائمان کی مسجد کی توہین

مولوی حفیظ الدین صاحب کی تشویش انگیز علالت

آپ کا وزن ۲۴ پونڈ کم ہو گیا ہے

محکمہ ڈاک و تار کے مسلم ملازمین کی کانفرنس

مقررہ پروگرام

آل انڈیا مسلم پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف کانفرنس کا دوسرا سالانہ جلسہ ۲۵-۲۶ اور ۲۷ مارچ ۱۹۳۲ء کو زیر صدارت سر عبد اللہ المامون سہروردی ...

بادشاہ کو ولی عہد کا جواب

اطبائے کرام کی خدمت میں اطلاع

لاہور میں نو مسلموں کی انجمن کا قیام

اردو اکادمی کے جلسے کا التوا

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

معجون مددگار غدود

منیجر رسالہ النظام المنتظم کوچہ چیلان دہلی

سرمہ عزیزی ہمیشہ آنکھوں میں لگائیے

حکیم سید محمد عزیز الحسن عرف عزیز میاں پری گھاٹ بھوپال

مقویات سرتاج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

گلدستہ قاسمی مفت

مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند

حلفیہ بیان و سعت البید علی الکاذبین کا استعمال

ضرغام اللہ خاں سابق منیجر بال سیٹ پارسا اپلٹ
حال مقام لالوگلی تحصیل ہری پور ہزارہ

موسم بہار کیلئے

حلال شراب

برف ڈال کر پینے کی چیز

خلیفہ ہارون رشید عباسی کے لئے بڑے بڑے حکیموں نے ایک شربت تیار کیا تھا جس کا نام نبیذ تھا۔ طبی کمپنی دہلی نے اسی نسخہ کو تیار کیا ہے جس میں حسب ذیل اجزا ہیں۔

سونے کا کشتہ۔ فاسفورس۔ عرق فولاد عرق انار
بہی - انگور - پالک - مشک - عنبر

قیمت ایک چھوٹی بوتل دو روپے

طبی کمپنی دہلی سے منگائیے



صرف چند روز کے لئے مفت

فینسی رسٹ واچ مفت

ایشیاٹک سٹور اچ کمپنی جھانسی سٹی (یو۔ پی)

بال جڑ سے کالا

صدہا مرضوں کی ایک دوا

منیجر ہمدرد دوا خانہ بازار لال چاہ دہلی

پیشوا کا حج نمبر مفت

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

اشتہار میلہ نوچندی میرٹھ

متعلقہ ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

من ابتدائے ۳ اپریل لغایتہ ۱۰ اپریل ۱۹۳۲ء

میلہ نوچندی کے ساتھ حسب دستور نمائش اسپان و مویشیان و نمائش سامان صنعت و دستکاری و پیداوار زراعتی وغیرہ ہوگی اور مختلف قسم کے کھیل و تماشے وغیرہ بھی ہوں گے۔ اور اعلیٰ اعلیٰ قسم کے سودیشی دکاندار انواع و اقسام کا سودیشی اسباب تجارتی لیکر آئیں گے سودیشی دکانداروں کو دوکان سجانے کا انعام دیا جاویگا۔
اول انعام ۱۵ اور دوسرا انعام ۱۰ روپیہ ہوگا۔

اطلاع عام

عام پبلک کی اطلاع کے واسطے میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ بورڈ کی تجویز ۱۲ پاس کردہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء کو لفظ بہ لفظ شائع کرکے اس کے منشاء و مقصد کو صاف الفاظ میں واضح کردوں تاکہ میلہ میں آنے والوں کو کوئی تکلیف اور دشواری نہ ہوگی۔

نقل تجویز ڈسٹرکٹ بورڈ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا یہ اجلاس ... موجودہ اقتصادی مشکل حالات کے مد نظر رکھتے ہوئے تجویز کرتا ہے کہ امسال نوچندی کا میلہ ... صرف ہندوستان کی بنی ہوئی اشیاء کو فروخت کرنے کی اجازت دی جاوے۔

وضاحت تجویز ۱۲ پاس کردہ بورڈ مورخہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء

...

چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

مدرسہ عالیہ امینیہ دہلی کا عظیم الشان جلسہ

مفتی اعظم کی گرفتاری پر احتجاج

۱۹ مارچ یوم شنبہ کو دار العلوم مدرسہ عالیہ امینیہ دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت محمد یوسف صاحب طالب علم مدرسہ امینیہ منعقد ہوا جس میں مدرسہ امینیہ کے جملہ طلباء شریک ہوئے ...

محمد یوسف متعلم مدرسہ امینیہ دہلی

اکتالیس خوبیوں والی تیرہ مہری

نئی شان کی

حمائل شریف مترجم

نہایت خوشنما کارڈ ساز صفحات تقریباً بارہ سو بڑے سائز کی تقریبی جلد ...

رحمانیہ بک ڈپو دریبہ کلاں دہلی

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ ... ہال کنسی سمری دربھنگہ

خدا توفیق دے تو ضرور پڑھئے

خصائل نبوی | اوجز المسالک | درس عبرت

رسول کی دعائیں | قرآن مجید کی مکمل تاریخ | امت کی مائیں | اسلام اور یورپ | علامہ شیخ محمد عبدہ مصری کی تفسیر فاتحہ کا اردو ترجمہ | غوث اعظم اور ...

قرآن شریف

مترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا

محمد حسن مالک تاج بکڈپو ... دہلی

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایکبار) ...
نصف صفحہ ( ) ...
ایک کالم ( ) ...
½ کالم ( ) ...
¼ کالم ...

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۰ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۳

مسلم کانفرنس کا اجلاس لاہور

ڈاکٹر سر محمد اقبال کا مکمل خطبہ صدارت

حضرات! ہندوستان کے مسلمان اپنے سیاسی پلیٹ فارموں سے نئے خطبے سن چکے ہیں کہ ان میں سے بعض بے تاب عناصر نے ہمارے مشوروں اور فیصلوں کو شک و شبہ کی نگاہوں سے دیکھنا شروع کر دیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ مشورے اور فیصلے اس روح عمل کو کمزور کرنے کا باعث ہوتے ہیں جو قلب اسلام میں پوشیدہ ہے اور انجام کار اس روح کو کلیتہً فنا کر ڈالتے ہیں۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ ملک میں اس وقت جو صورت حالات پیدا ہے۔ اس سے عمل و حرکت کی اشتہا تیز ہوتی ہے اور اگر ہمارے رہنما مسلمانان ہند کی خاص پوزیشن کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی قطعی راہ عمل نہ بنا سکے تو نقالی کی وارفتگی اپنا کام کر جائے گی اور ہمارے نوجوان مآل و انجام پر غور کئے بغیر واقعات و حوادث کے سیل میں کود پڑیں گے۔ ایک اور نوجوان نے جس کے اندر گنگنا سے شباب کی ...

اجتماعی وجود کی تعمیر

ہندوستان کی مختلف قوموں کے درمیان ظاہر اور مخفی ربط و ضبط کے جو نقاط ہیں۔ ذہین در نظر رکھتے ہوئے مجھے یقین ہے کہ ہم ایک ایسا یک آہنگ "اجتماعی وجود" تعمیر کر سکتے ہیں جس کی وحدت اس کثرت سے متاثر نہ ہو جو اس کے دامن سے لازماً وابستہ رہے گی۔ ہندوستان قدیم کے سامنے یہ عقیدہ پیش تھا کہ وحدت اپنی "یکی" کو قربان کئے بغیر کثرت کیوں کر بن گئی؟ آج یہ عقیدہ اپنا سماوی بلندیوں سے اتر کر ہماری سیاسی زندگی کی عام سطح پر آ گیا ہے اور ہمیں اسے بالکل برعکس شکل میں سطے کرنا ہے یعنی یہ کہ کثرت اپنے تعدد کو قربان کئے بغیر کیوں کر وحدت کی شکل اختیار کر سکتی ہے جس حد تک ہماری پالیسی کے اصول و مبانی کا تعلق ہے۔ میں کوئی نئی چیز آپ کے سامنے بیان نہیں کر سکتا جو کچھ ضروری تھا اسے آل انڈیا مسلم لیگ کے خطبے میں عرض کر چکا ہوں۔ ...

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین خشک میوے لنگی رومال (پشاوری مشہدی۔ یزدی) کلاہ پنکھے چپلیاں نسوار سرکہ انگوری چار سبز۔ اصلی میرہ اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ چار آنہ کے ٹکٹ بھیج کر نمونہ طلب فرمائیے پتا: **منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور**

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مرطوب اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد۔ عورت۔ بچے۔ بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

دلہن بہار تیل

... دلہن بہار تیل میں کسی قسم کا نقصان نہیں کریگا

دلہن بہار تیل کے اوصاف

عید کی خوشی میں عید کے روز ڈالیں گے تو یہ آپ کو دو چند خوش کر دے گا اور بالوں کی سیاہی قائم رکھتا جڑوں کو مضبوط کرنا، بالوں کو چمکدار اور ملائم کرنا بالوں کو گھنا اور لمبا کرنا اس کا اصلی فعل ہے، سر کے چکر درد سر آنکھوں کی گرمی نور دور کر کے دل کو تسکین دیتا ہے۔ غرض یہ کہ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جو صاحب ایک مرتبہ بھی اس کو استعمال کریں گے پھر دوسرا تیل پسند نہ کریں گے۔

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ: **منیجر صوفی دواخانہ گلی قاسم جان دہلی**

محبوب عاشق کے قدموں پر

[redacted]

... ملنے کا پتہ فضل شاہ عالم پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرآبادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں ... حیدرآبادی نے قرآبادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں ... ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرآبادین مفید عام کا ہر ایک اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۵۰ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے انتخاب کر کے دو نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ... ایک کا نام دوزخ کا کھٹکا ہے ... دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے ... بہترین ہدیہ فی جلد ... اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ... دونوں کتابیں یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر اور دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے اپنے ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ... مجلد چرمی ... علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خشنا شدہ ... قسم دوم خشنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۵۰ ہجری

مسلم کانفرنس کی "موت" کا فیصلہ

گول میزی کمیٹیوں کے "مقاطعہ" کی تجویز کا حشر

مسلم کانفرنس کا جو اجلاس لاہور میں منعقد ہوا تھا اس کا خطبۂ صدارت اور اس کی مکمل کارروائی اخبارات میں شائع ہو چکی ہے اور ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ اسے نقل بھی کر رہے ہیں۔ ہمارا ارادہ تھا کہ ہم صحیح ترتیب کے مطابق پہلے سر محمد اقبال کے خطبۂ صدارت پر اظہار خیال کریں گے اور اس کے بعد مسلم کانفرنس کی کارروائی کو زیر بحث لائیں گے مگر چونکہ اس عرصہ میں مسلم کانفرنس کی "سب سے زیادہ اہم" قرارداد کے متعلق اخبارات میں بحث چھڑ گئی ہے اور اس پر عجیب و غریب خیالات ظاہر کئے جا رہے ہیں اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم سر اقبال کے خطبۂ صدارت پر بحث کرنے سے قبل مسلم کانفرنس کی قرارداد پر ایک مختصر تبصرہ کر کے قارئین کرام کو یہ بتا دیں کہ لاہور میں مسلمانوں کے "حقیقی" لیڈروں نے بہت زیادہ شور و غوغا مچانے کے بعد جو اجتماع منعقد کیا تھا اور جس کے متعلق یہ کہا جا رہا تھا کہ وہ مسلم کانفرنس کی موت و حیات کا فیصلہ کرے گا اس کا انجام کیا ہوا۔ اور اس نے اپنا فیصلہ کانفرنس کی موت کے لئے صادر کیا یا حیات کے لئے۔

مسلمانوں کو دھوکہ

جیسا کہ خود کانفرنس کے کارکنوں اور ان کے ساتھ ہمدردی رکھنے والوں نے ظاہر کیا تھا اس کانفرنس کے سامنے "سب سے زیادہ اہم مسئلہ" گول میزی کمیٹیوں کے مقاطعہ کا مسئلہ تھا جس پر نہایت گرما گرم بحثیں ہو رہی تھیں اور جس کے متعلق بظاہر اختلاف کا ...

...

سمجھی تحریک کا ایک پروگرام تیار کر کے ضروری کارروائی کی خاطر اگزیکٹو بورڈ کے سامنے پیش کرے۔

یہ کانفرنس گول میز کانفرنس کے مسلمان ممبروں کے اس رویہ کو پسند نہیں کرتی کہ انہوں نے آل انڈیا مسلم کانفرنس کے منتظمہ بورڈ کی قرارداد مورخہ ۹ راگست ۱۹۳۱ء کے باوجود فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کے کام میں حصہ لیا۔ یہ کانفرنس اس امر کو بالکل واضح کر دینا چاہتی ہے کہ گول میز کانفرنس کے مسلمان مندوبین نے صوبجاتی خود اختیاری حکومت کے متعلق ۲۶ نومبر ۱۹۳۱ء کو جو بیان دیا یا انہوں نے یا دستوری کمیٹیوں کے ممبروں نے کوئی اور ایسی ہی تجویز پیش کی اور وہ بیان یا تجویز مسلم کانفرنس کی قرارداد یا مطالبہ کے منافی و مخالف ہوئی تو وہ کانفرنس کے نزدیک قابل تسلیم نہ ہوگی۔"

"مقاطعہ" کے بجائے "مطالبہ"

اگرچہ بعض بے غیرت و بے حمیت اخبارات جنہیں ایک بالکل واضح اور صاف عبارت میں بھی تاویل کرتے ہوئے شرم نہیں آتی اب بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ "دیکھو مسلم کانفرنس نے مقاطعہ منظور کر دیا" اور یہ اعلان کر دیا کہ "کانفرنس کی رائے میں اب مسلمانوں کے لئے گول میز کانفرنس یا اس کی سب کمیٹیوں سے تعاون جاری رکھنا ممکن نہیں"۔ مگر جس شخص کے سامنے قرارداد کے الفاظ موجود ہوں گے وہ بآسانی یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ "مسلمانوں کے لئے تعاون جاری رکھنا ممکن نہیں رہا" ...

...

انقلاب!

...

اردو زبان کے محافظ

...

قوم سے غداری

...

حوادث و احکام

استفتاء

...

الجواب

...

سیٹی کا اصول

...

مستقل لائحہ عمل

...

دار الحکومت

یوم احترام مساجد کا پوسٹر نہیں چھپ سکا
پولیس نے پتھر کٹوا دئے!

دہلی ۵ مارچ۔ یکم اپریل کو تمام ہندوستان میں یوم احترام مساجد منانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ اسی سلسلہ میں ایک پوسٹر بیس ہزار کی تعداد میں چھاپنے کے لئے اقبال پرنٹنگ پریس کو دیا تھا جو ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں بھیجا جاتا۔ اس پوسٹر میں مسجد کوچہ رائمان دہلی کی توہین کے متعلق پولیس کی حرکات کے مختصر واقعات اور حکومت کے رویہ کا تذکرہ تھا۔ نیز ایک تجویز تھی جس میں مسلمانوں کی اس قسم کی تمام شکایات کیلئے ایک متفقہ فیصلہ کا اعلان تھا۔ اور کوئی ایسی بات نہ تھی جو موجودہ پریس آرڈیننس کی حکومت کی تواہش کے خلاف ہو۔

پریس والے کاپی جما کر پروف دکھا چکے تھے اور طباعت شروع ہونے کو تھی کہ حسب بیان اہل مطبع خفیہ پولیس والوں نے اس کو چھاپنے سے منع کر دیا، اور ...

مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ
دو سال قید سخت اور پانچ سو روپیہ جرمانہ کی سزا

دہلی ۵ مارچ۔ کل سردار عبد الصمد خاں صاحب مجسٹریٹ درجہ اول نے ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ دفعہ ... الف کے دو مقدمات آپ پر چل رہے تھے۔ ہر ایک میں ایک سال قید سخت اور ڈھائی سو روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ عدم ادائے جرمانہ کی صورت میں تین ماہ مزید سزا کا حکم دیا۔ دونوں سزائیں ساتھ ساتھ شروع ہوں گی۔ مجسٹریٹ نے آپ کو "بی کلاس" میں رکھنے کی سفارش کی ہے۔

دہلی جیل میں خواتین پر زیادتیوں کی شکایات
اسمبلی میں التوا کی تجویز مسترد

کوچہ رائمان کی مسجد کا معاملہ دہلی میونسپلٹی میں
تحقیقاتی کمیٹی کے تقرر سے انکار کر دیا گیا
امن وامان کا مسئلہ کمیٹی کے اختیارات سے باہر ہے

مسجد شاہ مسعود دہرولی کا گنبد شہید کر دیا گیا
پولیس کی نگرانی میں خانۂ خدا کی توہین

دہلی میں ایک مکان پر پولیس کا حملہ
پستول اور کارتوسوں کی برآمدگی

مجلس احرار کے دو رضاکار گرفتار کر لئے گئے

ہندوستانیوں کے جذبات کی تلخی کا اقرار
لارڈ زٹلینڈ کا اظہار خیال

مجلس احرار دہلی جمعیۃ علماء میں ادغام کر دی گئی

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کو کیوں گرفتار کیا گیا؟
انڈین نیشنل کانگریس خلاف قانون نہیں
اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ عام

مولانا عبد الباقی صاحب ایڈیٹر زمیندار کی گرفتاری

کرنل محمد اسحاق صاحب پر نوٹس کی تعمیل

نوجنبری کے سیاسی قیدیوں کی فروگذاشتیں

ایک مشہور سیٹھ کی بیوی کا دردناک قتل
پچاس ہزار روپے کے زیورات کی چوری

مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء ... کا اب تک چالان نہیں کیا گیا

حافظ عبد العزیز صاحب کی خانہ تلاشی

دہلی میں بمبئی کے رضاکاروں کی آمد

عبد اللطیف صاحب پر نوٹس کی تعمیل

یکم اپریل کو یوم احترام مساجد

نرنجانی میں ہندو مسلم فساد
طرفین کے متعدد اشخاص گرفتار

دو مسلم رضاکاروں کی گرفتاری و رہائی

وائسرائے کی ٹرین کو اڑانے کی جگہ کا معائنہ

نام نہاد مسلم کانفرنس کی حکومت پرستانہ سرگرمیاں
حکومت سے تعاون کی قرارداد اور مسلم حقوق سے چشم پوشی
کانفرنس کے خلاف مسلمانوں کا زبردست مظاہرہ

مسلمانان قصبہ پہانی کا عظیم الشان جلسہ
رہنماؤں کی گرفتاری اور مسجد کی توہین کے خلاف احتجاج

لاہور میں جلوس اور جلسہ
چھ سو کے قریب گرفتاریاں

لاہور ۲ مارچ۔ کل یہاں دو جلوس نکالے گئے۔ یہ جلوس سردار سرد ول سنگھ اور ... کی سزایابی پر نکالے گئے جس وقت پہلا جلوس ... لاہوری دروازہ کے پاس پہنچا ہے تو پولیس نے اسے وہیں روک دیا۔ جلوس کے ... آدمیوں کو منتشر کر دیا۔

طوفان باد سے عمارتیں اڑ گئیں
شمالی بنگال میں تباہ کن آندھی

کراچی سے حجاج کے آخری جہاز کی روانگی

بنگال میں کل گرفتاریاں اور نظربندیاں
بنگال کونسل میں ہوم ممبر کا بیان

ایک عربی رسالہ کا اجرا

امریکہ کا ایک شہر برباد
خوفناک آندھی سے ۲۷۵ افراد ہلاک

برمی باغیوں کی ہلاکت سرگرمیاں
نہر وارکو گولی سے اڑا دیا

سرحدی حملہ آوروں کی گرفتاری
دو گھنٹہ تک گولیوں سے مقابلہ

قبائل کی باہمی جنگ

اب تک گولیوں سے کتنے آدمی ہلاک ہوئے
اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

کانگریس بلیٹن کہاں طبع ہوتے ہیں
کانپور کی خفیہ پولیس نے پتہ لگا لیا

صوبہ سرحد میں جہاد کی دعوت
ایک پوسٹر کی ضبطی

مسلم کانفرنس کا اجلاس لاہور

آرڈیننس مجالس قانون ساز کے ... دار العوام میں وزیر ہند کا جواب

سودیشی سبھا خلاف قانون قرار دی گئی

پارٹی کانگریس کمیٹی کا روپیہ ضبط

یوم جھگت سنگھ پر گرفتاریاں

ڈاکٹر ستیہ پال کو دو سال قید سخت کی سزا

ریاست جوناگڑھ میں فرقہ وارانہ فساد

اشتہار میلہ نوچندی میرٹھ

متعلقہ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

من ابتدائے ۳ اپریل لغایتہ ۱۸ اپریل ۱۹۳۲ء

میلہ نوچندی کے ساتھ حسب دستور نمائش اسپان و مویشیان و نمائش سامان صنعت و دستکاری و پیداوار زراعتی وغیرہ ہوگی اور مختلف قسم کے کھیل و تماشے وغیرہ بھی ہوں گے، اور اعلیٰ اعلیٰ قسم کے سودیشی دوکاندار انواع و اقسام کا سودیشی اسباب تجارتی لیکر آویں گے سودیشی دوکانداروں کو دوکان سجانے کا انعام دیا جاویگا اول انعام ۵۰ روپیہ اور دوسرا انعام ۲۵ روپیہ ہوگا۔

اطلاع عام

عام پبلک کی اطلاع کے واسطے میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ بورڈ کی تجویز ۱۲ پاس کردہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء کو لفظ بہ لفظ شائع کرکے اس کے منشاء و مقصد کو صاف الفاظ میں واضح کردوں تاکہ میلہ میں آنے والوں کو کوئی تکلیف اور دشواری نہ ہوگی۔

نقل تجویز ڈسٹرکٹ بورڈ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا یہ اجلاس (جزاول) موجودہ اقتصادی و ملکی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تجویز کرتا ہے کہ امسال نوچندی کا میلہ صرف سودیشی اشیاء کی فروختگی و ساخت میں ترقی دینے کی غرض سے مخصوص کیا جاوے اسلئے میلہ میں صرف ان دوکانداروں کو جو صرف ہندوستان کی بنی ہوئی اشیاء کو فروخت کریں اجازت دی جاوے۔

جزو ۲ چونکہ امسال چاروں طرف ہر ایک پیشہ والے کی مالی حالت خراب ہو رہی ہے اسلئے ۳۳ فی صدی موجودہ کرایہ میں کمی کردی جاوے، اور یہ کمی کرایہ صرف امسال کے میلہ کے لئے ہی مخصوص ہے اس کا اطلاق صرف تاجروں و تہ بازاری والوں پر ہوگا۔

جزو ۳۔ نوچندی بجٹ کو مساوی الوزن بنانے کے لئے صرفہ میں تخفیف کی جاوے۔ اور بجٹ نوچندی بغرض ترمیم آمدنی و خرچ کمیٹی کے پاس واپس بھیجا جاوے۔

جزو ۴ اس امر کا نوٹس پبلک کی اطلاع کے لئے بورڈ اپنے صرفہ سے چھپوا کر شائع کردے تاکہ سودیشی مال لانے والے دوکانداروں کو سہولیت ہو۔

جزو ۵ یہ کہ اس تجویز کی ایک نقل پاس نوچندی کمیٹی واسطے عملدرآمد بھیج دی جاوے۔

وضاحت تجویز ۱۲ پاس کردہ بورڈ مورخہ ۲۹ فروری ۱۹۳۲ء

بورڈ کے حکم کے مطابق میں اس تجویز کو ذیل کی وضاحت کے ساتھ شائع کرتا ہوں تاکہ تجویز کا مقصد سمجھنے میں کوئی غلط فہمی نہ ہو۔

تجویز کے جزو ۱ کا مقصد یہ ہے کہ امسال میلہ نوچندی میں ان دوکانداروں کو جگہ دی جاوے جو سودیشی مال فروخت کرتے ہیں تاکہ ہندوستان کی بنی ہوئی چیزوں کو فروغ ہو۔ اور یہ ملک افلاس کی حالت سے نکلے۔ لہٰذا اس تجویز میں فقط دوکاندار آتے ہیں۔ ان کے علاوہ جو فلم گورنمنٹ زراعتی ترقی اور دیہاتی آدمیوں کی تفریح کے واسطے بھیجتی تھی اس کی اب بھی درخواست کی جاوے گی رتفریحی تماشے اور اُن کے انجن وغیرہ معہ سامان کے میلہ میں داخل ہوسکیں گے۔ ہر قسم کی روشنی خواہ ہنڈے کی ہو یا بجلی کی کی جاسکے گی حسب دستور سابق بائیسکل و موٹر کار وغیرہ میلہ میں داخل ہوں گے۔ رؤساء کے ہر قسم کے ڈیرے اور ان کا آرائشی سامان میلہ میں لایا جاسکے گا۔

تجویز کے جزو ۲ کا مقصد یہ ہے کہ فقط اس سال کے واسطے بوجہ مالی حالت خراب ہونے کے ۳۳ فی صدی کرایہ میں کمی کردی جاوے اور یہ کمی فقط دوکانداروں اور تہ بازاری والوں کیلئے ہوگی۔

جزو کے ۳ کا منشاء مالی حالت کی خرابی اور کمی کرایہ کی وجہ سے میلہ کے بجٹ کو آمد و صرف کے اعتبار سے درست کرانا ہے۔ اور اخراجات میں وجوہات مذکورہ بالا کی بناء پر کمی کردینا ہے۔

تجویز کے جزو ۴ کا منشاء یہ ہے کہ نوچندی کمیٹی کے اس اشتہار کے علاوہ جو وہ ہمیشہ شائع کرتی ہے خود بورڈ بھی اپنی طرف سے نوٹس شائع کردے تاکہ پبلک کو غلط افواہوں کی وجہ سے تکلیف نہ ہو۔

تجویز کے جزو ۵ کا منشاء صرف اسقدر ہے کہ نوچندی کمیٹی بورڈ کی تجویز کی تعمیل کرے۔

تقسیم دوکانات کا کام حسب دستور ۲۰ مارچ ۱۹۳۲ء سے شروع ہوگا۔

المشتہر

چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ

وفد جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا آگرہ میں خیر مقدم

بدنصیبی سے جمعیۃ العلماء ہند دہلی کے مقابلہ میں جمعیۃ العلماء ہند کانپور بنائی گئی تھی۔ کانپور میں جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ (شاخ دہلی) کا جس طرح خیر مقدم کیا گیا اور جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے دفتر کی حقیقت کا خود سکریٹری صاحب کے والد ماجد کی زبانی جس طرح انکشاف ہوا وہ ناظرین ۲۰ مارچ کے الجمعیۃ میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ کانپور وہ جگہ تھی جہاں جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے سکریٹری کا قیام تھا اور آگرہ وہ جگہ ہے جہاں جمعیۃ العلماء ہند کانپور کے صدر مولانا نثار احمد صاحب مرحوم کا قیام تھا۔ وفد جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا کانپور میں جس طرح خیر مقدم کیا گیا اس سے کہیں زیادہ آگرہ میں اس کا خیر مقدم کیا گیا۔ کانپور میں چونکہ جمعیۃ العلماء ہند دہلی کی شاخ موجود تھی اس لئے وہاں کی جمعیۃ العلماء کا صف اچھا کیا گیا تھا۔ آگرہ میں چونکہ جمعیۃ العلماء نہیں تھی اسلئے یہاں جمعیۃ العلماء کا انعقاد کیا گیا ...

... جلسہ مولانا ضیاء الاسلام صاحب امام شہر کی صدارت میں شروع ہوا۔ ... مولانا حکیم عبدالستار صاحب جمعیۃ العلماء آگرہ کے ناظم اور مولانا احمد سعید صاحب مدرس اول مدرسہ نصرت الاسلام صدر، مولانا عبدالحمید صاحب مدرس نائب صدر

منتخب ہوئے۔ جلسہ میں بہت سے علماء نے شرکت فرمائی جن میں سے بعض مشہور علماء کے اسمائے گرامی ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:

مولانا ضیاء الاسلام صاحب امام جامع مسجد۔ مولانا مفتی محمد اعظم شاہ صاحب مفتی شہر۔ مولانا سلطان حسن صاحب مدرس مدرسہ جامع مسجد۔ مولانا حبیب اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ جامع مسجد۔ مولانا محمد یعقوب صاحب امام مسجد اکبری۔ مولانا روشن دین صاحب مدرس مدرسہ۔ مولانا حمیداللہ صاحب۔ مولانا عبداللطیف صاحب۔ مولانا حفظ الرب صاحب۔ مولانا احمد سعید صاحب۔ مولانا محمد آفاق صاحب۔ مولانا عبدالمجید صاحب۔ مولانا عبدالغنی صاحب۔ مولانا مبین حسن صاحب۔

مذکورہ بالا تمام علماء نے جمعیۃ العلماء آگرہ کی ممبری قبول فرمائی۔ اس تمام کارروائی کے اختتام پر آگرہ کے مذکورہ بالا علماء و فضلاء نے مولانا ناصر دراز بیگ صاحب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ کا شکریہ ادا کیا کہ انکی تشریف آوری اور سعی سے جمعیۃ العلماء آگرہ کا انعقاد ہوگیا۔

عبدالمجید بی۔ اے رکن وفد جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے جناب ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ عطا فرمایا ہے۔ اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے:

"ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ مثل جوان پانزدہ سالہ کے ہوئے تادم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ... بیزاری نہ ہوگی اور ایک وقت میں ... طبیعت کو قرار نہ ہوگا۔ یہ نسخہ بسلسلہ خاندان حکیم سید عبداللہ خاں دہلوی شاہی میرے عم بزرگوار مولانا مولوی حکیم سید فخرالدین مرحوم سے مجھ کمترین کو عطا ہوا ہے ..."

لہٰذا

مجھے سو برس کی عمر رکھنے والے بڈھوں کی ضرورت ہے تاکہ تجربہ کروں ...

معجون مددگار غدود

منیجر رسالہ نظام المشائخ ۲۲ کوچہ چیلان دہلی

پیشوا کا حج نمبر مفت

حاصل کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ حج کی ایک پیشگی آرڈر کے ذریعہ بھیجکر رسالہ کے خریدار ہوجائیے حج نمبر رسالہ کے خریداروں کو مفت ملیگا ...

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

صرف چند روز کیلئے مفت

فینسی رسٹ واچ مفت

ملنے کا پتہ

ایشیاٹک رسٹ واچ کمپنی جھانسی سٹی (یو پی)

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم (اردو)

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور

ریاست الور میں تعلیم قرآن

مولانا شوکت علی کے بیان کی تردید

روزنامہ انقلاب لاہور مورخہ ۱۳ مارچ ۱۹۳۲ء میں مولانا شوکت علی صاحب کا ایک اعلان شائع ہوا ہے جس کا عنوان یہ ہے کہ الور میں قرآن مجید پڑھنے کی ممانعت نہیں ...

کشمیر گول میز کانفرنس پر عدم اعتماد

مسلمانان کشمیر مقیم بمبئی کا احتجاج

حکومت کشمیر نے گلینسی کمیشن کی رپورٹ پر غور کرنے کے لئے جو کشمیر میں گول میز کانفرنس طلب کی ہے ...

سکرٹری انجمن کشمیری مسلمانان بمبئی نمبر ۹

دنیا کا پاپیادہ سفر کرنے والے مسٹر قاسم کی لندن کو روانگی

پانچ نوجوان دنیا کا سفر پاپیادہ کرنے کی غرض سے ۲ ستمبر ۱۹۳۱ء کو کلکتہ سے روانہ ہوئے ...

جاوید نامہ

حضرت علامہ اقبال کا تازہ شاہکار

جرمنی کو سب سے زیادہ جس ہتھیار نے کام دیا وہ نہ تو توپ تھی اور نہ گن مشین تھی بلکہ صرف سول پستول تھا ...

تکلیف پہنچائے چشم زدن میں ہر ایک جاندار کو اندھا و بے جان کردیا۔

اے ایچ فرانسس اینڈ کو پوسٹ بکس ۵ بمبئی نمبر ۹

نپٹ بہرا پن کا مؤثر طبی علاج

بلب اینڈ سنز پبلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پبلی بھیت (یو پی)

چار نکاح کیجئے

لطف شباب کیا ہے؟ سفوف وطلاء

ملنے کا پتہ حکیم مولوی نظیر علی لکھنوی پوسٹ بکس نمبر ۵۷ دہلی

بڑھاپے میں جوانی

کا لطف و کیف حاصل کرنا ہے تو طلاء مقناطیسی استعمال کیجئے

طلاء مقناطیسی

نامرد مرد نہ ہو

حکیم محمد طہیر علی کلاں محل دہلی

گلدستہ قاسمی نمبر

مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند

مقویات معرتاج عالم

وید شاستری ہمام کر کاٹھیاواڑ

محبوب عاشق کے قدموں پر

تار کا پتہ الجمیعۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم – ۵ – ۹ – ۱۳

۱۷ – ۲۰ – ۲۴ – ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ... للعہ

نصف صفحہ (") ... للعہ

ایک کالم (") ... عنہ

½ کالم (") ... عہ

¼ کالم (") ... عہ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ... ۶ روپے

ششماہی ... ۳ روپے

سہ ماہی ... ۲ روپے

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ... ۸ روپے

ششماہی ... ۴ روپے

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ مطابق یکم اپریل ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۴

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت برطانیہ کا انتہائی اعلان (مدینہ)

ملت اسلامیہ کا وہ خوش فہم گروہ اور دماغ طبقہ جسے ہم "معقولیت" کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ غالباً حکومت برطانیہ کے اس جدید اعلان پر فرط مسرت سے اچھل پڑا ہوگا...

"تین مہینہ کا الٹی میٹم" (ملت)

مسلم کانفرنس نے حکومت کو تین ماہ کی مزید مہلت دی ہے...

مفتی صاحب کو سخت سزا (حقیقت)

ٹائمیں ٹائمیں فش! (ہند)

ملکی صنعتوں کی ترقی (البشیر)

ہندوستان کے محکمۂ پولیس کے نام

اسلام کے معابد، ابوان شرنہیں ہیں

کیوں انکی عقیقتیں پیش نظر نہیں ہیں؟

ہے احترام ان کا ہر حال میں ضروری

بابا! یہ مسجدیں ہیں، خالہ کا گھر نہیں ہیں "تاج"

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

جاپان کی سپریم کورٹ میں ایک اہم مقدمہ کا فیصلہ

ناجائز بچوں کے حقوق کا تصفیہ

جاپان کی سپریم کورٹ میں حال ہی میں ایک ناجائز ولد الحرام لڑکے کے حقوق کے متعلق ایک منصفانہ فیصلہ ہوا ہے...

(جاپان ٹائمز)

عیسائیوں کو بدھ مذہب اختیار کرنیکا مشورہ

سردی کا عجیب و غریب علاج

(اسٹیٹسمین)

ستر کروڑ پونڈ سونا ہندوستان سے باہر

(اسٹیٹسمین)

انگلستان کے میلہ میں ٹائل کی ایک مصنوعی مسجد

(اسٹیٹسمین)

بالشویک روس میں بچوں کی تعلیم

(معارف)

نابینا اشخاص کیلئے انجیل کا عربی ترجمہ

(معارف)

استرے اور چاقوؤں کے اشتہارات

۲۵ کروڑ روپے کا خرچ

(اسٹیٹسمین)

دنیا میں سب سے بڑا گھنٹہ

(بمبئی کرانیکل)

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین سنگی۔ رومال (پشاوری) مشہدی بندی کلاہ۔ پنکھے۔ چپلیاں۔ لنوار۔ سرکہ۔ انگوری۔ جابسز ... منیجر انڈو افغان ٹریڈنگ ایجنسی پشاور

غنچہ

ملک و ملت کے نونہالوں کے لئے مدینہ پریس بجنور سے نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہوتا ہے اس وقت تک ملک سے اپنی سچی ہمدردی کا ثبوت دیا ہے۔ بچوں اور بچیوں کے علم کا خزانہ، اخلاقیات کا ذخیرہ چار روپیہ سالانہ میں ہم پہنچایا جاتا ہے اس موقعہ کو ہاتھ سے نہ دیجئے۔

اور غنچہ کا نمونہ طلب فرما کر اپنی اولاد کی دماغی اور ذہنی ترقیوں کے لئے ضرور خرید یئے۔

قیمت سالانہ للعہ ششماہی ۲؎

محمد مجید حسن مالک رسالہ غنچہ و اخبار مدینہ بجنور (یو۔پی)

مدینہ

اعلیٰحضرت شہنشاہ کونین کی یاد تازہ رکھنے کیلئے قابل اور اہل علم اڈیٹروں کی زیر ادارت جاری ہے۔ بفضلہ ہفتہ میں دو بار اپنے کثیر التعداد ناظرین کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے خدمت قوم و ملک، پاسداری مذہب و ملت اس کا شعار آزادی وطن و قومی مطالبات کا علمبردار سیاست حاضرہ کا مفسر حق و صداقت کا مشہور فدائی، عربی و انگریزی اخبارات کا خلاصہ مصری و شامی جرائد کی روح دنیا کے ہر گوشہ میں پہنچنے والا ملاحظہ و مطالعہ خود ہمارے بیان کی تصدیق کردیگا۔

محمد مجید حسن مالک رسالہ غنچہ و اخبار مدینہ بجنور (یو۔پی)

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی اور مستقبل کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے۔ قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

شربت فولاد

معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور بھروسے کی چیز ہے جس کا بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ بلاتامل اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ شربت معدہ کو قوت دیتا ہے۔ جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے...

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

بال جڑ سے کالا

... بال کالا اسٹور کنسی سمری دربھنگہ

دمہ۔ بواسیر۔ سوزاک۔ کوڑھ۔ سفید داغ اگر دوا کھاتے کھاتے تھک گئے تو بیری جڑی بوٹی کی دوا آزمائیں۔ ... جڑی بوٹی ہیڈ میڈیکل ہال کنسی سمری دربھنگہ

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ... الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے۔ اس کتاب میں دواسازی کے اصول نہایت وضاحت اور تفصیل کیساتھ بیان کئے ہیں ... ہندوستان کے نامور بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر بااصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کیلئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔ ... دوسری کتاب کا نام جنت کی کنجی ہے ...

دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کیلئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اسکو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آجتک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا۔ اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو ملاحظہ فرماکر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرمایا۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اسقدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایۂ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کیساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔ نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد۔ مجلد پارچہ عہ۔ مجلد چرم نقرہ عہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے۔ ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے۔ صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کیلئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

کانپور میں پچاس دیہاتیوں کی گرفتاری

موٹر کار کی چوری

خریداران الجمعیۃ

ایک حیرت انگیز ہوائی جہاز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ ہجری

ایک شاعر کا خطبۂ صدارت

حقائق کا اعتراف اور صحیح نتائج سے چشم پوشی

سر محمد اقبال نے مسلم کانفرنس لاہور میں جو خطبۂ صدارت ارشاد فرمایا اس کا پورا متن ہم گزشتہ اشاعت میں شائع کر چکے ہیں۔ اس خطبۂ صدارت کو شروع سے آخر تک پڑھ لینے کے بعد ایک ایسے شخص پر جو سیاسیات حاضرہ سے واقفیت رکھتا ہو اور اسے ان شذرات کا پوری طرح علم ہو جو اس زمانہ میں ہندوستان کے باشندوں بالخصوص مسلمانوں کے لئے درپیش ...

(۲) اچھوتوں کے لئے خاص نیابت کی مخالفت (۳) کامل آزادی کے لئے کانگرس کے مطالبہ کی تائید۔

(۲) مسلمان مندرجہ ذیل فیصلہ کر چکے تھے کہ وہ فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کے مباحث میں حصہ نہیں لیں گے لیکن پھر انہوں نے اپنے فیصلہ کے خلاف مباحث ...

فلسفیانہ انداز بیان

اعتراف

نظامت کا شوق

شیخ چلی کے منصوبے

زمیندار کا خیر مقدم

مولانا شفیع داؤدی کا عذر گناہ

دہلی کے کوچہ و بازار میں ایک گمراہ کن پمفلٹ کی اشاعت

نامہ نگار الجمعیۃ کا مدلل و مسکت جواب

(۳)

"انڈیٹیشن" اور اینی شیے ایٹو" کی لفظی بحث میں جو سراسر بے سود اور لاطائل ہے اور جس سے سوائے مولانا شفیع داؤدی کی علمی قابلیت کا اظہار ہونے کے اور کوئی نتیجہ پیدا نہیں ہوتا کافی وقت ضائع کرنے کے بعد مولانا موصوف اپنے مخصوص انداز میں الجمعیۃ اور دیگر اسلامی اخبارات کے بیانات کی تردید اس طرح فرماتے ہیں:۔

پیش کر دیا ہے کہ گویا وہ پہلی خط و کتابت کے سلسلہ کی کوئی ایک کڑی ہے۔ میں حیران ہوں کہ اس جرأت کی داد کس طرح دی جائے۔ اس خط میں تو مولانا شفیع داؤدی اور مولوی مظہر الدین کو سرحد آنے کی دعوت دی گئی ہے اور وہ شرائط بیان کی گئی ہیں جن پر یہ لوگ صوبہ سرحد کا دورہ کر سکتے ہیں۔ اس میں کہیں نام کو بھی اعتراضات کا ...

۲۰ جنوری کا خط

Camp Peshawar
20th Jan., 1932

My dear Maulvi,

بمبئی یکم مئی۔ پولیس، محکمہ ڈاک خانہ کی زبردست نگرانی کے باوجود کل صبح جنرل پوسٹ آفس کے لیٹر بکس میں سے دھواں نکلتا ہوا نظر آیا کسی شخص نے ایک پیکٹ اندر ڈالدیا تھا جس میں گندھک کا تیزاب تھا۔ لیٹر بکس کو فوراً کھولا گیا اور تیزاب کے پیکٹ اور جلے ہوئے پانچ خطوط کو علیحدہ کیا گیا۔

ڈھائی کروڑ بیکاروں کی تعداد

انٹرنیشنل لیبر آفس نے اندازہ لگایا ہے کہ گذشتہ سال کے اختتام پر ۲۵ ممالک میں جن کے اعداد و شمار مہیا ہوسکے ہیں دو کروڑ سے ڈھائی کروڑ تک بیکار تھے۔

پونہ میں خان عبد الغفار خاں کے صاحبزادوں کا گرفتاری

۱۹۳۱ء کے سازشیوں کو رہا کیا جائیگا؟

امپیریل بنک لاہور میں گولی چل گئی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مدناپور پر ریوالور کے چھ فائر
ایک بنگالی حملہ آور کی افسوسناک حرکت
مسٹر پیڈی کے جانشین ہسپتال پہنچ کر انتقال کرگئے

کلکتہ یکم اپریل۔ مدناپور ضلع بنگال میں جہاں ایک سال پیشتر مسٹر پیڈی کو ہلاک کیا گیا تھا، ایک اور ظالمانہ کارروائی کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ مسٹر آر ڈگلس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جو مسٹر پیڈی کے جانشین تھے ان پر ایک بنگالی نے ریوالور کے چھ فائر کئے جس سے آپ کو سخت کاری زخم لگے۔ مسٹر ڈگلس ایک جلسہ کی شرکت کے لئے ڈسٹرکٹ بورڈ آفس میں تشریف لے گئے تھے جب آپ وہاں سے واپس ہونے لگے تو ایک بنگالی نے آپ پر ریوالور سے حملہ کیا اور یکے بعد دیگرے چھ فائر کئے جس کے باعث مسٹر ڈگلس کی کلائی اور سینہ میں سخت زخم آئے۔

معلوم ہوا ہے کہ حملہ کے فوراً ہی بعد مبینہ حملہ آور کو گرفتار کرلیا گیا۔ زخمی ہونے کے بعد مسٹر ڈگلس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو فوراً ہسپتال پہونچایا گیا جہاں آپ کی مرہم پٹی کی گئی۔ پریذیڈنسی ہسپتال کلکتہ کو اطلاع دی گئی کہ وہ فوراً ڈاکٹر سپین مدناپور روانہ کردے لیکن ان کی روانگی سے قبل مسٹر ڈگلس انتقال کرگئے۔

... مسٹر کاسل پر گولی سے حملہ کیا گیا اور وہ زخمی ہوگئے۔ اکتوبر میں مسٹر ڈورنو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پر گولی چلائی گئی جس کے باعث وہ ڈھاکہ میں سخت مجروح ہوگئے اور دسمبر میں مسٹر سٹیونس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کومیلا کو ان کے دفتر میں دو لڑکیوں نے ہلاک کردیا۔ سال رواں کے اوائل میں ایک لڑکی نے مسٹر سٹینلے جیکسن گورنر بنگال پر کلکتہ یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد کے موقعہ پر گولی سے حملہ کیا۔

حملہ آور کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ ۱۹ سال کا ایک نوجوان بنگالی ہے۔ حملہ کے وقت اسے مسٹر جارج اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے ایک رکن مسٹر نریندر ناتھ مترا نے دوڑ کر پکڑا۔

آئرش پارلیمنٹ میں حلف وفاداری کی تنسیخ
مسودہ کی دوسری خواندگی منظور ہوگئی

لندن ۳۰ اپریل۔ ڈبلن (آئرلینڈ کی پارلیمنٹ) نے مسٹر ڈی ویلرا کا پیش کردہ مسودہ کو جس کا مقصد حلف وفاداری کو منسوخ کرنا ہے ۷۱ ووٹوں کے مقابلہ میں ... کی تائید سے منظور کرلیا۔

دوران مباحثہ میں مسٹر کاسگریو نے مسودہ کی سخت مخالفت کی اور مسٹر ڈی ویلرا کے متعلق کہا کہ یہ ان کی احمقانہ غلطی اور خود سری تھی کہ جس نے آئرلینڈ کو خانہ جنگی کی آگ میں جھونک دیا ...

حکومت برطانیہ کو تنبیہ

انہوں نے کہا کہ وہ کوئی قدم اس حد سے آگے نہیں اٹھانا چاہتے جس حد تک انہیں اٹھانے کا اختیار ہے۔ اگر حکومت برطانیہ اس قسم کی کوئی کوشش کریگی جس سے بدلہ لینا ظاہر ہوتا ہو تو اس سے صاف پتہ چل جائے گا کہ مساوات کے سارے دعوے محض فریب ہیں!

ایک اور تار مظہر ہے کہ مسٹر کاسگریو نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا کہ مسٹر ڈی ویلرا اس مسودہ کو نہایت ہی عاجلانہ طریقہ پر پارلیمنٹ سے منظور کرا رہے ہیں جس کی ابھی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

شنگھائی میں بم پھینکنے کا واقعہ
زخمیوں میں سے ایک زخمی کی ہلاکت

شنگھائی ۲۹ اپریل۔ بم کے واقعہ کا تذکرہ ہر حلقہ میں ہے ...

مسٹر چیمبرلین کیطرف سے استعفیٰ کی دھمکی

کلکتہ وار کونسل کے کیمپ پر پولیس کا چھاپہ

دھولیا جیل سے سوآدمی رہا کردئے گئے

دارالعوام میں کانگریس اور گاندھی جی کا ذکر خیر
کانگریس اور حکومت میں کس طرح سمجھوتہ ہوسکتا ہے؟
”ہندوستان میں وزیر اعظم کی پالیسی ناکام ثابت ہوگی“

لندن یکم مئی۔ آرڈیننسوں کے متعلق ایک سوال کے جواب میں سر سیموئل نے بتایا کہ جب تک ضرورت رہیگی آرڈیننس برابر نافذ رہیں گے ...

اشتراک عمل

ہندوستان میں روسی مظالم

کانگریس بالزام

مستقبل قوم کو حکومت کرنے کا اختیار

ہندوستان میں وزیر ہند کی پالیسی ناکام

گاندھی جی سے گفت و شنید

ہندوستان کے سیاسی حالات پر تبصرہ

ہندوستان اور برطانیہ میں جنگ

مسٹر چرچل کی تقریر

چینیوں اور جاپانیوں میں زبردست جنگ
دو سو آدمی ہلاک ہوئے

دہلی کے ہوٹلوں کی ابتر حالت
بسکٹ، نان پاؤ اور مٹھائی کی فروخت میں ڈاکہ

دہلی جو تمام ہندوستان میں ایک مشہور اور تاریخی شہر کے علاوہ ہندوستان کا دارالحکومت بھی ہے اس میں مسافروں کے لئے قطعاً کوئی آرام نہیں۔ ذیل کی شکایات اس قدر عام ہیں کہ بچہ بچہ ان سے واقف اور نالاں ہے اور جب تک دہلی میونسپلٹی اس طرف توجہ نہ کرے اس وقت تک ان کا ازالہ نہیں ہوسکتا۔

(۱) دہلی کے عام ہوٹلوں کی حالت نہایت خطرناک ہے۔ روٹی۔ سالن اور دیگر سامان خور و نوش اس قدر گراں ہیں کہ ایک مسافر صحیح معنوں میں دہلی آ کر لٹ جاتا ہے۔ روٹی دو پیسہ کی جاتی جو آج سے آٹھ سال پہلے فروخت ہوتی تھی اور جس وقت آٹا چار سیر فی روپیہ تھا آج بھی وہ دو پیسہ کو فروخت ہوتی ہے حالانکہ آجکل آٹے کا بھاؤ ۱۴ سیر ہے گویا ہوٹل والوں کے نزدیک چار سیر اور ۱۴ سیر میں کوئی فرق نہیں۔ اس کے علاوہ ہوٹل کے سالنوں میں جو گھی ڈالا جاتا ہے وہ یا تو خالص چربی ہوتی ہے اور یا ... کہ ان دونوں سے صحت پر کس قدر خراب اثر پڑتا ہے۔ سینکڑوں مسافر جو دو چار ماہ کے لئے دہلی میں قیام کرتے ہیں مستقل نزلہ و زکام، کھانسی اور سینہ کی ریزش وغیرہ امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور بہت سے لوگوں کو تو سل کا مرض بھی لاحق ہو جاتا ہے۔ اس لئے دہلی میونسپلٹی کا یہ اولین فرض ہے کہ وہ دہلی کے ہوٹلوں کی خوراک کی قیمت ... اور سالنوں میں خالص گھی استعمال کیا جانے لگے۔ بہتر تو یہ ہے کہ میونسپلٹی کے ممبران صرف آٹھ دن دہلی کے ہوٹلوں کا کھانا تناول فرمائیں تاکہ ذاتی جانچ پڑتال کے بعد وہ کوئی صحیح قدم اٹھا سکیں۔

(۲) جس زمانہ میں آٹے کا بھاؤ چار سیر تھا اس وقت بسکٹ بازار میں ایک پیسہ کو ملتا تھا اور نان پاؤ کی قیمت ایک آنہ تھی اب جبکہ آٹے کا بھاؤ ۱۴ سیر فی روپیہ ہے بسکٹ اور نان پاؤ اسی قیمت کو دہلی کے ... ایک پیسہ اور ایک آنہ کو فروخت ہو رہے ہیں۔ کیا میونسپلٹی کے ارباب بست و کشاد کو اس کا علم نہیں ہے؟ اگر ہے اور ضرور ہے تو کیا وجہ ہے کہ اس اندھیر نگری کا علاج نہیں کیا جاتا۔

(۳) ... [illegible]

ریلوے تار کاٹنے والا گروہ گرفتار
ملزمان کو تار گلاتے ہوئے گرفتار کیا گیا

کانپور ۲۰ اپریل۔ کانپور اور اناؤ کے اضلاع میں ریلوے ٹیلیگراف کے تار کاٹنے کے جو متعدد واقعات پیش آئے تھے۔ پولیس ان کی سرگرمی کے ساتھ تفتیش کر رہی تھی بالآخر آج صبح پولیس نے تار کاٹنے والا گروہ کا سراغ لگا لیا۔ سید ممتاز حسین سب انسپکٹر پولیس نے ڈپٹی کے پڑاؤ میں ایک خفیہ مقام پر چھاپہ مارا اور ملزمان کو تار پگھلاتے ہوئے گرفتار کر لیا کہا جاتا ہے کہ ان کے پاس کئی سیر تانبے کے تار موجود تھے۔ اس سلسلہ میں اہم انکشافات کی توقع کی جاتی ہے۔

گلانسی کمیشن کی سفارشات کے خلاف پروپیگنڈہ
ہندوؤں کی طرف سے ایک منظم جماعت کا قیام

سری نگر ۹ اپریل۔ مسٹر کاشی پنڈت صدر گلانسی کمیٹی کی سفارشات کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کے لئے پہلے ڈکٹیٹر مقرر کئے گئے ہیں۔ آپ نے ایک مکتوب مسٹر لاٹ مجسٹریٹ کے نام روانہ کیا ہے کہ گلانسی رپورٹ کی سفارشات جن کا ہندوؤں سے تعلق ہے اس وقت تک عمل جامہ پہنایا نہ جائے جب تک ان کے جملہ مطالبات پورے نہ کئے جائیں۔

ہندوستان سے بڑا کی علیحدگی
لنکاشائر کے لئے ایک نئی منڈی

لندن ۲۰ اپریل۔ اخبار مارننگ پوسٹ نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ برما میں جدید ... [illegible]

ڈی۔ اے وی کالج کا ایک ملازم گرفتار
خطوط جلانے کی سعی کا الزام

... [illegible]

وزیر ہند پر ایک لاکھ روپیہ کا دعویٰ
ہائی کورٹ نے پانچ ہزار روپیہ کی سفارش کی

... [illegible]

پستول اور مصالحہ پکڑا گیا
پولیس نے تین آدمیوں کو گرفتار کر لیا

... [illegible]

ڈاکٹر ٹیگور کا ورود اصفہان

... [illegible]

نصف شب کے وقت سرخ اشتہارات کی تقسیم

... [illegible]

برما میں باغیوں کی قاتلانہ سرگرمیاں
چار ماہ میں ڈکیتی اور قتل کی وارداتیں

... [illegible]

روس میں نئے پریس کا قیام
ایک لاکھ پونڈ پر ایک کمپنی کو ٹھیکہ

... [illegible]

پولیس اور مسکرات کی تجارت کرنے والوں کا مقابلہ
پولیس پر چھرہ سے حملہ کرنے کی سعی

ناگپور ۱۹ اپریل۔ دمرہ میں پولیس نے نشیات کی ناجائز تجارت کرنے والے گروہ کے ایک آدمی کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے جب اس گروہ کی جائے قیام پر حملہ کیا تو ایک آدمی نے چھرے سے حملہ کرنا چاہا۔ بڑی دیر تک پولیس اور ان لوگوں کے درمیان جنگ ہوتی رہی بالآخر پولیس نے غلبہ پالیا باقی فرار ہو گئے۔ صرف ایک آدمی گرفتار کیا جاسکا۔ اس کے پاس سے ۱۲ سیر چرس برآمد ہوئی۔

کردستان میں دو ہوابازوں کی گرفتاری

لندن ۲۰ اپریل۔ شاہی قوت پرواز کے دو ہوا بازوں کو کردوں نے گرفتار کر لیا۔ دونوں ہوا باز مجبوراً شمالی کردستان میں اترے تھے۔ لیکن کردوں نے ان کو گرفتار کر کے اپنے خیموں میں محبوس کر دیا۔

برطانوی پارلیمنٹ اور قانون حلف وفاداری

لندن ۲۰ اپریل۔ پارلیمنٹ کے سامنے حلف وفاداری کے قانون میں ترمیم کے لئے جو مسودہ پیش کیا گیا تھا وہ ۷۰ آراء کے مقابلہ میں ۲۹ آراء سے منظور کر لیا گیا۔

انجمن تحفظ ناموس شریعت کے ممبران کا انتخاب

مورخہ ۲۲ اپریل کو بوقت ۷ بجے شام انجمن تحفظ ناموس شریعت کے ممبران کمیٹی کا عبداللہ خاں کے مکان میں جلسہ ہوا۔ از سرنو عہدہ داران کا انتخاب ذیل ہوا۔

صدر:۔ مولانا مولوی محمد حیات صاحب

نائب صدر:۔ حاجی احمد دین صاحب جرخی

سکریٹری:۔ اللہ بخش گوگا خیل

بعدہٗ باتفاق رائے یہ پاس ہوا کہ آج شب کو ایک بھاری جلسہ میدان حافظ جمال میں منعقد کیا جاوے جس میں شہیدان پشاور کے جلوس کا پروگرام پبلک کو بتلایا جائے۔

چنانچہ اسی رات ۹ بجے میدان حافظ جمال میں ایک بڑا بھاری جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی محمد حیات صاحب منعقد ہوا۔ ہندو مسلم کثیر تعداد میں تھے۔ حاضرین کو جلوس کے پروگرام کے متعلق آگاہ کیا گیا۔ کل وقت ٹھیک پانچ بجے شام کے بازار ٹھٹھار الوالہ میں سے جلوس نکالا جاوے گا بڑا بازار گھنٹہ گھر چوڑا بازار میں سے ہو کر کمپنی باغ میں جلسہ منعقد کیا جاوے گا۔ اور شہیدان پشاور کی سوانح حیات دہرائی جاویں گی۔

(نامہ نگار)

تمام جہاں میں بے نظیر
مشکوٰۃ شریف مترجم و محشی اردو
بہ نہ صاف اور خوشخط تحریر کرایئے

... [illegible]

تمام درخواستیں بنام عبدالغفور غزنوی مالک کارخانہ انوار الاسلام امرتسر آنی چاہئیں

ہفتہ روزہ
اخبار تنظیم اہلحدیث روپڑ

... [illegible]

منیجر تنظیم اہلحدیث روپڑ ضلع انبالہ

کٹ پیس پارچہ بزازی
پر منافع تجارت

... [illegible]

اسپیریل ایکسپریس کمپنی بائیکلہ بمبئی ۸

مقویات سراج عالم

... [illegible]

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

... [illegible]

عربی رسالہ الضیاء لکھنؤ کا اجراء

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر می خواست
آخر آمد ز پس پردہ تقدیر پدید

مدت سے دل تمنی اور آنکھیں مشتاق تھیں کہ سرزمین ہند سے جہاں سب سے زیادہ تعداد میں فرزندان اسلام آباد ہیں، ایک عربی رسالہ اشاعت پذیر ہو تاکہ وہ ہندوستان اور ممالک اسلامیہ کے درمیان رشتہ اتحاد و ارتباط قائم کر سکے اور عربی زبان و ادب کی توسیع و اشاعت کی اہم خدمت بھی انجام دے۔ عربی زبان کی اہمیت صرف یہی نہیں ہے کہ وہ ممالک اسلامیہ کی مشترکہ زبان ہے بلکہ اسے ساری دنیا کے مسلمانوں کی واحد دینی زبان ہونے کا فخر بھی حاصل ہے۔ ... [illegible]

شکر ہے کہ دل کی یہ دیرینہ آرزو پوری ہوئی اور مدت کی تمنا بر آئی ہم رسالہ کے گرامی قدر سرپرستوں اور اس کے مایہ ناز ایڈیٹر کی خدمت میں نہایت خلوص و ادب سے ہدیۂ تبریک و تہنیت پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس نخل ادب کو خزاں کے ظالم ہاتھوں سے محفوظ رکھے اور اس کے شیریں ثمرات سے دلدادگان ادب عربی کو متمتع ہونے کا موقع عطا کرے۔

چونکہ پرچہ کے معرض اشاعت میں آجانے سے زیادہ ضروری دائمی اس کا استقلال سے برابر جاری رہنا ہے اس لئے ہم اسلامی ہند کی باذوق تعلیم یافتہ اور شمع ادب کے پروانوں سے پرزور درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس کی توسیع و اشاعت میں خاطر خواہ حصہ لیں۔ اگر صرف ہندوستان کے عربی مدرسوں کے ہونہار طلبہ اور اس کے قدردان منتظمین توجہ کریں اور ہندوستان کا ہر عربی مدرسہ ایک ایک پرچہ کا خریدار ہو جائے تو اس کا استقلال سے جاری رہنا کوئی مشکل امر نہیں۔ ورنہ الضیاء، زبان حال سے یوں عرض کرے گا۔

پھر کہئے کس امید پہ ہم زندگی کریں
جب آپ التفات ذرا بھی نہ کیجئے

سید یحییٰ حسن ندوی

مصنوعی ٹانگیں بنانے میں ایک ہندوستانی کا کمال

پنڈت ٹھاکر دت شرما وید مالک امرت دھارا کو جب معلوم ہوا کہ لالہ منقول ... دستی مصنوعی ٹانگیں بنا سکتے ہیں تو انہوں نے اپنے پچھلے سالانہ جلسہ پر سنگپور اور گوجرانوالہ سے چند مصنوعی ٹانگیں بنوا کر دیں۔ جس سے وہ مطلب پورے ہوئے ایک تو ایک ہندوستانی صنعت کاری کو حوصلہ افزائی ہوئی۔ دوسرے فریا کو زندگی کا سکھ حاصل ہوا۔ پنڈت جی اب کہتے ہیں کہ جن جن کو جلسہ کے موقعہ پر ازبل ڈاکٹر گوکل چند نارنگ کے مبارک ہاتھوں سے مصنوعی ٹانگیں دی گئی تھیں۔ ان سب کے خطوط آگئے ہیں کہ وہ نہایت اچھی طرح چل رہے ہیں۔ اور بیکا ایک نو دوسرا انسان جان نہیں سکتا کہ اس کو مصنوعی ٹانگ لگی ہے۔ یہ سب ٹانگیں ایسے اشخاص کے واسطے تھیں جن کی ایک ٹانگ گھٹنے سے نیچے موجود نہ تھی۔

لالہ منقول ... کوئی مالدار نہیں ہیں۔ ہمارے کانوں سے یہ سب باتیں سننے میں ہیں۔ ... [illegible] ... تجربات کئے۔ ... ولایتی کمپنیوں سے بنائی ہوئی ٹانگوں سے بہتر ثابت ہوئی ہیں وہ خود کوئی بڑا کارخانہ جاری کر سکتے ہیں۔ ... ہے۔ مگر وہ ان کے خلاف چارہ جوئی کرنے میں مستعد ہیں۔

نیک دل اصحاب کو چاہیے کہ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ جو کہ مندرجہ ذیل طریقوں سے ہو سکتی ہے۔

(۱) جن کو مصنوعی ٹانگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ لالہ منقول اسپیال شہر سیالکوٹ کے پتہ پر ان سے خط و کتابت کر کے ٹانگیں تیار اویں۔

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرا پن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے ہزار ہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے،

کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے

نپٹ بہرا پن

قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اکسیر جذام

... [illegible]

حافظ اقبال حسین بھٹیا ہی بھاگلپور

حضرت مصلح الدین سعدی شیرازی
گلستان

... [illegible]

منیجر حافظ بکڈپو شیراں والا گیٹ لاہور

دو صد روپے ماہوار کمانیکا واحد ذریعہ

... [illegible]

دلربا

... [illegible]

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

... [illegible]

معجون مدد گار غدود

... [illegible]

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب فروخت طلب ہیں

... [illegible]

منیجر رسالہ دلربا پریم گلی لاہور

جوتش کا چمتکار
جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب

... [illegible]

پنڈت جوتش کاریالیہ۔ لاہور

محبوب عاشق کے قدموں پر

... [illegible]

حلفیہ بیان

... [illegible]

سناٹوجن سے تمام کمزوریاں دور ہوتی ہیں

... [illegible]

SANATOGEN

... [illegible]

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزنامہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ ہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ...
... ۲۰ ۲۴ ...
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۵ | دہلی ۔ یوم دوشنبہ ۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ مئی ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۳

معاصرین کے افکار و آراء

ایک اہم قومی مسئلہ (ہند)

ہمارے خیال میں مسلمانوں کی سیاسی پستی کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ دولتمند مسلمان قومی کام کو ضروری خیال نہیں کرتے جب تک یہ صورت حال باقی رہے گی مسلمان آگے بڑھ نہیں سکیں گے۔ برخلاف مسلمانوں کے ہندو اس حقیقت سے واقف ہو گئے ہیں اور اپنے قومی کارکنوں کی ہر طرح مدد کر رہے ہیں۔ پنڈت مدن موہن مالویہ اور دوسرے بکثرت ہندو لیڈر اپنی معیشت کے لئے فکر کرنے پر مجبور نہیں ہیں۔ ان کی قوم نے انہیں مستغنی کر دیا ہے اور وہ اطمینان و دلجمعی کے ساتھ نئی نئی اسکیمیں بناتے رہتے ہیں۔

ضرورت ہے کہ مسلمان دولتمند بھی اس معاملہ کی اہمیت محسوس کریں اور قومی کارکنوں کی ایک ایسی جماعت پیدا کریں جو اپنی روزی کی طرف سے بے فکر ہو کر اپنی قومی خدمت کے سوا کچھ کام نہ ہو۔

ظاہر ہے تمام کارکنوں اور مفکروں کے خیالات یکساں نہیں ہو سکتے۔ لازمی طور پر اُن کے نتائج بحث مختلف ہونگے اور وہ قوم کے سامنے جدا جدا راہیں پیش کرینگے۔ مفکرین کا یہ اختلاف خیال، قومی زندگی کے لئے مضر نہیں مفید ہے۔ بحث و تمحیص ہی سے حقیقت پیدا ہوتی ہے، اور بحث و تمحیص، اختلاف خیال ہی کی صورت میں ممکن ہے۔ لہٰذا یہ مطالبہ نہیں کرنا چاہیے کہ قومی کارکن ہمیشہ ایک ہی نقطۂ نظر کے پابند رہیں اور ہمیشہ وہی کہیں جو عام لوگوں کو یا مدد پہنچانے والے مالداروں کو پسند ہو۔ اس طرح کا مطالبہ احمقانہ ہی ہو سکتا ہے اور اسے کوئی غیرت مند انسان کبھی منظور نہیں کر سکتا۔ اگرچہ عمر بھر اس پر کام کے دروازے بند رہیں۔ بلکہ ہونا یہ چاہیے کہ جن لوگوں کے اخلاص و نیک نیتی پر اعتماد ہو ان کی مدد کرنی چاہیے اور انہیں موقعہ دینا چاہیے کہ اپنی بصیرت کے مطابق قوم کی خدمت کرتے رہیں، اگرچہ ان کے افکار باہم کتنے ہی متضاد و مختلف ہوں۔

ہمیں ذاتی طور پر علم ہے کہ بہت سے بہترین دماغ اس لئے قومی کام سے ہٹ گئے کہ معیشت کے مطالبوں سے مغلوب ہو گئے تھے انہیں مجبوراً عام دماغوں کی طرح آٹے دال کی فکروں میں پھنس جانا پڑا اور قوم ان کی قابلیت سے کوئی فائدہ نہ اٹھا سکی۔

طرف توجہ کریں تو آئے نہ یہ بیکاری ہوتی اور نہ نوجوان انقلاب پسند بنتے۔

کسی حد تک ہمیں بھی اس سے اتفاق ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ اگر ملک کی وسیع بیکاری نہ ہوتی تو اتنے زیادہ انقلاب پسند نہ ہو جاتے ان میں سے زیادہ تر پیٹ کے سوال سے عاجز آ کر شامل ہو گئے ہیں اور اس میں ان کو ذہنی نجات دکھائی دی اگرچہ غلط طریقہ کار ہے لیکن سیاسی انجمنوں سے زیادہ اس کی ذمہ داری انگریز تاجروں پر ہے بمبئی کرانیکل میں ایک انگریز مورخ مسٹر ایچ۔ ای ولسن کے ایک مضمون کا حوالہ دیا گیا ہے کہ:۔

"ہندوستان کی صنعت و حرفت کو انگریز تاجروں نے تباہ کیا پارلیمنٹری کمیٹی ۱۸۱۳ء کے سامنے شہادت پیش کی گئی تھی کہ ہندوستان کا بنا ہوا مال انگلستان کے بازاروں میں جا کر ۵۰ فیصدی منافع پر فروخت ہوتا تھا لیکن برطانوی گورنمنٹ نے اپنے ولایتی کارخانوں کو بچانے کے لئے ہندوستانی مال پر ستر فیصدی محصول لگا دیا اور جو انگریزی مال ہندوستان بھیجا جاتا تھا اس پر برائے نام محصول تھا۔"

ان حالات کے ہوتے ہوئے اگر ایک طرف سیاسی انجمنوں کا فرض ہے تو دوسری طرف حکومت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ دونوں کا فرض ہے کہ وہ اس کے لئے کام کریں اور بیکاری کو رفع کرنے کی کوشش کریں۔

باہمی خانہ جنگی کی بنیاد (ملت)

سول اینڈ ملٹری گزٹ کی تازہ اشاعت میں اس کے "مسلم سیاسی مضمون نگار" نے ایک چھوٹا سا شذرہ صوبہ سرحد میں آنریبل صاحبزادہ سر عبدالقیوم کے تقرر پر لکھا ہے اس نے اس شذرہ میں جہاں یہ ظاہر کیا ہے کہ صوبہ سرحد کے باشندوں نے نواب صاحب کا دل سے خیر مقدم کیا وہاں مضمون نگار کے قلم سے یہ راز بھی فاش ہو گیا ہے کہ

"جب صوبہ سرحد کو کامل صوبجاتی خود مختاری مل جائے گی تو توقع ہے کہ وہاں کے نوابین اور ان کے وزراء کانگریسی تحریکوں اور سرخپوشوں کی جدوجہد کو برطانوی عمال حکومت سے بھی کم برداشت کریں گے اور خان عبدالغفار اور ان کے احباب کو ٹھیٹھ حکومت کے ماتحت ایک سبق مل جائے گا۔"

گویا اس کا مطلب یہ ہوا کہ آئندہ سے صوبہ سرحد میں خان عبدالغفار خان کا مقابلہ خود وہیں کے باشندے کریں گے۔ کیا یہ صوبہ سرحد کی باہمی خانہ جنگی کا پیش خیمہ تو نہیں ہے؟

وائسرائے کا عزم انگلستان؟ (مدینہ)

قارئین کو یاد ہوگا کہ ہم نے حکومت کی موجودہ سخت گیری کو صرف ایک تجربہ سے تعبیر کیا تھا۔ تازہ ترین خبروں کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ یہ تجربہ ایک دو ماہ اور جاری رہے گا اور جب ترتیب دستور کا وقت بالکل قریب آ جائے گا اس وقت یہ تجربہ ختم ہو جائے گا اور برطانوی مدبر اپنے خیالات کی اصلاح کرنے پر مجبور ہونگے ہمارے اس خیال کی تائید اس امر سے ہوتی ہے کہ وائسرائے اور وزیر ہند تین چار ماہ کی صورت حال کو دیکھ چکے ہیں اور جدید حالات ان کے سامنے ہیں جہاں تک کامیابی کے اعلانات کا تعلق ہے سرکاری فرائض کے اعتبار سے یہ ان کا حق ہے لیکن اس کامیابی کے پس پردہ ہندوستان و برطانیہ میں جو مستقل نفرت و حقارت کے جذبات پیدا ہو رہے ہیں اور اس صورت میں برطانیہ کی اقتصادی حالت کے متعلق جو مستقل خطرات پیدا ہو گئے ہیں ان سے ہندوستان کی قسمت کے یہ دونوں سفید فام مالک بھی زیادہ عرصہ تک قطع نظر نہیں کر سکیں گے۔ ہندوستان و انگلستان کے بعض ممتاز جرائد نے اپنی تازہ ترین اشاعتوں میں لارڈ ولنگڈن کی ناکامی پر جس جرأت اور وضاحت کے ساتھ تبصرہ کیا ہے وائسرائے ہند اور ان کی حکومت پر اس کا اثر پڑنا یقینی ہے۔ ان حالات میں کوئی تعجب نہیں اگر حکومت ہند اپنی سخت گیری کے تجربات سے جلد از جلد دستبردار ہو جائے۔ وائسرائے ہند انگلستان کا عزم کریں اور مخالف جماعتیں "بھونکنے والے کتوں" کی بجائے "روح کار فرما" کی صورت میں نمایاں ہو جائیں۔ آئندہ دو ماہ بتا دینگے کہ ان قیاسی باتوں میں کونسی صحیح اور کونسی غیر صحیح ہے۔

خوشخبری؟ (حقیقت)

سنا جاتا ہے مولانا شوکت علی کی نئی شادی کے بعد سے ان کے خیالات میں نمایاں تبدیلی پیدا ہو گئی ہے۔ انہوں نے ایک پرائیویٹ گفتگو میں کہا ہے کہ میں امریکہ جاؤں گا اور پھر شاید ایک سال تک واپس نہ آ سکوں۔ وہاں سے عرب، ٹرکی اور مصر وغیرہ جاؤں گا۔ ہندوستان کے معاملات سے اب مجھے دلچسپی نہیں رہی۔ ہمیں یہ خبر بجائے افسوس کے خوشی ہوئی۔ ملی برادران کی گزشتہ بیس سال کی شہرت و ہر دلعزیزی کو مولانا شوکت علی صاحب نے اپنی پچھلے دو تین سال کی سیاسی سرگرمیوں سے جو نقصان پہنچایا ہے اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم کہتے ہیں کہ مولانا شوکت علی صاحب کے لئے یہی بہتر ہوگا کہ وہ ہندوستان کے پالیٹکس سے زیادہ نہیں تو دو تین سال کے لئے ضرور کنارہ کش ہو جائیں۔ مسلمان اُن کی رہنمائی کے بغیر زیادہ بہتر طریقہ سے اپنے حقوق کا تحفظ کر سکتے ہیں!!

وزیر ہند کا عجیب جواب (البشیر)

پارلیمنٹ میں ایک سوال کے جواب میں وزیر ہند نے ارشاد فرمایا کہ انڈین نیشنل کانگریس خلاف قانون نہیں ہے لیکن اس کی لوکل کمیٹیاں اور اس کے اجلاس خلاف قانون ہیں۔

وزیر ہند کا مذکورہ بالا جواب عجیب و غریب ہے جبکہ کانگریس ورکنگ کمیٹی اور اس کے ماتحت لوکل کمیٹیاں خلاف قانون ہیں کانگریس دفاتر کی لوکل کمیٹیوں کے دفاتر پر پولیس کا قبضہ ہے اور کانگریس کے تمام سرمایہ کو گورنمنٹ نے اپنے قبضہ میں کر لیا ہے۔ کانگریس کی تمام کارروائیوں سے ہمدردی کرنا بھی جب آرڈیننس کے جرم قرار پا چکا ہے۔ پھر آخر کانگریس کس چڑیا کا نام ہے جو گورنمنٹ کے نزدیک خلاف قانون نہیں ہے۔ سر سیموئل ہور وزیر ہند کا جواب گورنمنٹ کی عجیب و غریب پالیسی کا اعلان کر رہا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ گورنمنٹ کی اسی قسم کی پالیسی کی وجہ سے گورنمنٹ کا رعب اور اس کا وقار روز بروز ملک میں کم ہوتا جاتا ہے۔

انقلاب پسند کیوں ہیں (انصاف)

انگریزی اخبار اسٹیٹسمین نے لکھا ہے کہ:۔

"پچھلی نصف صدی میں ملک کی بیشتر انجمنیں اگر صنعت و حرفت اور زراعت کی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اسلامی تاریخ کے ... اوراق میں مسلمانوں کی سیرۃ و محامد ... عظمت ... بکھرے ہوئے ہیں ... موجودہ ... مسلمان ... پیچھے ... قدم ... پیش روؤں کی زبردست ... لیکن مسلمانوں نے جس طرح اپنی تاریخی عظمت کو پامال کیا ہے وہ ایک دردناک داستان ہے ضرورت ہے کہ مسلمانوں کو ان کی تاریخ سے روشناس کیا جائے اور ان عظیم الشان کارناموں کی یاد تازہ کی جائے جن پر اغیار کی سربلند عمارتیں تعمیر کی جا رہی ہیں اور جن کو فراموش کر کے ہم اغیار کے خوشہ چین بن کر رہ گئے ہیں۔ اسلئے کارکنان الجمعیۃ نے ارادہ کیا ہے کہ آئندہ مسلمانوں کے سامنے وقتاً فوقتاً اسلامی تاریخ کے جواہر پاروں سے مرتب ... پیش کیا جائے جو ... حیات تازہ کی لہر دوڑا دے ... کوشش کی جائے گی کہ ہر واقعہ کو ... مختصر بیان کیا جائے ... ذیل کا مضمون اس سلسلہ کی پہلی قسط ہے۔ وعلی اللہ توکلنا۔ (ادارۂ الجمعیۃ)

اسلام کے فرزندوں کا جوش جہاد

والکلمۃ لا تقاتلون فی سبیل اللہ!

جنگ و معرکہ کا بازار عنقریب گرم ہونے والا ہے اور کفار عرب نے مٹھی بھر مسلمانوں کے استیصال کے لئے پورا عزم کر لیا ہے۔ سرداران قریش عرب کے مختلف گوشوں میں پھر کر اس جنگ کی شرکت کیلئے پورے عرب کو آمادہ کر رہے ہیں۔ خواتین عرب اپنے شوہروں کو غیرت دلا رہی ہیں ... اس جنگ میں شرکت نہ کی ... جنگ سے بھاگ ... اسلام کا ... اس جنگ میں شریک ہونے کے لئے بے تاب ہے اور ... فیصلہ کن بنایا جائے اور ان لوگوں کو جو خدائے واحد کے پرستار ہیں صفحۂ ہستی سے نابود کر دیا جائے۔

دوسری طرف مسلمانوں کا ایک قلیل گروہ ہے جو اپنے آقا اور محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد پروانوں کی طرح جمع ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مخالفین کے عزائم اور تیاریوں کی خبریں آ رہی ہیں اور آپ اللہ پر توکل کئے نتیجہ کا انتظار کر رہے ہیں صحابہ کرام کی ایک مخصوص جماعت آپکے پاس ہے جن کے چہرے جہاد فی سبیل اللہ کی خوشی سے چمک رہے ہیں۔ ہر مسلمان کی آرزو ہے کہ سب سے پہلے شہادت کا مرتبہ اسے حاصل ہو اور ناموس اسلام کی حفاظت کیلئے میری گردن خاک و خون میں تڑپے! لیکن خرابی یہ ہے کہ ادھر کفار کی اسقدر کثرت اور بے پناہ سامان تیاریاں اور ادھر مسلمانوں کی قلت ... بعض لوگ بشری کمزوری کے باعث دل ہی دل میں خیال کر رہے تھے کہ ہم ایک ... جماعت کس طرح مقابلہ کر سکیں گے اور فتح و ظفر کس طرح ہمارے ہم رکاب ہوگی ...

ناگاہ صحابہ میں سے ایک صحابی کی زبان پر یہ نغمہ ٔ حق جاری ہو جاتا ہے: اذن للذین یقاتلون بانہم ظلموا وان اللہ علی نصرہم لقدیر۔ مسلمانوں کو جنگ کی اجازت دی جاتی ہے کیونکہ ان کی مظلومی اور بے چارگی کی انتہا ہو گئی ہے اور بے شک اللہ ان کی نصرت و امداد پر قادر ہے۔

اس فقرہ ... صحابہ کرام کی قلیل جماعت دوڑ کر جوش سے بول اٹھی کہ یا رسول اللہ کفار اپنی پوری تیاریاں کر چکے، اب ہمیں کس چیز کا انتظار ہے؟

دوسرے صحابی اے اللہ کے رسول میرے ماں اور باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ حکم دیجئے ہم سمندر میں کود پڑیں گے اور آگ کے الاؤ میں گھس جائیں گے مگر کفر ہمارا ... نصرت اور اعانت کا وعدہ فرمالیا ہے۔ یا رسول اللہ حکم فرمائیے کہ ہم شہادت کے لئے بے تاب ہیں!

تیسرے صحابی ... ہم اپنے گھروں کو واپس نہ جائیں گے یہاں تک کہ اللہ حق و باطل کا فیصلہ کر دے۔

صحابہ کرام کے اس عزم و استقامت کو دیکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ انور مسرت اور خوشی سے چمکنے لگا اور آپنے فوج کی تیاری اور ترتیب کا حکم صادر فرمایا۔

سب سے پہلے آپ نے جنگ میں شریک ہونے والوں کو منتخب فرمایا یہ انتخاب کونسل کی ممبری کا انتخاب نہ تھا بلکہ خاک و خون میں تڑپنے اور تیر و سنان سے زخمی ہونے کا انتخاب تھا۔ لیکن صحابہ کرام کی یہ حالت تھی کہ ان میں سے ہر صحابی سبقت کیلئے بیتاب تھا۔ جب یہ انتخاب ہو چکا تو چھوٹے چھوٹے بچوں نے آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم کو اس سعادت سے کیوں محروم رکھا گیا؟

آنحضرت تم بچے ہو اور تم جنگ کے مصائب برداشت نہیں کر سکتے۔

ایک بچہ ہم جنگ میں ضرور شریک ہونگے اور بڑوں سے زیادہ کام کر کے دکھائینگے۔

آنحضرت بہت اچھا آئندہ کسی موقعہ پر تمہارا خیال رکھا جائے گا۔

دوسرا بچہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ نے ابو سلمی کو جنگ میں شریک کیا حالانکہ ان کی عمر مجھ سے زیادہ نہیں ہے۔

آنحضرت وہ تم سے زیادہ مضبوط اور طاقتور ہیں ... جنگ میں ایسے ہی لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

بچہ اگر طاقت کا سوال ہے تو ان سے میری کشتی لڑوا کر دیکھ لیجئے اگر میں غالب ہو جاؤں تو میرا نام بھی شامل کر لیا جائیگا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دلیل سے مجبور ہو کر فرمایا کہ اچھا تم دونوں کشتی لڑو چنانچہ ابو سلمی اور اس بچے میں کشتی ہوئی اور ابو سلمی کو بچے نے پچھاڑ دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور مجاہدین میں ان کا نام بھی شامل کر لیا۔

دوسرا بچہ یا رسول اللہ! اب تو مجھے بھی ایک موقع دیجئے ... آخر میں نے کیا قصور کیا ہے جو مجھے چھوڑ دیا گیا؟

آنحضرت دیکھو تمہارا ساتھی تم سے بڑا ہے اور اس کا قد تم سے نکلا ہوا ہے۔

بچہ اگر یہ قد ان کے قد کے برابر نکال دوں تو آپ مجھے شامل کر لیں گے۔

آنحضرت تم اپنے ساتھی سے بچھڑ کے ہو اچھا تم دونوں برابر کھڑے ہو جاؤ۔

چنانچہ دونوں بچے برابر کھڑے ہوگئے۔ چونکہ یہ بچہ اپنے ساتھی سے حقیقتاً چھوٹا تھا اس نے یہ ترکیب کی کہ پنجوں کے بل کھڑا ہو گیا اور قد میں اسے کد حاصل کرنے لگا ... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بچے کی اس حرکت کو دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا: اچھا تمہارا نام بھی مجاہدین میں شامل کر لیا جاتا ہے!

اللہ اکبر! سچ ہے کہ شیروں کے بچے بھی شیر ہوتے ہیں۔ ان بچوں کو اچھی طرح معلوم تھا کہ میدان جنگ میں جا کر زندہ نہیں بچیں گے اور وہاں تو اپنا خون بہانا اور تیغ و سنان سے رقص بسمل کا تماشہ کرنا ہوگا لیکن اس کے باوجود وہ شرکت جنگ کے لئے اسقدر بے تاب ہیں جس طرح شیر خوار بچہ ماں کے دودھ کیلئے بیتاب اور پریشان رہتا ہے۔ اگر ان کی یہ حالت نہ ہوتی اور جہاد فی سبیل اللہ کا عملی ذوق ان کے رگ و ریشہ میں سرایت نہ کر جاتا تو عرب کا سیلاب قیصر و کسریٰ کی سطوت و جبروت کو بہا کر نہ لیجاتا، اور حق کی آواز دنیا کے گوشہ گوشہ میں ہرگز نہ پہونچتی۔

کیا فرزندان توحید اپنے نفسوں کا محاسبہ کریں گے اور عہد اول کے بچوں اور موجودہ عہد کے کامل مسلمانوں کی ہمت و جرأت کا موازنہ کریں گے؟ اسلام زندگی کا فلسفہ دنیا کو بتلانے آیا ہے۔ داعی اسلام نے اپنے عمل سے بتایا کہ قومیں کس طرح زندہ رہتی ہیں اور ان کے حفظ و بقاء کے اسباب کیا ہیں پیغمبر اسلام کی زندگی کا فوٹو خود قرآن نے اس طرح کھینچا ہے

قل ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین
لا شریک لہ وبذلک امرت وانا اول المسلمین

اے اسلام کے داعی کہدو کہ میری نماز، میری قربانی اور میری زندگی اور موت اسی ذات کے لئے ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے اور جس کا کوئی شریک نہیں ... اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔

یہ ہے ایک مسلمان کی زندگی جس کا نقشہ مذکورہ بالا آیات میں کھینچا گیا ہے۔ مبارک ہیں وہ جو اس حقیقت کو سمجھ کر اپنی زندگی کو اس کے مطابق بنائیں۔

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔
منیجر الجمعیۃ دہلی

خالص کیسٹر آئل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد و عورت بچے بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mafg. Co. (India) Post Box 88 Kirachi

ایک مہینہ میں انگریزی آجائیگی
... مشہور بک ایجنسی کلاں محل دہلی

صد ہا مرضوں کی ایک دوا
... حب جواہر ... ۱۹۳۲ء ...
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

وسیلۂ نجات
حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں سے ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث صحیح سے اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے۔ مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عمر دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ سب احادیث صحیح ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھرانے میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں ... بہتر ہے کہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوئی فقط تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر نہیں بنتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدر آبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرابادین مفید عام کا ہر اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ ہر بیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز ۲۰×۳۰ اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف
مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اسکو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمہ والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا
اعلیٰ حضرت حضور نظام
جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا۔ صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کیلئے مبلغ ... علاوہ محصول ڈاک۔
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا۔ اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے ایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے، ہر ان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔
ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ ... علاوہ محصول ڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم
اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ ... قسم دوم ... علاوہ محصول ڈاک ...
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین۔ لنگی۔ رومال (پشاوری) مشہدی یزدی) کلاہ پنکھے۔ چپلیاں۔ نسوار۔ سرکہ انگوری۔ چاء سبز۔ اصلی میوہ خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں سستے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے مؤخر الذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے
منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ ہجری

دستور سازی

خطرناک غلطیوں کا امکان

فرنچائز کمیٹی جو لارڈ لوتھین کے زیر صدارت کام کر رہی تھی اپنی رپورٹ تیار کر چکی ہے اور گذشتہ ہفتہ اس رپورٹ پر دستخط بھی کر دئے گئے ہیں۔ جیسا کہ پہلے سے خیال کیا جاتا تھا رپورٹ متفقہ نہیں ہے بلکہ تین اراکین نے مستقل اختلافی نوٹ لکھے ہیں اور باقی حضرات نے جابجا جزوی امور سے اختلاف کیا ہے ...

دوسری بات مرکزی ذمہ داری کے متعلق ہے۔ جہاں تک ہم نے گول میز کانفرنس کے دونوں اجلاسوں کی کارروائی کو پڑھا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ آئندہ دستور اساسی میں مرکزی ذمہ داری کے متعلق حکومت قطعی وعدہ کر چکی ہے اور وزیر اعظم برطانیہ کی تصریحات اس ...

سیاسی اضطراب

تمام دنیا اس وقت سیاسی اضطراب میں مبتلا ہے۔ ہندوستان کے اندر جو کچھ ہو رہا ہے وہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔ چین اور جاپان کی جنگ اور اس کے متعلقات کو ہم روزانہ اخبارات میں دیکھتے رہتے ہیں۔ مرکزی یورپ کی چھوٹی چھوٹی سلطنتیں مالی مشکلات میں مبتلا ہیں اور ان کا اصل تلاش کرنے کے لئے پریشان پھر رہی ہیں۔ اب آج کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ فرانس میں روسی نسٹ جماعت کے ایک فرد نے فرانسیسی صدر پر گولی سے حملہ کیا اور اس کی حالت نازک ہے۔ اس کا سبب بھی سیاسی بتایا جاتا ہے ...

مطمئن نہیں ہے۔ اگر گذشتہ تاریخ کے تجربات کوئی اہمیت رکھتے ہیں اور ان کی بنا پر آئندہ کے متعلق کوئی پیشینگوئی کی جا سکتی ہے تو ہم یہ کہیں گے کہ ہمیں اس عالمگیر بے چینی میں کسی زبردست انقلاب کے آثار نظر آ رہے ہیں اور صاف معلوم ہوتا ہے کہ دنیا آہستہ آہستہ اس تباہی کی طرف جا رہی ہے جس کے بعد اسے ایک مرتبہ پھر صراط مستقیم نظر آئے گی ... بالکل مفقود ہے۔

دار العلوم میرٹھ کی امداد

ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ مدرسہ دار العلوم میرٹھ کی امداد کے لئے وہ اپیل درج کر رہے ہیں جو مولانا محمد مبارک حسین صاحب محمدی ناظم مدرسہ کی جانب سے شائع کی گئی ہے ... امید کرتے ہیں کہ وہ اہل خیر حضرات جن کے سامنے دینی تعلیم کی ضرورت و اہمیت موجود ہے اور جو اس قسم کی مذہبی خدمات میں پیش پیش رہتے ہیں اس موقع پر مدرسہ دار العلوم کی امداد فرمائیں گے۔

آرڈیننسوں کا مستقبل

دستوری مسئلہ کے ساتھ ساتھ ایک مسئلہ یہ بھی زیر بحث آ رہا ہے کہ موجودہ آرڈیننسوں کی مدت ختم ہو جانے کے بعد حکومت کیا کرے گی۔ ہندوستان اور انگلستان کے اخبارات میں اس پر بہت بحثیں کی جا رہی ہیں اور مختلف ایجنسیوں کے نامہ نگاروں نے بھی مختلف خیال آرائیاں کی ہیں۔ ان سب کو دیکھ کر بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت آرڈیننسوں کو کسی نہ کسی صورت میں جاری رکھنا چاہتی ہے ... نزاع اس مثال پیش کر دی ہے۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مسمی ابراہیم اس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ اپنی بہو کے ساتھ ناجائز تعلقات رکھتا ہے اور اس کو معتبر شاہدوں نے جس حالت میں دیکھا ہے ان کی عینی شہادت حسب ذیل ہے ...

(گواہی سارنگ کی)

(گواہی محمد کی)

(گواہی عارف کی)

الجواب

صورت مرقومہ میں ابراہیم کے لڑکے کا نکاح فاسد ہو گیا ہے اور اس کے لڑکے کی بیوی حرام ہو گئی ہے ...

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) مسجد عین اسلام ہے کہ نہیں؟

(۲) انتظام مسجد عین انتظام اسلام ہے یا نہ۔

(۳) انتظام اسلامیت کے لئے اجماع و اتفاق ہر ایک اہل اسلام پر فرض ہے یا واجب یا سنت یا کچھ بھی نہیں۔

(۴) ...

(۵) ...

الجواب

مسجد اگرچہ شعائر اسلام سے ہے لیکن عین اسلام نہیں بلکہ اسلام کی فروعات میں سے ہے ...

اجابہ وکتبہ

حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمن صاحب

ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علمائے ہند بلا شرط رہا کر دئے گئے

حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمن صاحب ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علمائے ہند ... گرفتار ہوئے تھے ... رہا کر دئے گئے ہیں۔

انوار و جمعیۃ

...

اسمبلی حج کمیٹیوں کے متعلق جدید مسودہ قانون

حکومت کو نامزدگی اور تغیر و تبدل کے اختیارات

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

ہر گاہ کہ ان مسلم زائرین کی امداد کے لئے جو جہاز جاتے ہیں حاجیوں کے خاص بندرگاہوں میں کمیٹیوں کے قیام کی ضرورت ہے اس لئے حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

مختصر عنوان، وسعت اور آغاز

دفعہ ۱۔ (۱) اس قانون کا نام حج بندرگاہ کمیٹیوں کا قانون ۱۹۳۲ء ہے۔

(۲) یہ قانون فی الحال صرف صوبہ بمبئی اور صوبہ بنگال پر حاوی ہے مگر گورنر جنرل باجلاس کونسل کو یہ اختیار ہے کہ وہ گزٹ آف انڈیا میں اعلان کرنے کے بعد کسی دوسرے ساحلی صوبہ پر بھی اس کا نفاذ کر دیں ...

کی ایک فہرست شائع کرائے گی جو انتخاب، نامزدگی یا کوآپشن کے ذریعہ رکن ہوں گے۔

اگر کوئی کمیٹی کسی رکن کا انتخاب یا کوآپشن نہ کرے گی تو اس کا یہ فعل لوکل گورنمنٹ کو اس امر سے باز نہ رکھ سکے گا کہ وہ نامزدگیاں کرے یا ضمن ہذا کے مطابق اراکین کی فہرست شائع کر دے۔

کسی جدید کمیٹی کے اراکین کی فہرست اس وقت تک شائع نہ ہو سکے گی ...

تعریفات

پورٹ حج کمیٹیوں کا قیام

کمیٹیوں کی ترکیب کے متعلق قواعد

صدر اور نائب صدر

قواعد متعلق صدر و نائبین صدر

پورٹ حج کمیٹی کی ترکیب کو بدلنے کا اختیار

نامزدگی، انتخاب اور کوآپشن

(باقی آئندہ)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ایک جدید امریکن بائبل

شاہ جیمس بائبل میں اصلاح اور ترمیم کی کوشش

امریکن سٹینڈرڈ بائبل کمیٹی کے صدر (ڈین لوتھر ویگل) نے اعلان کیا ہے ۱۹۴۱ء میں سٹینڈرڈ امریکن بائبل کا ترمیم شدہ ترجمہ شائع ہو جائے گا۔ آپ نے فرمایا کہ کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ دس سال تک نیویارک میں بائبل کے متن کا مزید مطالعہ کیا جائے۔ آپ نے مزید فرمایا کہ شاہ جیمس بائبل کا ترجمہ ۶۰ انگریز اسکالروں کی زیر نگرانی اور ۴۷ ماہرین کی امداد سے ۱۶۰۷ء میں شروع کیا گیا تھا جنہوں نے گیارہ سال تو عہد جدید کے ترجمہ پر اور ۱۴ سال عہد عتیق کے ترجمہ اور اصلاح پر صرف کئے۔ اس بات پر اتفاق ہو گیا تھا کہ اختلافات کی صورت میں انگلش کمیٹی کے ترجمہ کو ترجیح دی جائے گی لیکن ۱۴ سال کے بعد امریکن کمیٹی کو بھی آزادی دیدی گئی کہ وہ جس ترجمہ کو مرجح سمجھے داخل کتاب کرے۔ بائبل کے اختلافات امریکن سٹینڈرڈ ایڈیشن میں موجود ہیں جو ۱۹۰۱ء میں شائع ہوا تھا۔

دنیا کا ایک عظیم الشان اخبار

"نیوز آف دی ورلڈ" کی ۲۵ لاکھ اشاعت

یہودیوں کی وہم پرستی

نجات پانے کیلئے ایک عظیم الشان کشتی کی تیاری

امریکہ میں ایک قدیم ہرم کی دریافت

۱۹۳۲ء کے لئے فلموں کی تیاری

دلچسپ اعداد و شمار

افغانستان میں حفظ قرآن کریم کا شوق

ہرات کے دار الحفاظ میں امتحان

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

حجاز ریلوے کو واگزاشت کرانے کی کوشش

مؤتمر حجاز کے انعقاد کی تجویز

دمشق کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ حجاز ریلوے کو فرانس اور انگلستان کے غاصبانہ تصرف سے بچانے کے لئے حجاز میں ایک مؤتمر کے انعقاد کی تجویز زیر غور ہے۔ حجاز ریلوے کے مسئلہ سے تمام مسلمان متعلق ہیں اور مصر، فلسطین، شام، حجاز، عراق اور یمن کے نمائندوں کو اطلاع دیدی گئی ہے کہ وہ کانفرنس کی شرکت کیلئے تیار رہیں اور ایسا لائحہ عمل سوچ کر لائیں جو حجاز ریلوے کو آزاد کرا سکے۔ حجاز ریلوے ایک اسلامی وقف ہے مگر جنگ عظیم کے دوران میں اس پر فرانس نے تسلط جما لیا تھا۔

ایک مصری ملحد کی سرکاری خدمت سے معزولی

ڈاکٹر طٰہٰ حسین کو الحاد پھیلانے کی سزا

ٹرکی میں ہوائی جہازوں کا کارخانہ

یہ کارخانہ یورپ سے مستغنی کر دے گا

فلسطین میں مزید یہودیوں کو آباد کرنے کی کوشش

حیفا میں ایک زبردست عالم کا انتقال

ایک عرب فلسفی کا ورود امریکہ

والی حجاز کے سوانح حیات

عراق کا نیا سکہ

دارالحکومت

سکریٹری خلافت کمیٹی کے نام مجلس انتخابات کا مکتوب
آخری اقدام سے قبل صلح کی کوشش

دہلی میں گوردوارہ پر گرفتاریاں
چھ خواتین اور نو رضاکاروں کی گرفتاری

دہلی میں خطوط کو آگ لگانے کی وبا
لیٹر بکسوں پر پولیس کا پہرہ

دہلی کے قریب ایک مہاجن کے مکان پر ڈاکہ
مہاجن کا قتل اور لوگوں پر گولیوں کی بارش

مولانا انور الدین صاحب بہاری چوتھے ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کو نوٹس
چوبیس گھنٹے کے اندر دہلی چھوڑ دینے کا حکم

ساردا ایکٹ کی خلاف ورزی
دہلی کے ایک ہندو پر مقدمہ

سیٹھ رنچھوڑ لال کا احمد آباد کو تبادلہ

لینن اور گاندھی کی تلاش

سیٹھانی کے قتل کا مقدمہ

جامع مسجد دہلی میں جلسہ

دہلی جیل سے ۱۸ مزید اشخاص کی رہائی

مزید ڈکٹیٹروں کی رہائی

کمشنر اجمیر پر حملہ کیوں کیا گیا؟
عدالت میں کمشنر اجمیر کی شہادت

مقدمہ سازش چھپرا کا فیصلہ
دس اشخاص کو طویل میعادی سزائیں

حضرت مفتی صاحب سے مولانا احمد سعید صاحب کی ملاقات
دونوں حضرات خوش و خرم ہیں

کشمیر میں ہندو لیڈروں کی گرفتاری
گلینسی رپورٹ کے خلاف مظاہرہ کا انجام

سورت اور کلکتہ میں چند کتابوں کی ضبطی
چار اشخاص کی گرفتاری

کشمیر میں قانون مطالبہ تقدیس اور قرآن کا نفاذ
وزیر اعظم اور کسٹم افسروں کو وسیع اختیارات

بنگال اور آسام میں طوفان باد و باراں
بڑے گیند کے مانند اولوں کی بارش
۴۲ اشخاص ہلاک متعدد مجروح

بمبئی اور احمد آباد میں گاندھی ڈے
۵۰ اشخاص گرفتار کر لئے گئے

پکٹنگ کا مقابلہ کرنے والا بل مسترد
پنجاب کونسل کے صدر کا رولنگ

حلف وفاداری منسوخ ہوگیا

قتل و خونریزی ہندوستان کیلئے زیادہ مضر ہوگی
ڈاکٹر کے نمائندے سے مسٹر لانسبری کا بیان

بنگال کے علاوہ تمام جگہ امن ہے
دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

چینی نمائندہ کے مکان پر طلباء کی یورش
چینی جاپانی معاہدہ کے خلاف اظہار ناراضگی

چینی حکومت اور منچوریا کا تصفیہ
لارڈ لٹن کی رپورٹ شائع ہوگی

چین اور جاپان کے درمیان عارضی صلح
معاہدہ پر جاپانیوں کے دستخط ہوگئے

وزیر اعظم صدقی پاشا پر بم
ایک شخص ہلاک اور تین شدید مجروح

ترکی میں نوٹ کی جگہ نقرئی سکہ کا رواج

دو سو برہنہ مرد اور عورتوں کا جلوس

ممالک متحدہ امریکہ کو نصف ارب پونڈ کا خسارہ
بے روزگاروں کے امدادی فنڈ بھی خالی ہوگئے
قرضہ کی اسکیم اور ریڈیو کی درآمد پر ٹیکس

ہندوستان کو صوبجاتی آزادی فوراً دیدی جائیگی
شرائط کی تکمیل کے بعد وفاقی حکومت

نو سال بعد ہندوستان آزاد ہو جائیگا
برطانیہ کو مشکلات کا سامنا
علم الافلاک کے ماہرین کی پیشگوئی

گورنروں کی کانفرنس کے انعقاد کی تردید
ایسوسی ایٹڈ پریس کا بیان

مرزا پور کے ہندو مسلم فساد کے مقدمہ کا فیصلہ
پانچ اشخاص کو پھانسی کی سزا

سول نافرمانی کے سلسلہ میں کل گرفتاریاں
ہندوستان کے تمام صوبوں کے اعداد و شمار

پارسی خاتون سے ایک مسلمان کی شادی
شادی سے پہلے خاتون کا قبول اسلام

تحریک کشمیر کا دوبارہ اجراء
سیالکوٹ میں ۳۰ مردوں اور عورتوں کی گرفتاری

لاہور میں گرفتاریوں کی کل تعداد
جرمانوں میں پندرہ ہزار روپیہ وصول کیا گیا

حقوق انتخاب کی کمیٹی

ایک مجسٹریٹ کے گھر پر بم

سابرمتی جیل سے اخلاقی قیدیوں کی رہائی

لارنس کے بت کو توڑنے والے سکھوں کا مقدمہ
بت کو توڑنے سے ایک ہزار روپیہ کا نقصان

سکندر آباد کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ
آٹھ مسلمانوں کی سزا بحال رہی

مسٹر ڈگلس کے دوسرے قاتل کی تلاش
حکومت کی طرف سے پانچ ہزار روپیہ کا انعام

صدر جمہوریہ فرانس پر گولیوں کے فائر
مسٹر ڈومر کی تشویشناک حالت

وزیر اعظم کی آنکھ کا اپریشن

کانپور کے فرقہ وارانہ فساد کے ایک مقدمہ کا فیصلہ
قتل کے الزام سے تین مسلمانوں کی برأت

چودھری افضل حق صاحب کو ایک سال قید اور جرمانہ کی سزا

مالٹا کی عدالتوں میں دو زبانوں کا رواج

کراچی سکھر اور شکارپور میں خطوط کو آگ لگانے کی وبا

دارالحکومت

سکرٹری خلافت کمیٹی کے نام مجلس انتخابات کا مکتوب
آخری اقدام سے قبل صلح کی کوشش

دہلی ۱۰ مئی۔ صوبہ خلافت کمیٹی دہلی کے انتخابات کے سلسلہ میں عام اراکین کی جانب سے جو سب کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس کا اجلاس جناب غلام محمد ذ صاحب کے دفتر واقع کوچہ تابل عطار میں گذشتہ شب بوقت ۹ بجے منعقد ہوا۔ حسب ذیل حضرات شریک تھے غلام صمدانی صاحب، منشی عبدالصمد صاحب، قاری حبیب الرحمن صاحب، مسٹر نسیم الدین صاحب نوری، بلال احمد صاحب زبیری، ماسٹر ابرار احمد صاحب ایک ضروری کام کی وجہ سے وقت مقررہ پر تشریف نہ لا سکے۔

حسب قرارداد جلسہ عام حسب ذیل حضرات کو کمیٹی نے اپنے اندر شامل کر لیا حافظ عبدالعزیز صاحب پہاڑ گنج، حکیم محمد اسحق صاحب قصاب پورہ، ممتاز صاحب سوداگر جفت۔

دہلی میں خطوط کو آگ لگانے کی وبا
لیٹر بکسوں پر پولیس کا پہرہ

دہلی کے قریب ایک مہاجن کے مکان پر ڈاکہ
مہاجن کا قتل اور لوگوں پر گولیوں کی بارش

دہلی میں گوردوارہ ڈے پر گرفتاریاں
چھ خواتین اور نو رضاکاروں کی گرفتاری

مولانا انور الدین صاحب بہاری چوتھے ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کو نوٹس
چوبیس گھنٹے کے اندر دہلی چھوڑ دینے کا حکم

دہلی ۱۰ مئی ۱۹۳۲ء۔ آج شب کے دس بجے سید اقبال شاہ صاحب سب انسپکٹر انچارج تھانہ فیض بازار مع پولیس کے دفتر جمعیۃ علمائے ہند کے چوتھے ڈکٹیٹر حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری کو چیف کمشنر دہلی کا نوٹس دیا جس کا مضمون حسب ذیل ہے:-

نوٹس

چونکہ چیف کمشنر دہلی کو اس امر کا اطمینان ہے کہ آپ مولوی نور الدین صاحب بہاری کے خلاف امرجنسی پاورز آرڈیننس ۱۹۳۲ء کی دفعہ ۴ (۱) کے ماتحت کارروائی کرنے کے کافی وجوہ موجود ہیں۔ اس لئے آپ کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ اس نوٹس کے وصول ہونے کے بعد چوبیس گھنٹے کے اندر صوبہ دہلی سے چلے جائیں اور پھر واپس نہ آئیں۔ یہ حکم کسی آئندہ نوٹس تک یا آرڈیننس کے اختتام تک قائم رہے گا۔ اس حکم کی خلاف ورزی پر آرڈیننس کی دفعہ ۲۱ کے ماتحت چھ سال قید یا جرمانہ یا دونوں سزائیں ہو سکتی ہیں۔

حضرت مولانا نے نوٹس کی تعمیل سے انکار کیا اس لئے پولیس دفتر جمعیۃ علمائے ہند کے دروازہ پر نوٹس چسپاں کر کے چلی گئی۔

سارڈا ایکٹ کی خلاف ورزی
دہلی کے ایک ہندو پر مقدمہ

سیٹھ رنچھوڑلال کا احمد آباد کو تبادلہ

لیلین اور گاندھی کی تلاش

سیٹھانی کے قتل کا مقدمہ

جامع مسجد دہلی میں جلسہ

دہلی جیل سے بعض اشخاص کی رہائی

مزید ڈپٹیوں کی رہائی

کمشنر اجمیر پر حملہ کیوں کیا گیا؟
عدالت میں کمشنر اجمیر کی شہادت

مقدمہ سازش چھپرا کا فیصلہ
دس اشخاص کو طویل میعاد کی سزائیں

حضرت مفتی صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب کی ملاقات
دونوں حضرات خوش و خرم ہیں

کشمیر میں ہندو لیڈروں کی گرفتاری
گلینسی رپورٹ کے خلاف مظاہرہ کا انجام

سورت اور کلکتہ میں چند کتابوں کی ضبطی
چار اشخاص کی گرفتاری

کشمیر میں قانون مطابع کے بعد دیگر قوانین کا نفاذ
وزیر اعظم اور کسٹم افسروں کو وسیع اختیارات

ریاست کشمیر میں جدید قانون مطابع کے ساتھ ہی ساتھ تین دیگر قوانین کا بھی نفاذ ہو گیا ہے۔ پہلا قانون "تعزیرات ریاست" ایمنڈمنٹ ریگولیشن ہے جس کا مفاد یہ ہے کہ اس قانون کی رو سے ہر وہ شخص مستوجب سزا ہو گا جو ہز ہائینس کی رعایا کے کسی فرقہ کے مذہبی جذبات کو صدمہ پہونچائے یا پہونچانے کا ارادہ کرے۔

دوسرا قانون کریمنل پروسیجر ایمنڈمنٹ ریگولیشن ۱۹۸۹ء ہے جس کی رو سے وزیر اعظم کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ہر وہ اخبار کتاب اور دستاویز کو جس میں باغیانہ مضامین ہوں یا جس میں ریاستی رعایا کے مذہبی اور اعتقادی جذبات کو صدمہ پہونچایا گیا ہو بحق سرکار ضبط کر لیں۔

تیسرا قانون جموں و کشمیر کسٹم ریگولیشن ہے اس قانون کی رو سے کسٹم افسران کو دبشرطیکہ وہ اسسٹنٹ انسپکٹر کے درجہ سے کم نہ ہوں) یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ہر بنڈل اور پیکٹ کو خواہ وہ ریاست میں ہوائی ذریعہ سے داخل ہوں یا کسی اور طریقہ سے اس شبہ کی بنا پر روک لے ان میں قانون نمبر ۲ کے مطابق مواد موجود ہے۔

بنگال اور آسام میں طوفان باد و باراں
بڑی بڑی گیند کے مانند اولوں کی بارش
۲۲ اشخاص ہلاک متعدد مجروح

بمبئی اور احمد آباد میں گاندھی ڈے
۵۷ اشخاص گرفتار کر لئے گئے

پکٹنگ کا مقابلہ کرنے والا ایک دستہ
پنجاب کونسل کے صدر کا رونگ

حلف وفاداری منسوخ ہو گیا

قتل و خونریزی ہندوستان کیلئے زیادہ مضر ہوگی
رائٹر کے نمائندہ سے مسٹر لانسبری کا بیان

لندن ۳ مئی۔ مسٹر جارج لانسبری لیڈر دارالعوام نے رائٹر سے ملاقات میں حسب ذیل خیالات کا اظہار کیا ہے:-

"برطانیہ کے تمام طبقوں اور جماعتوں کے افراد ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان بہتر تعلقات قائم کرنے کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ چونکہ میں بھی ان اشخاص میں سے ایک ہوں، لیبر پارٹی کا نمائندہ ہوں۔ لہذا یہ امر اول دعوے میں ابھی طرح سے مشتہر کرنا چاہتا ہوں کہ قتل اور غارتگری برطانیہ کی بجائے ہندوستان کو زیادہ نقصان پہنچائے گی۔"

اس موقعہ پر مسٹر لانسبری نے یہ امید بھی ظاہر کی کہ تمام ہندوستان اس امر کا مشترکہ مطالبہ کرے گا کہ یہ پُر خطر واقعات بند ہو جانے چاہئیں۔

بنگال کے علاوہ تمام جگہ امن ہے
دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

چینی نمائندہ کے مکان پر طلباء کی یورش
چینی جاپانی معاہدہ کے خلاف اظہار ناراضگی

چینی حکومت اور منچوریہ کا قضیہ
لارڈ لٹن کی رپورٹ شائع ہو گئی

چین اور جاپان کے درمیان عارضی صلح
معاہدہ پر جانبین کے دستخط ہو گئے

وزیر اعظم صدقی پاشا پر بم
ایک شخص ہلاک اور تین شدید مجروح

ترکی میں نوٹ کی جگہ نقرئی سکہ کا رواج

دو سو بر ہنہ مردوں اور عورتوں کا جلوس

ممالک متحدہ امریکہ کو نصف ارب پونڈ کا خسارہ
بے روزگاروں کے امدادی فنڈ بھی خالی ہو گئے
قرضہ کی اسکیم اور ربڑ کی درآمد پر ٹیکس

آجکل ممالک متحدہ امریکہ سخت مالی مشکلات میں مبتلا ہے۔ صرف دس ماہ کے عرصہ میں اس کو ۰۰۰۰۰۰۰۰ ۶۷ پونڈ کا خسارہ برداشت کرنا پڑا ہے۔ غالباً مستقبل قریب میں بھی حکومت امریکہ کی اس انتشاری تباہی کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ بے روزگاروں کی امداد کے فنڈ بھی خالی ہو گئے ہیں۔ "واشنگٹن" امریکہ کے مقیم مطابق اخبار نامہ نگار "ٹائمز" کے امداد کے لئے چیخ و پکار ہو رہی ہے۔ منتقی اداروں اور سالیات کے لیڈروں نے تجویز کیا ہے کہ تین کروڑ پونڈ جمع کرنے کے لئے قرضہ کا حساب کھولا جائے تاکہ ان سے عوام کی امداد کی جا سکے اور تباہ حال پبلک بلڈنگوں کو قائم رکھا جا سکے۔ قرضہ فراہم کرنے کا یہ اقدام اس بات کا ثبوت ہے کہ امریکہ پر ایسا وقت کبھی نہیں آیا اور کانگریس کا ملک کی آمدنی کے ذرائع پر کوئی کنٹرول نہیں رہا ہے۔ امریکہ کے لئے اصل خطرہ یہ ہے کہ آئندہ موسم سرما میں ہمہ گیر بد نظمی واقع نہ ہو جائے۔

اس کے ساتھ ہی سینٹ کی مالی کمیٹی نے تجویز کیا ہے کہ ربڑ کی درآمد پر فی پونڈ پانچ سینٹ سے دس سینٹ تک ٹیکس لگا دیا جائے۔ اس طریقہ سے امریکہ کو سالانہ تقریباً پانچ کروڑ ڈالر کی آمدنی ہو جایا کرے گی۔

امریکہ کے ایوان نمایندگان نے اقتصادی بل پاس کر دیا ہے۔ جس سے ۰۰۰۰۰ ۸۴ پونڈ کی رقم محفوظ ہو جائے گی۔

ہندوستان کو صوبجاتی آزادی فوراً دیدی جائیگی
شرائط کی تکمیل کے بعد وفاقی حکومت

دس سال بعد ہندوستان آزاد ہو جائیگا
برطانیہ کو مشکلات کا سامنا
علم الافلاک کے ماہرین کی پیشن گوئی

گورنروں کی کانفرنس کے انعقاد کی تردید
ایسوسی ایٹڈ پریس کا بیان

مرزاپور کے ہندو مسلم فساد کے مقدمہ کا فیصلہ
پانچ اشخاص کو پھانسی کی سزا

سول نافرمانی کے سلسلہ میں کل گرفتاریاں
ہندوستان کے تمام صوبوں کے اعداد و شمار

پارسی خاتون اور ایک مسلمان کی شادی
شادی سے پہلے خاتون کا قبول اسلام

تحریک کشمیر کا دوبارہ اجراء
سیالکوٹ میں ۱۲ مردوں اور عورتوں کی گرفتاری

لاہور میں گرفتاریوں کی کل تعداد
جرمانوں میں پندرہ ہزار روپیہ وصول کیا گیا

حقوق انتخاب کی کمیٹی
ایوان کی تقسیم اور جداگانہ انتخاب پر غور

ایک مجسٹریٹ کے گھر پر بم

سابرمتی جیل سے اخلاقی قیدیوں کی رہائی

لارنس کے بت کو توڑنے والے سکھوں کا مقدمہ
بت کو توڑنے سے ایک ہزار روپیہ کا نقصان

لاہور ۳ مئی۔ مسٹر لوئس ایڈیشنل مجسٹریٹ کی عدالت میں لارنس بت توڑنے کے الزام میں زیر دفعہ ۴۲۷ تعزیرات ہند چار سکھوں کے خلاف مقدمہ پیش ہوا۔ سٹی مجسٹریٹ نے شہادت دیتے ہوئے کہا کہ ۲۲ اپریل کو میں نے ملزمان کو ہتھوڑے سے لارنس بت کی تلوار اور قلم توڑتے ہوئے دیکھا۔ بعد مسٹر جان ایگزیکٹو انجینئر کی شہادت قلمبند کی گئی۔ انہوں نے بیان کیا کہ بت کو ۰۰ ۸ اور ایک ہزار روپیہ کے درمیان نقصان پہونچا ہے۔ ملزمان کے خلاف مذکورہ دفعات کے ماتحت فرد جرم لگا دی گئی۔

سکندر آباد کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ
آٹھ مسلمانوں کی سزا بحال رہی

ملتان۔ سکندر آباد ضلع ملتان کے بلوہ کے سلسلہ میں جن آٹھ مسلمانوں کو پانچ پانچ سال قید سخت کی سزا ہوئی تھی اس کا مرافعہ ہائی کورٹ سے خارج کر دیا گیا۔

مسٹر ڈگلس کے دوسرے قاتل کی تلاش
حکومت کی طرف سے پانچ ہزار روپیہ کا انعام

صدر جمہوریہ فرانس پر گولیوں کے فائر
مسٹر ڈومر کی تشویشناک حالت

وزیر اعظم کی آنکھ کا اپریشن

کانپور کے فرقہ وارانہ فساد کے ایک مقدمہ کا فیصلہ
قتل کے الزام سے تین ملزموں کی بریت

چودھری افضل حق صاحب کا ایک بیان

ملتان کی عدالتوں میں دو زبانوں کا رواج

کراچی، سکھر اور شکارپور میں خطوط کو تباہ کرنیکی سعی

وزیر ہند کے اعلان پر پنڈت مالویہ کا بیان

باعزت دوستی کا قیام اور ہندوستان کی آزادی

تعاون کس طرح ممکن ہو سکتا ہے

الٰہ آباد ۴ مئی۔ دہلی جیل سے رہائی کے بعد الٰہ آباد پہنچ کر پنڈت مدن موہن مالویہ صدر منتخب دہلی کانگریس نے جو اہم بیان دیا تھا اس کا متن حسب ذیل ہے

جس وقت ڈپٹی کمشنر دہلی نے سرکاری استقبالیہ کمیٹی سینتالیسواں اجلاس انڈین نیشنل کانگریس کو یہ مطلع کیا کہ گورنمنٹ کانگریس کا اجلاس دہلی میں منعقد کرنے کی اجازت نہیں دے گی تو باوجود اس حکم کے میں نے یہ اعلان کیا تھا کہ کانگریس تاریخ معینہ پر ضرور منعقد ہوگی۔ پرماتما کا شکر ہے کہ یہ میری پیش گوئی راست ثابت ہوئی۔ حقیقت یہ ہے کہ ملک کی موجودہ فضا میں کانگریس نے گورنمنٹ کو ایک زبردست چیلنج دیا تھا جب کہ اس نے سینتالیسواں اجلاس کانگریس کے اعلان کے باوجود منعقد کر دیا۔

سر سیمویل ہور اور لارڈ ولنگڈن کی گورنمنٹ گذشتہ کچھ عرصہ سے برٹش پبلک اور دیگر مہذب دنیا کو یہ یقین دلانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ہندوستان کی برٹش حکومت نے تحریک کانگریس کی سرکوبی کے لئے جو ذرائع اختیار کئے ہیں وہ کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ اگر فی الواقعہ یہ بیانات صحیح ہیں تو نتیجہ یہ ہونا چاہئے تھا کہ معدودے چند کانگریسی اجلاس دہلی میں شرکت کے لئے حاضر ہوتے لیکن باوجود گورنمنٹ کی تمام بندشوں اور جارحانہ کارروائیوں کے ...

معاملات اور حقیقت کو مد نظر رکھتے ہوئے ہندوستانی مفاد کے موافق ... منظر عام پر ... اتحاد و دوستی کی بنیاد ... جو دونوں ملکوں کے لئے قابل فخر ثابت ہوگی۔

موجودہ صورت حالات میں جو کہ گورنمنٹ کی خود پیدا کردہ ہے یہ سنائی دیتا ہے کہ ہندوستانیوں کے لئے دستور اساسی مرتب کرنے کے لئے تعاون کریں تو سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے ... اگر ہندوستان کے مرد اور عورتیں قید خانوں میں موجود ہیں تو وہ ... ظلم و ستم کا شکار نہیں ہو رہے ہیں ... گذشتہ چار ماہ سے ہندوستان میں ہو رہا ہے ... ان کے مطابق ۳۶۹۲۲ افراد گرفتار ... ۳۵۰۵ عورتیں بھی شامل ہیں ...

یہ امر اور بھی زیادہ تعجب خیز ہے کہ سر سیمویل ہور بار بار اس کا اعلان کرتے ہیں کہ ہندوستان میں صورت حالات بہت کچھ درست ہو گئی ہے ... ایک مکمل نقشہ پیش کرتی ہے ... کانگریس کا کام بدستور جاری ہے ... ان تمام واقعات کی موجودگی میں ... موجودہ حالات میں بجائے بہتری کے صورت حال برعکس ہے۔

فی الواقع حقیقت یہ ہے کہ سر سیمویل ہور کو اس وقت ہندوستان کے متعلق سخت مغالطہ ہو رہا ہے ... ہندوستانی ہندوستان کے جدید دستور اساسی کے مرتب کرنے میں گورنمنٹ کے ساتھ تعاون کرنے کی تجویز پر غور کرنے کے لئے تیار ہو سکتا ہے۔

دلوں جب جرمنی اور آسٹریا میں تجارتی اتحاد قائم ہونے لگا تو انگلستان اور فرانس نے بڑی مخالفت کی۔ فرانس نے تو اعلان جنگ تک کر دینے کی دھمکی دیدی تھی۔ اس لئے کہ یہ دونوں حکومتیں اچھی طرح جانتی ہیں کہ جرمنی اور آسٹریا کی حکومت ایک ہو جانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یورپ میں جرمن قوم سب سے زیادہ طاقتور ہو جائے گی ... نئی جنگ چھڑ جائے گی۔

غرضیکہ ایک طرف ترکی مفاہدہ کر رہے ہیں اور دوسری طرف جرمن قوموں کے اتحاد کو روکنے کے لئے ... ڈینوبی اتحاد کی اسکیم انگلستان اور فرانس کے سامنے آئی ہے۔

ترکوں کی نئی تجویز

تازہ یورپی اخبارات میں ترکی اخباروں کے جو اقتباس شائع ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ترک ڈینوبی اتحاد کے بہت سخت مخالف ہیں ... اگر انگلستان اور فرانس ڈینوبی ریاستوں کو متحد کرنے میں کامیاب ہو گئے تو پھر ترک، بحر سفید کی چھوٹی سلطنتوں اور ملکوں کا اتحاد قائم کرنے کی کوشش کریں گے ... لبنان، البانیا، مصر، شام ایک زبردست متحدہ اتحاد قائم کر سکتے ہیں۔

انگلستان فرانس جرمنی اور ترکی کے مابین سیاسی جنگ!

اسلحہ کانفرنس کی بحری کمیٹی کا اجلاس

آبدوز کشتیوں کو ترک کرنے کی تجویز

ترکی کی مخالفت

جرمن قوموں کا اتحاد

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب فروخت طلب ہیں

... محمد حیدر شریف مہتمم ادارۃ المعارف مدرسہ لطافیہ شبلی گنج حیدر آباد دکن

فینسی کٹ پیس کی گانٹھ

مبلغ پچیس روپیہ میں

ہم نے کٹ پیس گانٹھ وزنی دس پونڈ کی تیار کی ہے۔ جس میں تمام کٹ پیس بالکل تازہ، وائل، چھینٹ، مخمل، دھاچہ، پاپلین، ریشمی کٹ پیس وغیرہ وغیرہ۔ اگر آپ اس کی تجارت کرنا چاہتے ہیں تو پہلے نمونہ کی گانٹھ منگوا کر بعد میں بڑا آرڈر دیں۔ اس گانٹھ میں تمام کٹ پیس کار آمد ہوں گے۔

قیمت صرف پچیس روپیہ علاوہ پیکنگ وغیرہ کے۔

نوٹ:- ضروری آرڈر کے ہمراہ مبلغ پانچ روپیہ پیشگی آنے بالکل ضروری ہیں بغیر پیشگی مال روانہ نہیں ہوگا۔

منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی کٹ پیس مرچنٹ سپوچھوڑ لائن کراچی

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

... پتہ:- مشہور بک ایجنسی کلاں محل دہلی

زندگی کی کشمکش میں آپ مصروف ہوں!

امرت دھارا کو ضرور پاس رکھیں کیونکہ آپ کو بہت سی تشویش، خرچ اور تکلیف سے بچا دے گی!



اس کو ہمیشہ پاس رکھو

لاکھوں استعمال کرنے والوں کی یہی رائے ہے۔ اور چھتیس ہزار لکھ کر بھی اپنی رائے دے چکے ہیں مثلاً

... (محمد علی سوداگر مقام سید پور ضلع رنگ پور)

قیمت فی شیشی ایک روپیہ ... نمونہ آٹھ آنے۔

... امرت دھارا ... لاہور

اگر کسی علمی ادارے، اخبار یا رسالہ کو

قومی وملی درد اور تعلیمی شغف رکھنے والے ایک ایسے عالم کی خدمات کی جو ... ضرورت ہو!

تو معرفت منیجر صاحب اخبار الجمعیۃ دہلی خط و کتابت فرمائیں۔

ناظم تبلیغ قرآنی کلکتہ کا سفر پشاور

سرحدی مسلمانوں کی تباہ حالی کی دردناک داستان

مولانا قاری محمد عنایت علی صاحب اعزاز کی دہلی سے فرنٹیئر میل پشاور تشریف لے گئے تھے مولانا موصوف کے اس سفر کا مقصد یہ تھا کہ صوبہ سرحد کے مظلوم مسلمانوں پر بہار پولیس کے ان کی تفتیش کی جائے ... ارکان خلافت سے گذشتہ واقعات جو افغان انسپس میں معلوم ہوئے۔ ایک روز بعد ایک آفریدی سے ملاقات ہوئی یہ صاحب عالم بھی تھے اور نہایت خوش اخلاق اور سچے مجاہد معلوم ہو رہے تھے ... لیکن چونکہ آج کل ملیشیا ہے ... اکثر آفریدی حکومت کے علاقہ میں آئے جاتے رہتے ہیں اس گاؤں میں چند آفریدیوں سے ملاقات ہوئی ان کی بیکسی ان کا موجودہ افلاس نہایت قابل رحم ہے۔

گذشتہ جنگ میں وہ مہینے قریب قریب تمام مویشیوں کو نذر مار کر کھا کر ختم کر چکے ہیں ... ان کی موجودہ تباہ حالی جو مولانا نے اپنی چشم دید دیکھی ہے وہ تحریر سے باہر ہے ... آفریدیوں نے کہا کہ ہم کو ہر گز ... ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

... سر بے بتاتا ہے کہ نیندرہ سو روپیہ کی ڈگری دار کو دیکر تین ماہ کی مہلت مل گئی تھی اب دو ہزار روپیہ باقی ہیں۔ پانچ سو روپیہ کا اور بندوبست کیا گیا ہے ... ۱۶ مئی ۱۹۳۲ء تک روپیہ داخل ہوگا ... اخبار انقلاب لاہور، اخبار الجمعیۃ دہلی، اخبار مدینہ بجنور، عصر جدید کلکتہ کا خاص طور پر شکر گذار ہیں ...

محمد مبارک حسین محمد دی ناظم مدرسہ دار العلوم میرٹھ جامع مسجد

جمعیۃ علمائے افغان کے نائب ناظم کو سی کلاس

مولانا عبداللہ شاہ صاحب ما ... کی شخصیت کسی مزید تعارف کی محتاج نہیں ہے

آپ سید ہونے کے علاوہ دیبہ اور ممتاز عالم ہیں۔ نیز جمعیۃ علمائے افغان کے نائب ناظم ہیں۔ پہلے دفعہ بھی آپ سرحدی ریگولیشن دفعہ ۴۰ کے ماتحت تین سال قید باشقت کے لئے جیل جا چکے ہیں ... ایک سال قید کاٹنے کے بعد رہا کر دئے گئے۔ اب کی دفعہ بھی آپ اسی دفعہ کے ماتحت تین سال قید باشقت کاٹ رہے ہیں۔ آپ کو سی کلاس میں رکھا گیا ہے ... مولانا کو چونکہ بڑا امیر کا مرض ہے ... حکام جیل کو مولانا کی صحت کے متعلق خصوصیت سے توجہ رکھنی چاہئے۔

خلیل الرحمن اوتمان زئی تحصیل چارسدہ
ناظم جمعیۃ علمائے افغان

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ عام

جمعیۃ علمائے ہند کے ارکان کی گرفتاری پر مبارکباد

۹ مئی ۱۹۳۲ء کو ایک جلسہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر سرپرستی ڈکٹیٹر صاحب مجلس ماتحت جمعیۃ العلمائے ہند منعقد ہوا جس میں جناب حافظ عبدالغفار صاحب آزاد نے ایک پر مغز تقریر فرمائی اور مسلمانوں کو تلقین کی کہ اپنے بھائی جیلانہوں کے ہاتھ کا بنا ہوا کپڑا استعمال فرمائیں اس کے بعد حسب ذیل تجویز پیش کی گئی جو بالاتفاق پاس ہوئی۔

مسلمانان سہارنپور کا یہ عظیم الشان جلسہ جناب حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند کی گرفتاری و سزایابی پر اور جناب حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ العلمائے ہند، اور مولانا عبداللہ صاحب بہاری رکن جمعیۃ العلمائے ہند اور مولانا حافظ نصیر احمد صاحب کراچی والے اور دیگر صاحبان رضاکاران جمعیۃ کی گرفتاری پر ہدیہ مبارکباد پیش کرتا ہے اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے فقط

محمد یسین سابق نائب سکرٹری مجلس ماتحت جمعیۃ العلمائے ہند سہارنپور

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طبی نسخہ قوت کا عطا فرما رکھا ہے۔ اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے۔

ایک ہفتہ کے استعمال میں پیر صد سالہ نشل جوان پانزدہ سالہ کے ہوئے۔ تا دم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ... یہ نسخہ سلسلہ خاندان حکیم سید عبدالعد خاں دہلوی شاہی میرے عم بزرگوار مولانا حکیم سید فخر الدین مرحوم سے مجھ کو ملا ...

اس نسخہ سے جو معجون تیار کی جاتی ہے اس کا نام

معجون مددگار غدود

... ہر کوئی سو برس کی عمر والے صاحب طلب فرمائیں گے تو ان سے سات خوراکوں کے صرف تین روپے لوں گا ...

نوٹ:- جنہیں جریان کی شکایت ہو وہ معجون مددگار غدود نہ منگائیں کیونکہ معجون مددگار غدود صرف قوت کی دوا ہے جریان کے مریضوں کیلئے معجون کا یاپلٹ مفید ہے۔ ... قیمت فی خوراک ڈھائی روپے درجن علاوہ محصولڈاک ملنے کا پتہ

احمد مجتبیٰ برادر زادہ دفتر رسالہ نظام المشائخ ۱۲ کوچہ چیلان دہلی

اعلان

طبیہ کالج دہلی

طلبہ وطالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ وہ آیورویدک یونانی طبی کالج۔ قرول باغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے کوشش فرمائیں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئے۔ ہمارا نیا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

عمل بلا مخلی ہر مذہب والا عامل بن سکتا ہے مسلمانوں کے لئے مناسب ہیں۔ ...

فضل شاہ عامل پوسٹ بکس ۲۵ دہلی

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

مقویات سراج عالم

آتشک، نگرہ گولیاں، قبض اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی، دکھی جریان، احتلام، سرعت انزال

رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کر کے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہے ضرور تجربہ کریں صحت و تندرستی

کی لغت کام نشاستر بالکل مفت طلب فرماویں

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مدرسہ دار العلوم میرٹھ دار الطلبہ

مہمان خانہ رسول اللہ صلعم بچاؤ

دس ہزار روپیہ کی عمارت ساڑھے پندرہ سو روپیہ کی ڈگری پر نیلام ہو رہی ہے ...

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا ...

منیجر نگار پشتہ گوپتا بہار میڈیکل اسٹور در بھنگہ

جوتش کا چمتکار

جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب

آپ اپنے حسب دل خواہش پانچ سوال مثلاً بیاہ۔ شادی۔ سٹہ۔ لاٹری۔ دکھ۔ سکھ۔ نفع نقصان۔ دولت۔ محبت۔ دشمنی۔ غرضیکہ ہر قسم کے سوال لکھ کر لفافہ میں بھیجیں۔ لفافہ پر اپنا نام اور پورا پتہ لکھ دیں۔ لفافہ بند کرنے کا ٹھیک ٹھیک وقت لکھ کر بھیجیں ہم آپ کا لفافہ بغیر کھولے جوتش کے حساب سے بذریعہ وی پی ایک روپیہ چار آنہ ٹھیک پڑ ہت کے ساتھ جس میں آپ کا ارسال کردہ لفافہ بھی ہمراہ ہوگا بھیجیں گے نیز بدقسمتی کو خوش قسمتی میں تبدیل کرنے کا راز لکھا جائے گا۔ آپ کے تحریر کردہ سوالوں کا جواب بالکل ٹھیک ٹھیک ارسال ہوگا۔

پنڈت جوتش کاریالہ لاہور

مرقع علم و فن کا آئینہ میں ہوں تجارت کا

عصا مفلس کے حق میں اور غنی کو عشرت کا نقشا

دو صد روپے ماہوار کمانیکا واحد ذریعہ

ہمارے ہر فن مولا مقبول عام ماہوار باتصویر رسالہ

دلربا

کا مسلسل مطالعہ ہے۔ امیروں کی دنگی، غریب کی روٹی، بے روزگاروں کا سہارا اور کاروباری اشخاص کی ترقی کا زبردست رہبر ہے۔ سالانہ چندہ تین روپے (۳ روپے)، فی پرچہ پانچ آنے نمونہ چار آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگوالیں۔

منیجر رسالہ دلربا پریم گلی لاہور

کٹ پیس پارچہ بزازی

کی

پُر منافع تجارت

ہم سے نہایت رعایتی ہول سیل نرخوں پر ولایتی کٹ پیس ٹکڑہ جات و پارچہ بزازی ہندوستان بھر کے خریدار منگاتے ہیں اس موسم کا تازہ چالان کا مال نہایت اعلیٰ اور دلکش ڈیزائن کا آگیا ہے کم سے کم سرمایہ والے واقف ناواقف سب یکساں گھر بیٹھے معقول فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ پردہ نشین مستورات بھی نہایت اچھی طرح سے اس کام کو کر سکتے ہیں ہماری یکصد روپیہ کی گانٹھیں جن میں کئی قسم کا مال ہوگا فوراً منگائیں۔ ذاتی ضروریات اور اپنے اہل و عیال کی پوشاک کے لئے پچاس روپیہ کا بنڈل طلب کریں۔ اور معقول فائدہ اٹھائیں۔ چوتھائی رقم پیشگی آنی لازمی ہے مال گاڑی کا پورا کرایہ اور پارسل ۱/۲ ہم دیں گے۔

ہم ہر قسم کے برساتی کوٹ (Water Proof) جن کی قیمت ۸/۱۲ -/۸ -/۱۰ اور -/۱۵ روپیہ سے لے کر نہایت اعلیٰ زنانے مردانے ۳۲/۸ روپیہ تک کے ہیں اور لڑکوں کے ۴۲ تا ۲۶ انچ لمبائی والوں کی قیمت ۶/۸ تا -/۹ روپیہ علی الترتیب ہے۔ جلد آرڈر دیکر منگوائیں۔ مال نہایت عمدہ ہوگا آزمائش شرط ہے۔ کوٹ کے آرڈر کے ہمراہ سینے کا ناپ اور لمبائی ضرور آنی چاہئے۔

المشتہر

امپیریل ایکسپریس کمپنی بائیکلہ بمبئی ۸

تمام جہان میں بے نظیر

مشکوٰۃ شریف مترجم و محشی اردو

جس کا مدت سے انتظار تھا اب بفضلہ تعالیٰ مکمل چھپ کر تیار ہو گئی ہے یہ وہ جامع کتاب ہے جس کا خطاب تمام ہندوستان میں بے نظیر مشہور ہو گیا ہے ... اس کتاب کے صفحے ۱۹۱۲ ہیں ... جلد دو روپیہ آٹھ آنہ (۲/۸) پر دیجائے گی۔

تمام درخواستیں بنام عبدالغفور غزنوی مالک کارخانہ انوار الاسلام امرتسر آنی چاہئیں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۴

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے
سالانہ ... سہ
ششماہی ... ۲؎
سہ ماہی ... عہ

ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ۸؎
ششماہی ... ۵؎

نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۶ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ... صہ
نصف صفحہ (") ... سہ
ایک کالم (") ... عہ
¼ کالم (") ... صہ
⅛ کالم (") ... عہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی ۔ اے)

جلد ۱۵ | دہلی ۔ یوم جمعہ ۶ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ مئی ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۴

معاصرین کے افکار و آراء

یورپ میں شادی کے معنی

دیسی کپڑے اور مسلمان

ہندو اور مسلمان لیڈر

یہ عارضی صلح کب ہوئی؟

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اسلام کی حیات بخش تعلیم کا ایک نمونہ

فرزند رسول کی وفات اور آنحضرت کا خوش تبلیغ

ابراہیم کی وفات اور چاند گہن

فرزند رسول کی وفات کا سانحہ

دشمنان اسلام کے گھروں میں گہری کی تربیت

... بات کو کسی قوم کی رہنمائی کا ذریعہ تصور فرمالیں ۔

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ اسلام میں غلط خیالات کیلئے کوئی گنجائش نہیں ، وہ بصیرت ہے برہان ہے ۔ دلیل اور نور ہے اگر کوئی اسلام قبول کرنا چاہتا ہے تو وہ دلیل و بصیرت کی روشنی میں قبول کرے ۔ ...

... اس کی پوری وضاحت و تشریح کردی ہوتی ، اس کا تو شبہ بھی نہیں ہوسکتا کہ اس عارضی صلح سے مولانا کا مطلب گاندھی اَروِن معاہدہ ہوگا ۔ کیونکہ کانگریس تو آج کل مولانا صاحب کے نزدیک شیاطین کا ایک گروہ ہے جس کی مذمت کرنا ان کے خیال ناقص میں ہر مسلمان کا فرض منصبی و مذہبی ہے !!

"یہ عارضی صلح" کب ہوئی ، کس سے ہوئی اور کن شرائط پر ہوئی اس کی مولانا شوکت علی کے سوا شاید کسی کو بھی خبر نہیں ... مسلمانوں اور اقلیتوں کو باہر کردے ۔

یہ حال مسلمانوں کے سب سے بڑے "لیڈر" کا ہے ۔ اب دوسرے لیڈروں کو دیکھئے ۔ سر محمد اقبال بلا شبہ شاعر بہت اچھے ہیں اور فارسی میں اعلیٰ قابلیت رکھتے ہیں ، مگر عربی زبان سے بالکل ناواقف ہیں ۔ اسلام کی نسبت انہیں تھوڑی بہت جو معلومات حاصل ہیں ، انگریزی مصنفوں کے ذریعہ پہنچی ہیں ۔ ...

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین لنگی ۔ رومال (پشاوری ۔ مشہدی ۔ یزدی) کلاہ پنکھے چپلیاں نسوار سرکہ انگوری چاہ سبز اصلی میرہ خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمایئے ۔ مذکورالذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے

منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا قیام اور پاس ضروری ہے ۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دار و مدار ہے ۔ پس سُکّے کو دست اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو ۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے ۔ قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے ۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے ۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی دا انڈیا کراچی

حلفیہ بیان

... (پتہ) صرف عام العزیز خاں سابق سپرنٹنڈنٹ ریاست جاپ خاں ... اولپنڈی شاہ نظر

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

شربت فولاد

... منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

اکسیر جذام

...

بواسیر و دیابیطس

حافظ اقبال حسین بھٹیا ہی بھاگلپور

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جن میں اعمال بد کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی عید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلاکر اعمال بد سے بچنے کی ترغیب ہے ۔ مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے ۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہے فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے ۔ بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کررہے ہیں ۔ روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا ہے بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ نئے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی ۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ... قرابادین مفید عام ... شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں ۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۳۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے ۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں ۔ آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا ۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو بہت پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چھاپی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ..... علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درود اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے ۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے ۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے بموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر نہیں بالک طبع کرائے گئے ہیں اوپر کہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے ۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگالیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا ۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ عہ علاوہ محصولڈاک ۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب کہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہجہانی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے ۔

ہدیہ مترجم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ
دہلی

یوم جمعہ ۶ محرم الحرام ۱۳۵۰ھ ہجری

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ذیل کے مسئلہ میں زید اور عمر کے والد مسمی بکر نے اپنی حالت حیات میں زید کی لڑکی مسماۃ ہندہ نابالغہ عمر کے لڑکے مسمی خالد نابالغ کو روبروئے زید اور عمر کے نکاح میں دیدیا ہے تم دونوں کو منظور ہے تو زید اور عمر نے منظور کر لیا۔ کچھ عرصہ کے بعد زید اور عمر کے والد مسمی بکر انتقال کر گئے بعد میں زید اور عمر دونوں حقیقی بھائیوں نے بیٹھ کر روبرو دس مرد اور دو عورتوں کے جو کہ رشتہ دار ہیں آپس میں دوبارہ ایجاب و قبول اس طرح کیا کہ زید نے کہا میں اپنی لڑکی مسماۃ ہندہ نابالغہ تیرے لڑکے مسمی خالد کو نکاح میں دیتا ہوں اور دیدیا۔ عمر نے کہا کہ مسماۃ مذکورہ کو میں اپنے لڑکے مسمی خالد کے واسطے قبول کیا ہوں اور قبول کیا بعد میں آپس میں تیسری تقسیم بھی اور رسم و رواج اور رعیتی کاروبار بھی چند عرصہ تک جاری رہا بعد میں عمر نے دوامی کا تقاضا کیا مگر اسی اثنا میں آپس میں دل شکنی کی وجہ سے زید نے اپنی لڑکی مسماۃ مذکورہ کی نکاح کسی غیر سے کر دیا تو نہا بر مذکور نکاح اول صحیح اور ثابت ہے یا نادرست یا نکاح ثانی صحیح اور قائم ہے اور نکاح اول فسخ۔ اور اس شخص کا یعنی قاضی کا باوجود علم ہونے تمام حالات پر کیا حکم ہے۔ اور لڑکی کی باپ کا کیا حکم ہے شرع شریف میں بیان فرمائے مہربانی اسلامی اخوۃ سے وضاحت کے ساتھ بیان کیجئے۔

الجواب

صورت مسئولہ میں زید اور عمر دونوں بھائیوں نے اپنے باپ کی زندگی میں اپنے نابالغ لڑکے اور لڑکی کا نکاح کر دیا۔ پھر بعد وفات اپنے باپ کے زید اور عمر نے دوبارہ ایجاب و قبول کر کے نکاح کو مؤکد کر دیا۔ پس یہ نکاح باپ اور دادا کا کیا ہوا صحیح و نافذ ہوگیا۔ اب زید کو اپنی لڑکی کے دوسری جگہ نکاح کرنے کا حق حاصل [illegible]

[illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

اور منڈری فساد کی جڑ ہیں اور ان ہی کی وجہ سے فرقہ وارانہ فسادات ہوتے ہیں ہم کارپوریشن کے اس فیصلہ اور اراکین کارپوریشن کے اس رویہ کے خلاف سخت احتجاج کرتے ہیں اور اس تمام کارروائی کو مذہب کی انتہائی توہین خیال کرتے ہوئے کارپوریشن سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی مذکورہ بالا تجویز کو جلد سے جلد کالعدم قرار دیدے ورنہ کم سے کم مسلمان اس فیصلہ کے خلاف ایجیٹیشن کرنے پر مجبور ہوں گے۔ جو لوگ عبادتگاہوں میں عبادت کی غرض سے جاتے ہیں ان پر یہ الزام عائد کرنا کہ وہ ہی فسادات کے بانی مبانی ہیں ایک ایسی افسوسناک جسارت ہے کہ سوائے اراکین بمبئی کارپوریشن کے اور کسی شخص سے اس کا سرزد ہونا ممکن نہیں ہے۔ اگر کارپوریشن بمبئی فسادات کا اصلی سبب معلوم کرنا چاہتی ہے اور ان اثرات کا پتہ لگانے کی خواہشمند ہے جو فتنہ پروری کے محرک ہیں تو اسے عبادتگاہوں میں عبادت کرنے والوں کے بجائے اپنی تمام تر توجہ ان بدمعاشوں اور غنڈوں کی طرف مبذول کرنی چاہئے جنہوں نے بمبئی کی پرامن زندگی کو خطرہ میں ڈال رکھا ہے اور جن کی سرگرمیوں سے آئے دن نئے نئے فسادات کی خبریں موصول ہوتی رہتی ہیں اور ان لوگوں کو بھی دیکھنا چاہئے جنہوں نے شورش پسند طبقہ کی ہمت افزائی کو اپنا شعار بنا لیا ہے۔ عبادتگاہوں اور عبادت کرنے والوں پر الزام عائد کرکے طوطا بکی الا بلا تیدر کے سر تھوپ دینا آسان ہے مگر اس کی معقولیت کو ثابت کرنا آسان نہیں ہے۔ جہاں تک ہندو دھرم کا تعلق ہے ہم نہیں کہہ سکتے کہ مندر کے متعلق ان کے ہاں کس قسم کے احکام ہیں لیکن مساجد کے بارے میں ہم پورے وثوق کے ساتھ یہ کہنے کے لئے تیار ہیں کہ کارپوریشن کی طرف سے مسجد کی تعمیر پر لائسنس حاصل کرنے کی پابندی ایک صریح مذہبی مداخلت ہے۔ اور اس کے حدود سے قطعاً تجاوز ہے۔ ہر مسلمان اپنی مملوکہ زمین پر خدائے واحد کی عبادت کے لئے عبادتگاہ تعمیر کرنے میں آزاد ہے اور کسی جماعت کا اس کے اس حق کو سلب کر لینا اس کی انفرادی آزادی کو تباہ و برباد کر دینے کے مرادف ہے بالخصوص ایسے وقت میں جبکہ ہندوستان کے دستور اساسی میں بنیادی حقوق کے داخل کرنے پر زور دیا جا رہا ہے اور مذہبی آزادی کے لئے مطالبات پیش ہو رہے ہیں بمبئی کارپوریشن کی طرف سے اس قرارداد کا منظور کیا جانا ایک بہت بڑے فتنہ کا پیش خیمہ ہے [illegible]

بھائی پرمانند کی زہر فشانی

[illegible]

پورٹ حج کمیٹیاں

[illegible]

ضروری گزارش

[illegible]

دستور سازی
خطرناک غلطیوں کا امکان
(۲)

ہم نے گزشتہ اشاعت میں ٹائمس لندن اور اسٹیٹسمین دہلی کا حوالہ دے کر یہ بتایا تھا کہ حکومت آئندہ دستور اساسی کے مسئلہ کو کس قدر سرسری طور پر نپٹا رہی ہے اور وزیر اعظم برطانیہ نے اپنے اہم ترین اعلانات میں جو وعدے کئے تھے ان کو بھی پشت ڈال کر بغیر گول میز کانفرنس کا آخری نمائندہ اجلاس منعقد کئے ہوئے اور بغیر مرکزی ذمہ داری کو دستور کا ایک لازمی جزو بنائے ہوئے کس طرح بے حقیقت اصلاحات کا مسودہ قانون پارلیمنٹ میں عنقریب پیش کرنے والی ہے۔ جہاں تک گول میز کانفرنس [illegible]

نہ کی جائے گی مگر کیا اس صوبہ وار خود مختاری سے ہندوستان کی کوئی جماعت بھی ایسی ہے جو مطمئن ہو جائے گی۔ ان لوگوں کو چھوڑ دیجئے جو ہر حال میں سرکار الاعتبار کی خوشنودی حاصل کرنے میں اور جن کا کھانا پینا اسی کا کھانا ہے۔ یہاں سوال ملک کی ذی اثر سیاسی جماعتوں کا ہے کیا ان میں سے کوئی ایک جماعت بھی ایسی ہوگی جو اس قسم کی صوبہ وار خود مختاری کو قبول کرکے یہ اعلان کر دے کہ اس سے ہندوستان کی توقعات پوری ہو گئیں۔ اگر یہ صحیح ہے کہ کوئی ایسی جماعت نہیں ہو سکتی تو پھر یہ صوبہ وار خود [illegible]

خود مختاری اور ذمہ داری

[illegible]

دستور اساسی کا خاکہ

[illegible]

آدھا تیتر آدھا بٹیر

[illegible]

صوبہ وار خود مختاری

[illegible]

انتباہ

[illegible]

عبادتگاہوں پر لائسنس!

[illegible]

اسمبلی میں حج کمیٹیوں کے متعلق جدید مسودۂ قانون
حکومت کو نامزدگی اور تغیر و تبدل کے اختیارات

(ترجمۂ خصوصی برائے الجمعیۃ)

(بسلسلہ اشاعت گزشتہ)

پورٹ حج کمیٹیوں کے عہدہ دار اور ملازمین

دفعہ ۱۴ (۱) ہر پورٹ حج کمیٹی کے لئے لوکل گورنمنٹ ایک ایگزیکٹو آفیسر مقرر کرے گی جو کمیٹی کا سکریٹری بھی ہوگا اور نیز ایسے دیگر افسروں کا تقرر بھی کرے گی جو کمیٹی کے فرائض کی ادائیگی کے لئے ضروری ہوں گے۔

(۲) لوکل گورنمنٹ ایسے قواعد بنا سکتی ہے۔

(الف) جن میں پورٹ حج کمیٹی اور اس کے ایگزیکٹو آفیسر کے تعلقات کا ضابطہ مقرر ہو۔

(ب) دوسرے ماتحت عہدہ داروں اور ملازمین پورٹ حج کمیٹی کے تعلقات کمیٹی اور ایگزیکٹو آفیسر کے ساتھ متعین کئے گئے ہوں۔

[illegible]

(سا) زائرین کے سلسلہ میں جو اور فرائض حکومت تفویض کرے۔

حاجیوں کے جہازوں کا معائنہ

دفعہ ۱۵ (۱) ہر پورٹ حج کمیٹی ایک یا ایک سے زائد سب کمیٹیاں مقرر کرے گی جو دو ارکین پر مشتمل ہوں گی اور جن کے فرائض میں حاجیوں کے جہازوں کا معائنہ داخل ہوگا۔

(۲) جس وقت کوئی سب کمیٹی حاجیوں کے کسی جہاز کا معائنہ کر رہی ہوگی تو اس کے ساتھ بندرگاہ کا وہ سرجن یا ڈاکٹر آفیسر ضرور ہوگا جو دفعہ ۱۵۱ انڈین مرچنٹ شپنگ ایکٹ ۱۹۲۳ء کے ماتحت مقرر کیا گیا ہو یا جہازوں کا سرویر ہوگا [illegible]

حج فنڈ

[illegible]

حج فنڈ کا مصرف

[illegible]

کمیٹیوں کی مالی نگرانی

[illegible]

پورٹ حج کمیٹیوں کے فرائض

[illegible]

قواعد و ضمنی قوانین

[illegible]

منسوخ قوانین

[illegible]

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

جزیرۂ قبرص کی بغاوت پر گورنر کا تبصرہ
مسلمانوں نے عام باغی عیسائیوں کا ساتھ نہیں دیا

گزشتہ اکتوبر کو جزیرہ قبرص میں حکومت برطانیہ کے خلاف یونانی عیسائیوں کی طرف سے جو بغاوت برپا کی گئی تھی اس کی مفصل رپورٹ گورنر قبرص نے سکریٹری آف اسٹیٹ برائے نوآبادیات کے پاس ارسال کر دی ہے۔ اس رپورٹ یا مراسلہ میں بغاوت کے اسباب و علل پر پوری روشنی ڈالی گئی ہے اور بتایا گیا ہے اس میں حصہ لینے والی کون کون سی جماعتیں تھیں۔

مراسلہ میں مذکور ہے کہ جزیرہ کے ۵۵۸ دیہات میں جن میں بڑی یونانی عیسائی اور ترک شرکت طور پر آباد ہیں۔ ۳۸۹ دیہات نے بغاوت اور ہنگامہ میں کوئی حصہ نہیں لیا باقی دیہات کے باشندوں نے اشتعال اور مظاہروں میں حصہ لیا۔ ان میں بھی صرف [illegible]

شراب کی درآمد میں زبردست کمی
۱۹۲۹ء اور ۱۹۳۰ء کے اعداد و شمار

[illegible]

انگلستان کی سڑکوں پر موٹروں کی تباہ کاریاں
روزانہ اٹھارہ اموات اور ۵۵ مجروح

لندن کی سڑکوں پر موٹروں، لاریوں اور دیگر قسم کی گاڑیوں کی وجہ سے روزانہ اموات میں حیرت انگیز اضافہ ہو رہا ہے۔ [illegible]

برطانوی کوئلہ کی برآمد میں حیرت انگیز کمی
دار العوام میں وزیر معدنیات کی تقریر

[illegible]

جنگ عظیم پر کس قدر روپیہ خرچ ہوا؟
مقتولین اور مجروحین کی کل تعداد

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

حجاز کی مالی حالت پر کساد بازاری کا اثر
جلالۃ الملک والی حجاز کی تصریحات

یمن کے ایک اخبار میں ملاحین نے اپنی ایک ملاقات کا حال شائع کیا ہے جو انہوں نے حج سے پیشتر سلطان ابن سعود سے کی تھی۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے سلطان سے حجاز کی مالی حالت کے متعلق دریافت کیا اور ان افواہوں کا ذکر بھی کیا جو حجاز کی مالی حالت اور حکومت کی پریشانی کے متعلق اخبارات میں شائع کی جاتی ہیں۔ سلطان نے نہایت غور سے تمام باتوں کو سن کر فرمایا کہ آپ جانتے ہیں کہ حجاز قدرتی ذخائر سے محروم ہے۔ حجاز میں نہ زراعت کی آمدنی ہے۔ نہ یہاں زراعت کافی ہوتی ہے اور نہ ملکی اور آمدنی کا ذریعہ ہے۔ [illegible]

اسکندریہ میں ایک عیسائی مشنری کا قبول اسلام
اسلام قبول کرنے کی معقول وجہ

[illegible]

طرابلس میں پھر جنگ کا امکان
شیخ سلیمان کی حوالگی کا مطالبہ

ٹیونس کا ایک اخبار راوی ہے کہ طرابلس کے عربوں اور اطالوی حکومت کے درمیان پھر کشیدگی پیدا ہو رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اطالوی حکومت فرانس سے مطالبہ کر رہی ہے کہ وہ شیخ سلیمان کو ہمارے حوالہ کر دے کیونکہ ان پر ایک اطالوی جرنیل کے قتل کا الزام ہے۔ عرب اس مطالبہ کو پورا نہیں کرنا چاہتے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ اگر شیخ سلیمان حکومت کے نزدیک قاتل ہیں تو ایک سال تک اس نے کیوں ان کو گرفتار نہیں کیا۔ ایک سال کے بعد ان کی حوالگی کا مطالبہ اپنے اندر کوئی راز ضرور رکھتا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں جبل اخضر کے قریب عربوں اور اطالوی فوجوں میں معمولی سی مڈبھیڑ بھی ہو گئی جس کے باعث طرفین کے آدمی زخمی ہو گئے۔

بیروت میں انجمن خدام الدین کا قیام
حرمین میں حجاج کی خدمات کا عزم

بیروت اور دمشق میں مسلم نوجوانوں نے ایک انجمن خدام الدین قائم کی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ ہر سال حج کے موقعہ پر ایک سو نوجوان حرمین شریفین جا کر زائرین بیت اللہ الحرام کی رضا کارانہ خدمات انجام دیں۔ حجاج کے اسباب کو منتقل کرنا، سپاہی وغیرہ مزدوری سامان مہیا کرنا، اس کی شکایات حکومت تک پہنچانا، جہاز سے اترنے اور سوار ہونے میں سہولتیں بہم پہنچانا اور بیماروں کی تیمارداری کرنا ان کے فرائض میں داخل ہوگا۔

اس انجمن کا بڑے جوش کے ساتھ تمام شام میں خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ بیروت کے ایک رئیس نے ہر سال دس رضاکاروں کے مصارف سفر برداشت کرنے کا وعدہ بھی کر لیا ہے۔ امید ہے کہ اس انجمن کی دیگر جگہ بھی تقلید کی جائے گی۔

حکومت حجاز میں مزید اصلاحات کا نفاذ

حکومت حجاز حج کے بعد اس امر پر غور کر رہی ہے کہ آئندہ حج کے زمانہ میں ایسا طریق عمل اختیار کیا جائے کہ غیر ملکی حاجی کو معمولی سی بھی تکلیف نہ اٹھانی پڑے۔ چنانچہ انتظام کیا جا رہا ہے کہ آئندہ سال تک پانی تمام فراہم کر دیا جائے کہ حجاج کو حسب ضرورت مفت مل سکے۔ اس سلسلہ میں متعدد مکانات یا سرائیں کی تعمیر کا بھی مسئلہ درپیش ہے۔ چار سرائیں آئندہ سال تک تعمیر کی جائیں گی جن میں دو ہزار حاجی بآسانی قیام کر سکیں گے۔

شملہ میں وائسرائے اور گورنروں کی کانفرنس کا انعقاد

سول نافرمانی۔ دہشت انگیزی اور آرڈیننسوں کے بعد طریق کار پر بحث

شملہ ۹ مئی۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کا نامہ نگار شملہ سے رقمطراز ہے کہ شملہ میں گورنر بنگال اور گورنر صوبجات متحدہ کی تشریف آوری پر سیاسی حلقوں میں مختلف خیال آرائیاں ہو رہی ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ وائسرائے اور ان کے رفقائے کار ان گورنروں کی موجودگی سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔ اور دونوں صوبوں میں تحریک سول نافرمانی اور دہشت انگیزی کا جو جذبہ پھیلا ہوا ہے اس کی نسبت آئندہ طریق کار کے متعلق تبادلۂ خیال کریں گے ...

بنگال میں ہولناک طوفان باد

متعدد اشخاص کی ہلاکت اور مختلف مقامات کی تباہی

کلکتہ ۹ مئی۔ آج بنگال کے مختلف مقامات سے طوفان کی تباہ کاریوں کے متعلق اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ میمن سنگھ۔ کھلنا۔ فرید پور۔ تنگیل اور جمال پور میں زبردست طوفان آیا۔ میمن سنگھ میں ڈسٹرکٹ جیل کی چہار دیواری گر جانے کی وجہ سے کئی وارڈر ہلاک اور کئی مجروح ہوگئے۔ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے آیا کوئی قیدی بھی مجروح ہوا یا اس گڑبڑ میں بھاگ گیا یا نہیں۔ کھلنا۔ فرید پور۔ تنگیل اور دیگر مقامات پر بھی بہت تباہی ہوئی لیکن ابھی تک کوئی جان ضائع ہونے کی اطلاع نہیں آئی ہے۔ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ مکانات، مویشیوں اور فصلوں کا بہت نقصان ہوا ہے۔

دارالحکومت کے

دہلی میں سارڈا ایکٹ کے ماتحت مقدمہ

مولانا ابوالکلام آزاد کی رہائی

روزنامہ قومی گزٹ دہلی

دہلی کی خلافت کمیٹی کے سکریٹری کا سکوت

مجلس انتخابات کا اہم فیصلہ

کلکتہ میں پولیس نے گولی چلادی

ایک ہلاک اور دو مجروح

ایران میں ٹیگور کی عزت افزائی

حکومت کی طرف سے تمغہ اور شاہی فرمان کا عطیہ

ناگپور میں محرم کے سلسلہ میں انتظامات

مشتبہ لوگوں سے ضمانتیں اور مچلکے

نقل خط بنام سکرٹری خلافت کمیٹی

مجلس ادب کا جلسہ

مسجد اور مندر فساد کی جڑ ہیں

بغیر لائسنس کے کوئی عبادت گاہ تعمیر نہ ہو

بمبئی کارپوریشن میں زبردست مباحثہ

بھائی پرمانند کی شرر باری

ہندو مسلم فساد کا باعث تحریک خلافت ہے!

تمام کانگریسی کارکن گرفتار کرلئے گئے

پولیٹیکل سکرٹری دربار ریوا کا بیان

یوپی میں ڈھائی ہزار قیدیوں کی رہائی

ایک بدیشی پارچہ فروش پر ہتھوڑوں سے حملہ

غیر ملکی پارچہ کی تجارت بند کرنے کا مطالبہ

سرحدی کونسل میں ہندوؤں کی ملازمتوں کا مسئلہ

ہندو ممبر کی طرف سے سوالات

گجرات سبھا کے ۲۴ ہزار روپیہ کی ضبطی کا معاملہ

صدر میونسپل کمیٹی کا مکتوب

کلکتہ میں محرم کے لئے پیش بندیاں

پانچسو مسلمانوں سے نیک چلنی کے مچلکے

احمد آباد میں ایک لیٹر بکس کو آگ لگادی گئی

لیٹر بکس ہی اڑا دیا گیا

پارسل میں ریوالور

حکومت حجاز اور افغانستان کے معاہدہ پر دستخط ہو گئے

امیر فیصل فرزند سلطان ابن سعود کا لندن میں ورود

مکہ مکرمہ ۹ مئی۔ حکومت حجاز اور حکومت افغانستان میں ایک دوستانہ معاہدہ پر دستخط ہوگئے ہیں۔ سردار احمد شاہ سفیر افغانستان نے جدہ میں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود سے ملاقات کی اور ان کی خدمت میں اپنی سند سفارت پیش کی۔ معاہدہ کے ابتدائی مراحل مکہ معظمہ میں طے پاچکے تھے۔ معاہدہ کی تکمیل کے بعد جانبین سے برادرانہ جذبات کا اظہار کیا گیا اور توقع ظاہر کی گئی کہ اس معاہدہ کی رو سے دوستانہ تعلقات کو استحکام حاصل ہوگا اور اسلامی برادری کو اس سے تقویت پہونچے گی۔ ان دونوں اسلامی ملکوں میں یہ سب سے پہلا معاہدہ ہے۔

لندن ۹ مئی۔ امیر فیصل فرزند سلطان ابن سعود والی حجاز جو مختلف ممالک کا دورہ کر رہے ہیں کل دوپہر کو پیرس سے لندن تشریف لائے۔ وکٹوریہ اسٹیشن پر ملک معظم کی طرف سے لارڈ ایلنڈیل اور سر انڈریو ریان برطانوی سفیر مقیم جدہ (جو آج کل رخصت پر لندن گئے ہوئے ہیں) نے آپ کا استقبال کیا۔ پیرس میں مسٹر ڈومر صدر جمہوریہ فرانس (جو حال میں قتل کردئے گئے) نے آپ کی ضیافت کی تھی۔

لندن ۹ مئی۔ ... جمعیۃ الاقوام کے اجلاس میں عراق کو جمعیۃ الاقوام کا ممبر بنانے کا مسئلہ پیش ہوا۔ متعدد ارکان نے اس مسئلہ میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ توقع ہے کہ عراق کو جمعیۃ الاقوام کی ممبری حاصل ہوجائے گی۔

مرکزی اور صوبجاتی خود مختاری ایک ساتھ دیجائے

آرڈیننسوں کی موجودگی میں اصلاحات فضول ہیں

لندن کے اخبارات کے تبصرے

اخبار "لیڈر" (الہ آباد) کے پاس لندن سے اس کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ ہفتہ وار "اسپیکٹیٹر" نے جمعہ کے دن کے پرچہ میں ہندوستانی مسئلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ باہمی بے اعتمادی کو دور کرنے کے لئے نہایت ضروری ہے کہ مرکزی اور صوبجاتی خود مختاری کو ایک ہی مسودہ میں رکھا جائے اور ایک ساتھ دیا جائے ...

اسی طرح اخبار "نیو اسٹیٹسمین" اپنی تازہ ترین اشاعت میں لکھتا ہے کہ اگر مسٹر گاندھی کو بدستور جیل میں رکھا گیا اور حکومت نے آرڈیننسوں کو اسی طرح نافذ رکھا تو ... اگر حکومت کو اس کا احساس نہیں ہے تو ہندوستان میں امن کی ساری امیدیں فضول ہیں۔

سیاسی قیدیوں کو فوراً رہا کردو

سول نافرمانی اور پکٹنگ کا مقابلہ کرو

کانگریس پر الزامات کی فہرست

لبرل جماعت کے قائد سرسپرو کی تقریر

وزیر ہند حکومت ہند اور صوبجاتی گورنروں میں مشورہ

آرڈیننسوں کے متعلق دارالعوام میں سوال و جواب

صدر جمہوریہ فرانس گولیوں سے ہلاک ہوگئے

پیرس میں ماتم بین الاقوامی اظہار افسوس

کیا قاتل پاگل تھا؟

آرڈیننسوں پر بحث

پارلیمنٹ میں سوال و جواب

گاندھی جی سے ملاقات

ایک رکن پارلیمنٹ کو اجازت نہیں دی گئی

ہندوستانی منڈیوں پر جاپان کا قبضہ

۷۵ ہزار کپڑوں کی گانٹھوں کی آمد

بمبئی اور احمد آباد کے کارخانوں میں ہلچل

چین میں ایک سیاسی مذہب کا ظہور

کاغذی گھوڑوں سے جنگ برپا کرنے کی کوشش

چین اور جاپان پھر میدان میں

لندن ۱۰ مئی۔ ... معلوم ہوتا ہے کہ جاپان پیشبندی کے طور پر جنگ کے رقبہ پر قبضہ کر رہا ہے اور چینیوں نے کل انتہائی لائن پر قبضہ کرکے وہاں پلیس اور فوج کے گارد بٹھادئے ہیں تاکہ گوریلوں کی یورش سے اپنی فوج کی حفاظت کی جاسکے۔

کراچی سے نکل جانے کا حکم

ایک پنجابی خاتون کے خلاف نوٹس

ایڈیٹر "پنجاب کیسری" کے مقدمہ کا فیصلہ

۸ ماہ قید سخت کی سزا

پنجاب کا مشہور ڈاکو گولی سے اڑادیا گیا

"مہذب" امریکہ میں عدل و انصاف کا جنازہ

حبشیوں کے گورے قاتلوں کو سزا نہیں دیجاسکتی

مولانا شوکت علی کا سفر افغانستان

بیگم صاحبہ کی ہمراہی

گرفتار کرنے والے سپاہی کا قتل

لارڈ لوتھین کو دعوت

کانگریس بلیٹن تقسیم کیا گیا

سری نگر میں ہندو ڈکٹیٹروں کی گرفتاری

سادھوؤں کا کشمیر سے اخراج

پرنٹر پبلیشر روزانہ "اکالی" کی گرفتاری

کانپور میں فرقہ وارانہ فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

لارڈ لوتھین کیلئے نائب وزیر ہند کا عہدہ

پشاور کے تین لیٹر بکسوں میں تیزاب

صوبہ بہار میں ۱۴ ہزار اشخاص کی گرفتاری

کانپور میں کانگریس بلیٹن پر قبضہ

وفاق کے قیام کے بعد حکومت کو ساڑھے چار کروڑ کا فائدہ

وفاقی مالیات کی رپورٹ شائع ہو گئی

بنگال، بہار اور اڑیسہ کو کروڑوں کا خسارہ

شملہ ۸ مئی۔ وفاقی مالیات کی تحقیقاتی کمیٹی (فیڈرل فائنینس کمیٹی) کی رپورٹ آج شائع کر دی گئی ہے جو منقش جلد ہے اور ۸۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ رپورٹ میں مذکور ہے کہ حقائق سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلی رپورٹ میں مالیات کی جس سکیم کا خاکہ تیار کیا گیا ہے وہ موجودہ اقتصادی پستی سے نجات پانے کے بعد ایک ایسی بنیاد مہیا کرے گا جس پر وفاق ہند (فیڈریشن آف انڈیا) کا دستور قائم کیا جا سکتا ہے اس سکیم کے ماتحت صوبوں کو امداد بہم پہنچانی ممکن ہو جائے گی۔ کمیٹی نے رائے ظاہر کی ہے کہ جدید اصلاحات کے نفاذ کا خرچ حرف صوبجات میں کم سے کم کر دیا جائیگا ہندوستان میں عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ حکومت کے اخراجات ایک ایسے ملک کی برداشت سے زیادہ ہیں جن کا زیادہ تر زراعت پر انحصار ہے۔

کمیٹی نے وفاقی اور صوبجاتی تخمینہ پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ تخمینہ کا مواد اس مفروضہ پر معمولی حالات میں جمع کیا گیا ہے جب کہ ہندوستان میں مرکزی و صوبجاتی بجٹوں کا توازن قائم نہیں ہے اس لئے یہ ضروری ہے کہ وفاقی حکومت کے قیام کے بعد کمیٹی کے فراہم کردہ مواد پر نظرثانی کی جائے۔ کمیٹی کی سفارشات ۳۶-۱۹۳۵ء کے تخمینہ پر مرتب کی گئی ہیں گو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کمیٹی اسطرح وفاقی حکومت کے قیام کی تاریخ تجویز کرنی چاہتی ہے کمیٹی نے اندازہ لگایا ہے کہ وفاقی حکومت کی آمد و خرچ کی جدول حسب ذیل ہوگی۔

	آمد (لاکھوں میں)		خرچ (لاکھوں میں)	
محاصل	۵۱٫۲۰	قرضہ جات		
نمک خرچ	۹۸	سود اصلی	۱۱۲٫۵	
اصل آمد	۵٫۳۰	۵٫۳۰	ٹیہ کھاتہ	۷۵۰
	۶٫۴۰	تار و ڈاک کچھ نہیں		
خرچ	۱۱۵	فوجی خرچ	۴۷	

فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کا اعلان کیا جائے

راماسوامی آئر اور جیکر کا بیان

شملہ ۸ مئی۔ گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس کی نسبت جس کے انعقاد کے لئے ۸ مئی کی تاریخ کا اعلان کیا گیا ہے مسٹر سی۔ پی راماسوامی آئر اور مسٹر ایم آر جیکر ممبران کمیٹی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندے کو کمیٹی کے ایجنڈے پر نظر ڈالتے ہوئے کہا کہ "وفاقی (فیڈریشن) مسئلہ کے متعلق بعض اہم ترین اور پیچیدہ تفصیلات بحث کے لئے مخصوص کی گئی ہیں علاوہ ازیں ایجنڈے میں وفاقی مالیات کی کمیٹی کی رپورٹ بھی شامل ہے۔ حق رائے دہندگی اور ریاستی مالیات کی تحقیقاتی کمیٹیوں کی رپورٹیں جون کے اختتام سے پہلے مہیا نہیں ہو سکتیں اگر ممکن ہوا تو توقع کی جاتی ہے کہ مشاورتی کمیٹی اُن مسائل کے متعلق اتفاق رائے حاصل کرے گی جنہیں دوسری گول میز کانفرنس میں چھیڑا نہیں گیا تھا۔ یہ چیز صاف ہے کہ اگر کمیٹی کا کوئی طبقہ فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل سے پیشتر بحث میں حصہ نہ لے سکا یا اس نے کسی فیصلہ پر اتفاق کرنے سے انکار کیا تو کمیٹی کی محنت بے ضابطہ گفت و شنید میں تبدیل ہو جائیگی اور کوئی متفقہ فیصلہ نہیں کیا جا سکیگا۔ اس قسم کی کارروائی کمیٹی کی شان سے بعید ہوگی اور تمام متعلقہ اصحاب کے لئے جن میں صدر کمیٹی بھی شامل ہیں پریشانی کا باعث ہوگی۔ ہم ملک معظم کی حکومت اور حکومت ہند سے اپیل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرقہ وارانہ مسئلہ کے حل کے متعلق جو وعدہ کیا ہے اس کو وفا کرنے کے لئے وہ ضروری قدم اٹھائیں اور اس کے بعد ہندوستان یا انگلستان میں ایسی کانفرنس منعقد کرنے کا انتظام کریں جو ان امور کا بہ سہولت اور جلدی کے ساتھ فیصلہ کر دیگا جو ابھی تک زیر غور ہیں۔ تاکہ پارلیمنٹ میں ہندوستانی دستور کا مسودہ قانون ...

لفٹنٹ کی موٹر سے ایک ہندوستانی لڑکی کی ہلاکت

پونہ ۸ مئی۔ لفٹنٹ ... کی موٹر سے ... اپریل کو ایک ۸ سالہ ہندوستانی لڑکی ہلاک ہو گئی ...

... لیکن آج بارہ کروڑ ہندوستانی بیکاری یا ایسی دوسری وجوہات کی بناء پر فاقہ کشی کر رہے ہیں دوسرے ممالک میں حکومتیں ہر ایک شخص کی روٹی کا انتظام کرتی ہیں اس خرابی کا علاج یہی ہے کہ ہر ہندوستانی سودیشی کی سرپرستی کرے۔ آپ نے پولیس والوں سے بھی اپیل کی کہ وہ سودیشی ...

ہم باواز بلند کہتے ہیں کہ اگر کوئی صاحب ہماری بہرا پن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر ایسی مجرب اور مشہور دوا بتلا دیں کہ جس نے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سارٹیفکیٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور بہرا پن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں ہی جب چاہیں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والے ٹھگ اور مکاروں سے بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ مع نام صاف لکھئے۔

بہرا پن کا شرطیہ علاج

کان بہنے، زخم، کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، پھنسی، ناسور کیڑے پڑ جانے، درد طرح بطرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک سا تھ طلب کرنے پر محصول ڈاک و پیکنگ معاف

ہمادری سرمہ — منعت بینائی۔ سرخی، دہرہ، گکرے، نزول اور ڈھلکہ کی خاص دوا ہے ہر عمر اور ہر موسم میں قابل استعمال ہے فی شیشی چار آنے (۴)

کان کی دوا — بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کی معرکۃ الآرا تصنیف

مسلمانوں کی قومی زندگی و سعادت کا سرچشمہ

اگر قرآن حکیم کی تعلیم حقی تو آج بھی اسی سرچشمہ سے ہم زندگی و سعادت حاصل کر سکتے ہیں ... اور ہر مسلمان کا دل و دماغ اس کے اندر جذب کرے مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر قرآن کا مسی عرصہ سے ملک کو انتظار تھا الحمد للہ کہ اب ترجمان القرآن کے نام سے وہ شائع ہو گئی ہے۔ اب ہر ایک انسان ... پڑھ سکتا ہے۔ یہ عذر باقی نہیں رہا کہ قرآن کے مقاصد و مطالب اس کے دسترس سے باہر ہیں۔ پوری کتاب دو جلدوں میں منقسم ہے۔ پہلی شائع ہو گئی ہے۔ دوسری زیر طبع ہے پہلی جلد میں پہلے سورۂ فاتحہ کی مفصل تفسیر ہے جو مطالب قرآنی کے لئے مقدمہ کا کام دیتی ہے اس کے بعد سورۂ بقرہ سے سورۂ انعام تک سورتوں کا مسلسل ترجمہ تفسیری نوٹوں کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔ دوسری جلد سورۂ اعراف سے شروع ہوئی ہے اور الناس پر ختم ہو گئی ہے۔

سورۂ فاتحہ کی تفسیر فی الحقیقت پورے قرآن حکیم کی تفسیر ہے۔ اس کے ۲۰۰ صفحوں میں قرآن کے تمام مقاصد و مہمات اور دلائل و براہین پر جس طرح بحث کی گئی ہے اور جس طرح **قرآن کا علم کلام** از سر نو مدون کر دیا ہے اس کی وسعت و عظمت کا اندازہ صرف مطالعہ ہی سے کیا جا سکتا ہے بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلامی لٹریچر میں یہ پہلی کتاب ہے جس نے قرآن کے علوم و معارف کی حقیقت و عظمت سے دنیا کو روشناس کر دیا اور وہ تمام پردے ہٹا دئے جو صدیوں سے اس کے جمال حقیقت پر ڈال دئے گئے تھے!

ترجمہ اور تفسیری نوٹوں کی نسبت اس قدر اشارہ کافی ہوگا کہ قرآن کی جس قدر ضخیم تفسیریں آج موجود ہیں ان سب کے مطالعہ سے بھی قرآن کی تعلیم اس درجہ واضح نہیں ہو سکتی جس قدر محض اس ترجمہ کے مطالعہ سے ہر اردو خواں انسان بہ اول النظر معلوم کر سکتا ہے۔ نوٹ جو جا بجا درج کئے گئے ہیں ان کی نوعیت فٹ نوٹس کی نہیں ہے بلکہ بالکل ایک نیا اسلوب اختیار کیا گیا ہے وہ جا بجا مطالب کی تشریح کرتے جاتے ہیں لیکن ساتھ ہی مطالعہ کے تسلسل میں خلل انداز بھی نہیں ہوتے۔

سورتوں کے مطالب کی مفصل فہرست جو ابتداء میں دی گئی ہے بجائے خود ایک مختصر تفسیر ہے۔ اس سے بیک نظر معلوم کیا جا سکتا ہے کہ سورتوں میں یکے بعد دیگرے کیا گیا مطالب بیان کئے گئے ہیں؟ مطالب کی نوعیت کیا ہے؟ باہم روابط و مناسبات کیا ہیں؟ اگر احکام ہیں تو وہ کیا کیا ہیں؟ دلائل میں قرآن کے وجوہ کیا ہیں؟ اخلاق و مواعظ ہیں تو ان میں کیا کیا عبرتیں پوشیدہ ہیں؟ اگر ایک شخص غور و فکر کے ساتھ صرف یہ فہرست ذہن نشین کر لے تو بلا لفظ وہ مطالب قرآنی پر علم و بصیرت کے ساتھ حاوی ہو جائیگا! **مدارس و مکاتب میں تعلیم** کے لئے اس سے بہتر کوئی مذہبی نصاب نہیں ہو سکتا کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اس کتاب کے بغیر زندگی بسر کرے، اگر وہ چاہتا ہے کہ اسلامی علم و بصیرت کی زندگی بسر کرے!

کتاب سوپر رائل کی بڑی تقطیع پر چھپی ہے۔ ضخامت ساڑھے پانچ سو۔ قیمت غیر مجلد چھ روپے۔ مجلد درجہ اول (دو فٹ مراکو) آٹھ روپے مجلد درجہ دوم ساڑھے سات روپے مجلد کے لئے درخواست براہ راست دفتر میں بھیجئے۔

منیجر ترجمان القرآن نمبر ۱۔ دریا گنج دہلی

جمعیۃ علماء صوبہ سرحد کا جلسہ

شریعت کمیٹیاں قائم کرنے کیلئے وفود کی روانگی

مردان ... مقام ... جمعیۃ علماء میرہ ... زیر صدارت مولانا محمد عباس صاحب منعقد ہوا ... قرآن کریم کے بعد جمعیۃ میرہ کا جدید سالانہ انتخاب ہوا جس کے عہدیداران حسب ذیل ہیں:—

کانگریس بلیٹن کی اشاعت کے مرکز پر حملہ

بارہ اشخاص گرفتار

بمبئی ۸ مئی۔ پولیس نے تلاش لینے کے بعد کانگریس بلیٹن کی اشاعت کے خفیہ مرکز کا پتہ لگا لیا۔ تلاشی کے بعد پولیس نے تین ہزار پرچے برآمد کئے۔ پولیس نے دو دیگر مقامات کی بھی تلاشی لی ۱۲ اشخاص گرفتار کئے گئے ...

شاہ نادر خاں کے تحائف ہضم

بمبئی ۸ مئی۔ ... شاہ نادر خاں والئ افغانستان کے پاس روانہ کئے تھے ... تحائف ... مقدمہ دائر کیا گیا ہے۔

دارالعوام میں حلف وفاداری کی تنسیخ پر شور

لندن ۸ مئی۔ ... دارالعوام میں مسٹر ڈی ویلرا ... حلف وفاداری کی تنسیخ ...

یونیورسٹی کے شعبہ جغرافیہ میں نمایاں ترقی

سال رواں میں مسلم یونیورسٹی کے شعبہ جغرافیہ نے نمایاں ترقی کی ہے ...

بالشویکوں کے خلاف جرمن کی سرگرمیاں

الحادپسند انجمنوں کو توڑ دیا گیا

برلن۔ حکومت جرمنی نے ملک سے بالشویک اثرات کو زائل کرنے کی غرض سے زبردست مہم کا آغاز شروع کر دیا ہے ...

پارلیمنٹ میں آرڈیننسوں کی تنسیخ کیلئے تحریک

لندن ۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ... ہندوستان کے آرڈیننسوں ... تحریک ...

انتقال پرملال

(رحمت شاہ نائب ناظم جمعیۃ علماء میرہ) ... نہایت رنج کے ساتھ لکھا جاتا ہے کہ ... آج انتقال ہو گیا ہے ... انا للہ و انا الیہ راجعون ...

جانوروں کی پشت پر کلمات طیبات

... جانوروں کی پشت پر ... کلمات طیبات ... لکھے جاتے ہیں ...

کلکتہ مجلس احرار کی ڈکٹیٹرشپ سے علیحدگی

اسلام آباد ... کلکتہ مجلس احرار کی ڈکٹیٹرشپ ...

جوتش کا چمتکار

جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب

پنڈت جوتش کا ریالہ لاہور

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا ...

منیجر ... بٹالہ ... لاہور

سید حسن نگروی مونگیری کی تلاش

فضل الرحمن ... مونگیر

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

معجون مددگار غدود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان اللہ ہو الرزاق ذوالقوۃ المتین

المشتہر۔ حاجی علی جان تاجر دہلی نئی سڑک متصل گھنٹہ گھر

اعلان

طبیہ کالج دہلی

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

مقویات سراج عالم

ویشناستری جام نگر کاٹھیاواڑ

کٹ پیس اور چھپ بزازی

کی پرمنافع تجارت

امپیریل ایکسپریس کمپنی ایکلہ بمبئی

محبوب عاشق کے قدموں میں

قومی خیالات کا ترجمان اور قومی مفاد کا علمبردار

اخبار قومی گزٹ دہلی

ایک ہفتہ وار اخبار ہے جو ہندوستان کے دارالحکومت دہلی سے شائع ہوتا ہے

لیکن جدید انتظامات کی ترقی کے بعد

منیجر قومی گزٹ گلی قاسم جان دہلی

فینسی کٹ پیس کی گانٹھ

مبلغ پچیس روپیہ میں

منیجر ... کراچی

بارہ کروڑ ہندوستانی فاقہ کر رہے ہیں

مسلمانوں کو سودیشی کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے

ایک محرم میں کیا ہوگا؟

مرقع علم و فن کا آئینہ

دو صد روپے ماہوار کمانے کا واحد ذریعہ

منیجر رسالہ دلربا ... لاہور

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

حلفیہ بیان

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب

فروخت طلب ہیں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ

دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

ایک کالم
½ کالم
¼ کالم

جلد ۱۵ | دہلی - یوم دوشنبہ ۹ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ مئی سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۵

ماہ محرم اور اُس کی بدعتیں

عاشورہ کے روز مسلمانوں کو کیا کرنا چاہئیے؟

محرم کا مہینہ وہ مہینہ ہے جس کی فضیلت احادیث اور آثار سے ثابت ہے سیدہ بی بی عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ رمضان کی فرضیت سے پیشتر عاشورہ کا روزہ فرض تھا مگر جب رمضان شریف کے روزے فرض ہوئے تو اس کی فرضیت جاتی رہی اب جو چاہے عاشورہ کا روزہ رکھے جو چاہے نہ رکھے۔ مدینہ منورہ کے یہودیوں سے حضور نے دریافت کیا کہ آج کا روزہ کیسا اور یہ خوشی کیسی ہے؟ انہوں نے کہا کہ آج کا دن نیک ہے آج اللہ نے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو دشمنوں سے نجات دی۔ موسیٰ علیہ السلام نے شکریہ میں یہ روزہ رکھا تھا ہم بھی ان کی اتباع کرتے ہیں۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ میں حقدار ہوں کہ عاشورہ کے روز روزہ رکھوں۔ ...

پتہ چلتا ہے کہ سب سے پہلے جس شخص نے عاشورہ کے دن ماتم کی رسم شروع کی وہ، وہ شخص تھا جس کی گردن پر بغداد کی مسجد جامع پر صحابہ کرام کے لئے لعنت کے الفاظ لکھوانے کا بار ہے۔ اس سے ہر مسلمان اندازہ لگا سکتا ہے کہ یہ کیسی ناپاک رسم ہے جسے مسلمانوں نے اختیار کر رکھا ہے ہم ان رسموں کے متعلق خود کچھ کہنا نہیں چاہتے بلکہ اس بارے میں ان بزرگوں کے چند فیصلے لکھ دینا ہی کافی سمجھتے ہیں جن کی جلالت قدر، ولایت، زہد و ورع مسلمانوں کے نزدیک مسلم ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی بے نظیر کتاب غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں:-

"ایک گروہ نے عاشورہ کے روزے اور اس یوم کی بزرگی سے انکار کیا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ حسین علیہ السلام کے قتل کے باعث اس دن کا روزہ رکھنا نا جائز ہے۔ اس دن تو تمام مسلمانوں کو عام ماتم کرنا چاہئے اور تم اسے فرحت و خوشی کا دن مناتے ہو اور صدقہ و خیرات کا حکم دیتے ہو حالانکہ اس طرح مسلمان حسین علیہ السلام کے حق کو ادا نہیں کر سکتے۔ ...

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علمائے ہند کے مطالبات

[illegible]

آرڈیننسوں کا سلسلہ

[illegible]

ایک عبرتناک مثال

[illegible]

حج اور قانون

[illegible]

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین (جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ میں موثر کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کمی کو دور کیا ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد و عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophene Manufacturing Co. (India) P. Box 88. Karachi.

صدہا مرضوں کی ایک دوا

[illegible]

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

اکسیر جذام

[illegible]

بواسیر و ذیابیطس

حافظ اقبال حسین بیٹیا ہی بھاگل پور

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آج کل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے وہ دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں۔ اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے۔ ... ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اخبارات نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ ہر تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعیدیں ہیں ... دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے ... کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد ... ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے ... دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو بہت پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمایا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ علیحدہ سطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چھپ گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے باید ناز خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ مجبت اسلامی ہے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد پارچہ عہ مجلد چرم نقرہ عہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حاشیہ دار ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین، لنگی، رومال (پشاوری، مشہدی، یزدی) کلاہ، پنکھے، چپلیاں، نسوار، سرکہ انگوری، چار مغز، اصلی ممیرہ خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ مؤخر الذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

احادیث نبوی

(حضرت مولانا الحاج الحافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

قبروں کا احترام ماتم ۔ نوحہ ۔ سوگ اور ٹوٹکہ

جو کوئی میت پر ماتم کرے اپنے منہ کو پیٹے ۔ گریبان کو پھاڑے وہ ہم میں سے نہیں ہے ۔ (بخاری ۔ مسلم)

ابوموسیٰ کی روایت میں ہے ۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو عورت مردے پر چیخ کر روئے یا ماتم کی وجہ سے سر منڈائے جیسا زمانۂ جاہلیت کا دستور تھا یا اپنے کپڑوں کو پھاڑے میں اس سے بری ہوں ۔ مراد یہ ہے کہ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں (بخاری ۔ مسلم)

جو لوگ میت پر روتے ہیں تو میت ان رونے والوں کے باعث عذاب دی جاتی ہے ۔ (بخاری) مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی مرنے والا وصیت کر گیا تھا یا وہ مردے پر ماتم کو جائز سمجھتا تھا تو ایسے شخص پر دوسروں کے ماتم کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے ۔

تین باتیں کفر کی ہیں (۱) مردے پر چلا کر رونا (۲) گریبان پھاڑنا (۳) کسی کے نسب میں طعن کرنا (ابن حبان ۔ حاکم) یعنی اس قسم کی رسوم مراسم کفریہ میں سے ہیں ۔

دو آوازیں ملعون ہیں ۔ دنیا و آخرت میں دونوں پر لعنت کا سلسلہ رہتا ہے ایک نعمت کے موقع پر گانے بجانے کی آواز ۔ دوسرے مصیبت کے وقت چلا کر رونے کی آواز (بزار)

...

محرم کے روزے

رمضان کے بعد محرم کے روزے سب روزوں سے افضل ہیں اور فرض نماز کے بعد رات کی نماز سب نمازوں سے افضل ہے (مسلم)

محرم کی دسویں کا روزہ گزشتہ ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے (مسلم) میں اللہ سے امید رکھتا ہوں کہ دسویں محرم کا روزہ ایک سال گزشتہ اور ایک سال آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا ۔ (ابن ماجہ)

دسویں تاریخ کو اپنے اہل و عیال پر توسیع رزق کرنے سے تمام سال برکت ہوتی ہے ۔ (بیہقی) یعنی محرم کی دسویں ۔

بدعت

جس نے ہمارے دین میں کوئی ایسی بات پیدا کی جو دین میں نہیں ہے تو وہ مردود ہے ۔ (بخاری ۔ مسلم)

...

صدر اور ایگزیکٹو آفیسر

اس کے بعد چیرمین (صدر) اور ایگزیکٹو آفیسر کا سوال ہے ۔ ایک ایسی کمیٹی کا جیسی کہ حج کمیٹی ہونی چاہئے ۔ چیرمین کسی طرح سرکاری نہیں ہو سکتا کیونکہ چیرمین ہی کی پوزیشن پر کمیٹی کی پوزیشن کا دار و مدار ہے ۔ ...

افسوسناک حقیقت

آخر میں ہم نہایت افسوس کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ جس تحقیقاتی کمیٹی پر اتنا طویل وقت اور اتنا کثیر روپیہ صرف ہوا تھا اس کا یہ انجام بے انتہا تکلیف دہ ہے ۔ ...

اسلامی انجمنوں کا فرض

...

مشورے

ہندوستان ٹائمس کے نامہ نگار مقیم شملہ کا بیان ہے کہ وزیر ہند کی گذشتہ تقریر کے بعد جس میں انہوں نے گاندھی جی کو گول میز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی تھی ...

طیاریاں

یاد ش بخیر مولوی محمد یعقوب صاحب فرنچائز کمیٹی کا کام ختم ہونے کے بعد پھر اخبارات کے کالموں میں نمودار ہوگئے ہیں ...

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یوم دوشنبہ ۹ رمحرم الحرام ۱۳۵۱ھ ہجری

حج کمیٹیوں کے متعلق جدید مسودۂ قانون

شدید احتجاج کی ضرورت

قارئین کرام کو یاد ہوگا کہ ۱۹۲۹ء میں اراکین جمعیۃ مقننہ کی ایک تحقیقاتی کمیٹی اس غرض کے لئے مقرر کی گئی تھی کہ وہ کلکتہ، بمبئی اور کراچی کے بندرگاہوں میں حجاج کے لئے آسانیاں بہم پہنچانے اور محافظین حجاج اور حج کمیٹیوں کے اختیارات و فرائض متعین کرنے اور دوران سفر میں حجاج کے آرام و آسائش کا انتظام کرنے کے متعلق تحقیقات کرے اور اپنے نتائج تحقیقات کو رپورٹ کی صورت میں مدون کر کے بطور سفارشات کے حکومت کے سامنے پیش کرے ۔ ...

استعمال کر سکے کمیٹی کا کورم آٹھ اراکین پر مشتمل ہو ۔

اگرچہ سفارشات طویل ہیں مگر ہم نے ان سفارشات میں سے ان چند امور کا خلاصہ نکال لیا ہے جن کا تعلق حج کمیٹی کی مجموعی حیثیت سے ہے ۔ اراکین کا انتخاب ۔ ان کی نامزدگی ۔ چیرمین کا انتخاب یا تقرر ۔ اگزیکٹو آفیسر کا تقرر ۔ ...

مسودۂ قانون کا خلاصہ

...

صدر جمعیۃ علمائے ہند کی رائے

...

انتخاب اور نامزدگیاں

...

تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات

...

حجاج کے متعلق تیسرا مسودۂ قانون

فریضۂ حج کی ادائیگی میں ناقابل برداشت کاوٹیں

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

حجاج کے متعلق جو تین مسودات قانون اسمبلی کے سامنے پیش کئے جا چکے ہیں اور جنہیں اب ایک منتخبہ مجلس کے سپرد کر دیا گیا ہے ان میں سے دو مسودات کا ترجمہ ہم شائع کر چکے ہیں اور آج تیسرے مسودۂ قانون کا ابتدائی حصہ پیش کرتے ہیں چونکہ یہ تیسرا مسودۂ قانون خفیف میں ایک دوسرے مستقل قانون کی ترمیم ہے اسلئے اسے بغیر اصل قانون کا مطالعہ کئے ہوئے سمجھنا غیر ممکن ہے ۔ ...

...

تشریحی نوٹ

...

ضروری گزارش

...

منیجر الجمعیۃ دہلی

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

دریائے نیل میں کودنے والے دو فقیر

ہمدردی حاصل کرنیکا عجیب طریقہ

دو فقیروں نے دریائے نیل میں کود کر خوب سونا جمع کیا ان میں سے ایک تو مرد تھا اور ایک عورت تھی ۔ یہ دونوں جہاں کہیں کوئی پل پاتے تھے ایک عجیب کھیل تماشہ کرتے اور خوب روپیہ بٹورتے ۔ عورت پل سے دریا میں کود پڑتی جس کو بچانے کے لئے مرد فقیر بھی کود جاتا ۔ اس نظارہ کو دیکھنے کے لئے بکثرت لوگ جمع ہو جاتے اور کوشش کرتے کہ یہ مرد عورت کو کسی طرح بچا لائے اور صحیح و سالم کنارہ پر پہونچ جائے ۔ ... اس حادثہ کو دیکھنے والے لوگ عورت کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ۔ ... آخر میں ان دونوں فقیروں کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا ۔

امریکہ میں لکڑی کے جدید سکوں کا اجراء

دو سال میں تین ہزار بنکوں کا دیوالہ

واشنگٹن (امریکہ) کے ایک قصبہ "ٹینی نو" میں لکڑی کا ایک سکہ جاری کیا گیا ہے غالباً تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ دنیا میں لکڑی کا روپیہ جاری کیا گیا ہو ۔ لکڑی کا یہ سکہ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ آج کل امریکہ اقتصادی اور مالی پریشانیوں میں کس طرح گھرا ہوا ہے ۔ گزشتہ دو سال کے اندر اندر امریکہ کے تین ہزار بنک بند ہو چکے ہیں ۔ ...

نماز کے متعلق ایک انگریز کے تاثرات

اسلام ہی عالمگیر امن و امان کا ذریعہ ہے

ایک انگریز مسٹر ڈبلیو ۔ ڈی ۔ بشیر پکرڈ نے جبرالٹر کے موقعہ پر مسجد شاہجہان میں مسلمانوں کو نماز عید ادا کرتے دیکھا اور وہ اس نظارہ سے بہت متاثر ہوا ۔ ... اسلام مذہب کے اعتبار سے ایک بہترین مذہب ہے جو عالمگیر امن و امان اور نوع انسانی میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے کا واحد ذریعہ ہے ۔ ...

عراق میں طوفان نوح کے نشانات

طوفان عالمگیر نہ تھا

فلاڈلفیا کے ڈاکٹر سی ۔ لیونارڈ وولے ڈائرکٹر محکمۂ آثار قدیمہ نے حال ہی میں عراق کے ایک مقام کی تنقیب کر کے طوفان نوح کا ریت زمین سے برآمد کیا ہے ۔ آپ کا دعویٰ ہے کہ جدید تحقیقات کے بموجب طوفان نوح کو عالمگیر حیثیت حاصل نہ تھی بلکہ وہ ایک مقامی طوفان تھا ۔ ...

مصنوعی دل سے حرکت پیدا کرنیکی کوشش

سائنس کا ایک محیر العقول کارنامہ

ایک برطانوی سائنس داں نے ایک مصنوعی دل تیار کر لیا ہے جو جانوروں کا اصل دل نکالنے کے بعد اس کے تمام جسم میں خون پہونچاتا رہتا ہے ۔ یہ مصنوعی دل کسی نرم چیز کا نہیں بلکہ پتیل کا بنایا گیا ہے ۔ ... مزید امتحان جاری ہے ۔

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں ۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

عراق کی آزادی کا فرنگی مفہوم

مغربی اقوام کا استعمار برابر قائم ہے

دمشق کے ایک اخبار نے ایک فرانسیسی مدبر کی ایک تقریر نقل کی ہے جو موصوف نے عراق کی آزادی پر تبصرہ کرتے ہوئے پیرس کی ایک مجمع علمی کے سامنے کی تھی ۔ ... عراق اب کامل آزاد ہے اور برطانوی حکمرانی ہمیشہ کے لئے ختم ہو چکی ہے ۔ ...

حجاج کو مزید سہولتیں پہونچانے کا انتظام

حکومت حجاز کا ایک دانشمندانہ حکم

حکومت حجاز نے یہ ارادہ کر لیا ہے کہ وہ آئندہ موسم حج میں حجاج کیلئے مزید سہولتیں مہیا کرے ۔ ...

ٹیونس میں یہودیوں کی شرارت

اپنی کامیابی کے خواب پریشاں

...

ہرات میں ترک چانوشی کی مبارک سعی

چاء استعمال نہ کرنے کا عہد

ہرات کے باشندوں میں ڈاکٹر امام الدین خان کی مساعی سے ترک چانوشی کی تبلیغ کامیاب ہو رہی ہے کیونکہ ڈاکٹر صاحب نے چانوشی کے مضرات کو اچھی طرح ان کے ذہن نشین کر دیا ہے ۔ ہرات کے بہت سے ماہرین اور عام باشندوں نے آپس میں یہ عہد کیا ہے کہ وہ آئندہ کبھی چاء کا استعمال نہ کریں گے اور دوسروں کو بھی تبلیغ کے ذریعہ چاء کے استعمال سے روکنے کی سعی کریں گے معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کے دیگر شہروں میں بھی ہرات کے باشندوں کی تقلید کی جائے گی ۔

افغانستان میں عہد انقلاب کا ایک بم

بم کے پھٹنے سے چار بچے زخمی ہو گئے

...

ہرات کے محاصل میں کئی لاکھ کا اضافہ

...

دار الحکومت

انتخابات خلافت صوبہ دہلی

عیدگاہ میں علاقہ قصاب پورہ کے اراکین کا اجتماع

حسب اطلاع مشتہرہ ۔۔۔ بروز جمعہ بوقت صبح سات بجے شاہی عیدگاہ میں عام اراکین خلافت کمیٹی صوبہ دہلی کا ایک جلسہ زیر صدارت جناب عبدالحمید صاحب منعقد ہوا جس میں بالاتفاق حسب ذیل تجویز پاس کی گئی۔

علاقہ قصاب پورہ کے عام اراکین صوبہ خلافت کمیٹی دہلی کا یہ جلسہ عبداللطیف خان صاحب سکرٹری اور دیگر عہدہ داران خلافت کمیٹی سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ سالانہ انتخاب کیلئے ۲۵ مئی کی تاریخ مقرر کر کے اس کا اعلان کردیں۔ اگر ان ۔۔۔

حویلی اعظم خاں کے مسلمانوں کا احتجاج

اخبار الجن سے دو ہزار روپے کی ضمانت

کانگریس کے متعلق مضامین شائع کرنے کا الزام

دہلی میں گورنر بنگال کا ورود

قطب مینار اور صفدر جنگ کی سیر

ہندو مسلم منتر کیوں ٹوٹ گئی

اعلان تعطیل

سٹروگلس کے قتل کے سلسلہ میں گرفتاری

جمعیۃ علماء ہند کے چوتھے ڈکٹیٹر کی گرفتاری

جامع مسجد میں جلسہ ۔ شہر میں جلوس کا گشت

شہر کے مختلف گوشوں میں پولیس کے زبردست انتظامات

دہلی ۱۴ مئی ۔ چونکہ کل جمعہ کو جمعیۃ علماء ہند کے پروگرام کے بموجب آرڈیننس ڈے منایا جانے والا تھا اس لئے صبح سے ہی پولیس سرگرمی سے انتظامات میں مصروف تھی موتی قاضی، چاوڑی بازار اور گھنٹہ گھر پر پولیس کا خاص انتظام تھا۔ سردار عبدالصمد خاں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور پولیس کے دیگر افسر بھی کوتوالی میں موجود تھے۔ نماز جمعہ کے بعد جمعیۃ علماء ہند کے زیر اہتمام جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عام جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحب بہاری ڈکٹیٹر چہارم جمعیۃ علماء نے تقریر فرمائی۔ ۔۔۔ جلوس مرتب کیا گیا جس کے آگے اسلامی پرچم لہرا رہا تھا اس جلوس کی رہنمائی خود مولانا نورالدین صاحب نے فرمائی ۔۔۔ مولانا نورالدین صاحب اور ایک علم بردار کو گرفتار کرلیا۔

شیخ محی الدین کو دو سال قید سخت کی سزا

بغیر لائسنس کے ریوالور رکھنے کا الزام

کانپور میں زبردست ڈاکہ

گیارہ اشخاص کی گرفتاری

پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان جنگ

ایک ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

تحصیل بدایوں میں بارہ سو مکانات کی بربادی

بارہ اشخاص جل گئے ۔ ۔۔۔ لاکھ روپے کا نقصان

بمبئی میں ایڈیشنل پولیس کی بھرتی

مولانا شوکت علی کی خدمات تعلیلہ

ایک اینگلو انڈین لڑکی پر بہیمانہ حملہ

بھوساول اسٹیشن پر ٹرین میں حادثہ

بمبئی کے وزیر بلدیات کا استعفیٰ

مدراس کے قریب ایک کشتی غرقاب

والی ہین کے شہزادہ کا افسوسناک انتقال

دو بچوں کی جان بچانے میں خود مستعد رہنے کی نذر

سودیشی کی تبلیغ کیلئے تمام ہندوستانیوں کی کوشش

ملکیں سرکردہ لیڈروں کا دورہ

جیل کے انہدام پر ٹریڈ سودیشی فساد

بیس اشخاص اور ایک سوسائٹی ہلاک

کانپور کے میڈیکل اسٹور میں آتشزدگی

پچاس ہزار کا نقصان

کاشتکاروں نے زمیندار کو قتل کردیا

امروہہ میں چونکا دینے والا واقعہ

محکمہ ڈاک کو حکومت کی ہدایت

خطوط اور پارسلوں کو روکنے کے اختیارات

بائیکاٹ کے نعرے اور لیڈروں کی تصاویر

دہلی ۱۶ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ محکمہ ڈاک میں ایک تازہ سرکلر شائع کیا گیا ہے جس کی رو سے یہ حکم دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے کہ جس خط، لفافہ یا پارسل وغیرہ پر گاندھی جی کی تصویر ہو اسے روک لیا جائے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ بالا حکم گذشتہ سول نافرمانی کی تحریک کے دوران میں بھی جاری کیا گیا تھا مگر گاندھی ارون سمجھوتہ کے بعد غالباً اپریل ۱۹۳۱ء میں خارج کر دیا گیا تھا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کے علاوہ سول نافرمانی سے تعلق رکھنے والے دیگر لیڈروں کی تصویروں کو بھی قابل اعتراض قرار دیا گیا ہے علاوہ بریں "برطانی مال کا بائیکاٹ کرو" "سودیشی اختیار کرو" اور دیگر تمام ایسے فقروں کو قابل اعتراض سمجھا جائے گا ۔۔۔

غیر ممالک میں ہندوستانیوں کی آبادی

برطانوی اور غیر برطانوی علاقہ کے اعداد و شمار

وفاق میں ایک ادنیٰ فیصدی کا مطالبہ

والیان ریاست کی کانفرنس کا فیصلہ

والیان ریاست کا آخری اجلاس

سرکاری اعلان کی توقع

خان عبدالغفار خاں کس جیل میں ہیں؟

شاہی قیدی کی حیثیت سے نظر بندی

ڈھاکہ کے قریب ریلوے ٹرین پر مسلح ڈاکہ

گارڈ پر گولی کے فائر ۔ ڈاکو ۲۳ ہزار روپیہ لے کر فرار ہو گئے

کلکتہ ۱۴ مئی ۔ کل سہ پہر کو تین بجے ۔۔۔ ریلوے پر ڈھاکہ کے قریب دو نوجوانوں نے جو تیسرے درجہ میں سفر کر رہے تھے گاڑی کی زنجیر کھینچی گاڑی فوراً رک گئی اس جگہ چھ مسلح نوجوان پہلے سے منتظر تھے۔ گارڈ نے گاڑی سے اتر کر واقعہ کا حال معلوم کرنا چاہا مگر باہر کھڑے ہوئے نوجوانوں نے گارڈ پر گولی چلا دی جس کے باعث اس کے گلے میں زخم آئے اس کے بعد انہوں نے چند اشخاص سے جو بھیرب سے نارائن گنج روپیہ لے جا رہے تھے روپے کے تھیلے چھین لئے بیان کیا جاتا ہے کہ ان تھیلیوں میں ۲۳ ہزار روپیہ تھا۔ یہ نوجوان تھیلیوں کو لے کر لاری میں بیٹھ گئے اور چلتے بنے لیکن ایک مقام پر جا کر لاری کے ٹائر میں پنکچر ہو گیا اور نوجوان کچھ روپیہ چھوڑ کر بھاگ گئے۔

ٹیلیگراف کے تار کاٹ دیئے۔ ریل کے ڈبہ کو آگ لگادی

آگرہ اور جھانسی کے درمیان تازہ شرارت

آگرہ ۱۶ مئی ۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹہ میں بعض نامعلوم اشخاص نے ضلع آگرہ میں ٹیلیگراف کے تار کاٹ دئیے۔ کھمبے اکھاڑ دئیے۔ بیفر کیبن میں آگ لگانے اور ریل گاڑیوں کو جلانے کی کوشش کی۔

آگرہ جھانسی کے حلقہ میں ۳۰ سرکاری اور ریلوے ٹیلیگراف تار کاٹے گئے۔ تار کے تین کھمبوں کو بالکل اکھاڑ دیا گیا کئی کھمبے توڑ دئیے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ حرکت صبح کے وقت کی گئی ہے۔

آگرہ جھانسی سے بریلی جانے والی ایک سکنڈ کلاس گاڑی کو کسی نے رات کے نو بجے آگ لگا دی۔ آگ جلد بجھا دی گئی لیکن سیٹیں جل کر خراب ہو گئیں۔ شہر میں کئی لیٹر بکسوں کے خطوط کو تیزاب وغیرہ سے جلانے کی کوشش کی گئی ہے۔

برطانی کابینہ کے ذریعہ فرقہ وارانہ مسائل کا تصفیہ

لوگوں سے ہڑتال منانے کی اپیل اور کانگریس پر نکتہ چینی

ویلفیئر آف انڈیا لیگ میں مولانا شوکت علی کی تقریر

شملہ کی کانفرنس میں کیا ہوگا؟

کانگریس اور حکومت میں مصالحت کا امکان

الہ آباد میں گولی کیوں چلائی گئی؟

کمشنر الہ آباد کی رپورٹ

آئرلینڈ کے ساتھ کوئی گفت و شنید نہیں ہوگی

دارالعوام میں مسٹر ٹامس کا بیان

برما میں قتل و غارتگری کا زور

برمیوں اور ہندوستانیوں میں جھڑپ

ہندوستان میں مسلح بغاوت

سوویٹ روس کا زبردست پروپیگنڈا

دارالعوام میں سر جان سائمن کا بیان

باغیوں اور پولیس میں جنگ

طرفین کے گولیوں کے فائر

ڈاکٹر کچلو کی گرفتاری اور رہائی

تمام خاندان پاگل ہوگیا!

شنگھائی سے جاپانی افواج کی واپسی

حکومت جاپان کا اعلان

روسی گورنمنٹ پر برطانیہ کا قرضہ

دارالعوام میں سوال و جواب

انگلستان کے بیروزگاروں میں اضافہ

سائمن کمیشن کی سفارشات پر آئین کی ترتیب

ڈیلی ایکسپریس کا بیان

لندن میں کانگریس کی شاخ کا دوبارہ احیاء

بنگال کے آرڈیننس واپس نہیں لئے جائیں گے

روم کی ایک قدیم خانقاہ منہدم کر دی گئی

۱۵۸ زمینداروں کی اراضی ضبط

ہندوستان سے لارڈ لوتھین کی توقعات

پارلیمنٹ اور کانگریس کے درمیان مرکز اتفاق

ہندوستان کے آئینی مستقبل پر تبصرہ

صوبہ بہار میں ایک مفید انجمن کا قیام

ضلع پشاور میں زائد پولیس کا تقرر

لیٹر بکس کے خطوط کو نکال کر رنگ بھر دیا

کریلا اور نیم چڑھا!
بھائی پرمانند کا تازہ ہذیان

ہندوؤں میں آریہ سماجیوں کی مذہبی ذہنیت متعدد وجوہ سے مسلمانوں میں تو ادیانیوں کی ذہنیت سے ملتی جلتی ہے۔ ہمیں کسی کے عقائد سے ذکر ہے نہ تعصب، لیکن اس واقعہ کے اظہار پر ہم مجبور ہیں کہ آریہ سماجی اور قادیانی دونوں کو ایک ناقابل علاج مذہبی جنون لاحق ہے جس نے نہ صرف یہ کہ خود ان دونوں فرقوں کے حق میں مضر ہے بلکہ ملک کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ یہ دونوں جماعتیں جب سیاسیات میں قدم رکھتی ہیں تو ان کے اکثر افراد حکومت کی پوجا شروع کر دیتے ہیں اور یہ محض اپنے مذہبی جنون کی وجہ سے جو انہیں اس وہم باطل میں مبتلا کر دیتا ہے کہ حکومت کی مدد سے ان کے عقائد زیادہ پھیل سکیں گے۔

بھائی پرمانند جی جب آریہ بنے تو کریلا تھے پھر فرقہ پرست بن کر نیم چڑھ گئے۔ آپ نے نام نہاد آل انڈیا ہندو یوتھس کانفرنس کی کراچی میں صدارت کرتے ہوئے جو خیالات ظاہر کئے ہیں وہ اس قابل ہیں کہ ہندو اور مسلمان دونوں ان پر غور کریں۔ یہ خیالات اگرچہ ہذیان سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے مگر ہندوؤں کے لئے ان میں یہ عبرت موجود ہے کہ ہمارا ملک کے لئے کس درجہ مضر جماعت ہے اور اس کی زندگی ملک کی زندگی کے لئے کس قدر خطرناک ہے۔ مسلمانوں کے لئے یہ عبرت ہے کہ کس طرح ہندوؤں اور مسلمان فرقہ پرستوں کی ذہنیت بالکل ایک ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے دونوں کا سرچشمہ ایک ہی ہے دونوں ایک ہی سانچے میں ڈھل کر نکلے ہیں اور دونوں کا مقصد بھی ایک ہی ہے یعنی وطن پروری کی مخالفت کی جائے، ہندوستان کی نجات روکی جائے موجودہ سیاسی نظام بحال رکھا جائے۔

بھائی پرمانند نے اپنے خطبہ صدارت میں جو کچھ کہا ہے جیسے وہی ہے جو مسلم کانفرنس والے کہتے ہیں۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ بھائی جی نے ہندوؤں کا رونا رویا ہے اور مسلم کانفرنس والے مسلمانوں کا رونا روتے ہیں مگر مطلب ایک ہی ہے یعنی ہندوستان کی غلامی بدستور باقی رکھی جائے۔

بھائی پرمانند نے کہا ہے:-

کانگریس ہندوؤں کی مخالف جماعت ہے اور کسی طرح ...

میں ہم آہنگ ہیں، موجودہ سیاسی نظام پر برابر کے عاشق ہیں۔

ہمیں بھائی پرمانند وغیرہ فرقہ پرستوں پر اتنا تعجب نہیں ہے جتنا ان لوگوں پر ہے جو ان حضرات سے عقیدت رکھتے اور ان کے پیچھے چلتے ہیں۔ بھائی پرمانند وغیرہ کی حیلہ ذاتی مصلحتوں کا تقاضا یہی ہے کہ وہ فرقہ پرست بنے رہیں اور ملک کو فرقہ پرستی کی مصیبتوں میں مبتلا رکھنے کی کوششیں کرتے رہیں۔ البتہ عام لوگوں کی عقل پر تعجب آتا ہے جو ان خود غرض درباری سیاسی بازیگروں کے پیچھے اندھوں کی طرح چل رہے ہیں اور در انہیں سیدھے کی ہلاکت کے غاروں میں گرنے کے لئے دوڑے جا رہے ہیں۔

ایک موٹی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ ہندوستان کی سیاسی نجات ہی میں سب کا فائدہ ہے ہندوؤں کا بھی، مسلمانوں کا بھی، سکھوں کا بھی، ہر مرد کا اور ہر عورت کا بھی۔ لیکن اتنی صاف وسیدھی بات بھلا بہت لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتی اور وہ آنکھیں بند کئے ہوئے چند خود غرضوں کی ذاتی مصلحتوں پر اپنے آپ کو اپنی آیندہ نسلوں کو قربان کر رہے ہیں۔

آیندہ زمانے میں جب ہندوستان کی تاریخ لکھی جائے گی، تو مورخ یہ واقعہ دیکھ کر حیران رہ جائے گا کہ محض مٹھی بھر خود غرض لوگوں نے پورے ہندوستان کو کس طرح مدتوں بربادی میں مبتلا رکھا اور وہ حقیقت دیکھنے نہ دی جو سورج سے بھی زیادہ روشن تھی۔

ہم تمام ہندوؤں اور تمام مسلمانوں کو خدا ان کے ذاتی مفاد اور ان کی آیندہ نسلوں کے مفاد کا واسطہ دیکر کہتے ہیں کہ خدا را آنکھیں کھولو اور دیکھو تم کس بیدردی کے ساتھ ذبح کئے جا رہے ہو گنتی کے چند آدمی محض اپنی خواہشوں پر بھینٹ چڑھا رہے ہیں اور تم پوری غفلت وحماقت کے ساتھ اپنے آپ کو ان کے ہاتھوں میں رکھے ہوئے ہو!

فرقہ پرستی کی لعنت ختم ہونی چاہئے اگر یہ لعنت ختم ہونے والی نہیں ہے تو پھر ہندوستان کی نجات سے بھی ہمیشہ کے لئے نا امید ہو جانا چاہئے آخر خدا را کب تک کہ اپنے سروں پر کب تک جھٹائے رہوگے؟ بھائی پرمانند جیسے لوگوں کو ہندوستان کی چھاتی پر کب تک مونگ دلنے دوگے؟

کیا وطن پرور کی کسی ملی ہندو اخباروں کا اب بھی یہ فرض نہیں ہے کہ بھائی پرمانند اور ان کے ہم مشربوں کی سرزنش کریں اور انہیں اس قدر سوا کرڈالیں کہ کوئی ہندو ان پر بھروسہ نہ کرے؟ اگر ہند و اخبار ایسا نہیں کرسکتے تو ان کا وطن پروری کا دعویٰ جھوٹا ہے اور بھائی پرمانند کی طرح وہ بھی غداری کے مجرم ہیں!

(ہند جدید)

میرپور میں فوجیں بدستور متعین رہیں گی
کشمیر میں گرفتاریاں

جمعیتہ مقننہ کا آئندہ اجلاس
سوالات اور مسودات قانون

شملہ ۱۰ مئی۔ غالباً جمعیتہ مقننہ کا اجلاس اخیر اگست میں شروع ہوگا کئی سرکاری اور غیر سرکاری مسودات قانون پیش ہونے والے ہیں۔ بعض کثیر مسودات کے منتشر ہو جانے کی وجہ سے فہرست سے خارج ہو گئے۔ یہ مسودات غیر سرکاری حسب ذیل ہیں۔

(۱) مسودہ قانون اشتعال انگیزی جو دزیر داخلہ نے ۱۵ جنوری ۱۹۳۲ء کو پیش کیا تھا۔

(۲) جعلی سکوں کا مسودہ قانون اسے سر جارج شوسٹر ۱۵ جنوری ۱۹۳۱ء کو پیش کریں گے ہر کمیٹی مجلس منتخبہ نے کوئی ترقی نہیں کی اور وہ فہرست سے خارج ہو گئے۔

دوسرے غیر سرکاری مسودات قانون حسب ذیل ہیں۔

دو مسودہ مویشی کی حفاظت کے لئے ہیں ایک ... کی سفارش کی گئی ہے اور دوسرے دو میں قانون تعزیرات ضابطہ فوجداری میں ترمیمیں پیش کی گئی ہیں اور ایک قرارداد میں بنگال ریگولیشن کی تنسیخ پر زور دیا جائیگا اور ایک پولیس کے تحفظ کے متعلق ہوگا حجاج کے متعلق جن مسودات انتخابات میں ... ہیں وہ بھی اسی اجلاس میں پیش ہوں گے۔ ان منتخبہ کمیٹیوں کے جلسے اسی مہینے کے آخر میں پیش ہونے والے ہیں پہلا اجلاس ۳۰ مئی سے ہوگا خیال ہے کہ ان ... کو سیاں سر فضل حسین کی موجودگی ہی میں منظور کرا لیا جائے۔

سوالات کے متعلق بھی معلوم ہوا ہے اراکین نے بھیجنے شروع کر دیے ہیں۔ ... تار کے محکمے کی ملازمین کے متعلق مسٹر ظہیر علی (لکھنوی) نے کئی سوال بھیجے ہیں بابو گیا پرشاد سنگھ اور مسٹر ... نے بھی متعدد سوالات کا نوٹس دیا ہے جن میں مالوی جی کے بری تار اور سنٹرل بینکنگ انکوائری کمیٹی کے متعلق سوالات بھی ہیں۔

چودھری ظفراللہ خاں اور مشاورتی کمیٹی سے تعاون
کارروائی میں حصہ لینے اور نہ لینے کا مسئلہ

گول میز کانفرنس کی مشاورتی کمیٹی کی کارروائی میں ہے کہ اجلاس کے لئے سہو مئی مقرر ہے حصہ لینے اور نہ لینے کے متعلق چودھری ظفراللہ خاں صاحب رکن کمیٹی نے ایک بیان اخبارات کو دیا ہے اس سے پہلے چودھری صاحب یا چودہ اس کے کر مسلمانوں کی بہت بڑی جماعت اس بات کی طلبگار تھی کہ جب تک مسلمانوں کے حقوق کا اطمینان بخش تصفیہ نہ ہو جائے وہ گول میز کانفرنس کی کسی کمیٹی میں شریک نہ ہوں ...

عیسائی ہونے کا ارادہ ظاہر کیا اور کہا کہ میں ... (تارک الدنیا) بن کر زندگی بسر کرنا چاہتی ہوں۔ یہ لڑکی بی۔ اے میں تعلیم حاصل کرتی ہے۔ لڑکی کے اعزہ نے اس خیال سے اسے اسکول جانے سے روک دیا ہے۔ لڑکی کی عمر اس وقت ۲۰ سال کے قریب اور معزز ہندو گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔ ہندو حلقوں میں اس خبر پر بہت اضطراب کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

اس سلسلے میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ایک مسلمان لڑکی کو بھی اسی طرح دغا کے عیسائیت کے جال میں پھنسایا جا رہا ہے اور اس میں انہیں کامیابی کی بہت توقع ہے۔

عیسائیوں کی اس درسگاہ کے متعلق وقتاً فوقتاً اسی قسم کی شکایات سننے میں آئی ہیں دس سال پیشتر کا ذکر ہے کہ اس جماعت کی سرگرمیاں اس حد تک تجاوز کر گئی تھیں کہ مجبوراً والدین نے اپنی لڑکیوں کو اسکول مذکور میں تعلیم حاصل کرنے سے بند کر دیا تین سال پیشتر بھی اسی قسم کا واقعہ پیش آیا لیکن درسگاہ کے منتظمین نے ہر بار معذرت پیش کی اور آئندہ یقین دلایا کہ اس قسم کے واقعات کا اعادہ نہیں ہوگا لیکن اب پھر یہی سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔

تحریک یوم النبی کی تائید میں
مجاہد اعظم امیر سعید الجزائری کا مکتوب

مجاہد اعظم حضرت امیر سعید الجزائری (خفیہ) مجاہد اکبر حضرت امیر عبدالقادر الجزائری کو لکھا گیا تھا کہ آپ بلاد اسلامیہ میں تحریک یوم النبی کی امداد واعانت فرمائیں آج ہوائی ڈاک سے حضرت امیر کا ایک مکتوب موصول ہوا ہے جس میں ممدوح نے اب تک کے کام کی بے حد تعریف فرمائی ہے اور نہایت ہی گرمجوشی سے اپنی اور تمام دنیائے اسلام کی امداد واعانت کا یقین دلایا ہے حضرت امیر امت کی دینی اصلاح اور اتحاد اسلامی کی تکمیل کے لئے جس کا سلسلہ بیت المقدس کی مؤتمر اسلامی سے شروع ہوا ہے، دنیائے اسلام کے اکابر سے ملکر مشورہ فرمانا چاہتے ہیں، آپ اس وقت اکابر مصر سے تبادلہ خیالات فرما رہے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ اپنی سب سے پہلی فرصت میں ہندوستان تشریف لائیں گے اور یہاں کے اکابر امت سے تبادلہ خیالات فرمائیں گے۔

(عبدالمجید قرشی، پٹی، ضلع لاہور)

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

مشنری اسکولوں کی ناپاک سرگرمیاں

اب محرم میں کیا ہوگا؟

دو صد روپے ماہوار کمانے کا واحد ذریعہ
دلربا
منیجر رسالہ دلربا پریم گلی لاہور

محبوب عاشق کے قدموں پر

مقویات سرتاج عالم

مولانا ابوالکلام صاحب آزاد کی معرکتہ الآرا تصنیف
مسلمانوں کی قومی زندگی وسعادت کا سرچشمہ
منیجر ترجمان قرآن نمبر۸ دریا گنج دھلی

جمعیتہ الانصار بہپانی کا سالانہ اجلاس
ہاتھ کے بنے ہوئے کپڑوں کے استعمال کی تجویز

جمعیتہ الانصار بہپانی کا پانچواں سالانہ جلسہ تاریخ ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۴ و ۵ و ۶ مئی ۱۹۳۲ء قرار پایا تھا مختلف علمائے کرام ولیڈران قوم مدعو کئے گئے تھے جن میں سے جناب مولانا عبدالکریم صاحب سیناپوری جناب حافظ عبداللہ صاحب سیناپوری وجناب مولانا علی حسن صاحب عاصم بہاری و جناب مولوی مشتاق حسین صاحب بی۔اے۔ ایل ایل۔بی وجناب منشی کریم بخش ابو العطا صاحب وجناب منشی وجیہ الدین صاحب سکرٹری جمعیتہ الانصار شاہجہانپور تشریف لائے جلسہ کا انتظام حسب سابق محلہ لوہانی کے وسیع میدان میں کیا گیا اور جلسہ گاہ کو حسب ترتیب بجا طرح آراستہ بھی کیا گیا گیٹ پر دونوں جانب اسلامی جھنڈے لہرا رہے تھے جو کہ ہر گذرنے والے پر خاص اثر ڈالتے تھے۔

۴ مئی ۱۹۳۲ء کو بعد نماز عشاء جلسہ بصدارت جناب مولوی ممتاز احمد صاحب شروع ہوا اول جناب قاری حبیب اللہ صاحب نے ایک سورت کلام مجید کی تلاوت فرمائی اس کے بعد محمد سعید و عبدالرزاق سلمہم نے قومی نظمیں پڑھیں جس سے سامعین نہایت محظوظ ہوئے۔ بعد ازاں مولانا عبدالکریم صاحب نے مساوات اسلام پر پرجوش تقریر فرمائی نیز قومی نشر واشاعت کرنے والوں کو ہر مصیبت وسختی پیش آنے پر صبر ونرمی اور مستقل مزاجی کی تلقین کرکے اپنا کام برابر جاری رکھنے کی تاکید فرمائی۔

۵ مئی ۱۹۳۲ء یوم پنجشنبہ کو بصدارت جناب مولانا حکیم عبدالحمید صاحب امام جامع مسجد بہپانی و مدرس مدرسہ اسلامیہ بہپانی شروع ہوا۔ اول چند طلبہ نے قرآن مجید کی کچھ سورتیں تلاوت کیں بعدہٗ مذکورہ بالا بچوں نے قومی نظمیں پڑھیں جس سے سامعین پر ایک خاص اثر طاری ہو گیا بعدہٗ مولانا عبدالکریم صاحب نے مساوات اسلام اور انسداد رسوم قبیحہ پر تقریر فرمائی بعدہٗ جناب مولانا علی حسین صاحب عاصم بہاری نے اتحاد واتفاق پر زور دیتے ہوئے قومی تنظیم پر ایک جامع ومبسوط تقریر فرمائی اور صنعت وحرفت کے متعلق آلات جدیدہ سے کام لینے کی ہدایت فرمائی خصوصاً مولانا نے صنعت وحرفت کے ہر ہر شعبہ پر کافی روشنی ڈالتے ہوئے تمام سامعین کو اپنے اپنے فن میں کمال حاصل کرنے کی تاکید فرمائی۔

۵ مئی ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد بہپانی میں جلسہ شروع ہوا جناب مولانا علی حسین صاحب عاصم نے مسلمانوں کی موجودہ حالت پر روشنی ڈالتے ہوئے بیان فرمایا کہ آج کل عام طور پر مسلمانوں میں قوت عملی مفقود ہو گئی ہے اور دنیا میں اصل چیز عمل ہے جس کے نہ ہونے سے آج مسلمانان عالم عموماً اور مسلمانان ہندوستان خصوصاً ادبار وافلاس میں گرتے چلے جا رہے ہیں۔

۵ مئی ۱۹۳۲ء کو بعد نماز عشاء زیر صدارت جناب مولوی مشتاق حسین صاحب بی۔اے۔ ایل ایل۔بی شروع ہوا اول جناب قاری حبیب اللہ صاحب نے قرآن مجید کی ایک سورت تلاوت فرمائی بعد ازاں محمد سعید وعبدالرزاق وغیرہ سلمہم نے یکے بعد دیگرے قومی نظمیں پڑھیں جس سے سامعین پر خاص اثر ہوا بعدہٗ جناب صدر نے اتحاد واتفاق پر ایک مختصر مگر جامع تقریر فرمائی اس کے بعد جناب منشی وجیہ الدین صاحب شاہجہانپوری نے مختصر تقریر کے بعد تجویز پیش کی جس کی تائید جناب مولانا عبدالحمید صاحب نے فرمائی اور جو باتفاق جلسہ پاس ہوئی۔

پھر جناب منشی کریم بخش ابو العطاء صاحب نے مختصر تقریر کے بعد تجویز پیش کی جس کی تائید جناب مولوی ممتاز احمد صاحب نے فرمائی اور جو باتفاق حاضرین جلسہ پاس ہو گئی۔ اس کے بعد جناب مولانا عبدالکریم صاحب نے آیۂ کریمہ ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم پر زبردست تقریر فرمانے کے بعد آل انڈیا مومن کانفرنس دہلی کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے اور خانہ پر ایک دردناک نظم سنائی جس سے سامعین پر رقت طاری ہو گئی بعدہٗ جناب مولانا علی حسین صاحب نے انسداد رسوم قبیحہ اور امارت پر ایک مدلل ومکمل تقریر کرنے کے بعد آل انڈیا مومن کانفرنس دہلی کی تجاویز پر عمل پیرا ہونے کے لئے حاضرین جلسہ کو ہدایت فرمائی جناب منشی کریم بخش صاحب نے مختصر تقریر پر نہایت دردناک لہجہ میں کی۔

اجلاس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں:-

۱۔ جمعیتہ الانصار بہپانی کا پانچواں سالانہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ آیندہ سے جمعیتہ کے لئے مستقل امداد کا بندوبست مقامی حضرات کے مشورہ سے کیا جائے تاکہ جمعیتہ کی مالی حالت درست ہو۔

۲۔ جمعیتہ الانصار بہپانی کا پانچواں سالانہ جلسہ آل انڈیا مومن کانفرنس ...

تحریک یوم النبی کا مبلغ بلاد اسلامیہ
مولانا احسان سامی حقی کا عزم افغانستان

ایک عرصہ سے یہ ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ دنیائے اسلام میں تحریک یوم النبی کی تبلیغ اور ترجمانی کے لئے ایک خاص سفیر روانہ کیا جائے الحمدللہ کہ مولانا احسان سامی حقی پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے جو شام کے ذی شرف اساتذہ میں سے ہیں، اور ایک عرصہ سے تحریک یوم النبی کے مضامین کو عربی زبان میں شائع فرما رہے تھے، اس خدمت جلیلہ کو بطیب خاطر قبول فرما لیا ہے آپ ۲۷ فروری کو دہلی تشریف لائے اور اسی دن افغانستان کی طرف روانہ ہو گئے آپ افغانستان، ایران، اور ٹرکی سے ہوتے ہوئے شام پہنچیں گے اور پھر وہاں قلیل عرصہ قیام فرمانے کے بعد فلسطین اور مصر میں تشریف لے جائیں گے۔ مولانا کی مسند سفارت اسلامی ممالک کے عربی اخبارات کو برغرض اشاعت بھیج دی گئی ہے برادران ملت دعا فرمائیں کہ خداوند پاک مولانا کو اپنے مقصد میں کامیابی عطا فرمائے۔

عبدالمجید قرشی، پٹی، ضلع لاہور

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اعلان
طبیہ کالج دھلی

طلبہ وطالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک ویونانی طبی کالج قرول باغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئے۔ ہمارا اپنا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دھلی

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب فروخت طلب ہیں

سفید بال سات دن میں جڑسے کالا

جوتش کا چمتکار
جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب
پنڈت جوتش کار یالا لاہور

معجون مددگار غدود

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے
نپٹ بہرا پن
کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو پی)

زندگی کی کشمکش میں آپ مصروف ہوں!
ہائے درد
امرت دھارا لاہور

قومی خیالات کا ترجمان اور قومی مفاد کا علمبردار
اخبار قومی گزٹ دھلی
لیکن انتظامات کی ترقی کے بعد
المشتھر منیجر قومی گزٹ گلی قاسم جان دھلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

روزنامہ سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

نرخ اشتہارات: ایک صفحہ ۔۔۔ نصف صفحہ ۔۔۔ ایک کالم ۔۔۔ ½ کالم ۔۔۔ ¼ کالم ۔۔۔

جلد ۱۵ | دہلی ۔ یوم سہ شنبہ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۶

معاصرین کے افکار و آراء

آخر کار جرمنی نے کروٹ لی! (دہلی)

برلن کی ایک تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ جرمن چانسلر نے اپنی پارلیمنٹ میں پوری صفائی سے اعلان کر دیا ہے کہ جرمنی اپنی موجودہ جنگی بے بسی پر صبر نہیں کر سکتا۔ اس کی ہتھیار بندی کے خلاف جو پابندیاں عاید کی گئی ہیں، وہ انہیں توڑ دینے کا فیصلہ کر چکا ہے اور وہ بھی دوسری قوموں کی طرح اپنی جنگی قوت بڑھائے گا جنہوں نے پچھلی جنگ سے پہلے کی تیاریوں سے بھی زیادہ جنگی تیاریاں کر لی ہیں!

یہ جرمن چانسلر کے اعلان کا خلاصہ ہے۔ اس حد درجہ اہم اعلان کا دوسرے لفظوں میں مطلب یہ ہے کہ جرمنی نے معاہدہ ورسیلز پھاڑ ڈالنے کا عزم کر لیا ہے اور اس طرح انگلستان، فرانس، امریکہ، اٹلی اور ان کے اتحادیوں کے متفقہ فیصلہ کے خلاف بغاوت کر دی ہے۔

کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ مذکورہ بالا سلطنتیں جرمنی کی اس "بغاوت" کا کیا جواب دیں گی؟ لیکن موجودہ بین الاقوامی سیاست کو مدنظر رکھتے ہوئے خیال پیدا ہوتا ہے کہ فرانس کے سوا کسی دوسری حکومت کی طرف سے سنجیدہ مخالفت نہیں ہوگی۔ اس وقت بین الاقوامی صورت حال یہ ہے کہ فرانس نے یورپ میں سب سے زیادہ قوت و اہمیت حاصل کر لی ہے اور برطانیہ و اٹلی اس پر سخت حسد کر رہے ہیں۔ برطانیہ اور فرانس کی رقابت بہت قدیم ہے اور ہنوز جاری ہے۔ اٹلی کو فرانس سے اس لئے پرخاش ہے کہ وہ لیبیا فرانس، افریقہ کے شمالی ساحل پر چھا گیا ہے اور اٹلی کو طرابلس کے سوا کوئی علاقہ نہیں ملا۔ اٹلی پچھلی جنگ کے بعد سے ٹیونس پر دانت لگائے ہوئے ہے اور اسے فرانس سے چھین لینا چاہتا ہے۔ درحقیقت ٹیونس کی موجودہ حیثیت بھی اس لحاظ سے ایک اٹالین نو آبادی کی سی ہے کہ وہاں اٹالین باشندوں کی بہت بڑی تعداد موجود ہے۔ لہٰذا اٹلی کی زبردست خواہش ہے کہ کسی طرح اس پر قبضہ کر لے۔

فرانس سے اٹلی اور برطانیہ کی اسی رقابت سے فائدہ اٹھا کر اب جرمنی نے بغاوت کی ٹھان لی ہے اور قوی امید ہے کہ وہ اپنی اس بغاوت میں کامیاب ہو جائے گا۔ کیونکہ یہ بعید ہے کہ تنہا فرانس اس سے جنگ کرنے کی ہمت کرے۔ اس تفصیل سے واضح ہوتا ہے کہ یورپ کی صورت حال خطرناک ہے اور عالمگیر جنگ کا اندیشہ بہت دور نہیں ہے۔ ہم جنگ و خونریزی سے طبعاً متنفر ہیں، لیکن اگر یہ جنگ واقع ہوئی تو ہمارے خیال میں مشرقی دنیا کے لئے بہت مفید ثابت ہوگی۔

صوبوں کی خود مختاری اور مسلمانوں کے حقوق (ملت)

سوال یہ ہے کہ فرقہ وارانہ مسئلہ کا تصفیہ کیسے ہوگا اور کیا ہوگا؟ اس وقت تک ہمارے رہنماؤں نے جنہوں نے کامل حسن ظن کے ساتھ حکومت کا ساتھ دیا ہے کیا ان کے اس حسن ظن کا کوئی نتیجہ نکلا؟ اور کیا حالات کی روش کو دیکھتے ہوئے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ حکومت مسلمانوں کے جائز مطالبات کو منظور کرے گی اور فرقہ وارانہ ہندوؤں کی بہت بڑی جماعت کی مخالفت کا مقابلہ قبول کرے گی؟ اس وقت اس مسئلہ کے تصفیہ کی جو صورت در پیش ہے وہ صرف یہ ہے کہ حکومت کو حکم بنایا جا رہا ہے اور اسے کل اختیارات دئے جا رہے ہیں کہ وہ جس طرح چاہے اسے طے کر دے۔ ظاہر ہے یہ فیصلہ زیادہ تر حالات اور واقعات پر مبنی ہوگا، اور یہ یقین نہیں کیا جا سکتا کہ مسلمانوں کے مطالبات جنہیں ڈاکٹر مونجے اور ان کی جماعت اب تک قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے تسلیم کر لئے جائیں گے۔ ایسی صورت میں یقیناً مسلمانوں کو اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ ان کا طرز عمل کیا ہو اور وہ کونسا طریقہ اختیار کریں کہ ان کے مطالبات تمام و کمال پورے ہوں اور ان میں اگر کوئی کمی و بیشی بھی ہو تو وہ ان کی رضامندی اور مرضی کے مطابق ہو یہ نہیں کہ دوسروں کو خوش کرنے کے لئے جس حصے کو چاہا حذف کر دیا اور جس حصے کو چاہا بدل دیا!

بہرحال ایسی حالت میں جبکہ گاندھی جی سے حکومت کی گفتگو شروع ہو اور صوبوں کی خود مختاری کی بنیاد پر معاملہ طے ہونے لگے مسلمانوں کو اپنے حقوق کے تحفظ کے متعلق غور کرنا پڑے گا خصوصاً ان حضرات کے فرائض ان حالات میں زیادہ ...

(... بڑھ جائیں گے جو فرقہ وارانہ حقوق کی حفاظت کے مدعی اور دعویدار ہیں۔ مسلمان منتظر ہیں کہ یہ حضرات کیا کرتے ہیں اور آیا اس بارے میں حکومت سے کسی جدوجہد کے لئے آمادہ ہوتے ہیں یا بس اس کی ہاں میں ہاں ملانے لگتے ہیں!)

مسلمان بننے کی راہ (معارف)

جس وقت عرب کے ملک میں اسلامی قومیت کی تعمیر ہو رہی تھی اس کے داہنے اور بائیں دو اور قومیتیں موجود تھیں، ایک طرف ایرانی نسل کی قومیت اور دوسری طرف رومی شہنشاہی وطنیت، مگر عرب کی نئی قومیت کے خلاق نے نہ اِدھر دیکھا اور نہ اُدھر کہ ان دونوں کی کمزوریاں آشکارا تھیں، بلکہ وہ اپنے حلقے ایک تیسری قومیت کا مسالہ تیار کرتا رہا، اور بالآخر ایک نئی قوم بنا کر کھڑی کر دی جس نے آن کے آن میں دونوں گذشتہ قومیتوں کو تہ و بالا کر کے ان کو اپنے میں مدغم کر دینے پر مجبور کر دیا۔

مسلمان اگر آج مسلمان ہیں تو اس نکتہ پر غور کریں کہ محمد رسول اللہ صلعم نے اپنی نئی قومیت کی تعمیر کے وقت یہ نہیں کہا کہ اے مسلمانو! تم ایرانیوں کی طرح بنو تاکہ تو درفش کاویانی ہمیشہ تمہارے سروں پر لہرانے لگے، یا اے مسلمانو! تم رومیوں کی طرح بنو تاکہ قیصر کے تخت پر تم کو بیٹھنا نصیب ہو، بلکہ جب کہا یہی کہا، یا ایھا الذین آمنوا آمنوا اے ایمان والو! ایمان والے بنو! یعنی اے بے مثال قوم والو! اپنی مثال آپ بن جاؤ۔

پھر یہ کیا بدبختی ہے کہ آج مسلمانوں کے نزدیک ان کے مسلمان بننے کی صرف دو راہیں ہیں، کچھ کے نزدیک یہ کہ تمام مسلمان یکلخت فرنگی بن جائیں، اور بعضوں کے نزدیک یہ کہ وہ ہندی بن جائیں، اور مسلمان بننا اب مسلمان بننے کے لئے ضروری نہیں رہا تو خدارا بتاؤ کہ یہ پوری قوم کی قوم کو ایک دوسری قوم میں مدغم ہو جانے کی صریح دعوت ہے یا نہیں؟

دیوانگان رسم و رواج کے نام (تاج)

یہ مانا صرف محرم میں بے حساب ہوا
نہ قرض لینے سے بھی تم کو اجتناب ہوا
مگر نتیجۂ اسراف پر تو غور کرو
اُنہیں ثواب نہ پہونچا تمہیں عذاب ہوا

شرمناک ذہنیت (اجمل)

ہندوستان کی قومی زندگی کے حق میں جن لوگوں کا وجود ایک مستقل خطرہ ہے اور جو وطنی اتحاد کی راہ میں سنگ گراں بنے ہوئے ہیں، یعنی فرقہ ہندوؤں کی جماعت ان میں بھائی پرمانند کو ایک امتیاز خصوصی حاصل ہے۔ بہت کم ایسی ہستیاں اس بدنصیب ملک میں ہوں گی جنہوں نے ملکی مفاد کو اتنا زبردست نقصان پہنچایا ہو جتنا بھائی پرمانند کی ذات سے پہنچا ہے۔ حال ہی میں آپ نے کراچی میں ایک نام نہاد آل انڈیا ہندو یوتھ کانفرنس کی صدارت کی۔ اس موقع پر جو خطبہ ارشاد فرمایا ہے وہ آپ کی گندہ ذہنیت کا مرقع پیش کرتا ہے۔ اس خطبے میں بھائی پرمانند نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان کی حیثیت ہذیان اور بکواس سے زیادہ نہیں ہے۔ اور نہ ان کی نام نہاد کانفرنس کو ہندوستان کے ہندو نوجوانوں کی نمائندگی کا حق حاصل ہے۔ پھر بھی انہوں نے اس موقع پر جو بکواس کی ہے اس پر ہندو اور مسلمان دونوں کو غور کرنا چاہئے۔ اس تقریر پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ بھائی پرمانند نے تقریباً انہی خیالات کا اظہار کیا ہے جن کا ہر جماعت کے فرقہ پرست اظہار کرتے ہیں۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از اداری)

ہر مسلمان سے اسلام کا صرف ایک مطالبہ!
قتل گاہ میں اسلام کے دو فرزندوں کا استقلال
فنائی الرسول کا بلند ترین مقام

پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم میں کچھ ایسا تاثیر تھی کہ جس شخص نے بھی اس کا ایک جرعہ نوش کر لیا اس میں برقی و رعد کی خاصیت پیدا ہو گئی، اور وہ زندگی و موت کے فلسفہ کو آن کی آن میں سمجھ گیا۔ خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کو جو جماعت اللہ تعالیٰ نے دی وہ باوجود مفلوک الحال اور بے سر و سامانی کے ایک ایسی فولادی جماعت تھی کہ جو اس سے ٹکرایا پاش پاش ہو گیا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اپنے عقائد میں فولاد اور کوہ ہمالیہ کی طرح مضبوط تھے ...

دشمنان اسلام کی شرارت

ذیل میں ایک واقعہ درج کیا جاتا ہے جس سے ثابت ہوگا کہ صحابہ کرام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کس درجہ عقیدت و محبت تھی اور اسلام کی خاطر وہ کس طرح جان پر کھیل جاتے تھے۔ عضل اور قارہ دو مشہور قبیلوں کے چند آدمی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور ذیل کی گفتگو کی۔

نو وارد۔ یا رسول اللہ! ہمارے قبیلہ نے اسلام قبول کر لیا ہے مگر چونکہ وہ جاہل اور اسلام کی تعلیم سے ناآشنا ہیں اس لئے آپ چند لوگوں کو ہمارے پاس بھیجئے تاکہ ان کو اسلام کے احکام اور عقائد سکھائیں۔

آنحضرت۔ تمہارا یہ خیال بہت مبارک ہے۔ بے شک اسلام قبول کرنے والوں کیلئے نہایت ضروری ہے کہ ان کو اسلام کی تعلیم دی جائے تاکہ وہ اسلام کو سمجھ کر عمل کریں کیونکہ اسلام عمل کا نام ہے اور عمل اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسلام کی صحیح تعلیم کا علم نہ ہو۔ اچھا دس آدمی تمہارے ہمراہ کئے جاتے ہیں وہ تم کو اور تمہارے قبیلے کے لوگوں کو اسلام کے احکام اور عقائد سکھا دیں گے۔

چنانچہ پیغمبر برحق نے عاصم بن ثابت کی قیادت میں دس اشخاص تبلیغ اسلام کے ساتھ کر دئے۔ جب یہ لوگ عسفان اور مکہ مکرمہ کے وسط میں مقام رجیع پر پہونچے ... بنو لحیان نے دو سو آدمی لیکر ان کا تعاقب کیا ... شہادت نوش کیا۔ دس آدمیوں میں سے آٹھ آدمی یہیں کام آ گئے باقی دو صحابی خبیب اور زید ... ان کو حارث کے لڑکوں نے خرید لیا تاکہ اپنے باپ کے بدلے میں ان کو قتل کریں ...

(... قتل کر دو تاکہ یا مسلمان ہرگز ایسا بزدل نہیں ہو سکتا کہ وہ انتقام میں ایک معصوم بچے کی جان لے" یہ کہکر حضرت خبیب نے چھری پھینک دی۔)

عاشق رسول قتل گاہ میں

اس کے بعد خاندان حارث نے اپنے باپ کا بدلہ لینے کے لئے حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حرم شریف کے باہر قتل کرنا چاہا تو آپ نے فرمایا کہ مجھے صرف دو رکعت نماز پڑھنے کی اجازت دیدو۔ چنانچہ اجازت ملنے پر آپ نماز میں مشغول ہو گئے ... نماز ختم کی اور یہ اشعار پڑھے۔

ولست ابالی حین اقتل مسلماً
علی ای شق کان للہ مصرعی

جبکہ میں اسلام کی خاطر قتل کیا جا رہا ہوں تو مجھے اس کی مطلق پرواہ نہیں کہ کس طرح قتل کیا جاؤں گا۔

وذالک فی ذات الالہ وان یشاء
یبارک علی اوصال شلو ممزع

فنائی الرسول کا برتر مقام

حضرت خبیب کے دوسرے ساتھی حضرت زید کو بھی صفوان نے قتل کے ارادے سے خریدا تھا ... جب ان کے قتل کا وقت آیا تو تمام سرداران قریش اس تماشہ کو دیکھنے کے لئے جمع ہوئے ان تماشائیوں میں ابو سفیان بھی تھا ... ابو سفیان نے کہا

ابو سفیان۔ اگر اس وقت تمہارے بدلے میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) قتل کئے جاتے تو تم بہت خوش ہوتے کہ اچھا ہوا میری جان بچی، بولو کیا تم پسند کرتے ہو کہ تمہاری جگہ محمد (صلعم) کو قتل کیا جائے؟

حضرت زید۔ خدا تم کو ہدایت دے۔ تم نہیں جانتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے تعلقات کیسے ہیں اور ہم ان کو کیا سمجھتے ہیں؟ خدا کی قسم اگر تم اس بات پر میری جان بخشی کرو ... تو میں ہرگز ہرگز اس کو گوارا نہیں کروں گا ... غلام فضا اس نے آپ کی گردن ماردی۔

بجرم عشق توام میکشند غوغائیست
تو نیز بر سر بام آکہ خوش تماشائیست

اللہ اکبر! اس پیغمبر کی قوت قدسی کا کیا کہنا جس نے چند روز میں ایسے پاک نفوس پیدا کر دئے ... جو حضرت مسیح علیہ السلام کو ان کے حواریوں ... محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کا نقشہ ہی کچھ اور ہے! خدائے تعالیٰ ہر مسلمان کو توفیق دے کہ وہ فنا فی الرسول ...

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین، لنگی، رومال (پشاوری مشہدی)، بیز ڈائم، کلاہ، پنکھے، چپلیاں، نسوار، سرکہ انگوری، چار سبز اصلی میوہ، خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ مؤخر الذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے۔ قبض کشا اور دافع اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

حلفیہ بیان

کا مطلب نامردی کے مایوس بیماروں کو ان مطلب پرست حکمت سے ناآشنا پیٹ کے مجبور فرضی حکماء سے نجات دلانا ہے ... اکسیر سے نامردی، جریان، سرعت انزال کو ہفتہ عشرہ میں نابود کر دینے کا دعویٰ کرتے ہیں ...
دو ٹکٹ برائے جواب کے لئے آنا چاہئیں۔ فقط

المشتہر ضرغام اللہ خاں سابق تحصیلدار ریاست نابھا، لال کرتی راولپنڈی چھاؤنی

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

شربت فولاد

... کمزوری کو دور کر کے ... خون صالح پیدا کرتا ہے ... قیمت فی شیشی ... مکمل فہرست مفت منگا لیجئے۔

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال جاہ دہلی

اکسیر جذام

... جذام ... کو ... دور کرتی ہے ...

بواسیر و ذیابیطس

حافظ اقبال حسین بھٹیا بیہی بھاگلپور

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر دوا فروش عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں۔ اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدر آبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول انتہائی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں ... ہندوستان کے نامور بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ ہر دار کے پاس موجود ہونا ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلۂ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے۔ مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے۔ ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا اب صرف تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں ان نسخوں کو جلدی لیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے ترجمہ اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر، زبر، پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو یہی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد، مجلد پارچہ عہ، مجلد چرم نقرہ عہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خاشدہ ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۵۱ہجری

بمبئی کا ہندو مسلم فساد
وحشت و بربریت کے شرمناک مظاہرے

بمبئی کے ہولناک فسادات کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ اگرچہ آخری اطلاعات یہ آئی ہیں کہ صورت حال پر قابو پا لیا گیا ہے اور اب شہر کے مختلف حصوں میں نسبتاً زیادہ پرسکون فضا پیدا ہو گئی ہے مگر ابھی تک مکمل امن و امان قائم نہیں ہوا ہے اور قتل و غارت کے واقعات برابر پیش آ رہے ہیں۔ سرکاری تخمینہ کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ

ملے گا۔ بمبئی نے جہاں گزشتہ دو تین سال میں قومی تحریکات کے اندر ایک نمایاں شہرت حاصل کی ہے وہاں وہ انتہا درجہ کے پست فرقہ وارانہ جذبات کی تبلیغ و اشاعت کا بھی مرکز بنا رہا ہے اور یہ کوششیں برابر کی جاتی رہی ہیں کہ اشتعال انگیز تقریروں اور دل آزار مضامین کے ذریعہ دونوں قوموں میں منافرت پیدا کی جائے اور اس منافرت

حکام کا تساہل

بے گناہوں کا خون

بدحواسی کا راج

لاطائل بحث

ہندو مسلمانوں کا فرض

حج کے متعلق مسودۂ قانون

حجاز کے متعلق تیسرا مسودۂ قانون
(بسلسلہ سابق)

تشریحی نوٹ

عربی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کیلئے)

رسم الخط کی تبدیلی پر ایک ترک مدبر کا تبصرہ
ترکی حکومت سے صرف یہی ایک غلطی ہوئی ہے

علامہ صبحی بک (انقرہ) کے ایک مشہور مدبر ہیں اور سیاسی مفکر ترک ہیں آپ نے جنگ عظیم کے دوران میں اور قیام جمہوریت کے بعد ترکی حکومت کی بہت بڑی خدمات انجام دی ہیں اور اب تک ...... لگاتار اصلاحی امور میں

جزائر فلپائن میں آریوں کی تبلیغ کا منشر

شرق اردن کی آزادی کا خواب

عراق میں کئی ہزار سال تیل کے ظروف کی برآمد

قاہرہ اور یورپ کے درمیان ٹیلیفون

انگریزی اخبارات کے تراجم
(خاص الجمعیۃ کیلئے)

روس میں مزدوروں کی تعلیم کا حیرت انگیز انتظام
مختلف فنون کے اسکولوں اور یونیورسٹیوں کی تعداد

روسی گورنمنٹ کے سامنے جو پنجسالہ اسکیم در پیش ہے اس کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ملک میں ایسے لوگوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے جو صنعت و حرفت کے ماہر ہوں۔ چنانچہ بالشویک حکومت ارادہ کر رہی ہے موجودہ ۱۶۵ ہزار انجینیروں کی تعداد کو بڑھا کر ساڑھے ہزار کر دی جائے

لندن میں مشرقی زبانوں کی درسگاہ
ہندوستان اور چین کے طلبا کی اکثریت

تمام دنیا میں سینماؤں کی تعداد
پانچ سو برطانی سینما بند ہو چکے ہیں

حجاج کے متعلق تیسرا مسودۂ قانون
فریضۂ حج کی ادائیگی میں ناقابل برداشت رکاوٹیں
(ترجمہ مخصوص برائے الجمعیۃ)

(بسلسلہ اشاعت گزشتہ)

دفعہ ۱۱۔ مذکورہ بالا قانون کی دفعات ۲۰۸ (الف) اور ۲۰۹ کے بجائے مندرجہ ذیل دفعات داخل کر دی جائیں گی یعنی

"۲۰۸ (الف)۔ برطانوی ہند کے کسی بندرگاہ یا کسی مقام سے اس وقت تک کوئی زائر حاجیوں کے کسی جہاز پر سوار نہ ہو سکے گا جب تک کہ

(الف) اس کے پاس واپسی کا ٹکٹ نہ ہوگا۔

(ب) اس نے مقررہ شخص کے پاس اس قدر رقم جمع نہ کرا دی ہوگی جو گورنر

زر امانت یا قیمت دفعہ ہذا کے ماتحت پہلے ہی ادا نہ کر دی گئی ہو۔

(۶) جو زائر حجاز سے برطانوی ہند کو واپس آجائے وہ اس کا مستحق ہوگا کہ اس نے دفعہ ۲۰۸ (الف) کے ماتحت ریلیف کا جو کرایہ جمع کرایا تھا اسے واپس لے لے بشرطیکہ دفعہ ہذا کے ماتحت یہ کرایہ پہلے ہی ادا نہ کیا جا چکا ہو۔

(۷) ضمن ہائے (۱) (۲) (۳) (۴) و (۵) کے مطابق امانت اور کرایہ

حج کے متعلق مسودات قانون
حکومت کی عجلت اور مسلمانوں کا مطالبہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کو "بی" کلاس دلانے کیلئے
شیخ صادق حسن صاحب ایم۔ ایل۔ اے کا مکتوب چیف کمشنر دہلی کے نام

امرتسر ۱۹ مئی۔ جناب شیخ صادق حسن صاحب ایم۔ ایل۔ اے بیرسٹرایٹ لا امرتسر نے حسب ذیل مکتوب چیف کمشنر صوبہ دہلی کے نام ارسال فرمایا ہے:-

"مجھے یہ سن کر حیرت ہوئی کہ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند جنہیں حال ہی میں سزا ہوئی ہے "بی" کلاس میں رکھے گئے ہیں۔ مولانا نے ممدوح ناظم جمعیۃ علماء ہند ہونے کی حیثیت سے ملک میں بہت بلند مرتبہ رکھتے ہیں اور ہم سب ان کی بے انتہا عزت کرتے ہیں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ براہ کرم اس غلطی کی تصحیح کر دیجئے اور مولانا کو "اے" کلاس میں رکھے جانے کے احکام صادر فرما دیجئے۔" (نامہ نگار)

دار الحکومت

جامع مسجد دہلی میں مسلمانوں کا اجتماع
حجاج کے متعلق مسودات قانون کیخلاف احتجاج

ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کی نامزدگی

موزہ بنیان کے ٹیکس میں کمی
ڈیڑھ روپے کے بجائے صرف آٹھ آنہ

مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علماء ہند
اے۔ کلاس دیدی گئی

دہلی پولیس میں تخفیف

بابو بپن چندرپال کا افسوسناک انتقال

ضلع گیا میں ہندو مسلم فساد
دو کانیں لٹ گئیں بازار بند ہیں

پٹنہ ۲۰ مئی۔ واری سالگنج سے ۲۰ ماہ حال کی شام کو ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان فساد ہو جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

ضلع گورداسپور میں بھی فرقہ وارانہ فساد
۲۶ اشخاص مجروح

الہ آباد میں آرڈیننسوں کا "جنازہ"
۲۳ اشخاص گرفتار

تاڑی کے درخت کاٹ دئے گئے
ڈکٹیٹر اور ۴ رضاکار گرفتار

برما میں ڈاکوؤں کی تباہ کاریاں
پانچ آدمی پکڑ کر لیگئے

بارات کی لاری دریا میں گر پڑی
سات باراتی غرقاب

مستقبل قریب میں جنگ عظیم کا خطرہ
جاپان کے خلاف سوویٹ روس کی زبردست جنگی تیاریاں
ہوائی جہازوں ٹینکوں اور توپخانوں کی روانگی

لندن۔ معاصر مارننگ پوسٹ کا نامہ نگار رقمطراز ہے۔ عام طور پر یورپ میں یہ معلوم ہے کہ جاپان کے خلاف سوویٹ روس کس قدر وسیع پیمانے پر جنگی تیاریوں میں مصروف ہے۔

جموں کے دو مسلمانوں کو حبس دوام کی سزا
ایک ساہوکار کے قتل کا الزام

آرڈیننسوں اور سیاسی اسیروں کے متعلق تجاویز
سرحدی کونسل میں پیش کرنے کی ممانعت

خان عبد الغفار خاں کے ساتھ سلوک
سرحدی کونسل میں ہوم ممبر کا بیان

سری نگر میں بچوں کا مظاہرہ
روٹی روٹی کے نعرے

۱۱۸ اشخاص کے خلاف فرد جرم لگادی گئی
ایک مسلمان کے مکان پر ڈاکہ ڈالنے کا نتیجہ

حج کے متعلق مسودات قانون پر غور ملتوی کیا جائے
حاجی وجیہ الدین صاحب رکن سلیکٹ کمیٹی کا مکتوب

سارجنٹ کا ریوالور چل گیا
گولی ہتیلی سے پار ہوگئی

ریاست بھوپال کی سرپرستی علوم و فنون
رفاہ عام کیلئے بیس لاکھ روپیہ کی رقم

فرقہ وارانہ فسادات آئینی ترتیب میں حائل نہ ہوں
بمبئی کے فسادات پر مسٹر ولیرز کا بیان

کانپور کے پارچہ فروشوں کی ہڑتال

ریوالور کے ساتھ ایک نوجوان کی گرفتاری

بمبئی میں سات روز تک انسانی خون کا سیلاب
قتل و غارتگری اور آتشزدگی کے ہولناک واقعات
جانبین کے ۱۵۳ مقتول اور ۱۶۲۰ زخمی ہوئے

بمبئی ۲۲ مئی۔ کل (شنبہ) تمام بمبئی میں امن و سکون رہا اور دوکانیں بھی کھولی گئیں لیکن وہ دوکانیں جو مخالف بازاروں میں واقع ہیں یعنی مسلمانوں کی ہندو آبادی میں اور ہندوؤں کی مسلم آبادی میں وہ اب تک بند ہیں۔

فساد کا چھٹا دن

ایک مسجد پر ہندوؤں کا حملہ

تیسرے روز کا ہولناک ہنگامہ

چوتھے روز کی خونریزی اور فوج کی آمد

چھ روز کے مقتولین و مجروحین کی تعداد

چھ روز کے فسادات میں جس قدر آدمی مقتول و مجروح ہوئے ان کی فہرست درج ذیل ہے:-

یوم	مقتول	مجروح
شنبہ	۶	۷۷
یکشنبہ	۱۹	۲۲۳
دوشنبہ	۴۱	۲۵۰
سہ شنبہ	۲۳	۲۲۴
چہارشنبہ	۲۶	۱۶۰
پنجشنبہ	۹	۷۰

فرقہ وارانہ جنگ کا ساتواں دن

چوتھے اور پانچویں روز کا قتل عام

کرفیو آرڈر کا اثر

لوگ بمبئی سے بھاگ رہے ہیں

حکومت سرحد کا ایک غیر دانشمندانہ اقدام
انہدام مسجد کے متعلق سرحد شریعت کمیٹی کا اہم فیصلہ
مذہبی مداخلت کے خلاف مسلمانان سرحد کا احتجاج

پشاور ۱۵ مئی۔ فرانٹیئر پراونشل جمعیۃ العلماء کی شریعت سب کمیٹی کا ایک اجلاس خصوصی مسجد قاسم علی خاں میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل قرار داد بہ اتفاق آراء منظور ہوئی۔

"ہرگاہ کہ گورنمنٹ ہوس میں ایک پرانی مسجد کو بدنیتی سے منہدم کیا گیا ہے کہ اس مقام پر حکومت نے ایوانات نظارت تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے چنانچہ اس کے متعلق سکرٹری نے چند دیگر اراکین کی معیت میں تحقیق و تفتیش کے بعد ذمہ دار حکام سے باز پرس بھی کی ہے، اور ہرگاہ کہ اس کے متعلق فرانٹیئر پراونشل جمعیۃ العلماء کی شریعت سب کمیٹی کی رائے میں ایک آخری اور قطعی شرعی فیصلہ صادر کرنا بھی ضروری ہے۔

محمد ابراہیم ضیاء سکرٹری۔ فرانٹیئر پراونشل جمعیۃ العلماء شعبہ تحفظ ناموس شریعت

گول میز کانفرنس سے لارڈ لوتھین کا استعفا
وزیر ہند سے اختلافات کا نتیجہ
"کانگریس کا نام عزت کے ساتھ لیتے ہیں"

ایک جہاز کی افسوسناک تباہی
تمام ہندوستانی مسافر بچالئے گئے

حکومت چین نے ریشم کی برآمد پر محصول بند کر دیا

افریقہ میں وحشیوں کا وحشیانہ پن
ڈیڑھ سو اشخاص کو گولی ماردی گئی
جمعیۃ اقوام میں حبشی ریاست پر الزامات

موجودہ مصائب پر روم کے پوپ کا اظہار خیال
"زیادہ متمول زیادہ بدمعاش ہوتے ہیں"

ایک قلی کو سزائے موت

ملکہ کے مجسمہ اور ایڈورڈ ہال پر کانگریسی جھنڈا

نئی دہلی میں قدیم مسجد کی مرمت کرنا جرم ہوگیا
مرمت کرنے والے مسلمانوں پر مقدمہ چلایا جاتا ہے

نئی دہلی ۸ مئی ۱۹۳۲ء بمقام رائے سینہ (نئی دہلی) کوٹھی نواب صاحب پٹودی کے مقابل بلاک نمبر ۷ کے قریب جہاں سے آگرہ متھرا ریلوے لائن گزرتی ہے ایک قدیم عالیشان مسجد مع برج واقع ہے جو کھنڈر والی مسجد کے نام سے مشہور ہے۔ وہاں ہمیشہ سے نماز باجماعت ہوتی ہے اور امام مقرر ہے۔ ...

پیش اماموں کو مسجد سے نکال دینے کا حکم

تحریک یوم النبی کی رفتار
پرنس عمر طوسوں پاشا کا مکتوب گرامی

امت کے علماء و اکابر میں تحریک یوم النبی کو نہایت ہی قبولیت حاصل ہو رہی ہے۔ تازہ ترین ہوائی ڈاک سے ہز ایکسیلنسی پرنس عمر طوسوں پاشا کی طرف سے جو مصر کے خاندان شاہی کے ایک نہایت ہی ممتاز رکن ہیں، اور شاہانہ جاہ و جلال کے مالک ہیں، حسب ذیل مکتوب موصول ہوا ہے۔ ...

(دستخط) پرنس عمر طوسوں پاشا مصر

پشاور میں ایک مسجد کا انہدام
سکرٹری جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کا اعلان

محمد اللہ بخش ضیاء سکرٹری جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد

مل مزدوروں کا جلسہ عام

۸ مئی ۱۹۳۲ء کو شام وقت ساڑھے پانچ بجے روشن آراء باغ میں مل مزدوروں کا ایک عام جلسہ ... منعقد ہوا۔ ...

جنرل سکرٹری محمد عرب

دعائے صحت

حضرت مولانا منیر الدین صاحب جو مدرسہ عالیہ عربیہ معین الاسلام ... کے سرپرست اور خطیب عالم گنگی ہیں ...

خاکسار ابوالفضل محمد فضل الرحمن اسلام آبادی متعلم دارالعلوم دیوبند

ایک ڈاکو سے پولیس کی جماعت کا مقابلہ

لاہور ۸ مئی۔ فیروزپور کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ رتن سنگھ نامی ڈاکو اور پولیس کی ایک جمعیت میں زبردست مقابلہ ہوا۔ ...

اطلاع نامہ

بحکم جناب مہتمم نیلام صاحب بہادر سہارنپور ... مسماۃ نسیم العدیلیم بنام ظفر محمد خان ...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہم نے بصرف کثیر ایک فاضل اجل اور صوفی اکمل سے اس شرح کو لکھایا ہے ...

الجمعیۃ

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب مالک قریشی بک ایجنسی دروازہ کشمیری بازار لاہور

اب کے محرم میں کیا ہوگا؟

اعلان
طبیہ کالج دہلی

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالے

مقویات سراج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

زندگی کی کشمکش میں آپ مصروف ہوں!
یہ بات ذہن نشین کیجئے



اصل کوئی نہیں جانتا ہے

امرت دھارا

امرت دھارا اوشدھالیہ ... لاہور

خان عبدالغفار خاں کے لڑکوں کی جامہ تلاشی
ڈاکٹر خان صاحب کی بیوی اور بچوں کا وظیفہ
صوبہ سرحد کی کونسل میں سوالات

جاپان کے وزیر اعظم قتل کر دیئے گئے
فوجی افسروں نے ۵ مقامات پر بم پھینکے
جاپان میں قومی حکومت کے قیام کی توقع

ٹوکیو ۱۸ مئی۔ اتوار کو وزیر اعظم جاپان مسٹر انوکائی قتل کر دیئے گئے۔ اسی روز ٹوکیو میں پانچ جگہ بم پھینکے گئے ایک شخص نے جو کہ فوجی افسر کی وردی میں ملبوس تھا وزیر اعظم پر حملہ کر کے انہیں بری طرح مجروح کر دیا۔ ...

آئندہ اصلاحات امید افزا نہیں ہیں
سابق ہوم ممبر مسٹر ڈیسی کی رائے

حکومت کی آمدنی میں خسارہ
محکمہ ڈاک کی آمدنی میں زبردست کمی

شملہ ۸ مئی۔ ہماری حکومت کے مالی سال کے پہلے ماہ یعنی اپریل کی آمدنی میں توقع کے لحاظ سے بہت کمی ہوگئی ہے معلوم ہوا ہے کہ لفافہ اور پوسٹ کارڈ کی قیمتوں میں اضافہ کے باوجود بھی ڈاک خانہ کی آمدنی میں بہت کمی واقع ہوگئی ہے ...

کلکتہ میں بھی فساد ہوگیا
پولیس کے فائر۔ افسران بھی زخمی ہوگئے

دہلی میں انقلابیوں کی گرفتاری
تار کاٹنے والے گروہ پر پولیس کا قبضہ

لالہ دیش بندھو کو قید اور جرمانہ کی سزا

دہلی ۸ مئی۔ تقریباً پانچ منٹ کی سماعت کے بعد آج لالہ دیش بندھو ایڈیٹر روزنامہ "تیج" کو دفعہ ۱۰۸ کی خلاف ورزی کے الزام میں چھ ماہ قید سخت اور تین سو روپیہ جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا گیا۔ ...

نئی دہلی کے قریب فساد تین ہلاک

عدن میں ایک جہاز کو آگ لگ گئی

لائل پور کے مشہور ڈاکو کی گرفتاری

"شان مسلم" کتاب ضبط کر لی گئی

نپٹ بہراپن کا شرطیہ علاج
بلب اینڈ سنز پبلسٹی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان کی دوا۔ بلب اینڈ سنز پبلسٹی بھیت (یوپی)

ایک منٹ میں آئس کریم
حیرت انگیز ہندوستانی ایجاد

ایم اے مجید علی ماران دہلی

دو صد روپیہ ماہوار کمانے کا واحد ذریعہ
دلربا

منیجر رسالہ دلربا پریم گلی لاہور

جوتش کا چمتکار
جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب

پنڈت جوتش کاریالہ لاہور

حلفیہ بیان

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب فروخت طلب ہیں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

بد اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: بلال احمد زبیری (بی۔ اے)

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔۔
ششماہی ۔۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔۔
ششماہی ۔۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔
نصف صفحہ ( ) ۔۔۔
ایک کالم ( ) ۔۔۔
۱/۲ کالم ( ) ۔۔۔
۱/۴ کالم ۔۔۔

جلد ۱۵ | دہلی۔ یوم شنبہ ۲۱ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۸ مئی ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۷

معاصرین کے افکار و آراء

"براہ راست کارروائی"! (ہمت)

مسلم کانفرنس نے اپنے اجلاس لاہور میں حکومت برطانیہ کو دھمکی دی تھی کہ اگر اس نے ماہ جون تک مسلمانوں کے حقوق و مطالبات تسلیم نہ کر لئے تو وہ یعنی مسلم کانفرنس "براہ راست کارروائی" شروع کر دیگی۔ یہ دھمکی بڑے ہی جوش و خروش اور بڑی بلند آہنگی سے دی گئی تھی جس وقت یہ دھمکی دی گئی تھی، ہم نے صاف کہہ دیا تھا کہ یہ صرف مسلمانوں کے اس غیظ و غضب کو ٹھنڈا کرنے کے لئے ہے جو گول میز کانفرنس میں غداری کی وجہ سے مسلم کانفرنس لیڈروں کے خلاف عام ہو گیا ہے۔ لیکن بعض خوش عقیدہ اور سادہ لوح حضرات نے ہم سے شکایت کی کہ اس قدر جلد فیصلہ کیوں کر لیا؟ مسلم کانفرنس سے اس طرح سوءِ ظن کیوں ہے؟ کم سے کم ایک موقعہ اسے اور دینا چاہئے کہ وہ اپنی صداقت ثابت کر سکے۔

اب ہم انہی خوش عقیدہ اور سادہ لوح حضرات سے پوچھتے ہیں کہ مئی ختم ہونے کو آیا۔ دیکھتے دیکھتے نکل جائے گا۔ جون کے گزرنے میں بھی بہت زیادہ دیر نہیں ہے۔ ہمیں بتایا جائے کہ دھمکی کے وقت سے آج تک مسلم کانفرنس نے کیا تیاری کی ہے؟

تیاری تو بڑی چیز ہے مسلم کانفرنس نے آج تک خود مسلمانوں کو بھی نہیں بتایا کہ "براہ راست کارروائی" کا مطلب کیا ہے؟

یہ "براہ راست کارروائی" کوئی توپ ہوگی یا بم کا گولہ؟ آخر اس گول اور مبہم لفظ کے معنی کیا ہیں؟

ممکن ہے کہا جائے کہ مسلم کانفرنس نے اس لفظ کی تشریح اب تک اس لئے نہیں کی کہ مبادا حکومت اس سے واقف ہو کر پیش بندی کے لئے تیار ہو جائے۔ یہ خرابی نظری کی جا سکتی تھی۔ اگر ہم کسی قسم کی کوئی حرکت، کوئی گرمی، کوئی تیاری مسلم کانفرنس کے اداروں یا ان کے ماتحت مسلمانوں میں دیکھتے۔ آج بھی مسلمان ٹھیک اسی جگہ اور ٹھیک اسی حالت میں ہیں جہاں کہ اجلاس لاہور سے پہلے تھے کیا یہ "براہ راست کارروائی" کوئی گولی یا منتر ہے جو دریائے راوی کے ...

زمیندارہ کے بعد حکومت کو تجارت سے فائدہ تھا۔ وہ بھی مدھم ہے۔ ریلوے سے فائدہ تھا وہ بھی بہت کم ہو گیا ہے۔ ان وجوہ سے گورنمنٹ نے اپنا خرچ کم کرنے کو ملازموں میں دو بانہہ اٹھائے۔ ایک تخفیف تنخواہ کا دوسرا اسی سے اہلکاروں کو نکالدینے کا۔ ہم اس میں گورنمنٹ کو معذور جانتے ہیں۔ لیکن اس تخفیف کے نتائج پر آگاہ کرنا بھی اپنا فرض جانتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ تخفیف تنخواہ پر کوئی معقول اعتراض نہیں۔ لیکن تخفیف بصورت اخراج کے نتائج بڑے بھیانک ہیں۔

گورنمنٹ جانتی ہے کہ اس کے ملازم عموماً عیالدار ہوتے ہیں جن میں سے کسی کے متعلق دو کسی کے چار کسی کے دس بارہ تک بھی ہیں۔ بدذکور و اناث پر شامل ہیں کمانے کی بجائے محض محل خرچ ہوتے ہیں۔ ایسے اشخاص جن کی باقاعدہ تنخواہ بھی عیال کے گزارہ کو کافی نہیں ہوتی وہ علیحدہ کر دینے کی صورت میں کیا کریں گے ... عیال کی زندگی کا گزارہ کیسے ہوگا؟ یہ حال سے نتیجہ بد کا امکان دل میں آتا ہے ...

گورنمنٹ ان دونوں نتائج بد پر غور کر کے قدم اٹھائے جس کی اُس سے امید ہے۔

حج کے متعلق مسودۂ قانون

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از سعادت)

تاریخ اسلام کا ایک اہم ترین واقعہ
فاروق اعظم کا سر آستانۂ اسلام پر
داعی اسلام کی روحانیت اور قوت قدسی کا ایک نمونہ

اسلام کی ابتدا جس بے سرو سامانی میں ہوئی اور جس بے کسی کے عالم میں اس آسمانی تحریک کو چلایا گیا وہ تاریخ کا ایک اہم اور نادر واقعہ ہے۔ شاید خدا کو یہی منظور تھا کہ وہ نہایت کمزوری کی حالت میں اسلام کی آبیاری کرے اور دنیا پر ظاہر کر دے کہ حق کی صداقت کے لئے ظاہری اسباب اور جسمانی قوت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ سچائی خود ایک قوت ہوتی ہے جو باطل کے بیت عنکبوت کو معدوم کر کے چھوڑتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدائی زندگی پر جو شخص بھی نظر ڈالیگا اسے اس امر کا اقرار کرنا پڑیگا ...

حضرت عمر فاروق کی کنیز کا قبول اسلام

جناب عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کفر کی حالت میں جیسے کچھ تھے سب کو معلوم ہے۔ آپ مخالفین اسلام کے سردار اور اسلام دشمنی میں پیش پیش تھے۔ اسلامی تحریک اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچانے کے علاوہ جناب فاروق ہر اس شخص کو جسمانی اذیتیں پہونچایا کرتے تھے جو اسلام کے آستانہ پر سرنگوں ہو جاتا تھا ...

کنیز کو پیٹنا شروع کر دیا لیکن اسلام بھی کیا فولادی قوت ہے کہ جب یہ کسی کے دل میں گھر کر لیتا ہے ... ان پر مار پڑتی تھی ... نہایت جرأت اور دلیری سے کہتی جاتی تھیں کہ عمر اگر تم اسلام قبول نہ کرو گے تو خدا تم سے انتقام لیگا۔ حضرت عمر کو لبینہ کی اس دلیری پر سخت حیرت ہوتی تھی۔

حضرت عمرؓ کی ہمشیرہ آستانۂ اسلام پر

آخر جب حضرت عمرؓ مارتے مارتے تھک گئے تو انہوں نے کہا کہ اچھا کل میں تجھ کو قتل کر دوں گا ... حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ... قرآن شریف ...

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین لنگی رومال (پشاوری مشہدی یزدی) کلاہ پنکھے چپلیاں۔ لنوار، سرکہ انگوری، جلد سبز اصلی عمبر، خشک میوے اور نایاب مفقود دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ موخرالذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنے کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

صدہا مرضوں کی ایک دوا
تمام اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دار و مدار معدہ پر ہوتا ہے ... تمام امراض کا علاج ہے ... بدمحصول ڈاک
مجرب ادویات کی فہرست مع جنتری ... مفت منگائیے
المشتہر منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

اکسیر جذام
... تجربہ کر کے بہ خیال فائدہ عام کے شائع کیا ہے ... قیمت دوا ایک ماہ کے لئے چار روپیہ (للعہ)
بواسیر و ذیابیطس
... حافظ اقبال حسین بھٹیا ہی بھاگل پور

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophene Manufacturing Co: (India) P. Box 881. Karachi.

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام
طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے وہ دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں۔ اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دوا سازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے نامور بڑے بڑے اطبا نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

وسیلہ نجات
حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث درج ہیں جن میں اعمال بد کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال بد سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۸۸۴ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اس میں ۱۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا ہے بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائینگی۔
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) **کی تلاوت کرنے کا قرآن شریف**
مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔
اعلیٰحضرت حضور نظام
جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا
اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے، بچے، جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ مجبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔
ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی (ایک روپیہ دعہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ عہ علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم
اس کلام المبین ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ خانشدہ عہ قسم دوم عفانشدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ر چرم ۱۲ر

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

مسلمان کیوں ذلیل ہوئے اور وہ کس طرح ترقی کر سکتے ہیں؟

انگریزوں سے قرض لینے کی حقیقت اور معترضین پر اظہار افسوس

اسلام اور سیاست حاضرہ پر سلطان ابن سعود کی بصیرت افروز تقریر

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

۶ ذی الحجہ کو بیرے کے روز جلالۃ الملک سلطان ابن سعود والی حجاز و نجد نے قصر ملوکی میں حجاج کو حسب معمول ضیافت دی جس میں اعیان حکومت کے علاوہ وسات آٹھ سو سربرآوردہ حجاج نے بھی شرکت فرمائی۔ اس موقعہ پر جلالۃ السلطان نے ایک برجستہ تقریر کی جس کا ترجمہ معاصر ام القریٰ کی تازہ اشاعت سے ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

اسلام سب سے بڑی نعمت ہے

کرتے ہیں کیونکہ ان کا دوستوں کے شر سے زیادہ نقصان رساں ہوتا ہے۔

والی حجاز کے جرائم کی فہرست

مسلمانوں کی کیفیت تو یہ ہے کہ جب وہ کسی نصرانی (عیسائی) سے گفتگو کریںگے تو اس کا ادب کریں گے اور شرافت سے جواب دیںگے لیکن جب وہ مسلمانوں سے گفتگو کریںگے تو ان پر بہتان بندیاں شروع کردیں گے گویا وہ ان کے دشمن ہیں ...

... یہ بھی ببانگ اعلان کہتا ہوں کہ اگر کوئی اسلامی بادشاہ، کوئی مسلمان تاجر یا مسلمانوں میں سے کوئی امیر اس سرزمین کے لئے کوئی بھلائی کا کام کرنا چاہتا ہے تو اہلاً و سہلاً و مرحبا بشرطیکہ ہمارے ملک، ہمارے استقلال اور ہمارے شرف و مذہب کے خلاف کوئی اقدام نہ ہو۔

انگریزوں سے قرض لینے کے متعلق میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے سوا کوئی رب نہیں کہ میں نے انگریزوں اور ان کے علاوہ دوسروں سے قرض لینے کا کوئی ارادہ نہیں کیا۔

مراد آباد میں جمعیۃ علماء ہند کے ارکان اور دیگر علماء کی مجلس مشاورت

حج کے متعلق مسودات قانون پر غور و خوض

جمعیۃ علماء ہند کا بروقت اقدام

دہلی ۲۵ مئی۔ مراد آباد میں ۲۶ مئی کو جمعیۃ علماء ہند کے ارکان اور دیگر رہنمایان ملت کی ایک مجلس مشاورت منعقد ہوگی جس میں حج کمیٹی کے متعلق ان مسودات قانون پر غور و خوض کیا جائے گا جو اسمبلی کے اجلاس میں پیش ہونے والے ہیں اور ان پر شرعی نقطۂ نظر سے فیصلہ صادر کیا جائے گا۔ علماء کرام کے نام جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے دعوت نامے جاری کئے جا چکے ہیں۔ مراد آباد کی مجلس مشاورت میں جو فیصلہ ہوگا وہ آئندہ اخبارات میں شائع کیا جائے گا۔

مولانا محمد صادق صاحب کی نمائندگی کے متعلق کراچی کے علماء کا فیصلہ

کراچی کے علماء و سربرآوردہ لیڈروں کا ایک جلسہ مولانا مولوی محمد صادق صاحب کی زیر صدارت مولانا حکیم فتح محمد صاحب کے مکان پر ۲۳ مئی کی شب کو حج کے متعلق جدید مسودات قانون پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا۔ حاضرین جلسہ میں ...

...

۵) حکومت معلمین کے مسودۂ قانون کو واپس لے لے اور اس کی جگہ ایک دوسرا مسودۂ قانون حج تحقیقاتی کمیٹی کی سفارش کے مطابق معلمین کی تحدید کے لئے پیش کرے۔ (۶) اگر سلیکٹ کمیٹی اس تجویز سے اتفاق نہ کرے تو اس مسودۂ قانون میں جہاں جہاں لفظ "معلم" آیا ہے وہاں وہاں لفظ "دلال" داخل کردیا جائے۔

حاجی وجیہ الدین صاحب کی ترمیمات کی پہلی قسط

...

میرٹھ میں خانہ تلاشیاں

میرٹھ ۲۷ مئی۔ پولیس نے شہر میں اور چھاؤنی میں کل بیک وقت کئی جگہ تلاشی لی۔ مسلوم ہوا ہے کہ یہ تلاشیاں لیٹر بکسوں میں آگ لگانے اور خطوط کو نقصان پہنچانے کے سلسلہ میں کی گئیں۔

انتقادات

پیشوا - درزان ایڈیشن

پیشوا دہلی کا ایک مذہبی، اصلاحی اور ادبی ماہوار رسالہ ہے جس سے ہمارے قارئین کرام اچھی طرح واقف ہیں۔ اس رسالہ کے مالک و ایڈیٹر سید عزیز حسن صاحب بقائی نے اپنی مسلسل پیہم کوششوں سے جو نمایاں کامیابی حاصل کی ہے اس کا اندازہ رسالہ کی پابندی وقت کے ساتھ باقاعدہ طباعت و اشاعت اور اس کے دلچسپ و مفید مضامین سے کی جا سکتی ہے۔ باوجود اس کے کہ پیشوا ہندوستان کے ماہوار رسائل میں ہر اعتبار سے ایک چوٹی کا رسالہ ہے اس کی قیمت بہت کم ہے یعنی صرف ۲ روپے سالانہ خریداروں سے وصول کیا جاتا ہے اور اسی قیمت میں ایک نہایت ضخیم سالنامہ بھی خریداروں کو بھیجا جاتا ہے ...

کھیتی ...

گناہ کی دیوار ...

بمبئی کا خوفناک فساد اور اس کے اسباب پر ایک نظر

(از مولوی بشیر الدین صاحب ایڈیٹر البشیر)

کانپور کے ہولناک فساد کو گزرے ہوئے ابھی صرف ایک سال کا عرصہ ہوا ہے۔ یہ فساد اپنی نوعیت کے اعتبار سے ہندوستان کے تمام گزشتہ فسادوں سے چونکہ بہت زیادہ بڑھ گیا تھا اور جس قدر وحشیانہ مظالم کا اظہار کانپور کے فساد میں کیا گیا تھا اور جس قدر جان و مال کا نقصان کانپور میں ہوا تھا اس کو دیکھتے ہوئے یہ خیال تھا ...

وصول کرنے والوں کو چندہ نہ دینے والے کو برا بھلا کہنے کا استحقاق نہ مذہبًا حاصل ہے ... اور نہ اخلاقًا اور کسی غیر مسلم کو سیل کا چندہ دینے پر برا بھلا کہنا نہایت قابل اعتراض کارروائی ہے ...

...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۱ محرم الحرام ۱۳۵۱ ہجری

علمائے کرام کی مجلس مشاورت

مسودات حج کے متعلق ہماری چند گزارشات

ہمیں یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ اراکین جمعیۃ علمائے ہند اور دیگر علمائے کرام کی ایک نمائندہ مجلس مشاورت ۲۶ مئی کو مراد آباد میں منعقد ہو رہی ہے اور وہ ان مسودات پر غور کرنے کے بعد اپنے آخری فیصلے صادر کرے گی جو مذہبی نقطۂ نگاہ سے نہایت اہم اور ناقابل تردید ہوں گے۔ اراکین جمعیۃ کا یہ بروقت اجتماع ان لوگوں کی زبان ...

ورثا رہا خود حاجی پر نہ ہو۔ حکومت ورثا کے نام نوٹس جاری کرے اور انہیں رقم ادا کرے۔ یہی معاملہ زرامانت کے ساتھ کیا جائے کہ اس طرح نا واقفیت کی حالت میں بہت سے حاجیوں کا جو روپیہ اصل ورثا تک پہنچنے سے رہ جاتا ہے وہ وصول ہو جایا کرے گا ...

جہاز پر کھانا پکانا

...

ٹیکہ اور ٹیبلہ

...

واپسی ٹکٹ اور زرامانت

...

... ۲۵ دن سے گھٹا کر پندرہ دن کر دی گئی ہے وہ اور زیادہ تخفیف چاہتی ہے ... حاجیوں کو اس انتظار کی وجہ سے بہت سخت تکلیف کا سامنا ... نادار ہو جانے کے باعث ان پر ایک ایک لمحہ بھاری ہو جاتا ہے اس لئے یہ مدت زیادہ سے زیادہ ۵ دن ہونی چاہئے اور اس کے بعد جہاز راں کمپنیوں سے کافی ہرجانہ دلوانا چاہئے تاکہ وہ بھی اس نقصان کی وجہ سے مسافری کو محسوس کریں۔ حاجیوں کے پاسپورٹ ... کا ارادہ ظاہر کیا گیا ہے اس کی شدید مخالفت ہونی چاہئے۔ جس طرح آج کل حجاج کے پاسپورٹ پر کوئی فیس وصول نہیں کی جاتی ہے اسی طرح آئندہ بھی ان پاسپورٹ ... ہونا چاہئے۔ ... کا لفظ بھی ہونا چاہئے کیونکہ حاجیوں کے ... خدمات انجام دے سکتا ہے اور اس کی بار بار خواہش بھی کی گئی ہے۔

حج کمیٹیوں کی ترکیب

بندرگاہوں کی حج کمیٹیوں کے متعلق جو مسودۂ قانون ہے اس میں سب سے زیادہ اہم مسئلہ کمیٹیوں کی ترکیب کا ہے۔ جیسا کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں ہماری رائے ...

عہدہ داران و ملازمین

...

ضروری قواعد کی ترتیب و اشاعت

...

معلمین کا مسودۂ قانون

...

فساد بمبئی اور اینگلو انڈین اخبارات

...

... ایک دوسرے سے دست و گریباں ہو جانے کی جو عادت ڈال دی گئی ہے وہ اپنے لئے کوئی دوسری مفید راہ تلاش کرے ... نے قوموں کی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے وہ ان اخبارات کی ہرزہ سرائیوں سے متاثر نہیں ہو سکتے وہ جانتے ہیں کہ اقوام عالم کی زندگی میں ایسے واقعات ہمیشہ پیش آتے رہتے ہیں اور ان کے بغیر ترقی کی شاہراہ سے گزرنا غیر ممکن ہے۔

وفاداروں کا انتباہ

صوبہ سرحد کی مجلس مقننہ میں بجٹ پر تقریر کرتے ہوئے مختلف اراکین نے اس رویہ کے خلاف سخت احتجاج کیا جو سیاسی قیدیوں کے ساتھ روا رکھا جا رہا ہے خصوصیت کے ساتھ خان بہادر عبد الرحیم صاحب نائب صدر مجلس مقننہ نے جو کچھ کہا وہ قابل توجہ ہے انہوں نے فرمایا کہ

"محض گاندھی جی کے ساتھ جیل میں اچھا سلوک کردینے سے کچھ نہیں ہوگا ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تمام قیدیوں کے ساتھ بھی نہایت کا ثبوت دیا جائے جو اس وقت جیلوں میں پڑے ہوئے ہیں اور جن ..."

...

حوادث و احکام

استفتاء ...

الجواب ...

استفتاء ...

الجواب ...

ضروری گزارش

...

نائب امیر شریعت صوبہ بہار کا تار وائسرائے ہند کے نام

حج کے متعلق مسودات قانون پر بحث ملتوی کی جائے

مسلمانوں کی رائے معلوم کئے بغیر نتائج خطرناک ہوں گے

مولانا عثمان غنی پھلواری شریف سے بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار نے ذیل کا تار ہز ایکسلنسی وائسرائے ہند اور سکریٹری ایجوکیشن ہیلتھ اینڈ لینڈ ڈیپارٹمنٹ کے نام ارسال فرمایا ہے۔

حج کے متعلق جو تین مسودات قانون منتخب کمیٹی میں پیش ہونے والے ہیں مہربانی کر کے ان پر بحث و تمحیص اور غور و فکر کو ملتوی کر دیجئے کیونکہ یہ مسودات قانون پورے طور پر مسلمانوں کی آگاہی کے لئے شائع نہیں کئے گئے ہیں موجودہ حالات میں جب کہ بہترین دماغ کے مسلمان جیلوں میں محبوس ہیں اگر حکومت نے ان مسودات کو بغیر مسلمانوں کی صحیح رائے معلوم کئے پاس کر دیا تو اس کے نتائج نہایت خطرناک ثابت ہوں گے۔

بمبئی میں امن و امان قائم ہو گیا

ہلاک شدگان اور مجروحین کے آخری اعداد و شمار

بمبئی ۸ مئی۔ فرقہ وارانہ فساد کے تازہ ترین اعداد و شمار مظہر ہیں کہ کل ۱۶۷۸ آدمی مجروح اور ۱۵۵ ہلاک ہوئے۔ فسادات کے دوران میں بازار کی خراب حالت کی وجہ سے اناج اور دیگر ضروریات زندگی گراں ہوتی جا رہی ہیں۔ اب تقریباً تمام بازار کھل گئے ہیں۔ البتہ سونا چاندی اور زیورات کی دکانیں ہنوز بند ہیں جن لوگوں کو زیادہ نقصان ہوا ہے وہ اپنے مطالبات ایک ماہ کے اندر چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ کے روبرو پیش کرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ کرفیو آرڈر کی میعاد کل ختم ہو جائے گی۔ اس لئے چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ نے اس میں ایک ہفتہ کی توسیع کر دی ہے۔

دار الحکومت

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کے زیر اہتمام عام جلوس اور جلسہ

ڈاکٹر شفاعت احمد خاں کو قدوائی صاحب کا جواب

بمبئی میں فرقہ وارانہ جنگ کا خاتمہ

شہر میں امن و سکون ڈیڑھ ہزار افراد گرفتار

برطانیہ پر ٹرکی کے ۵۸ دعوے

جنگ عظیم کے دوران میں لگائے ہوئے الزامات کی تحقیقات

ٹرکی کے تمام دعوے خارج کر دئے گئے

مرکزی اور صوبجاتی ذمہ داری کا مطالبہ

تشدد کی حکومت کو ختم کیا جائے

حکومت حجاز اور افغانستان میں دوستانہ معاہدہ

خلافت کمیٹی کے سالانہ انتخاب کا سلسلہ

محض انتخابات کی کارروائی

سرینگر میں ہندوؤں کی شورش

ایک سو اشخاص زخمی ہو گئے

گوجرانوالہ کے قریب خوفناک ڈاکہ

پانچ اشخاص کی ہلاکت متعدد ڈاکو گرفتار

کشمیر میں ۱۲۵ ملازمین کی برطرفی

صدر جمہوریہ جرمنی کے نام والی افغانستان کا تار

دوبارہ انتخاب پر مبارکباد

وزیر ہند پر دعوی کا نوٹس

مقامی سیلف گورنمنٹ پر اعتراض

کرنل کیمرہ اور سریو کشمیر جائیں گے

دہلی کے ایک لیڈر مکس میں پھر آتشزدگی

سرینگر میں کرفیو آرڈر جاری ہونے والا ہے

والی حجاز نے قرض کا مطالبہ نہیں کیا

افواہ بالکل بے بنیاد ہے

بمبئی سے مزید سونے کی روانگی

یوپی میں بموں کے حادثات

ریلوے ٹکٹ اور کاغذات کو جلانے کی سعی

کرایہ میں اضافہ کے خلاف احتجاج

کردستان کے باغیوں کو پھانسی کی سزا

آرڈیننسوں کے اختتام پر مقبوضہ املاک کی واپسی

حکومت بنگال کا فیصلہ

بم بنانے کا سامان برآمد ہوا

سیٹھ رنچھوڑ داس کی موٹر ضبط ہو گئی

مصطفی کمال پاشا کو شریف ترکی کا خطاب

سرحدی کونسل میں حکومت کی متفقہ مخالفت

محکمہ آبکاری کے مطالبہ میں حکومت کی پہلی شکست

اسیران سیاسی کے ساتھ بہتر سلوک کا مطالبہ

روسی سرحد پر جاپانی فوج کی نقل و حرکت

بالشویک روس اور جاپان میں قریبی جنگ کا امکان

ہاربن (منچوریا) ۸ مئی۔ واقعات اس قسم کے پیدا ہو رہے ہیں جن کے پیش نظر روس اور جاپان میں جنگ یقینی خیال کی جاتی ہے۔ جاپانی فوجی چھاؤنی کے تمام کے بعد جو کمان سے منتقل کی گئی ہے جنرل ہونجو جاپانی ڈکٹیریاں پہنچ گئے ہیں اس کے ساتھ ہی یہ اطلاع بھی ملی ہے کہ جاپانی فوج نے چینی مشرقی ریلوے کی جانب اور دریائے سنگاری کے زیریں حصہ میں قدم بڑھانا شروع کر دیا ہے اور وہ بہت جلد روسی سرحد پر پہنچنے والی ہیں۔

فرقہ وارانہ فساد کا افسوسناک انجام

بریلی کے قریب ہندو اور مسلمانوں کی گرفتاری

جاپان کی جدید وزارت مرتب ہو گئی

شنگھائی میں برطانوی سفیر پر فیر

الہ آباد میں پنڈت مالویہ کی بھو گرفتار

چین میں پانچ طاقتوں کی گول میز کانفرنس

لندن میں زبردست ڈاکہ

جوہری سے دس ہزار کا مال چھین لیا گیا

ریلوے اسٹیشن پر بم پھٹ گیا

ہندوستان میں تبلیغ عیسائیت کیلئے تیاریاں

کتنی فوج کے چار سو نوجوانوں کی آمد

مختلف ممالک کی مالی تحقیقات

مدراس میں اشتراکی پریس کا لسنس منسوخ

حکومت یونان مستعفی ہو گئی

بمبئی کراچی سے چھ ہزار کی ضمانت

پرشیا کی حکومت پر اشتراکیوں کا قبضہ

حکومت ہند کے خزانہ میں نقد روپیہ

موٹر کی دوڑ میں ایک شاہزادہ کی ہلاکت

پرادنشل کانفرنس ممنوع قرار دیدی گئی

بمبئی میں سودیشی اسٹور پر ڈاکہ

بنارس میں ۵۰ لیڈر مکس جلائے گئے

پشاور کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں میں جنگ

ایک ڈاکو ہلاک دو مجروح

جیل کے سیاسی اسیروں سے گفتگو کرو

مسٹر ٹامسن کا حکومت کو مشورہ

دار العوام میں بمبئی کے فسادات کا ذکر

مردان میں بدیشی کپڑوں پر پکٹنگ

متعدد سرخپوشوں کی گرفتاری

لنکاشائر کے تمام کارخانوں میں ہڑتال

ڈیڑھ لاکھ مزدوروں کا فیصلہ

سرحد میں اب کتنے کارکن گرفتار ہیں؟

پشاور میں ایک ہزار مکان جل گئے

مسٹر ڈی ولیرا کا برطانیہ سے استفسار

حجاج کی شکایات کا ازالہ

وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کو قتل کرنے کی سازش

براتوں پر کانگریس کی طرف سے پکٹنگ

کمشنر اجمیر کے حملہ آور کو ۱۰ سال کی سزا

کراچی کی درآمد میں ۵۰ لاکھ کا خسارہ

لنکاشائر اور ہندوستان کا قطع تعلق
انگلستان کو ایک نئے بازار کی ضرورت

لنکاشائر کی صنعت پارچہ بافی میں اس وقت جو بحران پیدا ہو گئی ہے اس کی وجہ بڑی حد تک ہندوستان کے سیاسی حالات ہیں۔

سوت کی درآمد میں کمی

جدہ سے حاجیوں کے چھٹے جہاز کی روانگی

جمعیۃ مقننہ کا آئندہ اجلاس
ستمبر اکتوبر میں توقع

ہج کے مسودات

دو اسلامی سلطنتیں شاہراہ ترقی پر
افغانستان و ایران میں اصلاحات کا نیا دور

یونیورسٹی کی تجویز

ریل اور ہوائی جہاز میں ٹیلیفون کا سلسلہ
سائنس کی حیرت انگیز ایجاد

لارڈ لوتھین ولایت پہنچ گئے
رپورٹ جون میں شائع ہوگی

رضاکاروں کو کام کرنے کی ممانعت
پولیس کمشنر کا اعلان

کنوؤں میں زہریلی گیس
دو آدمی ہلاک ہو گئے

بنک ہیتی کا اظہار
ڈاکٹر ٹیگور نے طرفین سے اپیل کی ہے

دربار کشمیر میں ہندوؤں کا وفد
ڈاکٹر مونجے کو کورا جواب

ڈاکوؤں کی طرف سے فیر

بمبئی کا خوفناک فساد اور اس کے اسباب پر ایک نظر
(بسلسلہ صفحہ ۱)

ایک مہینہ میں انگریزی آجائے گی

اب کے محرم میں کیا ہوگا!
اسلامی معاشرت
منیجر رسالہ پیشوا دہلی

جوتش کا چمتکار
جوتش کے ذریعہ بند لفافہ کا جواب
پنڈت جوتش کار یالہ لاہور

محبوب عاشق کے قدموں پر

اسلامیہ ہائی اسکول اتمان زئی کو برباد کرنے کی کوشش
کیا حکومت کے نزدیک اسلامی تعلیم دینا جرم ہے؟
مولانا شوکت علی صاحب کی سرحدی مسلمانوں سے ہمدردی

سرحد شریعت کمیٹی کا پروگرام
ہر قصبہ و گاؤں میں شرعی کمیٹیوں کا قیام

فرانٹیر پراونشل جمعیۃ العلماء کی شریعت سب کمیٹی کا ایک اجلاس زیر صدارت مولانا محمد صاحب منعقد ہوا۔

محمد اللہ بخش ضیاء سکریٹری فرانٹیر پراونشل جمعیۃ العلماء
(شعبہ تحفظ ناموس شریعت)

سیرۃ کمیٹی کا ضروری اعلان

اب کوئی خضاب نہ لگائیے
منیجر مفید عام دواخانہ نمبر ۲۴ دربھنگہ (بہار)

میرے یہاں چند نادر الوجود کتب فروخت طلب ہیں
محمد حیدر شریف مہتمم امداد المعارف مدرسہ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد دکن

مقویات سرتاج عالم
ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ایک منٹ میں آئیس کریم
امریکہ پر ہندوستان کی فتح
امریکہ کو فخر تھا کہ اس کی ایجاد کردہ مشین آئس کریم پانچ منٹ میں برف جما دیتی ہے لیکن مسٹر شمسی مکینکل انجینئر جرمنی کی حیرت انگیز مشین نے امریکہ کی مشین کو شکست دیدی۔
شمسی صاحب کی ایجاد کردہ مشین صرف ایک منٹ میں برف تیار کر دیتی ہے اس مشین کو ایک بچہ بھی بآسانی استعمال کر سکتا ہے
دنیا میں اس سے جلدی برف جمانے والی کوئی مشین نہیں ہے۔
ایم۔ اے۔ مجید محلہ بلیماران دہلی

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی
طلبہ و طالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک یونانی طبی کالج قرول باغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں۔
درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئے ہمارا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے
ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

اکسیر جذام

یہ وہ نسخہ ہے جو ہزاروں پر تجربہ کرکے بہ خیال فائدہ عام کے مشتہر کیا ہے۔ جذام کو مرض جو صاحب اس ناپاک مرض میں مبتلا ہوگئے ہوں ہمارے ہاں سے دوا طلب کرکے کھائیں چار چھ مہینہ میں صحت کلی ہوجاتی ہے اگر تھوڑا سا خلل آیا ہے تو ہفتہ عشرہ میں سوکھنے لگ جاتا ہے۔ قیمت دوا ایک ماہ کے لئے چار روپیہ دوملد

بواسیر وذیابطیس

کی دوا کچھ دنوں تک مفت محصول و پیکنگ کیلئے ۸ روانہ کریں یا ہم کا وی پی طلب فرمائیں

حافظ اقبال حسین بھیٹیاہی بھاگلپور

شربت فولاد

معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی نہایت قدر اور بھروسہ کی چیز ہے جس کا بار بار تجربہ کیا جاچکا ہے بلاقید طرز مذہب استعمال کیا جاتا ہے یہ شربت معدہ کو قوت دیتا ہے جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے تو جسم کو ترقی دیتا ہے چہرے کو خوشرنگ بناتا ہے بیماری کی کمزوری کو دور کرتا ہے ضعف معدہ کی وجہ سے جو دست آتے ہیں ان کو روکتا ہے۔ نیز طحال وجگر بڑھ جانے کو مفید ثابت ہوا ہے ترکیب استعمال چھ ماشہ یہ شربت بغیر پانی دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد چاٹ لینا چاہئے قیمت فی شیشی عہ مکمل فہرست جس میں ساٹھ سے زائد مجربات درج ہیں معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگوائیے۔

پتہ: منیجر ہمدرد دواخانہ لال چاہ دہلی

مرقع علم و فن کا آئینہ یعنی ہوں تجارت کا عصا مفلس کے حق میں اور غنی کو عیش کا نقشا

دو صد روپے ماہوار کمانے کا واحد ذریعہ

ہمارے ہر فن مولا مقبول عام ماہوار باتصویر رسالہ

دلربا

کا مسلسل مطالعہ ہے۔ امیروں کی دل لگی غریب کی روٹی، بے روزگاروں کا سہارا اور کاروباری اشخاص کی ترقی کا زبردست رہبر ہے رسالہ نہ چندہ تین روپے دسے (۳) فی پرچہ پانچ آنہ۔

نمونہ چار آنہ کے ٹکٹ بھیجکر منگوالیں

منیجر رسالہ دلربا پریم گلی لاہور

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی الحمدللہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کردیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بلاارادہ بھی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیمار دار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں ان میں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جن میں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب آلہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب آلہی سے خوف دلاکر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن میں اعمال حسنہ کی بناء پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے۔ بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کررہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں ابتک تیار نہیں ہوا بہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائینگی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں ہے۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمالیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی اور ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عتہ/ علاوہ محصولڈاک۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئے۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت، مرد بوڑھے، بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کرسکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھکر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگالیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ/) مجلد چرم نقرہ عار علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہوجاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلےٰ سفید کاغذ حاشیہ دار تے قسم دوم حاشیہ دار عہ/ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸/ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
سہ ماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۵	دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۲۵ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق یکم جون سنہ ۱۹۳۲ء	نمبر ۳۸

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

ایران کی فتح میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا کارنامہ

یزدجرد کے دربار میں اسلامی سفراء کی ہیبت

شاہ ایران کی گستاخی اور شجاعان اسلام کی بے باکی

اسلام کے داعی برحق نے جن مشکلات و تکالیف میں کشت اسلام کی آبیاری کی اس کا اندازہ وہی لگا سکتے ہیں جن کو تاریخ اور سیر کی کتابوں سے واقفیت ہے۔ لیکن ان بے سروسامانیوں کے باوجود اس کامل انسان نے علیم و خبیر خدا سے اطلاع پاکر تمام موافقین و مخالفین کو مطلع کردیا تھا کہ گو آج ہم اسلام کی خاطر ہر طرح پریشان ہیں مگر ایک زمانہ آنے والا ہے کہ یہی بے کس و بے بس لوگ قیصر و کسریٰ کے خزانوں کے مالک ہونگے اور اسلام اپنی پوری تابناکی کے ساتھ دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلے گا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نہایت تحدی اور پورے یقین کے ساتھ فرمایا:

اذا ہلک قیصر فلا قیصر بعدہ واذا ہلک کسریٰ فلا کسریٰ بعدہ یعنی جب قیصر ہلاک کیا جائے گا تو اس کے بعد کوئی دوسرا قیصر نہ ہوگا اور جب کسریٰ ہلاک ہوگا تو اس کے بعد اور کسریٰ نہ ہوگا۔ یہ الفاظ مبارک اس وقت زبان سے نکلے تھے جب غیر تو غیر خود اپنوں کو بھی اس فتح مبین کا گمان تک نہ تھا لیکن خدائے علیم و خبیر نے اسلام کا بول بالا کیا اور جو الفاظ سرور محبوب پیغمبر کی زبان وحی ترجمان سے نکلے تھے انکو لفظ بلفظ پورا کرکے دکھلایا۔

امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور ایران کی فتح

حضرت شہرتاں رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کا بیان اقتراً اقتصادگذشتہ اشاعت میں شائع ہوچکا ہے۔ آنحضرت صلعم کے انتقال کے بعد آپ خلیفہ دوم مقرر ہوئے اور زمانے اسلام اور ملک کی ترقی کیلئے آپ نے جو کام انجام دیا تمام تیارت پیروان اسلام کیلئے زندگی بخش اور مفید تابت ہوتے رہیں گے۔ مملکت عجم میں ایران کی فتح کا سہرا تنہا جناب فاروق کے سر ہے جنہوں نے اپنی بے نظیر تدبیر جہانبانی سے چند نفوس کی امداد سے تخت کسریٰ کو الٹ دیا اور اس کا ایسا خاتمہ کیا کہ سوائے تاریخ کے اسکا کوئی نشان بھی نہیں ملتا۔

جنگ قادسیہ

ایرانیوں سے بیویب کے مقام پر جو جنگ ہوئی تھی اس کا ابھی خاطر خواہ فیصلہ نہیں ہوا تھا کہ اس دوران میں اسلامی لشکر کے سپہ سالار سعد بن ابی وقاص کو شراف کے مقام پر امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک فرمان ملا جس میں سپہ سالار کو دربار خلافت سے ہدایت کی گئی کہ وہ شراف سے آگے بڑھکر قادسیہ میں قیام کریں اور وہاں اس طرح مورچے جمائیں کہ سامنے عجم کی زمین اور پشت پر عرب کے پہاڑ ہوں تاکہ فتح کی صورت میں اسلامی لشکر جہاں تک چاہے بڑھتا چلا جائے اور دوسری صورت میں ہٹ کر پہاڑوں کی پناہ میں آسکے۔ چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاص (سپہ سالار) اس فرمان کے ملتے ہی قادسیہ پہونچ گئے۔ اور تمام حالات سے دربار خلافت کو اطلاع دیدی۔

یزدگرد کے دربار میں اسلامی سفراء

جناب عمر فاروق نے جواب دیا کہ جنگ کرنے سے پہلے ہمارا فرض ہے کہ مخالف پر اتمام حجت کردی جائے تاکہ اس کو کوئی عذر باقی نہ رہے ... ایرانی دربار میں جائیں اور لوگوں کو اسلام کی دعوت دلائیں۔ چنانچہ حضرت سعد نے سرداران قبائل میں سے چودہ اشخاص منتخب کئے جو مختلف صفات کے لحاظ سے تمام عرب کا نچوڑ تھے یہ تمام لوگ ساسانیوں کے پایہ تخت مدائن کو روانہ ہوگئے اور سفراء گھوڑے اڑاتے ہوئے مقام مقصود کو پہونچ گئے۔ یہ لوگ آستانہ سلطنت کے قریب پہونچکر ٹھہرگئے۔ ان کی ظاہری صورت یہ تھی کہ گھوڑوں پر زین اور ہاتھوں میں اسلحہ تک نہ تھے لیکن بے باکی شجاعت و بسالت اور رعب و داب انکے چہروں سے ٹپکا پڑتا تھا۔ گھوڑے رانوں سے نکلے جاتے تھے اور ٹاپوں کی آواز یزدگرد کے کانوں تک پہونچتی تھی یزدگرد نے دریافت کیا کہ کیسی آواز ہے۔ اسکو بتایا گیا کہ اسلام کے سفیر آرہے ہیں یہ سن کر یزدگرد نے بڑے تزک و احتشام سے دربار سجایا اور سفراء کو طلب کیا۔ یہ لوگ عربی جبے پہنے ہوئے اور کندھوں پر یمنی چادریں ڈالے اور ہاتوں میں کوڑے لئے ہوئے دربار میں داخل ہوئے۔ اس کے بعد یزدگرد اور سفراء اسلام میں ذیل کی گفتگو ہوئی۔

یزدگرد۔ تم اس ملک میں کیوں آئے ہو؟ کیا تمہارے سر پر موت منڈلا رہی ہے؟

نعمان بن مقرن۔ (امیر وفد) نے سب سے پہلے اسلام کے فضائل اور حالات بیان کئے اور پھر کہا کہ ہم تمہارے سامنے صرف دو چیزیں لائے ہیں جزیہ یا تلوار۔

یزدگرد۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ دنیا میں تم سب سے زیادہ ذلیل اور بدبخت ہو۔ تم جب ہم سے سرکشی کرتے تھے تو سرحد کے لوگوں کو تمہارے استیصال کا حکم دیدیا جاتا تھا اور وہ تمہارا بل نکال دیتے تھے؟

یزدگرد کو دنداں شکن جواب

مغیرہ ابن زرارہ۔ یہ سچ ہے کہ ہم بدبخت اور گمراہ تھے۔ آپس میں لڑتے تھے۔ اپنی لڑکیوں کو زندہ گاڑ دیتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے ایک پیغمبر بھیجا جو حسب و نسب میں ہم سے ممتاز تھا ... جو لوگ اسلام قبول کریں وہ تمام حقوق میں تمہارے برابر ہیں۔ جو انکار کریں اور جزیہ دیں وہ اسلام کی حمایت میں ہیں جن کو دونوں باتوں سے انکار ہو ان کے لئے تلوار ہے۔

یزدگرد۔ (غصہ سے بے تاب ہوکر) اگر سفیروں کا قتل جائز ہوتا تو تم سب ابھی قتل کردیے جاتے۔ یہ کہکر مٹی کی ایک بوری منگوائی اور کہا تم میں سب سے معزز کون ہے؟ عاصم ابن عمرو نے بڑھکر کہا "میں"، ملازموں نے ٹوکرا ان کے سر پر رکھدیا۔ یہ لوگ گھوڑے پر مٹی کی بوری رکھکر حضرت سعد کے پاس پہونچے اور کہا فتح مبارک ہو۔ دشمن نے اپنی زمین خود ہمارے سپرد کردی اور یہ کہکر مٹی کی طرف اشارہ کیا۔

چنانچہ یہی ہوا کہ قادسیہ کی جنگ پورے زور پر ہوئی اور چند ہی روز میں غلامان اسلام نے سارے ایران کو فتح کرکے پیغمبر برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی اذا ہلک کسریٰ فلا کسریٰ بعدہ کو پورا کرکے دکھا دیا۔

طوطے کو انگریزی سے نفرت

ڈاکٹر (امریکہ) کے چڑیا خانے میں طوطوں پر یہ تجربہ کرکے دیکھا گیا کہ آیا وہ انگریزی زبان آسانی کے ساتھ سیکھ سکتے ہیں یا نہیں لیکن ان تجربوں کا یہ نتیجہ نکلا ہے کہ جرمنی اور انگریزی زبان کو طوطا پسند نہیں کرتا اسے یہ زبانیں بہت مشکل معلوم ہوتی ہیں۔ چڑیا خانہ کے اکثر طوطے انگریزی نہیں بولتے بلکہ اس کے برخلاف ہسپانوی زبان خوب بول لیتے ہیں۔ چڑیا خانہ کی سیر کو جرمنی امریکہ اور ہسپانیہ کے سیاح آتے ہیں لیکن طوطے ان کی گفتگو سے صرف ہسپانوی الفاظ چن لیتے ہیں۔ مایل پیاسو میں ایک طوطے نے جرمنی اور ہسپانوی سیکھ لی ہے لیکن انگریزی شاذ و نادر ہی بولتا ہے۔

دنیا کی سب سے بڑی عمارت

بوسٹن میں ایک عظیم الشان عمارت تعمیر کی جارہی ہے جو دنیا کی سب سے بڑی عمارت کہی جاسکتی ہے اس عمارت میں مستقل طور پر ۲۵۰۰۰ آدمی قیام کریں گے یعنی تقریباً ایک شہر کی آبادی کے برابر ہے۔ (وطن)

معاصرین کے افکار و آراء

سودیشی ڈے (مدینہ)

پنڈت مالوی نے الہ آباد سے ایک اعلان شائع کیا ہے کہ ۲۹ مئی کو سودیشی ڈے منایا جائے۔ اعلان کا ماحصل یہ ہے کہ "سودیشی سنگھ" اور "ہندوستانی خرید و لیگ" کا جس جوش و ہمدردی سے خیر مقدم کیا گیا ہے وہ نہایت قابل اطمینان ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ تمام ہندوستان اس معاملہ میں ہم آہنگ ہے۔ ہندوستان کی اقتصادی نجات کے لئے سب سے ضروری شے یہ ہے کہ ہر ہندوستانی سودیشی مصنوعات کا استعمال کرے۔ خود برطانیہ میں بھی ایک تحریک شروع کی گئی ہے جس کا نام ہے "برطانی اشیاء خریدو اور برطانی اشیاء بیچو"۔ اس تحریک پر جس بے ساختہ پن اور بے تحاشا پن کے ساتھ برطانیہ میں عمل ہورہا ہے اس کے سامنے ہندوستان کی سودیشی تحریک بالکل بے حقیقت ہے۔ لہٰذا ہندوستان کے باشندوں کو متحد ہوکر وطنی مصنوعات کو فروغ دینے کے لئے زبردست جد و جہد کرنی چاہئے اور اس کی صورت یہ ہے کہ ۲۹ مئی کو ایک ملک گیر سودیشی ڈے منایا جائے۔ یہ پروگرام حسب ذیل ہے۔

(۱) باشندگان ہندوستان سے سودیشی استعمال کرنے کا عہد لیا جائے۔

(۲) لوگوں کے گھروں پر پھر کر سودیشی خریدو لیگ اور سودیشی سنگھ کا ممبر بنایا جائے۔

(۳) تیسرے پہر ایک جلوس نکالا جائے جس میں صرف کھدر اور سودیشی استعمال کیا جائے۔

(۴) جلوس کے بعد جلسہ عام کیا جائے۔ جس میں سودیشی پر تقریریں کی جائیں۔

(۵) جہاں سنگھا در لیگ کی کوئی شاخ نہ ہو وہاں اسے قائم کیا جائے۔

(۶) کوئی ہڑتال نہ کی جائے۔ صرف ۵ بجے پروگرام کی تکمیل کے لئے دکانیں بند کی جائیں۔

مذکورہ بالا پروگرام سے کسی کو اتفاق ہو یا اختلاف لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہندوستان کی اقتصادی نجات کی اس کے سوا کوئی صورت نہیں کہ وطن کی مصنوعات کو فروغ دیا جائے۔ اس وقت ملک میں ہر قسم کی ضروریات مہیا ہونے لگی ہیں اگر ان کی حوصلہ افزائی کی جائے تو بہت جلد وہ غیر ملکی کارخانوں کے مال کا مقابلہ کرنے لگیں گی۔ ہندوستان کی تحریک سیاسی میں صرف سودیشی ایسا پروگرام ہے جس پر نہ حکومت کو اعتراض ہے نہ ہندوستان کی کسی جماعت کو اس سے اختلاف۔ بالخصوص مسلمانوں کی تمام جماعتیں اس پر بالکل متفق ہیں، اور کوئی شخص سودیشی ڈے کی تقریبات میں شریک ہو یا نہ ہو۔ بہرحال اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جو شخص ملت کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانا چاہتا ہے اس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ وہ مسلمانوں کو سودیشی بیوپار بند کرنے کی کوشش کرے۔

مظلوم مسلمان! (ہمدم)

یہ بات نہیں ہے کہ مسلمان بالکل نالائق ہیں، اس لئے انہیں کہیں نوکری نہیں ملتی۔ بلکہ یہ واقعہ ہے، اور نہایت شرمناک واقعہ کہ مسلمانوں کے خلاف ایک طرح کی سازش پھیلی ہوئی ہے۔ اس سازش کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو کہیں نوکری ملنے نہ پائے سازش کرنے والوں کو معلوم ہے کہ مسلمان، سرمایہ نہیں رکھتے اس لئے آزاد کاروبار ان کے لئے بہت مشکل ہے۔ پیٹ پالنے اور معیشت درست کرنے کا دوسرا ذریعہ ملازمتیں ہیں۔ اگر یہ ذریعہ بھی مسلمانوں کے ہاتھ سے چھین لیا جائے تو انہیں لازمی طور پر بھوکوں مرنا اور تدریجاً فنا ہوجانا پڑے گا چنانچہ نہایت شرارت اور سنگدلی کے ساتھ کوشش کی گئی ہے کہ مسلمان سرکاری اور غیر سرکاری دفتروں میں گھسنے نہ پائیں اسی قدر نہیں۔ بلکہ یہ پروپیگنڈا بھی کیا گیا ہے کہ مسلمان نااہل اور ناقابل اعتماد ہوتے ہیں پھر وہ پروپیگنڈا کامیاب ہوچکا ہے اور عام طور پر اسے مسلّم حقیقت کے طور پر مان لیا گیا ہے!

لیکن مسلمانوں کی اس مظلومی و بے بسی کی تمام ذمہ داری، غیر مسلموں پر ہی نہیں ہے؟ غیر مسلم اگر مسلمانوں سے اور بھی زیادہ برا سلوک کریں تو تعجب انگیز نہیں۔ لیکن اصلی رونا خود مسلمانوں کا ہے جو پوری بے دردی کے ساتھ اپنے بھائیوں کی حق تلفی کرتے ...

اور گلا کاٹنے میں بے باک ہوچکے ہیں۔

مذکورہ بالا کمپنیوں کا شکوہ کیوں کریں جبکہ وہ غیر مسلموں کی بنائی ہوئی ہیں اور مسلمانوں کا بائیکاٹ کردینے میں ان کا دستور رفاقت نہیں ہے۔ البتہ شکایت مسلمان تاجروں اور کارباریوں کی ہے .... جو خود بھی اپنے دفتروں میں مسلمانوں پر ہندو ملازموں کو ترجیح دیتے ہیں۔ کلکتہ کے بڑے مسلمان تاجروں کے دفتروں کی اگر جانچ کی جائے تو معلوم ہوجائے گا کہ ان میں مسلمان کلرکوں اور خزانچیوں کی تعداد، غیر مسلم کاروباریوں اور کمپنیوں کے مسلمان ملازموں سے زیادہ نہیں ہے۔ خود مسلمانوں کا اپنے بھائی مسلمانوں کے ساتھ جب یہ برتاؤ ہے تو غیر مسلموں کا گلہ ہم کس منہ سے کریں!

سب سے زیادہ حیرت انگیز روش ان مسلمان حضرات کی ہے جو خود بے روزگار ہونے کی حالت میں تو مسلمانوں کی مظلومیت پر شب و روز ماتم کرتے اور ہندوؤں اور دوسرے غیر مسلموں کے تعصب و ظلم کی فریادوں سے آسمان سر پر اٹھائے رہتے ہیں، مگر جونہی انہیں کہیں ... نوکری مل جاتی ہے وہ اس طرح خاموش ہوجاتے ہیں گویا مسلمانوں پر کبھی کوئی ظلم ہوا ہی نہیں۔

مسلم باشندگان بمبئی کے نام (تاج)

آگئے بازار میں جھنڈے کو لہراتے ہوئے!
اک پرانا مرثیہ آواز سے گاتے ہوئے!
بھیک مانگی ہندوؤں سے نام پر اسلام کے!
شرم تو آئی نہ ہوگی ہاتھ پھیلاتے ہوئے!؟

جیل کی سختیاں (ملت)

جیل میں سیاسی قیدیوں کے ساتھ جو برتاؤ کیا جاتا ہے ان کے متعلق بعض اوقات مکتہ چینی حکومت کے لئے بہت ناگوار ہوتی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ وہ چھوٹی چھوٹی شکایات ہیں جن کی طرف حکومت کی عدم توجہی سے لوگوں میں شدید بے چینی اور بے اطمینانی پیدا ہوجاتی ہے۔ بمبئی کے جیلوں میں عورتوں کے ساتھ خصوصاً ان قیدیوں کے ساتھ جو "سی" کلاس میں ہیں جو سلوک کے متعلق مس میرا بہن اور مس پیٹل بہن ... نے اخبارات میں ایک بیان شائع کرایا ہے جس میں لکھا ہے کہ ان عورتوں کو جن کے ساتھ جیل میں شیرخوار بچے ہیں۔ بچھانے کے لئے سرکار کی طرف سے کافی بستر ملتا ہے اور نہ انہیں اپنے گھر سے منگانے کی اجازت ہوتی ہے۔ اسی طرح ملاقات کے وقت قیدی ماؤں کو بعض اوقات اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں سے اچھی طرح ملنے نہیں دیا جاتا۔ حکومت بمبئی کی طرف سے ابھی تک ان شکایات کی کوئی تردید نہیں ہوئی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حکومت ان کی طرف توجہ کرے گی اور ان کو رفع کرکے لوگوں میں اعتماد اور اطمینان پیدا کرے گی۔

زن مرید امریکہ (سچ)

"امریکہ کی نوعمر خواتین جانتی ہی نہیں کہ حقیقۃً عشق و محبت کسے کہتے ہیں ... ان کو ایسے شوہر کی، جو ۱۰ ہزار ڈالر کی آمدنی رکھتا ہو، اور ساتھ ہی مطیع و فرمانبردار بھی ایسا ہو کہ بیوی کے لئے پلیٹیں صاف کرکر دیا کرے۔ امریکی تمدن میں مصیبت یہ آن پڑی ہے کہ عورتوں نے مردوں کو تماشا بنا رکھا ہے ایسے زن مریدوں کا تمدن نہیں سکھایا گیا ... مشرق کی حرم سرامیں رہنا گوارا کرلوں گی لیکن یہ نہ گوارا کروں گی کہ ایسے مردوں کے درمیان رہوں۔" (ڈیلی ٹیلیگراف، لندن۔ ۲۱ مارچ ۳۲ء)

یہ ایک تعلیم یافتہ فرنچ خاتون کی تقریر کا اقتباس ہے۔ انکا نام مس کرسچن فور فیر ہے یہ دو سال تک امریکہ میں رہ کر واپس آئی ہیں، اور تقریر پیرس کے ایک مشہور کلب کے ...

... ساتھ فرمائی ہے۔ الرجال قوامون علی النساء (مرد عورتوں کے حاکم و متکفل ہیں) کے قانون خداوندی پر طعن کرنے والوں کے کان اس تقریر کو سن رہے ہیں۔

پشاور اور افغانستان کی خاص خاص چیزیں مثلاً قالین۔ لنگی۔ رومال (پشاوری مشہدی بیبوی) کلاہ۔ پنکھے۔ چپلیاں۔ لسوار۔ سرکہ انگوری۔ چار مغز۔ اصلی میوہ خشک میوے اور نایاب مفرد دوائیں ہم سے ارزاں قیمتوں پر طلب فرمائیے۔ موخر الذکر چیزوں کے نمونوں کے واسطے چار آنہ کے ٹکٹ روانہ کیجئے۔ منیجر انڈو افغان نیشنل ایجنسی پشاور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ
دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

حوادث و احکام

× استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ میت زید کے دو حقیقی بھائی اور ایک لڑکی ہے۔ میت کی کچھ زمین اور گھر اور بیت ... بھی والدہ موصوف کے وفات کے چند روز پیشتر میت کو بیہوشی طاری تھی ایسی حالت میں میت موصوف کی لڑکی نے تمام مذکورہ زمین اور گھر کا ہبہ نامہ لکھا کر میت موصوف کے انگوٹھے کا نشان لیکر اپنے نام ہبہ کر کے سرکار میں رجسٹری بھی کرالی ہے ... لہذا میت مذکور کے دو حقیقی بھائی اور ایک لڑکی میں ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا اور مذکورہ ہبہ فسخ ہو گا یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

...

وفاداری بشرط استواری

مسلمانوں نے آپس میں شیر و شکر ہو کر اپنے اتحاد و اتفاق کا بہترین نمونہ پیش کر دیا تو ہم یقین کرتے ہیں کہ مفسدین کی کوششیں تمام ملک میں ناکام ہو سکیں گی ... کی تقلید کی جائے گی۔

اس دوران میں کہ نام نہاد مسلم کانفرنس وزیر اعظم کے آئندہ اعلان پر نظریں جمائے بیٹھی ہوئی ہے۔ اور اپنے مطالبات کی منظوری کا انتظار کرنے میں مصروف ہے۔ خود ہندوستان کے اندر جو واقعات پیش آرہے ہیں وہ صاف بتاتے ہیں کہ ہوا کا رخ کس طرف ہو گا صوبہ سرحد کو جو اصلاحات ملیں اور عملاً ان کا جو نتیجہ ظاہر ہوا ہے سب کے سامنے ہے اور محتاج تشریح نہیں، پھر اس کے بعد فرنچائز کمیٹی کی سفارشات کے متعلق سر یعقوب نے جو بیان دیا وہ بھی شائع ہو چکا ہے اور وفاداران ازلی کی مایوسی کا اعلان کر چکا ہے، اب یہی معلوم ہوا ہے کہ علیحدگی سندھ کے لئے جو کانفرنس منعقد کی گئی تھی اس نے بھی یہی فیصلہ کیا ہے کہ سندھ کو علیحدہ صوبہ نہیں بنایا جا سکتا ...

۱۰ جون کے مظاہرے

...

حج کے متعلق مسودات قانون
(سلسلہ صفحہ ۲)

(ح) جہازوں کے کرایہ میں تخفیف کے متعلق حج تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات پر پوری توجہ نہیں کی گئی ہے۔

(ط) حج تحقیقاتی کمیٹی کی دیگر راحت رساں اور مفید سفارشات کو قانونی شکل نہیں دی گئی ہے۔

(ی) جہاز پر طبی انتظامات کے سلسلہ میں مسلمان ڈاکٹر اور مسلمان طبیب اور مسلمان لائق دایہ اور زنانہ غسال وغسالہ کے تقرر کو لازمی نہیں کیا گیا ہے۔

(یا) حاجیوں کی جمع شدہ امانت یا ٹکٹ کی قیمت کو حجاج کے واپس نہ ہونے کی صورت میں ان کو یا ان کے ورثا کو واپس نہ کرنے کی ذمہ داری نہیں لی گئی ہے بلکہ وصول کرنے کی مشکلات میں اور اگر ان کے ورثہ کو مبتلا کر دیا گیا ہے۔

[نوٹ: ...]

جمعیۃ علمائے ہند کی بروقت رہنمائی
مسلم اراکین جمعیۃ مقننہ کو تنبیہ

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مشاورت کا اجلاس جس کے متعلق ہم نے گزشتہ اشاعت میں ناظرین کرام کو اطلاع دی تھی ۲۶، ۲۷ مئی کو بمقام مراد آباد منعقد ہو چکا ہے اجلاس نے حج کے متعلق مسودات قانون پر غور کرنے کے بعد جو قرار داد منظور کی ہے اسے ہم تفصیل کے ساتھ کسی دوسری جگہ درج کر رہے ہیں۔ اب جبکہ یہ قرار داد مسلمانوں ...

جو ہر طرح قابل نفرت و ملامت ہے۔

ان الفاظ کا صاف مطلب یہ ہے کہ اگر حکومت نے ان مسودات کو اپنی موجودہ شکل میں جمعیۃ مقننہ سے منظور کرا کے نافذ کر دیا تو وہ مسلمانوں کے مذہب میں ایک جدید مداخلت کا اقدام کرے گی ...

مسلم اراکین کے لئے راہ عمل

...

حکومت کا رویہ

...

صحیح نمائندگی کی ضرورت

مسلم کانفرنس کے بعض ارکین کا نفرت انگیز بیان
ملک برکت علی کی پرزور تردید

بمبئی میں ایک مسلمان پر ہندوؤں کا حملہ
پندرہ ہندو مسلمانوں کی گرفتاری

پونڈری کے فساد کی تحقیقات
مسٹر جیکسن کا تقرر

”تیج“ میں شائع شدہ خبر کی تردید

میرٹھ کی کچہری میں ایک عجیب واقعہ
ایک نقاب پوش گھوڑی لے بھاگا

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں صدر جمہوریہ امریکہ کی تجاویز
فرانس اور جاپان کے ہوش اڑ گئے۔ برطانوی حلقہ میں ہلچل
اٹلی اور جرمنی کی طرف سے غیر مشروط تائید

طول و عرض ہند میں گرفتاریاں اور سزایابیاں
کانگریس کی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے حکومت کی تدابیر
مختلف صوبوں کے متعلق تازہ ترین اطلاعات

صوبہ مدراس

بنگال

یو۔ پی

پنجاب

بمبئی

سی پی

ہندوستان کی منڈیوں میں جاپانی مال کا فروغ
جاپانی کپڑے اور سوت کی آمد میں اضافہ

سیام کے شاہی خاندان کو قید کر دیا گیا
بری اور بحری فوج کی عام بغاوت
سپہ سالار کو گولی سے اڑا دیا گیا

لندن میں فرقہ وارانہ مسائل پر غور
۱۹۳۳ء کے آخر تک صوبجاتی خود مختاری دیدی جائیگی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ
قاتل کو پھانسی کی سزا

کانپور میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ
مجوزہ کانفرنس کو روکنے کی تدبیر

قسطنطنیہ میں انگریزوں کی گرفتاری
افیون وغیرہ کی ناجائز تجارت

لوزان کانفرنس میں جنگی قرضہ کا حل
جرمن اور برطانیہ میں اتفاق

روئی کی تجارت کو فروغ دینے کیلئے حکومت کی سعی
بمبئی کے تاجروں سے تبادلہ خیال

مصر میں چاول کی کاشت کیلئے ایک سرسبز اسکیم
مستقبل قریب میں چاول کی درآمد بند ہو جائیگی

جرمن کے تمام حصوں میں بغاوت
پولیس اور باغیوں کی زبردست جنگ

یرواڈا جیل میں مسز نائیڈو سے ملاقات
کوئی سیاسی مقصد نہ تھا

مال گاڑی پٹڑی سے اتر گئی
تار کاٹ ڈالے گئے

سارڈا ایکٹ کے ماتحت مقدمہ

گرجوں میں موم بتی جلانیکی ممانعت
پاپائے روم کا حکم

پیگو کی بغاوت پر آخری ضرب
بندوق اور کارتوسوں پر پولیس کا قبضہ

پیگو کا باغی لیڈر گرفتار

جدہ سے جہاز جہانگیر کی روانگی

مولانا آزاد سبحانی کا نپور میں
گاڑھے کی تحریک کی عظیم الشان کامیابی
(از جناب مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ذبیح)

صوبہ متحدہ کا دورہ کرتے ہوئے مولانا آزاد سبحانی آنامہ سے ۸ رجون کو کانپور تشریف لائے اور ایک ہفتہ قیام فرما کر ۱۶ رجون کو لکھنؤ تشریف لے گئے کانپور جیسے حقیقت ناشناس مقام پر آپ کو امید سے زائد کامیابی ہوئی روزانہ آپ کی تقریریں مختلف مقامات پر ہوتی تھیں۔ لوگوں نے کافی سے زائد شرکت کی اور اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں کے درمیان گاڑھا پہننے کا اقرار کیا۔ آپ کی موثر اور دلنشین تقریروں کا رآمد اور مفید باتوں نے کانپور میں انقلاب پیدا کر دیا مولانا کی پرائیویٹ صحبتوں کا بھی بہت کافی اثر ہوا۔ محلہ حسین گنج میں اعلیٰ تعلیم یافتہ اصحاب پر مشتمل گاڑھا کمیٹی قائم ہوگئی ہے۔ امید ہے بہت جلد گاڑھا استعمال کیا جائے گا۔ اسی طرح حلقہ نئی بازار کے نوجوانوں نے بھی جوش و خروش اخلاص و محبت کے ساتھ گاڑھا کمیٹیاں قائم کیں اور گاڑھا میڈ اسٹور کی بنیاد ڈال دی۔ امید ہے کہ بہت جلد دوسرے محلوں میں بھی گاڑھا کمیٹیاں قائم ہو جائیں گی اور گاڑھے کی دوکانیں بھی کھل جائیں گی۔ جا بجا گاڑھا پوشی اور جمال آرا مسلم نوجوانوں کو گاڑھا پہنے پر راضی کرنا مولانا موصوف کی شاندار کامیابی ہے۔

مولانا نے اپنی تمام تقریروں میں خاص طور پر بیان فرمائیں۔ اول یہ کہ اسلام حکومت اور سلطنت کا نام ہے اسلام کا تمرا دنیا میں حکومت اور تمرا اخروی جنت ہے جس وہ قوم جو سچی مسلمان ہے بادشاہ وقت بھی ہے اور جنت کی مالک بھی۔ آپ نے مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ ...

برابر جمع دیکھئے۔ راقم الحروف تقریباً قریب مولانا کی ساری تقریروں اور پرائیویٹ صحبتوں میں شامل رہا میں نے ہمیشہ سرکاری اور خفیہ پولیس کے لوگوں کو مولانا کے ارد گرد منڈلاتے دیکھا۔ پولیس نے بہت کوشش کی کہ مسلم پبلک گاڑھے کی تحریک سے دلچسپی نہ لے لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکی۔ ۱۴ رجون کو جب مولانا نے ناچ گھر میں گاڑھا پر ایک بہت ہی موثر اور دلپذیر تقریر کی تو پولیس کا پیمانہ صبر لبریز ہو گیا۔ اور جب کہ مولانا اور میں قیام گاہ پر واپس آ رہے تھے پولیس کی ایک جمعیت نے جو منجن کانسٹبلوں اور ہیڈ کانسٹبلوں پر مشتمل تھی۔ مولانا اور مجھ کو دو بجا تقریباً چار گھنٹہ تک محاصرہ میں رکھا۔ تمام رات پریشان کرنے کے بعد صبح کو مصنوعی معذرت اور پشیمانی کے ساتھ رہا کر دیا۔ اس گرفتاری سے حکومت نے یہ خیال کیا کہ شاید مسلمانوں میں جوش و خروش کی جو لہر پیدا ہو گئی ہے وہ ختم ہو جائے لیکن مولانا کی شخصیت اور اثر نے حکومت کو مجبور کیا کہ وہ رہا کرے اور ایک نئی مصیبت مول نہ لے۔

اب آپ اس معمہ کو حل کیجئے کہ جب گاڑھے کی تحریک کوئی خوفناک اور باغیانہ نہیں ہے تو سرکار اور سرکاریوں کو اس میں اس قدر درد سر اٹھانے، ڈرانے اور دھمکانے کی کیا ضرورت؟ اپنی اس مفلسی اور تباہی اور حکومت کی اس نگاہ کرم کے باوجود اگر مسلم نوجوان حقیقت کو نہیں سمجھتے ان کی آنکھوں پر جہل اور خوش فہمی کا یہی پرانا پردہ پڑا ہوا ہے۔ وہ بدستور انگلستان۔ اٹلی اور جاپان کے کپڑوں میں سنہری بنے ہوئے اکڑتے اور برائے بھرتے ہیں۔ بلکہ اپنی قوم کی گردن کاٹتے پھرتے ہیں۔ تو پھر ایسی قوم کی زندگی کا خدا حافظ۔

پونڈری میں مسلمانوں کے مظالم کیخلاف احتجاج
انجمن اسلامیہ کرنال کی منظور شدہ تجاویز

گورنمنٹ سے درخواست کرتی ہے کہ وہ ۳ رجون ۳۲ء کے المناک واقعات پونڈری کے اسباب و علل کی تحقیقات کے لئے ایک آزاد اور غیر جانبدار کمیٹی مقرر کرے جس پر لوگوں کو مکمل اعتماد حاصل ہو۔

نقول تجویز منظور شدہ مجلس انتظامیہ انجمن اسلامیہ کرنال مورخہ ۸ رجون ۳۲ء

تجویز ۔ مسلمانان پونڈری کی درخواست سے جو انہوں نے مجلس انتظامیہ انجمن اسلامیہ کرنال کے روبرو پیش کی ہے ظاہر ہوتا ہے کہ گواہوں کے بیانات درست طور پر قلم بند نہیں کئے جاتے اور نیز ان مسلمانوں سے جو تحقیقات کی نگرانی اور مجروحین کی دیکھ بھال کر رہے ہیں نا واجب سلوک کیا جا رہا ہے جس سے تحقیقات کنندہ افسران کا اعتماد لوگوں کے دلوں سے جاتا رہا ہے اس لئے یہ تجویز کی جاتی ہے کہ ہز ایکسلنسی گورنر پنجاب سے درخواست کی جاوے کہ پونڈری کے واقعہ کی تحقیقات کے لئے کسی ایسے سینیئر اور تجربہ کار مسلم افسر کا تقرر کیا جاوے جو مقامی حکام کے روبرو جواب دہ نہ ہو۔

اسسٹنٹ سکرٹری انجمن اسلامیہ کرنال

انجمن اردو جبل پور کا قیام
(از ڈاکٹر اعظم کریوی سابق ایڈیٹر رسالہ "اکبر")

علمی و ادبی حلقوں میں یہ خبر نہایت مسرت سے سنی جائے گی کہ ہندوستان کے شہرہ آفاق ادیب حضرت ملا رموزی مدظلہ زبان اردو کے نہ فقط ایک کامیاب ادیب ہیں بلکہ ممدوح کو زبان اردو کی اصلاح و ترقی کے مسئلہ سے ایک ایسا شغف ہے جو یقیناً اردو کے دوسرے بہی خواہوں کے لئے قابل تقلید کا باعث ہوگا مثلاً ممدوح نے اردو کے مشہور رسالے "مخزن" لاہور، رسالہ "صوفی" گجرات پنجاب اور رسالہ "ساقی" دہلی میں اشاعت و حفاظت اردو کے موضوع پر جو نادر علمی تبصرے لکھے ہیں ان میں موصوف اردو کی ترقی کا ایک نظام عمل ہمیشہ ...

دیوبند میں مشاعرہ

سندھ میں مسودات حج کیخلاف مظاہرہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

کیسٹوفین ۔ بچوں کی صحت ۔ کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

ایک مہینہ میں انگریزی جانیئے

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی ۔ لیجئے پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

عملیات اوعوف فرشتہ غیب

تعلیم کیلئے چھوٹے بچوں کو

فینسی کٹ پیس رعایتی نرخوں پر

مسودات حج اور تاریخ اسلامی کے اخراج پر احتجاج
طلباء دارالعلوم امینیہ دہلی

۱۷ صفر المظفر مطابق ۲۳ رجون یوم جمعرات کو دارالعلوم عالیہ امینیہ میں عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں حسب ذیل تجاویز بالاتفاق آراء منظور ہوئیں۔

(۱) دارالعلوم مدرسہ عالیہ امینیہ کے طلباء کا یہ جلسہ حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کو ملتان جیل سے تبادلہ کر کے کسی ٹھنڈی جگہ تبدیل کرے تاکہ حضرت علامہ کی صحت محفوظ رہ سکے۔

(۲) دارالعلوم عالیہ امینیہ دہلی کے طلباء کا یہ جلسہ پنجاب یونیورسٹی کی کارروائی کے خلاف پرزور احتجاج کرتا ہے جس میں اس نے تاریخ اسلام کو بی۔ اے کے نصاب سے خارج کرنے کی سفارش کی ہے چونکہ مسلمان اس کو کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے۔ لہٰذا یہ جلسہ ہز ایکسلنسی گورنر پنجاب سے بحیثیت چانسلر یونیورسٹی کے اور وزیر تعلیم پنجاب سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ کسی ایسے تعلیم نصاب کو منظور نہ کریں کہ جس میں پنجاب کی اکثریت کی تعلیمی ضروریات کو نظر انداز کیا جائے۔

(۳) یہ جلسہ مسودات حج کے خلاف احتجاج کرتا ہے اور ان کو مداخلت فی الدین سمجھتا ہے اور حکومت کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ ایسا اقدام نہ کرے جو باعث مداخلت فی الدین ہو اور مسلم ممبران اسمبلی کو تنبیہ کرتا ہے کہ وہ ان مسودات کی تائید نہ کریں ورنہ ذمہ داری ان ...

مسلمانان ہند سے اپیل

برادران اسلام! جو کچھ مظالم ریاست الور کے مسلمانوں پر ریاست کی جانب سے کئے جا رہے ہیں وہ پوشیدہ نہیں ہیں مساجد پر ریاست کا قبضہ ہے۔ مذہبی، قرآنی تعلیم بالکل بند ہے۔ مسلمانوں کو ملازمت سے نکالا جا رہا ہے۔ مسلمانوں پر گولیاں چلا کر ہلاک و زخمی کیا گیا۔ اور اب دھڑا دھڑ گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔ اور بیگناہ مسلمانوں کو بلا شہادت و بیان لئے ہوئے جیل بھیجا جا رہا ہے۔ جرمانہ کئے جا رہے ہیں۔ جو جائداد نیلام کر کے وصول کیا جا رہا ہے۔

مسلمانان الور کا دین و ایمان خطرہ میں ہے۔ گھر کے گھر بے یار و مددگار پڑے ہیں اور معصوم بچے بلک بلک کر بھوک و پیاس سے دم توڑ رہے ہیں۔

اٹھو اے فرزندان توحید! اپنی چار لاکھ برادران اسلام کی امداد کے لئے جان و مال سے تیار ہو جاؤ ورنہ وہ دن دور نہیں کہ ریاست الور میں مسلمانوں کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔

اٹھو کہ ناموس اسلام خطرہ میں ہے۔ اٹھو بیدار ہو جاؤ اور اپنی اسلامی ہمدردی کا عملی ثبوت دو کیا اس وقت میدان میں آؤ کے جبکہ الور کی سرزمین چار لاکھ فرزندان توحید کے خون ناحق سے سینچی جا چکے گی۔

اٹھو اور دنیا کو دکھا دو کہ ہیبت اسلامی ابھی مسلمانوں کے دلوں میں محفوظ ہے اور وہ کسی دنیاوی جبر و استبداد سے مرعوب نہیں ہو سکتے۔

اٹھو اور اسلام کو الور میں پھر زندہ کر کے دکھا دو۔

مظلوم مسلمانان الور

نائب صدر انجمن خادم الاسلام الور اسٹیٹ

سیرت محمد علی

بلوہ پونڈری ضلع کرنال کے مسلمانوں کی امداد
پسماندگان مقتولین و مجروحین کے لئے اپیل

جناب والا۔ آپ کو اخبارات و دیگر رسائل سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ قصبہ پونڈری میں ۳ رجون ۱۹۳۲ء کو ایک ایسا جانکاہ واقعہ پیش آیا ہے کہ جس سے ہر انسان کو بلا امتیاز مذہب و ملت کے سخت افسوس ہوتا ہے۔ پونڈری اور اس کے قرب و جوار کے ہمارے بعض ہندو بھائیوں نے بنام گور رکھشا ایک بلوہ برپا کیا ہے۔ اور اپنے نہتے اور پرامن مسلمان ہمسایوں پر سخت ظلم کیا ہے۔ تین مسلمان تو موقعہ ہی پر قتل ہو گئے اور بہت سے زخمی ہوئے۔ جو مسلمان زیادہ زخمی تھے وہ شفاخانہ میں داخل کئے گئے ان کی تعداد ۲۲ ہے جن میں سے چند مجروحین کی حالت تسلی بخش نہیں ہے مقتولین و مجروحین میں سے بعض ایسے تھے کہ وہی اپنی محنت و مزدوری سے اپنے کنبے کے کفیل تھے۔ بہت سے مسلمان مرد و عورتیں و بچے اپنے لواحقین کے انتقال کر جانے یا زخمی ہو جانے سے سخت مصیبت میں مبتلا ہیں۔ انجمن اسلامیہ کرنال نے ان مصیبت زدگان کی امداد کا کام اپنے ہاتھ میں لیا ہے اور مقامی اشخاص کے مشورہ سے حتی المقدور مستحقین کی امداد کا انتظام کیا جا رہا ہے موقعہ کی نزاکت اور فوری ضرورت کو ملحوظ رکھتے ہوئے آپ سے نہایت زور کے ساتھ یہ اپیل کیا جاتا ہے کہ آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہوں۔ اور حتی المقدور مالی امداد فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔ جو رقم آپ بمد امداد عنایت کرنا چاہیں وہ بنام مسٹر محمد ضیاء قریشی بی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی وکیل سکرٹری انجمن اسلامیہ کرنال ارسال کر کے مشکور فرماویں۔

پنجابی پبلک لائبریری کا جدید انتخاب

دریائے جمنا پر پیرا کی کا مقابلہ

منگلور میں بارش

صنعت و حرفت کیلئے ایک مسلم نوجوان کا سفر

بھوپال میں اخبار الجمعیۃ

ایک ریوالور پکڑا گیا

البیان فی علوم القرآن ۔ دارالاشاعۃ تفسیر حقانی

بے روزگاری کا آسان علاج ۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ ۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

مقویات سراج عالم ۔ وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اکسیرجات ۔ فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم ۔ مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یوپی ۔ محمد الطاف حسین بی۔ اے۔ علیگ

ایک منٹ آئس کریم مشین ۔ قیمت میں حیرت انگیز رعایت ۔ ایم۔ اے مجید بلیماران دہلی

ضرورت ہے ۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

معاون محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر ہلال احمد زبیری (بی اے)

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ - - -
ششماہی - - -
سہ ماہی - - -
ممالک غیر کے لئے
سالانہ - - -
ششماہی - - -
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ ہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

جلد ۱۶ | دہلی - یوم جمعہ ۲۶ صفر المظفر ۱۳۵۱ھ مطابق یکم جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۱

معاصرین کے افکار و آراء

حکومت برطانیہ سے مسلمانان ہند کے مطالبات (زمیندار)

۱- جمعیۃ العلمائے ہند کے تمام واجب الاحترام رہنماؤں کو جن کی پشت پر اسلامیان ہند کی مجموعی قوت صف آرا ہے فوراً رہا کر دیا جائے۔

۲- مجلس احرار کے تمام واجب العزت قائدین جو تحریک کشمیر کے سلسلہ میں اس وقت اسیر ہیں اور ان کے رفقائے کار کو جو قید و بند کی سختیاں جھیل رہے ہیں بلا تاخیر رہا کر دیا جائے۔

۳- تحریک کشمیر کے ... رفقائے کار کو جو خاموشی کے ساتھ قید فرنگ کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں یک قلم رہا کر دیا جائے۔

۴- خان عبد الغفار خاں اور ان کے تمام پیکر ایثار رفقا کو جو اسلام اور وطن کی محبت کی پاداش میں گرفتار زندان بلا ہیں۔ فوراً رہا کر کے تدبر و دور اندیشی کا ثبوت دیا جائے۔

۵- مسٹر میکڈانلڈ صدر اعظم برطانیہ یا ان کے نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ... ہندوستان آئیں اور دہلی میں ایک گول میز کانفرنس کے انعقاد کا اہتمام کریں جس میں نیشنل کانگریس اور مسلمانان ہند کے آراء و افکار کے صحیح ترجمانوں کو دعوت شرکت دی جائے اور پھر باہمی گفت و شنید سے کسر و انکسار اور افہام و تفہیم کے اصول کی بنا پر ان تمام عقدہ ہائے دشوار کی کشائش کی راہ نکالی جائے جنہوں نے ہندوستان جنت نشان کو آج کل مصائب و فتن کا ... بنا رکھا ہے۔

۶- ... ہندوستانیوں کی متفقہ جدوجہد سے منسوخ ہو چکا تھا اگر پھر جاری کر دیا گیا ہے اور ملک کی سچی آواز کو دبا رہا ہے۔ کتاب الآئین سے خارج کر دیا جائے۔

۷- تمام آرڈیننسوں پر جن سے قانون کے تصور کی بھی توہین ہوتی ہے معا خط تنسیخ کھینچ دیا جائے۔

۸- ملک کی زراعت پیشہ آبادی اقتصادی تباہ حالی کی پست ترین گہرائیوں میں گر چکی ہے۔ ...

مسلم کانفرنس کا "الٹیمیٹم" (ملت)

جہاں تک عام مسلمانوں کا تعلق ہے انہیں ان بزرگان ملت کی طرف سے کبھی کوئی غلط فہمی نہ تھی، اور انہوں نے ڈاکٹر شفاعت احمد خاں، چودھری ظفر اللہ خاں، سر محمد یعقوب، مسٹر غزنوی، علامہ اقبال، نواب سر عبد القیوم اور سر ذو الفقار علی خاں وغیرہ جیسے اکابرین اور ارکین مسلم کانفرنس سے کبھی بھی یہ توقع وابستہ نہیں کی تھی کہ وہ مسلمانوں کی خاطر حکومت سے عدم تعاون کریں گے اور کوئی "براہ راست کارروائی" اختیار کریں گے۔ لیکن یہ بالکل صحیح ہے کہ انہیں ایسی کیا مصیبت پڑی تھی کہ وہ عدم تعاون کی دھمکی دے، ڈالیں۔ یقیناً نہ صرف معاصر جمہور کو بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ عامۃ المسلمین کو یہ جائز حق حاصل ہے کہ وہ مسلم کانفرنس اور اس کے ان ارکین سے جنہوں نے متذکرہ بالا دھمکی کی تائید کی تھی سخت باز پرس کریں، کیونکہ یہ مسلمانوں کے قومی وقار کا سوال ہے اور ان کے اس جھوٹے الٹیمیٹم اور زبانی دھمکی سے مسلمانوں کے حقوق کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔ ...

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

خوزستان کی سرزمین میں ہرمزان اسلام کا داخلہ

ہرمزان کی شکست اور مدینہ میں آکر قبول اسلام

فرش خاک پر خلیفۃ المسلمین کی تلاش!

گزشتہ اشاعتوں میں بابل، مدائن اور قادسیہ کی فتح اور ... توحید کے طلوع ہونے کے حالات درج کئے جا چکے ہیں۔ اس سلسلہ میں جو واقعات ناظرین کرام کے سامنے پیش کئے گئے ان میں کا ہر واقعہ موجودہ مسلمانوں کیلئے درس عبرت اور مستقبل کی تعبیر کا ایک زبردست محرک ہے۔ ...

آپ کے سرکار کٹ کر قلعہ کے برج پر لٹکا دیا۔ معرکہ بڑے زور کا تھا لیکن اسلامی فوج قلعہ پر قبضہ نہ کر سکی تمام ہرمزان کی فوج کے ایک ہزار آدمی مارے گئے اور چھ سو کے قریب گرفتار کرلئے گئے جو حضرت فاروق اعظم کے حکم سے بعد میں رہا کر دئے گئے ...

شوستر کی فتح اور ہرمزان کی گرفتاری

آخر ایک روز ہرمزان کا ایک آدمی حضرت ابو موسیٰ اشعری کے پاس آیا اور اس نے آکر کہا کہ اگر آپ میری جان کو امان دیں تو میں تم کو ایک ایسا راستہ بتلاتا ہوں کہ چند گھنٹوں میں شہر فتح ہو جائے گا۔ ...

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔ پہلی کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اس میں احادیث درج ہیں جنہیں اعمال بد کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے ... دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اس میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنہیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے ...

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دار و مدار معدہ پر موقوف ہے اور "نمک جالینوس" جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے تمام معدہ کا واحد علاج ہے ... قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنہ محصول ڈاک بذمہ خریدار مجرب ادویات کی فہرست معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگائیے۔

المشتہر

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین بھٹیا ہی بھاگلپور

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو دیکھ کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ... علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی ...

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے، نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں، عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے، اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ... قسم دوم حنا شدہ ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم جمعہ ۲۶ صفر المظفر ۱۳۵۱ ہجری

ہندوستان کی آزادی کے متعلق مسلمانانِ ہند کا مطمح نظر

مسلم کانفرنس کے گمراہ کن پروپیگنڈا کا جواب

اراکین جمعیۃ علمائے ہند اور دیگر حریت پرور مسلمانوں کا بیان

اراکین جمعیۃ علمائے ہند اور ہندوستان کے دیگر سربرآوردہ مسلم زعماء کی جانب سے حسب ذیل اعلان اس بیان کے جواب میں شائع کیا گیا ہے جو خفیہ اور لندن میں ساتھ ساتھ بعض اراکین مسلم کانفرنس کے دستخطوں سے جاری ہوا ہے:-

...

مولانا شفیع داؤدی کا بیان

عذرِ گناہ بدتر از گناہ

(۲)

ہم نے گزشتہ اشاعت میں حج کے متعلق مسودات قانون کے خلاف مسلم رائے عامہ کے مظاہروں سے مولانا شفیع داؤدی کے تجاہل عارفانہ کا ذکر کرتے ہوئے یہ بتایا تھا کہ انہوں نے اپنے اس بیان میں جو پٹنہ کے اخبار اتحاد میں شائع ہوا تھا اور جسے خود انہوں نے ہمارے پاس بغرض اشاعت بھیجا ہے کس طرح اپنی صفائی پیش کرنے کی ناکام کوشش کی ہے ...

یہاں تک مسلم حقوق کی حفاظت کی ہے کہ مسلمین کے مسودہ قانون کو بھی قطعاً مسترد نہیں ہونے دیا ہے بلکہ وہ بھی ابھی تک قائم ہے۔ صرف چند دفعات زیر غور ہیں چنانچہ خود مولانا شفیع داؤدی لکھتے ہیں کہ

"مسلم بل کا نام بدل کر 'بلگرمس گائڈ بل' (مسودہ قانون متعلق رہنمایانِ حجاج) ..."

...

حادثہ جانکاہ

...

زعماء ملت کی اپیل

عوام الناس اور اخبارات سے خطاب

فرقہ وارانہ منافرت کے اندوہناک نتائج

مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا حسین احمد صاحب مدنی، ڈاکٹر سیف الدین کچلو، ملک برکت علی، مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب، مسٹر آصف علی، مولانا عارف ہسوی صاحب، مولانا عبدالباری صاحب فرنگی محلی، چودھری خلیق الزماں صاحب اور مسٹر عبدالرحمٰن صدیقی کے دستخطوں سے حسب ذیل اپیل بغرض اشاعت موصول ہوا ہے:-

ان لوگوں کے لئے جو ہندوستان کے باشندوں کو باہم متحد، طاقتور، خوشحال اور فارغ البال دیکھنا چاہتے ہیں ...

آور بالا راد ذکر کرائے سوالوں کی کمی نہیں ہے اور وہ اپنے کام میں مشغول ہیں کسی اخبار نویس یا مضمون نگار کے لئے یہ ایک ناقابل معافی گناہ ہے کہ وہ کسی معمولی سے اشتعال پر باہمی منافرت و معاندت کے راگ الاپنے شروع کردے۔

اخبار نویسوں کی ذمہ داری

ہم نہایت خلوص کے ساتھ ہر خیال اور ہر طبقہ کے اخبار نویسوں سے ...

...

عوام پر باہمی مخالفت کا اثر

...

جنون اور تعصب

...

تازیانۂ عبرت

...

ایسے حضرات جو معقول، پرامن اور خوش اخلاق ہیں ہمیں امید ہے کہ ہر شخص جس کا تعلق اس اپیل سے ہے فضا کو خوشگوار بنانے کی کوشش کریگا اور اگر اختلافی مسائل پر بحث کرنے کی ضرورت ہی ہوگی تو اپنی زبان و قلم کو قابو میں رکھے گا۔

خودساختہ لیڈروں کا دجل و فریب

دروغگو را تا بخانہ باید رسانید

(از مولانا حسرت موہانی)

کسی دوسری جگہ ۲۴ جون سے یکم جولائی تک ہفتہ دعا کا اعلان ملاحظہ طلب ہے۔ دعا کی اس تجویز میں اس بات کا اظہار بھی یقیناً مستور ہے کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے جلسہ اگزیکٹیو بورڈ میں جس کا انعقاد بمقام الہ آباد بتاریخ ۳ جولائی ۱۹۳۲ء طے پایا ہے، اس بات کی پوری کوشش کی جائے گی کہ مسلم کانفرنس کے سرکاری، نیم سرکاری اور معتدل غیر سرکاری ارکان اپنے اس آخری وعدہ سے منحرف نہ ہونے پائیں ...

بیشک دنیا پران حضرات کی حکومت پرستی کا دجل و فریب روز روشن کی طرح آشکار ہوجائے گا مگر وہ خود کبھی اپنی خطا کو تسلیم نہ کریں گے اور لوگوں کی آنکھوں میں خاک ڈال کر مولانا شوکت علی کی طرح یہی کہتے رہیں گے کہ حکومت نے اسلامی مطالبات ... منظور کرلیا ہے وہ روپے میں آٹھ آنے، دس آنے، بارہ آنے کے برابر ہے ...

...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

امریکہ، انگلستان اور ہالینڈ غرق ہوجائینگے

ملک معظم کے محل خاص میں مچھلیاں تیرتی پھریں گی

چالیس ہزار برس بعد آنے والے طوفان کی تباہ کاریاں

برطانیہ میں جو حال ہی میں طوفان آیا ہے اس نے سائنس دانوں کی توجہ کو اس وقت ہندول کرلیا ہے کہ دوسرا عظیم الشان طوفان کب آئے گا۔ یہ موضوع خاص طور پر توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ ایک سائنس دان کا خیال ہے کہ یہ عظیم طوفان تیس اور چالیس ہزار برس کے درمیان آئے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ برطانیہ کے تمام جزیرے زیر آب ہو جائیں گے اور صرف وہ حصے طوفان سے محفوظ رہیں گے جو بہت بلند ہونگے۔ ہالینڈ بالکل غرق ہوجائے گا اور بکنگھم محل اور ویسٹ منسٹر ایبے (جہاں ملک معظم قیام فرماتے ہیں) میں مچھلیاں تیرتی پھریں گی اور انگلستان سمندر کی لہروں میں ہوگا۔ ہمارا کا تحرا سمندر بن جائے گا۔

...

اوٹاوا کانفرنس میں برطانیہ کا مفاد

برطانیہ کو تجارتی منڈیوں کی تلاش ہے

جولائی میں دولت مشترکہ برطانیہ کے نمائندوں کا اوٹاوہ میں جمع ہونے والا ہے۔ اس اجتماع کا مقصد صرف سیاسیات ملکی ہی نہیں ہے بلکہ اس کے اصل باہمی تجارت پیش نظر ہے۔

...

ممالک متحدہ امریکہ اور دیگر ممالک تجارتی ترقی کے لئے دولت مشترکہ اقوام میں کیوں شامل نہیں ہو جاتے؟

شنگھائی اسکول کی دو لڑکیوں کو سرکاری تحفہ

موجودہ جنگ میں رضاکارانہ خدمات انجام دینے کا صلہ

شنگھائی اسکول کی دو لڑکیوں کو جاپان کے بحری محکمہ کی طرف سے چینی کی موجودہ جنگ میں رضاکارانہ خدمات پیش کرنے کے صلہ میں تحفے موصول ہوئے ہیں یہ تحفے ریشم کے ہیں جو ایک لکڑی کے خوبصورت صندوقچہ میں بند کرکے جاپانی پارلیمنٹ کے نائب صدر نے خود لڑکیوں کو دئے ہیں۔ جاپان کی بحری فوج کے کمانڈر کی طرف سے ان لڑکیوں کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ ان لڑکیوں نے خطرناک مواقع پر چہرہ اور جسم پر زخم کھاکر رضاکارانہ خدمات انجام دیں اور دوران جنگ میں نیلی جاکٹ پہنے رہیں۔ حالانکہ اور بہت سی اسکول کی لڑکیاں بھاگ کر جاپان چلی آئیں۔

پچاس ہزار برس کے انسانی ڈھانچوں کا انکشاف

مسٹر تھیوڈور میکاؤن نے (جو برٹش آثار قدیمہ کے ڈائرکٹر ہیں) فلسطین کے جنوبی حصہ میں کرمل ٹیلہ سے چند انسانی ڈھانچے برآمد کئے ہیں جن کے متعلق ان کا دعویٰ ہے کہ یہ انسان اس قوم سے تعلق رکھتے ہیں جو اب سے پچاس ہزار برس پہلے آباد تھی۔

آپ فرماتے ہیں کہ یہ ڈھانچے نینڈرتھل لوگوں سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ نینڈرتھل لوگ اب سے پانچ لاکھ برس پہلے آباد تھے جن کا دہانہ چوڑا، ناک پتلی، گردن گائے کی گردن کے مشابہ تھی۔

امریکہ اور برطانیہ کے بہت سے ماہرین آثار قدیمہ ان ڈھانچوں کی تحقیقات میں لگے ہوئے ہیں۔ ان ڈھانچوں میں ایک بچہ کا ڈھانچہ بھی ہے جس کے دماغ اور مختلف اعضاء کا خاص طور پر معائنہ ہو رہا ہے۔

حبش کا بادشاہ مسلمان سمجھ کر تخت سے اتار دیا گیا

"بمبئی کرانیکل" کا نامہ نگار عدن سے مطلع کرتا ہے کہ حبش کا سابق بادشاہ لجیاسو جسکو تخت سے اتار کر قید کر دیا گیا تھا، قید خانہ سے نکل کر بھاگ گیا اور گجام کے پہاڑ میں روپوش ہے۔ لجیاسو شاہ منلک دوم کا پوتا اور راس مخیل کا بیٹا ہے۔ ۱۹۱۶ء میں اسے تخت سے اتار دیا گیا کہ وہ ایک مسلمان کی طرح زندگی بسر کرتا تھا۔ ملکہ زودیتو نے تخت سنبھالا اور اس کے انتقال کے بعد راس تفاری تخت نشین ہوا۔ حالات جلد جلد منقلب ہو رہے ہیں۔

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

اسلام کے مستقبل پر ایک مغربی پروفیسر کے خیالات

عیسائیت کے تن نیم جان میں الحاد کا عنصریت

ممالک اسلامیہ میں حیات و ترقی کا نیا دور

ڈنمارک کی یونیورسٹی کے پروفیسر مسٹر فابردوان نے آج سے ایک سال پہلے اپنی یونیورسٹی میں "اسلام اور اسکا مستقبل" کے عنوان سے ایک لیکچر دیا تھا جو نہ صرف مسلمانوں میں بلکہ وسیع النظر اسلامی طبقوں میں بھی بڑی دلچسپی سے پڑھا گیا۔ یہ لیکچر پیرس میں انگریزی میں شائع ہوچکا ہے۔ مجلہ شہاب (قسطنطنیہ) نے اس لیکچر کو فرانسیسی سے عربی میں ترجمہ کرکے شائع کردیا ہے جس کا اردو ترجمہ تلخیصاً ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

اسلام کی غیر محسوس ترقی

...

موجودہ عیسائیت دہریت کا دوسرا نام ہے

...

مستقبل میں غلبۂ اسلام

...

اسلامی ممالک کی نشاۃ ثانیہ

...

حوادث و احکام

استفتاء

پنجاب کے دیہات میں اکثر جاہل و مشرک پیر گشت لگاتے رہتے ہیں اور لوگوں کے دین و ایمان پر ڈاکہ ڈالتے رہتے ہیں۔ ابھی چند دنوں کا واقعہ ہے کہ یہاں سے قریب ایک موضع سکوں ہے جس میں قلیل آبادی مسلمانوں کی بھی ہے اس میں ایک مسجد ہے اور ایک امام صاحب بھی مقرر ہیں۔ جو غیر سے پیری مریدی کا سلسلہ بھی رکھتے ہیں۔

الجواب

الجواب صحیح محمد کفایت اللہ غفرلہ

الجمعیۃ

دار الحکومت

منشی عبدالقدیر صاحب کی گرفتاری

یوم اسیران سیاسی کے پوسٹروں کی تلاش

دہلی ۲۹ جون۔ آج پولیس نے منشی عبدالقدیر مالک دوکان عبدالقدیر اخوان کے مکان پر ایک بجے چھاپہ مارا اور تلاشی لی۔ کہا جاتا ہے کہ منشی صاحب نے آئندہ یوم اسیران سیاسی کے سلسلہ میں ایک پوسٹر کفایت نام کے ایک کاتب کو لکھنے کے لئے دیا تھا۔

جنرل پوسٹ آفس میں دھماکا

ایک لفافہ کا مادہ آتشگیر پھٹ گیا

ڈاکٹر کچلو گرفتار کرلئے جائینگے؟

مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی رہائی

استقبال اور سپاسنامہ

دہلی میں لو سے اموات

سرحدی کونسل کا فیصلہ مسترد کردیا گیا

گورنر کے وسیع اختیارات کا کرشمہ

یورپ خود جنگ کا حامی ہے

مشرقی ممالک کو اسلحہ کی فراہمی

بمبئی کے ہندو مسلمانوں میں پھر خونریز فساد ہوگیا

مجمع کو منتشر کرنے کیلئے پولیس کو گولی چلانی پڑی

۴۵ اشخاص مجروح اور چار ہلاک

بمبئی ۲۹ جون۔ آج بمبئی میں پھر فرقہ وارانہ خونریز فساد ہوگیا۔ صبح سے ہی ہندو مسلمانوں میں جھگڑے کی آثار نظر آ رہے تھے۔

بمبئی میں امن و سکون کے بعد پھر ہنگامہ

دو مسلمان اور ایک یہودی کا قتل

تلاشیوں کے بعد خطرناک اسلحہ کی برآمدگی

خطرناک اسلحہ کی برآمد

دو کروڑ روپے کا نقصان

کربلا میں ایک لاکھ شیعہ مسلمانوں کا اجتماع

صحرائے عراق میں چار فرانسیسی افسروں کی گمشدگی

ایک افسر مردہ پایا گیا

علماء و زعماء کا بیان

(بسلسلہ صفحہ ۳)

حضرت مولانا نورالدین صاحب ڈکٹیٹر چہارم جمعیۃ علماء ہند کی اہلیہ محترمہ کا انتقال

مولانا عبداللطیف صاحب ڈکٹیٹر صوبہ یوپی کی گرفتاری

پروشیا میں یہودیوں کی جائداد ضبط

پارلیمنٹ میں صرف صوبجاتی خودمختاری کے متعلق بل پیش کیا جائیگا

فرقہ وارانہ فیصلہ میں تاخیر۔ وفاق ہند کا مسئلہ کھٹائی میں

لندن اور ہندوستان میں وزیر ہند اور وائسرائے کا اعلان

کل دارالعوام میں وزیر ہند سر سیموئل ہور نے وہ بیان سنا دیا جس کا تمام ہندوستان میں بے چینی سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ یہ بیان برطانیہ کی متفقہ پالیسی کے عین مطابق ہے جس پر متعجب ہونے کی بالکل ضرورت نہیں۔

ہندوستان کیلئے صرف صوبجاتی خودمختاری

تیسری گول میز کانفرنس رکاوٹ ہے!

مشاورتی کمیٹی کا انعقاد

فرقہ وارانہ فیصلہ کب ہوگا؟

تین جولائی کے بعد آرڈیننس دوبارہ نافذ ہونگے

حکومت نے مطمئن ہو کر یہ قدم اٹھایا ہے

دارالعوام میں وزیر ہند کے دلائل

فرقہ وارانہ مسئلہ ضرور طے ہوگا

مبہم اور مشکوک الفاظ کا ذخیرہ

وزیر ہند کا بیان بمبئی کرانیکل کی نظر میں

ٹائمز آف انڈیا کا تبصرہ

سوویٹ روس میں اشیاء کے نرخ بڑھانے کا نتیجہ

پانچ کو پھانسی اور بیس اشخاص کو قید سخت کی سزائیں

بلغاریہ کی ترکی آبادی کا قتل عام

چالیس لڑکیاں بھی قتل کردی گئیں

ایڈیٹر "شیر" رنگون کے خلاف مقدمہ

باغیانہ مضامین شائع کرنے کا الزام

ڈاک پر ڈاکہ کے مقدمہ کا فیصلہ

ملزمان کو طویل سزائیں

باردولی کے پٹیلوں کو انوکھی سزا

دیواروں سے کانگریسی پوسٹر اکھاڑو

شاردا ایکٹ کے ماتحت سزا

دس یوم قید اور پانچ سو روپیہ جرمانہ

سابق شاہ امان اللہ خاں کی خودنوشت سوانح عمری

روسی گورنمنٹ طباعت کا انتظام کریگی

امریکہ کی اقتصادی تباہی

۳۰ بنک بند ہوگئے

ڈھاکہ میں انقلابیوں کا ایک مجسٹریٹ پر حملہ

اسپیشل مجسٹریٹ کو گولی مار کر ہلاک کردیا

متوفی کے سینہ اور پیٹ میں گولیاں لگیں

سیام میں آئینی حکومت کا قیام

بادشاہ کو مجبور کردیا گیا

گول میز کمیٹیوں سے سر سپرو کا استعفیٰ

مسلم کانفرنس والوں کو ایک اور بہانہ ہاتھ آگیا

سر اقبال اور شفیع داؤدی کے نام تار

کانفرنس کا اجلاس ملتوی کیجئے

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر کی رہائی

رہائی کے بعد نوٹس کی تعمیل

صرف آسام میں ۱۲۵ گرفتاریاں

جب تک دنیا میں اس مسافر خانہ کا وجود ہے۔ اس لئے مسلمانان دہلی سے قومی امید ہے کہ اس کار خیر کی طرف ضرور توجہ مبذول فرمائیں گے۔ اللہ تعالےٰ آپ کے اس عمل کو باقیات صالحات میں شمار کرے گا اور مسافر آپ کو دعا خیر سے یاد کریں گے۔

ایم احمد حسین قریشی
مہتمم سابق اسلامیہ مسافر خانہ بالمقابل حکیم محمد اجمل خان دہلی

دہلی میں اسلامیہ مسافرخانہ کی ضرورت

مسلمانان دہلی کی توجہ کے قابل

خاکسار نے (الدال علی الخیر کفاعلہ) کے مصداق قوم کو توجہ دلانا اپنا مذہبی اور انسانی فرض سمجھکر اس اعلان کو شائع کرنے کی جرأت کی ہے امید ہے

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

طلبہ و طالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک یونانی طبی کالج قرولباغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئیے ہمارا اپنا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہم نے بصرف زر کثیر ایک کامل اصل ورسو ای اکمل سے اس شرح کو لکھوایا ہے جس میں اول مثنوی کا شعر ... پھر ترجمہ ... ہر شعر کے مطلب کو قرآن و حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کے حوالہ جات سے مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے اور مثنوی کے رموز و نکات کو حل کرنے کے لئے جا بجا مفصل بحث کی گئی ہے۔

اڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ

قیمت حصہ اول مجلد دو روپے آٹھ آنہ ... حصہ دوم ... حصہ سوم ... حصہ چہارم ... حصہ پنجم ... پانچوں حصوں کو اکٹھا خریدنے پر سوانح مولانا روم از شبلی اور مثنوی ... مفت (نوٹ) پسند نہ آنے کی صورت میں قیمت واپس علاوہ ازیں ہر قسم قرآن مجید و حمائل ... ہمارے کتب خانہ سے مل سکتی ہیں۔

ملنے کا پتہ
محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی (۶۸) کشمیری بازار لاہور

ٹینسی کٹ پیس رعایتی نرخوں پر

۱	ڈوریہ سفید برائے قمیض نہایت اعلےٰ ... پونڈ ساڑھے پانچ گز	
۲	پاپلین رنگین ...	
۳	ٹینسی چھینٹ پھول دار ...	
۴	دائل ...	
۵	...	

منیجر کٹ پیس ٹینسی مرچنٹ رنچھوڑ لائن کراچی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یوپی

۹ جولائی سے کھلے گا۔ ... ڈرائنگ اور کامرس کی تعلیم کا انتظام ... داخلہ و قواعد کی درخواستیں ...

محمد الطاف حسین بی۔ اے۔ علیگ (ہیڈ ماسٹر)

ایک منٹ آئس کریم مشین

قیمت میں حیرت انگیز رعایت

عالی جناب اڈیٹر صاحب الجمعیۃ کی رائے

لہذا فرمائش بھیجنے میں عجلت سے کام لیں

ایم۔ اے۔ مجید۔ بلیماران دہلی

الکٹرک سلیوشن

طاقت کی بے نظیر دوا

الکٹرک آئیل ELETRICOIL

ملنے کا پتہ فیض عالم شفاخانہ انبالہ (پنجاب)

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرا پن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہنچتی ہے۔ ہزار ہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

نیٹ بہرا پن کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (۱۴)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)



قومی مذہبی دار العلوم کی تعمیر

اجمیر شریف میں ایسا کوئی ادارہ نہیں جس کا مخصوص ذاتی مکان نہ ہو لیکن جس شرف سے یہ ادارہ محروم ہے جس کی مذہب کی رو سے سب سے زیادہ ضرورت ہے یعنی عربی دار العلوم اجمیر شریف کہ تقریباً پندرہ سال سے اجمیر شریف میں قائم ہے ...

یادگار مدرسہ کی صورت میں قائم ہو جائے گی اور ممکن ہے کہ یہ سب سے زیادہ پائیدار اور بافیض ہو۔

(حضرۃ العلامہ مولانا) معین الدین (صاحب) اجمیری
دفوٹ از سیل زر بنام سکریٹری دار العلوم (حنفیہ صوفیہ) اجمیر شریف کے پتہ سے ہونی چاہئیے۔

مسودات حج کے خلاف احتجاج

انجمن اشاعت اسلام کا یہ جلسہ بصدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا مولوی مفتی محمد یسین صاحب مہتمم مدرسہ اشاعت العلوم بریلی ہر سہ گانہ مسودات حج کو ناقابل قبول و برداشت خیال کرتے ہوئے اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور جمعیت علماء ہند کی مجلس منتظمہ منعقدہ مراد آباد کی پرزور تائید کرتا ہے اور مسلمانان ہند سے عموماً اور مسلم ممبران اسمبلی و کونسل آف اسٹیٹ سے خصوصاً اپیل کرتا ہے کہ مسودات مذکورہ کی بحالت موجودہ تائید نہ کریں اور مذہبی احکام کا احترام کرتے ہوئے بغیر استصواب و مشورہ علماء دین تصدیق نہ فرمائیں۔

محمد عبد العزیز مدرس مدرسہ اشاعت العلوم

در بھنگہ۔ جمعیۃ الطلبہ کا یہ جلسہ تجاویز طے کردہ جمعیۃ علمائے ہند منعقدہ مراد آباد درباره قوانین معطین حجاج و رپورٹ حج کمیٹی و حجاز ریلوے کمیٹی کی تائید و توثیق کرتا ہے ... جلسہ مسلمانان در بھنگہ منعقدہ ۱۰ جون جو بصدارت جناب مولانا حکیم عبد العزیز صاحب ...

محمد زکریا مجبوری عفا اللہ عنہ

قضیہ رام گڈھ کے طے کرنے میں مسلمانوں کی پیشقدمی

ایک مسلم ملاح کی گرفتاری

بجلی کا کام سیکھنے والو

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

اور سیہ کا کام سیکھنا ہو تو جگت جیت بروڈ انجینیرنگ کالج لودھیانہ سے بہتر ہندوستان بھر میں کوئی پرائیویٹ درسگاہ نہیں سکول و کالج مذکورہ بالا میں ہر قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔

نیجر

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

اگر آپ کو الجمعیۃ کے ساتھ حقیقی ہمدردی ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا اخبار زیادہ سے زیادہ ترقی کرے تو دیکھئیے کہ آپ کے شہر یا قصبہ میں "الجمعیۃ" کو فروخت کرنے والا کوئی ایجنٹ ہے یا نہیں اگر کوئی صاحب ایجنٹ ہیں تو ان سے تاکید کیجئیے کہ وہ "الجمعیۃ" کو زیادہ سے زیادہ فروخت کرنے کی کوشش کریں اس سلسلہ میں آپ ان کی جو مدد کر سکتے ہیں ضرور کیجئے اگر ... الجمعیۃ کی ایجنسی ہے تو کسی محنتی اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی لینے پر آمادہ کریں اس طرح آپ اپنے اخبار کی بھی خدمت انجام دیں گے اور ایک صاحب حاجت کی معاش کا ذریعہ بھی آپ کی وجہ سے پیدا ہو جائیگا شرائط ایجنسی ذیل کے پتہ سے طلب کر سکتے ہیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

شربت اکسیر

بال جڑ سے کالا

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا

ایک مہینہ میں انگریزی آجائیگی

مقویات سراج عالم

حلفیہ بیان کا مطالب

بے روزگاری کا آسان علاج

معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضرورت کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کریں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

محبوب عاشق کے قدموں پر

عملیات الوہی فرشتہ غیب

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ ... شش ماہی ... سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے

سالانہ ... شش ماہی ...

نمونہ مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ...

نصف صفحہ (") ...

ایک کالم (") ...

½ کالم (") ...

¼ کالم (") ...

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی ۔ اے)

معاون

محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ | دہلی ۔ یوم سہ شنبہ ۳۰ صفر المظفر ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۲

معاصرین کے افکار و آراء

سود اور مولوی محمد شفیع داؤدی

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

انسانی عظمت و کمالات کا مظہر اتم

ایسٹ انڈیا کارپوریشن

مسلمانوں کیلئے ایک لمحہ فکریہ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد، عورت، بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg Co. (India) P. Box 88. Karachi.

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدرآباد دکن، جھنگ، آباد، ناگپور، جھانسی، علی گڈھ، اٹاوہ، فرخ آباد، فتحپور، ایٹہ، کانپور، اعظم گڈھ، فیض آباد، بلیا، آرہ، بہرائچ، بریلی، لکھنؤ، شاہجہانپور۔ شرائط ایجنسی فوراً طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

اکسیر جذام

یہ وہ عطیہ فقیر ہے جو ہزاروں پر تجربہ کر کے بخیال فائدہ عام کے اشتہار دیا ہے جذام کوڑھ جو صاحب اس ناپاک مرض میں مبتلا ہو گئے ہوں ہمارے سے دوا طلب کر کے کھائیں چار چھ مہینہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے اگر بیماری بالکل آیا ہے تو ہفتہ عشرہ میں سوتھ لگ جاتا ہے قیمت دوا ایک ماہ کیلئے چار روپیہ (للعہ)

بواسیر و ذیابیطس

کی دوا کچھ دنوں تک مفت محصول ڈاک و پیکنگ کے لئے ۸ روانہ کریں یا ویلیو پی طلب فرمائیں۔

حافظ اقبال حسین بھیٹیاہی بھاگل پور

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کر کے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں انہیں ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث جمع ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۴۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ دیا گیا ہے۔ کاغذ چکنا، سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے مسلمان گھروں میں ان کتابوں کا رہنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک تیار نہیں ہوا ابہت تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آئندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کیلئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کر کے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے ہندوستان کے نامور بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔

قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے ہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرمایا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عاہر

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گران معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔ نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے، اعراب زیر، زبر، پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زرین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہر) مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ سے قسم دوم حنا شدہ عار علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸ر چرم عہر

منیجر اخبار الجمعیۃ بلیماران دہلی

اسلامی ممالک کی خبریں

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

افغانستان میں ترک چاء نوشی کی تحریک

سرکاری افسران اور دیگر چار صد اشخاص کا عہد

جریدہ "اتفاق اسلام" ہرات اطلاع دیتا ہے کہ افغانستان میں ترک چاء نوشی کی تحریک کامیاب ہو رہی ہے اور ڈاکٹر آقائے امام الدین خاں کی سعی بار آور ہو رہی ہے ہرات اور دیگر مقامات کے سربر آوردہ حضرات سے ڈاکٹر صاحب نے چاء کے مضار پر مفصل گفتگو کی اور اس کے مضرات کو ان کے ذہن نشین کرایا جس کا اثر یہ ہوا کہ بہت سے لوگوں نے ترک چاء نوشی کے عہد نامہ پر دستخط کر دئے اور آئندہ ترک چاء کا وعدہ فرمایا۔ چنانچہ نائب سالار اور دیگر سرکاری عہدیداران نے نہ صرف خود ترک چاء کا وعدہ فرمایا بلکہ یہ فرض بھی اپنے ذمہ لے لیا کہ وہ ترک چاء کی سعی میں حتی الامکان کوشش کرتے رہیں گے۔ اس وقت پر مطبوعہ عہد نامہ پر چار سو اشخاص نے ترک چاء نوشی کے سلسلہ میں دستخط کر دئے ہیں آئندہ مزید توقع ہے۔

افغانستان میں ایک عجیب الخلقت بچہ

دو سر چار ہاتھ چار پیر

جریدہ اتحاد مشرقی ... کہ قریہ ... میں ایک شخص سلطان کے گھر میں ایک عجیب و غریب بچہ پیدا ہوا ہے۔ بچے کے دو سر چار ہاتھ اور چار پیر ہیں۔ اب تک اس کی پیدائش کو چھ روز ہو چکے ہیں ... زیادہ تعجب اور حیرانی کی بات یہ ہے کہ اگر ایک سر والا دودھ نوش کرتا ہے تو دوسرا سر ... اسی طرح ایک منہ سے گریہ کرتا ہے تو دوسرا ... دونوں سر ایک وقت متاثر نہیں ہوتے ... اگرچہ جسم ایک ہے ... بیک وقت دونوں سر جدا کاموں میں مشغول رہتے ہیں ...

ملک معظم کی سالگرہ کی تقریب

شاہ نادر خاں کا برقیہ

ذیل کا تار اعلیٰ حضرت نادر شاہ غازی نے ملک معظم جارج خامس کی خدمت میں تقریب جشن ولادت ارسال فرمایا ہے:۔

"میں جشن ولادت کی خوشی میں اعلیٰ حضرت کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور صحت و عافیت کا خواستگار ہوں۔"

ملک معظم کی طرف سے اس کا حسب ذیل جواب موصول ہوا ہے:۔

"یوم سالگرہ کے موقعہ پر آپ کا برقیہ موصول ہوا جس کو پڑھ کر کمال مسرت حاصل ہوئی ... آپ کی عنایات کا ممنون ہوں۔ میری جانب سے ہدیہ تشکر قبول فرمائیے۔"

علم حشرات الارض کی بین الملی کانفرنس

حکومت مصر کے نمائندوں کی شرکت

علم حشرات کی بین الملی کانفرنس کا پانچواں اجلاس بماہ جولائی پیرس میں منعقد ہوگا۔ اس کانفرنس میں جو اہم مباحث پیش آئیں گے ان کے پیش نظر حکومت مصر بھی اپنے نمائندے بھیجے گی ... مصری حکومت ... نمائندہ وزارت زراعت اور پروفیسر عبدالمجید ... کو کانفرنس کی شرکت کے لئے روانہ کرے۔

اس کانفرنس میں حکومت مصر کی جانب سے یہ تجویز پیش ہوگی کہ اس کا آئندہ اجلاس مصر میں منعقد کیا جائے۔ اس کانفرنس میں شہد کی مکھیوں اور کرم پیلہ کے متعلق اہم بحثیں ہوں گی۔

کابل میں مادہ آتش گیر پھٹ گیا

مکان کی چھت منہدم، چار اشخاص ہلاک اور ۵ مجروح

دوشنبہ ۱۳ تاریخ کو ... جان محمد خان ... کے مکان میں ایک صندوق پھٹ گیا جس سے مکان کی دیوار اور چھت بالکل منہدم ہوگئی اور چار اشخاص ہلاک اور پانچ مجروح ہوئے۔ صندوق میں ... بم رکھے ہوئے تھے۔ اتفاق سے صندوق میں کسی وجہ سے مادہ آتشگیر کو آگ لگ گئی اور تمام بم فوراً پھٹ گئے۔

علی نگار اور علی تنگ کے درمیان ٹیلیفون

حال میں ٹیلیفون کی ایک جدید لائن مرکز حکومت ... حکومت افغان سے علی نگار اور علی تنگ کی تعمیر ہو گئی ہے اس کے علاوہ دیگر مقامات میں بھی ٹیلیفون اور بجلی کے تار نصب کئے جا رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک سال میں افغانستان کے تمام مرکزوں میں بجلی اور ٹیلیفون کے تار کا جال بچھ جائے گا۔

(بسلسلہ صفحہ اول)

قیصر۔ پیغمبر کبھی وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ یہ پیغمبر تم کو کیا سکھاتا ہے؟
ابو سفیان۔ کہتا ہے کہ صرف خدا کی عبادت کرو، کسی اور کو اس کا شریک نہ بناؤ۔ نماز پڑھو، عفیف اور پارسا ہو، قتل نہ کرو، صلہ رحمی کرو۔
قیصر۔ اگر وہ ... ہو جائے گا ...

انگریزی اخبارات کی آراء

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

دنیا کی تمام حکومتوں کا دیوالہ

برطانیہ۔ امریکہ۔ جرمنی۔ فرانس اور جاپان کو مالی خسارہ

دول عالم کو کس طرح نجات مل سکتی ہے؟

آج کل تمام دنیا کی حکومتوں کو مالی بحران نے بہت پریشان کر رکھا ہے اور کوئی ملک ایسا نہیں جو مالی نقصانات سے محفوظ رہا ہو۔ موجودہ وقت میں ہر ایک حکومت اس کوشش میں ہے کہ اس کے سالانہ میزانیہ میں توازن قائم ہو جائے اور مزید نقصانات سے اسے دوچار نہ ہونا پڑے۔ ذیل میں معاصر "ابزرور" کے ایک مضمون کا ترجمہ درج کیا جاتا ہے جس سے دنیا کی تمام حکومتوں کی مالی حالت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

برطانیہ کو ۴۷ کروڑ پونڈ کا خسارہ

امریکہ کو ... کا نقصان

فرانس کا مالی بجٹ

جرمنی کی مالی تباہی

جاپان ...

کناڈا کی حالت زار

افغانستان میں ایرانی سفیر کا ورود

چار آرڈیننسوں کا ایک مجموعی آرڈیننس نافذ کر دیا گیا

پریس آرڈیننس کے اختیارات تمام صوبوں پر محیط ہونگے

مقامی حکومتوں کے اعلانات

شملہ ۳۰ جون ۳۰ جولائی کو جو چار آرڈیننس ختم ہو رہے ہیں ان کو ملا کر ایک مجموعی آرڈیننس جاری کر دیا گیا ہے جس کا نام آرڈیننس اختیارات خصوصی ہے۔

"آرڈیننس اختیارات خصوصی" میں ان آرڈیننسوں کے اکثر اختیارات شامل ہیں جو آج کل نافذ العمل ہیں مثلاً آرڈیننس اختیارات ہنگامی آرڈیننس ترغیب خلاف آئین آرڈیننس انجمن ہائے خلاف آئین اور آرڈیننس مقاطعہ و احتساب۔

ترمیم و اضافہ

اس موجودہ آرڈیننس میں ہنگامی اختیارات کے آرڈیننس کے بعض اختیارات موجود نہیں ہیں۔ یہ اختیارات عام استعمال کی اشیاء پر ضبط قائم کرنے (دفعہ ۸ آرڈیننس اختیارات ہنگامی) جائداد منقولہ پر قبضہ کرنے (دفعہ ۹ آرڈیننس اختیارات ہنگامی) ...

ماتحت حاصل ہیں۔ ان چار اضلاع سے خارج کر رہا ہے جن میں وہ آج کل موجود ہیں، صوبہ دہلی میں ایسے متعدد اختیارات ترک کئے جا رہے ہیں جو موجودہ ہنگامی آرڈیننس کے ماتحت حاصل ہیں، صوبہ مدراس کے تین اضلاع میں ان اختیارات کو چھوڑ رہا ہے جو خلاف آئین ترغیب کے آرڈیننس سے حاصل ہوئے ہیں، صوبہ بمبئی مقاطعہ کے آرڈیننس سے حاصل شدہ اختیارات کو بیس اضلاع میں نافذ العمل قرار نہیں دے رہا ہے، صوبہ بنگال دس اضلاع کو، صوبہ متحدہ ۲۶ اضلاع کو اور پنجاب سترہ اضلاع کو تمام اختیارات سے پاک کر رہا ہے بہار و اڑیسہ میں بعض اختیارات پانچ اضلاع سے مفقود ہو رہے ہیں اور آسام پانچ اضلاع میں مقاطعہ کے آرڈیننس کے اختیارات ترک کر رہا ہے ...

صوبہ متحدہ

بنگال

آل انڈیا اختیارات

صوبہ وار اختیارات

مدراس

دہلی

مختلف صوبوں میں نفاذ

ضروری گزارش

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۳۰ صفر المظفر ۱۳۵۱ ہجری

ہندوستان کے ساتھ برطانیہ کا خلف عہد

وزیر ہند سر سیموئل ہور کا تازہ بیان

سر سیموئل ہور وزیر ہند نے ۲۷ جون کو دارالعوام میں ہندوستان کے متعلق جو بیان پیش کیا ہے وہ موجودہ سیاسیات عالم میں ایک نہایت عبرت انگیز اور سبق آموز ستاویز ہے۔ دنیا کا مورخ جب مستقبل میں ہندوستان کی تاریخ مدون کرے گا اور دور حاضر کے واقعات و حالات پوری تفصیلات کے ساتھ صفحہ قرطاس پر ثبت کئے جائیں گے ...

اور صوبجاتی مجالس مقننہ پر عائد کی جائے گی۔ ہاں البتہ مرکز میں بعض ایسے تحفظات رکھے جائیں گے جو مخصوص حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے ضروری ہونگے۔ سوال "مرکز میں ذمہ داری" کا نہ رہا تھا کیونکہ وہ ایک طے شدہ چیز تھی صرف تحفظات کا مسئلہ باقی رہ گیا تھا۔ ان تحفظات کی نوعیت و صورت بھی بیان کر دی گئی تھی ...

توثیق و تصدیق

وزیر اعظم کا اعلان

خط نسخ

مرکزی ذمہ داری کے صریح وعدے

امید واروں کی مایوسی

پھر وہی جنگ زرگری

نیا آرڈیننس

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

دارالحکومت

دہلی میں متعدد اشخاص پر نوٹسوں کی تعمیل

نوٹسوں کی میعاد میں مزید توسیع

دہلی ۲ر جولائی۔ جناب مولوی محمد شفیع صاحب سر دفتر جمعیۃ علماء ہند کے نام چیف کمشنر دہلی کی طرف سے حسب ذیل نوٹس موصول ہوا ہے۔ "آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ ۲۴ر مارچ ۱۹۳۲ء کو ہنگامی اختیارات کے آرڈیننس کی دفعہ ۴ کے ماتحت جو نوٹس دیا گیا تھا اور جس میں یہ الفاظ تھے "جب تک کہ آرڈیننس ختم نہ ہو جائے" سوا ان الفاظ قلم زد کر دئے گئے ہیں۔ مندرجہ بالا حکم دوسرے نوٹس تک برابر جاری رہے گا۔"

ڈاکٹر سیف الدین کچلو پر نوٹس کی تعمیل

پنجاب کے سات اضلاع میں داخلہ کی ممانعت

ڈاکٹر کچلو کی کوٹھی پر پہرہ

نامزد صدر کی نقل و حرکت کی نگرانی

دہلی ۳۰ر جون۔ معلوم ہوا ہے کہ جس روز ڈاکٹر کچلو انڈین نیشنل کانگریس کے صدر نامزد کئے گئے ہیں خفیہ پولیس کا پہرہ آپ کی کوٹھی پر لگا دیا گیا ہے اور آپ کی نقل و حرکت کی نگہداشت کی جا رہی ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب عنقریب مقدمہ سازش دہلی کی پیروی سے سبکدوش ہو جائیں گے اور کانگریس کی سرگرمیوں کی طرف متوجہ ہوں گے۔

حوادث و احکام

(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۴)

جیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ۔ دہلی

بمبئی میں ہنگامہ کو روکنے کے لئے مارشل لار کا نفاذ؟

مجمع کو منتشر کرنے کیلئے پولیس نے تین بار گولی چلائی

۱۳ افراد ہلاک اور ۱۰۰ مجروح

بمبئی یکم جولائی۔ بمبئی میں فرقہ وارانہ جنگ نے اب خطرناک صورت اختیار کر لی ہے آج صبح سے پولیس تین بار گولی چلا چکی ہے۔ آج نل بازار، محمد علی روڈ ورنل بازار میں تین ہندوؤں کو چھرے سے زخمی کیا گیا۔ کامتی پورہ میں فریقین نے خشت باری کی ان کو منتشر کرنے کے لئے پولیس گولی چلانے پر مجبور ہو گئی۔ لیکن کوئی شخص مجروح نہیں ہوا ہے البتہ خشت باری سے آٹھ اشخاص مجروح ہوئے۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بمبئی میں فرقہ وارانہ جنگ نے جو نازک صورت اختیار کر لی ہے جان و مال کا عظیم نقصان ہو رہا ہے اور شورش پسند عناصر نے شہر کو برباد کرنے کا تہیہ کر لیا ہے اس کے پیش نظر شہری حکام فوجی حکام سے چند یوم کے واسطے مارشل لار جاری کرنے کے مسئلہ پر مشورہ کر رہے ہیں۔

گائے بھینسوں پر پانچ روپیہ سالانہ ٹیکس

دہلی سے طوائفوں کے اخراج کا مسئلہ

۲۴ گھنٹہ میں ۳۲ اموات

دہلی جیل سے سرخپوشوں کی رہائی

مسلم کانفرنس سے مولانا شفیع داؤدی کا استعفا

مستعفی ہونیکے اسباب

مسلم کانفرنس کے التواء کی مخالفت

سر اقبال کے نام مولانا حسرت کا تار

مسلم کانفرنس سے شاہ مسعود احمد صاحب کا استعفیٰ

میرپور میں ہندوؤں کی شورش

جلوس کا مظاہرہ اور گرفتاریاں

مسٹر ڈگلس کے قاتل کو پھانسی کی سزا

ملزم کی طرف سے اپیل دائر کر دی گئی

مشاورتی کمیٹی میں گاندھی جی کی شرکت

جیل میں گاندھی جی کو دعوت دی جائیگی

ایک مسلم جنازہ پر ہندوؤں کا حملہ

پولیس کی گولیوں سے ایک ہندو اور تین مسلمان ہلاک

بمبئی میں پھر ہنگامہ

بمبئی یکم جولائی۔ کل دوپہر تک شہر میں امن و امان رہا لیکن شام کے وقت فضا پھر مکدر ہو گئی۔ ہندو غنڈوں نے مسلمانوں کی ایک جماعت پر جبکہ جنازہ کو دفن کر کے رام دیوی اندکا لبا دیوی کے چولا ہے سے گزر رہا تھا۔ پتھر اور سوڈا واٹر کی بوتلوں سے حملہ کر دیا جس سے تقریباً نصف درجن مسلمان مجروح ہوگئے۔ پولیس بھی فوراً موقع پر جا پہنچی۔ اس نے فسادیوں کو منتشر کر دیا اور صورت حالات پر جلدی قابو پا لیا لیکن قریبی محلوں میں اب بھی خوف و ہراس کا عالم ہے۔

بمبئی میں کپڑے کا مارکیٹ بند

پولیس کمشنر کے حکم کے خلاف احتجاج

جاپان ہندوستان کی منڈیوں پر قبضہ کررہا ہے

جاپانی مال کے محصول میں اضافہ کیا جائے

وائرلیس کے مقدمہ کی سماعت

جعلی سکے بنانے کا الزام

اپنے ساتھ بیوی کو غرق کرنے کی کوشش

کھیڑہ میں چار سو اشخاص کی گرفتاری

سیاسی کانفرنس منعقد کرنے کی سعی

جیل سے نظر بندوں کا فرار

اقتصادی مشکلات کا حل صرف ملکی مصنوعات کی ترقی میں ہے

حکومت افغانستان کا نتیجہ خیز اعلان

پشاور ۳ر جولائی۔ افغانستان کی حکومت نے مندرجہ ذیل اعلان کیا ہے: "آج کل سب سے بڑا مسئلہ جس نے تمام عالم کی توجہ اپنی طرف مبذول کر رکھی ہے اقتصادی کساد بازاری اور توازن معاش ہے۔"

مقدمہ سازش کراچی کا فیصلہ

سات ملزمان کو قید سخت کی سزا

مصر میں کامل آزادی کیلئے جدوجہد

برطانیہ سے تصفیہ کی گفتگو کرنے کی تحریک

گاندھی جی سے مسٹر ایمرسن کی ملاقات

چار دن تک مصالحت کی گفتگو

خطوط میں آگ لگانے والوں کی تلاش

ایک سو روپے کا اعلان

گرفتار کرانے والے کو دس ہزار روپیہ انعام

اسلحہ خانہ چاٹگاؤں پر حملہ کرنیوالے کی تلاش

والدہ اور بیوی کے قاتل کو سزائے موت

ساس بہو کی لڑائی کا خطرناک نتیجہ

ڈاکوؤں کے ہاتھوں نمبردار کا قتل

بندوق اور کارتوس لے کر فرار ہوگئے

ہندوستانی مفکرین کو مسٹر چرچل کا عطیہ

گول میز کانفرنس کی موت پر سجدہ شکر

اسپیشل مجسٹریٹ کے قتل کے سلسلہ میں خانہ تلاشی

ریوالور اور کارتوسوں کی برآمد

لوزان کانفرنس کو ناکام بنانے والے

ایک برطانوی مدبر کا بیان

بہڑوچ میں سیاسی کانفرنس کا انعقاد

دو سو سے زائد نمائندے گرفتار

بیت المقدس میں دو برطانوی باشندوں پر حملہ

خاوند زخمی اور بیوی ہلاک

فادر ایلون کو انگلستان جانیکی اجازت

برطانیہ کی طرف سے آئرلینڈ کی بغاوت کا رد عمل

آئرلینڈ کی مصنوعات پر انگلستان نے بحری محاصل لگا دئے

ڈی ویلرا موثر جواب سوچ رہے ہیں

ڈبلن یکم جولائی۔ آئرلینڈ کی آزاد حکومت نے مالگذاری میں سے برطانوی حصہ کی ادائی کا جو انکار کیا تھا اسے ناکام کرنے کی غرض سے حکومت برطانیہ نے آئرلینڈ کی مصنوعات پر جو بحری محصول عائد کیا ہے اس سے آئرلینڈ کے زرعی اور اقتصادی حلقوں میں بڑی ہلچل مچ گئی ہے۔

روس کے تیل کا بین الاقوامی بائیکاٹ

پیرس میں تیل کی کمپنیوں کا مخفی اجلاس

طول و عرض ہند میں گرفتاریاں اور سزایابیاں

کانگریس کی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے حکومت کی تدابیر

مختلف صوبوں کے متعلق تازہ ترین اطلاعات

لوزان میں وزیر اعظم برطانیہ کی مساعی

جرمنی کو ادائے قرضہ پر آمادہ کرنے کی کوشش

ہندوستان سے ۴۴ کروڑ روپے کا مطالبہ

جنگ عمومی میں ہندوستان کی خدمات کا صلہ

عراق میں عہد قدیم کے دو مجسموں کی برآمد

مجسموں کا سرقہ اور پولیس کی تفتیش

جرمنی میں شخصی حکومت کے قیام کیلئے جدوجہد

مارشل ہنڈن برگ کی علیحدگی کا امکان

سر آغا خاں جہاز تیار کرا رہے ہیں

جہاز پر پانچ لاکھ پونڈ کا صرفہ

کانگریس کے "مخفی غار" پر پولیس کا چھاپہ

ریاستہائے ہند کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ پر دستخط

امریکہ نے شراب کے جواز کا قانون پاس کر دیا

ازالۂ غلط فہمی!

ہندوستان کے مشہور و مقبول ترین و ہر دلعزیز ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

نے اپنے چھبیس سالہ دور زندگی میں اپنے اسم بامسمیٰ ہونے کا جو عملی ثبوت دیا ہے اور اپنے اعلیٰ نصب العین کی بنا پر ملک و قوم و فن شریف کی جو بہترین خدمات انجام دی ہیں۔ اور راستی حسن معاملگی و صداقت شعاری و ایمانداری کی بنا پر جو حسن قبول حاصل کیا ہے اور تدریج سے ترقی طے کر کے بحمد للہ آج جس درجہ کمال پر پہنچ گیا ہے اور اپنے زرین اصولوں کی بنا پر جو مجیر العقول شہرت و مقبولیت حاصل کی ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔ ضرورت تھی کہ ہمدرد دواخانے کے اعلیٰ اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ملک و فن کی خدمت کی جاتی لیکن نہایت افسوس کے ساتھ دیکھا جاتا ہے کہ بہت سے غیر ذمہ دار دوافروشوں نے کورانہ تقلید کے طور پر ہمدرد دواخانہ کی نیک نامی و مقبولیت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی غرض سے اس کی ہر ہر چیز کی نقل ہی کر لینے کو کافی دھرم دری سمجھا ہے اور طرح طرح سے پبلک کو مغالطہ میں ڈالنے کی اور ہمدرد دواخانہ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جاتی ہے جس کی بنا پر بے شمار قدر دانان ہمدرد ہم سے زبانی اور بذریعہ خطوط استفسارات کرتے رہتے ہیں چونکہ سب کو فرداً فرداً جواب دینا بہت مشکل ہے لہٰذا ہم بذریعہ اشتہار ھٰذا اعلان کر دینا اپنا اخلاقی فرض سمجھتے ہیں کہ ہمدرد دواخانہ دہلی کا جدید یا قدیم مقامی یا بیرونی کسی دواخانہ سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہے نہ ہی ہمدرد دواخانہ کی دہلی یا بیرون دہلی میں کوئی شاخ ہے لہٰذا کوئی صاحب نام کی مشابہت اور صورت کی مطابقت سے غلط فہمی کا شکار نہ ہوں صاف ستھرے اصلی مفردات اور صحیح طور پر باقاعدہ تیار شدہ مرکبات آپ کو حسب دستور سابق ہمدرد دواخانہ ہی سے مل سکتے ہیں مجھے امید ہے کہ مذکورہ بالا چند سطور پبلک کے اطمینان و رفع شک کے لئے کافی ہوں گی۔

اگر آپ ہندوستان کے اس عظیم الشان دواخانے کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تو ایک کارڈ لکھ کر دواخانہ کی شاندار فہرست ادویہ معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت طلب فرمائیے۔

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی بازار لال کنواں دہلی

بال جڑ سے کالا

ضرور آزمائیے زیادہ تیار شدہ کل تیار بال للہ روپیہ کے تیل میں کالا پیدا کیا ساٹھ برس تک کالا نہ ہو تو دونا دام واپس۔ پتہ بال کالا اسٹور کشی سمری۔ دربھنگہ

بے روزگاری کا آسان علاج

معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔

منیجر اخبار "الجمعیۃ" دہلی

خوب یاد رکھیں

کہ معدہ تمام امراض کی جڑ ہے ... **فیض عالم سالٹ** ... **اکسیر موتیا بند** ... **کحل الجواہر** ...

ملنے کا پتہ: **فیض عالم شفاخانہ بٹالہ (پنجاب)**

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

بے روزگاری کا بہترین علاج

اگر آپ تھوڑے سرمایہ سے معقول نفع دینے والی تجارت کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے ولایتی۔ امریکن۔ جاپانی۔ کٹ پیس ٹکڑا ہائے پارچہ جات کی گانٹھیں بمبئی کے تھوک نرخ پر منگوائیے۔ جن میں موسم گرما کی ضروریات کا پارچہ۔ جاپانی، پاپلین۔ وائیل۔ کریپ وغیرہ ... تازہ فہرست طلب کریں۔

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

ایس۔ رفیق بھائی۔ حبیب سرکل بمبئی

جمعیت المبلغین یوپی کیمپ کا شاندار جلسہ

جمعیۃ علماء ہند کی مساعی کا اعتراف

الور کے تازہ حالات

(محمد بہلول خاں درانا)

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

طلبہ و طالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک یونانی طبی کالج قرول باغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جلد سے جلد کوشش کریں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۵ر جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہئے ہمارا اپنا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

اخبار الجمعیۃ

کا نمونہ مفت طلب کیجئے۔ منیجر

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے اس لئے کوڑے اور خطرناک جلاب دیکر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے۔ قیمت کفایت ... اور بالکل بے خطر ہے۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

عملیات الوعرف فرشتہ غیب (رجسٹرڈ)

یہ وہی نادر کتاب ہے جس کی دنیا والوں کو تلاش تھی ... کا تماشہ دیکھیں قیمت ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

یونیورسل میجیکل کمپنی نمبر ۵ ملتان شہر

بجلی کا کام سیکھنے والو!

بجلی کا کام سیکھنا ہو تو اس سکول میں داخل ہونا چاہئے جو ڈائرکٹر آف انڈسٹریز کی زیر ہدایت نہایت عمدہ کام سکھلا رہا ہے۔ اور انسپکٹر آف انڈسٹریز سے لیکر وزیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم کی عمدگی اور ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہوا۔ اس سکول کا نام ہے

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

اوورسیر کا کام سیکھنا ہو تو جگت جیت برڈ وڈ انجینئرنگ کالج لودھیانہ سے بہتر ہندوستان بھر میں کوئی پرائیویٹ درسگاہ نہیں سکول و کالج مذکورہ بالا میں ہر قابلیت کے طلبا کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔ منیجر

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

اگر آپ کو الجمعیۃ کے ساتھ حقیقی ہمدردی ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا اخبار زیادہ سے زیادہ ترقی کرے تو دیکھئے کہ آپ کے شہر یا قصبہ میں "الجمعیۃ" کو فروخت کرنے والا کوئی ایجنٹ ہے یا نہیں اگر کوئی صاحب ایجنٹ ہیں تو ان سے تاکید کیجئے کہ وہ الجمعیۃ کو زیادہ سے زیادہ فروخت کرنے کی کوشش کریں اس سلسلہ میں آپ ان کی جو کچھ مدد کر سکتے ہوں ضرور کریں۔ اگر آپ کے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی نہیں ہے تو کسی محنتی اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی لینے پر آمادہ کریں اس طرح آپ اپنے اخبار کی بھی خدمت انجام دیں گے اور ایک صاحب حاجت کی معاش کا ذریعہ بھی آپ کی وجہ سے پیدا ہو جائے گا شرائط ایجنسی ذیل کے پتہ سے طلب کر سکتے ہیں

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

پونچھ ریاست کشمیر میں انجمن اسلامیہ کی خدمات

ایثار پیشہ حضرات سے امداد کی اپیل

ایہا الناظرین! السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ بحمد زمین پر ایک خطہ ایسا بھی ہے جس کو دنیا کشمیر جنت نظیر کے نام سے موسوم کرتی ہے جہاں کے نظر فریب مناظر۔ دلکش وادیاں اور پر تلاطم گلزار بڑے سے بڑے سیاح سے خراج تحسین وصول کرتے ہیں ...

پیر حسام الدین پریذیڈنٹ انجمن اسلامیہ پونچھ کشمیر

قصبہ منصور میں مسودات حج کیخلاف احتجاج

حکومت یو۔پی ہفتہ وار اخبار جاری کرے گی

ناظم شریعت سب کمیٹی پانیزی عبد المستعان

مدینہ والے آقا کا اصلی خط

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

شریعت کمیٹی بانیزی کی مجلس عاملہ کا اجلاس

اہم قرار داد کی منظوری

۲۰ر جون ۳۲ء موضع سناونڈ میں شریعت سب کمیٹی بانیزی کی مجلس عاملہ کا اجلاس بصدارت مولانا محمد شعیب صاحب ناظم جمعیۃ العلماء بیرہ بانیزی ...

اکسیر حیرت

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

محبوب عاشق کے قدموں پر

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یو۔پی

۹ر جولائی ۳۲ء کو کھلے گا۔ امتحان ہائی اسکول کے اختیاری مضامین میں تاریخ جغرافیہ۔ عربی۔ فارسی سائنس۔ ڈرائنگ اور کامرس کی تعلیم کا انتظام ہے درجہ ہشتم تک کے لئے ہندی (فرسٹ فارم آف ورنیکولر) کی تعلیم کا بھی انتظام ہے۔ داخلہ و قواعد کی درخواستیں جلد آنی چاہئیں۔

محمد الطاف حسین بی۔ اے۔ ٹی (ہیڈ ماسٹر)

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام حکماء کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دارومدار معدہ پر موقوف ہے اور "نمک جالینوس" جو دواخانہ کی خاص چیز ہے تمام معدہ کا واحد علاج ہے جو معمولی درد شکم سے لیکر قولنج تک کو مفید ہے ایک شیشی مہینوں کو کافی ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی صرف ۸ آنہ محصولڈاک بذمہ خریدار مجرب ادویات کی فہرست معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگا لیجئے۔

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

مقویات سرتاج عالم

آتشک کی گولیاں قبض اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی وکی جریان احتلام کثرت انزال و فتنہ نیز ضعف وغیرہ کی شکایتیں زائل کر کے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ... صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرماویں۔

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

قیمت چار روپے (للعہ)

منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل سٹور دربھنگہ

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین بھیٹیاپی بھاگل پور

ایک مہینہ میں انگریزی جانیئے

ایک منٹ آئس کریم مشین

قیمت میں حیرت انگیز رعایت

آئس کریم کی اس حیرت انگیز ہندوستانی نو ایجاد مشین نے نہایت قلیل مدت میں جو غیر معمولی مقبولیت حاصل کی ہے وہ یقیناً عدیم النظیر ہے۔ مقبولیت کا حقیقی سبب یہ ہے کہ ... ایک منٹ میں آئس کریم تیار کر دیتی ہے ... اس مشین کی قیمت دس روپیہ کی بجائے صرف چھ روپیہ پندرہ آنہ کر دی گئی ہے ...

عالیجناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ کی رائے

اچھی طرح تجربہ اور ملاحظہ کرنے کے بعد مدح حسب ذیل رائے ظاہر فرمائی ہے: "اس مشین کو ہم نے خود استعمال کر کے دیکھا ہے اور اس کی تیار کردہ آئس کریم کو ..."

لہٰذا فرمائش بھیجنے میں عجلت سے کام لیں

ریل کا محصول اور پیکنگ کا خرچ خریدار کے ذمہ ہوگا۔ فرمائش میں اپنے ریلوے اسٹیشن کا نام ضرور لکھیں

ملنے کا پتہ

ایم اے۔ مجید بلیماران دہلی

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدرآباد دکن، اورنگ آباد، ناگپور، جھانسی، علی گڑھ۔ اٹاوہ۔ فرخ آباد۔ فتح پور۔ کانپور۔ اعظم گڑھ۔ فیض آباد۔ بلیا۔ آرہ۔ بہرائچ۔ رائے بریلی۔ لکھنؤ۔ شاہجہانپور۔ شرائط ایجنسی فوراً طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکاپتہ "الجمعیۃ دھلی"

روزنہ الجمعیۃ دھلی

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۶ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔
نصف صفحہ (؍) ۔۔۔
ایک کالم (؍) ۔۔۔
½ کالم (؍) ۔۔۔
¼ کالم ۔۔۔

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی ۔ اے)

جلد ۱۶ | دھلی یوم شنبہ ۴ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۳

معاصرین کے افکار و آراء

مفاہمت کس سے ہو؟ (زمیندار)

"سول ملٹری گزٹ" اپنی اشاعت دیروزہ میں اعتدال پسندوں سے اظہار بیزاری کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ سر سپرو اور مسٹر جیکر کو خواہ مخواہ یہ خیال ستا رہا ہے کہ سر سول ہور کا اعلان قدامت پسندوں کے اثرات کا نتیجہ ہے۔ معاصر مذکور اس خیال کی تردید کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ موجودہ کابینہ وزارت پر قدامت پسند حاوی ہیں، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ بہر حال اب سابق وزیر ہند مسٹر بینوڈ بین کی غلطیوں کا اعادہ نہیں ہو سکتا کہ کانگریس کے سامنے سر القیاد خم کر دیا جائے۔ حکومت تو چاہتی ہے کہ ہندوستانی نمائندوں کے ساتھ تبادلہ خیالات کرے۔

گویا سول کے نزدیک سر سپرو، مسٹر جیکر، سر چمن لعل سیتلواد جیسے اعتدال پسند بھی اب قابل التفات نہیں رہے اور انہوں نے بھی حکومت کی مخالفت شروع کر دی ہے۔ کانگریس سے بھی مفاہمت نہیں کی جا سکتی کیونکہ وہ حکومت مقتدرہ کے بالمقابل صف آرا ہے۔ اسی طرح جمعیۃ علماء ہند کو بھی قابل خطاب نہیں سمجھا جا سکتا کہ وہ مجاہدہ حریت میں حصہ لے رہی ہے۔ یہی حال مسلم کانفرنس کا ہے جس کا جزو غالب حکومت سے مطمئن نہیں ہے۔ جب صورت حالات یہ ہو، تو ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ حکومت کن نمائندوں سے تبادلہ خیالات کرے گی اور ہندوستانی آراء و افکار کے وہ کون حقیقی ترجمان ہیں۔ جنہیں تبادلہ خیالات کا شرف بخشا جائے گا۔ کانگریس، لبرل، اعتدال پسند جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس کا جزو غالب جب سب کے سب حکومت کے حریف ٹھہرے تو سول ملٹری گزٹ ہی بتائے کہ نمائندے کہاں سے لائے جائیں گے۔ یوں تو انڈین سول سروس کے فعال اعضاء کی کمی نہیں ہو سکتی ہے کہ وہ بھی ہندوستانیوں کی نمائندگی کا ادعا کر بیٹھیں اور حکومت اسے تسلیم کرے۔ حکومت واقعی گوناگوں مشکلات میں محصور ہے۔ ایک طرف آمنا صدقنا کا سوال ہے تو دوسری طرف برطانوی مفاد کا۔ دیکھئے نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

بے روزگاری سے نجات دلادی۔ پارلیمنٹ میں اجازت کا اعلان ہو گیا۔ یہ واقعہ آخر اپریل کا ہے۔ ابھی چند ہی روز گزرنے پائے تھے کہ مملکت برطانیہ میں ایک شور مچ گیا کہ ایسے عظیم الشان بیرونی سرکس کو اجازت دیدینا، ملکی سرکسوں پر ظلم عظیم کرنا ہے۔ اتنا بڑا سرکس، دس دس ہزار تماشائیوں کی گنجائش والا جہاں جہاں ہو بجے گا اور دو وقتہ تماشہ کرنے لگے گا وہاں اس کے سامنے ملکی سرکسوں کو پوچھے گا کون؟ اور اس میں صرف اہل برطانیہ کی حق تلفی ہے۔ اس ایجی ٹیشن کا برپا ہونا تھا کہ خود وزارت برطانیہ کے ہاتھ پیر پھول گئے اور جس اجازت کا اعلان پارلیمنٹ تک میں ہو چکا تھا اسے فی الفور منسوخ کر کے رکھ دیا گیا، بلا اس لحاظ کے کہ انتظامات کر چکنے کے بعد اس حکم تنسیخ سے جرمن سرکس کو مالی نقصان کس قدر پہنچ چکا۔

برطانیہ نے یہ اچھا کیا یا برا۔ یہاں اس سے بحث نہیں۔ سوال صرف اسقدر ہے کہ اگر اسی جذبہ حب وطن کی تقلید ہندوستان غریب کرے، اور وہ بھی اپنے نقصانات کا خیال کر کے انگلستان کے کسی تجارتی مال کے داخلہ کو اجازت دینے کے بعد بند کرنا چاہے تو آخر اس غریب پر کیوں ملامت کی بوچھاڑ جائز ہو؟ برطانیہ اپنے حدود کے اندر اگر بیرونی تماشہ والوں تک کو قدم تک رکھنے دے تو یہ عین وطن دوستی اور قوم پروری، لیکن ہندوستان اگر ولایتی کپڑے کی درآمد روکنا چاہے تو یہ جرم بغاوت کے مترادف!

مشکلات کا غلط اندازہ (ملت)

۱۹۱۹ء میں جب مانٹیگو چیمسفرڈ اصلاحات نافذ ہوئی تھیں تو کانگریس جماعت ان سے بالکل الگ تھلگ رہی۔ مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت نے بھی اس عدم اشتراک عمل کو شرعاً ممنوع قرار دیا۔ ۔۔۔

مسلم کانفرنس کا نامہ اعمال (مدینہ)

مسلم کانفرنس نے بالکل ان اصولوں پر اپنے عمل کی اساس و بنیاد رکھی جو تر ہنداور مالوی کا پی تحویز تھے۔ صرف الفاظ اور اصطلاحات کو بدل دیا گیا۔ ۔۔۔

مسلم کانفرنس کا امتحان ہونے والا ہے (اہلحدیث)

مسلمانوں میں اس وقت پانچ جماعتیں پولیٹیکل کام کرنے کی مدعی ہیں (۱) خلافت کانفرنس۔ (۲) مسلم لیگ۔ (۳) جمعیۃ علماء۔ (۴) مجلس احرار۔ (۵) مسلم کانفرنس۔ ہم کسی جماعت کے کام پر اعتراض کرنا نہیں چاہتے بلکہ ان کی زندگی کو مسلم قوم کی حیات کی علامت جانتے ہیں۔

مگر یہ بات قابل ذکر صرف ایک ہی ہے کہ مسلم کانفرنس نے لاہور کے اجتماع میں فیصلہ کیا تھا کہ حکومت نے اگر مسلمانوں کے مطالبات نہ مانے تو تمام رائے کے مطابق سول نافرمانی کرنے میں قدم اٹھایا جائے گا۔

جولائی کے شروع میں فیصلہ ہونے والا ہے۔ دیکھئے مسلم کانفرنس کیسا قدم اٹھائے گی۔ ہماری دعا ہے خدا مسلم کانفرنس کو امتحان میں سرخرو کرے۔

صاحب کی سدھیشی (ریگ)

انگریزی اخبارات میں خبر شائع ہوئی ہے کہ جرمنی میں ایک بڑا نامی گرامی سرکس کلاپک سرکس کے نام سے ہے۔ ۔۔۔

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا ۔۔۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

تم کو آنحضرت صلعم کے سوا اور کوئی عملی نمونہ نہیں ملیگا۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ داعی اسلام علیہ السلام غزوہ نجد سے واپس تشریف لا رہے تھے کہ راستہ میں ایک سایہ دار درخت کے نیچے سو گئے، تلوار کو اتار کر درخت پر لٹکا دیا اور بیاد اللہ سے بے نیاز ہو کر خاک فرش پر آرام فرمانے لگے۔ جس وقت آپ بے خبر سو رہے تھے تو ایک دشمن نے آپ کو دیکھ لیا اور نہایت خوش ہوا کہ آج اتفاق سے اس شخص کو قتل کرنے کا خوب موقعہ ہاتھ لگا۔ اس نے آپ کے قریب آ کر تلوار کو درخت سے اتار لیا اور آنحضرت کو جگا کر بولا کہ "اے محمد! اب بتا میرے ہاتھ سے تجھ کو کون بچا سکتا؟" آنحضرت نے نہایت اطمینان سے اسکی طرف دیکھا اور فرمایا کہ "تیرے ہاتھ سے مجھکو بچانے والا اللہ ہے" یہ الفاظ سنکر اس دشمن حق کے ہاتھوں میں رعشہ طاری ہو گیا اور وہ اس قدر بے خود ہوا کہ تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی۔ آنحضرت نے فوراً تلوار کو ہاتھ میں اٹھا لیا اور فرمایا کہ "اب تجھ کو میرے ہاتھ سے کون بچائے گا؟" بولا "سوائے آپ کے اور کوئی نہیں" حضور نے فرمایا کہ تو بھی وہی کہہ جو میں نے کہا کہ اللہ بچانے والا ہے۔ اتنے میں صحابہ کرام کی جماعت بھی وہاں پہونچ گئی اور دشمن حق کو گرفتار کر لیا۔ غور کرو کہ یہ شخص آپکو قتل کرنے کا ارادہ رکھتا تھا مگر آپ نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ یہ کیا کہ آپ نے اس کو معاف کر دیا اور فرمایا کہ تو خدا کے سوا اور کسی کا خوف دل میں نہ رکھو۔

تواضع زگردن فرازاں نکوست

عیسائیوں کو انجیل کی اس تعلیم پر فخر ہے کہ دشمنوں کو پیار کرو۔ مگر یہ اس لفاظی کا عملی نمونہ بھی ہے؟ آؤ اس کا عملی نمونہ داعی اسلام کی ذات قدسی صفات میں دیکھو جس وقت مکہ فتح ہوا اور حرم شریف کے صحن میں تمام دشمنان اسلام کو لایا گیا۔ ان دشمنوں میں وہ لوگ تھے جنہوں نے آپ پر پتھر برسائے تھے۔ ۔۔۔

وہ انسان جو تمام کمالات کا خاتم ہے

ربانی محبت و اخلاق کا ابلتا ہوا سرچشمہ

سرور الانبیاء کی سیرت طیبہ کا ایک گوشہ

دنیا میں انسانی ہدایت کے لئے خدا کی طرف سے بہت سے رسول پیغمبر اور مصلح پیدا ہوئے جنہوں نے وعظ و نصیحت کے ذریعہ دنیا کو ظلمت و گمراہی سے نکال کر ہمیشہ نور اور ہدایت کی طرف رہنمائی کی اور انسان کو اس منزل کا پتہ دیا جس سے وہ غافل تھا اور اس ہستی کی معرفت کے چشمے پلائے جو کائنات کے ایک ایک ذرہ کا خالق اور ہر وجود کا آخری سہارا ہے۔ ان ہی انبیاء میں رب العالمین نے اس انسان کو بھی پیدا کیا جو کمالات انسانی کا جامع اور علمی دنیا کا سب سے بڑا عملی انسان ہے۔ وہ روح (الارواح) اور لوح محفوظ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہے جس پر تمام روحانی اور عقلی صفات کی بلندیاں ختم ہو گئی ہیں اور جس کی زندگی اور زندگی کا ایک ایک قدم نوع بشر کیلئے آفتاب ہدایت ہے۔

گروہ انبیاء میں خاتم المرسلین کا درجہ

دنیا کے مصلحین نے اپنی تعلیم سے نوع انسان کی کایا پلٹ دی۔ آج بھی اگر تلاش کی جائے تو ان کے بیش بہا زریں اقوال اور پند و نصائح کا ایک معتد بہ ذخیرہ دستیاب ہو سکتا ہے اور ان کو منصے لکھ کر سنا جا سکتا ہے۔ لیکن داعی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معاملہ بالکل جدا ہے۔ ۔۔۔

مطب وقت
صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک

صدر جمعیۃ العلماء ہند کا اعلان اور علماء و زعماء ملت کی تصدیق

مطب وقت
شام ۵ بجے سے ۹ بجے تک

حکیم مولوی مسعود احمد صاحب جو ایک فارغ التحصیل عالم اور طبیب ہیں اور عرصہ تک درس اور مطب کے ذریعہ سے خلق اللہ کی خدمت انجام دیتے رہے ہیں آپ نے تکمیل خدمت کی غرض سے ایک دواخانہ جاری کیا ہے جس کا نام "وطنی دواخانہ" ہے دواؤں کی عمدگی، صفائی ستھرائی، اور نسخے کے موافق تیاری کے اہتمام کے ساتھ دواخانہ کو مقبول عام بنانے کا تہیہ کر لیا ہے امید ہے کہ پبلک تجربہ کر کے قدر دانی کرے گی اور دواخانہ ترقی کے افادہ عامہ کا فرض بوجہ احسن انجام دیگا۔

(مفتی اعظم استاذ العلماء) محمد کفایت اللہ غفرلہ دہلی (صدر جمعیۃ العلماء ہند) (حضرت مولانا) احقر العباد ابو المحاسن محمد سجاد کان اللہ (نائب امیر شریعت صوبہ بہار) (حضرت مولانا) کرم جمیل الدین عفی عنہ (استاذ مسیح الملک مرحوم) (حضرت مولانا) خادم العلماء سلطان محمود عفی عنہ ۔۔۔ (حضرت مولانا حکیم) محمد راحت حسین ۔۔۔ ابو البرکات عبد الرؤف دانا پوری عفی عنہ ۔۔۔

نوٹ:۔ وطنی دواخانہ کی دوائیں اپنی زود اثری کے باعث مقبول ہو چکی ہیں۔ لہذا میں سفارش کرتا ہوں کہ الجمعیۃ کے معزز ناظرین اس دواخانہ سے دوائیں طلب فرما کر فائدہ اٹھائیں۔ مطب میں یونانی طریقہ پر بہترین علاج ہوتا ہے۔ تشریف لا کر اپنے مرض میں مشورہ لیں۔

سرور دو جہاں طبیب حاذق صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر ما اکتحلتم بہ الاثمد فانہ یجلو البصر و ینبت الشعر قال وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہ مکحلۃ یکتحل بھا عند النوم ثلاثا فی کل عین (رواہ الترمذی)

عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری آنکھوں میں لگانے کی بہترین چیز سرمہ ہے۔ اس لئے کہ یہ آنکھ کی روشنی کو بڑھاتا ہے اور پلک کے بال کو اگاتا ہے۔ ۔۔۔

سرمہ قدیم

طاقت اور قوت مردمی کا لاجواب عرق بکہ

جو حضرات اپنی ناتجربہ کاری کی وجہ سے اپنی زندگی اپنے ہاتھوں تباہ کر چکے ہیں، وہ شریف ذات جو بری صحبتوں میں بیٹھ کر اپنے ہاتھوں اپنے پاؤں میں کلہاڑی مار کر زندگی کو رو رہے ہیں وہ پہلے صدق دل سے بارگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں کی معافی چاہیں ہمیشہ کے لئے ایسے برے افعال سے توبہ کریں اور ۔۔۔

عورتوں کے مرض سیلان رحم کا مکمل علاج

جس طرح مردوں کو جریان یعنی دھات کی بیماری ہو جاتی ہے۔ اسی طرح عورتوں کو بھی یہ بیماری ہو جاتی ہے اس کو سیلان الرحم یا جریان الرحم کہتے ہیں، یہ ایک قسم کا سفید لیسدار پانی ہوتا ہے۔ جو عورتوں کی اندام نہانی سے اکثر بہتا رہتا ہے۔ یہ نہایت تکلیف دہ مرض ہے۔ عورتوں کی صحت کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر دیتا ہے۔ ۔۔۔

وطنی دواخانہ (رجسٹرڈ) ماہر طب حکیم مولوی مسعود احمد خان صاحب صدر بازار ۔۔۔

اعلیٰحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی ۔۔۔

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے۔ بہترین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ دعہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الدین میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔

ہدیہ:۔ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ ۔۔۔ قسم دوم حنا شدہ ۔۔۔ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۔۔۔ چرم ۔۔۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دھلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم شنبہ ۴ ربیع الاول ۱۳۵۱ سنہ ہجری

ارکین جمعیۃ العلماء اور دیگر قوم پرور مسلمانوں کا اعلان
اینگلو انڈین اور نیم سرکاری اخبار کی پر فریب تنقید

پنجاب و بنگال کی اکثریت

اصول اور فروع

"انقلاب" کی تلبیسات

دورنگی

حیثیت نمائندگی

غلطی کا انجام

علیحدگی سندھ

ڈاکٹر انصاری صاحب کا سفر یورپ

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

علیحدگی سندھ کے متعلق کانفرنس کی رپورٹ
مالی مشکلات کا حل پیدا کیا جا سکتا ہے
بارہ سال کے عرصہ میں خسارہ بچت سے مبدل ہو جائیگا

(نامہ نگار خصوصی)

ترقی کے لئے ضروریات

اکثریت کا خیال

امدادی ضرورت

جدید تجاویز

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

"نواح مدراس میں یوم مال گزاری"
ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانہ میں کاشتکاروں پر مظالم
۱۸۵۶ء کے ایک انگریزی رسالہ کا اقتباس

نفرت انگیز تصویر

ایسٹ انڈیا کمپنی کا خونخوار عملہ

استحصال بالجبر کا محکمہ

(باقی آئندہ)

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

شرق اردن پر ابن رفادہ کا حملہ
کیا شرق اردن حکومت حجاز کے خلاف سازش میں شریک ہے؟
مصر میں حکومت شرق اردن کے معتمد کا کارنامہ

شرق اردن کی حرکت پر افسوس

اصل حقیقت کا انکشاف

حجاز کے خلاف برطانوی سازش

انتقادات

پیشوا کا رسول نمبر

اسرار التنزیل فی تفسیر سورۃ الفیل

مبشر المولود

دار الحکومت

دہلی میں یوم اسیران کے مظاہرے اور جلوس

چالیس اشخاص گرفتار۔ پولیس کا لاٹھی چارج

سائکلو اسٹائل مشین پولیس کے حوالہ کردی گئی

دہلی ۵ر جولائی ۔ کل شہر میں "یوم گاندھی" اور "یوم اسیران سیاسی" کے سلسلہ میں جزوی ہڑتال رہی ...

مولانا انور الدین صاحب اسیر فرنگ کی اہلیہ مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت اور قرآن خوانی

اعلیٰ حضرت نظام دہلی تشریف لائیں گے

فرقہ وارانہ مسائل کے متعلق برطانی حکومت کا فیصلہ

کونسلیں مشترکہ انتخاب کا فیصلہ کریں گی

پست اقوام اور مزدوروں کیلئے خاص نمائندگی

لندن ۵ر جولائی وزیر ہند نے دار العوام میں جدید ہندوستانی دستور کے متعلق جو اعلان کیا تھا اس میں اس امر کی طرف قطعی اشارہ تھا کہ برطانوی حکومت عنقریب فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق اپنے انفصالی فیصلہ کا اعلان کردے گی ...

بنارس میں سرکردہ رہنماؤں کا اجتماع

مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی شرکت

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر پر پولیس کا دھاوا

ایک رضاکار کی گرفتاری

ڈاکٹر انصاری صاحب کی اچانک رہائی

صدر جمعیۃ علماء ہند کی علالت سے مسلمانوں میں تشویش

مفتی صاحب کو کسی سرد مقام میں تبدیل کیا جائے

(خاص نامہ نگار الجمعیۃ)

رنگون میں تین لڑکیوں کا بیرحمانہ قتل

معمولی زیور کے لئے قاتلوں کی سنگدلی

مسلم کانفرنس کے اکان کو الٹی میٹم

حکومت سے تعاون کی حکمت عملی بے سود ثابت ہوئی

جماعت احرار کے نمائندے کی تجویز

اسمبلی کے ممبران کا حکومت کے خلاف احتجاج

جدید آرڈیننس بغیر مشورہ کے کیوں نافذ کیا گیا

این۔ ڈبلیو ریلوے کو زبردست خسارہ

بعض لائنوں کو بند کرنے کا ارادہ

بمبئی کی تجارت ایک تہائی رہ گئی

ہندو مسلم فساد کا تباہ کن اثر

برہم پور میں بم کیس کا فیصلہ

تین ملزموں کو مختلف میعاد کی سزائیں

سیاسی اسیروں کی رہائی کے متعلق نئی اطلاع

جیل میں کانگریسی لیڈروں کیساتھ تبادلہ خیال

دار العوام میں لانسبری کی تجویز

ریلوے ٹرینوں کو روک کر اشتہارات کی تقسیم

یو۔ پی میں ایک منظم تحریک کا آغاز

کانگریسی جھنڈوں کا مظاہرہ

ضلع مدنا پور میں گولی چل گئی

دو کانگریسی ہلاک اور متعدد زخمی

مفلسی سے تنگ آ کر لڑکے اور لڑکی کو زہر

برطانی مال پر مزید محصول لگایا جائے

حکومت کو ایوان تجارت ہند کا تار

ریاست کشمیر میں ایک مسلم وزیر کا تقرر

اعتدال پسند حکومت کی حکمت عملی سے ناراض ہوگئے ہیں

پارلیمنٹ میں کانگریس کے ساتھ تعاون کرنے پر بحث

مخالف جماعت کے لیڈر مسٹر لانسبری کا نوٹس

لندن ۵ر جولائی معلوم ہوا ہے کہ مسٹر لانسبری نے دیجو برطانوی پارلیمنٹ کے دار العوام میں مخالف جماعت کے لیڈر ہیں) حکومت سے یہ دریافت کرنے کا نوٹس دیا ہے کہ ہندوستان کی موجودہ نازک سیاسی صورت حالات کے پیش نظر جب کہ اعتدال پسند حکومت کی تازہ حکمت عملی سے ناراض ہوگئے ہیں۔ حکومت کی پوزیشن کیا ہے ...

بمبئی میں بربریت اور انسانیت سوزی کا شرمناک منظر

شارع عام پر خونریزی اور چھروں سے قاتلانہ حملے

شہر میں فوج کا گشت اور کرفیو آرڈر کا نفاذ

بمبئی ۴ر جولائی آج یہاں پھر سخت فساد ہوا ...

انسان کے انسانوں پر قاتلانہ حملے

پولیس پر فیر نقصانات جان

چاریوم کا نقصان جان

بنارس میں سیاسی رہنماؤں کا اجتماع

پنڈت مالویہ سے سپرو، کچلو اور آصف علی کی ملاقات

مسائل حاضرہ پر راز دارانہ گفتگو

دہرہ دون ایکسپریس کو لوٹنے کی سازش

پٹریاں اکھیڑ ڈالی گئیں

مجلس وفاق کا اجلاس لندن مدعو کیا جائیگا

حکومت پر مہاراجگان کا دباؤ

بمبئی میں موسلا دھار بارش

فرقہ وارانہ فساد پر پانی پڑ گیا

گم شدہ اسلحہ کی جستجو

سات لاکھ مزدوروں کی ہڑتال کا خطرہ

ریلوے ملازمین کے مطالبات

مشاورتی کمیٹی کی شرکت سے شاستری کا انکار

راماسوامی اسمبلی کے لیڈر نامزد کئے گئے

انڈی پنڈنٹ لیبر پارٹی کا اعلان

ہندوستان کیلئے مکمل آزادی کی تائید

ایک ہیڈ کانسٹبل کے خلاف استغاثہ

گاندھی ٹوپی اتارنے کا الزام

سر آغا خاں ہندوستانی نمائندوں کے لیڈر

برما کی علیحدگی برمیوں کی خواہش پر مبنی ہے

دار العوام میں وزیر ہند کا بیان

مسٹر جیکر گاندھی جی سے ملاقات کریں گے

حیدرآباد میں دیسی صنعتوں کی ترقی

کارکنوں کی طرف سے اعلیٰ حضرت کا شکریہ

صوبہ مدراس میں ڈھائی ہزار اشخاص کو سزا

مصر یورپ اور امریکہ کا اتصال

جرمن اخبار حکومت کی پرواہ نہیں کرتے

مسٹر سین گپتا پر حکومت کا کتنا روپیہ خرچ ہوا

آئرش مال کی درآمد پر محصول کا اضافہ

دوسری خواندگی پر مزدور پارٹی مخالفت کرے گی

امریکہ میں یوم آزادی کا جشن

دو سو اشخاص کی ہلاکت

پچاس سال میں فوج کو ہندوستانی بنایا جائیگا

اعلیٰ آسامیوں پر ہندوستانیوں کا تقرر

مسلمانانِ اجمیر کا عظیم الشان جلسہ
ریاست الور کے متعلق احرار اسلام سے مطالبہ

اجمیر ۲ جولائی گذشتہ شب بعد نماز عشاء درگاہ شریف میں مسلمانان اجمیر کا ایک عام جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا معین الدین صاحب اجمیری منعقد ہوا ... حسب ذیل تجویز بالاتفاق رائے منظور کی گئی ہے۔

ریاست الور میں حکومت کی طرف سے تمام قرآن خوانی کے مکاتب کا حکماً بند کیا جانا ... مساجد سے گودام ... ریاست الور کے ان ... مسلمانان اجمیر کا یہ جلسہ عام جمعیۃ آل انڈیا احرار اسلام سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ ... حکومت الور کی اس جابرانہ و ظالمانہ پالیسی کا خاتمہ ہو۔ اور ریاست الور کے ...

۵۵ فی صدی مسلمان آزادی کے ساتھ اپنے مذہبی فرائض انجام دے سکیں ... مسلمانان اجمیر کا یہ جلسہ جمعیۃ احرار کو یقین دلاتا ہے کہ مسلمانان ہند عموماً اور مسلمانان اجمیر و میواڑ خصوصیت کے ساتھ اس کی ہر صدا پر لبیک کہنے اور ... کرنے کے لئے تیار ہیں۔ (حافظ محمد شریف ڈکٹیٹر جمعیۃ احرار اجمیر)

انجمن منور الاسلام میرٹھ کا سالانہ اجلاس

انجمن منور الاسلام میرٹھ کا چوتھا سالانہ اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا اختر شاہ خان صاحب بتاریخ یکم جولائی ۱۹۳۲ء بروز جمعہ جامع مسجد شہر میرٹھ اور دوسرا شاہ ویر ہال میرٹھ میں نہایت شاندار طریقہ پر منعقد کیا گیا ...

ختم کلام اللہ شریف

... (مصباح الدین)

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ... (ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ) ...

ملنے کا پتہ: محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی (رجسٹرڈ) کشمیری بازار لاہور

مقویات سراج عالم

... بالکل مفت طلب فرمائیں۔

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا کر دیا خضاب نہیں خوشبودار تیل ہے ... قیمت چار روپیہ (للعہ)

پتہ: منیجر گنگا پرشاد گپتا بہار میڈیکل اسٹور ... دربھنگہ

شربت فولاد

... منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ یو۔پی

۹ جولائی ۱۹۳۲ء کو کھلے گا۔ امتحان ہائی اسکول کے اختیاری مضامین میں تاریخ جغرافیہ عربی، فارسی، سائنس، ڈرائنگ اور کامرس کی تعلیم کا انتظام ہے ... ہندی ذریعے فارم آف ورنا کیولر کی تعلیم کا بھی انتظام ہے۔ داخلہ و تواعد کی درخواستیں جلد آنا چاہئیں۔

محمد الطاف حسین بی۔ اے۔ علیگ (ہیڈ ماسٹر)

بجلی کا کام سیکھنے والو!

... اس اسکول کا نام ہے۔

سکول فار الیکٹریکل انجینئرز لودھیانہ

... پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔ منیجر

مشہور قدیمی دوکان
حاجی مولا بخش و حاجی عبدالغنی
عام اطلاع

...

حاجی عبدالغنی واحد مالک فرم حاجی مولا بخش علی غنی گلاس مرچنٹ بازار فتحپوری۔ دہلی

حلفیہ بیان کا مطالب

...

ضرغام اللہ خان سابق تحصیلدار ریاست انب حال محلہ شاہ نظر الہند ...

دہلی میں بارہ تاریخ کو کیا ہونے والا ہے

ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو ہندوستان کی ہر اسلامی آبادی میں عید میلاد کے جلسے ہوں گے اور دہلی میں بھی ہر جگہ ان جلسوں کی دھوم دھام ہوگی۔ عید میلاد کے لئے خواجہ حسن نظامی صاحب نے گھروں اور مسجدوں پر لگانے اور مکانوں کو آراستہ کرنے کے لئے قرآن و حدیث کے مضامین کے رنگین اور دستی جھنڈے تیار کئے ہیں ... دہلی کے حضرات یہ اعلان دیکھتے ہی ذیل کی دوکانوں سے یہ جھنڈے اور دیگر ... خرید لیں۔

۱۔ دی حسن نظامی ایسٹرن لٹریچر کمپنی لمیٹڈ۔ چاندنی چوک متصل دریبہ کلاں دہلی
۲۔ رائل بک ڈپو۔ جامع مسجد دہلی۔
۳۔ رشیدیہ بک ڈپو۔ جامع مسجد دہلی

المشتہر: سکرٹری عید میلاد کمیٹی۔ دہلی

آج کل ہاضمہ کا پورا خیال رکھیں!

آجکل اس کی خرابی سے صحت بگڑتی ہے۔ بخار وغیرہ بھی سب اسی کے فساد ہیں۔ ہاضمہ کا پورا خیال رکھیں تو تمام موسمی ... سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اس موسم میں بھی صحت کی ترقی ہو سکتی ہے ...

”امرت دھارا“

کا استعمال بکثرت جاری رکھنا چاہیئے ... استعمال ہر قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھے گا ... قدرت کی نعمتوں سے فائدہ ہی فائدہ اٹھائیں گے۔ اور آجکل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے۔

گھر میں رکھیئے جیب میں رکھیئے
بھولئے نہیں۔ صحت۔ روپیہ۔ وقت سب کو بچا دیگی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے ...

احتیاط: نقلوں سے بچو ...

خط و کتابت و تار کا پتہ: ”امرت دھارا“ لاہور

المشتہر: منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ ”امرت دھارا“ بھون۔ ”امرت دھارا“ سٹرک۔ ”امرت دھارا“ ڈاک خانہ۔ لاہور۔

جماعت مولوی فاضل و منشی فاضل کا داخلہ مدرسہ صدیقیہ میں

۱۰ جولائی ۳۲ء سے مدرسہ صدیقیہ دہلی واقع پھاٹک حبش خاں میں حسب دستور ۱۹۳۳ء کے امتحانات کیلئے مولوی فاضل و منشی فاضل کا داخلہ شروع ہو جائے گا۔ شائقین علوم شرقیہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ مدرسہ میں داخل ہو کر ہر دو امتحانات کی تیاری میں مدرسہ کی ان خدمات جلیلہ سے فائدہ اٹھائیں جن کے ذریعہ مدرسہ کے گذشتہ شاندار نتائج شاہد ہیں ...

منیجر مدرسہ صدیقیہ دہلی پھاٹک حبش خان دہلی

نیپٹ بہراپن کا شرطیہ علاج

... روغن کرامات ...

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصولڈاک و پیکنگ معاف

ہمادری مسر ...

کان کی دوا: بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

طلبہ و طالبات کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیورویدک یونانی طبی کالج قرول باغ دہلی کا نصاب تعلیم بالکل مفت حاصل کرنے کی جانب جلد کوشش کریں۔

درخواست داخلہ پرنسپل کے نام ۱۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے قبل پہنچ جانی چاہیئے ہمارا نیا تعلیمی سال پہلی اگست ۱۹۳۲ء سے شروع ہوتا ہے۔

ایچ پرنسپل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

بال جڑ سے کالا

... منیجر ... دربھنگہ

تحفہ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم مفت

اگر آپ قرآن کریم کی روشنی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت با سعادت کی حکمت اصلیہ معلوم کر کے عشق محمدی اور اتباع حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا جذبہ صادقہ اپنے اندر پیدا کرنا چاہتے ہیں تو حضرت مولانا حاجی احمد علی صاحب امیر انجمن خدام الدین کا رسالہ ”تحفہ میلاد النبی“ ایک آنہ کا ٹکٹ برائے محصولڈاک و پیکنگ مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجکر منگواکر خود پڑھیں اور ...

ناظم شعبہ تالیف و اشاعت انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ لاہور

مسلمانو صنعت و تجارت سیکھو

... پتہ: مدرسہ محمدیہ حویلی کھڑگپور ضلع مونگیر

خوب یاد رکھیں

...

محبوب عاشق کے قدموں پر

...

مدینہ والے آقا کا اصلی خط

... منیجر رسالہ پیشوا دہلی

عملیات لوعرف فرشتہ غیب (رجسٹرڈ)

... قیمت ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

یونیورسل میڈیکل کمپنی نمبر ۱۵ ملتان شہر

بے روزگاری کا آسان علاج
معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکامی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ ”الجمعیۃ“ کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

”الجمعیۃ“ کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

”الجمعیۃ“ کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہو گی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔

منیجر اخبار ”الجمعیۃ“ دہلی

تاریخ اسلام کے اخراج پر احتجاج

... سکرٹری انجمن نور الاسلام

جمعیۃ الطلبہ صوبہ دہلی کا عظیم الشان جلسہ
طلباء کو اساتذہ کی نصیحت

...

صدر جمعیۃ علماء ہند کو ملتان جیل سے تبدیل کیا جائے
انجمن تہذیب الاسلام دہلی کی تجاویز

...

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

...

جریان

...

تازہ سرٹیفکیٹ

...

ملنے کا پتہ: ... اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی ... کلکتہ

دربھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

اگر جناب کو عمدہ اور نایاب آموں کے قلم کی ضرورت ہو تو شاداب اور ارزاں قلم ہم سے طلب فرمادیں

منیجر قاضی نرسری لہریا سرائے دربھنگہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر مہینہ سوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۱ - ۲۴ - ۲۸
کو شائع ہوتا ہے
نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
۱/۲ کالم
۱/۴ کالم

یدُ اللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی

معاون
محمد عثمان خان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۸ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۴

معاصرین کے افکار و آراء

پس ان دو فقروں کو سوچ کر حکومت قدم اٹھائے۔ آیندہ اختیار بدست مختار
گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش

علماء کرام اور وطن پرست مسلمانوں کا اعلان (ہند)

مسلم کانفرنسی لیڈروں کے شرمناک و منحوس لندنی بیان کے خلاف جب سے علماء کرام اور وطن پرور مسلمانوں کا اعلان شائع ہوا ہے جی حضوریوں اور حکومت پرستوں کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے ہیں اور وہ اپنی قلعی اس طرح کھل جانے پر سخت سراسیمہ ہو رہے ہیں۔

اب تک خود جی حضوریوں اور حکومت پرستوں کا دعویٰ بھی یہی ہے کہ اسلام میں سیاست، مذہب سے الگ نہیں ہے بلکہ مذہب کا جزو ہے۔ اگر یہ دعویٰ ...

"ہاتھی کا پاؤں" (مدینہ)

[illegible]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

مکارم اخلاق اور خصائل حمیدہ کا جامع ترین انسان
خاتم المرسلین کے عادات و خصائل کا ایک زرین ورق
انک لعلیٰ خلق عظیم

خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ ایک ایسا خوشنما اور دلآویز گلدستہ ہے جس کا ہر پھول اپنی نفاست، نزہت و تر و تازگی کے اعتبار سے روح کیلئے سامان حیات اور وجہ انبساط ہے۔ اور پھول کا ہر تنکا اپنی پرکیف خوشبو سے زندگی کو ...

بنا کر بھیجا گیا اور جس کی ذات پر تمام نبوتیں اور صداقتیں ختم کر دی گئیں۔ آج اگر تم عیسائیوں سے کہو کہ جنکو تم خدا اور خدا کا بیٹا تسلیم کرتے ہو بتاؤ اس کے اخلاق کیسے تھے۔ اسکی عبادت کا طریق کیا تھا اور روزانہ کی زندگی میں انکو دیگر انسانوں پر کیا امتیاز تھا تو سوائے خاموشی یا بے شرمی کی بک بک کے سادہ کوئی جواب نہ دے سکیں گے اسی طرح اگر ہندوؤں سے دریافت کیا جائے کہ جن بزرگوں پر جاؤ ویدوں کا پرکاش ہوا، ذرا انکی زندگی کے کچھ حالات سے ہمیں مطلع کرو تو اس کا جواب وہ قیامت تک بھی نہ دے سکیں گے کیونکہ ویدوں کے ملہمین کے حالات انتہائی تاریکی میں ہیں کہ کوئی شخص ثبوت نہیں دے سکتا کہ وہ اس دنیا میں کبھی تشریف بھی لائے تھے۔ لیکن رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی ایک ایسی ذات ہے جن کی عبادت و ریاضت، عفو و اخلاق، لین دین، اکل و شرب، لباس و پوشش، طرز بود و ماند، وعظ و نصیحت، جنگ و صلح کے تمام گوشے محفوظ ہیں اور جو قدم قدم پر ہماری رہنمائی کے ضامن ہیں۔

داعی الی اللہ کے اخلاق کی آسمانی گواہی

یہ مبارک مہینہ ربیع الاول کا ہے جس میں خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور قدسی ...

[illegible]

صحبت و ملاطفت کا عام رواج

[illegible]

بستر مرگ سے آخری پیام
بیگم مولانا نورالدین صاحب کا خطاب اپنے عزیز شوہر سے

اے وجہ سکون دل اے راز صمیم دل!
لو جاتی ہوں دنیا سے کچھ نیند سی آتی ہے
یہ وقت جدائی بھی کیا درد فزا آیا
دکھا ہوا دل لیکر جب جیل سے آؤ گے
آہوں کا تلاطم ہو اور ہو شب تنہائی
ایثار و وفا جوہر ہے اہل شجاعت کا
مضبوط ارادوں میں اک پاک عزیمت ہیں
پرتو ہو محمد کے تم جذبہ محکم ہو

اے مالک ملک دل اے شاہ حریم دل!
مدت کی رفاقت کو اب موت چھڑاتی ہے
تم جیل میں ہو مجھکو پیغام قضا آیا
اس عالم ارضی میں تم مجھکو نہ پاؤ گے
چھوٹے نہ کبھی لیکن دامان شکیبائی
تسلیم و رضا شیوہ ہے صاحب الفت کا
چھوڑا ہے تمہیں میں نے قربانگہ ملت میں
تم بہرہ ور عزم سرکار دو عالم ہو

خاتون کی رحلت ہے شوہر کی اسارت ہے
مرحومہ کو جنت کی اصف یہ ضمانت ہے

حفیظ الرحمن آصف دہلوی
۴ جولائی ۱۹۳۲ء

آخری شوہ اچھا کہ گمان تھا

[illegible]

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد، عورت، بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mafg Co., (India) P. Box 88. Karachi.

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدرآباد دکن، اورنگ آباد، ناگپور، جھانسی، علی گڑھ، اٹاوہ، فرخ آباد، فتحپور، ایٹہ، کانپور، اعظم گڈھ، فیض آباد، بلیا، آرہ، بہرائچ، رائے بریلی، لکھنؤ، شاہجہانپور، خواہشمند ایجنسی فوراً طلب کریں۔
منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

اکسیر جذام

یہ دوا عطیہ فقیر ہے جو ہزاروں پر تجربہ کرکے یہ خیال نفع عام کے اشتہار دیا ہے جذام کوڑھ جو صاحب اس ناپاک مرض میں مبتلا ہوگئے ہوں ہمارے ہاں سے دوا طلب کرکے کھائیں چار چھ مہینہ میں صحت کلی ہوجاتی ہے اگر پھوڑا نکل آیا ہے تو بفضلہ عشرہ میں سوکھنے لگ جاتا ہے قیمت دوا ایک ماہ کے لئے چار روپیہ (للعہ)

بواسیر و ذیابیطس

کی دوا کچھ دنوں تک مفت محصول وپیکنگ کے لئے ہر روانہ کریں یا ۱۲ کا وی۔ پی طلب فرماویں۔
حافظ اقبال حسین بھیٹیا ہی بھاگلپور

وسیلہ نجات

حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے احادیث نبوی سے اقتباس کرکے دو بے نظیر کتابیں تالیف فرمائی ہیں جن میں سے ایک کا نام "دوزخ کا کھٹکا" ہے اسمیں احادیث درج ہیں جنمیں اعمال سیئہ کے ارتکاب پر عذاب الٰہی اور دوزخ کی وعید ہے اور عذاب الٰہی سے خوف دلا کر اعمال سیئہ سے بچنے کی ترغیب ہے مکمل کتاب ۱۸۸ احادیث پر مشتمل ہے ہر حدیث کا اردو ترجمہ اس کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت فی جلد صرف عہ دوسری کتاب کا نام "جنت کی کنجی" ہے اسمیں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جنمیں اعمال حسنہ کی بنا پر مومنین کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اسمیں ۱۲۵ احادیث درج ہیں ہر حدیث کا ترجمہ ان کے ساتھ ہی دیا گیا ہے کاغذ چکنا سفید اور لکھائی چھپائی بہترین ہدیہ فی جلد عہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا ہے اور دوسرا ایڈیشن بھی قریب الختم ہے ہر مسلمان گھر میں دونوں کتابوں کا رکھنا نہایت ضروری ہے بعض مخیر حضرات ان کتابوں کو ہم سے خرید کر مفت تقسیم کر رہے ہیں روزانہ کی زندگی میں پیش آنے والے تمام کاموں کے متعلق احادیث کا اس سے بہتر مجموعہ اردو زبان میں اب تک شائع نہیں ہوا ابھی تھوڑے نسخے رہ گئے ہیں اس لئے جلدی کیجئے ورنہ آیندہ ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا دونوں کتابوں کے یکجائی خریدار کو صرف دو روپیہ میں دونوں جلدیں دی جائیں گی۔
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرابادین مفید عام

طب یونانی اور پیشہ عطاری کے تنزل کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ آجکل عام طور پر عطار فن عطاری سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور یونانی مرکبات صحیح اصول پر تیار نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دوائیں خاطر خواہ طور پر مفید نہیں ہوتیں اس نقص کو دور کرنے کے لئے ایک ایسے اردو قرابادین کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی الحمد للہ کہ مولوی محمد شریف صاحب حیدرآبادی نے قرابادین مفید عام تصنیف کرکے اس کمی کو پورا کر دیا ہے اس کتاب میں دواسازی کے اصول اتنی وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ اس کی موجودگی میں اگر کوئی عطار بالارادہ ہی دواؤں کو خراب نہ کرنا چاہے تو کسی قسم کی خرابی اور غلطی کا ہونا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے اطباء نے اس کتاب کو پسند کیا ہے اور نہایت شاندار الفاظ میں اس پر تقریظیں لکھی ہیں۔
قرابادین مفید عام کا ہر با اصول اور ترقی خواہ عطار اور طبیب بلکہ تیماردار کے پاس موجود ہونا نہایت ضروری ہے کتاب کا سائز بڑا اور ضخامت ۲۲۵ صفحات ہے لیکن اس کے فوائد کو عام کرنے کے لئے قیمت فی نسخہ صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص کر لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کمال الحسن النفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے صرف للعہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ
فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے نامور خوشنویسوں میں ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے، اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں ا ۔ مکہ مکرمہ اور ۲ ۔ مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔
ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔
ہدیہ - قسم اعلیٰ سفید کاغذ خاص شدہ سے قسم دوم خاص شدہ عہ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ عہ چرم عہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۸ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ

معتدلین کی مایوسی

سر تیج بہادر سپرو اور مسٹر جیکر کے استعفے

بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

فریب بہرحال فریب ہے۔ یہ قطعاً ناممکن ہے کہ انسانوں کی کوئی جماعت ہمیشہ فریب میں مبتلا رہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ کچھ عرصہ کے لئے کچھ آدمی کسی کے دام تزویر میں مبتلا ہو جائیں اور سراب کو دریا سمجھ کر حالت تشنگی میں اسی کی طرف دوڑنے لگیں مگر یہ کسی طرح ممکن نہیں کہ ایک گروہ ہمیشہ فریب خوردگی کے عالم میں زندگی گزارے کبھی نہ کبھی اس پر حقیقت منکشف ہوگی۔ کبھی نہ کبھی وہ ضرور یہ سمجھے گا ...

ان کے ذریعہ حکومت سے ہندوستان کا مطالبہ آزادی تسلیم کرالیں گے مگر اب ان کے خطوط یہ بتا رہے ہیں کہ وہ کس قدر یاس و ناامیدی کے عالم میں ایوان حکومت سے باہر نکل رہے ہیں اور جس طرح ان سے پہلے بہت سوں کو مایوسی سے دوچار ہو کر عدم تعاون کا راستہ اختیار کرنا پڑا ہے انہیں بھی اپنے لئے اور کوئی چارہ کار نظر نہیں آرہا ہے۔

...

سر سپرو اور مسٹر جیکر نے اپنے استعفوں کے ساتھ وائسرائے ہند کی خدمت میں جو دو خطوط ارسال فرمائے ہیں وہ پڑھنے کے قابل ہیں ان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حکومت خود اپنے وفاداروں کو کس قسم کے مغالطوں میں مبتلا رکھتی ہے ... اور اپنی قابلیت اور اپنے منطقی دلائل پر اعتماد رکھتا تھا کہ وہ ...

آزاد سبحانی

آزاد سبحانی نے انڈیپنڈنٹ پارٹی کی بنیاد ڈالی ہے جو مولانا شفیع داؤدی کے مغالطہ انگیز بیان کے مطابق مسلم کانفرنس کے اندر کوئی جماعت نہیں ہے بلکہ اس سے باہر اور اس کے متوازی ایک جماعت ہے جس کے مقاصد اور جس کا طریق کار مسلم کانفرنس سے بالکل مختلف ہے۔ ہمیں مولانا حسرت اور مولانا آزاد سبحانی سے اس مرتبہ ان کے سفر دہلی کے سلسلہ میں خود تبادلۂ خیالات کا موقع ملا اور ہمیں ان بزرگوں نے یہ یقین دلایا کہ وہ جس جماعت کی تنظیم کر رہے ہیں اس کا کوئی واسطہ مسلم کانفرنس سے نہیں ہے اور وہ ایک مستقل جماعت ہے جس کا مقصد ہندوستان میں وفاقی جمہوری حکومت قائم کرنا ہے ... اور جو اپنے ملک کو بیرونی تسلط سے نجات دلانا چاہتی ہے۔ مولانا آزاد سبحانی نے آزاد پارک کے جلسہ میں جہاں ہزاروں مسلمانوں کا اجتماع تھا اس حقیقت کا اعلان کیا کہ ان کی جماعت جمعیۃ علمائے ہند سے بہت زیادہ قریب ہے اور ان حضرات کا اعتراف کیا جو آزادی وطن کی خاطر جمعیۃ علمائے ہند نے ... مولانا آزاد سبحانی کے علاوہ مولانا حسرت اور سید ذاکر علی صاحب نے جو تقریریں کیں ان میں بھی انڈیپنڈنٹ پارٹی کے مسلک کو بالکل صاف کرتے حالی تھیں ... کوئی شخص ایک لمحہ کے لئے یہ شبہ نہیں کر سکتا تھا کہ یہ جدید پارٹی ملک کی آزادی کے لئے جنگ کرنے میں کسی دوسری جماعت سے پیچھے رہے گی۔ یہی وجہ ہے کہ جب اس جماعت کو مرکزی بورڈ کے لئے دہلی کے نمائندوں کا سوال سامنے آیا تو ان لوگوں نے بھی اس کی رکنیت کو قبول کر لیا جو مسلم کانفرنس سے مکمل بیزاری کا اعلان کرتے رہتے ہیں اور ملکی آزادی کے لئے اپنی قربانیاں پیش کر چکے ہیں ...

برو قت انتباہ

...

سلطنت آصفیہ کا چشمۂ فیض

اعلیٰحضرت سلطان العلوم فرمانروائے دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ کی علمی فیاضیاں نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام دنیائے اسلام میں ضرب المثل ہو چکی ہیں۔ اور آج بچے بچے بھی اس حقیقت سے واقف ہے کہ اس گئے گزرے زمانہ میں بھی سلطنت آصفیہ عثمانیہ نے علوم و فنون کی سرپرستی کر کے اسلام کی دیرینہ روایات کو جس طرح زندہ کیا ہے اس کی مثال تمام روئے زمین پر مشکل سے مل سکتی ہے ...

انڈیپنڈنٹ پارٹی

مسلم کانفرنس کی اندرونی کمزوریوں کا پردہ چاک ہو جانے کے بعد تحفظ حقوق مسلمین کا وہ طلسم اب بالکل ٹوٹ چکا ہے ...

انسداد فواحش

اس وقت ہندوستان میں جو قوانین مروج ہیں ان کا بدترین اخلاقی پہلو یہ ہے کہ وہ نہ صرف فواحش کو جائز قرار دیتے ہیں بلکہ ان کی اجازت دیتے ہیں بلکہ ان تمام تحریکات کو ناکام بنانے میں امداد و اعانت کرتے ہیں جو فواحش کی لعنت سے نجات دلانے کے لئے جاری کی جائیں ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ رام کی بیٹی بالغ بنام ایتم ہے۔ ایتم نے ناکارگی کی، اس کو برادری نے علیحدہ کر دیا۔ وہ رام کے گھر میں زیر حفاظت اپنے باپ رام کے گھر میں رہتی ہے ... رام ایتم کو معاوضہ لیکر (چند روپے نقد یا دھان کے عوض میں زید ایک مسلمان) کو دینا چاہتا ہے۔ ایتم بھی رضامند ہے۔ زید اس کو مسلمان بھی کر سکتا ہے۔ کیا وہ ایتم زید کے لئے لونڈی ہوگی یا منکوحہ ... اگر زید اس کو علیحدہ کرنا چاہے تو کیا صورت ہوگی؟

الجواب

اگر کوئی ہندو اپنی بیٹی کو بعوض چند روپیہ کے کسی مسلمان کو دیدیگا تو مسلمان کیلئے بغیر نکاح کے اس ہندو کی دختر کے ساتھ مباشرت و مجامعت کرنی ہرگز جائز نہ ہوگی، ہاں یہ مسلمان اس لڑکی کو مسلمان کرنے کے بعد اس سے اگر نکاح کر لیگا تو اس کے لئے یہ لڑکی زوجہ منکوحہ حلال ہو جائے گی فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ - دہلی

استفتاء

...

الجواب

...

سر سیموئل ہور کے بیان سے لبرل جماعت میں ہلچل

سپرو، جیکر اور جوشی کے استعفے

ترک تعاون کی قرارداد

(ترجمہ خصوصی)

وزیر ہند نے ۲۷ جون کو دارالعوام میں جو بیان دیا ہے اور جس کا اعلان شملہ سے وائسرائے نے اسی تاریخ کو کیا ہے اس پر غور و خوض کرنے کے بعد سر تیج بہادر سپرو اور مسٹر جیکر نے مشاورتی کمیٹی کی رکنیت سے استعفے داخل کر دئے ہیں اور اپنے استعفوں کے ساتھ وائسرائے ہند کو دو خطوط بھیجے ہیں ...

عدم تعاون کی وجہ سے موجودہ صورت حال کے متعلق سخت تشویش پیدا ہو گئی ہے اور ہر قسم کے خیالات کا اظہار کیا جا رہا ہے ...

لبرلوں کا اجلاس بمبئی

عدم تعاون کی قرارداد منظور

...

مجوزہ طریق کار پر احتجاج

...

صوبہ جاتی خود مختاری اور مرکزی ذمہ داری

...

مسٹر ایم جوشی کا استعفیٰ

...

فرقہ وارانہ مسئلہ اور عدم تعاون

...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

"نواح مدراس میں یوم مالگزاری"

ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانہ میں کاشتکاروں پر مظالم

۱۸۵۶ء کے ایک انگریزی رسالہ کا اقتباس

(گزشتہ سے پیوستہ)

اب ہمیں تفصیل واقعات کو بیان کرنا چاہئے۔ مسٹر ایلیٹ، اسٹوکس اور نارٹن صاحبان نے مدراس پریذیڈنسی کے جملہ اطراف سے ایسے لوگوں کے ذریعہ شہادتیں فراہم کی ہیں جو معاملات میں بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھتے تھے ...

...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

کردستان میں شیخ محمود اور شیخ برزان کی بغاوت

حکومت عراق نے دونوں سرداروں کو گرفتار کر لیا

بغاوت اور اس کے انسداد کے اسباب

عراق، ایران اور ترکی کی سرحد پر کردستان میں شیخ محمود اور شیخ احمد برزان نے اپنے تبعین کی امداد سے جو بغاوت برپا کی تھی اور جس نے ان تینوں حکومتوں کو کسی حد تک پریشان کر رکھا تھا اس کا باب ختم ہو گیا ہے اور بغاوت پوری قوت کے ساتھ کچل دی گئی ہے ...

کردستان کی جغرافیائی حیثیت

...

شیخ احمد برزان کون ہیں؟

...

چاہ شیریں پر حملہ

...

شیخ برزان کی گرفتاری

...

خاتم المرسلین کے عادات و خصائل کا ایک زریں ورق

(بسلسلہ صفحہ اول)

دیکھنے لگا، لیکن رحمۃ للعالمین نے نہایت محبت سے میری طرف دیکھا اور میرا ہاتھ پکڑ کر بولے کہ دیکھو یہ نماز ہے اس میں ایسی کوئی حرکت نہیں کرنی چاہئے جو خلاف ادب ہو۔ خدا کی قسم حضور نے نہ تو مجھے جھڑکا نہ ملامت کی اور نہ چہرہ سے غصہ کا اظہار فرمایا۔

ایک دفعہ ایک اعرابی نے مسجد نبوی میں آکر پیشاب کر دیا، صحابہ کرام اسکو مارنے کیلئے دوڑے اور قریب تھا کہ اسکو قتل کر ڈالتے لیکن فوراً ہی حضور علیہ السلام دوڑے اور اسکو کہا کہ تم پیشاب روکو نہیں بلکہ اچھی طرح فارغ ہو جاؤ اور صحابہ سے فرمایا کہ تم نے اسکو نرمی سے کیوں نہ سمجھایا، یہ تو ناواقف تھا اگر اس کا پیشاب بند ہو جاتا تو اس کو سخت تکلیف ہوتی؟ اس کے بعد آپ اس اعرابی کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ دیکھو یہ مسجد ہے جو صرف خدا کی عبادت کیلئے مخصوص ہے آئندہ اسکا خیال رکھنا۔

مسلمانوں کے علاوہ کفار بھی آپکے ہاں مہمان آکر ٹھہرتے اور ان کی بھی اسی اخلاص و محبت سے مہمان نوازی کرتے۔ ایک دفعہ ایک کافر آپکے ہاں مہمان ٹھہرا آپنے اسکو بکری کا دودھ پلایا اس نے اور مانگا آپنے دوسری بکری کا دودھ دوہ کر دیا اس نے اور طلب کیا یہاں تک کہ وہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا۔ پھر بھی آپنے اس سے دریافت کیا کہ اگر تم کو اور دودھ کی ضرورت ہو تو میں پیش کروں۔ ایک دفعہ ایسا ہوا کہ کھانا کم ہونے کی وجہ سے آپ اور آپکے اہل و عیال بھوکے سو جاتے مگر مہمان کی ضروریات کو فراموش نہ فرماتے۔

حضرت ابوہریرہ کا قصہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گرسنگی کی وجہ سے راستہ میں بیٹھا تھا اور سخت بے تاب تھا۔ اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق ادھر سے گزرے میں نے حسن طلب کی خاطر ان سے قرآن شریف کی ایک آیت دریافت کی وہ آیت بتلا کر چلے گئے اسی طرح حضرت عمر فاروق بھی گزرے اور آپنے بھی میری طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ ان کے بعد خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم گزرے اور مجھے دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا کہ میرے ساتھ آؤ چنانچہ میں آپکے ہمراہ ہو لیا۔ آپ مجھے اپنے کاشانۂ اقدس پر لیگئے اور وہاں جا کر مجھے دودھ پلایا ...

مہمان نوازی

...

یوسف اور سردی کا خیال

...

مولانا مولوی عبدالحلیم صاحب صدیقی ڈکٹیٹر پنجم جمعیۃ علماء ہند کی گرفتاری
حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ششم نامزد کئے گئے
کمپنی باغ میں باشندگان دہلی کا جلسہ عام

دہلی ۱۰ جولائی۔ کل دوپہر کو مولانا مولوی الحاج الحافظ عبدالحلیم صاحب صدیقی ڈکٹیٹر پنجم جمعیۃ علماء ہند بہ گرفتار آرڈیننس کی دفعہ کے ماتحت گرفتار کرلئے گئے۔ شیخ سید الواحد انسپکٹر پولیس نے چند سپاہیوں اور سی۔ آئی۔ ڈی پولیس کے ہمراہ دفتر جمعیۃ علمائے ہند پر چھاپہ مارا اور مولانا کو ان کی گرفتاری کے متعلق اطلاع دی۔ دفتر کے نیچے چند تانگے کھڑے تھے۔ ایک تانگہ میں مولانا موصوف کو بٹھا کر پولیس کوتوالی لے گئی۔

معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب نے اپنی گرفتاری پر حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند و صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند کو جمعیۃ علماء ہند کا ڈکٹیٹر نامزد فرمایا ہے۔

شام کو چھ بجے کمپنی باغ آزاد پارک میں مولانا مجیب الرحمن صاحب فاضل دیوبند کی صدارت میں باشندگان دہلی کا عام جلسہ منعقد ہوا جس میں مولانا عبدالماجد صاحب دہلوی نے حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کی گرفتاری کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کے تبحر علمی، اعلیٰ قابلیت، دینی خدمات پر مؤثر تقریر کی۔ اس کے بعد جلسہ نے ایک تجویز پیش کی جس میں مولانا موصوف کی قومی و ملی خدمات کا اعتراف کیا گیا تھا۔ تجویز بالاتفاق منظور ہوئی۔

دارالحکومت
دہلی میں آرڈیننس ڈے کا جلوس
شراب کی دوکان پر پکٹنگ۔ پولیس کی لاٹھی چارج

[illegible]

جامعہ ملیہ کے رجسٹر ضبط نہیں کئے گئے

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کے رضا کاروں کا چالان

[illegible]

وزیر ہند کے بیان پر ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کا اعلان

[illegible]

ساردا ایکٹ کا زور شور
ایک بیوپاری کشتنہ پر مقدمہ

[illegible]

سیاسی قیدیوں کے لئے جیل کا انتخاب

[illegible]

پشاور میں زنان بازاری کے خلاف جہاد
قحبہ خانوں پر پکٹنگ

[illegible]

آئندہ وائسرائے ہندوستانی ہونا چاہئے
مسٹر جان فلبی (عبداللہ) کا برطانیہ کو مشورہ

[illegible]

چلتی ریل میں کارتوسوں پر پولیس کا قبضہ
نوجوان کو دو کرفتار کرلیا گیا

[illegible]

مجسٹریٹ کے مقدمہ قتل کی سماعت
چند ملزمین کی باہر سے خاص گرفتار

[illegible]

دریائے راوی خشک ہوگیا

[illegible]

ڈیڑھ سو ہندوستانیوں اور چینیوں کو ملک سے نکال دیا گیا

[illegible]

دہلی جیل میں ہنگامہ ہوتے ہوتے رہ گیا
سیاسی قیدیوں اور وارڈروں میں تصادم
سرخپوشوں پر وارڈر کی ناک کاٹنے کا الزام

دہلی ۱۰ جولائی۔ کل دہلی کیمپ جیل میں زبردست مظاہرہ ہوگیا جس سے معلوم ہوا ہے کہ وارڈروں پر سنگباری کی گئی اور انہیں بٹا گیا۔ کیمپ جیل میں آجکل تقریباً ... سیاسی قیدی ہیں جو سب کے سب تحریک کانگرس کے سلسلہ میں گرفتار ہوئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ان قیدیوں میں بے چینی اور شورش کے آثار کئی دن سے پیدا ہو گئے تھے۔ کل ساڑھے چار بجے شام کو یہ واقعہ رونما ہوا جب کہ ان قیدیوں میں سے چند نے تیز ہتھیار سے ایک وارڈر کی ناک کاٹ لینے کی کوشش کی جس سے اس کی ناک تو نہیں کٹی لیکن زخمی ہوگئی۔ ایک دوسرے پہرہ دار نے وارڈر کو بچایا۔

[illegible]

تمام ملک میں آرڈیننس ڈے منانے کی تجویز
آرڈیننسوں کو منسوخ کرانے کا آئینی پروگرام
پنڈت مدن موہن مالویہ کا اعلان

[illegible]

گورنر صاحبان کے اختیارات کی تحدید
کونسل کے منظور کردہ قوانین مسترد نہیں ہوں گے

[illegible]

ضلع سہارنپور میں یوم آرڈیننس

[illegible]

منگلور میں موسلادھار بارش

[illegible]

پلکھوہ میں انجمن اصلاح المسلمین کا اجلاس

[illegible]

دو ماہ کے بعد بمبئی میں پھر مکمل امن و امان
گورنر بمبئی سے معزز شہریوں کی ملاقات
بمبئی کے اخبارات کو حکومت کا زبردست انتباہ

بمبئی ۸ جولائی۔ چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے ایک حکم کے ذریعہ کرفیو آرڈر کی میعاد میں ایک ہفتہ کی مزید توسیع کردی ہے کیونکہ صرف ایک مسلمان پر حملہ کیا گیا باقی حالات پرسکون ہیں۔ آج میئر بمبئی نے باشندگان بمبئی کا ایک جلسہ منعقد کیا جس میں فرقہ وارانہ حالات پر غور کیا گیا اور ہز ایکسیلنسی گورنر سے درخواست کی گئی کہ وہ ہر جماعت کے ... کی ایک غیر سرکاری کمیٹی مقرر کریں جو ہوم ممبر اور کمشنر پولیس سے تعاون کر کے صورت حالات کو قابو میں لانے کی کوشش کرے۔

آج گورنر بمبئی نے میئر بمبئی، سر دار سلیمان قاسم مٹھا اور سر ابراہیم رحمت اللہ اور دیگر معزز شہریوں کو شرف ملاقات بخشا۔ ... حکومت بمبئی نے بمبئی کے بعض اخبارات کے ایڈیٹروں کو نوٹس دیا ہے جس میں مذکور ہے کہ ان کے اخبار میں فرقہ وارانہ ہنگامہ کی تفصیلات کو مبالغہ آمیز صورت میں شائع کیا جاتا ہے نیز مذکور ہے کہ حکومت ہر اس اخبار کے خلاف کارروائی اختیار کرے گی جو فرقہ وارانہ اطلاعات کو غیر معقول طریق پر شائع کرے گا۔

ہندوستان کی صنعت پارچہ بافی میں ترقی
ساڑھے تین کروڑ پونڈ کا کپڑا باہر گیا
سوتی صنعت و حرفت کی امید افزا حالت

[illegible]

طریقے میں تبدیلی کی ہے اصول میں نہیں
ہندوستانی رائے عامہ کو مغالطہ دینے کی کوشش

[illegible]

جرمن اور برطانیہ کا تصفیہ ہوگیا
لوزان کانفرنس میں معاہدہ مرتب ہوگیا

[illegible]

ریل کے ڈبوں کو آگ لگادی گئی

[illegible]

پلکھوہ اسٹیشن پر مسلمانوں کی طرح سے پانی کا انتظام

[illegible]

پارلیمنٹ پر پکٹنگ کیا جائے گا

[illegible]

آزاد پارک میں مسلمانان دہلی کا جلسہ عام
مولانا آزاد سبحانی اور مولانا حسرت موہانی کی ولولہ انگیز تقریریں
انڈیپنڈنٹ پارٹی کے لئے دہلی کے نمائندوں کا انتخاب

دہلی ۱۰ جولائی۔ کل صبح مولانا آزاد سبحانی، مولانا حسرت موہانی اور سید ذاکر علی صاحب الہ آباد سے انڈیپنڈنٹ پارٹی کی تنظیم کے سلسلہ میں دہلی تشریف لائے اور دفتر جمعیۃ علماء ہند میں قیام فرمایا۔ ان حضرات نے اپنی آمد کی اطلاع بذریعہ تار ہلال احمد صاحب زبیری ایڈیٹر اخبار الجمعیۃ کو دیدی تھی۔ شام کو کمپنی باغ میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ کی صدارت کے لئے حضرت مولانا مولوی عبدالحلیم صاحب صدیقی ڈکٹیٹر پنجم جمعیۃ علماء ہند نے مولانا آزاد سبحانی کا اسم گرامی پیش کرتے ہوئے موجودہ حالات پر ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی۔ ... ہلال احمد زبیری نے تحریک صدارت کی تائید اور حضرت مولانا عبدالماجد صاحب نے تائید مزید کی۔

سب سے پہلے سید ذاکر علی صاحب نے مسلم کانفرنس والوں کی شعبدہ بازی کا ...

کہ پبلک کا اصرار ہے اور احساس وقت بظاہر حال مجھ سے ملک اور قوم کے لئے قربانی پیش کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے اس لئے میں اپنے آپ کو اس پر مجبور پاتا ہوں کہ اپنی ناچیز خدمات پیش کروں۔ ... اس کے بعد مولانا حسرت موہانی نے ... کا اعلان کر دیا۔

سب سے آخر میں مولانا آزاد سبحانی نے تقریباً سوا گھنٹہ تک ایک مبسوط تقریر فرمائی جس میں آزادی ہند کے متعلق مسلمانوں کا مذہبی فرض ...

[illegible]

انڈیپنڈنٹ پارٹی کے نمائندگان کا بیان
مسلمانان ہند سے اپیل

[illegible]

بنگال مسلم کانفرنس میں مخالفت
ایک مسلم نمائندہ کو فوراً لندن بھیجا جائے
مسٹر غزنوی کا خطبہ صدارت

[illegible]

دہلی میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کا جلسہ ...

[illegible]

دہلی میں اسلامی مسافر خانہ کی بنیاد قائم ہوگئی
اہل ثروت مسلمانوں سے ایک درخواست

دہلی میں مسافر خانہ کی ضرورت کے عنوان سے جو مضمون ایم احمد حسین صاحب قریشی سابق مہتمم مسافر خانہ کا آپ کے معزز اخبار الجمعیۃ مورخہ یکم جولائی ۱۹۳۳ء کو شائع ہوا ہے وہ میری نظر سے گذرا میں اس کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ واقعی دہلی جیسے اسلامی شہر میں مسلمانوں کے لئے ایک مسافر خانہ کی سخت ضرورت تھی جو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پوری ہو جائے گی۔ مکرم حافظ ولی اللہ صاحب خادم مسجد جنگل والی سالہا سال سے اس ضرورت کو محسوس کر رہے تھے کیونکہ دوسری اقوام کے مسافروں کے لئے مسافر خانے دھرم شالے مندر موجود ہیں مگر افسوس مسلمان مسافروں کے لئے جو ایک عالمگیر قوم ہے دہلی میں قیام کرنے کی کوئی جگہ نہیں تھی۔ اب مسلمانان دہلی یہ سنکر خوش ہوں گے کہ ایک قطعہ زمین جو مسجد جنگل والی کے پاس تھا اور غدر کے بعد گورنمنٹ کے قبضہ میں چلا گیا تھا جس پر دس بارہ سال سے متولیان مسجد مذکور اور گورنمنٹ کے درمیان جھگڑا ہو رہا تھا۔ عرصہ ایک سال کا ہوا قطعہ زمین گورنمنٹ نے مسجد کو بطور عطیہ کے مرحمت کر دیا ہے جس پر کچھ تو مسجد کی عمارت بنا دی گئی اور کچھ زمین باقی بچا جس کے ساتھ ایک باغیچہ جو مسجد کی ملکیت ہے ملا کر مسافر خانے کی بنیاد ڈالدی گئی ہے تقریباً اس زمین کا رقبہ ایک ہزار گز ہے بنیادیں کھدنی شروع ہو گئیں ہیں جس کے لئے روپیہ کی سخت ضرورت ہے۔ خدا کے توکل پر کام شروع کر دیا ہے چونکہ مسافر خانہ سہ منزلہ ہوگا اس لئے ایک شخص اس کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکتا اس واسطے دہلی کے اہل ثروت حضرات اس طرف توجہ فرمائیں کیونکہ دہلی جیسے اسلامی شہر میں مسلمانوں کا ایک بھی مسافر خانہ اس وقت دہلی میں موجود نہیں ہے جس سے مسلمانوں کو سخت تکلیف ہوتی ہے مسافر خانہ تعمیر کرنا ایک صدقہ جاریہ ہے جس کا ثواب قیامت تک آپ کے نامہ اعمال میں لکھا جائیگا امید ہے کہ مسلمانان دہلی ... جلد حصہ لے کر ...

اعلان عام

عزیز احمد کی دوکان شیرہ و تمباکو متصل ریل انجن دہلی سے میں نے ۲۰ جولائی کو اپنا تعلق منقطع کر لیا ہے اس لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ تاریخ علیحدگی سے دوکان مذکورہ کے لین دین سے مجھے کوئی تعلق نہ ہوگا۔

سہارنپور کے مسلمانوں کا جلسہ
ملتان جیل میں حضرت مفتی صاحب کی علالت پر تشویش

مسلمانان عالم کی مدد کریں۔ وما علینا الا البلاغ
الیس غلام صادق امرتسری بارہ ہندو راؤ دہلی

کل بروز جمعہ مسلمانان سہارنپور کا ایک عظیم الشان جلسہ بعد نماز جمعہ زیر صدارت غازی محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر مجلس ماتحت جمعیۃ العلماء ہند منعقد ہوا جناب عبد الغفار صاحب آزاد نے ایک پر زور تقریر فرماتے ہوئے حسب ذیل تجاویز پیش کیں جو بعد کو تائید کے بعد بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانان سہارنپور کا یہ عظیم الشان جلسہ ان اطلاعات پر انتہائی اضطراب اور بے چینی کا اظہار کرتا ہے جو ملتان جیل میں اسیران سیاسی کی تکالیف خصوصاً حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء ہند کی علالت کے متعلق مختلف ذرائع سے موصول ہوتی ہیں اور جن کی مزید تصدیق پر زینسر ابدار کے ملتان جیل سے رہا ہونے پر شائع کردہ بیان سے ہوگئی ہے کہ حضرت مفتی صاحب مدظلہ کو اختلاج قلب کے دورہ برابر پڑ رہے ہیں اور اس ماہ میں موسم گرما کی شدت کے باعث تین مرتبہ بے ہوش ہو چکے ہیں۔ یہ جلسہ اس امر کا اعلان کرتا ہے کہ اگر حکومت نے اس تکلیف کا انسداد اور حضرت مفتی صاحب کی بحالی صحت کا فوری انتظام نہ کیا گیا تو یہ صورت نہ صرف مسلمانان سہارنپور بلکہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے ناقابل برداشت ہوگی اور اس کے نتائج و عواقب کی ذمہ دار خود حکومت ہوگی۔

(۲) یہ جلسہ حضرت مولانا نور الدین صاحب ڈکٹیٹر چہارم جمعیۃ العلماء ہند کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر مولانا موصوف اور ان کے رفقاء سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور مولانا حضرت نور الدین صاحب وغیرہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

خادم الاسلام محمد یٰسین سہارنپور

دار العلوم ندوۃ العلماء میں

آج کل تقریباً پچاس غیر مستطیع طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے قیام و طعام و تعلیم کے جملہ مصارف ندوۃ العلماء کی جانب سے ادا کئے جاتے ہیں ... دار العلوم ایسی درسگاہ کے لئے قابل افسوس ہے ... ایک طالب علم پر سالانہ ... ایک ایک طالب علم کا بار اپنے ذمہ لیں تو قوم کے بہت سے ہونہار بچے اس درسگاہ سے مستفید ہو کر خدمت اسلام میں مشغول ہو سکتے ہیں۔

حکیم اختر حسن صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے کہ آپ نے ... وقف نامہ کی رجسٹری ... خود ہی گوارا کر کے وقف نامہ اور رسید ناظم ندوۃ العلماء کے حوالے کر گئے۔ اگر قوم میں ایسے صاحب احساس وخدا ترس مسلمان پیدا ہونے لگیں تو کسی دینی کام میں کوئی دشواری باقی نہ رہے۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ایسے اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے کہ دنیا تک ان کے لئے باقیات الصالحات رہیں اور بے اندازہ ثواب ہمیشہ پہونچا رہے۔

عبد العلی ناظم ندوۃ العلماء

سیالکوٹ میں پولیس کے ہاتھوں قرآن پاک کی توہین

مندرجہ ذیل ریزولیوشن انجمن اسلامیہ شہر سیالکوٹ کے جنرل اجلاس میں زیر صدارت شیخ عبد القادر صاحب بیرسٹر ایٹ لاء بہ تحریک حکیم عبد اللطیف صاحب ...

(۱) الف۔ انجمن اسلامیہ شہر سیالکوٹ کی جنرل کونسل کا یہ اجلاس مورخہ ۲۷ جون ۱۹۳۳ء واقعہ بالکمنڈی حضرت امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جہلم کے موقعہ پر جو زد و کوب اور لٹھ بازی پولیس کی جانب سے ذوالجناح اور پر امن ماتم کرنے والوں پر ہوئی اور جس طرح متبرک عمامہ اور قرآن پاک کی بے حرمتی کی گئی اسے جمہور مسلمانوں کی مذہبی توہین محسوس کرتے ہوئے انتہائی رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور اپنے شیعہ و دیگر مظلوم بھائیوں کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

(ب) یہ اجلاس اس حادثہ ناجعہ کے بعد قریباً بیس بیگناہ شیعوں اور مظلوم بھائیوں کی گرفتاری کو سٹر و ولٹ لام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سیالکوٹ کی غیر دانشمندانہ غیر آئینی اور ناانصافانہ حرکت تصور کرتا ہوا اس کے خلاف پرزور صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔

(ج) یہ اجلاس سٹی مجسٹریٹ و دیگر حکام کی مسلمانوں کے مذہبی معاملہ میں بیجا مداخلت کو ناقابل برداشت اور اشتعال انگیز سمجھتا ہے اور اس معاملہ کی طرف حکومت پنجاب کی فوری توجہ منعطف کراتے ہوئے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ عامۃ المسلمین کے مجروح جذبات کی داد رسی کیلئے عملی قدم اٹھائے۔ (انجمن اسلامیہ سیالکوٹ)

مدینہ والے آقا کا اصلی خط

اگر آپ دیکھنے کے مشتاق ہیں تو آج ہی رسالہ پیشوا کے اعلیٰ ایڈیشن کے خریدار ہو جائیے پیشوا کے رسول نمبر میں مدینہ کے چاند و آقا کے اس خط کا فوٹو شائع کیا جائیگا ... صرف ان لوگوں کو مل جائے گا جو یکم ربیع الاول تک دو روپے (عہ) دفتر پیشوا میں بھیج کر رسالہ پیشوا کے خریدار ہو جائیں ... ایک روپیہ ہے مضامین سب کے ایک ہوتے ہیں۔ فوٹو نہیں ہوتے اور کاغذ درست ہوتا ہے۔

مینیجر رسالہ پیشوا دہلی

تحفہ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم مفت

نام کتاب شہید اسلام مع حالات زندگی ... انجمن صمدیہ اللہ آباد

منجن عزیزی استعمال کیجیے (فوراً طلب کیجیے)
انشاء اللہ دانت نکلوانے کی ضرورت نہیں رہیگی

دانت کا درد، مسوڑھوں کا ورم، خارش، جلن، سوزش، ٹھنڈک ... وغیرہ تمام امراض کو دور کرتا ہے ...
قیمت فی ڈبیہ ...
حکیم سید محمد عزیز الحسن عرف عزیز میاں سی گھاٹ بھوپال

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ فضل شاہ عالم پوسٹ بکس ۹۵ دہلی

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اقتصادی مشکلات کا بہترین حل
روپیہ بنانے کی مشین!!

مینیجر تاج بکڈپو منڈی حجام۔ آگرہ

بال جڑ سے کالا

... بال اسٹور کنسی سمری دربھنگہ

حکیم الملوک افسر الاطباء حکیم مسیح الدولہ بہار

... مدرسہ محمدیہ حویلی کھڑگپور ضلع مونگیر

مسلمانو صنعت و تجارت سیکھو

معاونین الجمعیۃ کا ایک ضروری فرض

اگر آپ کو الجمعیۃ کے ساتھ حقیقی ہمدردی ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا اخبار زیادہ سے زیادہ ترقی کرے تو دیکھئے کہ آپ کے شہر یا قصبہ میں "الجمعیۃ" کو فروخت کرنے والا کوئی ایجنٹ ہے یا نہیں اگر کوئی صاحب ایجنٹ ہیں تو ان سے تاکید کیجیے کہ وہ الجمعیۃ کو زیادہ سے زیادہ فروخت کرنے کی کوشش کریں اس سلسلہ میں آپ ان کی جو کچھ مدد کر سکتے ہوں ضرور کریں اور اگر آپ کے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی نہیں ہے تو کسی محنتی اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی لینے پر آمادہ کریں اس طرح آپ اپنے اخبار کی بھی خدمت انجام دیں گے اور ایک صاحب حاجت کی معاش کا ذریعہ بھی آپ کی وجہ سے پیدا ہو جائیگا۔ شرائط ایجنسی ذیل کے پتہ سے طلب کر سکتے ہیں۔

مینیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جماعت مولوی فاضل و منشی فاضل کا داخلہ مدرسہ صدیقیہ میں

... جولائی سے مدرسہ صدیقیہ دہلی واقع پھاٹک حبش خاں میں حسب دستور سابق ... امتحانات کیلئے مولوی فاضل و منشی فاضل کا داخلہ شروع ہو جائے گا۔ شائقین علوم مشرقیہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ مدرسہ میں داخل ہو کر ... گذشتہ شاندار نتائج شاہد ہیں۔
مشہور درسگاہوں کے فارغ التحصیل طلبہ کے لئے خاص قسم کی سہولتیں بہم پہونچائی جائیں گی ... خط میں اپنی تعلیم اور مختصر حالات کا ذکر ضرور کریں۔

مینیجر مدرسہ صدیقیہ دہلی پھاٹک حبش خاں دہلی

انجمن تہذیب الکلام دہلی کا جلسہ
جمعیۃ علماء ہند اور زمیندار کی خدمات کا اعتراف

... (۲) انجمن تہذیب الکلام دہلی کا یہ جلسہ حضرت مولانا حسرت موہانی اور ان کی پارٹی کو مبارکباد دیتا ہے ... سرگرمی اور عملی اقدام کے لئے تیار ہیں ... خدمات انجام دین اور آزادی کامل ... علمائے ہند و مسلم نیشنلسٹ پارٹی کو اس کی امداد و اعانت ...

ناظم انجمن تہذیب الکلام دہلی

جمعیۃ اہلحدیث پنجاب کا اجلاس

جمعیۃ تنظیم اہلحدیث صوبہ پنجاب کا ایک خاص اجلاس مورخہ ۲۹ جون ۱۹۳۳ء ...

اخبار الجمعیۃ
کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

بے روزگاری کا بہترین علاج

اگر آپ تھوڑے سرمایہ سے معقول نفع دینے والی تجارت کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے ولایتی، امریکہ، جاپانی، کٹ پیس ... منگوا کر ... تنزیب ... اور نمبر وار کا کرایہ ... مفت طلب کریں۔

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

الیس رفیق بھائی جیکب سرکل بمبئی

دہلی میں بارہ تاریخ کو کیا ہونے والا ہے

ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو ہندوستان کی ہر اسلامی آبادی میں عید میلاد کے جلسے ہوں گے اور دہلی میں بھی ہر جگہ ان جلسوں کی دھوم دھام ہوگی عید میلاد کے لئے خواجہ حسن نظامی صاحب نے گھروں اور مسجدوں پر لگانے اور مکانوں کو آراستہ کرنے کے لئے قرآن و حدیث کے مضامین کے رنگین اور سوتی جھنڈے تیار کئے ہیں جو تمام ہندوستان میں فروخت ہو رہے ہیں ... اعلان دیکھتے ہی ذیل کی دوکانوں سے یہ جھنڈے اور آویزے خرید لیں۔
۱۔ دی حسن نظامی ایسٹرن لٹریچر کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک متصل دریبہ کلاں دہلی
۲۔ زئل بک ڈپو جامع مسجد دہلی
۳۔ رشید یہ بک ڈپو جامع مسجد دہلی

سکرٹری عید میلاد کمیٹی دہلی

اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

دربھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

اگر جناب کو عمدہ اور نایاب آموں کے قلم کی ضرورت ہو تو شاداب اور ارزان قلم ہم سے طلب فرماویں۔
مینیجر قاضی نرسری لہریا سرائے دربھنگہ

صد ہا مرضوں کی ایک دوا

حافظ اقبال حسین بھیٹیا ہی بھاگل پور

اکسیر جذام

اخبار الجمعیۃ میں
اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

مینیجر

عملیات انوعوف فرشتہ غیب

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

مینیجر لکھنؤ ... دربھنگہ

مقویات سراج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بڑھاپے میں جوانی اور جوانی میں عام شباب
طلا ماریاہ

سیلی کا کام سیکھنے والوں کیلئے

سکول فار اسکیم ... لدھیانہ

طاقت کی بے نظیر دوا
الکٹرک سیلوشن

الکٹرک آئیل

ہندوستان کا بہترین ... جمبو

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

الجمعیۃ
سہ روزہ — دہلی
ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ
ایک کالم
¼ کالم
⅛ کالم

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم شنبہ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۵

داعی لا الٰہ الا اللہ کا ظہور قدسی

وہ اعظم و اکمل انسان جس نے قوموں کی تفریق کو مٹایا

خاتم الانبیاء نے دنیا کو کیا پیغام دیا؟

(از معاون)

ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ... خدائے واحد نے اپنے رسول کو روشن ہدایت اور دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا کہ اس کو تمام ادیان پر غالب کر دے۔ ۹ ربیع الاول کو عبداللہ کے گھر آمنہ طاہرہ کے بطن سے خدا کا وہ آخری پیغمبر پیدا ہوا جس کے لئے حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے بارگاہ احدیت میں دعا کی تھی اور جس کی آمد کی خوشخبری حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی۔

دیر آمدہ ز راہ دور آمدہ

یہ عالیشان اور کامیاب ترین پیغمبر جس کی اتباع انسان کو خدا کا محبوب بنا دیتی ہے ...

... تک پہونچایا۔ اگر آپ کے اور کارنامے تھوڑی دیر کے لئے فراموش بھی کر دیے جائیں تو صرف یہی ایک کارنامہ ایسا ہے جس کے احسان سے آج دنیا کی تمام قومیں دبی ہوئی ہیں۔ آپ کی تبلیغ کا یہ اثر ہوا کہ دنیا کے تمام مذاہب کے پیرؤوں کی زبانوں پر توحید کا نام آنے لگا اور وہ اعتقاداً اس کی عظمت کے قائل ہو گئے۔ اگرچہ عیسائی توحید کے زبانی اقرار کے ساتھ تثلیث یعنی تین خدا کے قائل ہیں اور آریہ سماجی ایشور کے ساتھ مادہ اور روح کو مستقل خدا (خود بخود) تسلیم کرتے ہیں لیکن اگر وہ اسی طرح اسلام کے انوار سے مستنیر ہوتے رہے اور انھوں نے اصل توحید کو اسلام سے اخذ کرنے ...

[illegible]

مطب وقت — صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک

جمعیت صدر العلماء ہند کا اعلان
اور علماء و زعماء ملت کی تصدیق

مطب وقت — شام ۵ بجے سے ۹ بجے تک

حکیم مولوی مسعود احمد صاحب جو ایک فارغ التحصیل عالم اور طبیب ہیں، عرصہ تک درس اور مطب کے ذریعہ سے خلق اللہ کی خدمت انجام دیتے رہے ہیں۔ آپ نے تکمیل خدمت کی غرض سے ایک دواخانہ جاری کیا ہے جس کا نام "وطنی دواخانہ" ہے ... دواؤں کی عمدگی، صفائی، ستھرائی ... کے موافق تیاری کے اہتمام کے ساتھ دواخانہ کو مقبول عام بنانے کا تہیہ کر لیا ہے ...

(باہر کے مریضوں کے لئے خاص اہتمام کیا گیا ہے)

سرور دو جہاں طبیب حاذق صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر ما کتحلتم بہ الاثمد فانہ یجلو البصر ...

سرمۂ حکیم

طاقت اور قوت مردمی کا لاجواب عروسی بکس

عورتوں کے مرض سیلان رحم کا مکمل علاج

جس طرح مردوں کو جریان یعنی دھات کی بیماری ہو جاتی ہے، اسی طرح عورتوں کو بھی یہ بیماری ہو جاتی ہے۔ اس کو سیلان الرحم یا جریان الرحم کہتے ہیں ...

وطنی دواخانہ — ماہر طب حکیم مولوی مسعود احمد خاں صاحب صدر بازار دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے لیکن پانچ ترجموں والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰ حضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے بمصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ/

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عرب کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت۔ مرد بوڑھے۔ بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔

ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ چکنا شدہ ... قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ... چرمی ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ

ششماہی

سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ

ششماہی

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم ۵ ۹ ۱۳

۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ

ایک کالم

۱/۲ کالم

۱/۴ کالم

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم شنبہ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۵

داعی لا الٰہ الا اللہ کا ظہور قدسی

وہ اعظم و اکمل انسان جس نے قوموں کی تفریق کو مٹایا

خاتم الانبیاء نے دنیا کو کیا پیغام دیا؟

(از معاون)

ہو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین الحق لیظہرہ علی الدین کلہ - خدا نے اپنے رسول کو روشن ہدایت اور دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا تاکہ وہ تمام ادیان پر غالب کر دے - ۹ ربیع الاول کو عبداللہ کے گھر آمنہ طاہرہ کے بطن سے خدا کا وہ آخری پیغمبر پیدا ہوا جس کے لئے حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے بارگاہ احدیت میں دعا کی تھی اور جس کی آمد کی خوشخبری حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی -

دیر آمدہ ز راہ دور آمدہ

یہ عالیشان اور کامیاب ترین پیغمبر جس کی ابتداء انسان کو خدا کا محبوب بنا دیتی ہے ...

تک پہونچایا - اگر آپ کے اور کارنامے تھوڑی دیر کے لئے فراموش بھی کر دئے جائیں تو صرف یہی ایک کارنامہ ایسا ہے جس کے احسان سے آج دنیا کی تمام قومیں دبی ہوئی ہیں - آپ کی تبلیغ کا یہ اثر ہوا کہ دنیا کے تمام مذاہب کے پیرؤں کی زبانوں پر توحید کا نام آنے لگا اور وہ اعتقاداً اس کی عظمت کے قائل ہو گئے - اگرچہ عیسائی توحید کے زبانی اقرار کے ساتھ تثلیث یعنی تین خدا کے قائل ہیں اور آریہ سماجی ایشور کے ساتھ مادہ اور روح کو مستقل خدا (خود بخود) تسلیم کرتے ہیں لیکن اگر وہ اسی طرح اسلام کے انوار سے مستنیر ہوتے رہے اور انہوں نے اصول توحید کو اسلام سے اخذ کر لیا ...

مطب وقت

صبح ۸ بجے سے ۱ بجے تک

صدر جمعیۃ العلماء ہند کا اعلان

اور علماء و زعماء ملت کی تصدیق

مطب وقت

شام ۵ بجے سے ۹ بجے تک

حکیم مولوی مسعود احمد صاحب جو ایک فارغ التحصیل عالم اور طبیب ہیں ایک عرصہ تک درس اور مطب کے ذریعہ سے خلق اللہ کی خدمت انجام دیتے رہے ہیں آپ نے تکمیل خدمت کی غرض سے ایک دواخانہ جاری کیا ہے جس کا نام "وطنی دواخانہ" ہے دواؤں کی عمدگی صفائی ستھرائی اور نسخے کے موافق تیاری کے اہتمام کے ساتھ دواخانہ کو مقبول عام بنانے کا تہیہ کر لیا ہے امید ہے کہ پبلک تجربہ کرکے قدر دانی کرے گی اور دواخانہ ترقی کے افادہ عامہ کا فرض بوجہ احسن انجام دیگا۔

(باہر کے مریضوں کے لئے خاص اہتمام کیا گیا ہے)

سرور دو جہاں طبیب حاذق صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر ما اکتحلتم بہ الاثمد فانہ یجلو البصر وینبت الشعر ...

طاقت اور قوت مردمی کا لاجواب عروسی بکس

خوحضرات اپنی ناتجربہ کاری کی وجہ سے اپنی زندگی اپنے ہاتھوں تباہ کر چکے ہیں وہ شریف ذات جو بری صحبتوں میں بیٹھ کر اپنے ہاتھوں اپنے پاؤں میں کلہاڑی مار کر زندگی کو درد ...

عورتوں کے مرض سیلان رحم کا مکمل علاج

جس طرح مردوں کو جریان یعنی دھات کی بیماری ہو جاتی ہے۔ اسی طرح عورتوں کو بھی بیماری ہو جاتی ہے اسی کو سیلان الرحم یا جریان الرحم کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا سفید یا لیسدار ...

وطنی دواخانہ ماہر طب حکیم مولوی مسعود احمد خاں صاحب صدر بازار دہلی

اعلیحضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن شریف سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشۂ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوتے رہے ہیں لیکن پانچ ترجموں والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیحضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کے لئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر شرح بھی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی عہ

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے واضح ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر زمین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اور پر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو یہی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور با محاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے دیکھنے کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۵۱ ہجری

دار العوام میں سر سموئل ہور کا تازہ ارشاد

یہ "ہندوستان کے نمائندے" کون ہیں؟

حکومت کے بعض اخباری پروپیگنڈا کے ذریعہ فرضی لیڈر بن بیٹھے ہیں کون ایسا بیوقوف ہوگا جو ہندوستان کا نمائندہ مان لے گا۔ بہت زیادہ نمائندہ حیثیت سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا گاندھی جی یا حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے کوئی مراسلہ جیل سے سر سموئل ہور کے پاس بھیجا ہے کہ ہم آپ کی موجودہ پالیسی اور پروگرام کو پسند کرتے ہیں...

وزیر ہند سر سموئل ہور جب سے اپنے قلمدان وزارت کو سنبھالا ہے وہ قدامت پسندوں کی اکثریت کے بل بوتے پر اس قدر از خود رفتہ ہو گئے ہیں کہ ان کا کوئی بیان اور کوئی اعلان غرور و تکبر سے خالی نہیں ہوتا...

واحد حل

حوادث و احکام

"رہنماؤں کی رہنمائی"

حضرت مفتی صاحب بخیر و عافیت ہیں

حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے اپنے ایک مکتوب گرامی میں راقم الحروف کو ہدایت فرمائی ہے کہ علامہ ممدوح کی طرف سے ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کروں جنہوں نے شدت گرما کے باعث انتقال ... کی کیفیت اخبارات میں پڑھ کر اپنے اضطراب و بے چینی کا اظہار فرمایا ہے اور مختلف جلسوں میں احتجاجی تجاویز منظور کی ہیں۔ سلطان کی آب و ہوا کے متعلق حضرت مفتی صاحب کے مکتوب سے معلوم ہوتا ہے کہ اب وہاں گرمی کم ہو گئی ہے اور رات کو ٹھنڈ ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت میں امید کی جاتی ہے کہ مسلمانان ہند مطمئن ہو جائیں گے ... ملتان جیل میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور حضرت مولانا نور الدین صاحب بھی بخیر و عافیت ہیں کوئی وجہ تشویش نہیں ہے۔

ہلال احمد زبیری ایڈیٹر الجمعیۃ

سرحدی مجلس مقننہ کی انڈیپنڈنٹ پارٹی

وصل کا پول

مقتدلین کا دوسرا اقدام

علم تعاون کا فیصلہ

بنگال کی نام نہاد مسلم کانفرنس کا پہلا اجلاس

مسلمانوں کا خون بہانے کی ناپاک کوششیں

حق پسندوں کا احتجاج اور "لیڈروں" کا فرار

۹ جولائی کو چار بجے کے بعد نام نہاد مسلم کانفرنس کا اجلاس ٹاؤن ہال میں منعقد کیا گیا۔ ... مسٹر عبد الحلیم غزنوی اجلاس کے صدر تھے ... بنگال مسلم کانفرنس ...

صدر کانفرنس

شرکاء کی تعداد

ایک حق پسند مسلمان

مولانا منیر الزماں کی تقریر

صدر استقبالیہ

مولانا شفیع داؤدی کا انعام

انگریزی اخبارات کے ترجمے

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

روم میں جولیس قیصر کے محل کا انکشاف

سمریا میں آٹھ سو برس قبل مسیح کے آثار

بنی اسرائیل کی عظمت کا اثری ثبوت

قمار بازی اور شراب نوشی کے اخراجات

ایک سال میں پچاس کروڑ پونڈ کا صرفہ

سینما کی کثرت نے مستقبل کو تاریک بنا دیا ہے

سرجان سائمن کی ایک تقریر کا اقتباس

پوپ کی خدمت میں ایک عجیب تحفہ

عربی اخبارات کے ترجمے

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

غازیان وطن سے ام المصریین کا خطاب

"سعد زغلول مر چکے کیا تم ان کا نام بھی معدوم کرنا چاہتے ہو"

مصر کو افلاس اور ذلت کا گہوارہ بنا دیا گیا ہے

عراق میں غیر ملکی مال کے مقاطعہ کی تحریک

عراقی جرائد اور سیاسی رہنماؤں کی اپیل

برطانیہ اور حکومت یمن میں معاہدہ کی تحریک

ترکی مدارس میں طلباء کی تعداد

ڈکٹیٹر پنجم جمعیۃ علماء ہند کی گرفتاری اور رہائی

دہلی سے اخراج کا حکم خلاف ورزی کے بعد دوبارہ گرفتاری

دہلی ۱۳ر جولائی۔ حضرت مولانا مولوی الحاج حافظ محمد عبدالحلیم صاحب صدیقی ڈکٹیٹر پنجم جمعیۃ علماء ہند کو گزشتہ ہفتہ دہلی پولیس نے گرفتار کر لیا تھا لیکن بعض غیر معلوم وجوہ کی بنا پر مولانا موصوف کو ۳۰ گھنٹہ حراست میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ رہائی کے وقت مولانا کو ہنگامی آرڈیننس کے ماتحت ایک نوٹس دیا گیا جس پر چیف کمشنر کی طرف سے آپ کو حکم دیا گیا تھا کہ آپ ۲۴ گھنٹہ کے اندر دہلی سے نکل جائیں۔ یہ نوٹس پیر کے روز شام کو چھ بجکر چالیس منٹ پر دیا گیا تھا جو منگل کو ۶ بجکر چالیس منٹ پر ختم ہو گیا۔ مولانا عبدالحلیم صاحب نے نوٹس کی خلاف ورزی کا ارادہ کر لیا تھا چنانچہ آپ نے کل عصر کی نماز مسجد فتحپوری میں پڑھی اور نماز کے بعد مسلمانوں کے مجمع میں ایک پرجوش اور حقائق سے لبریز تقریر فرمائی۔ تقریر کا سلسلہ ایک گھنٹہ سے زائد جاری رہا۔ تقریر کے آخر میں آپ نے فرمایا کہ میں حکم امتناعی کی خلاف ورزی کر چکا ہوں۔ کیونکہ اس وقت ۶ بجکر ۵ منٹ ہو چکے ہیں۔ تقریر کے بعد فتحپوری سے مسلمانوں کا ایک جلوس مولانا کی سرکردگی میں نکلا جو اللہ اکبر کے نعرے لگاتا ہوا دفتر جمعیۃ علماء ہند تک آیا۔ مولانا نے تمام حاضرین کو کچھ نصیحت فرما کر رخصت کیا۔

کل رات کو دس بجے شب شیخ عبدالواحد کی سرکردگی میں پولیس کی ایک جمعیۃ نے دفتر جمعیۃ علماء ہند پر چھاپہ مارا اور مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کو نوٹس کی خلاف ورزی کے سلسلہ میں گرفتار کر کے لے گئی۔

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کا اعلان

ہندوستان میں ری پبلک کے قیام کی تجویز

وزیر ہند اور حکومت کے جدید الٹیمیٹم کا ملک و ملت نے جس جوش و خروش کے ساتھ خیر مقدم کیا ہے وہ کوئی تعجب انگیز امر نہیں ہے۔ جب استبدادی حکومتیں ظلم و عدوان کی حد سے گذر جاتی ہیں اور وہ اپنی مادی طاقتوں کے گھمنڈ میں سرشار ہو کر پبلک کی جائز خواہشات و جذبات کو کچل ڈالنا چاہتی ہیں تو پھر کمزور انسانوں کے دلوں میں غیرت و حمیت کی حرارت ایک خاص طاقت پیدا کر دیتی ہے۔ جس سے ٹکرا کر فرعونی حکومتیں پاش پاش ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہندوستانی معتدلین کا طبقہ جو حکومت سے تعاون کرنے ہی میں امن و فلاح دیکھتا تھا آج ترک تعاون کی طرف قدم بڑھا رہا ہے جس سے مدبرین برطانیہ کے بھی حواس درست ہو رہے ہیں۔ اس لئے وزیر ہند نے بھی اپنے پہلے اعلانوں میں تاویل شروع کر دی ہے جس پر کوئی ایسی بات نہیں ہے جو معتدلین کو بھی مطمئن کر سکے۔

ان تمام حالات پر غور کر کے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اب وقت آگیا ہے کہ ایک قدم اور آگے بڑھایا جائے۔ اور جلد از جلد انڈین نیشنل کانگریس کے نظام کو وسیع تر کر کے ری پبلک کا اعلان کر دیا جائے اور صوبہ وار اور مرکزی قومی حکومتوں کی بنیاد رکھ دی جائے۔

اس کے ساتھ ہی میں تمام ان نوجوانوں سے جو ابھی عدم تشدد کے پابند نہیں ہیں درخواست کرتا ہوں کہ وہ وزیر ہند کے متکبرانہ خیالات سے متاثر ہو کر کوئی ایسی حرکت نہ کریں جس سے ہماری موجودہ آئینی جنگ کو بدنام کرنے کا انگریزوں کو موقع مل جائے۔

(مولانا) حسین احمد مدنی
ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علماء ہند دہلی

دارالحکومت

خشت۔ افیون۔ شراب اور تھیٹر سینما پر ٹیکس

میونسپلٹی کی سب کمیٹی کی سفارش

دہلی ۱۱ر جولائی۔ دہلی میونسپل کمیٹی عرصہ سے اس امر پر غور و خوض کر رہی ہے کہ بہت سی ان چیزوں پر ٹیکس لگایا جائے جن پر اب تک کوئی ٹیکس نہیں ہے۔ ٹیکس شیڈول پر مجموعی طور سے غور کرنے کے لئے ایک سب کمیٹی بنائی جا چکی ہے۔ وہ اس کا فیصلہ کرے گی۔ اگر سب کمیٹی خاص نے جو پہلے ہی سے منتخب ہے ایک تجویز منظور کی ہے جس میں اینٹ پر ۳ آنے فی ہزار اینٹ اور چرس پر ۲ آنے فی من گانجہ اور بھنگ پر ایک آنہ فی من اور دیسی و انگریزی شراب پر ایک آنہ نی ٹیکس لگانے کی سفارش کی ہے۔ اینٹوں کے متعلق بہت سے اعتراض موصول ہوئے جن میں مرتبہ فی ہزار اینٹ ٹیکس لگانے کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ سب کمیٹی کی یہ بھی تجویز ہے کہ سینما تھیٹر اور سرکس سے جو ٹکٹ اور پاس جاری ہوتے ہیں ان پر ۲ فی روپیہ محصول لگایا جائے۔ کمیٹی نے معمولی راستے اور نقل و حمل والوں کو مستثنیٰ کر دیا ہے۔ یہ تجویز ۱۴ر جولائی کو ہونے والے میونسپل کمیٹی کے عام اجلاس میں پیش ہوگی۔

قلعہ میں جانے والے گوشت پر محصول

قصابوں کے خلاف اپیل نہیں ہوگی

دہلی ۱۱ر جولائی۔ دہلی میونسپل کمیٹی کا ملتوی شدہ اجلاس آج مسٹر ہیرڈ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جو جانور ذبح ہوتے ہیں ان کے خون کا پہلے کمیٹی ٹھیکہ دیا کرتی تھی۔ اور اس کی تمام آمدنی کمیٹی کے حصہ میں آتی تھی مگر اس قاعدہ کے خلاف قصابوں نے خون خود کام میں لانا شروع کر دیا۔ اس پر مقدمہ بازی تک نوبت آئی کمیٹی کے خلاف بہت سے قصابوں نے مقدمہ دائر کر دیا۔ کمیٹی کو شکست ہوگئی۔ آج ایک تجویز اجلاس میں پیش ہوئی کہ اس فیصلہ کے خلاف اپیل کیا جائے۔ میونسپل کمیٹی کے وکیل نے اپنی رائے ظاہر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ قصابوں کا یہ دعویٰ صحیح ہے کہ وہ خون کا استعمال کر سکتے ہیں اس لئے اپیل دائر کرنا فضول ہوگا۔ آخر یہ رائے منظور کی گئی اور اپیل نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

قلعہ میں جو گوشت جاتا ہے اس پر ٹیکس نہیں ہے۔ آج کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ اس گوشت پر بھی ٹیکس لیا جائے۔

دہلی میں بلامحصول مال لانیوالوں کی گرفتاریاں

دہلی ۱۱ر جولائی۔ میونسپل کمیٹی کا محکمہ واچ اینڈ وارڈ نہایت سرگرمی سے اپنا کام کر رہا ہے۔ عملہ کے انچارج اور دیگر افسران شب و روز دوڑ دھوپ میں مصروف ہیں۔ کوئی دن ایسا خالی نہیں جاتا کہ دو چار آدمی بلامحصول مال لیجانے کے الزام میں گرفتار نہ کئے جاتے ہوں۔ معلوم ہوا ہے کہ ۱۸ر مئی سے ۱۸ر جون تک کمیٹی کو ۱۶ ہزار روپیہ کی فکر واچ اینڈ وارڈ کے ذریعہ آمدنی ہوئی۔

ایک سکھ نے سکھ لڑکی کا اغوا کر لیا

دہلی ۱۳ر جولائی۔ نئی دہلی سے ایک نابالغ سکھ لڑکی کو ایک موٹر ڈرائیور کے ذریعہ اغوا کئے جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ سردار رتن سنگھ کی بارہ سالہ لڑکی گوردوارہ بنگلہ صاحب میں تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے جایا کرتی تھی وہاں سے ایک سکھ ڈرائیور اس کو موٹر میں بٹھا کر کسی جگہ لے گیا۔ پولیس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔

مولانا عبدالماجد صاحب کو نوٹس

دہلی ۱۳ر جولائی۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ مولانا عبدالماجد صاحب پر ہنگامی اختیارات کے آرڈیننس کے ماتحت ایک نوٹس تعمیل کیا گیا ہے کہ وہ افسران پولیس کی اجازت کے بغیر دارالعلوم سے باہر نہ نکلیں۔

اعلان تعطیل

بتقریب عید میلاد حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ۱۲ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ کو حسب دستور قدیم دفتر کی تعطیل ہوگی۔ لہٰذا معاونین کرام اور ایجنٹ صاحبان ۱۹ر جولائی کے پرچہ کا انتظار نہ فرمائیں۔
منیجر اخبار "الجمعیۃ" دہلی

مولانا عبدالحلیم صاحب کی گرفتاری پر جلسہ

دہلی ۱۳ر جولائی۔ حضرت مولانا عبدالحلیم الصدیقی ڈکٹیٹر پنجم جمعیۃ علماء ہند کی دوبارہ گرفتاری نے مسلمانان دہلی میں خاص جوش پیدا کر دیا ہے۔

آج شام کو چھ بجے آزاد پارک میں ایک عام جلسہ منعقد ہوا جس میں ہندو مسلمان بکثرت شریک تھے۔ جلسہ کی صدارت مولانا جوہر صاحب علیگڈھی نے کی۔ مولانا ابوالمعارف حیدرآبادی کی تقریر نہایت جوشیلی تھی۔ آپ نے آزادی وطن کے لئے عملی جدوجہد اور انتہائی ایثار و قربانی کی اپیل کی۔ آپ کے بعد مولانا احسان بہاری و مولانا الطاف الرحمٰن وغیرہ کی تقاریر ہوئیں جن میں سودیشی اشیاء کے استعمال اور باہمی اتحاد کی اہمیت پر اظہار خیال کیا گیا تھا۔ آخر میں صاحب صدر نے ایک مدلل و مبسوط تقریر کی اور ایک تجویز پیش کی جس میں حضرت علامہ مولانا عبدالحلیم الصدیقی صاحب کی گرفتاری پر ان کو مبارکباد دی گئی تھی۔

دارالعلوم دیوبند کے طلباء کا ایثار

دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل اور متعلمین کے ایک وفود دہلی آچکے ہیں جنہوں نے اپنی خدمات جمعیۃ علماء ہند کو سپرد کر دی ہیں ان میں سے کچھ حضرات گرفتار بھی ہو چکے ہیں۔

۲ کو سزا اور ۳۲ رضاکاروں کی رہائی

دہلی ۱۳ر جولائی۔ یوم سیرۃ کے سلسلہ میں جو ۲۸ رضاکار جیل جانے ہوئے دیگر چھ والنٹیر جلوس میں شرکت کرنے کے الزام میں گرفتار کئے گئے تھے۔ ان کا مقدمہ آج مسٹر رابینسن ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش ہوا ۳۲ والنٹیر تنبیہ کے بعد رہا کر دئیے گئے۔ راجندر اور راج لال دو والنٹیروں کو چھ چھ ماہ قید کی سزا دی گئی۔

مہاراجہ اودے پور کے محل پر حملہ

پولیس اور فوج نے گولی چلادی

شملہ ۱۱ر جولائی۔ یہاں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اودے پور میں شدید فساد ہو گیا ہے۔ بلوائیوں نے مہاراجہ کے محل پر حملہ کیا۔ فوج اور پولیس نے بلوائیوں کا مقابلہ کیا اور ذاتی حفاظت کے لئے گولی چلائی جس سے پانچ اشخاص مجروح ہوئے۔ مزید تفصیلات ابھی تک موصول نہیں ہوئی ہیں۔

شورش کی مزید تفصیلات

شملہ ۱۲ر جولائی۔ اودے پور میں مہاراجہ کے محل پر یورش کے متعلق مزید تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ اودے پور میں جمعہ کے دن سخت فساد ہو گیا۔ شہر میں ہنگامہ کے ساتھ لوگوں کا بہت بڑا مجمع مہاراجہ کے محل پر لوٹ پڑا اور محل کے اندر گھس گیا۔ پولیس اور فوج نے فیر کر کے منتشر کیا جس سے بیان کیا جاتا ہے کہ صرف پانچ آدمی زخمی ہوئے۔

گو فساد کے اسباب تو معلوم نہیں ہوئے ہیں لیکن احمدآباد کی ایک اطلاع سے پتہ چلتا ہے کہ ہز ہائینس مہاراجہ نے بعض ٹیکسوں میں اضافہ کر دیا تھا رعایا میں سے بعض لوگوں کا یہ خیال تھا کہ وہ اس بارے میں ہز ہائینس سے کچھ عرض کریں۔ چنانچہ پانسو آدمی محل تک گئے تاکہ ہز ہائینس اس حکم کو منسوخ کر دیں۔ گولی کس وجہ سے چلی تھی یہ ابھی تک معلوم نہیں لیکن ایک خبر سے پتہ چلتا ہے کہ دس آدمی جگہ مقتول ہوئے اور دس کے قریب زخمی۔

جس وقت گولی چلی ہے کہا جاتا ہے کہ مجمع پیچھے بھاگا اور بہت سے لوگ تالاب میں گر کر غرق ہو گئے۔ ابھی تک کل نقصانات معلوم نہیں ہوئے ہیں۔ شہر میں دو دن کی مکمل ہڑتال کا اعلان کیا گیا ہے۔ شہر کے سربرآوردہ لوگوں نے ایجنٹ کو تار دیا ہے کہ وہ آکر خود دیکھیں۔ مہاراجہ کو بھی اطلاع کر دی گئی ہے۔

لارنس بت مسمار کرنیوالوں کے مقدمہ کا فیصلہ

دو دو سال قید سخت اور جرمانہ

لاہور ۱۲ر جولائی۔ مسٹر لوئیس ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے آج ادار سنگھ اور تین دیگر سکھوں کے خلاف مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ ملزم ریاست کپورتھلہ کے رہنے والے ہیں۔ یہ لارنس بت مسمار کرنے کے الزام میں گرفتار کئے گئے تھے۔ چاروں ملزموں کو دو دو سال قید سخت اور ۲۵-۲۵ روپیہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائیگی تین تین ماہ مزید قید اور دفعہ ۲۴۷ اور ۴۴۷ تعزیرات ہند (بیجا مداخلت) کے ماتحت تین تین ماہ قید کی سزا دی اور میعاد سزا ختم ہو جانے کے بعد ایک سال تک نیک چلن رہنے کے لئے پانچ پانچ سو روپیہ کے ذاتی مچلکے داخل کرنے کا حکم دیا گیا۔ دونوں سزائیں ساتھ ساتھ شروع ہوں گی۔

لداخ کے قریب دریا کا بند ٹوٹ گیا

پانی ۴۳ فٹ بلند ہو چکا ہے

تباہ کن سیلاب کا خطرہ

۱۹۲۹ء کے مشہور سیلاب کی طرح امسال پھر دریائے شیوک کا بند یکایک ٹوٹ گیا۔ یہ دریائے انڈس کا ایک اہم معاون دریا ہے جو کشمیر کے شمالی صوبوں بلتستان وغیرہ سے ہو کر آتا ہے اور اس کے دائیں کنارے سے لداخ کے قریب آکر مل جاتا ہے اس دریا کے منجمد پانی کو روکنے کے لئے ایک بہت بڑا بند تعمیر کر دیا گیا ہے لیہہ (صدر مقام لداخ) کا ایک تار مظہر ہے کہ دوشنبہ کی صبح کو ساڑھے گیارہ بجے کے قریب یہ بند یکایک پھٹ گیا اور دریا میں طغیانی شروع ہو گئی اسی طرح ملتان کا ایک تار مورخہ ۱۲ر جولائی مظہر ہے کہ شیوک کے بند کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے چناب میں سیلاب کا اندیشہ ہے دریا کے کنارے جو آبادی ہے اسے مطلع کر دیا گیا ہے کہ وہ اپنے مکان وغیرہ کو فوراً منتقل کر دے۔

صبح کو دوشنبہ کے دن ٹوٹا ہے جس کے بعد پانی ۱۳ فٹ سے فوراً ہی ۳۲ فٹ بلند ہو گیا اس کے دس منٹ بعد ۴۶ فٹ ہو گیا اور آخری تار کے مطابق ۸۰ فٹ تک پہنچ چکا ہے۔

حکومت ہند کی جانب سے گول میز کانفرنس کے اجلاس کی حمایت

وزیر ہند پیر کو ایک اعلان کرینگے

شملہ کے سیاسی حلقوں میں یہ افواہ گشت لگا رہی ہے کہ حکومت ہند گول میز کانفرنس کے تیسرے اجلاس کی مخالفت نہیں کر رہی ہے بلکہ اس نے برطانوی حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ پیدا شدہ نزاکت کے ازالہ کی صورت صرف یہی ہو سکتی ہے کہ کانفرنس کو کسی نہ کسی صورت میں پھر لندن میں منعقد کیا جائے۔ اور ہندوستانی نمائندوں کو دستور کی آخری تدوین و ترتیب میں پورا موقع دیا جائے۔

اس سلسلہ میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ غالباً پیر یا منگل کو سر سیموئیل ہور وزیر ہند دارالعوام میں ایک نئے اعلان کریں گے جس میں ۲۷ر جون والے اعلان کی توضیح کی جائے گی اور آئندہ طریق کار کی نسبت صاف و صریح الفاظ میں ہندوستانی لیڈروں کے سامنے پروگرام پیش کیا جائے گا۔

زخمی رضاکاروں کو طبی امداد دینے کا صلہ

ایک ڈاکٹر کو ۶ ماہ قید سخت کی سزا

تیلی چیری ۱۱ر جولائی۔ ڈاکٹر ٹی۔ وی۔ نرائن نائر کو دفعہ ۱۷-الف قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت سب ڈویژنل مجسٹریٹ تیلی چیری نے چھ ماہ قید بامشقت اور ۵۰ روپیہ جرمانہ کی سزا دی ہے۔ ڈاکٹر موصوف پر یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے مجروح کانگریسی رضاکاروں کو طبی امداد بہم پہنچائی۔

شاہدرہ سہارنپور ریلوے پر خطرناک حادثہ

کئی ڈبے الٹ گئے

دہلی ۱۲ر جولائی۔ شاہدرہ سہارنپور ریلوے پر شاہدرہ اور لونی کے درمیان ایک حادثہ ہو گیا۔ ریل گاڑی پوری رفتار سے جا رہی تھی کہ پٹری سے نیچے اتر گئی۔ انجن کے قریب مال گاڑیاں تھیں وہ سب الٹ گئیں۔ سواری گاڑیوں میں جو مسافر تھے ان میں متعدد زخمی ہو گئے۔ حادثہ کی وجہ یہ بتلائی جاتی ہے کہ لائن کے بولٹ کھول دئے گئے تھے۔ تحقیقات ہو رہی ہے کہ یہ بولٹ کس طرح کھولے گئے۔ افسران متعلقہ اور پولیس موقعہ پر تفتیش کر رہی ہے۔

تحفۂ آزاد ہندوستان کا داخلہ بند

اسمبلی میں ایک ممبر کا استفسار

شملہ ۱۲ر جولائی۔ مسٹر گیا پرشاد سنگھ ممبر اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں حسب ذیل سوال پیش کریں گے۔

کیا یہ حقیقت ہے کہ ایک تالیف کا جن پر لفظ آزاد ہندوستان کسی بھی زبان میں لکھا ہو برطانوی ہندوستان میں لانا ممنوع قرار دیا گیا ہے اگر یہ درست ہے تو کیوں؟ گزشتہ دو سال میں اس قسم کے کتنے تحفے ہندوستان میں لائے گئے ہیں اور کہاں سے لائے گئے ہیں۔

عیسائیوں میں شاردا ایکٹ کی خلاف ورزی

والدین کو سزا پادری بری کر دیا گیا

تھانہ ۱۰ر جولائی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تھانہ کی عدالت میں ساردا ایکٹ کے ماتحت ایک مقدمہ کی سماعت ہوئی جس میں بسین تعلقہ کے چار دیسی عیسائیوں کے خلاف مقدمہ چلایا جا رہا تھا۔ مذکور ملزمان میں آنالان چرچ کا پادری بھی شامل ہے۔ پادری مذکور کے خلاف الزام یہ تھا کہ اس نے ایک ۱۸ سال سے کم عمر کے لڑکے کی گرجا گھر میں شادی کرائی تھی۔ دولہا اور دولہن کے والدین کو ایکٹ مذکور کے ماتحت دو دو سو روپیہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائیگی جرمانہ آٹھ آٹھ یوم قید محض کی سزا کا حکم ہوا۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ ۲۴ر فروری ۱۹۳۱ء کو مسٹر ڈویلنک کی شادی مٹالیہ کے ساتھ ہوئی۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اول الذکر کی عمر تاریخ مذکور تک ۱۸ سال سے کم اور لڑکی کی عمر ۱۴ سال سے زیادہ تھی۔

بمبئی میں سکون کے بعد پھر شرارت

دو مسلمانوں پر ہندوؤں کا حملہ

بمبئی ۱۲ر جولائی۔ بمبئی کی حالت اب روبہ اصلاح ہے اور دوکانیں بھی کھل رہی ہیں لیکن گذشتہ چار دن کے سکون کے بعد کل دوپہر گرگام روڈ پر دو مسلمان راہگیروں پر ہندوؤں کی ایک ٹولی نے حملہ کر دیا اور انہیں لاٹھیوں اور چھڑیوں سے خوب پیٹا دونوں کو ہسپتال پہنچایا گیا ایک کو چوٹیں کم تھیں اس لئے اسے داخل نہیں کیا گیا۔

اسسٹنٹ پولیٹیکل افسر پاراچنار پر حملہ

حملہ آور کا کوئی پتہ نہیں چلا

پشاور کے متعدد گاؤں پر جرمانے

پشاور ۱۲ر جولائی۔ جمعہ کی رات کو بعض نامعلوم اشخاص نے مسٹر ظریف خان اسسٹنٹ پولیٹیکل آفیسر پاراچنار کی جان پر حملہ کرنے کی ناکام کوشش کی معلوم ہوا ہے کہ جس وقت خان صاحب اپنے برآمدہ میں لیٹے ہوئے تھے تو ان پر بم پھینکا گیا۔ لیکن وہ پھٹ نہ سکا۔ حملہ آور بھاگ نکل گیا۔ شبہ کی بنا پر دو اشخاص کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

مجابگرات تار کاٹنے کے جرم میں پشاور کے چھ گاؤں پر ۹۰ روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے اسی طرح ۹۳۳ روپیہ ان چار گاؤں پر لگایا گیا ہے جن کے متعلق حکومت کو یقین ہے کہ وہ سرکاری آدمیوں کو ان کے فرائض کی ادائیگی سے باز رکھنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔

لڑکیوں اور لڑکوں کی مشترکہ تعلیم

ہگلی ۱۳ر جولائی۔ ہگلی کالج میں مشترکہ تعلیم کے اصول پر عمل کیا جا رہا ہے اور لڑکوں کی تعلیم کے ساتھ لڑکیوں کی تعلیم کے جملہ انتظامات پورے کر لئے گئے ہیں۔ لیکن بعض قدامت پسند طبقوں کی جانب سے اس نئی اسکیم کی مخالفت کی جا رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکام کالج مخالفت کے باوجود اپنی اسکیم کو بروئے کار لانے پر مصر ہیں۔

کلکتہ میں بدیشی دوکانوں پر پکٹنگ

کلکتہ ۱۳ر جولائی۔ بدیشی پارچہ اور مسکرات کی دوکانوں پر پکٹنگ کرتے ہوئے ۷ رضاکار گرفتار کئے گئے اور صدر دفتر پر نوٹس چسپاں کر دئے گئے۔ پکٹنگ کا سلسلہ جاری ہے۔

ایک کو پھانسی ۴۳ کو کالا پانی

رنگون ۱۳ر جولائی۔ رنگون ہائی کورٹ نے ہنزادہ کے مقدمہ بغاوت کی اپیل کا فیصلہ سنا دیا ہے اور ایک باغی کو سزائے موت اور ۴۳ کو سزائے حبس دوام کا حکم دیا ہے۔

یو۔ پی میں گرفتاریوں کی تعداد

نینی تال ۱۳ر جولائی۔ صوبہ جات متحدہ میں ۱۰ر جولائی تک ۱۰۳۵۰ اشخاص سزایاب ہو چکے ہیں۔

حکومت گول میز کانفرنس کا اجلاس منعقد کرنے پر آمادہ ہو گئی؟

ہندوستان کے حالات نے حکومت کو مجبور کر دیا

لندن کا مزدور حلقہ ہندوستان کی تائید میں

لندن ۱۲ر جولائی۔ ہندوستان میں سر سیموئیل ہور وزیر ہند کے ۲۷ر جون والے اعلان کا جو خیر مقدم اعتدال پسند (ماڈریٹ) اور حریت پسند (لبرل) طبقوں میں کیا گیا ہے اس نے لندن کے سیاسی حلقوں میں ایک گونہ اضطراب پیدا کر دیا ہے۔ سرکاری حلقوں میں اور بھی زیادہ پریشانی ظاہر کی جا رہی ہے کیونکہ اب تک حکومت اعتدال پسند طبقہ کو اپنی حکمت عملی کے بروئے کار لانے میں آلۂ تصور کرتی رہی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس نے اس طبقہ سے اپنے ان عزائم و مقاصد کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے۔

صورت حال کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس بات پر آمادہ ہو گئی ہے کہ گول میز کانفرنس کا تیسرا اجلاس طلب کیا جائے گو اس کی ہیئت ترکیبی گزشتہ اجلاسوں کے مقابلہ میں قدرے فرق ہے۔

لندن ۱۲ر جولائی۔ ہندوستانی سیاسیات میں جو نازک صورت حال اعتدال پسند طبقہ کے رویہ سے پیدا ہو گئی ہے اس نے یہاں کے مزدور طبقہ پر بھی اثر کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مزدوروں کی جانب سے نجی طور پر حکومت کو متنبہ کیا گیا ہے کہ اگر اس گول میز کانفرنس کے تیسرے اجلاس میں (جو حکومت کو وزیر ہند کے اعلان کے باوجود منعقد کرنا پڑے گا) کانگریس کو شامل نہیں کیا گیا تو کانفرنس کا یہ آخری اجلاس بالکل ناکام ثابت ہوگا اور تمام محنت اکارت جائے گی۔ اس طبقہ نے بہت زور دیا ہے کہ برطانوی حکومت کو اپنی پالیسی جلد از جلد تبدیل کرنی چاہئے ورنہ اندیشہ ہے کہ صورت حال بد سے بدتر نہ ہو جائے۔

وزیر ہند کا اعلان سابقہ طریق کار کے منافی ہے

۱۴ گول میزی ممبران کا مشترکہ بیان

بمبئی ۱۱ر جولائی۔ گول میزی نمائندوں کی جو کانفرنس بمبئی میں ہو رہی تھی وہ کل شام کے وقت ختم ہو گئی ہے۔ دستخط کنندگان ذیل نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس کے دوران میں وہ لکھتے ہیں کہ:۔

"دستخط کنندگان ذیل ارکان گول میز کانفرنس نے وزیر ہند کے اعلان پر جو انہوں نے ۲۷ر جون کو دارالعوام میں دیا تھا اور ان جملہ اعلانات پر جو اس کی تشریح کے سلسلہ میں کئے گئے ہیں جن میں وزیر ہند کا اعلان مورخہ ۷ر جولائی بھی شامل ہے پوری طرح غور و خوض کیا ہے اور اس نتیجہ پر پہنچنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ جدید طریق کار کانفرنس کے اس طریقہ کار سے جو لارڈ ارون نے اکتوبر ۱۹۲۹ء اور جولائی ۱۹۳۰ء میں اور وزیر اعظم نے دسمبر ۱۹۳۱ء میں مرتب کیا تھا۔ اصل اور حد بندی بالکل مختلف ہے۔"

دستخط کنندگان میں سر چمن لال سیتلواد۔ مسٹر شاستری۔ مسٹر جیکر۔ مسٹر ...

ایڈیٹر "فری پریس" کو جرمانہ کی سزا

لاہور ۱۳ر جولائی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت سے آج صبح مسٹر ... ایڈیٹر "فری پریس" لاہور کے خلاف مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا گیا۔ ان پر ایک سو روپیہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائیگی جرمانہ ایک ماہ قید محض کی سزا دی گئی۔

ریلوں کو ایک ہفتہ میں ۴ لاکھ کا خسارہ

شملہ ۱۲ر جولائی۔ سرکاری ریلوں کی آمدنی بابت ہفتہ مختتمہ ۲۵ر جون ۵۸ لاکھ روپیہ رہی جو ہفتہ ماسبق سے بقدر ۴ لاکھ روپیہ کم ہے۔ اور ہفتہ سال گزشتہ سے بقدر ۲ لاکھ روپیہ کم رہی۔

ہفتہ واری رپورٹوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرکاری ریلوں کی آمدنی میں کساد بازاری کی وجہ سے ہفتہ بہ ہفتہ کمی ہوتی جا رہی ہے۔

کراچی اور مدراس کے درمیان ہوائی سلسلہ

بمبئی ۱۰ر جولائی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کراچی اور مدراس کے درمیان ۱۵ر اکتوبر سے ہوائی ڈاک کی آمد و رفت شروع ہو جائے گی۔

مدراس میں ایک جلوس کی گرفتاری

مدراس ۱۲ر جولائی۔ مسٹر سکو کوتی ریڈی کی سرکردگی میں ایک جلوس نکالا گیا۔ ایک بہت بڑا ہجوم جلوس کے ساتھ ہو گیا۔ مسٹر ریڈی نے تقریر شروع کی۔ پولیس نے ہجوم کو لاٹھی سے منتشر کیا اور رضاکاروں کو گرفتار کر لیا۔ اور حوالات میں داخل کر دیا۔

کشمیر میں آرڈیننس کی تجدید

سرینگر ۱۲ر جولائی۔ ہنگامی اختیارات کے قانون ۱۲ اور ۱۳ کی میرپور وزارت اور تحصیل رام پور و راجوری میں مزید چھ ماہ کیلئے توسیع کر دی گئی ہے۔ دیگر مقامات میں بھی حسب ضرورت وزیر اعظم کے حکم سے یہ قانون نافذ ہو سکے گا۔

لبرل فیڈریشن نے بھی عدم تعاون کا اعلان کر دیا

وزیر ہند کے اعلان پر شدید احتجاج

بمبئی ۱۱ر جولائی۔ نیشنل لبرل فیڈریشن کی کونسل نے وزیر ہند کے تازہ اعلان پر غور و خوض کرنے کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنی تحقیقات کے آئندہ مراحل میں حکومت کے ساتھ تعاون نہیں کرے گی۔ کونسل نے اپنے آئندہ تعاون کے لئے یہ شرط قرار دی ہے کہ گول میز کانفرنس کے طریقہ کار کو (جس سے حکومت کے انحراف کے خلاف کونسل نے شدید احتجاج کیا ہے) بحال کیا جائے۔

کونسل نے ایک قرارداد اس مضمون کی بھی منظور کی ہے کہ صوبجاتی آزادی اور مرکزی ذمہ داری کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ صوبجاتی آزادی کے ساتھ مرکزی ذمہ داری کا قیام اشد ضروری ہے۔

کونسل نے جدید آرڈیننس کے نفاذ کے خلاف پرزور احتجاج کیا ہے اور حکومت پر زور دیا ہے کہ اسے مفاہمت اور میانہ روی کی پالیسی اختیار کرنی چاہئے۔ کونسل نے تحریک سول نافرمانی کی مخالفت کی ہے۔

بمبئی میں صوبجاتی آزادی کیلئے تیاریاں

حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کر دی

بمبئی ۱۱ر جولائی۔ حکومت بمبئی نے اعلان کے ذریعہ ایک کمیٹی کا تقرر تجویز کیا ہے جو ۱۵ر جولائی تک معرض وجود میں آجائے گی۔ کمیٹی حسب ذیل اصحاب پر مشتمل ہوگی۔

اس کمیٹی کے تقرر کی غرض و غایت یہ ہے کہ وہ صوبہ بمبئی کے حالات کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد حکومت کو اس کے انتظامی امور اور دیگر حالات کو بہتر بنانے کیلئے کوئی بہترین لائحہ عمل تجویز کرے جس سے صوبجاتی خود اختیاری کے نئے نظام کو چلانے میں آسانی ہو۔

ہندو یونیورسٹی کیلئے ڈیڑھ کروڑ روپیہ جمع ہو گیا

مسلم قوم کی توجہ کے قابل

بنارس ۱۱ر جولائی۔ بنارس یونیورسٹی کے لئے پنڈت مدن موہن مالویہ نے ۳ کروڑ روپیہ کی جو اپیل شائع کی تھی اس کا خاطر خواہ نتیجہ نکلا ہے چنانچہ اس وقت تک ۱۴۸ لاکھ روپیہ جمع ہو گیا۔ انجینئرنگ کالج کے لئے ۱۲ لاکھ کا چندہ جمع کیا جا رہا ہے۔

۱۶۰ ایکڑ اراضی کی قرقی کا حکم

احمدآباد ۱۴ر جولائی۔ کلکٹر کھیڑہ نے موضع راس تعلقہ بورسد کی ۱۶۰ ایکڑ اراضی کی قرقی کا حکم جاری کر دیا ہے متعلقہ خطہ داروں نے اس وقت تک لگان ادا نہیں کیا ہے۔

بنگال کے ایک گاؤں میں گولی چل گئی

دیناج پور ۱۳ر جولائی۔ اطلاع ملی ہے کہ موضع اکوڑا میں جو گنگا رام پور پولیس اسٹیشن سے چھ میل کے فاصلہ پر ہے پولیس کو سنتھالوں پر گولی چلانی پڑی جنہوں نے وارنٹوں کی تعمیل میں رکاوٹ ڈالی تھی گولی سے دو سنتھال زخمی ہوئے۔

انقلابیوں کو کالے پانی بھیجا جائیگا

لندن ۱۱ر جولائی۔ دارالعوام کے اجلاس میں کل ایک سوال کے جواب میں صاحب وزیر ہند نے بتایا کہ جیل کے نظم کو قائم رکھنے کے خیال سے یہ طے کیا گیا ہے کہ انقلابی مجرموں کو کالا پانی جلاوطن کر دیا جائے۔

افغانستان میں جدید تمدنی ترقیات

۱۲ مقامات تک ٹیلیفون لائن کی تعمیر

خدا کے فضل سے جدید افغانستان اس وقت اقتصادی سیاسی اور تمدنی اعتبار سے خوب ترقی کر رہا ہے جس سے یہ پیشین گوئی نظر آتی ہے کہ یہ خطہ بہت جلد متمدن اقوام کی صف اول میں شامل ہو جائے گا اسی ضمن میں افغانستان کے تمام علاقوں میں سلسلہ مخابرات و مواصلات ترقی پذیر ہے اور ہر جگہ ٹیلیفون اور برقی روشنی کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ معاصر "اصلاح" کابل کی تازہ ترین اشاعت سے معلوم ہوا کہ ذیل کے مقامات میں ٹیلیفون کی لائن تعمیر ہو گئی ہے:۔

(۱) قندھار سے علاقہ داری ارغنداب (۲) علاقہ داری ارغنداب سے حکومت دھلہ (۳) کابل اور قندھار کے خط مستقیم سے علاقہ داری ہلمند (۴) فراہ سے کشک (۵) فراہ سے حکومت ساربان قلعہ (۶) گرشک سے داور (۷) قلعہ جدید سے علاقہ داری تختہ پل (۸) قلعہ جدید سے حکومت کدنی (۹) قلعہ جدید سے فراہ (۱۰) خط عمومی کابل سے حکومت جلدک (۱۱) حکومت قلات سے شوراب اور شنگی (۱۲) مرکز قندھار سے قرارگاہ عسکری (۱۳) مرکز قندھار سے برج سلام (۱۴) مرکز قندھار سے فرقہ عسکری قندھار (۱۵) قندھار سے ریاست بلدیہ (۱۶) مرکز قندھار سے منزل بلاغ (۱۷) مرکز قندھار سے منشی ریاست کی کوٹھی (۱۸) مرکز قندھار سے مدیریت مخابرات (۱۹) مرکز قندھار سے ٹیلیگراف آفس (۲۰) مرکز قندھار سے شہر صفا (۲۱) مرکز قندھار سے شاہی باغ تک

مولانا شوکت علی "البلاغ" کی نظر میں

یورپین لیڈی سے شادی کرنے پر نکتہ چینی

قاہرہ ۱۰ر جولائی۔ مصر کے اخبارات مولانا شوکت علی کی نئی شادی پر نکتہ چینی کر رہے ہیں۔ اخبار "البلاغ" ایک ۱۶ر جون کی اشاعت میں لکھتا ہے:۔

مشرق کے اخبارات سے ہمیں یہ معلوم کر کے انتہائی قلق ہوا کہ ہندوستان کے ایک بوڑھے شیخ نے جن کی عمر ۶۰ سال کے قریب ہے اور جو ہندوستان کے مسلمانوں کا لیڈر ہے ایک نوجوان انگریز لڑکی سے شادی کر لی ہے۔ اس سے پہلے ہم ہندوستان کے ایک لیڈر مسٹر جناح سے بھی یہ سن چکے تھے کہ انہوں نے ایک پارسی عورت سے شادی کی تھی۔ ہمیں افسوس ہے کہ ...

مسٹر پٹیل سے ڈی ویلرا کی ملاقات

ہندوستان کے سیاسی مسائل پر تبادلۂ خیال

لندن ۱۲ر جولائی۔ رمسٹر وی۔ جے۔ پٹیل لندن واپس آگئے ہیں۔ جو رپورٹر کے نمائندے سے ملاقات کے دوران میں آپ نے فرمایا کہ ڈبلن میں مسٹر ڈی ویلرا کے ساتھ ہندوستانی معاملات پر گفتگو ہوئی۔ لیکن آپ نے یورپ کے ایک دوست ملک کو ہندوستان کے حقیقی واقعات سے آگاہ کیا ... کے سلسلہ میں بھی تبادلۂ خیال ہوا۔

سرزمین رنگون میں بعض علماء سوء کی مفسدہ پردازیاں

مذہبی اختلافات کا طوفان عظیم۔ خانۂ خدا میں سر پھٹول

عجب درد نیست اندر دل اگر گویم زبان سوزد
وگر دم درکشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

آج جب کہ مسلمانوں سے ان کا سیزدہ صد سالہ جاہ و جلال رخصت ہو چکا ہے۔ سلطنت اور حکومت ہاتھ سے نکل چکی ہے۔ دولت اور شوکت بھی منہ موڑ چکی ہے۔ غرناطہ اور دمشق کے سبزہ زار پر صلیبی پرچم لہرا رہا ہے۔ قرطبہ اور اندلس کا ذرہ ذرہ مسلمانوں کے مقدس خون سے رنگا جا چکا ہے اور مسیحی ملک گیری نے چالیس کروڑ فرزندان توحید کو فضائے آزادی میں سانس لینا دوبھر کر دیا ہے اُن کے مقدس مذہب پر ہر طرف سے ناپاک حملے ہو رہے ہیں۔ ملت اسلامیہ کا ناموس خطرہ میں ہے اور جب کہ مستقبل قریب میں مسلمانان ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ اغیار کے ہاتھوں ہونے والا ہے ضرورت تھی کہ ایسے نازک وقت میں مسلمان خواب غفلت سے بیدار ہوتے اور اپنی تمام خانہ جنگیوں کو یکسر چھوڑ کر خدا کی رسی کو مضبوط پکڑتے اور ایک رشتۂ توحید میں منسلک ہو کر اپنے ملی اور وطنی حقوق کے تحفظ کے لئے جان توڑ کوشش کرتے مگر افسوس کہ ان کی بدقسمتی سے انہیں میں کچھ لوگ ایسے پیدا ہو گئے ہیں جن کے پاس کوئی حلال ذریعۂ معاش نہیں اور نہ ان کو خدا کی رزاقی پر پورا بھروسہ ہے۔ ان کی روزی کا مدار اسی پر ہے کہ مسلمانوں کو آپس کی خانہ جنگیوں میں مبتلا کر کے بکروں اور مُشٹنڈوں کی طرح لڑائیں اور اپنی جیب گرم کریں۔ اسلامی تاریخ شاہد ہے کہ مذہب مقدس کو جس قدر نقصان اس قسم کے مذہبی تاجروں سے پہنچا ہے اتنا ظاہر باہر مخالفین یہود و نصاریٰ سے ہرگز نہیں پہنچا۔

من ز بیگاناں گاں ہرگز نہ نالم
کہ با من ہر چہ کرد آں آشنا کرد

اس وقت ہم رنگون کے جن افسوسناک واقعات کو قارئین کرام تک پہنچانا چاہتے ہیں وہ بھی اسی منحوس سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ ہمارا شہر رنگون مذہبی و اسلامی حیثیت سے ہندوستان کے بڑے شہروں میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔

سلامی کا ہنگامہ مسجد میں لٹھ بازی

واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ جب مولوی حشمت علی صاحب نے منبر پر بیٹھ کر مشاہیر علمائے اسلام کو کافر بتانا شروع کیا ...

مولوی حشمت علی صاحب کی بے پناہ تکفیر

تکفیر کے معاملہ میں تو آپ اس قدر مشاق اور بیباک ہیں کہ خدا کی پناہ

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہم نے بصرف زر کثیر ایک فاضل اجل اور صوفی اکمل سے اس شرح کو لکھوایا ہے جس میں اول مثنوی کا شعر جلی قلم سے بعض اعراب دیکر لکھا گیا ہے اس کے بعد مشکل الفاظ کی لغات اور صرفی نحوی ترکیب ہے لکھ کر شعر کا ترجمہ سلیس اردو میں ایسی طرز سے لکھا ہے کہ جو تحت لفظی بھی ہے اور بامحاورہ بھی اس کے بعد شعر کے مطلب کو قرآن و حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کے حوالہ جات سے مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے اور مثنوی کے رموز و نکات کو حل کرنے کے لئے جا بجا مفصل بحث کر کے مشکل اور نازک مقامات میں اپنے نیلے شعر کے اصل مفہوم کو ظاہر کر دیا ہے غرضیکہ مثنوی شریف کی یہ شرح آجتک کی تمام شائع شدہ شرحوں سے اعلیٰ اور عمدہ اور بہتر ہے ملک کے نامور اخبارات اور مشہور علمائے دین اور بزرگان کرام نے اس شرح کو نہایت پسند کیا ہے کاغذ اعلیٰ قیمت حصہ اول بلا جلد دو روپے آٹھ آنہ حصہ دوم دو روپے آٹھ آنہ حصہ سوم دو روپے آٹھ آنہ حصہ چہارم دو روپے آٹھ آنہ حصہ پنجم دو روپے آٹھ آنہ مجلد جس پر سنہری حروف میں کتاب کا نام درج ہے فی حصہ تین روپے چار آنہ ... پانچوں حصوں کو اکٹھا خرید نے پر سوانح مولانا روم ... اور ہر قسم کی کتابیں عربی، فارسی، اردو بکفایت ہمارے کتبخانہ سے مل سکتی ہیں۔

ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ

اس شرح کو بہت پسند کر کے ناظرین الجمعیۃ سے اس کی خریداری کی پرزور سفارش کی ہے

ملنے کا پتہ

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی (ج) کشمیری بازار لاہور

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

منیجر دواخانہ مجربات مسیحی پل نخاس لکھنؤ

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا ... شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھیے

سنئے جناب! یہ شربت اکسیر جس کا اشتہار آپ کے پیش نظر ہے اس کا نسخہ ایک کہنہ مشق امریکن ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے سے قبل صدہا مریضوں پر جب مجھے کامل اطمینان ہو گیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو نہ سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرما دیں۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جاوے گی

جریان جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری، پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید رطوبت کا گرنا، منی کا پتلا ہو جانا، احتلام کا ہونا، نطفہ کا نہ ٹھہرنا، اعصاب و سر کا برابر رہنا، سستی، کاہلی، چہرے پر بالکل بیرونقی، خون کا بدن میں نہ پیدا ہونا، ان سب مہلک امراض کے لئے شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ مقوی دل و دماغ تو ایسا ہے کہ شاید ہی اس کے مقابلہ کی کوئی دوسری دوا ہو۔ ہاضم بقدر ہے کہ آپ ایک ہفتہ کے بعد مقوی غذا نوش کرنے لگیں گے

قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ تین شیشی کی قیمت دو روپیہ بارہ آنہ (للعہ)

تازہ سرٹیفکیٹ جناب حکیم رحم الٰہی خانصاحب بیرسٹر تحریر فرماتے ہیں کہ آپ کے شربت اکسیر کی ایک شیشی منگوائی تھی۔ اس کا استعمال میں نے ایک مریض کو کرایا جس کو بارہ سال کا پرانا جریان تھا جاتا رہا۔ واقعی آپ کے شربت اکسیر میں جادو کا اثر ہے۔ براہ کرم دو شیشی شربت اکسیر اور روانہ فرما دیں۔

فرمائش کے وقت الجمعیۃ کا حوالہ ضرور دیجئے

ملنے کا پتہ: ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۶ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

عجیب! (۱۰۸۶)

ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

کھانے پینے کی بے احتیاطی کے باعث جو شکایتیں پیدا ہوتی ہیں ان کے لئے یہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے فساد ہضم، گرانی شکم اور دوران سر کو آناً فاناً روکتی ہے تخمہ اور ہیضہ میں یہ نہایت مجرب اور بہت ہی زود اثر ثابت ہوئی ہے سفر کی حالت میں عموماً کھانے پینے میں احتیاط نہیں ہو سکتی جس کے باعث دوران سر اور گرانی شکم کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے سفر و حضر میں اس کی ایک شیشی ضرور اپنے ہمراہ رکھئے

(ترکیب استعمال) درد شکم یا ہیضہ کیلئے اس کے چار قطرے پانی میں ڈال کر استعمال کئے جائیں قیمت فی شیشی عہ علاوہ اس کے اگر آپ ہر موسم اور مزاج کے مطابق طبیب اعظم حکیم محمود خان حاذق الملک حکیم محمد عبد المجید خاں رحمۃ اللہ علیہ اور مسیح الملک شفائی حکیم محمد احمد خان کے خاص الخاص مجربات ارزاں قیمتوں پر حاصل کرنا چاہتے ہوں تو آج ہی ایک کارڈ بھیجکر فہرست خصوصی مفت طلب فرمائیے۔

منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

دوا وہ درد بول اٹھے کہ تاثیر اس کو کہتے ہیں
بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اس کو کہتے ہیں

اکسیر حیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے کیونکہ اکسیر حیات سر سے پیر تک کی اکثر بیماریوں کا حکمی اور فوری علاج ہے اندرونی بیماریوں میں ایک بوند سے تین بوند تک پانی یا مصری میں کھلانا اور بیرونی امراض میں مرض پر لگانا فوراً تسکین دیکر مرض کو اچھا کر دیتا ہے بڑے بڑے حکیموں، ڈاکٹروں اور معززین نے اکسیر حیات کو ہیضہ، بدہضمی، دست، قے، پیٹ کے درد وغیرہ امراض معدی اور پلیگ، بخار، ملیریا، فیور، جگر، طحال، سل، دق، دمہ، کھانسی، تنفس، یرقان، نامردی، آتشک، سوزاک، فالج، لقوہ، گٹھیا اور عورتوں کے زنانہ امراض پرسوت وغیرہ اور درد دندان، پھوڑا، پھنسی، کھجلی، زخم اور کان کے درد، سر کے درد، دانتوں کے درد، جوڑوں کے درد، نقرس، عرق النساء، بچش، بواسیر، مرگی، اور زہریلے جانوروں کے ڈنکوں وغیرہ پر آزمایا اور بہت مفید پایا ہے گویا ایک شیشی میں پورا دواخانہ ہے پس کم از کم ایک بار آپ بھی ضرور آزما کر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھئے مفصل پرچہ ترکیب استعمال دوا کے ساتھ جاتا ہے

شرط: فائدہ نہ ہونے کی صورت میں حلفیہ بیان آنے پر قیمت واپس کر دی جائے گی

ملنے کا پتہ

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب
پھلواری شریف ضلع پٹنہ

حلفیہ بیان کا مطلب

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

منیجر گنگا پرشاد گپتا پہاڑ سٹیل اسٹور ... درہجنگہ

محبوب عاشق کے قدموں پر

اقتصادی مشکلات کا بہترین حل
روپیہ بنانے کی مشین

دربھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

اگر جناب کو عمدہ اور نایاب آموں کے قلم کی ضرورت ہو تو شاداب اور ارزاں قلم ہم سے طلب فرمائیے

منیجر قاضی نرسری لہریا سرائے دربھنگہ

مولانا عبد الباری مرحوم لکھنوی فرنگی محلی تو آپ کے نزدیک کئی سو وجوہ سے کافر تھے اور ان سے زیادہ تعجب کی چیز ہے کہ آپ کو مولانا عبد الماجد بدایونی مرحوم کے اسلام میں بھی کلام ہے اور حضرت مولانا عبد القدیر صاحب بدایونی کو تو آپ اسی کفر و اسلام کی بحث میں مناظرہ کا چیلنج بھی دے چکے ہیں۔ بلکہ ایک مناظرہ میں مولانا موصوف کو زعم خود ہرا بھی چکے ہیں۔

ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن

نیپٹ بہرا پن

چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری ... صفت دو ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں ... ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت

مدینہ والے آقا کا اصلی خط

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند
مصدقہ

خاص مجربات

اکسیر قلب ... تریاق الرحم سیلان الرحم کیلئے اس سے بہتر دوا نہ ہوگی ...

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

مقویات سرتاج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مسلمانو صنعت و تجارت سیکھو

خوب یاد رکھیں

ملنے کا پتہ: فیض عالم شفاخانہ بٹالہ (پنجاب)

بجلی کا کام سیکھنے والو!

سکول آف الیکٹریشنز لودھیانہ

بے روزگاری کا بہترین علاج

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

ایس رفیق بھائی۔ جیکب سرکل بمبئی

عملیات

اس موسم کی بیماریاں

تمام ہاضمہ کی خرابیاں ہیں۔ آج کل اگر ہاضمہ کو خراب نہ ہونے دیا جائے۔ اور ذراسی خرابی ہوتے ہی اسے روک دیا جائے تو صحت برقرار رہ سکتی ہے۔ اس لئے آج کل

امرت دھارا

کا بکثرت استعمال جاری رکھنا چاہیئے۔ کوئی بھی تکلیف ہو جائے۔ اسی پر زور دینا چاہیئے۔ ایسے دستوں میں انار دانہ کے پانی سے بار بار پینا چاہیئے۔ اس کا استعمال ہر قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھیگا۔ کیونکہ وہ کل اس درجہ کی اینٹی سیپٹک بھی ہے۔ ہاضمہ ٹھیک رہیگا۔ تو قدرت کی نعمتوں سے فائدہ ہی فائدہ اٹھائیں گے۔ اور آج کل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے۔

گھر میں رکھیئے۔ جیب میں رکھیئے

بھولئے نہیں۔ صحت۔ روپیہ اور وقت سب کو بچاوے گی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے۔ نمونہ آٹھ آنے (عہ)

احتیاط نقلوں سے بچئے کیونکہ سخت اور دیرینہ امراض میں دھوکہ دیکر دکھ و تشویش کو بڑھا دیں گی صحت کے معاملہ میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو

خط و کتابت و تار کا پتہ۔ امرت دھارا ۴۷ لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سٹرک۔ امرت دھارا ڈاک خانہ۔ لاہور

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم اردو

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

منیجر دواخانہ مجربات مسیحی پل نخاس لکھنؤ

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

جریان

(۱۰۸۶) عجیب!

ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

کھانے پینے کی بے احتیاطی کے باعث جو شکایتیں عموماً پیدا ہو جاتی ہیں ان کے رفع کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے فساد ہضم گرانی شکم اور دوران سر کو آنا فاناً روکتی ہے تخمہ اور ہیضہ میں یہ نہایت مجرب اور بہت ہی زود اثر ثابت ہوئی ہے سفر کی حالت میں عموماً کھانے پینے میں احتیاط نہیں ہو سکتی جس کے باعث دوران سر اور گرانی شکم کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے سفر و حضر میں اسکی ایک شیشی ضرور اپنے ہمراہ رکھئے

ترکیب استعمال درد شکم یا ہیضہ کیلئے اسکے چار قطرے پانی میں ڈال کر استعمال کئے جائیں قیمت فی شیشی ۸/ علاوہ اسکے اگر آپ ہر موسم اور مزاج کے مطابق طبیب اعظم حکیم محمود خاں حاذق الملک حکیم محمد عبد المجید خاں اور حضرت مسیح الملک شاہی حکیم محمد احمد خان کے خاص الخاص مجربات ارزاں قیمتوں پر حاصل کرنا چاہتے ہوں تو آدھ آنہ کا ٹکٹ بھیجکر فہرست خصوصی مفت طلب فرمائیے۔

منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

حلفیہ بیان کا مطلب

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالے

محبوب عاشق کے قدموں پر

اقتصادی مشکلات کا بہترین حل

روپیہ بنانے کی مشین

دھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ وہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہراپن کی درد غن کرامات تمام دنیا میں پہونچتی ہے ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

نپٹ بہراپن کان بہنے اور طرح بطرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ۱)

جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لاکر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والے مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے۔ ہمارا پتہ یہ ہے۔

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ

خاص مجربات

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

مدینہ والے آقا کا اصلی خط

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ لال جیاوہ دہلی

مسلمان صنعت و تجارت سیکھو

مقویات سراج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

خوب یاد رکھیں

حکیم فیض عالم شفاخانہ بٹالہ (پنجاب)

بال جڑ سے کالا

عملیات الوعد فرشتہ غیب

بڑھاپے میں جوانی اور جوانی میں عالم شباب

بجلی کا کام سیکھنے والو!

بجلی کا کام سیکھنا ہو تو اس سکول میں داخل ہونا چاہیئے جو ڈائرکٹر آف انڈسٹریز کی زیر ہدایت نہایت عمدہ کام سکھا رہا ہو اور انسپکٹر آف انڈسٹریز نے کر دیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کرکے اس کی تعلیم کی عمدگی اور ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہو۔ اس سکول کا نام ہے۔

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

اور سب کام سیکھنا ہو تو جگت جیت بردوڈ انجنیرنگ کالج لودھیانہ سے بہتر ہندوستان بھر میں کوئی پرائیویٹ درسگاہ نہیں سکول و کالج مذکورہ بالا میں ہر قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔ منیجر

بے روزگاری کا بہترین علاج

اگر آپ تھوڑے سرمایہ سے معقول نفع دینے والی تجارت کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے ولایتی۔ امریکن۔ جاپانی۔ کٹ پیس ٹکڑا ہائے پارچہ بزازی کی گانٹھیں بھیجنے کے تھوک نرخ پر منگوائیے۔ جن میں ہر قسم کی ضروریات کا پارچہ۔ جاپانی۔ پاپلن۔ وائیل۔ کریپ وغیرہ ہاتھوں ہاتھ بکنے والا ارزاں عام پسند نئے نئے ڈیزائن خوشنما وضع کا پارچہ ہوگا جو بزازوں کی دوکانوں پر سے اس نرخ پر نہ ملیگا۔ پردہ نشین مستورات بھی اس نفع بخش تجارت سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ نمونہ کی گانٹھ نمبر۱ ولایتی پچاس روپیہ نمبر۲ یکصد پچیس روپیہ نمبر۳ ڈبل صدر روپیہ منگا کر آزمائش کیجئے نمبر۳ اور نمبر۲ کا کرایہ مالگاڑی ہم ادا کریں گے۔ تازہ تھوک لسٹ طلب کریں۔

ایجنٹوں کی ضرورت ہے

ایس رفیق بھائی۔ جیکب سرکل بمبئی

اس موسم کی بیماریاں

تمام ہاضمہ کی خرابیاں ہیں۔ آج کل اگر ہاضمہ کو خراب نہ ہونے دیا جائے۔ اور ذرا سی خرابی ہوتے ہی اسے روک دیا جائے تو صحت برقرار رہ سکتی ہے۔ اس لئے آج کل

امرت دھارا

کا بکثرت استعمال جاری رکھنا چاہیئے۔ کوئی بھی تکلیف ہو جائے۔ اسی پر زور دینا چاہیئے۔ اسے دستوں میں انار دانہ کے پانی سے بار بار دینا چاہیئے۔ اس کا استعمال ہر قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھیگا۔ کیونکہ وہ کمال درجہ کی انٹی سپٹک ہی ہے۔ ہاضمہ ٹھیک رہیگا۔ تو قدرت کی نعمتوں سے فائدہ ہی فائدہ اٹھائیں گے۔ اور آج کل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے۔

گھر میں رکھیئے۔ جیب میں رکھیئے

بھولئے نہیں۔ صحت۔ روپیہ۔ اور وقت سب کو بچاوے گی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔ نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے۔ نمونہ آٹھ آنے (۸/)

احتیاط۔ نقلوں سے بچو کیونکہ سخت اور دیرینہ امراض میں دھوکہ دیکر وہ تشویش کو بڑھا دیں گی صحت کے معاملہ میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو۔

خط و کتابت و تار کا پتہ:۔ امرت دھارا ... لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سٹرک۔ امرت دھارا ڈاک خانہ۔ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
ممالک غیر کے لئے
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

يد الله على الجماعة

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول بلال احمد زبیری (بی اے)
معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۴ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۶

معاصرین کے افکار و آراء

انگریزوں کا جادو (ہند)

جادوگر کہتے ہیں کہ ہمارا منتر پڑھ کر ہم ہر آدمی کو مسحور کر سکتے ہو معلوم نہیں یہ دعویٰ کہاں تک سچا ہے، لیکن انگریزوں کے جادو کا قائل ہونا پڑتا ہے جنہوں نے صرف یک لفظی منتر سے بکثرت ہندوؤں اور مسلمانوں کو اس طرح مسحور کر رکھا ہے کہ وہ ہوش و خرد سے محروم بن گئے ہیں، وہ عجیب انگریزی منتر کیا ہے؟ "حقوق"! اس منتر کا طلسمی اثر ہر جگہ دیکھ سکتے ہو۔ کوئی کتنا ہی بڑا غدار ہو کتنا ہی کھلا قزاق ہو کتنا ہی سخت دشمن اسلام ہو کتنا ہی کٹر کیوں نہ خواہ ہندوستان ہو، جونہی یہ منتر اس کے منہ سے نکلتا ہے، سادہ لوح ہندو اور مسلمان مسحور ہو کر بے تحاشا اس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں۔ اُس کے قدموں پر لپٹ جاتے ہیں۔ اُس کے آگے اپنی جان اور اپنا مال رکھ دیتے ہیں۔

یہ سچ ہے کہ سب سے زیادہ مسلمانوں کے حقوق غصب کر لیے گئے ہیں، سب سے زیادہ مسلمان ہی مظلوم ہیں مسلمانوں کے ساتھ انصاف ہونا چاہیے مسلمانوں کو ان کے حقوق واپس ملنا چاہیے مگر یہ جادو اتنا سخت ہے کہ اس سے مسحور ہونے والے نہ اس بات پر غور کرتے ہیں کہ ان کے حقوق کیا ہیں؟ کس نے انہیں غصب کر لیا ہے؟ کون ان کے دینے سے انکار کر رہا ہے؟ مسحور مسلمان، ان باتوں میں سے کسی ایک بات پر بھی غور نہیں کرتے اور دیوانہ وار "مستحق الحقوق" چلاتے ہوئے ہر رہزن کے پیچھے ہو لیتے ہیں۔ جو انہیں پوری بے رحمی سے لوٹ لیتا ہے!

ہم نے "حقوقیوں" سے بارہا سوال کیا کہ آخر "حقوق" ہیں کیا؟ ہندوؤں کی طرف سے ہمیں آج تک کوئی جواب نہیں ملا لیکن "حقوقی" مسلمانوں نے ایک مرتبہ جواب دیا ہے۔ انہوں نے کہا مسلمانوں کے حقوق، کونسل کی کرسیاں اور سرکاری نوکریاں ہیں! غالباً ہندوؤں کا مطلب بھی حقوق سے یہی ہوتا ہے اور عام طور پر سب لوگ اس لفظ کے یہی معنی سمجھتے ہیں۔ مگر یہ بھی اسی جادو کا اثر ہے جو انگریزوں نے اپنے اس منتر سے ہندوستانیوں پر کر رکھا ہے لیکن ہم اپنے مسلمان بھائیوں اور ہندو ہم وطنوں سے صاف کہہ دینا چاہتے ہیں کہ تمہارے حقوق کی یہ تشریح غلط ہے اور اس کی غرض اس کے سوا کچھ نہیں کہ تمہیں ہمیشہ یوں ہی غلامی میں مبتلا رکھا جائے۔

ہم کہتے ہیں کہ بلاشبہ کونسل کی کرسیاں اور سرکاری نوکریاں بھی تمہارے حقوق میں داخل ہیں، اگر وہ کرسیاں اور نوکریاں نہیں جو اس وقت موجود ہیں۔ ان کرسیوں اور نوکریوں سے نہ پہلے کبھی کوئی فائدہ تمہیں پہنچا ہے نہ آئندہ کبھی پہنچ سکتا ہے بلکہ یہ کرسیاں اور نوکریاں تم سب کے لئے یکساں طور پر مضر ہیں۔

قانون اور قانون شریعت (سچ)

"انگلستان میں ۱۹۳۰ء میں کل ۳۹ ہزار آدمیوں کو قید کی سزا دی گئی۔ ان میں سے ۲۰۳۸۴ پہلے بھی جیل میں رہ چکے تھے .... ان اعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ مجرموں کی سزا دہی کے موجودہ طریقے اُنکی مجرمانہ عادتوں کے چھڑانے میں صرف ناکافی ہی نہیں، بلکہ الٹے انہیں اور زیادہ جیل کا عادی بناتے جاتے ہیں ہمارے سامنے جتنی بھی شہادتیں گذریں، سب کا لب لباب یہ ہے کہ عادی مجرموں کے ساتھ ہمارا طرز عمل ناقابل اطمینان .... ہے" (نیوز آف دی ورلڈ لندن، ۱۲ جون ۱۹۳۲ء)

اپریل ۱۹۳۱ء میں برطانیہ کے مشہور اعلیٰ سٹر کلائنز نے ایک کمیٹی، عادی مجرموں کے طریق اصلاح پر غور کرنے کیلئے بنائی تھی۔ یہ اسی سرکاری کمیٹی کی رپورٹ کا خلاصہ ہے۔ دانایان فرنگ اپنی دانائی کے زعم میں، اپنے ہاں کے نظام قوانین و تعزیرات میں جب جب اور جو جو چاہیں، اصلاحات کرتے رہیں انہیں اختیار ہے ہم مشرقی نادانوں کو تو یہ نظر آ رہا ہے کہ اگر آج تعزیرات شرعی پر عمل درآمد ہوتا تو یہ صورت حال ممکن نہ تھی۔ اگر ہر چور کے ہاتھ کاٹ ڈالے جاتے اگر ہر حرام کار کو سنگسار کر دیا جاتا، اگر ہر شراب خوار پر حد شرعی جاری کر دی گئی ہوتی، اگر ہر مجرم کے ساتھ بلا رو رعایت، بلا مداخلت وکلاء و اہل قانون، وہی برتاؤ کیا جاتا جس کا وہ مستحق تھا تو بھلا کسی طرح بھی یہ ممکن تھا کہ ۳۹ ہزار میں سے ۲۰ ہزار سے زائد افراد، پھر گھوم پھر کر انہیں حرکتوں کے مرتکب ہوتے؟ کیا خدا کی شان ہے!

کہ جو قومیں، اسلامی شریعت پر ہنسنے میں جتنی زائد دلیر ہیں، اُسی قدر زائد انہیں اپنی حالت کی طرف رجوع کرنے کے بعد اپنے اوپر رونا پڑتا ہے!

ہندوستان میں تبلیغ مسیحیت (مدینہ)

پادری جیان جے کاسنی ڈائن اخبار یونی ورس میں سیاحت ہند کے تجربات بیان کرتے ہیں اور ہندوستان کے مسیحیوں کے بارے میں لکھتے ہیں کہ پنجاب میں بالعموم "چوہڑوں" (بھنگیوں) کو مسیحی بھیڑوں میں شامل کیا گیا ہے۔ لاہور میں مرکز مسیحیت نے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے اور اس وقت ۲ لاکھ چوہڑے ۱۳ ہزار شہروں اور دیہاتوں میں سے مسیحی بنائے گئے ہیں۔

پادری صاحب کا بیان ہے کہ بھنگیوں میں کام کرنا بڑا دشوار کام تھا لیکن بلجیم کے پادریوں نے اس مسئلہ کو اس طرح حل کیا کہ ۲۱ پادریوں کو ۴۰-۶۰ گاؤں کا حلقہ دیدیا گیا، پادری مائیکل کے ذمہ لائل پور کے ضلع میں ۶۲ گاؤں ہیں۔ ۲۴۰۰ دیہات میں عیسائی رہتے ہیں اور ۲۹ میں بپتسمہ کے منتظر۔

پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور دیہات میں ان کو غلبہ کامل حاصل ہے۔ لیکن کس قدر حسرت و افسوس کا مقام ہے کہ بلجیم کے پادری ۷ ہزار میل سے آ کر انہیں "تثلیث کی گمراہی" میں مبتلا کر دیں۔ لیکن مسلمان اپنے گھروں سے اٹھ کر ان کو حلقہ بگوش اسلام نہ کر سکیں۔ اسلام کے نزدیک تبلیغ سے مقصد سندھی کی طرح ووٹروں کی تعداد بڑھانا اور عیسائیوں کی طرح محض دنیوی اعتبار سے معاشرتی مرتبہ بلند کرنا نہیں ہے بلکہ اسلام کی تبلیغ سے مقصد یہ ہے کہ اخلاقی اور روحانی اعتبار سے ایک گمراہ روح کو صراط مستقیم پر گامزن کر دیا جائے۔ مسلمان ہوتے ہی نومسلم کا رتبہ بلند ہو جاتا ہے۔ اور روحانی اعتبار سے وہ ان پستیوں سے نکل آتا ہے جن میں غرق چلا آتا ہے۔ لیکن یہ مقصد اس وقت حاصل ہو سکتا ہے جبکہ خود مسلمان ان روحانی پستیوں سے باہر نکلیں جن میں وہ آ گرے ہوئے ہیں اور تبلیغ اسلام کی روحانی حیثیت سے واقف ہو جائیں۔

اسلامی مدارس اور یتیم خانوں میں ورزش (اسلام)

مدارس اور یتیم خانوں کے طلباء کو ورزش جسمانی کی کس قدر ضرورت ہے اس کو ہماری قوم محسوس کرے یا نہ کرے، مگر دوسری قوموں نے اسے بخوبی محسوس کر لیا ہے کہ صحت و طاقت کے علاوہ ان میں بہتر جسمانی ذہانت، جرأت، محنت، عزم، ارادہ، خود اعتمادی، خودداری، ضبط نفس اور تیز دستی نادانیٔ فرض کی طاقت پیدا کرنے کے لئے ورزش جسمانی کی بڑی ضرورت ہے۔

دوسری قوموں کے مدارس اور یتیم خانوں میں اس طرف خاص توجہ کی جاتی ہے۔ اسلام کے مدارس اور یتیم خانوں ہی پر کیا موقوف ہے۔ ان کی قوم کی قوم اپنی جسمانی اور روحانی طاقت کو اپنے خیال کے مطابق بڑھاتا جاتا ہے۔ مالوی جی کی تحریک سنگھٹن اس کی بین دلیل ہے بغیر رعایہ ہے کہ اس وقت تک ہم نے اس سلسلے میں جو کچھ کیا ہے۔ وہ ناکافی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارے مکاتب، مدارس اور یتیم خانوں کے کارکنان اس طرف پہلے سے زیادہ متوجہ ہوں۔

ترکی جمعیۃ اقوام (ملت)

رائٹر کی ایک تازہ اطلاع مظہر ہے کہ حکومت ترکیہ نے جمعیۃ اقوام میں شرکت کی دعوت منظور کر لی ہے۔ جو اس ہفتہ انہیں ملی تھی اس میں شک نہیں کہ جمعیۃ اقوام نہ صرف یورپ بلکہ دنیا کی متمدن حکومتوں کی ایک بڑی مرکزی انجمن ہے اور اس کی روبرو اکثر اہم مسائل پیش ہوا کرتے ہیں لیکن ہمارا خیال ہے کہ وہ بالکل ایک مجہول سی جماعت ہے جس کا وجود اور عدم وجود دونوں برابر ہے حال ہی چین اور جاپان میں جو اختلاف رونما ہوا تھا اس کے سلسلے میں دنیا نے جمعیۃ کے اثر کو دیکھ لیا! ترکی اگر اس میں شریک ہو گئی ہے تو اس سے نہ ترکوں کی قوت میں کوئی اضافہ ہو گا اور نہ یورپ میں ان کی جو مخالفت ہوا کرتی ہے اس میں کوئی کمی ہو گی بلکہ ہمیں تو اندیشہ ہے کہ کہیں یہ دعوت عداوت ہی نہ ثابت ہو!

خریداران الجمعیۃ کو چاہیے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسہ کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے (از معارف)

سرزمین شام پر رومیوں اور اسلامیوں کا شاندار معرکہ

اسلام نے قلت و کثرت سے مسلمانوں کو بے نیاز کر دیا ہے

دین حق اسلئے آیا کہ غریبوں کے حقوق کی حفاظت کرے

آپ اتنے روز سے اسلامی فتوحات کے زرین واقعات ملاحظہ فرما رہے ہیں کیا آپ نے ان سے کوئی درس حاصل کیا؟ جس روح نے مسلمانوں کو مشرق و مغرب کا مالک بنا دیا تھا کیا آپ نے اس کو اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کی؟ اگر اب تک ان واقعات سے آپ کوئی مفید عملی نتیجہ اخذ نہیں کر سکے اور آپ نے ان کی بنا پر اپنے خیالات اور مسلک میں کوئی تبدیلی نہیں کی تو سمجھ لیجیے کہ مسلمانوں میں مشرکین کی اختلاط کے باعث جو بزدلی کا زہر پیدا ہو گیا ہے اس کا تریاق اب کہیں موجود نہیں ہے اور مسلمانوں کا صحت یاب ہونا اب ناممکن ہو گیا ہے۔ دنیا میں ہمیشہ یہی ہوتا رہا ہے کہ مرور زمانہ کے باعث قومیں عروج کے بعد تنزل کے گڑھے میں گر جایا کرتی ہیں۔ لیکن جن قوموں کو دوبارہ ابھرنا ہوتا ہے اور وہ اپنا نقش حیات قائم رکھنا چاہتی ہیں وہ اسلاف کے کارناموں سے زندہ ہو جایا کرتی ہیں لیکن یہاں رونا یہ ہے کہ اب مسلمان ان واقعات سے بھی کوئی عملی سبق حاصل نہیں کرتے جن سے غیر قوموں نے زندگی کے سبق سیکھے اور اپنے تن مردہ میں حیات تازہ کی لہر دوڑا دی۔ تاریخی واقعات کے مسلسل اندراج سے ہمارا مطلب مسلمانوں کے جنگی کارناموں کا اعادہ نہیں ہے کہ جنگ محض ایک عارضی شئے ہے بلکہ ان کے اندر ترقی کے جو راز پنہاں ہیں ان کا انکشاف مقصود ہے۔

آج یہاں اس جنگ کا ذکر کیا جاتا ہے جو فحل کے نام سے مشہور ہے۔ جس میں موحدین اور تثلیث پرستوں یعنی عیسائیوں کے درمیان جنگ کے بعد حق و باطل کا فیصلہ ہوا۔ اور ظاہر ہو گیا کہ ایک خدا کس طرح تین باطل خداؤں کو شکست دیا کرتا ہے۔

موحدوں اور تثلیثیوں کا مقابلہ

جب دمشق کو مسلمانوں نے رومیوں کے ہاتھ سے نکال کر اس پر علم توحید بلند کیا تو تثلیث پرست سخت برہم ہوئے اور وہ اس کا بدلہ لینے کے لئے مقام فحل (ملک شام کا ایک مشہور شہر) پر پچاس ہزار فوج کے ساتھ جمع ہوئے اور ہرقل نے مشہور شہر بیسان کو اپنا فوجی مستقر بنایا۔ ان افواج کا کمانڈر انچیف ایک رومی افسر سقلار کو مقرر کیا گیا کیونکہ وہ تمام دنیائے عیسائیت میں اپنی نظیر نہیں رکھتا تھا غرض رومی فوجیں بیسان میں جمع ہوئیں اور مسلمانوں نے فحل میں پڑاؤ ڈالا رومیوں نے ہر چند چاہا کہ مسلمان لڑنے سے باز آئیں اور کسی تدبیر سے واپس ہو جائیں مگر اسلام کا سیلاب کب ان کا رخ بدل سکتا تھا عیسائیوں نے اس پاس کی تمام نہروں کے بند بھی توڑ دیئے تھے تاکہ مسلمان جہاں مقیم ہیں اس سے آگے نہ بڑھنے پائیں لیکن ان تمام تدبیروں کے بعد بھی ہر بیران اسلام کے استقلال میں کوئی فرق نہ آیا اور ان کا جوش برابر بڑھتا ہی گیا۔ مسلمانوں کی بے نظیر استقامت کو دیکھ کر رومیوں کے حوصلے پست ہو گئے اور ان کو محسوس ہو گیا کہ موت ہمارے سر پر منڈلا رہی ہے۔ آخر وہ صلح پر آمادہ ہوئے اور ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کے پاس پیغام بھیجا کہ صلح کیلئے اپنا سفیر بھیجئے چنانچہ اس درخواست کو قبول کر لیا گیا اور حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر بھیجا گیا۔

غریبوں کی حمایت

جب حضرت معاذ رومیوں کے لشکر میں پہنچے تو دیکھا کہ خیمہ میں دیبا و اطلس کا زریں فرش بچھا ہوا ہے آپ وہیں ٹھہر گئے۔ ایک عیسائی نے آ کر کہا کہ آپ اندر چلئے تو آپ نے کراہت کر فرمایا کہ "جو فرش غریبوں کا حق چھین کر اور رعایا کو لوٹ کر بنایا گیا ہے میں اس پر نہیں بیٹھ سکتا" یہ کہہ کر آپ زمین پر بیٹھ گئے۔ اس نے کہا کہ ہم آپ کی عزت کرنا چاہتے ہیں۔ مگر آپکو خود اپنی عزت کا خیال نہیں۔ اس پر حضرت معاذ رضی کو غصہ آ گیا اور آپ گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر فرمایا کہ جس چیز کو تم عزت سمجھتے ہو میں اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ اگر زمین پر غلام ہی بیٹھتے ہیں .... تو مجھ سے بڑھ کر خدا کا غلام اور کون ہو سکتا ہے؟

عیسائی آپ کی اس جرأت پر حیرت زدہ ہو گئے انہوں نے آپ سے دریافت کیا کہ کیا مسلمانوں میں اور بھی آپ جیسے ہیں؟ حضرت معاذ نے فرمایا کہ استغفر اللہ یہی غنیمت ہے کہ میں ان سے بدتر نہیں ہوں!

اس کے بعد آپ نے ترجمان سے کہا کہ جو کچھ کہنا ہو فوراً کہو ورنہ میں واپس جاتا ہوں اس پر رومیوں کے افسر نے کہا کہ ہم کو صرف یہ کہنا ہے کہ تم لوگ ہم پر کیوں چڑھائی کی کیا ابی سینا کا ملک تم سے قریب نہیں ہے؟ کیا دوسرے قریبی ممالک پر تم حملہ نہیں کر سکتے؟ یاد رکھو ہماری قوم سے لڑنا کھیل نہیں۔ ہمارا بادشاہ دنیا کا سب سے بڑا بادشاہ ہے ہم تعداد میں اس قدر ہیں کہ آسمان کے تارے اور زمین کے ذرے ہمارا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

مسلم قلت و کثرت کی پرواہ نہیں کرتا

حضرت معاذ نے اسکے جواب میں فرمایا کہ ہم تمہارے لئے اسلام کا پیغام لائے ہیں تم اسے قبول کر لو قبول نہیں کرتے تو جزیہ دو۔ یہ بھی منظور نہیں تو پھر تلوار ہے۔ اسلام کیا سکھاتا ہے؟ پہلے تو یہ کہ تم خدا کو ایک وحدہٗ لا شریک مانو اس کے بعد تم شراب پینا چھوڑ دو اور سور کا گوشت نہ کھاؤ۔ اگر تم ذروں کے برابر ہو تو ہم کو قلت و کثرت کی پرواہ نہیں کیونکہ خدائے تعالیٰ نے ہم کو پہلے ہی بتا دیا ہے کہ کم من فئة قليلة غلبت فئة كثيرة باذن الله۔ (قلیل گروہ کثیر گروہ پر غلبہ حاصل کر لیا کرتا ہے گا اللہ کے حکم سے)

تم کہتے ہو کہ ہم جس بادشاہ کی رعایا ہیں وہ ہماری جان و مال کا مالک ہے۔ ممکن ہے یہ تمہارے لئے فخر کا موجب ہو مگر ہم جس بادشاہ کو مانتے ہیں وہ ہم جیسا ہی ہے وہ اپنے کو ہم سے بڑا نہیں سمجھتا اگر وہ زنا کرے تو اسکو درے لگائے جائیں گے اگر وہ چوری کرے تو ہاتھ کاٹ لئے جائیں گے۔ وہ حجاب میں بادشاہ بن کر نہیں رہتا بلکہ وہ سب کے سامنے آتا ہے اور غریبوں کی طرح زندگی بسر کرتا ہے۔

سپہ سالار اسلام سے گفتگو

اس کے بعد رومیوں نے کہا کہ ہم تم کو اتنا زر دیتے ہیں تم اپنی فوج کو واپس بلاؤ اور جنگ کا خیال ترک کر دو۔ حضرت معاذ رضی اللہ کر چلے آئے۔ رومیوں نے صلح کیلئے براہ راست سپہ سالار اسلام حضرت ابو عبیدہ سے گفتگو کرنی چاہی چنانچہ آپکی خدمت میں ایک رومی افسر بطور قاصد روانہ کیا گیا رومی افسر کا خیال تھا کہ مسلمانوں کا سپہ سالار بڑے جاہ و جلال کا مالک ہو گا۔ اور بڑی مشکل سے اس کے دربار میں باریابی حاصل ہو گی لیکن جب وہ حضرت کے پاس پہنچا تو آپ ایک پتھر پر بیٹھے ہوئے تیروں کو درست کر رہے تھے وہ دیکھ کر حیران رہ گیا۔ آخر اس نے تعجب سے پوچھا کہ کیا آپ ہی سپہ سالار ہیں؟ آپنے فرمایا ہاں اس پر اس نے کہا کہ ہم آپ کو اور آپ کی فوج کو اتنی اشرفیاں دیتے ہیں۔ آپ واپس چلے جائیں۔ آپ نے انکار کیا اور دوسرے روز لڑائی شروع ہو گئی۔ لڑائی کا قصہ زیادہ طویل ہے اسلئے اس کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ نتیجہ اس جنگ کا یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ نے رومیوں پر مسلمانوں کو کامل فتح عنایت فرمائی اس کے بعد اور جو ملک فتح ہوئے ان میں بھی اسلام کی یہی شان نظر آتی ہے۔

روم کا بادشاہ سخت متعجب ہے کہ ہماری فوجیں کثیر ہیں۔ سامان حرب بہت ہے اور رسد و خزانہ کا کوئی حد و شمار نہیں لیکن پھر بھی ہم کو پے در پے شکست ہو رہی ہے۔ مگر دوسری طرف نہ فوج ہے نہ سامان جنگ۔ نہ وہ لوگ فنون حرب سے واقف ہیں اور نہ خزانوں کے مالک مگر وہ برابر فتح حاصل کرتے چلے جاتے ہیں۔ بادشاہ اہل دربار سے اس راز کو دریافت کرتا ہے مگر سب کی گردنیں جھک جاتی ہیں۔ ایک بوڑھا ضعیف کہتا ہے کہ "اصل بات یہ ہے کہ مسلمانوں کے اخلاق ہمارے اخلاق سے اچھے ہیں۔ وہ رات کو خدا کی عبادت کرتے ہیں اور دن کو روزے رکھتے ہیں۔ وہ کسی پر ظلم نہیں کرتے۔ آپس میں مساوات کا برتاؤ کرتے ہیں۔ شراب نہیں پیتے۔ ہم شراب پیتے ہیں اور بدکاریاں کرتے ہیں"۔ بادشاہ کہتا ہے کہ اگر ہمارا اور انکا یہی حال ہے تو اب ہم نہیں رک سکتے۔

ضروری گزارش

خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری ضرور تحریر فرمایا کریں جو آپکے پتہ کی چٹ کے داہنے کونے پر لکھا ہوا ہوتا ہے۔ ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔

(منیجر الجمعیۃ۔ دہلی)

اکسیر جذام

پو اسیر و ذیابیطس

حافظ اقبال حسین بھاگلپور

ضرورت ہے

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

خالص کیسٹر آئل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg. Co. (India) P. Box 88 Karachi.

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ

قرابادین مفید عام

قرابادین مفید عام

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا

قرآن شریف

اعلیٰ حضرت حضور نظام

غریبوں کا قرآن مجید معرا

نورانی قرآن مجید مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۵۱ ہجری

لاہور کا ایک نیم سرکاری اخبار

جمعیۃ علماء ہند اور قوم پرور مسلمانوں پر تہمت طرازیاں

لاہور کے نیم سرکاری اخبار "انقلاب" نے گزشتہ تین چار سال کی مدت میں غیر ذمہ دارانہ و غیر شریفانہ صحافت کا جو معیار دنیا کے سامنے پیش کیا ہے وہ اردو زبان کے تمام سنجیدہ و وقیع اخبارات کے لئے باعث ننگ و عار ہے اور اس کے خلاف اکثر مسلمانان ہند کی جانب سے انتہائی بیزاری کا اظہار کیا جاتا رہا ہے۔ قطع نظر اس کے کہ "انقلاب" کا ہر مقالہ اصل و فریب کا بدترین مرقع ہوتا ہے اس نے اپنا ...

خطاب کرنا اور ہندوستان کے مفتی اعظم کی شان میں یہ لکھنا کہ "آپ کس کھیت کی مولی ہیں" اور "گھوڑے اور بینڈکی" کی پھبتیاں پھینکنا اور فرنگی محل کو جو ہندوستان کے ایک قدیم و مقتدر خاندان علماء کا مسکن ہے "دارالزنا و المحل" قرار دینا نہ گالی ہے نہ سوقیت، خدا کا شکر ہے کہ الجمعیۃ نے کبھی آج تک اس قسم کی انتہائی سوقیانہ اور لیت حرکات کا جواب دینے کی کوشش ہی نہیں کی اور ...

مسلم کانفرنس کی حقوق فروشی کا معاملہ

"لندن میں گاندھی جی نے مسلمانوں کے مطالبات کو تسلیم کر لیا تھا"

مولانا شفیع داؤدی کا بیان

معاصر عزیز "ہند جدید" کلکتہ نے مولانا شفیع داؤدی کا ایک دلچسپ بیان شائع کیا ہے جو انہوں نے معاصر مذکور کے نامہ نگار سے ایک ملاقات کے دوران میں دیا ہے۔ اس بیان میں مسلم کانفرنس کی بے وقعتی کا اعتراف کیا گیا ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ اکثر ارکین کانفرنس بالکل بے عمل ہیں اور صرف حکومت کے رحم و کرم پر ...

مسلم کانفرنس کی بے وقعتی

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

شرق اردن اور حجاز کی آویزش

سلطان حجاز کی عزیمت نے مخالفوں کو ٹھنڈا کر دیا

الجمعیۃ میں شرق اردن اور حجاز کی آویزش کی خبریں درج کی جا چکی ہیں جن سے یہ اندازہ لگایا جا رہا تھا کہ حکومت حجاز اور شرق اردن میں جنگ ناگزیر ہو گئی ہے اور ابن رفادہ کے پس پردہ جو استعماری کٹ پتلیاں ناچ رہی ہیں وہ ضرور گل کھلا کر چھوڑیں گی۔ مگر اب معلوم ہوا ہے کہ ابن رفادہ اپنی شرارت سے باز آ گیا ہے۔ جس وقت سلطان ابن سعود کو اس تازہ شرارت کا علم ہوا جو بعض مستعمرین کے اشارہ سے برپا کی جانے والی تھی تو آپ نے فوراً اس کے انسداد کے لئے اپنی بری اور بحری فوج کو نقل و حرکت کا حکم دیدیا اور مخالفوں کو اپنے عزائم سے آگاہ کر دیا کہ اگر یہ جنگ خواہ مخواہ چھیڑ لی گئی تو حجازی تلوار دشمنوں کو کیفر کردار تک پہونچا کر چھوڑے گی۔ سلطان کی اس ہوشیاری اور عزیمت نے (معلوم ہوا ہے کہ) دشمنوں کے حوصلے پست کر دئے اور وہ فی الحال اپنی شرارتوں سے باز آ گئے۔

اگرچہ یہ فتنہ بعض وجوہ سے دب گیا یا دبا دیا گیا ہے مگر اس کے منظر عام پر آنے کا ہر وقت امکان ہے اسلئے سلطان نے اپنی فوج کی ایک جمعیت کو مستقل طور پر شرق اردن کی صرحد پر متعین کر دیا ہے کہ وہ مخالفوں کی نقل و حرکت کی نگرانی کرے اور شرارت کے انسداد کیلئے فوراً کمربستہ ہو جائے۔ جب تک شرق اردن میں اجنبی عناصر موجود رہیں گے یہ خطرہ بھی لاحق رہیگا۔

بیروت کے عیسائی فضلاء کی "علمی خدمات"

علماء اسلام بھی نصرانی تلبیس کو سمجھ گئے

بیروت میں عیسائی فضلاء کے متعدد تبلیغی اور علمی ادارے موجود ہیں جو نہایت ترکیب اور ہوشیاری سے اسلام کے خلاف لٹریچر کی اشاعت کرتے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کا طریقہ عجیب و غریب ہے جس کو عوام محسوس نہیں کر سکتے یہ لوگ علمی خدمت کے پردہ میں ایسی ایسی کتابیں شائع کرتے ہیں جو طلبا کے لئے مفید ہوتی ہیں اور اسلامی مدارس میں ان کو نصاب میں داخل کر لیا جاتا ہے مگر ان میں انجیل کی آیات کو اس طریقہ سے شامل کر دیا جاتا ہے جو پڑھنے اور پڑھانے والا مشکل ہی سے محسوس کر سکتا ہے۔ عیسائیوں کی اس تلبیس سے واقف ہو کر بیروت کے علماء اسلام نے اس طرف توجہ کی ہے اور وہ عیسائیوں کے مقابلہ میں کتابیں شائع کرنے والے ہیں جو ان کا نعم البدل یا رد عمل ہو سکیں گی۔

انگورہ میں غازی مصطفیٰ کمال کا مجسمہ

تازہ ترکی اخبارات سے معلوم ہوا کہ غازی مصطفیٰ کمال پاشا صدر جمہوریہ ترکی کا جو مجسمہ تیار ہو رہا تھا وہ اب مکمل ہو گیا ہے اور عنقریب وہ ایک عظیم الشان باغ میں نصب کر دیا جائے گا۔ تقریب کے موقع پر اعیان حکومت، وزراء، یونیورسٹیوں اور کالجوں کے اساتذہ، گورنرز اور میونسپلٹیوں کے صدر شرکت فرمائیں گے۔ ترکی اخبار لکھتا ہے کہ یہ تقریب ایک عظیم الشان دربار کے ہم پلہ ہوگی جو ترکی تاریخ میں نئے باب کا اضافہ کریگی۔

(یہ اس قوم کی بت گری ہے جو دنیا میں بت شکن مشہور تھی اور جس کے آباؤ اجداد نے بت پرستی کے خلاف توحید اور خدا پرستی کی سر بفلک عمارت تعمیر کی تھی۔ کاش ترک اگر اسلام کیلئے اب کچھ نہیں کر سکتے تو وہ اسلام کے خلاف قدم اٹھانے سے ہی حذر کریں۔ قسطنطنیہ کی دیوار کے نیچے حضرت ابو ایوب انصاری رض صدیوں سے محو خواب ہیں خبر نہیں ان کی روح کو کمالی جدت پسندیوں سے کس قدر اذیت پہنچتی ہوگی!)

دریائے نیل کے کنارہ پر ایک جدید شہر کی تعمیر

چونکہ قاہرہ میں آبادی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے اسلئے محکمہ وزارت نے ضرورت محسوس کی ہے کہ دریائے نیل کے کنارہ ایک نیا شہر آباد کیا جائے تاکہ آبادی کا ایک حصہ اس میں منتقل کیا جا سکے۔ اس جدید شہر میں بڑے بڑے عالیشان مکانات تعمیر ہونگے۔ طویل و عریض بازار بنائے جائیں گے اور پختہ اور صاف سڑکیں نکالی جائیں گی گویا یہ شہر دوسرا قاہرہ ہوگا جو اپنی خوبصورتی اور آب و ہوا کے لحاظ سے قاہرہ سے بھی سبقت لیجائے گا۔ جدید شہر کی تعمیر کی اسکیم پر غور ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ یہ تجویز عنقریب عملی صورت اختیار کریگی۔

فلسطین میں قدیم آثار کا انکشاف

بیت لحم میں مزدور زمین کھود رہے تھے کہ ان کو ایک جگہ قدیم آثار نظر آئے زیادہ کھودنے پر بڑے بڑے ستون برآمد ہوئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاید یہ کنیسہ کا صدر دروازہ ہوگا۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی دیواریں نکلی ہیں جو بالکل زمین دوز ہیں۔ مزید انکشاف کی توقع ہے۔ محکمہ آثار قدیمہ نے ان آثار کی کھدائی کا حکم دیدیا ہے۔

شرق اردن کو انگریزوں کا کورا جواب

معتبر ذرائع سے جریدہ "الہرم" کو معلوم ہوا ہے کہ عمان میں جو برطانوی ہائی کمشنر ہے اس نے حکومت شرق اردن کو مطلع کر دیا ہے کہ وزارت مستعمرات کی طرف سے مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ میں آپ کو مطلع کر دوں کہ انگریزی اور شرق اردنی معاہدہ کی تبدیلی اس وقت ناممکن ہے۔

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

برطانیہ، جرمنی اور جاپان سے اسلحہ کی برآمد

موجودہ چین اور جاپان کی جنگ کا کون ذمہ دار ہے

جمعیۃ الاقوام نے اسلحہ کے متعلق جو اعداد و شمار فراہم کئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ عظمیٰ نے اسلحہ اور مادہ ہائے آتشگیر کی بہت زیادہ برآمد کی ہے اس سے یہ نتیجہ نکالا جا رہا ہے کہ جنگ کیلئے برطانوی فرموں نے سب سے زیادہ چین کو آمادہ اور تیار کیا لیکن بادی النظر میں یہ بات نہیں ہے اور نہ ہو سکتی ہے ۱۹۲۵ء سے ۱۹۲۹ء تک پانچ سال کے اندر صرف جرمنی نے ہی اپنے اسلحہ کی برآمد کی ہے اور چین کو تمام اسلحہ بہم پہونچائے ہیں۔ اکثر حالتوں میں جرمنی اسلحہ کی برآمد جو چین میں ہوئی ہے پچاس فیصدی ہے۔

۱۹۳۰ء میں جرمن کی جگہ جاپان نے لیلی تھی۔ چنانچہ جرمنی نے اس سال ۲۵ فیصدی اور جاپان نے ۲۰ فیصدی اسلحہ کی برآمد کی ہے۔ ان کے مقابلہ میں برطانیہ کی برآمد ایک فیصدی ہے۔ اگرچہ جرمنی کو معاہدہ ورسیلز کی رو سے اسلحہ کی درآمد و برآمد کی قطعی مخالفت کر دی گئی تھی مگر اس سلسلہ میں اس کے حلیفوں نے چشم پوشی برتی اور رواداری کا برتاؤ کیا جس کی بنا پر وہ اسلحہ اور مادہ ہائے آتشگیر کی برآمد برابر کرتا رہا۔

جاپان نے اپنے اسلحہ کی جو برآمد کی ہے اس کی قیمت کا اندازہ دو لاکھ پونڈ ہے جس میں ۹۰ فیصدی اسلحہ صرف چین نے خریدے ہیں۔ اس وقت جاپان تمام دنیا میں اسلحہ کا تاجر ہے۔ جاپان میں اسلحہ کی جو درآمد ہوتی ہے وہ دنیا کا ساتواں حصہ ہے۔

(اسٹیٹسمین)

تبت میں عورتوں کی خرید و فروخت

ایک عورت ایک ہی وقت میں کئی مردوں سے شادیاں کرتی ہے

سردار شیر احمد خاں خال میں تبت کے سفر سے واپس ہوئے ہیں انہوں نے اپنی سیاحت کے حالات ایک انگریزی اخبار میں شائع کرائے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ تبت میں عورتوں کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔ بکریوں، بھینسوں اور دیگر حیوانوں کی قدر عورت سے زیادہ سمجھی جاتی ہے تبت میں ایک مقولہ مشہور ہے کہ "بیٹا اپنے آباؤ اجداد کی حفاظت کرتا ہے اور لڑکی انکو تباہ کرتی ہے" تبت کے سرحدی مقامات میں عورتوں کی خرید و فروخت عام طور پر ہوتی ہے اور عورتوں کا تبادلہ بھی روزانہ کی عام بات ہے۔ اور اس میں کوئی خرابی محسوس نہیں کی جاتی۔ ادنیٰ لوگوں میں بظاہر ایک عورت ایک ہی مرد سے شادی کرتی ہے مگر عملاً وہ تمام بھائیوں کے زیر استعمال رہتی ہے۔ عورت کی بڑے بھائی سے شادی ہوتی ہے اور چھوٹے بھائی برابر کے حصہ دار قرار پاتے ہیں۔ عورتیں ایک ہی وقت میں پانچ پانچ اور سات سات مردوں سے شادیاں کرتی ہیں اور ان کے نزدیک یہ کوئی معیوب بات نہیں ہے۔

ادنیٰ درجہ کے لوگوں میں یہ دستور ہے کہ وہ ایک مدت معینہ کیلئے عورتوں سے شادی کرتے ہیں اور مدت ختم ہو جانے پر جدا ہو جاتے ہیں۔ اگر اس مدت میں ان کے ہاں کوئی بچہ پیدا ہو جاتا ہے تو وہ مقدس سمجھا جاتا ہے۔ اس طرح اگر کسی شخص کا حسب و نسب مشکوک ہو تو کہا جاتا ہے کہ اس کا باپ پرلیسٹ (مذہبی پیشوا) تھا۔

(ٹائمز آف انڈیا السٹریٹڈ ویکلی)

جاپان میں کساد بازاری کا دور دورہ

چاول، ریشم اور اراضی کی قیمتیں گر گئیں

دیگر ممالک کی طرح جاپان میں بھی کساد بازاری کا دور دورہ ہے اور اس کی زد میں زیادہ تر غریب کسان آ گئے ہیں۔ سرکاری ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اس وقت جاپان میں بیکاروں کی تعداد تیس اور چالیس لاکھ کے درمیان ہے۔ جاپان کے کسان چاولوں کی کاشت میں خاص مہارت رکھتے ہیں اور ان کی کاشت اسی حد تک محدود ہے۔ گو وہ اس کے ساتھ ہی ریشم کی کاشت بھی کرتے ہیں۔ مگر اصل کاشت چاولوں ہی کی ہوتی ہے۔

۱۹۲۶ء میں چاول کی قیمت کا اوسط ۱۰ شلنگ تھا اور اب اس کی قیمت ۵ شلنگ ہے۔ خام ریشم کی قیمت ۱۹۲۶ء میں ۴۰ پونڈ فی گانٹھ تھی اور اب اس کی قیمت ۳۵ پونڈ فی گانٹھ ہے۔

۱۹۲۰ء اور ۱۹۳۱ء میں مزروعہ اراضی کی قیمت ۱۲ فیصدی کم ہو گئی۔ اس کے بعد قیمتوں میں اور بھی کمی آ گئی ہے جس نے کاشتکاروں کو مصیبت میں مبتلا کر رکھا ہے۔

(اسٹیٹسمین)

برطانیہ میں بیکاروں کی تعداد میں اضافہ

۲۸ لاکھ بیکاروں کی مشکلات کا حل

برطانیہ میں بے روزگاروں کی تعداد میں برابر اضافہ ہو رہا ہے۔ اگرچہ حکومت اور دیگر امدادی ادارے اس بات سے مطمئن ہیں کہ جون میں بیکاروں کی تعداد میں کمی کی نسبت کم ہے تاہم متعدد شہروں میں صنعتی کارخانوں کو سخت نقصان پہونچ رہا ہے۔

۲۷۵۳۳ بیکاروں میں بیس لاکھ بیکار ایسے ہیں جو رجسٹر شدہ ہیں۔ جب سے انگلستان میں قومی حکومت برسر اقتدار آئی ہے۔ اس وقت سے بیکاروں میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ اگرچہ لوگ یہ امید رکھتے تھے کہ اب بیکاروں کی تعداد کا معیار وہی قائم ہو گیا جو لیبر حکومت کے وقت میں تھا۔ یہ بات یقینی ہے کہ بیکاروں کی تعداد میں کوئی چیز بھی تخفیف نہیں کر سکتی تاوقتیکہ ٹیکسوں میں معقول تخفیف نہ کی جائے۔

(اسٹیٹسمین)

دار الحکومت

خود غرضوں کی طرف سے وزیر ہند کے بیان کا خیر مقدم
ہندوستان کی متفقہ مذمت کے مقابلہ میں تجویز کیسی؟

سٹینڈنگ کے آٹھ ممبروں میں اختلاف آراء

دہلی ۱۹ ر جولائی کل شام کو سٹینڈنگ لیگ کا ملتوی شدہ اجلاس ہریجن سرائے میں حاجی رشید احمد کے مکان پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں ۲۸ ممبروں میں سے کل آٹھ ممبر موجود تھے ان میں سے دو ممبروں نے اپنی ممبری سے انکار کر دیا۔ اجلاس میں متعدد تجاویز منظور کی گئیں جن میں سے ایک تجویز میں آرڈیننسوں کا خیر مقدم کیا گیا دوسری تجویز میں ایک پروپیگنڈہ کمیٹی کے تقرر پر زور دیا گیا تیسری تجویز ایک وفد کے متعلق تھی جو لندن جا کر حکومت سے درخواست کرے کہ دہلی کا گورنر کا صوبہ بنا دے۔ اس کے بعد سر سیموئل ہور وزیر ہند کے بیان پر ایک تجویز کے سلسلہ میں ایک دلچسپ بحث چھڑ گئی۔ وزیر ہند کے بیان کو "روشن زمانہ کا" بیان سے تعبیر کیا گیا۔ چودھری رگھو ناتھ سنگھ نے کہا کہ تجویز کو غور کرنے کے لئے ملتوی کر دیا جائے کیونکہ ابھی تک ہندو مہاسبھا اور مسلم لیگ نے بھی وزیر ہند کے بیان پر اپنے خیالات ظاہر نہیں کئے ہیں۔

ڈاکٹر شمبھو ناتھ نے کہا کہ جب سر سپرو جیسے لیڈروں نے بھی اس بیان کی تردید کر دی ہے تو آپ کی حمایت کی کیا قدر و قیمت ہو سکتی ہے؟

دہلی میں شب کے وقت ایک لاری پکڑی گئی
چاندی اور سونے کی برآمد
پانچ اشخاص گرفتار

آرڈیننس کی حکومت ختم ہونی چاہئے
دہلی کی تجارت کو آرڈیننس نے تباہ کر دیا ہے
باشندگان دہلی کا عظیم الشان جلسہ

کیا گول میز کانفرنس کا اجلاس منعقد کیا جائیگا؟
صورت حالات کے متعلق لندن اور ہندوستان میں مشورے
حکومت اس کے متعلق کوئی جلدی اعلان نہیں کرے گی

شملہ ۱۹ ر جولائی۔ ہندوستان ٹائمز کا نامہ نگار شملہ سے مطلع کرتا ہے کہ جن حالات کے ماتحت گول میزی مندوبین نے اپنے استعفے داخل کئے ہیں ان کو قابو میں لانے کے لئے بڑی احتیاط سے غور و فکر ہو رہا ہے اور مختلف قسم کے مشورے کئے جا رہے ہیں منجملہ دیگر مشوروں کے ایک مشورہ یہ بھی ہے کہ جو خیالات منظور کر لیا جائے گا کہ گول میز کانفرنس کا اجلاس مدعو کیا جائے لیکن اس قسم کے سلسلے کے مجلس مشاورت کے پروگرام پر اس کا کوئی اثر نہ پڑے۔

لندن سے جو پرائیویٹ مشورے ہو رہے ہیں ان سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وزیر ہند کے جدید طریق کار سے خود انگلستان کے لوگ کہاں مطمئن ہیں۔ برطانیہ کے ارباب اختیار کسی ایسے نقطہ کی تلاش میں ہیں جس پر چل کر طریق کار میں بھی کوئی تبدیلی نہ ہو اور ان لوگوں کی ہمدردیاں بھی حاصل ہو جائیں جن کا تعاون اب تک ضروری خیال کیا جا رہا ہے۔

اس سلسلہ میں حکومت کی طرف سے کچھ دنوں تک کسی اعلان کی توقع نہیں ہے۔ خصوصاً ایسی حالت میں جب کہ حکومت فرقہ وارانہ تصفیہ کے بعد ملک پر اس کا اثر دیکھنا چاہتی ہے۔ حکومت کی خواہش ہے کہ جب تک فرقہ وارانہ مسائل کا اعلان نہ ہو جائے اور اس کے اثرات امید افزا نہ ہوں اس وقت تک گول میز کانفرنس کے انعقاد کے اعلان سے احتراز کیا جائے۔

اب ہندوستان، جاپان کے حملہ کو برداشت نہیں کر سکتا
جاپانی پارچہ پر سو فیصدی محصول لگایا جائے

رضا کاران جمعیۃ علماء ہند کے مقدمہ کا فیصلہ
شراب کے پکٹنگ پر ۴، ۴ ماہ قید کا حکم

مولانا عبد الحلیم الصدیقی کے مقدمہ کا فیصلہ
دو سال قید سخت کی انتہائی سزا

ایک مسلم طالب علم کی حیرت انگیز بہادری

آرڈیننس کی ہمہ گیر مذمت

قرآن پاک کا ختم

گرفتار شدہ سیاسی قیدیوں کی تعداد
موجودہ اور سابقہ اعداد و شمار

نام صوبہ	سابقہ تعداد	موجودہ تعداد
بنگال	۴۸۳۵	۴۵۴۴
بہار اڑیسہ	۳۳۲۱	۲۲۶۰
یوپی	۶۱۵۰	۵۸۶۳
بمبئی	۲۸۹۴	۲۳۱۳

آل بنگال اسٹوڈنٹس کانفرنس کا اجلاس
جلوس پر لاٹھی چارج

پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان جنگ
سات ڈاکو ہلاک اور متعدد گرفتار

مندر میں پچاس ہزار بھیڑوں کی قربانی
ویدک زمانہ کی ایک مشرکانہ رسم

مولانا بشیر احمد صاحب خیریت سے ہیں

رتن سنگھ ڈاکو گولی سے ہلاک کر دیا گیا
ایک دیہاتی اور تین سپاہی بھی مارے گئے

پنجاب کے مشہور ڈاکو رتن سنگھ کو جس کی گرفتاری کے لئے حکومت پنجاب نے تین ہزار روپیہ کا انعام مقرر کیا تھا پولیس نے گولی مار کر ہلاک کر دیا وہ ضلع ہوشیار پور کے ایک گاؤں میں ٹھہرا ہوا تھا پولیس نے اس گاؤں پر حملہ کیا اور مقابلہ کے دوران میں رتن سنگھ نے دو سپاہیوں اور ایک زمیندار کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ ایک کانسٹیبل کو بھی مجروح کیا۔ خان صاحب شیخ عبد الاحد سپرنٹنڈنٹ پولیس ہوشیار پور کی سرکردگی میں پولیس نے تمام گاؤں کو گھیر لیا ... رتن سنگھ تین گھنٹہ تک فائر کرکے اپنے آپ کو بچاتا رہا۔ آخر کار پولیس نے مکان کو آگ لگا دی۔ رتن سنگھ مکان سے نکل آیا اور بھاگنے کی کوشش میں تھا کہ گولی سے ہلاک کر دیا گیا۔

رتن سنگھ کا لے پانی کے ان قیدیوں میں سے تھا جو ۱۳ اپریل کی شب کو جب کہ انہیں پنجاب کی جیلوں میں تبدیل کیا جا رہا تھا محافظ پولیس کے قبضہ سے نکل کر ٹرین سے بھاگ گئے تھے۔

کانپور میں نقص امن کا اندیشہ

ایک مندر پر پولیس کا چھاپہ
بم بنانے کا مسالہ اور کارتوسوں کا برآمد

مسلمانان ہند غفلت و سستی کو ترک کریں
حضرت مولانا معین احمد صاحب کی اپیل

مسلم کانفرنس کی حقوق فروشی کا معاملہ
(بسلسلہ سابق)

ہندوستان میں برطانیہ کو اچھا کہنے والا کوئی نہیں رہا
مسئلہ ہند کے متعلق چرچ نے اپنا فرض انجام نہیں دیا
فادر ایلون اور مانچسٹر گارجین کی صاف گوئی

لندن ۱۹ ر جولائی ... ہال میں ایک کثیر الاجتماع جلسہ منعقد ہوا جس میں متعدد مقررین کے علاوہ فادر ایلون نے بھی تقریر کی آپ نے ہندوستان کی صورت حالات کا تذکرہ کرتے ہوئے حاضرین کے روبرو ایک ہوش ربا نقشہ کھینچ دیا۔ حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ میں آپ لوگوں کو بالکل صحیح واقفات سناتا ہوں میں نہ انگریزوں کا دشمن ہوں بلکہ اس لئے کہ میں ان کا دوست ہوں اور مجھے ان کے نیک نام سے محبت ہے جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ چرچ نے اپنا فرض انجام دینے میں اس قدر کوتاہی کی ہے جو اس سے قبل کبھی نہیں کی تھی۔

مسٹر جارج لانسبری لیڈر لیبر پارٹی و صدر جلسہ نے آئرلینڈ کے متعلق مذہبی رہنماؤں سے اپیل کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر مذہب برطانیہ اور آئرلینڈ کے درمیانی تنازعہ اور ہندوستان میں خوفناک صورت حالات کے متعلق لب کشائی کرنے سے قاصر ہے تو میں یہ دریافت کروں گا کہ مذہب کے معنی کیا ہیں؟

لندن ۱۹ ر جولائی۔ معاصر "مانچسٹر گارڈین" نے ہندوستان میں صورت حالات پر مندرجہ ذیل تبصرہ کیا ہے:۔

اب ہندوستان میں کوئی ایسی سیاسی انجمن ہے اور نہ کوئی ایسا مدبر جو حکومت برطانیہ کے حق میں اپنی زبان سے کوئی اچھا لفظ نکالے اور اس کے ارادوں پر اعتماد رکھتے ... ان کی آنکھیں کھلی نہیں ہیں۔

اگر ہندوستانی حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کو رضامند نہ ہوئے تو اس کے یہ معنی ہیں کہ ان کی حکومت ہوگی جیسی کہ آج کل موجود ہے حکومت کو اصلاحات دینے میں کسی قسم کے پس و پیش اور تاخیر سے کام نہ لینا چاہئے۔ حوصلوں کو امید افزا بنانے کی کوشش کرنا چاہئے۔

آئرلینڈ میں برطانی کوئلہ کی درآمد پر زبردست محصول
برطانیہ اور آئرلینڈ میں مزید کشیدگی کے آثار
"میں آئرلینڈ کے باشندوں کے حقوق برطانیہ کے حوالہ نہیں کر سکتا"

لندن ۱۸ ر جولائی۔ برطانیہ نے انتقاماً جو سو فی صدی محصول آئرلینڈ کے مال پر لگایا ہے اس کے مقابلہ میں آئرش فری اسٹیٹ پارلیمنٹ میں برطانی کوئلہ کی درآمد کے خلاف ایک مسودہ قانون پیش کر دیا گیا ہے۔ انگریزی اور سکاٹش کوئلے کی درآمد سے آئرلینڈ کو بیس لاکھ پونڈ سالانہ کی آمدنی تھی۔ اگر یہ بل پاس ہو گیا تو آئرلینڈ کو ہر سال اتنا عظیم خسارہ برداشت کرنا پڑیگا۔ جرمن کے تاجر کو کلہ ڈبلن پہونچ گئے ہیں ... امید کی جاتی ہے کہ جرمنی تاجروں سے یہ معاملہ طے ہو جائے گا ... کے لئے آئرلینڈ اچھا مارکیٹ بن گیا ہے۔

مسٹر ل ر ... ممبر آئرش پارلیمنٹ ... نے اس بل کی سخت مخالفت کی ہے۔

ڈبلن ۱۸ ر جولائی سینیٹ نے برطانیہ کے خلاف ہنگامی مسودہ قانون کی دوسری خواندگی بغیر تقسیم آراء کے منظور کر لی۔ مسٹر ڈی ویلرا نے بحث کے دوران میں کہا کہ "میں برطانیہ سے صلح و تصفیہ کرنے کے لئے جا رہا ہوں اور معاملہ کو سلجھانے کے لئے ہر ممکن کوشش عمل میں لاؤں گا البتہ مجھ سے یہ نہ ہو سکے گا کہ میں آئرلینڈ کے باشندوں کے حقوق کو برطانیہ کے حوالہ کر دوں" آپ نے مزید کہا کہ "میری خواہش ہے کہ انگلستان اور آئرستان کی مشکلات حل ہو جائیں لیکن مجھے اس سے قطعی انکار ہے کہ آئرلینڈ برابر پچاس لاکھ پونڈ برطانیہ کو بطور خراج ادا کرتا رہے"۔

وزیر اعظم اور کابینہ کے وعدوں سے انحراف
سر ہری سنگھ گوڑ کا بیان

مجسٹریٹ کے دفتر پر کانگریسی رضا کاروں کا حملہ
تمام رضا کار گرفتار کر لئے گئے

گاندھی جی کی رہائی کا مطالبہ
اسمبلی میں سوالات

ہنسراج کوستن پر کر دیا گیا

ہیڈ پوسٹ آفس میں گندھک کا تیزاب

اچھوتوں کے لئے ہنومان مندر

یکم ستمبر سے ریلوے میں ہڑتال
ریلوے بورڈ کے جواب پر احتجاج

بنگال میں ہندو و مسلمانوں کی تعداد
ہندوؤں کے مقابلہ میں مسلمان ۵۰ لاکھ زیادہ ہیں

حکومت نے نمک بنانے کی اجازت دیدی

آرڈیننس کے ماتحت تعدادات کی نظر ثانی

پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت کا سوال
مہاسبھائیوں کی پریشانی

پنجاب میں مسلمان گورنر
نواب سکندر حیات خان کا تقرر

وکٹوریہ کے مجسمہ پر کانگریسی جھنڈا

لارڈ ارون کی تازہ تقریر
ہندوستان کے متعلق وزیر ہند کی تائید

سرحدی پٹھانوں کو انجیل کا تحفہ
پٹھانوں کے ایمان پر حملہ گروہ کا دھاوا

باڑہ ہندوراؤ میں پبلک جلسہ

بندوقوں اور ریوالوروں کی چوری
ایک سو طلبا گرفتار کر لئے گئے

فوجی افسروں کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے اختیارات

آئرلینڈ میں برطانی مال کا بائیکاٹ

زہر سے پانچ لڑکیوں کی ہلاکت

ہندوستان کی فیڈرل پارلیمنٹ کا افتتاح
ہندوستان کو دیگر نو آبادیات کے مساوی درجہ حاصل ہوگا

ڈائنامائٹ کا مسالہ پھٹ گیا
۸ آدمی ہلاک ۳۰ ڈبے پاش پاش

جاپان میں آتشزدگی سے ۵ لاکھ کا نقصان

صدر جمہوریہ امریکہ نے اپنی تنخواہ کم کر دی
گورنروں اور ایئر نے عمل کیا

ایک ہفتہ میں دو کروڑ کا سونا باہر چلا گیا

نواب صاحب چھتاری
ہر اکیلنسی کا مستقل اعزاز و ملازمی

جرمنی میں جلسوں اور مظاہروں کی ممانعت

مسلمانان ہند کی ہمدردی کا احساس

معتدلین کے استعفوں کا ذکر پارلیمنٹ میں
وزیر ہند کا ایک اور تشریحی بیان

لندن ۲۰ جولائی۔ دار العوام میں کل التوا سے قبل ہندوستانی مسئلہ کو چھیڑ گیا مسٹر مارگن جونس لیبر نے مباحثہ کی ابتدا کی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ ہندوستانی مسئلہ پر غور کرنے اور راستے طے کرنے کے لئے گول میز کانفرنس کا جو طریقہ اختیار کیا تھا اس سے موجودہ طریقہ میں بڑا فرق ہے۔ اور حکومت سے انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے یہ طے کیا ہے کہ وہ گول میز کانفرنس کو منسوخ کر کے مالی اور دیگر غیر تصفیہ شدہ امور کو چند افراد سے ملکر طے کرے خواہ وہ کتنے ہی بلند مرتبہ رکھتے ہوں طے کرے تو یہ اس طریق کار سے بہت مختلف ہے جس پر اب تک کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا مجوزہ مشاورتی کمیٹی میں ہندوستان کے ہر خیال کے افراد مدعو کئے جاسکیں گے اور اگر نہیں کئے جاسکتے تو یہ سراسر گول میز کانفرنس کے طریقے کے خلاف ہے۔ اپنی تقریر کے آخر میں انہوں نے کہا کہ مزدور جماعت کو اس بارے میں کامل اختیار ہے کہ وہ جو رائے چاہے قائم کرے اور جب تک حکومت گول میز کانفرنس کے طریقہ کو منسوخ کئے رہے گی وہ جو طریقہ چاہے گی اختیار کرے گی۔

وزیر ہند کا جواب

سر سیموئل ہور نے اس تقریر کے جواب میں جو تقریر کی اس میں انہوں نے کہا کہ مجھے سخت تعجب ہے کہ طریق کے سوال نے بہت زیادہ غلط فہمی پیدا کر دی ہے اور یہ غلط فہمی خود ہم لوگوں میں بھی ہے۔ میں صرف ان چند منٹوں میں جن میں اس وقت تقریر کروں گا یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ صرف ہم میں اور ہمارے مخالفین میں تھوڑی سی غلط فہمی ہے۔ اور کچھ نہیں۔ لیکن اگر اسی ایوان کے رفقا میں ایسا ہو گا تو ہندوستان کے نمایندوں میں عملاً کیوں نہ ہو اگر ...

سب سے پہلے اصل صورت حال کو لے لیجئے۔ مسٹر مارگن جونس بالکل صحیح کہتے ہیں کہ بعض سربرآوردہ ہندوستانیوں کو سخت تشویش ہے کہ ...

...

ان لوگوں نے اور ان کے ساتھ دس اور حضرات نے میرے پاس اور وزیر اعظم کے پاس ہم لوگوں کے طریق کار کے خلاف احتجاج لکھ کر بھیجا ہے۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایوان کو یہ بھی اطمینان رکھنا چاہئے کہ میرے پاس اور بھی اطلاعات آئی ہیں جو ہندوستان کے دیگر سربرآوردہ لوگوں نے بھیجی ہیں جن کا کئی کئی انجمنوں سے تعلق ہے ...

سپرو وغیرہ کے استعفے کو کم اہمیت نہ دینی چاہئے لیکن میں یہ بھی ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ حکومت کی حمایت میں بھی اس کی پشت پر بہت بڑی رائے عامہ ہے۔

اپنی تقریر میں انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت مشاورتی کمیٹی میں ہندوستانیوں کے اشتراک عمل کو برابر قائم رکھنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ موسم بہار میں انفرادی طور پر ہندوستانیوں سے بھی مشورہ کیا جائے گا۔ اور ان کی رائے معلوم کی جائے گی۔ بہر حال انہیں مسرت ہوگی۔ اگر ان کے سامنے اس قسم کی تجویزیں پیش کی جائیں جن سے موجودہ صورت حال بہتر ہو سکے۔

وزیر ہند کے بیان پر سر سپرو کا تبصرہ
مسٹر ہور مجھے بھی یقین نہ دلا سکے

الہ آباد ۱۵ جولائی۔ سر تیج بہادر سپرو نے حسب ذیل بیان شائع کیا ہے۔ میں نے سر سیموئل ہور کی دار العوام والی تقریر پڑھی ہے ...

چاوڑی بازار کی طوائفوں کو نوٹس

دہلی ۱۵ جولائی۔ مسٹر گوبند سہائے انسپکٹر طوائف ...

کانگریس اور لبرلوں میں اتحاد کا امکان
آل پارٹیز کانفرنس کیلئے تیاریاں

ڈاکٹر کچلو قائم مقام ڈکٹیٹر کانگریس کے دوبارہ بنارس جانے کی اطلاع شائع ہو چکی ہے کل وہ بنارس سے دہلی واپس آگئے ہیں۔ راستہ میں وہ الہ آباد بھی اتر گئے تھے ...

آل پارٹیز کانفرنس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر سپرو اور ان کے رفقائے کار عنقریب طلب کئے جانے والی ہیں ...

ڈاکوؤں اور دیہاتیوں کے درمیان جنگ
ایک ڈاکو اور دو دیہاتی ہلاک

فرید کوٹ کے قریب پولیس کی ایک جماعت اور دیہاتیوں کا ڈاکوؤں سے مسلسل کئی گھنٹے تک مقابلہ ہوتا رہا جس میں تین جانیں ضائع ہوئیں ...

پنجاب میں انقلاب پسندوں کی گرفتاری
سیاسی ڈکیتیوں کے راز کا انکشاف

گوجرانوالہ ... انقلابیوں کی سازش کا جو انکشاف ہوا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا مقصد سیاسی ڈاکہ زنی ...

کے قریب تیار کئے اور تین ہزار دینے اور بہت سا سامان ملا ہے۔ حساب کی ایک کتاب بھی ملی ہے جو لوگ گرفتار ہوئے ہیں ان میں ڈپٹی کمشنر کے دفتر کا ایک کلرک اور ایک پٹواری بھی ہے۔ پولیس کا خیال ہے کہ اس سازش میں گوجرانوالہ اور ہوشیار پور کے بہت سے لوگ شریک ہیں۔

جمعیۃ علماء ہند کی شاندار قربانیوں کا اعتراف
مولانا عبد الحلیم صاحب کی گرفتاری پر مبارکباد

سہارنپور ۱۵ جولائی۔ آج بعد نماز جمعہ مسلمانان سہارنپور کا ایک عظیم الشان جلسہ جامع مسجد میں مجلس تحت جمعیت علمائے ہند کی جانب سے قاضی محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے سہارنپور کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں جناب مولوی حبیب الرحمٰن صاحب ... نے ایک پُر مغز اور مفصل تقریر فرمائی۔ آپ نے خصوصیت کے ساتھ ہندوستان کی تمام مسلم اور غیر مسلم سیاسی جماعتوں کی وطنی خدمات سے جمعیۃ علمائے ہند کے بے غرض خدام کی شاندار قربانیوں کا مقابلہ کیا۔ اور مسلمانوں کو بتایا کہ مسلم کانفرنس یا اسی وضع و قماش کی دوسری انجمنیں مسلمانوں کے مستقبل کو محفوظ اور روشن نہیں بنا سکتیں ...

آخر میں حافظ عبد الغفار صاحب آزاد نے اپنی تقریر میں جمعیۃ علمائے ہند کی اہمیت کو بیان کیا اور اس کی خدمات کا اعتراف کیا۔

اس کے بعد تین تجویزیں منظور ہوئیں۔ ایک تجویز میں مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی ڈکٹیٹر جمعیۃ علماء ہند کو ان کی گرفتاری پر مبارکباد پیش کی گئی اور جمعیۃ علماء کے رضاکاروں کی خدمات کا اعتراف کیا گیا۔ دوسری تجویز میں جریدہ زمیندار کے دوبارہ اجراء پر مولانا ظفر علی خاں صاحب کو مبارکباد دی گئی۔ تیسری تجویز ...

(محمد لیلیٰ از سہارنپور)

نیٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت

مقویات سراج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

خاص تجربات

مینیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

قلیل سرمایہ سے تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

اخبار الجمعیۃ

کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

بال جڑ سے کالا

جریان

تازہ سرٹیفکیٹ

سرحد میں "جامعہ اسلامیہ" کا قیام

کچھ ایسا تیرہ و تار عہد شروع ہے کہ مسلمان مغربی سیلاب کے رو میں بہتے چلے جاتے ہیں اور مغربی تہذیب و تمدن ایک عالمگیر صورت اختیار کرتی چلی جاتی ہے اور موجودہ نسل کے نوجوان تو مغربیوں کی تہذیب و تمدن کو ان کی معاشرت کو انسانیت کا جزو لاینفک سمجھنے لگے۔ نہ معلوم آئندہ نسل کا کیا حشر ہوگا۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مغربی تمدن و تہذیب کے ان دلدادوں کو "احیاء معارف" "علوم و فنون کی نشر و اشاعت" مجالس علمیہ کے قیام میں تو اہل یورپ کی تقلید کی توفیق ہی نہیں ہوئی۔ مغربی تہذیب و تمدن کے جراثیم نے امت مسلمہ کے اکثر افراد سے ملت اسلامیہ کے ضروریات کا احساس ہی سلب کر دیا۔ مسلمانوں کی اس دردناک غفلت و بے حسی پر اگر خون کے آنسو بہائے جائیں تو کم ہیں۔ کیونکہ ہر قوم کے بقا کا راز اس کے مذہبی روایات۔ دینی شعائر۔ ملی خصوصیات کے تحفظ میں مضمر ہے اگر مسلمانوں کو زندہ رہنا ہے اور وہ چاہیں کہ قومی و مذہبی عروج حاصل کریں تو ان کو چاہئے کہ ملی شعائر اسلامی مآثر کے احیا میں ایک دقیقہ فرو گذاشت نہ کریں کیونکہ اسلام ایک فطری مذہب ہے اور فرزندان اسلام کی دنیوی ترقی و دینی ترقی کے ساتھ وابستہ ہے۔ مسلمانوں کے چند اولو العزم ہستیوں نے ملت اسلامیہ کے بقا کے لئے ہندوستان کے مختلف حصوں میں یادگاریں قائم کی ہیں۔

دار العلوم دیوبند۔ مظاہر العلوم سہارنپور۔ ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل وغیرہ وغیرہ اس کی روشن مثالیں ہیں "صوبہ سرحد" باوجود اس کے کہ قریب قریب ایک خالص اسلامی صوبہ ہے۔ یہاں کے باشندے غیرت و حمیت اسلامیہ میں سب سے آگے ہیں ...

(۱) نصاب تعلیم میں ضروریات زمانہ کے مطابق نہایت ہی مفید ترمیم ...

(۲) طرز تعلیم میں جدید اصول تعلیم کا پورا پورا لحاظ ہو۔

(۳) طلباء میں عربی تحریر و تقریر کا ملکہ پیدا کیا جائے۔

(۴) اس کی کوشش ہوگی کہ شرفاء اور متمول اصحاب کے لڑکے عربی تعلیم حاصل کریں۔

(۵) عربی طلبہ کو یہ ذہن نشین کرا دیا جائے کہ علوم دینیہ کو ذریعہ معاش بنانا اہل علم کی ذلت اور دین کی تباہی کا باعث ہے۔

چونکہ سردست مالی سرمایہ موجود نہیں اس لئے اگر ابھی سے اپنے اصول کی پوری پابندی نہ کر سکیں تو معذور رکھا جائے لیکن حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے قوی امید ہے کہ ہم جلد اس قابل ہو جائیں گے کہ یہ "جامعہ" اسلامی علوم و فنون۔ اسلامی تبلیغ مذہبی ضروریات کے نشر و اشاعت کا بہترین کفیل بن سکے۔

اس وقت جامعہ میں صرف عربی کے تین مدرس ہیں۔

تفسیر۔ حدیث۔ فقہ۔ اصول فقہ۔ کلام و عقائد۔ تاریخ۔ ادب۔ معانی و بیان صرف۔ نحو۔ منطق وغیرہ علوم کی کتابیں شروع ہیں۔

جہاں اس "جامعہ" کا وجود عمل میں آیا ہے۔ وہ شہر پشاور میں ایک مدرسہ کی عمارت ہے جو عرصہ پچاس سال سے ایک اسلامی انجمن کی طرف سے بنائی گئی تھی ...

الراقم حقر محمد یوسف بنوری ناظم جمعیت علماء صوبہ سرحد

مسلمان وکلا سے مظلوم مسلمانان الور کی اپیل
مسلمانوں کی گرفتاریوں کا روح فرسا نظارہ

برادران اسلام۔ آپ کو معلوم ہے کہ ریاست الور میں مسلمانوں پر مصیبتیں تنگ کر رکھی ہیں اور کیا کیا مظالم کئے جا رہے ہیں ...

جواب مہاراجہ الور اور ان کی حکومت نے گرفتاریوں سے دیا ۹ مئی کو بے گناہ مسلمانوں پر جب کہ وہ اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لئے جا رہے تھے ...

میں ہوں مظلوم مسلمانان الور کی جانب سے آپ کا خادم

سکرٹری

انجمن خادم اسلام الور

دہلی میونسپل کمیٹی دہلی میں
نئے ٹرینڈ استادوں کی بے قدری

گذشتہ تین سال سے ریٹائر شدہ مدرسین کو کمیٹی مزید مہلت دے رہی ہے لیکن اس صورت میں بجائے فائدہ کے کمیٹی کو الٹا نقصان ہو رہا ہے خبر نہیں کمیٹی نے اس میں اپنا کیا فائدہ سوچا ہے گورنمنٹ نارمل سکول صوبہ دہلی کے ٹرینڈ مدرس ایک بڑی تعداد میں بیکار ہیں برخلاف اس کے غیر تربیت یافتہ مدرس کمیٹی کے سکولوں میں برابر کام کر رہے ہیں۔

پچھلے مہینہ میں ایم۔ بی۔ ہائی سکول گلی شاہ تارا میں ایک ٹرینڈ میٹرک پاس مدرس بڑی مستعدی سے کام کر رہا تھا ...

اکرام الدین کرامت سابق ہیڈ ماسٹر ...

اطلاع عام

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محبوب الٰہی ولد حسام الدین عرف پیر جی چھجا مرحوم نے اپنی زوجہ مسماۃ اللہ رکھی کو طلاق شرعی دیکر ...

مسماۃ اللہ رکھی بنت حاجی عزیز الرحمٰن مطلقہ محبوب الٰہی دہلی

عجیب (۱۰۸۶)
ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

... ترکیب استعمال ...

منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

بجلی کا کام سیکھنے والو!

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

زندگی کی کشمکش میں آپ مصروف ہوں

گرمیوں کا موسم ہے!

امرت دھارا کی شیشی ہر وقت پاس رکھو!

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ ... لاہور

مسلمانو صنعت و تجارت سیکھو

محبوب عاشق کے قدموں پر

عملیات اولو العزم فرشتہ غیب

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمیعۃ دہلی"

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔ ۔ ۔
ششماہی ۔ ۔ ۔
سہ ماہی ۔ ۔ ۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔ ۔ ۔
ششماہی ۔ ۔ ۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

یداللہ علی الجماعۃ

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی اے)

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۶ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔ ۔ ۔
نصف صفحہ (") ۔ ۔ ۔
ایک کالم (") ۔ ۔ ۔
½ کالم (") ۔ ۔ ۔
¼ کالم (") ۔ ۔ ۔

جلد ۱۶ | دہلی ۔ یوم پنجشنبہ ۲۳ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۲ء | نمبر ۷

معاصرین کے افکار و آراء

لاہور کا نیم سرکاری اخبار (زمیندار)

معتدلین کی سہل پسندی (زمیندار)

کھسیانی بلی کھمبا نوچے! (ہمدم)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

سیف اللہ حضرت خالد بن ولید کے کارنامے

غلامان محمدؐ کے ہاتھوں دمشق کی فتح

عیسائیوں کی شراب نوشی نے ملک نکلوا دیا

اہل عرب کی جنگی قابلیت

شراب نوشی نے ملک نکلوا دیا!

تثلیث کی سرزمین میں توحید کا علم

دمشق فتح ہوگیا!

دمشق کا محاصرہ

(باقی صفحہ ۵ کالم ۲)

مطب وقت
صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک

صدر جمعیۃ العلمائے ہند کا اعلان
اور علماء و زعماء ملت کی تصدیق

مطب وقت
شام ۵ بجے سے ۹ بجے تک

حکیم مولوی مسعود احمد صاحب جو ایک فارغ التحصیل عالم اور طبیب ہیں ... "وطنی دواخانہ" ... تیاری کے اہتمام کے سلسلہ دواخانہ کو مقبول عام بنانے کا تہیہ کر لیا ہے ... احسن انجام دیگا۔

(باہر کے مریضوں کے لئے خاص اہتمام کیا گیا ہے)

سرور دو جہاں طبیب حاذق صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر ما تکحلتم بہ الاثمد فانہ یجلو البصر و ینبت الشعر ...

سرمہ قدیم (رجسٹرڈ)

طاقت اور قوت مردمی کا لاجواب عروسی بکس

عورتوں کے مرض سیلان رحم کا مکمل علاج

بکس عروس زندگی

ملنے کا پتہ: وطنی دواخانہ (رجسٹرڈ) ماہر طب حکیم مولوی مسعود احمد خاں صاحب صدر بازار دہلی

برہاپے میں جوانی اور جوانی میں عالم شباب

طلا مار سیاہ

اکسیر افسان

لذت اسماک

لذت باکرہ

حکیم آفتاب علیخاں مالک طلا مار سیاہ ناظم دواخانہ آصفیہ نیلا دروازہ دہلی

طاقت کی بے نظیر دوا

الکٹرک سیلوشن (Electric Solution)

الکٹرک آئیل (Electric Oil)

ملنے کا پتہ: فیض عالم شفاخانہ بٹالہ (پنجاب)

خالص کیسٹرائیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
دجلاب کی میٹھی گولیاں

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد۔ عورت۔ بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا)
بندر روڈ کراچی

Castophen Mfg Co. (India)
P. Box 88 Karachi

شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کا ایک تازہ شاہکار
شاعر کی راتیں

یعنی حضرت جوش ملیح آبادی کی ان معرکۃ الآرا اور وجد آفریں نظموں کا مجموعہ جو موضوع شب سے متعلق ہیں ...

اعجاز الحق قدوسی
نامپلی جدید مکان نمبر ۱۴۷ حیدر آباد دکن

دربھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

اگر جناب کو عمدہ اور نایاب آموں کے قلم کی ضرورت ہو تو شاداب اور ارزاں قلم ہم سے طلب فرمادیں

منیجر قاضی نرسری لہریا سرائے دربھنگہ

اعلان

امیر انجمن خدام الدین لاہور

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دارومدار معدہ پر موقوف ہے اور ننگ جالینوس جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے ...

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

اخبار الجمعیۃ
میں
اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اکسیر جذام

بواسیر و ذیابیطس

حافظ اقبال حسین بھیکن پور بھاگلپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۳ ربیع الاول ۱۳۵۱ ہجری

کشمیر کے بعد ریاست الور میں مسلم حقوق کی پامالی

ریاست کے ارباب بست و کشاد کیلئے ایک لمحۂ فکریہ

یہ ایک مسلمہ اور ناقابل انکار حقیقت ہے کہ جب تک ہندوستان کی مختلف اقوام و ملل اپنے اندر وسعت نظر اور کشادہ دلی پیدا نہ کریں گی اور فرقہ پرستوں اور خود غرضوں کی پیداوار بند نہ ہوگی اسوقت تک نہ تو رہنمایان قوم کے عزائم و مقاصد کی تکمیل ہوگی اور نہ بدقسمت ہندوستان پر آزادی کا آفتاب طلوع ہوگا، ہندوستانی کی آئینی آزادی کے راستہ میں اب تک جو سنگ گراں حائل ہیں ان میں سب سے بڑا پتھر وہ ہے جو ہندو مسلم اختلافات کی صورت میں ہر شخص کو نظر آرہا ہے اور جو اب تک مخلصین کی مساعی کے باوجود اقوام ہند کی ٹھوکر کا باعث بنا ہوا ہے۔

اب تک تو ہندو مسلم اختلافات اور فرقہ پرستی کی لعنت برطانوی ہند تک محدود تھی مگر چند سال سے یہ لعنت دیسی ریاستوں کے اندر بھی پھیل گئی یا پھیلا دی گئی ہے۔ ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ ہندوستانی ریاستوں میں ہندو مسلم سوال پیدا کرنے والے کون ہیں اور اس سے انکا مقصد کیا ہے لیکن اگر ریاستوں کا لیل و نہار یہی رہا اور فرقہ پرستی کا زہر یونہی ان کے جسم میں سرایت کرتا رہا تو نہ معلوم ہندوستان کا کیا حشر ہوگا اور اسکے آزادی کے خواب کی تعبیر کس طرح پوری ہوگی۔ گزشتہ سال ریاست کشمیر میں جو کچھ ہوا اور ہو رہا ہے وہ سب کو معلوم ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ آئندہ کیا ہوگا۔ لیکن اسوقت تک جو کچھ ہوا ہے وہ نہ ریاست کے حق میں مفید ثابت ہوا اور نہ اس سے مسلمانوں کی اشک شوئی ہوئی۔ کشمیر کے مسلمان حقوق طلبی کی پاداش میں محبوس زنداں کر دیئے گئے حکومت نے انکی ہر فریاد کو ٹھکرا دیا۔ انکے مطالبات کو بے اعتنائی کی گہری قبر میں دفن کر دیا گیا۔ اور انکے ساتھ وہ سلوک کیا جو تہذیب کے چہرہ پر ہمیشہ سیاہ داغ بنکر چمکتا رہیگا۔ بیشک ہمیں اقرار ہے کہ کشمیر میں جو کچھ ہوا وہ کسی ادری قوت کا نتیجہ تھا اور ہندوستان کے ہر باشندے نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا کہ مظلوم اور ستم رسیدہ مسلمانوں کے جائز حقوق کے راستہ میں خود حکومت ہند نے روڑے اٹکائے اور کشمیر آرڈیننس جاری کرکے مسلمانوں کی رہی سہی قوت کو بھی کچل ڈالا لیکن اسکے ساتھ ہی اگر کشمیر کے ارباب اختیار اور عمال حکومت مسلمانوں کے مطالبات سے ہمدردی کا ...

[illegible]

...

مسلمانوں کو برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ الور کی آبادی کا بیشتر حصہ امن اور فارغ البالی کی زندگی بسر کرے اسکے بعد الور میں جو حالات رونما ہونگے اس کی ذمہ داری مغرور، ناخدا ترس اور عاقبت نا اندیش حکام پر عائد ہوگی۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل کے بارے میں:

(۱) بمقام کاشی باڑی جو کہ ایک دیہات ہے یہاں یہ دستور ہے کہ جب کوئی شخص مرتا ہے تو قبرستان میں لیجا کر جنازہ پڑھانا ضروری سمجھتے ہیں جہاں نہ جماعت ...

[illegible]

کانفرنسی غداروں پر مصر کی لعنت!

اب بھی توبہ کرلو اور مسلمان کو رسوا نہ کرو!

مصر کی تازہ ڈاک میں وطن پرور مصریوں کے آرگن "البلاغ" کے جو پرچے موصول ہوئے ہیں۔ ان میں حسب دستور ہندوستان سے متعلق کئی مضامین موجود ہیں۔ ۸ جولائی کی اشاعت میں تام نہاد مسلم کانفرنس پر تبصرہ کیا گیا ہے جس کا لفظی ترجمہ درج ذیل ہے:

"پہلے بتایا جا چکا ہے کہ ہندوستان کے بعض "خارجی" مسلمانوں نے لندن میں ...

[illegible]

... نہیں۔ ۳۰ جون کے بعد سے ہم ایک زبردست جدوجہد شروع کر دینگے! مسلمان اس اعلان سے دھوکہ کھا گئے اور چپ بیٹھ کر ۳۰ جون کا انتظار کرنے لگے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمانوں کا تمام جوش اس انتظار نے ختم کر دیا۔ یقیناً مسلم کانفرنس نے حکومت برطانیہ کی یہ بہت بڑی خدمت انجام دی ہے!"

(ہند جدید)

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں ایک ضروری جلسہ مشاورت

مہاجرین الور کی امداد و اعانت پر غور

آج بتاریخ ۲۸ جولائی بروز شنبہ بوقت چھ بجے شام عمائدین شہر اور مسلم انجمنوں کے ذمہ دار حضرات کا دفتر جمعیۃ علمائے ہند واقع بلیماران میں اجتماع ہوگا جس میں مہاجرین الور کی امداد و اعانت اور مسلمانان الور اسٹیٹ کی شکایات کے انسداد کی تدابیر پر غور کیا جائیگا۔

...

لکھنؤ میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کا پہلا جلسہ

آزادی اور جمہوریت اسلام کے بنیادی اصول ہیں

مکمل صوبجاتی آزادی اور حق رائے بالغان کا مطالبہ

لکھنؤ ۲۵ جولائی۔ انڈیپنڈنٹ پارٹی کی جانب سے ایک جلسہ مسلمانوں کا منعقد ہوا۔ مسٹر شبیر حسین قدوائی نے صدارتی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ انڈیپنڈنٹ پارٹی کا مقصد اولی یہ ہے کہ ایسے وفاق ہند (فیڈریشن آف انڈیا) کے قیام پر رائے عامہ کو مرکوز کیا جائے جس میں ہندوستانیوں کے ہاتھ میں کل اختیارات اور ذمہ داری ہو اور جس میں ہر وفاقی بذاتہٖ آزاد ریاست ہو۔ مولانا آزاد سبحانی نے اپنی تقریر میں اس امر پر زور دیا کہ مسلم آزادی اور جمہوریت کا عاشق ہے یہ دونوں چیزیں اسلام کے بنیادی اصول ہیں۔

انڈیپنڈنٹ مسلم پارٹی کے ایگزیکٹو بورڈ کا پہلا جلسہ گزشتہ شام مولانا حسرت موہانی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ حسب ذیل تجاویز منظور کی گئیں جن میں پارٹی کے لائحہ عمل کی تشریح کی گئی ہے:

(۱) مکمل صوبجاتی۔ خود اختیاری۔ وفاق کے رکن کے مالیات اور نظم و نسق پر پورا قبضہ۔ انفرادی رکن کو اختیارات بقایا کی تفویض۔ وفاق ہند کے مختلف ارکان میں عدم امتیاز۔

(۲) پارلیمنٹ سے صوبجات کی تبدیلی سکو کی صیغہ اس وقت تک وفاقی نہیں بن سکے گا جب تک کہ خود مختار ارکان وفاق ہند اس کے لئے رضامند نہ ہوں۔

(۳) حق رائے دہندگی کا طریقہ بالغوں کے حق رائے دہی پر مبنی ہونا چاہئے۔ جلسہ میں ایک اور قرارداد منظور کی گئی جس میں آرڈیننسوں کی مذمت کی گئی۔

افغانستان میں میلاد النبی کا عظیم الشان اور روح پرور جشن

آقائے کونین کے دربار میں تاجدار افغانستان کا خراج عقیدت

مسلمانوں کو سید الابرار کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین

امسال کابل میں جشن میلاد النبی بکمال احترام منایا گیا۔ حکومت افغانستان کی طرف سے سلام خانہ عام میں جلسہ کا انعقاد کیا گیا جس میں وزراء و اعیان حکومت، مامورین ملکی، اراکین شورائے ملی، دارکان جمعیۃ علماء و فضلاء اور دیگر کارکنوں نے شرکت فرمائی۔ علماء اور مشائخ بھی کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ اس متبرک مجلس میں سب سے پہلے حفاظ نے یکے بعد دیگرے قرآن پاک کی تلاوت فرمائی۔ اور اس کا ثواب روح پر فتوح آقائے کونین صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچایا گیا۔ اسی کے ضمن میں تمام حضار نے نہایت خشوع و خضوع سے اور بکمال سوز و گداز ترقی اسلام اور حکومت افغانستان کے لئے دعا کی۔ اس کے بعد ایک عالم نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف حمیدہ و اخلاق کریمہ پر روشنی ڈالی اور وہ مناقب بیان کئے جو حضور رحمۃ للعالمین کے حق میں تمام آسمانی کتب میں آئے ہیں۔ ہر بیان کو آیات قرآنی اور احادیث نبوی سے مدلل کیا۔ اس بیان سے مجلس پر تمام حضار پر ایک وجد کی کیفیت طاری تھی اور درود شریف سے تمام سلام خانہ گونج رہا تھا۔

سب سے آخر میں اعلیٰ حضرت غازی محمد نادر شاہ فرمانروائے افغانستان نے اپنے مخصوص انداز میں نہایت فصاحت اور طلاقت کے ساتھ دین مبین اسلام کے محاسن و فضائل بیان فرمائے اور حضور کی سیرت و اعمال پر نہایت رقت انگیز لہجہ میں روشنی ڈالی۔ اعلیٰ حضرت نے دوران تقریر میں ارشاد فرمایا کہ ہم سب مسلمانوں کو لازم ہے کہ حضرت سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کریں اور آپکے عمل پر چلنے کی کوشش کریں۔ ...

... دعا کی گئی اس کے بعد یہ متبرک مجلس برخاست ہوئی۔ (اصلاح کابل)

مسلح فوج کے قبضہ سے تلک آشرم کو نکالنے کی سعی

حملہ آور دستوں کی مسلسل گرفتاریاں

پٹنہ ۲۵ جولائی۔ مظفرپور سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ تلک میدان کو مسلح فوج کے قبضہ سے حاصل کرنے کے لئے بہت سے کانگریسی کارکنوں نے میدان پر دھاوا بولا۔ پولیس بھی کافی تعداد میں موجود تھی اس نے حملہ آوروں کو لاٹھیوں سے منتشر کیا۔ دستے کے بعد دستے حملہ کرنے کے لئے آگے آئے اور گرفتار کر لئے گئے۔ فوج نے کچھ مزاحمت نہیں کی۔ ... نے بعض گرفتار شدگان کو رہا کر دیا ہے۔

دریائے چناب میں زبردست سیلاب

سینکڑوں عمارات برباد متعدد دیہات کو خطرہ

جھنگ مگھیانہ ۵ جولائی۔ دریائے جہلم میں زبردست طغیانی آجانے کے باعث کوٹ عیسیٰ شاہ ... وغیرہ کے دیہات زیر آب ہیں۔ جھنگ اور مگھیانہ کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی متعدد غیر سرکاری عمارات منہدم ہو گئی ہیں۔ کئی اشخاص کی نعشیں بہتی ہوئی ملی ہیں بہت سے مویشی بھی ہلاک ہو گئے ہیں۔ دیہاتی پریشان ہیں۔ جانی و مالی نقصان کا صحیح اندازہ اس وقت مشکل ہے۔

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری لاہور کی عدالت میں

بارایسوسی ایشن کی طرف سے سابق فیصلہ کے خلاف اپیل

شاہ صاحب کی نسبت سرکاری وکیل کا دروغ بے فروغ

لاہور ۲۴ جولائی۔ سکل عدالت عالیہ میں مسٹر جسٹس کری نے سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مرافعہ کی سماعت کی۔ یہ اپیل بار ایسوسی ایشن کے مسلم ارکان کی طرف سے پیش کی گئی تھی۔ شاہ صاحب کی طرف سے میاں عبد العزیز بیرسٹر (صدر بلدیہ لاہور) اور سرکار کی طرف سے مسٹر رشید گورنمنٹ ایڈوکیٹ پیش ہوئے۔ شاہ صاحب کو مسٹر عبد الصمد خاں مجسٹریٹ دہلی نے ... باغیانہ تقریروں کے سلسلہ میں دو جرموں میں ایک ایک سال قید اور ڈھائی ڈھائی سو روپے جرمانہ کی سزا دی تھی۔ یہ تقریریں ماہ اپریل ۱۹۳۱ء میں دہلی میں کی گئی تھیں۔

میاں عبد العزیز صاحب نے دوران بحث میں کہا کہ شاہ صاحب نے عوام کے سامنے حقائق بیان کئے تھے اور حقائق کا بیان کرنا بغاوت کی تعریف میں نہیں آتا۔ انہوں نے پولیس اور حکام کی غلط کاریاں بیان کرنے کے بعد یہ نہیں کہا کہ ان غلط کاریوں کی وجہ سے ہم منتقمانہ اقدام کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ... سزا کافی سمجھی ہے اس لئے یہ ضروری ہے کہ اگر میرے موکل کا جرم بحال رکھا جائے تب بھی صرف اسی قدر سزا کافی سمجھی جائے جتنی وہ بھگت چکے ہیں۔ ...

انگریزی اخبارات سے

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

بالشویک روس کا فوجی اور ہوائی نظام

چھ کروڑ بچوں اور ۲۳ لاکھ عورتوں کو فوجی تعلیم

روس کی سوا تین کروڑ فوج جنگ کا انتظار کر رہی ہے

ایک اخبار نویس نے ماسکو کے ایک بالشویک افسر سے مندرجہ ذیل سوال کیا:

"جب آپ کا یہ خیال ہے کہ سرمایہ دار حکومتیں بالشویک حکومت کو آئے دن دھمکیاں دیتی رہتی ہیں تو پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ کی فوج کی تعداد بہت کم ہے؟"

افسر مذکور نے اس کے جواب میں کہا کہ "ہماری سرخ فوج سے مراد فوجی سپاہ نہیں ہے بلکہ سرخ فوج میں افسر اور کمانڈر وغیرہ شامل ہیں۔ ... سپاہ کا سوال سو وہ کوئی خاص جماعت نہیں ہے بلکہ تمام روسی باشندے حکومت کے سپاہی ہیں"۔

...

تین کروڑ گیارہ لاکھ منظم فوج!

...

ٹریڈ یونین ۱۱،۰۰۰،۰۰۰	+	والنٹیئر ڈیفنس ۹،۰۰۰،۰۰۰	
سوویٹ ٹریڈ ... ۱،۰۰۰،۰۰۰	+	نوجوان اشتراکی ۵،۰۰۰،۰۰۰	
پانیر ۴،۰۰۰،۰۰۰	+	کمیونسٹ پارٹی ۲،۰۰۰،۰۰۰	

(کرنٹ ہسٹری)

لوزان کانفرنس میں جرمنی نمائندہ کا اعتراض

جرمنی کے فوجی اخراجات اور جنگی اسلحہ

...

مکتوب مصر

(از حاجی حکیم صدیق محمد نارو جنرل سکریٹری ... بورڈ قاہرہ)

مصر اور لندن کا ٹیلیفونی الحاق

ذیل کا مکتوب ہمیں اس ہفتہ قاہرہ سے موصول ہوا ہے جس میں فاضل نامہ نگار نے مصر کے عمومی حالات پر روشنی ڈالی ہے، ہم اس مکتوب کو ذیل میں درج کرتے ہیں:

۲۳ جون کو شام کے چھ بجے مصر اور لندن کے ٹیلیفونی الحاق کی تقریب کا افتتاح کیا گیا۔ سب سے پہلے صدقی پاشا وزیر اعظم مصر نے مسٹر بالڈون قائم مقام وزیر اعظم انگلستان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی ... عربی گفتگو بذریعہ ٹیلیفون سنی گئی۔ ...

شراب نوشی پر سخت پابندیاں

...

پنشن کے بجائے زمینیں

...

قومی وزارت کے قیام کا مطالبہ

...

وزارت کا انتقال اسکندریہ

...

ضروری گزارش

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری ضرور تحریر فرمایا کریں ...

سوراج بھون الہ آباد اور کانگریس ہاؤس بمبئی پر کانگریسیوں کا حملہ

عمارات کو پولیس کے قبضہ سے نکالنے کی سعی

مجمع پر لاٹھی چارج۔ متعدد اشخاص گرفتار

الہ آباد ۵ر جولائی۔ کل صبح کے وقت بہت سے کانگریسی رضاکاروں نے سوراج بھون پر دھاوا بولا۔ گذشتہ دو روز سے یہاں پولیس کا زبردست پہرہ لگا ہوا تھا۔ لیکن اس کے باوجود چند رضاکار صحن میں داخل ہو گئے خلقت کا کثیر اجتماع بھون کے باہر ہو گیا۔ پولیس نے داخل ہونے والوں کو گرفتار کر لیا اور خلقت کو منتشر کر دیا گرفتار شدگان کی تعداد ۲۰ بتائی جاتی ہے۔

بمبئی ۵ر جولائی۔ ٹیرکام روڈ کے عقب میں کانگریسی کارکنوں کی ایک کثیر تعداد نے کانگریس ہاؤس پر چھاپہ مارا پولیس یہاں پہلے ہی سے موجود تھی اس نے داخل ہونے والوں کو روکنا چاہا۔ لیکن وہ برابر آگے بڑھتے رہے۔ پولیس نے ۵۵ سے زائد رضاکاروں کو گرفتار کر لیا اور لاری میں لے کر تھانہ لے گئی۔

بمبئی میں فرقہ وارانہ خونریزی کا اعادہ

راہگیروں پر حملے اور دس اشخاص گرفتار

بمبئی ۵ر جولائی۔ خالی میں جس مقام پر ہندو مسلم فساد کا بازار گرم تھا وہاں کل پھر چار راہگیر مسلمانوں پر حملے کئے گئے۔ پولیس فوراً موقع پر پہنچ گئی۔ مجروحین کو شفاخانہ پہنچا یا گیا۔ فورا اس روڈ پر متعدد مکانات کی تلاشی لی گئی۔ پولیس نے اس سلسلہ میں دس ہندوؤں کو گرفتار کیا۔

دار الحکومت

جامع مسجد میں جلسہ عام

حالات حاضرہ پر پُر زور تقریریں

کانگریس اور کانگریسی جھنڈا خلاف قانون نہیں

ایک مقدمہ میں عدالت عالیہ بمبئی کا فیصلہ

مسلمانان دیوبند کا عظیم الشان جلسہ

مولانا حفظ الرحمن صاحب کی حریت آموز تقریر

عورتوں کو صرف عورتیں گرفتار کریں

پکٹنگ کرنیوالی خواتین کا مطالبہ

ہندوستان میں بیرونی مال کی درآمد

مالکان کارخانہ جات کا حکومت سے مطالبہ

کلکتہ میں مسودہ قانون انسداد فواحش کی زبردست مخالفت

تمام شہر میں جلسے اور مظاہرے

کلکتہ ۵ر جولائی۔ بنگال کونسل میں جو بل "اخلاق سوز تجارت" کے انسداد کے لئے پیش کیا جانے والا ہے اس کی عام مخالفت کی جا رہی ہے۔ خواتین کی انجمنوں کی جانب سے جلسے اور مظاہرے کئے جا رہے ہیں اور ان میں مسٹر جے این باسو لبرل لیڈر سید ظاہر کی گئی ہے کہ وہ اپنے بل کو کونسل سے منظور کرانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے۔

ڈاکٹر گوڑکی گرفتاری

فوجی اخراجات میں مزید تخفیف پر غور و خوض

تحقیقات کے لئے ایک افسر کا تقرر

صرف گاندھی جی کو گفتگو کا حق حاصل ہے

مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کا بیان

بنگال کے مسلمانوں کی اکثریت خطرہ میں

وزیر اعظم کے اعلان میں کیا ہوگا؟

ریلوے کی آمدنی میں بدستور خسارہ

مولانا حبیب الرحمن صاحب کی رہائی

فرقہ وارانہ مسئلہ کے تصفیہ پر آخری غور

ایک سال میں جدید اصلاحات کا مسودہ پیش ہو جائیگا

عظیم الشان الوداعی ٹی پارٹی

جدید آئین میں کسی صوبہ کو اکثریت نہ دیجائے

چودہ نکات کے مقابلہ میں سترہ نکات کی ایجاد

لاہور ۵ر جولائی۔ گذشتہ شام آل پارٹیز سکھ کانفرنس کا اجلاس سردار سنگھ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں یہ تجویز منظور کی گئی کہ جدید آئین میں کسی صوبہ کی کسی قوم کو اکثریت حاصل نہیں ہونی چاہئے۔ ایک دوسری قرارداد میں سکھوں کے "سترہ نکات" پر زور دیا گیا۔

اعتدال پسندوں اور آزاد خیالوں کا جلسہ

حکومت کی پالیسی پر شدید نکتہ چینی

حلف وفاداری کا مسودہ ملتوی

آئرلینڈ کی ڈائٹ میں گرما گرم بحث

صوبہ بنگال میں الارم پستول رکھنے کی ممانعت

کانپور میں بم اور بارود کی برآمد

تین سال کے بچہ نے ایک شخص کو ہلاک کر دیا

سرحد میں چالیس سرخپوشوں کی گرفتاری

فری پریس جرنل کی چھ ہزار کی ضمانت ضبط

قومی جھنڈہ کے ساتھ بم

بم کے بجائے گول برش

مشاورتی کمیٹی سے استعفوں کی دھمکی

آخر مسلمانوں کی بھی آنکھیں کھلیں

لکھنؤ میں اسی سے زائد گرفتاریاں

بدیشی پارچہ کی دوکانوں پر پکٹنگ

لکھنؤ ۴ر جولائی۔ میسرز ہری سنگھ بال چند بدیشی پارچہ فروش کی دوکان پر پکٹنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ۱۹ر جولائی سے ۲۳ تک ۸۰ سے زائد گرفتاریاں ہو چکی ہیں۔ بدیشی پارچہ کی دیگر دوکانوں پر بھی پکٹنگ کیا جا رہا ہے۔

ڈبلن میں ہند اور آئرستان کی مجلس احرار کا قیام

سابق صدر اسمبلی کی مساعی کا نتیجہ

ڈبلن ۵ر جولائی۔ مسٹر وی جے پٹیل سابق صدر اسمبلی کی مساعی سے یہاں دفتر جمہوریہ میں انڈین آئرش انڈیپنڈنٹ لیگ (ہند اور آئرستانی مجلس احرار) قائم کر دی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس لیگ کی ایک شاخ لندن میں بھی عنقریب کھولی جائے گی۔

فرقہ وارانہ مسئلہ طے ہو گیا؟

مسلمانوں کے نصف مطالبات مسترد!

حکومت کیا اعلان کرنے والی ہے؟

ہندوستان کے سیاسی حالات قرون وسطیٰ کی بربریت کی طرف جا رہے ہیں

ڈاکٹر ٹیگور کا تازہ ارشاد

کلکتہ ۴ر جون۔ ڈاکٹر رابندرا ناتھ ٹیگور نے ملک کی موجودہ سیاسی صورت حالات کے متعلق مندرجہ ذیل اپیل شائع کی ہے:-

فرقہ وارانہ جذبات کو ترک کر کے متحد ہو جاؤ

ملک سے ڈاکٹر ٹیگور کی اپیل

شرق اردن پر ایک شریر جماعت کا اجتماع

نجدی فوجوں، توپوں اور موٹروں کی روانگی

پشاور میں سول سرجن قتل کر دیا گیا

پٹھان اردلی کا خنجر سے حملہ

بنگال کونسل میں اصلاحات

جنگل میں ایک مشہور اور مفرور ڈاکو پکڑا گیا

حملہ کرنے کے بعد چار بندوقیں برآمد ہوئیں

سرکاری وکیل کو بم سے اڑانے کی کوشش

گھر والے بال بال بچ گئے

تلک ودیالہ پر کانگریسی رضاکاروں کا حملہ

پولیس کے قبضہ سے نکالنے کی سعی

ہندوستان اور آئرلینڈ کا موازنہ

سابق صدر اسمبلی کے تاثرات

آئرلینڈ اور ہندوستان کی آزادی

وائسرائے معتدلین کو مصالحت پر آمادہ کرینگے

اطالوی پارلیمنٹ میں مغربی تہذیب کا نظارہ

ریاست میسور میں ہندو مسلم آبادی

ریل اور لاری کا ہولناک تصادم

لنکا شائر کے کارخانہ میں ہڑتال

روسی اور جاپانی جہازوں میں جنگ

فریقین نے گولیاں چلائیں

ایک انگریز خاتون کا مالی ایثار

ہندوستان سے باہر سونے کی برآمد میں کمی

ہندوستان اور برطانیہ میں تجارتی تعلقات

مہاراجہ جام نوانگر کی مساعی

ناگپور میں خانہ تلاشیوں کی بھرمار

دہلی کے کانسٹبل پر پستول سے حملہ
علی پور روڈ کا واقعہ

گذشتہ چہارشنبہ کو شب میں ۹ بجے کے قریب علی پور روڈ اور نکلسن روڈ کے چوراہے پر ایک کانسٹبل کو جو گاڑیوں وغیرہ کی آمد و رفت کا انتظام کر رہا تھا کہ اچانک عقب کی طرف سے سر پر کوئی چیز زور کے ساتھ آکر لگی اور تھوڑی دیر کے بعد دھماکے کی آواز آئی اس نے مڑ کر دیکھا کہ دو نوجوان بے تحاشا دوڑے جا رہے ہیں۔ پولیس کانسٹبل چونکہ شدید طور پر مجروح ہوا تھا اس لئے اسے فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا جہاں اس کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے اور کافی تعداد میں خون اس کے ناک سے بہہ رہا ہے جو بند ہونے کو نہیں آتا بیان کیا جاتا ہے کہ یہ زخم ریوالور کی گولی سے لگا ہے جائے وقوعہ کے قریب قدسیہ باغ میں ایک درخت کے پاس صرف ایک بائیسکل پڑی ہوئی ملی اس کے ساتھ چمڑے کی تھیلی میں ایک پنسل اور ایک رومال بھی دستیاب ہوئے۔

جمعرات کی صبح ۸ بجے کے قریب دو نوجوان اس بائیسکل کے قریب مشتبہ طریق پر گھومتے ہوئے دیکھے گئے پولیس نے انہیں زیر حراست کر لیا اور بیان کیا جاتا ہے کہ پولیس کو اس امر کا یقین ہو گیا ہے کہ ان دونوں کا تعلق ایک انقلابی جماعت سے ہے سائیکل کے قریب قدموں کے نشانات بھی دیکھے گئے مسٹر ڈی گبل سینیر سپرنٹنڈنٹ پولیس اور مسٹر ڈگلس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ انچارج نئی دہلی فوراً موقع پر پہنچ گئے اور خود تفتیش کر رہے ہیں۔

دہلی کے چھ وکلاء کی طلبی
گذشتہ اتوار کے جلسہ کا اثر

گذشتہ اتوار کو کمپنی باغ میں مسٹر نیو نہال ایڈووکیٹ دہلی کی صدارت میں موجودہ آرڈی نینسوں کے خلاف احتجاج کا جو جلسہ منعقد ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ اس کے سلسلہ میں آنریبل مسٹر جے این جی جانسن چیف کمشنر نے ان چھ وکیلوں کو جنہوں نے جلسہ میں تقریریں کی تھیں بلایا ہے کہ ان سے ... [illegible]

آزاد پارک میں پولیس کا مظاہرہ
جمعیۃ علماء کے جلسہ کو منتشر کر دیا گیا

دہلی ۲۸ جولائی۔ آج شام کو چھ بجے جمعیۃ العلماء کی جانب سے آزاد پارک میں ایک جلسہ کرنے کی کوشش کی گئی ہندو مسلمانوں کی کثیر تعداد جمع ہو گئی مولوی عمر دراز صدر جلسہ تھے۔

مولانا مجیب الرحمن کی گرفتاری پر ان کو مبارکباد دینے کے لئے جلسہ کیا گیا تھا۔ شیخ عبدالواحد سب انسپکٹر کی سرکردگی میں پولیس کے بہت سے سپاہی موقع پر پہونچ گئے۔

کہا جاتا ہے کہ پولیس نے ڈنڈوں اور مکوں سے مجمع کو منتشر کر دیا اور جلسہ نہیں ہو سکا۔

منشی عبدالقدیر کی رہائی

دہلی ۲۷ جولائی۔ منشی عبدالقدیر پر "یوم اسیران" کے سلسلہ میں ایک پوسٹر لکھوانے کے الزام میں پریس ایکٹ کے ماتحت مقدمہ چلایا گیا تھا جس میں ۲۵ روپے جرمانہ کی سزا ہوئی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ کسی نے جرمانہ ادا کر کے انہیں چھڑا لیا۔

اکیسواں عرس شریف

جد امجد بندہ شمس الفقراء سراج السالکین قطب من حضرت خواجہ سید حسن سوختہ ... دہلی ... ثانی ... اکیسواں تاریخ ... مجلس سماع منعقد کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ لہذا امید ہے کہ تمام ارادت مند اصحاب بالعموم اور حضرات صوفیائے کرام بالخصوص بتاریخ ... شریک ہوں۔

بروز منگل مطابق ۱۷ جولائی ۱۹۳۲ء بعد نماز عشاء اپنی شرکت عمل سے ثواب دارین اور فیض روحانی حاصل کریں گے۔

مخدوم زادہ سید ولایت حسین رسول نمائی دہلوی نبیرہ حضرت خواجہ سید حسن رسول نما متصل بہار گنج دہلی

دہلی میں ایک اور انقلابی گرفتار ہو گیا
بکس میں کارتوسوں کا زبردست ذخیرہ تھا

دہلی میں بہ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ انقلابیوں نے اپنا مرکز بنا لیا ہے چنانچہ اس قسم کے واقعات ادھر کچھ عرصہ سے متواتر ہو رہے ہیں چند دن ہوئے کہا جاتا ہے کہ دھرمپال نامی مشتبہ انقلابی اسٹیشن جا رہا تھا کہ اس سے چنگی والوں نے اس کے بکس کو کھولنے کے لئے کہا جس میں بہت سے کارتوس ملے اور وہ موقع سے بھاگ گیا۔ پرسوں جمعہ کے دن مقامی سی آئی ڈی نے ایک عرصہ کی جستجو کے بعد اس کا سراغ لگایا اور اسی دن شب میں ... کے قریب لکھاری باؤلی جاتے ہوئے اسے خفیہ پولیس کے انسپکٹر کرم چند کانسٹبل امیر چند اور ستی رام نے گرفتار کیا۔ خیال ہے کہ اس کی گرفتاری کے بعد علی پور روڈ کے قتل کے واقعہ کا بھی کچھ نہ کچھ سراغ مل جائے گا۔

کانگریس کا جلسہ اور پولیس کی پکٹنگ

دہلی۔ آج اتوار کے دن مورخہ ۲۴ جولائی صبح کو چار بجے سے کانگریس کے جھنڈے کی سلامی کا کمپنی باغ میں چرچا تھا پولیس نے بھی کافی انتظام کر لیا تھا لہذا پولیس بھی موجود تھی آہستہ آہستہ لوگ بھی جمع ہونے لگے لیکن سات بجے کے قریب پولیس نے لوگوں کو کمپنی باغ سے دھکیل کر باہر نکالا۔ یا آٹھ بجے اسٹیشن کی جانب سے معلوم ہوا ہے کہ ایک بارہ سالہ لڑکا جو شکل سے دیہاتی معلوم ہوتا تھا، ہاتھ میں کانگریس کا جھنڈا لئے انقلاب زندہ باد کے نعرے لگاتا ہوا باغ میں داخل ہوا۔ پولیس نے لڑکے کو گرفتار کر لیا اور جھنڈا چھین لیا۔ لڑکے سے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ لڑکا بریلی کے پاس کسی گاؤں کا رہنے والا ہے اس کے بعد پولیس ساڑھے نو بجے تک باغ پر پکٹنگ کرتی رہی یہاں تک کہ ساری پبلک منتشر ہو گئی اور اطمینان ہو گیا تو پولیس واپس آئی۔

اس کے علاوہ شہر میں کوئی نئی بات پیدا نہیں ہوئی۔

راندیر میں ایک علم دوست ہستی کا انتقال

جناب حاجی گلاب خاں پیرخاں صاحب ساکن راندیر جو ایک دیندار متقی و مسلم دوست تھے۔

۵ / جولائی ۱۹۳۲ء بروز جمعہ انتقال فرما گئے مرحوم کے تعلقات مدارس اسلامیہ سے وابستہ تھے لہذا مدارس اسلامیہ کے کارکنان و طلبہ مرحوم کو دعائے مغفرت و ایصال ثواب سے یاد کریں۔

بمبئی میں سب جماعتوں کی کانفرنس کی تجویز

بمبئی ۲۴ جولائی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ہفتہ کے اختتام پر بمبئی کے لبرل رہنماؤں کا ایک غیر رسمی جلسہ سرچمن لال سیتلواڈ کی صدارت میں منعقد ہو گا جہاں مشترک دوستوں کی مساعی سے آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کے امکان پر بحث ہو گی۔ ... امید ہے کہ سرسموئیل ہور کی تبدیل شدہ پالیسی کے خلاف ان غیر کانگریسی رہنماؤں کے طرز عمل میں کانگریس کوئی دخل اندازی نہیں کرے گی۔

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب طبیب خاص سابق حضور نظام نے ملا واحدی صاحب ایڈیٹر رسالہ نظام المشائخ کو جو ایک طلسمی نسخہ قوت کا عطا فرمایا تھا اس نسخہ کے نیچے یہ عبارت درج ہے:—

ایک ہفتہ کے استعمال سے پیر صد سالہ مثل جوان بانزدہ سالہ کے ہو کر تا دم مرگ طاقت جسمانی ہمہ عضو قائم و برقرار رہے ... سے بیزاری نہ ہو گی اور ایک وقت میں بجز تین چار ... طبیعت کو ... [illegible]

معجون مددگار غدود

احمد مجتبیٰ برادرز دفتر رسالہ نظام المشائخ کوچہ چیلان دہلی

جس چیز کی تلاش تھی

... سعید برادرس اینڈ کمپنی کلاں محل دہلی

بال جڑ سے کالا

... بال کالا ... اسٹور ... دربھنگہ

دربھنگہ کے مشہور آموں کے قلم

... منیجر قاسمی جنرل ... سرائے دربھنگہ

بعدالت صاحب کلکٹر ضلع سہارنپور

بمقدمہ ... بنام ... اطلاع نامہ

... آج تاریخ ... جولائی ۱۹۳۲ء کو میرے دستخط ... و مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی ضرورت ہے حیدرآباد دکن ... علی گڑھ ... فرخ آباد ... بریلی ... شاہجہانپور ... فوراً طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جب ماہواری ایام آتے ہیں

... منیجر صاحب ہندوستانی دواخانہ دہلی ...

مقویات سراج عالم

... دیدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

عجیب (۱۰۸۶)
ہندوستانی دواخانہ دہلی کا نادر و نایاب تحفہ

... (ترکیب استعمال) ... حکیم محمد اجمل خاں ...

منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

بے روزگاری کا بہترین علاج

... ایجنٹوں کی ضرورت ہے

الیس رفیق بھائی۔ جیکب سرکل بمبئی

جمعیۃ علماء افغان کی اہم تجاویز
جمعیۃ علماء ہند کے کارکنوں کی خدمات کا اعتراف

بتاریخ ۳ جولائی جمعیۃ علمائے افغان کی مجلس عاملہ کا ایک غیر معمولی اجلاس بمقام ... منعقد ہوا۔ ذیل کی چند تجاویز بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) جمعیت علمائے افغان علامہ مولانا مولوی محمد کفایت اللہ صاحب کی تشویشناک علالت کو دنیائے اسلام کے لئے موجب اضطراب سمجھتی ہے۔

(۲) جمعیۃ علمائے افغان مولانا نورالدین صاحب اسیر فرنگ کے ساتھ ان کے اہلیہ کے انتقال پر اظہار ہمدردی کرتی ہے اور اللہ جل جلالہ سے دعا کرتی ہے کہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں رحمت فرماوے۔

(۳) جمعیت علمائے افغان مولانا عبدالحلیم صدیقی کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے اور دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالی مولانا کو استقلال مرحمت فرماویں۔

(۴) جمعیۃ علمائے افغان جمعیت علمائے ہند کے اس اعلان کو جو برما کے اظہار حقیقت شائع کیا گیا ہے بنظر استحسان دیکھتی ہے۔ اور اس کو برحق سمجھتے ہوئے اس پر اظہار اطمینان کرتی ہے۔

(۵) جمعیت علمائے افغان موقر جریدہ اخبار زمیندار کے اجراء پر مولانا ظفر علی خاں کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتی ہے اور مسلمانان ہند خصوصاً مسلمانان سرحد کو مشورہ دیتی ہے کہ وہ مولانا کے بتائے ہوئے نسخہ (ترغیب و ایثار) کو دہرا دے کر خریدے اور آب حیات زمیندار سے اپنے کو زندہ کرے۔

خلیل الرحمن ناظم جمعیت علمائے افغان

جمعیۃ الطلباء جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کا جلسہ

انجمن مذکورہ بالا تقریباً ۴ سال سے جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں قائم ہے۔ جس نے اس قلیل مدت میں بہت سے طلبہ کو نفیس بہم پہنچانے ہوئے مقررین اور دیگر اسلامی اہم خدمتیں بھی باحسن وجوہ انجام دی ہیں۔ اور ترقی کی طرف قدم بڑھاتی رہی لیکن سال رواں میں جس تجدد روز افزوں ترقی اس انجمن نے کی ہے وہ بہت ہی ہمت افزا اور باعث صد مسرت ہے اس سے بڑھ کر یہ کہ اس انجمن کی ڈھائی سالہ زندگی کا یہ پہلا زریں موقعہ ہے کہ ۱۳ ربیع الاول یکشنبہ کو بعد نماز ظہر جامعہ میں امام المتکلمین رأس المفسرین حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی دامت فیوضہم شیخ التفسیر جامعہ اسلامیہ و حضرت مولانا احمد صاحب بزرگ مہتمم مدرسہ و اساتذہ کرام ادام اللہ برکاتہم اور طلبائے جامعہ اور شہر کے اکثر معتقد اور سربرآوردہ اشخاص کی شرکت میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ ... تلاوت قرآن مجید اور مولانا علی محمد جان لاہوری نے حضرت نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم اور پرجوش بیانات سے جلسہ کی ابتدا کی ان کے بعد انجمن کے سرگرم رکن مولانا محمود ادریس صاحب پٹنہ وی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات ہونے پر ایک مبسوط تقریر فرمائی۔ بعدہ جناب مولانا حافظ ریاست خاں صاحب کانپوری نے معجزات انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام بیان فرماتے ہوئے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کی خصوصیت مکمل اور مدلل طریقہ پر بیان فرمائی آپ کے بعد جناب مولانا غلام مصطفی صاحب کشمیری ایچ۔ ڈی۔ ایچ۔ اے۔ ایچ۔ پی ایچ یو ادی صدر انجمن نے مذاہب عالم کی تاریخ کا اجمالی نقشہ پیش کرنے کے بعد فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور نبوت کی اہمیت اور ان کی خصوصیت پر زور الفاظ میں بیان فرمائی ان کے بعد حضرت شیخ التفسیر مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی ادام اللہ فیوضہم نے اسوۂ حسنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ایسی جامع اور مدلل تقریر فرمائی جس کی نظیر انہیں خود ان کی تقاریر میں بمشکل مل سکتی ہے۔ آخر میں مولانائے ممدوح نے قیام انجمن اور اس کے اراکین کی ساعی جمیلہ پر اظہار مسرت کرتے ہوئے بعض مفید اور ضروری اعمل استیا پر متنبہ فرمایا۔

جمال الدین ناظم انجمن اصلاح الکلام جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت

دار الاصلاح دہلی میں بیگم صاحبہ سچین کی تشریف آوری

مسلمانوں کی اعلیٰ بیگمات بہت کم ایسی ہیں جو غریبوں کے مدارس کو اپنی تشریف آوری سے عزت بخشیں۔ حقیقت میں یہ وہی کر سکتے ہیں جن کے قلوب میں جذبہ اسلامی اور غرباء سے سچی ہمدردی ہے ورنہ عام طور پر بڑے بڑے لوگ بڑی جگہوں میں جایا کرتے ہیں لیکن ۲۲ جولائی ۱۹۳۲ء کو قریب ۱۱ بجے دن کے ہز ہائی نس معلی الالقاب بیگم صاحبہ سچین دامت ظلہا سلمہا اللہ تعالی کی دار الاصلاح میں تشریف آوری نے ثابت کر دیا کہ نہ صرف بیگمات میں بلکہ والی ریاست میں بھی ایسی بیگمات موجود ہیں جن کے قلوب احساسات قومی اور جذبات اسلامی سے مملو ہیں۔ خوش قسمت ہے وہ رعایا جس کے والی کی معزز رفیق حیات کا دل رعایا کی ہمدردی سے لبریز ہو۔

ہز ہائی نس نے بعد معائنہ دار الاصلاح کے بچوں کو شیرینی اور مدرسہ کو ماہوار کی امداد عطا فرمائی اور کتاب معائنہ میں ارقام فرمایا کہ میں نے دار الاصلاح مدرسہ کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئی خداوند کریم اس میں ترقی فرماوے ہز ہائی نس نے دار الاصلاح کی جو عزت فرمائی دار الاصلاح اس کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالی ہز ہائی نس کو سچین کی ملکہ سے بڑھ کر ہندوستان کے طبقہ نسوان کی ملکہ کا بھی مرتبہ عطا فرمائے۔

محمد عبدالغفار الخیری
ناظم دار الاصلاح قرول باغ دہلی

انبالہ شہر میں یوم الور

حسب پروگرام کے مطابق آج انبالہ شہر میں یوم الور منایا گیا شہر میں منادی کی گئی چنانچہ ہزار مسلمان جامع مسجد میں جمع ہوئے۔ بعد نماز عصر جناب سید غلام حبیب صاحب نیرنگ بی۔ اے ایڈووکیٹ و معتمد عمومی جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام نے الور کی خونی داستان تفصیل کے ساتھ سنائی اور الور کے مسلمانوں کی نجات کے واسطے دعا کی گئی اور چندہ کی اپیل کی گئی اگرچہ لوگ اس کے لئے بالکل تیار ہو کر نہیں آئے تھے تاہم معقول رقم جمع ہو گئی اتفاق رائے سے تجویز پاس ہوئی کہ سکریٹری آف سٹیٹ اور وائسرائے بہادر کو تار دئے جائیں کہ وہ ایک غیر جانبدار کمیشن کے ذریعہ واقعات الور کی تحقیقات کریں اور مسلمانان الور کی دادرسی کے واسطے خاص عملی قدم اٹھائیں۔

نائب معتمد جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام انبالہ شہر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ

عالیجناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی — حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر مدرس دار العلوم دیوبند

عالیجناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف حکیم میاں دہلوی — حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

عالیجناب حکیم عبدالوہاب صاحب حکیم نابینا دہلوی — خان بہادر شیخ محمد ضیاء الحق صاحب رئیس دیوبند

کے خاص مجربات

... منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

لاکھوں روپیہ

کی سالانہ آمدنی وہ تاجر پیدا کرتے ہیں جو تمام دنیا کے ملکوں کو الائچی، خوردہ، سیاہ مرچ، ہلدی، لونگ، سونٹھ، سپاری، چائے، وغیرہ جو دنیا بھر میں محض ہندوستان کے زرخیز علاقہ جات میں بکثرت پیدا ہوتی ہیں بھیجا کرتے ہیں ... خط و کتابت کرنے کا پتہ

الیس ایل سود اینڈ برادرس انجنٹس اینڈ کنٹریکٹرز پٹیالہ اسٹریٹ لاہور

بجلی کا کام سیکھنے والو

... سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ

شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کی ایک شاہکار
شاعر کی راتیں

... اعجاز الحق قدوسی — نامپلی جدید مکان ۲۸۱ حیدرآباد دکن

چند مایہ ناز مجربات خصوصی

... منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

سفید بال سات دن میں جڑ سے کالا

... منیجر نگر شاگر دیا بہار نیشنل سٹورٹ دربھنگہ

مسلمانو صنعت و تجارت سیکھو

... منیجر ... ضلع مونگیر

الکیمیات
فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

... مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

محبوب عاشق کے قدموں پر

... دہلی

خوب یاد رکھیں

... دواخانہ حکیم ... لکھنؤ

حکیم الملک افسر الاطباء حکیم مسیح الدولہ بہادر

...

شربت فولاد

نیچر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

اکسیر جذام

حافظ اقبال حسین بیٹیا ہی بھاگلپور

اقتصادی مشکلات کا بہترین حل
روپیہ بنانے کی مشین

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (ڈیپارٹمنٹ) کراچی

عطاروں اور طبیبوں کو مژدہ
قرآبادین مفید عام

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

وسیلہ نجات

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

اعلیٰ حضرت حضور نظام (خلد اللہ ملکہ) کی تلاوت کرنے کا
قرآن شریف

مسلمانوں کے لئے قرآن مجید سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ قرآن شریف کا پڑھنا اس کو سمجھنا اس کو حفظ کرنا قرآن شریف کو دیکھنا سب عبادت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف کو ورثے میں چھوڑنا باقیات الصالحات میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف کی خدمت کرنا اور اس کو مکان میں رکھنا تمام مسلمان اپنے لئے سعادت عظمیٰ اور توشہ عقبیٰ سمجھتے ہیں۔

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن شریف مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن شریف ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔

اعلیٰ حضرت حضور نظام

جب دہلی تشریف لائے تھے تو حضور کے سامنے یہ قرآن شریف خاص طور سے پیش کیا گیا تھا اعلیٰحضرت نے تراجم اور تفسیر کی خوبیوں کو سن کر نہ صرف پسند فرمایا بلکہ اس قرآن شریف کو اپنی تلاوت کیلئے مخصوص فرما لیا ہے صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن شریف میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے علاوہ حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چھاپی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ [illegible] علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی نقرئی [illegible]

فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عالی خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے یا موقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں نورانی قرآن مجید کا ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آجاتا ہے۔ محبت اسلامی سے آپ کو بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلاجلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام الٰہی میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے کہ جس کے لئے دل مسرور ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ: قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ عہ قسم دوم حنا شدہ عہ/ علاوہ محصولڈاک جلد پارچہ ۸/ چرم عہ/

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے — ممالک غیر کے لئے — نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی — کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

الجمعیۃ دہلی

روزنامہ — ید اللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ | دہلی - یوم دوشنبہ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ مطابق یکم اگست ۱۹۳۲ء | نمبر ۸

معاصرین کے افکار و آراء

سکھ اور مسلمان (زمیندار)

اگر استخلاص وطن ضروری ہے اور یہ بھی مسلمات سے ہے کہ مسلمان سردست انتخاب جداگانہ کے نفاذ پر مصر ہیں تو اب سکھ ہی اس عقدہ لاینحل کی کشائش کی کوئی سبیل نکالیں کہ ۲۳ فی صدی ہندوؤں اور تیس یا ساڑھے تیس فی صدی نشستیں سکھوں کے لئے مخصوص کرنے کے بعد مسلمانوں کے لئے کیا بچ جاتا ہے اور کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں کی غلامی اور تسلط انہیں ایک لمحہ کے لئے بھی گوارا نہیں ان ہی سلاسل قیود میں دائماً جکڑے رہیں۔ سکھ بے شک زائد از استحقاق نیابت کا مطالبہ کریں لیکن کیا کبھی اس دنیا میں کوئی جمہوری نظام قائم ہوا ہے جس میں اکثریت کو اقلیت میں بدل دیا گیا ہو؟ کیا دنیا کے دساتیر میں کوئی ایسی نظیر مل سکتی ہے؟ سکھ تو ہندوستان کی مجموعی آبادی کا ایک فی صدی حصہ بھی نہیں ہیں اور خود ان کے قول کے مطابق پنجاب کے دو چار اضلاع میں ان کی جماعتی قوت قابل ذکر ہے۔ لیکن مسلمان ہندوستان کی آبادی کا کم از کم ایک چوتھائی حصہ ہیں اور بہار جیسے اقلیت والے صوبے میں بھی ان کی آبادی اتنی ہے کہ سارے ہندوستان کے سکھ ان کی برابری نہیں کر سکتے۔

اب سکھ ہی بتائیں کہ بہار کے مسلمان تسلط کا مطالبہ کیوں نہ کریں اور کیا وہ "خون کی ندیاں بہانے" کی دھمکی دیں۔ سکھ اگر حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت کا تحفظ نہ کیا جائے تو انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ حکومت اس تجویز پر غور کرنے پر بھی مجبور ہوگی کہ تمام ہندوستان میں ہندوؤں کی اکثریت فنا کر دی جائے۔

کمال بے خیالی سے کہہ دیا جاتا ہے کہ صوبہ بمبئی میں ہندوؤں کی اکثریت ہونے کے باوجود کونسل میں ان کی اکثریت نہیں ہے۔ اول یہی غلط ہے یورپین اور تجارتی حلقے کے ارکان یہ کمی پوری کر دیتے ہیں۔ ثانیاً مسلمانوں نے یہ کبھی نہیں کہا کہ بمبئی میں ہندوؤں کی اکثریت اقلیت میں بدل جائے وہ ایک زمانہ سے علیحدگی سندھ کا مطالبہ کر رہے ہیں اور اس کے بعد نہ تو بمبئی کے ہندوؤں کی اکثریت کو کوئی شکایت باقی رہے گی نہ مسلمان اپنے واجبی حق سے محروم کئے جائیں گے۔

بہرحال شملہ میں سکھوں کا جو جلسہ ہوا اس نے ایک مرتبہ پھر خالصہ جی کی روایتی جنگجوئی کی یاد تازہ کر دی اور لاہور کی رہی سہی کسر بھی پوری کر دی سردار اجل سنگھ نے جلسہ میں یہ مبارزانہ اعلان کیا کہ

"پنجاب کو سکھوں نے تلوار کے زور سے فتح کیا اور اسے غیر مسلم راج سے بچایا۔ پھر وہی سکھ کس طرح حکومت برطانیہ کو یہ اجازت دے سکتے ہیں کہ وہ بیک گردش قلم پنجاب پر مسلم راج مسلط کرے۔"

حیرت ہے کہ اپنی تلوار کا ذکر کرتے ہوئے وہ بلوچیوں کی شمشیر خارا شگاف کو کیوں بھول جاتے ہیں جس نے انہیں ٹکنی کا ناچ نچایا تھا۔ پنجاب میں مسلم اکثریت کا تحفظ برطانیہ کی اک گردش قلم کا رہین منت نہ ہوگا۔ بلکہ اس کی اساس مسلمانوں کا پیدائشی حق اور ان کی وہ عزیمت و استقامت ہوگی۔ جس کے مظاہر سے پردہ اٹھا ہوا ہے۔

ڈاکٹر مونجے کی سعی ناکام (مدینہ)

ڈاکٹر مونجے ہندوستان کے ان جماعتی رہنماؤں میں سے ہیں جو خود بزدل ہیں اور اپنی قوم کو بزدل بنانا چاہتے ہیں جو خود فرقہ پرور ہیں اور اپنی قوم کو فرقہ پروری اور تعصب کے جہنم کی طرف دعوت دے رہے ہیں اور جن کی زندگی کا سب سے بڑا مطمح نظر یہ ہے کہ مسلمانوں پر سیاسی، اقتصادی اور معاشی زندگی کی راہیں مسدود کر دی جائیں۔ آج کل آپ ہندوستان سے جلاوطن ہیں، انگلستان میں مقیم ہیں اور اس مقصد سے مقیم ہیں کہ وزرائے برطانیہ و انگلستان کی رائے عامہ کو مسلمانوں کے خلاف ہموار کیا جائے۔ آپ نے اپنے رفیق سیاست مسٹر راجہ کو برقی پیغام بھیجا ہے اور اس میں ان کو اطلاع دی ہے کہ تمام غیر ممالک میں تیزی کے ساتھ مسلم مقاصد کی نشر و اشاعت کا کام جاری ہے اور اس کے نتائج و ثمرات اچھے مرتب ہو رہے ہیں۔ ڈر ہے کہ کہیں برطانوی مدبرین اس پروپیگنڈہ سے متاثر ہو کر گمراہ نہ ہو جائیں اور کوئی ایسا اقدام نہ کر گزریں جس سے ہندو مفاد کو نقصان پہنچ جائے۔ ڈاکٹر صاحب مسٹر راجہ کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ ڈاکٹر امبیدکار کا مقابلہ کرنے کے لئے فوراً انگلستان پہنچ جائیں۔ امید کی جاتی ہے کہ مسٹر راجہ اس ہدایت کی فوری تعمیل کے طور پر اسی ہفتہ عازم لندن ہوں گے۔

ہمارے خیال میں ڈاکٹر امبیدکار کی روانگی لندن بھی مستحسن تھی اور ڈاکٹر مونجے کا عزم انگلستان بھی اور اسی طرح ہم مسٹر راجہ کے قصد انگلستان کا خیر مقدم کرنے کے لئے تیار ہیں۔ کیونکہ ان لوگوں کا ملک سے دور رہنا ملک میں رہنے سے بہرحال بہتر ہے۔ جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے انکو اپنے خدا پر اپنی قوت عمل پر اپنے جذبہ ایثار و قربانی پر اور اپنے شرف و مجد پر اعتماد رکھنا چاہئے اور سازشی افراد کی سازشوں سے ہراساں نہ ہونا چاہئے اور یقین رکھنا چاہئے کہ ہماری سیاسی زندگی اور ہمارے مستقبل کا فیصلہ انگلستان میں نہیں بلکہ ہندوستان ہی میں ہوگا اس وقت ہندوستان ہی سیاست ملکی کا مرکز ہے اور اسی مرکز میں ہمارے قوائے سیاسی کو منظم اور سرگرم عمل ہونے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر مونجے اور اسی رنگ کے دوسرے اشخاص کا ہندوستان کی سیاسی اور ملکی زندگی سے کنارہ کش ہو کر جلاوطن ہو جانا اسلامی نقطہ نظر سے بھی مفید ہے اور ملک کی سیاسی فضا کے اعتبار سے بھی درست اور غالباً مسلمانوں اور قوم پرور حلقوں کے لئے اس سے زیادہ مبارک اور کوئی امر نہیں ہو سکتا کہ یہ لوگ ایک عرصہ دراز کے لئے جلاوطن رہیں اگرچہ یہ جلاوطنی خود ان لوگوں کے تدبر کی ناکامی ہی کا نتیجہ کیوں نہ ہو۔

مسلمانوں کے حقوق اور ہندو و سکھ (ہند)

حکومت کا یہ فیصلہ کہ وہ مسلمانوں کے مطالبات خصوصاً بنگال اور پنجاب میں انکی اکثریت تسلیم نہ کرے گی کوئی پیشینگوئی نہیں ہے، بلکہ تمام حالات و قرائن یہی بتا رہے ہیں اور وہ کوئی دیوانہ ہی ہوگا جو اس حقیقت کے خلاف یقین کو اپنے فاسد دماغ میں پرورش کریگا۔

مسلمانوں کے حقوق و مطالبات کی اصلی صورت حال یہی ہے کہ نہ حکومت انہیں تسلیم کریگی اور نہ جی حضوری رہنما مسلمانوں کے چلنے حکومت سے بگاڑ کر کے اپنا مستقبل برباد کریں گے۔ یہ جی حضوریوں کا طے شدہ فیصلہ ہے کہ وہ حکومت سے ہرگز کوئی تصادم نہیں کریں گے، لیکن ساتھ ہی انہیں یہ بھی یقین ہے کہ ایسا کرنے کی صورت میں مسلمان ان کے ہاتھ سے ہمیشہ کے لئے نکل جائیں گے اور وطن پرستوں کے زیر علم جمع ہو جائیں گے۔ چنانچہ اس خطرے سے بچنے کے لئے یہ تجویز کی گئی ہے کہ ہندوؤں اور سکھوں میں سے وطن فروشوں کو کھڑا کر دیا گیا ہے کہ پورے زور شور اور پوری شرارت و بیہودگی کے ساتھ مسلمانوں کے مطالبات کی مخالفت کریں اور بزدلانہ دھمکیاں دیں کہ "اگر مسلمانوں کے مطالبات منظور ہو جائیں گے تو ہم خون کی ندیاں بہادیں گے!"

ہندوؤں اور سکھوں کو اس طرح اٹھا دینے کا مقصد یہ ہے کہ سادہ لوح مسلمان یقین کر لیں کہ حکومت تو ہمارے مطالبہ مان لینے کے لئے تیار تھی مگر ہندوؤں اور سکھوں کی مخالفت نے اسے انکار کر دینے پر مجبور کر دیا!

مسلمانوں کے اس یقین اور وطن فروش ہندوؤں اور سکھوں کی اس شرارت کا لازمی نتیجہ یہی نکلے گا کہ مسلمان، حکومت سے اپنی بدظنی بھول جائیں گے اور فرقہ وارانہ فساد ملک بھر میں پھیل جائیں گے۔ اس طرح حضوریوں کا بھی یہ مقصد حاصل ہو جائے گا کہ مسلمان ان کے ہاتھ سے نکل نہ سکیں گے اور آئندہ بھی انکی غداریوں کا نشانہ بنتے رہیں گے!

اس وقت ملک میں ہندوؤں اور سکھوں نے مسلمانوں کے مطالبات کی مخالفت میں جو طوفان اٹھایا ہے اس کی حقیقت بس یہی ہے جو ہم نے بیان کر دی ہے۔ دراصل یہ ایک نہایت خطرناک سازش ہے اور اس سے مقصود مسلمانوں کا مستقبل بالکل برباد کر ڈالنا ہے۔

سر سپرو کے کم سے کم مطالبات (ملت)

سر تیج بہادر سپرو نے حال ہی میں بمبئی کے ایک اخبار سے ملاقات کے دوران میں یہ کہا ہے کہ اب یہ حکومت اور سر سیموئل ہور کا فرض ہے کہ وہ یہ بتلائیں کہ آیا وہ گول میز کانفرنس کے طریقہ کو رائج کریں گے یا نہیں، معتدلین سے ان کے کم سے کم مطالبات پوچھنا، جس کا وہ اظہار کر چکے ہیں قرین انصاف نہیں اگر سر تیج بہادر سپرو یہی روش برابر اختیار کئے رہے تو ان میں اور کانگریس میں کوئی فرق نہ رہے۔ بہرحال ہم ان کی کوششوں کے نتائج کے منتظر ہیں۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

مسجد شاہجہانی دہلی کی آزادی میں مداخلت کر کے حکومت نے مسلمانوں کے خوابیدہ احساس کو بیدار کر دیا ہے اور اب ان کو محسوس ہونے لگا ہے کہ ان کی مسجدیں بھی جو وقف ہونے کی بنا پر قیامت تک کسی کی ملک نہیں ہو سکتیں، اغیار کی دستبرد سے آزاد نہیں نہ صرف مسلمانان دہلی بلکہ ہندوستان کے آٹھ کروڑ مسلمانوں کو اس احساس نے مضطرب کر رکھا ہے اور ان کی نگاہیں نہ صرف مسجد شاہجہانی دہلی بلکہ لال قلعہ کی موتی مسجد دہلی کے پرانے قلعہ کی مسجد تعلیب کی مسجد اور طول و عرض ملک کی تمام ان مساجد پر پڑ رہی ہیں جو اسلام کی شوکت رفتہ کی یادگار ہیں۔ لیکن سالہا سال سے اغیار کے ہاتھوں ان کی بے حرمتی ہو رہی ہے۔ اور ان کی مقدس زمین مومنوں کی سجدہ گاہ بننے کے بجائے ناپاک بوٹوں سے روندی جا رہی ہے۔ عالمگیر کی روح فریاد کر رہی ہے کہ گزشتہ بہتر سال سے موتی مسجد میں اللہ اکبر کی صدا بلند نہیں ہوئی۔ شیر شاہ کی اسلامی غیرت مصروف آہ و زاری ہے کہ دہلی کے پرانے قلعہ کی مسجد کا دروازہ حلقہ بگوشان اسلام پر بند ہے۔ لیکن ایسا زمانہ ہے جہاں انگریز سیاح دندناتے پھرتے ہیں لیکن یہ صورت حالات اب زیادہ دن قائم نہیں رہ سکتی اور حکومت کو چاہئے کہ خدا کی امانت کو جس کے امین صرف مسلمان ہو سکتے ہیں ان کے حوالہ کر دے۔ مولانا سجاد نے اسمبلی کے ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ بھی اس اہم مسئلہ کی طرف متوجہ ہوں اور معابد و اوقاف کو حکومت کے ناجائز قبضہ سے آزاد کرنے کی کوشش کریں۔ ہمیں توقع ہے کہ مسلمان ارکان خصوصیت کے ساتھ ان کی آواز پر لبیک کہیں گے اور عام مسلمان بھی اس وقت تک اپنی سرگرمیوں کو جاری رکھیں گے جب تک کہ ان کی ایک ایک مسجد اغیار کے تسلط و اقتدار سے آزاد نہ ہو جائے۔

الور کے مظلوم مسلمانوں کو خود غرضوں سے بچاؤ (پیشوا)

لاریب الور کے مظلوم مسلمان ہر مسلمان کی دلی ہمدردی کے مستحق ہیں مگر ضرورت ہے کہ وہ مسلمانان کشمیر کی طرح اپنے پیروں پر خود کھڑے ہوں۔ اور ان خود غرض، آبرو باختہ اور بر خود غلط انسانوں کے پنجہ سے رہائی حاصل کریں جن کی شمولیت نے الوری مظلوموں کے کاز کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔

میں جمعیۃ علماء ہند، مجلس احرار کے اپنے پیشہ کارکنوں اور مولانا ظفر علی خاں صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ الور کے مظلوم مسلمانوں کو ان خود غرضوں سے بچانے کے لئے مسئلہ الور کو اپنے ہاتھ میں لیں اور فوراً ایسا انتظام کریں کہ پہلے اتمام حجت کے لئے مہاراجہ الور سے الوری مسلمانوں کے مطالبات کے تسلیم کرانے کے لئے گفت و شنید کریں۔ اور اگر مہاراجہ صاحب الور اپنے غلط مشیروں کے پھندے سے نہ نکلیں تو پھر بیک وقت اندرون الور میں پر امن ایجی ٹیشن طلب حقوق کے لئے شروع کر دیا جائے اور اس کے ساتھ ہی بیرون الور سے اسلامی دستوں کی ایسی زبردست یلغار کی جائے کہ حکومت الور مسلمانوں کے جائز مطالبات تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے، ورنہ اندیشہ ہے کہ الور کی تحریک حریت فنا ہو جائے اور برٹش انڈیا کا امن خطرے میں پڑے گا اور مسلمانان الور تنگ کر ہمیشہ کے لئے ذلت کی زندگی بسر کرنے کے لئے اپنے گھر واپس چلے جائیں۔ میں مہاراجہ الور کے تازہ اعلان معافی کو ناکافی سمجھتا ہوں۔ ضرورت ہے کہ وہ تمام اسلامی مطالبات کو تسلیم کر کے اپنے تدبر کا ثبوت دیں۔

مساجد اور اسلامی مجالس (امارت)

اسلام میں مذہب و سیاست کی کوئی علیحدہ علیحدہ تقسیم نہیں ہے، ہاں مغربی دماغ نے یہ دو قسمیں جدا جدا کی ہیں اسلامی قوموں کا نتیجہ ہے کہ وہ مسلمانوں کے ارکان اربعہ میں سے ایک اہم رکن حج کو سیاسی قرار دیتے ہیں اور اسی سبب سے بعض مغربی حکومتیں انسداد حج کی سازشوں میں مصروف ہیں۔

کیا مساجد میں سیاسی مجالس کے انعقاد کی مخالفت کرنے والے حج کو بھی اسی طرح سیاسی قرار دیں گے اور کیا حکومت کو مشورہ دیں گے کہ وہ مسلمانوں کو حج سے روک دے۔ اور پھر کیا بعض علل کی بنا پر نماز روزہ اور زکوٰۃ کو سیاسی قرار نہیں دیا جا سکتا؟ پھر نماز کو سیاسی قرار دے کر اس کو مسجد میں پڑھنے سے کیوں نہیں روکا جا سکتا ہے؟ اگر نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کو سیاسی قرار دیکر روکا جا سکتا ہے تو پھر مسجدوں میں خطبہ جمعہ اور تمام اسلامی مجالس و مواعظ کو بند کیا جا سکتا ہے۔ متولی و منتظم مسجد کو اس امر میں خود احتیاط کرنی چاہئے اور اپنی حرکت سے حکومت کا فرقہ کو ایسا موقعہ نہ دینا چاہئے کہ وہ براہ راست یا ان کے ذریعہ کسی مسجد میں اسلامی جلسوں کے انعقاد کو روکے۔ اگر حکومت نے کسی مسجد پر بھی کوئی پابندی عائد کی تو یہ مذہبی مداخلت ہوگی۔

لباس اور لباس عریانی (سچ)

"آئیندہ سال غسل والی پوشاک کا جو فیشن ہوگا وہ اس وقت سے بھی زیادہ عریاں ہوگا۔ غسل آبی و غسل آفتابی کے لئے جو لباس تیار ہو رہے ہیں وہ ایسے ہیں کہ بلا تکلف ایک اشارہ میں اتارے جا سکتے ہیں۔ جلد کا ہر رنگ، گلابی رنگ ان کپڑوں کا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ اس لباس کا رنگ جہاں تک بھی ممکن ہو جلد کے رنگ سے بالکل مل جائے۔ ایسا کہ کچھ دور سے یہ بھی نہ پتہ چلے کہ لباس جسم کے کن کن حصوں پر ہے، اور کن کن پر نہیں۔" (ڈیلی ہیرلڈ، لندن)

حدیث نبوی میں، ساڑھے تیرہ سو سال قبل، کاسیات عاریات کا ذکر آچکا ہے۔ یعنی ایسی عورتیں جو باوجود لباس پہنے ہونے کے برہنہ ہوں گی، حدیث میں ان کے لئے جو وعید آئی ہے، اور جنت سے ان کی محرومی کا جو ذکر ہے اسے چھوڑئیے یہاں مقصد صرف یہ کہنا ہے کہ دنیا کا کوئی اہم نقشہ ایسا نہیں جس کی تصویر، آئینۂ نبوت میں نہ دکھلائی جا چکی ہو۔ نبی کو دکھا سب کچھ دیا گیا، نبی کے واسطہ سے امت کو بتا سب کچھ دیا گیا، عمل کرنا نہ کرنا، راہ پر چلنا یا راہ سے بھٹکنا، یہ کام ہمارا آپ کا ہے۔

کشمیر کا سیاسی مطلع (اہلحدیث)

اہل پنجاب نے کشمیری برادران کے لئے ہزاروں آدمی جیلوں میں بھیجے، لاکھوں روپے کا خرچ اور حرج کیا، سیالکوٹ نے اس خصوص میں وہ کیا کہ انصار رضی اللہ عنہم کا قصہ تازہ کر دیا۔ لیکن انجام کیا ہوا؟ یہ سوال رہ رہ کر دماغوں میں پھرتا ہے اس کا جواب دینا اہل کشمیر کا کام ہے۔ ہم تو اس کا جواب بہت دل شکن پاتے ہیں جس کی بنا ایک حدیث شریف پر ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکان سے باہر تشریف لائے کہ شب قدر کی تاریخ بتائیں، دیکھا کہ دو اصحاب باہم لڑ جھگڑ رہے ہیں، فرمایا کہ میں شب قدر کی تاریخ بتانے آیا تھا مگر تمہاری لڑائی سے شب قدر کا علم میرے دل سے اٹھا لیا گیا۔ آہ! امت مرحومہ کیسی محروم ہو گئی۔

اہل کشمیر کی جب باہمی لڑائی کی خبریں سنتے ہیں تو ہمیں خوف ہوتا ہے کہ اس حدیث کا اثر ظاہر ہو کر اہل کشمیر اس نعمت سے محروم نہ ہو جائیں جس کے حاصل کرنے کے لئے وہ مبتلائے آفات ہوئے اور اہل پنجاب بلکہ اہل ہند کو جھکانے کا سبب بنے۔ اس لئے ہم اہل کشمیر کو بحیثیت مسلم اور بحیثیت کشمیری نسبت کے رو در عرض کرتے ہیں کہ حدیث مرقومہ کے نتیجہ سے خوف کر کے باہمی جنگ کو بند کریں۔ ہم اس موقعہ پر کسی فریق پر الزام نہیں لگانا چاہتے بلکہ آپ سب کو ایک حدیث سناتے ہیں جس میں ارشاد ہے من ترك المراء وهو محق خلد الجنة۔ (جو کوئی سچا ہو کر بھی لڑائی کو چھوڑ دے اس کی نجات ہے)۔

شمس العلماء مولوی سید احمد پنشنر امام جامع مسجد دہلی کے نام

یہ مسجد ہے یہاں دخل کلیسا ہو نہیں سکتا

یہاں قانون کا جھگڑا گوارا ہو نہیں سکتا

خدا کا گھر، خدا کا گھر رہیگا آپ ظن رکھیں

کسی صورت کسی کا اس پہ قبضہ ہو نہیں سکتا

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسلام نے کس طرح ادیان سابقہ کی تکمیل کی؟

سیاست اور مذہب کی تفریق ہی خلافت کی بربادی

اپنی مسجدوں کو مسجد نبوی کے نمونہ پر قائم کرو

(گزشتہ سے پیوستہ)

حدیث میں آیا ہے التاجر الصادق الامين مع النبيين والصديقين والشهداء والصالحين۔ جو تاجر سچا اور امانت دار ہوگا وہ انبیاء، صلحاء، شہداء اور صدیقوں کے ساتھ ہوگا۔ تجارت دینیوی خوشخبری کیوں سنائی گئی؟ اس لئے کہ اسلام نے تجارت کو بھی مذہب میں داخل کیا ہے۔

اولوالامر کی اطاعت اور سیاست

یہی حال سیاست کا ہے کہ وہ اور مذہب لازم و ملزوم ہیں اور اسی لئے ہیں کہ قرآن پاک اور حامل وحی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے متعلق احکام دئیے اور آپ نے اور آپ کے جانشینوں (صحابہ کرام) نے ساری عمر اس پر عمل کیا۔

قرآن حکیم نے فرمایا اطيعوا الله واطيعوا الرسول واولی الامر منكم۔ خدا کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور تم میں سے جو بادشاہ ہو اس کی بھی اطاعت کرو۔ کیا اسلامی بادشاہ کی اطاعت کرنا صرف سیاست ہے؟ اگر صرف سیاست ہے تو قرآن نے مسلمانوں کو اس کا حکم کیوں دیا؟ صاف ظاہر ہے کہ وہ مذہب بھی ہے اور سیاست بھی ہے اور مذہب بھی بلکہ حقیقت میں صرف مذہب ہے جو تک قرآن حکیم نے مسلمانوں پر اس چیز کو فرض کر دیا ہے۔ گو اس کی شکل سیاسی ہو جس طرح تجارت اور نکاح کی صورت اقتصادی اور معاشرتی ہے مگر اصلیت کے اعتبار سے یہ تمام امور عین مذہب ہیں۔

کہاں تک لکھا جائے۔ اسلام نے تو ہر ترقی کے اسباب کو اور زندگی کے ہر قدم کو مذہب میں داخل کیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مسلمان کسی غاصب سے اپنے مال کو غصب کرنے سے بچائے اور اس جد و جہد میں اگر وہ قتل کر دیا جائے تو وہ شہید ہوگا! یعنے اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے اگر جان بھی دینی پڑے تو دیدینی چاہئے جس کے نتیجہ میں اس کو شہادت کا درجہ ملیگا، حالانکہ بظاہر یہ چیز ذاتی اور شخصی ہے مگر اسلام نے شہادت کا اجر مقرر کر کے اس کو بھی مذہب میں داخل کر لیا ہے۔

عہد اول کی ملکی فتوحات اور جنگی مہمات

قرآن حکیم میں جنگ کے متعلق احکام موجود ہیں۔ مسلمانوں کو جہاد فی سبیل اللہ کی ترغیب دی گئی ہے، دشمنوں اور امن کے بدخواہوں کے لئے تادیب و تعزیر کے اصول بیان کئے گئے ہیں اور حکم دیا گیا ہے کہ اہل کتاب سے جزیہ (ٹیکس) وصول کرو حتی يعطوا الجزية عن يد وهم صاغرون۔ پھر نہیں معلوم مذہب اور سیاست کو جدا کرنے والے نصرانی صفت مسلمان ان احکام اور اصول کا کیا نام تجویز کریں گے۔ معلوم نہیں کہ ان کے نزدیک یہ احکام سیاست ہیں یا مذہب؟ بہر حال وہ ان تمام امور کو مذہب سے خارج نہیں کر سکتے کیونکہ قرآن حکیم میں ان پر بسط کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔

پھر پیغمبر اسلام اور آپ کے اصحاب کرام کی زندگی کا بیشتر حصہ ملکی فتوحات، قیام امن اور بسط عدل میں گزرا۔ آپ خود حضور نے اپنی زندگی میں بیسیوں جنگوں میں حصہ لیا اور خود فوجیں کی ان کی۔ اگر یہ سب چیزیں مذہب سے خارج ہیں تو نعوذ باللہ یہ کہنا پڑے گا کہ داعی اسلام کی تمام زندگی غیر مذہبی امور کی سر انجام دہی میں گزری اور آپ مدت العمر دنیا داری یا "سیاست" میں گھرے رہے!

جنگ احد، جنگ حنین، جنگ بدر، فتح مکہ، معتدین کفار کے قتل اور معاہدات کو آخر کیا حیثیت دی جائے گی؟ حالانکہ یہ وہ جنگیں ہیں جن میں پیغمبر خدا بنفس نفیس شریک ہوئے۔ جنگ بدر میں کفار عرب کا قتل کس نام سے پکارا جائے گا؟ مختلف اطراف میں افواج کی روانگی اور جنگی خطبات وکفار پر کیا نام رکھا جائیگا؟ اگر یہ تمام چیزیں عین مذہب اور عین سیاست ہیں تو خدارا وہ ترکیب بھی بتا دو جس سے ہم مذہب کو سیاست سے جدا کر لیں اور اسلام صرف تسبیح ہلانے کا نام رہ جائے؟

اس کے بعد خلفائے راشدین کے زمانہ پر نظر ڈالو۔ مصر کی فتح، بابل و خوزستان کی تسخیر، ایران و روم کی قوتوں سے مقابلہ، عراق، شام، قادسیہ وغیرہ ممالک پر غلبہ کامل ان کی زندگی کے درخشاں کارنامے ہیں۔ آخر ان فتوحات کا نام نصرانی سانچہ میں کس طرح ڈھالا جائے گا اور ان کو کس نام سے پکارا جائے گا؟

مسجد نبوی کن اغراض کیلئے مخصوص تھی

اگر یہ تمام کام جو سراسر سیاست اور عین مذہب ہیں خود داعی اسلام اور آپ کے اصحاب کرام نے انجام دئے تو آج کس کی مجال ہے جو ان کے خلاف لب کشائی کرے۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ سیاسیات کے تمام پہلو سراسر مذہب ہی ہیں تو مساجد میں ان کو انجام دینا یا ان کے متعلق تجاویز و تدابیر سوچنا کسی طرح بھی خلاف مذہب نہیں ہو سکتا جو کام سب سے پہلے حامل وحی کے زمانہ میں مسجد نبوی کے اندر انجام پاتے رہے وہی کام آج اگر مساجد میں انجام پاتے ہیں یا ان کے انجام دینے کی کوشش کی جاتی ہے تو یہ خلاف مذہب کیسے ہو گئے؟

جانتے ہو مسجد نبوی کا اسلام میں کیا درجہ ہے؟ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں مسجدی هذا آخر المساجد الانبياء۔ میری یہ مسجد انبیاء کی آخری مسجد ہے یعنے جس طرح پیغمبر خدا خاتم النبیین ہیں کہ آپ کے بعد کوئی رسول یا نبی پیغمبر نہیں آ سکتا اسی طرح آپ کی مسجد بھی آخری مسجد ہے۔ اب دیکھو اس آخر المساجد (مسجد انبیاء) میں کیا صرف نماز کے ادا کرنے ہی کے فرائض انجام پاتے تھے؟

کیا وہاں صرف نماز کے سوا کوئی کام نہ ہوتا تھا؟ نہیں بلکہ وہاں وہ سب کچھ ہوتا تھا جس کا نام اسلام نے مذہب رکھا ہے۔ وہاں مقدمات اور نزاعات کے فیصلے ہوتے تھے۔ جہاد فی سبیل اللہ کے لئے خطبات بھی دئے جاتے تھے، جیوش و عساکر کو احکام بھی وہیں سے نافذ ہوتے تھے، سفراء اور وفود سے ملاقاتیں بھی وہیں ہوتی تھیں، مال غنیمت بھی اسی جگہ تقسیم کیا جاتا تھا۔ اسی جگہ اسیران جنگ کو ستون سے باندھ کر سزا دی جاتی تھی۔ جنگی مہمات کے لئے بھی اسی مقام پر مشورے ہوتے تھے۔ اسی جگہ تعلیم نبوی کے چشمے بھی جاری تھے اور اسی جگہ خدا کے دربار میں سر نیاز بھی جھکایا جاتا تھا۔ غرض وہ کونسا کام تھا جو اس "آخر المساجد الانبیاء" میں نہیں ہوا اور خود صاحب وحی اور داعی حق نے ان میں شرکت نہیں فرمائی؟ جب یہ تمام کام مسجد نبوی میں انجام پاتے رہے تو اگر آج بھی یہی کام مساجد میں انجام پانے لگیں تو کیوں ان کو "سیاست" اور "مذہب" کی بحث میں ڈالکر روکنے کی کوشش کی جاتی ہے؟ کیا نعوذ باللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام کا یہ عمل مذہب کے خلاف تھا؟ ... تھا اور منشاء الہی کے منافی تھا؟ ... صاحب وحی کے سامنے جو کچھ ہوا عین مذہب تھا، خدا کے حکم سے تھا اور پیغمبر برحق کی مرضی کے عین مطابق تھا!

مذہب اور سیاست کا مغربی پروپیگنڈہ

آخر میں میں پھر گزارش کروں گا کہ مذہب کو سیاست سے جدا کرنے والے اسلام پر ایک زبردست اور کاری ضرب لگانا چاہتے ہیں۔ اس کا منشاء وہی ہے جو مسئلہ خلافت کے متعلق یورپ کا تھا۔ یعنے مغربی مستشرقین نے یہ کہہ کر کہ خلافت کا مسئلہ کوئی مذہبی حیثیت نہیں رکھتا اسلام کی اس وحدت پر کاری ضرب لگائی تھی جس کا خمیازہ آج الغائے خلافت کے بعد مسلمانوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ ساتھ جس کے بعد مسلمانوں کی وحدت عامہ نصرانی پروپیگنڈہ کی نذر ہو گئی ہے اسی طرح جو لوگ سیاست کو مذہب سے جدا ثابت کرنے کی فکر میں ہیں وہ یقیناً مستشرقین کا آلہ کار ہیں اور چاہتے ہیں کہ مسلمان سیاسی موت کا شکار ہو کر غلامانہ ذہنیت اور رذیلانہ محکومی کی گہری قبر میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سو جائیں۔

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔ ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمعیۃ، دہلی)

چائینہ سبز چاء۔ نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں

نرخ فی سیر پختہ ہے اللعہ، سے، صہ، ... بیوپاری بھی خط و کتابت کریں

حاجی غلام محبوب جنرل مرچنٹ۔ قصہ خوانی پشاور شہر

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

خاص مجربات

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں روغن کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں۔ مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کو حق میں رائے دی ہے۔ بچے ان کو مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں۔ نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد و عورت، بچے، بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

CASTOPHEN MAFG COY,

P. BOX, 88. BUNDER RD., KARACHI.

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا)

بندر روڈ کراچی

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے رجسٹر کر لیا

دہلی کا "آئینہ" دیکھئے

سید ابن الحسن صاحب فکر ایم۔ اے

نمونہ مفت طلب فرمائیے

منیجر رسالہ آئینہ۔ دریاگنج۔ دہلی

مجموعہ بالا کتابیں

روزنامہ الصاف کا پرچہ

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا۔ ... صحت، طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، حضرت مولانا محمود الحسن صاحب، حضرت مولانا اشرف علی صاحب ...

غریبوں کا قرآن مجید مصری

نورانی قرآن مجید مترجم

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے۔ ... نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۰ صفحات قیمت صرف ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہوتے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ، تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر، تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر، تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ...

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم جمعہ ۱۴ جمادی الاول ۱۳۵۱ ہجری

ہندوستان کے بطل جلیل کا عزم صمیم

موت اور زندگی کا سوال

گاندھی جی اور وزیر ہند و وزیر اعظم برطانیہ کی اس اہم مکاتبت کو ہم کسی دوسری جگہ تمام و کمال درج کر رہے ہیں جس کی اشاعت نے ملک کے طول و عرض میں بیک وقت تہلکہ ڈال دیا ہے اور جس کے اظہار و اعلان سے چند لمحوں کے اندر ہندوستان کی موجودہ سیاسی صورت حال میں انقلاب عظیم برپا ہو گیا ہے۔

گاندھی جی کا یہ عزم کہ وہ ۲۰ ستمبر سے فاقہ کشی شروع کر دیں گے اور جب تک اس آئینی افتراق کو دور نہ کیا جائے گا جو اچھوتوں اور ہندوؤں کے درمیان وزیر اعظم کے فرقہ وارانہ فیصلہ سے پیدا ہو گیا ہے اس وقت تک اس کو ترک نہ کریں گے تا آنکہ ان کی موت واقع ہو جائے۔ ایک ایسا عزم ہے جس پر ہندوستان میں جتنا بھی ہیجان و اضطراب پیدا ہو کم ہے۔ بالخصوص ایسی حالت میں جبکہ ہر شخص یہ جانتا ہے کہ گاندھی جی جو عہد کرتے ہیں اس کے پابند بھی رہتے ہیں اور اس کے نتائج و عواقب کو جان پر کھیل کر برداشت بھی کر لیتے ہیں۔ یہ خبر ہر ہندوستانی کو بلا قید مذہب و ملت انتہائی تشویش میں مبتلا کر دینے کے لئے کافی ہے۔

ذرا سی دیر کے لئے اس سے قطع نظر کر لیجئے کہ حکومت یا کوئی اور گاندھی جی کے اس طریقہ جوان کے مذہبی عقیدہ پر مبنی ہے کس نظر سے دیکھتا ہے اور اس کے متعلق ...

پیدا ہو گیا ہے کہ گاندھی جی کی زندگی کو ہر محب وطن ہندوستان کی ایک زبردست دولت سمجھتا ہے اس کو ... مٹتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔ اس لئے ہم ان تمام لوگوں سے جن پر اہم تر قومی ذمہ داریاں عائد ہیں توقع کرتے ہیں ... بچانے کے لئے گاندھی جی کے اس عزم کو ناممکن بنا دینے کی پوری کوشش کریں گے۔

گاندھی جی ۲۰ ستمبر سے اپنا دائمی برت شروع کر دینگے

(بسلسلہ صفحہ ۴)

کوئی مطابقت نہیں رکھتی جو کہ دوسروں کو اپنی مرضی پر چلانے کے لئے جسمانی طاقت کا استعمال جائز سمجھتی ہے۔ ان حالات پُر امن مزاحمت کو جسمانی طاقت کا ہر ایک ایسے موقع کے لئے نعم البدل تصور کر لیا گیا ہے جبکہ اس کی ضرورت ہو اور اس کا استعمال حق بجانب سمجھا جاتا ہے۔ یہ مصالحت انگیزی کا طریقہ ہے اور اس پروگرام کا ایک جزو یہ بھی ہے کہ ستیہ آگرہی ضرورت پڑنے پر بھوک ہڑتال کرکے اپنی روح کو تحلیل کر دے۔ میرے لئے وہ وقت ابھی نہیں آیا ہے ...

حوادث و احکام

احترام مساجد کے متعلق

علمائے دربھنگہ کا فتویٰ

احترام مساجد کے متعلق شریعت اسلامیہ کے اصول احکام دریافت کرنے کی غرض سے سید تصدق حسین صاحب ہجری نے ہمیں ایک استفتاء برائے اشاعت ارسال فرمایا تھا جو الجمعیۃ مورخہ ۵ ستمبر میں درج کیا جا چکا ہے۔ اس استفتاء کے جواب میں ہمیں علمائے کرام کے فتاویٰ موصول ہونے شروع ہو گئے ہیں جن میں مساجد کا ادب و احترام قائم رکھنے کے متعلق حاملین شریعت غراء نے قرآن حکیم اور احادیث نبوی کی روشنی میں اسلام کے بنیادی اصول بیان فرمائے ہیں جن کا اطلاق بیان کردہ واقعات و حالات کی موجودگی میں ہر مسجد پر کیا جا سکتا ہے۔ ہم اس سلسلہ میں سب سے پہلا فتویٰ درج ذیل کرتے ہیں جو علمائے دربھنگہ کے دستخطوں سے موصول ہوا ہے ...

وزیر اعظم کا جواب

۸ ستمبر ۱۹۳۲ء

آپ کا صادق
(دستخط) ایم۔ کے۔ گاندھی

گاندھی جی ۲۰ ستمبر سے اپنا دائمی برت شروع کر دینگے

فرقہ وارانہ فیصلہ کی افتراق انگیزیوں کا ایک نیا شاخسانہ

وزیر ہند، وزیر اعظم اور گاندھی جی کے درمیان اہم خط و کتابت

فرقہ وارانہ فیصلہ کے متعلق گاندھی جی، سر سیموئل ہور وزیر ہند اور وزیر اعظم کے درمیان ۱۱ مارچ ۱۹۳۲ء سے خط و کتابت ہو رہی تھی مگر یہ خط و کتابت اس درجہ احتیاط کے ساتھ صیغۂ راز میں رکھی گئی کہ اس کا کوئی علم کسی شخص کو نہ ہو سکا۔

گاندھی جی نے اپنے پہلے مکتوب میں سر سیموئل ہور کو یہ لکھا تھا کہ اگر حکومت نے اچھوتوں کے حق میں جداگانہ انتخابات کا فیصلہ کر کے ہندو قوم کے اندر افتراق و انشقاق پیدا کیا تو وہ اپنے قول کے مطابق جو انہوں نے گول میز کانفرنس میں ظاہر کیا تھا اپنی جان دے دینگے اور ایک طویل برت رکھ کر زندگی کو ختم کر دیں گے۔ گاندھی جی نے اس خط میں حکومت کی متشددانہ ...

گاندھی جی کا پہلا مکتوب

شفیق جناب سر سیموئل ہور!

غالباً آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے گول میز کانفرنس میں اپنی تقریر کے خاتمہ پر جبکہ اقلیتوں کا مطالبہ پیش کیا گیا تھا یہ کہا تھا کہ اگر پست ذاتوں کے لئے جداگانہ انتخاب منظور کیا گیا تو میں اس کے مقابلہ میں اپنی جان دے دوں گا ...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

فلسطین میں یہودیوں کی پچاسویں سالگرہ

وطن الیہود کی اسکیم کس طرح عمل میں لائی جا رہی ہے

بیت المقدس میں مسلمانوں کے لئے عظیم خطرہ

فلسطین کے قریب شیران کے میدان میں اور گلیلی پہاڑی پر یہودیوں نے جو ذراعتی دیہات آباد کئے تھے اس سال ان کی پچاسویں سالگرہ بڑی دھوم دھام سے منائی گئی ...

(جوئش ریویو)

روس میں گرجاؤں کی حالت

پادری، ملازمت کی خاطر کلیسا سے منحرف ہو رہے ہیں

روس کے نظام حکومت میں پادری، ربی، ملا اور مذہبی عقیدہ کے تمام لوگ بے حقیقت تماشے بن گئے ہیں اور ان کو ملکی نظم و نسق سے بالکل بے دخل کر دیا گیا ہے یہ بات کہ روس میں مذہبی پیشوا یا مذہبی عقیدے کے لوگ ووٹ نہیں دے سکتے ایک بہت معمولی بات ہے۔ موجودہ روس میں اب تو یہ حالت ہو گئی ہے کہ کسی مذہبی شخص کو نہ تو صیانتی کارڈ دئے جاتے ہیں نہ ان کو مجالس مقننہ میں کوئی حصہ دیا جاتا ہے ...

روس میں کاشتکاروں کا حق ملکیت تسلیم کر لیا گیا

مزارعین کیلئے چارٹر حریت قانون کا نفاذ

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

مجلس اقوام کی رکنیت اور ترکی گورنمنٹ

ترکی پر اقتصادی بحران اور مالی مشکلات کا کوئی اثر نہیں ہے

بین الملی معاہدات پر ایک ترکی اخبار کا عجیب تبصرہ

اس وقت ترکی حکومت مجلس اقوام میں داخل ہو گئی ہے اور اس نے اس کی رکنیت کو بعد غور و فکر منظور کر لیا ہے ...

(لطائف المصورہ)

مسلمانان فلسطین کیلئے ایک مستقل لائحہ عمل

مساجد کی تعمیر، طبی اداروں کا قیام اور بچوں کی تعلیم

سید ضیاء الدین طباطبائی نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے فلسطین کی اہمیت اور تاریخی و مذہبی خصوصیات کا تذکرہ فرمایا اور مسلمانان فلسطین کو شرم دلائی کہ ...

(۱) معابد و مساجد کی حفاظت و اصلاح کے لئے متواتر جد و جہد۔
(۲) جو قصبات مساجد سے خالی ہیں اور وہاں مسلمانوں کی آبادی بھی ہے وہاں مساجد و معابد کی تعمیر۔
(۳) طبی اداروں کا قیام اور مسلمانوں کی جسمانی صحت کی حفاظت کے لئے مناسب اور ضروری تدابیر کی تکمیل۔
(۴) یتامیٰ، بیواؤں اور نادار مسلمانوں کے لئے معاشی ضروریات کی فراہمی۔
(۵) بیکار اور پریشان حال مسلمانوں کے لئے روزگار کی سبیل۔
(۶) بچوں کی تعلیم اور تربیت کا مستقل انتظام۔

(صوت العرب)

فلسطین میں اسلامی یونیورسٹی کی تشکیل

ضروری علوم و فنون کی تعلیم کا انتظام

مؤتمر اسلامی کے عام اجلاس میں جس یونیورسٹی کے قیام کے لئے ارباب فکر نے تجویز منظور کی تھی اس کا کام بدستور جاری ہے ...

عربی اخبارات کے ترجمے

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

مجلس اقوام کی رکنیت اور ترکی گورنمنٹ

ترکی پر اقتصادی بحران اور مالی مشکلات کا کوئی اثر نہیں ہے

بین الملی معاہدات پر ایک ترکی اخبار کا عجیب تبصرہ

اس وقت ترکی حکومت مجلس اقوام میں داخل ہو گئی ہے اور اس نے اس کی رکنیت کو بعد غور و فکر منظور کر لیا ہے۔ ترکی اخبار "ملت" اس پر تبصرہ کرتا ہوا لکھتا ہے کہ ترکی قوم صلح، رواداری اور مسالمت کے اصول پر عمل پیرا ہے اور وہ نہیں چاہتی کہ خواہ مخواہ صلح اور امنیت کو جنگ و پیکار کی صورت میں تبدیل کر دے۔ سب سے بڑا سبب ظاہر ہے اور ہر شخص اس کو معلوم کر سکتا ہے۔ ترکی نے ایک مدت سے محاربات، بین الملی اور جنگہائے متوالی کے باعث سخت نقصان اٹھایا ہے۔ …

… اس کا صاف اور غیر مشتبہ جواب یہ ہے کہ ان معاہدات کی اصل وہ اساس پر اسکا کوئی اثر نہیں پڑے گا کیونکہ ترکی کے معاہدات میں کوئی معاہدہ بھی ایسا نہیں ہے جو دوسروں کے لئے تکلیف کا باعث ہو۔ یہ تمام معاہدات میثاق پیرس کے بالکل موافق ہیں اور جن حکومتوں نے پیرس کے میثاق پر دستخط ثبت کئے تھے وہ بھی مجلس اقوام کی رکن ہیں۔ لہٰذا مجلس اقوام میں ترکی کی شرکت سے ترکی معاہدات میں کوئی خلل اور تنزلزل واقع نہیں ہو سکتا۔ (لطائف المصورۃ)

مسلمانان فلسطین کیلئے ایک مستقل لائحہ عمل

مساجد کی تعمیر، طبی اداروں کا قیام اور بچوں کی تعلیم

سید ضیاءالدین طباطبائی نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے فلسطین کی اہمیت اور تاریخی و مذہبی خصوصیات کا تذکرہ فرمایا اور مسلمانان فلسطین کو غرم دلائی کہ بعض نے ابھی کوئی ایسا کام نہیں کیا ہے جس نے دنیائے اسلام کو اپنی طرف متوجہ کیا ہو۔ آپ نے ارباب عمل اور تارکین سے اپیل کی کہ وہ شور و ہنگامہ کے بجائے خاموشی کے ساتھ ٹھوس تعمیری کام میں لگے رہیں تاکہ ان کا مقصد حاصل ہو جائے۔ آپ نے فلسطینی مسلمانوں کے سامنے ذیل کی عملی اسکیم پیش کی:۔

(۱) معابد و مساجد کی حفاظت و اصلاح کے لئے متواتر جد و جہد۔

(۲) جو قصبات مساجد سے خالی ہیں اور وہاں مسلمانوں کی آبادی بھی ہے وہاں مساجد و معابد کی تعمیر۔

(۳) طبی اداروں کا قیام اور مسلمانوں کی جسمانی صحت کی حفاظت کے سلئے مناسب اور ضروری تدابیر کی تشکیل۔

(۴) یتامیٰ، بیواؤں اور نادار مسلمانوں کے لئے معاشی ضروریات کی فراہمی۔

(۵) بیکاروں اور پریشان حال مسلمانوں کے لئے روزگار کی سبیل۔

(۶) بچوں کی تعلیم اور ان کی تربیت کا مستقل انتظام۔

… (صوت العرب)

فلسطین میں اسلامی یونیورسٹی کی تشکیل

ضروری علوم و فنون کی تعلیم کا انتظام

موتمر اسلامی کے عام اجلاس میں جس یونیورسٹی کے قیام کے لئے ارباب فکر نے تجویز منظور کی تھی اس کا کام بدستور جاری ہے۔ …

… (۱) الٰہیات و شرعیات۔ (۲) فنون صنعت و حرفت۔ (۳) علم طب و کیمیا۔ …

گاندھی جی ۲۰ ستمبر سے اپنا دائمی برت شروع کر دینگے

فرقہ وارانہ فیصلہ کی افتراق انگیزیوں کا ایک نیا شاخسانہ

وزیر ہند، وزیر اعظم اور گاندھی جی کے درمیان اہم خط و کتابت

فرقہ وارانہ فیصلہ کے متعلق گاندھی جی، سر سیموئل ہور وزیر ہند اور وزیر اعظم کے درمیان ۱۱ مارچ ۱۹۳۲ء سے خط و کتابت ہو رہی تھی مگر یہ خط و کتابت اس درجہ احتیاط کے ساتھ صیغہ راز میں رکھی گئی کہ اس کا کوئی علم کسی شخص کو نہ ہو سکا۔

گاندھی جی نے اپنے پہلے مکتوب میں سر سیموئل ہور کو یہ لکھا تھا کہ اگر حکومت نے اچھوتوں کے حق میں جداگانہ انتخابات کا فیصلہ کر کے ہندو قوم کے اندر افتراق و انشقاق پیدا کیا تو وہ اپنے قول کے مطابق جو انہوں نے گول میز کانفرنس میں ظاہر کیا تھا اپنی جان دے دینگے اور ایک طویل برت رکھ کر زندگی کو ختم کر دیں گے۔ گاندھی جی نے اس خط میں حکومت کی متشددانہ پالیسی پر بھی سخت نکتہ چینی کی۔ …

گاندھی جی نے اپنے آخری مکتوب میں ۸ ستمبر کو وزیر اعظم کے نام یہ لکھ بھیجا کہ وہ اپنے ارادہ کو ضرور عملی جامہ پہنائینگے کیونکہ وزیر اعظم کے دلائل نے انہیں مطمئن نہیں کیا ہے۔ اس خط کے موصول ہونے پر تمام خط و کتابت شائع کر دی گئی۔

گاندھی جی کا پہلا مکتوب

شملہ ۱۱ مارچ … گاندھی جی نے ۱۱ مارچ ۱۹۳۲ء کو یروڈا جیل سے سر سیموئل ہور وزیر ہند کے نام روانہ کیا تھا:۔

مکرمی سر سیموئل!

غالباً آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے گول میز کانفرنس میں اپنی تقریر کے خاتمہ پر جبکہ اقلیتوں کا مطالبہ پیش کیا گیا تھا یہ کہا تھا کہ اگر پست ذاتوں کے لئے جداگانہ انتخاب منظور کیا گیا تو میں اس کے مقابلہ میں اپنی جان دے دونگا۔ …

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فلسطین میں یہودیوں کی پچاسویں سالگرہ

وطن الیہود کی اسکیم کس طرح عمل میں لائی جا رہی ہے

بیت المقدس میں مسلمانوں کے لئے عظیم خطرہ

فلسطین کے قریب شیران کے میدان میں اور گلیلی پہاڑی پر یہودیوں نے خود اعتی دیہات آباد کئے تھے اس سال ان کی پچاسویں سالگرہ بڑی دھوم دھام سے منائی گئی۔ ۱۸۸۲ء میں صہیونی پیشواؤں نے جن کو "بیلو" کہا جاتا ہے متعدد گاؤں آباد کئے جن میں سے تین گاؤں بہت مشہور ہیں "ایشن لی زیون" (صہیونی کی طرف پہلا قدم) "میٹیچ تکوا" (امید کا دروازہ) "روش پناہ" (کونے کا تعمیر) ان کے نام ہیں ان گاؤں کے نام سے معلوم ہوتا ہے آج سے پچاس برس پیشتر جبکہ یہ گاؤں آباد کئے گئے تھے۔ یہودی کس قدر مذہبی جوش و خروش اور توقعات سے لبریز تھے۔ …

… (جوئش ریویو)

روس میں گرجاؤں کی حالت

پادری، ملازمت کی خاطر کلیسا سے منحرف ہو رہے ہیں۔

روس کے نظام حکومت میں پادری، ربی، ملا اور مذہبی عقیدہ کے تمام لوگ بے حقیقت شمار کئے گئے ہیں اور ان کو ملکی نظم و نسق سے بالکل بے دخل کر دیا گیا ہے یہ بات کہ روس میں مذہبی پیشوا یا مذہبی عقیدہ کے لوگ ووٹ نہیں دے سکتے ایک بہت معمولی بات ہے۔ موجودہ روس میں اب تو یہ حالت ہو گئی ہے کہ کسی مذہبی شخص کو نہ تو وظیفہ قوتی کارڈ دئے جاتے ہیں نہ ان کو مجالس تقننہ میں کوئی حصہ دیا جاتا ہے اور نہ ان کے بچوں کو اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں داخل کیا جاتا ہے ان تمام تعلیمی اور سیاسی اداروں سے ان کو خارج کر دیا گیا ہے اس سے پہلے کسی مذہبی شخص کو مذہبی حیثیت سے ناقابل تصور نہیں کیا جاتا تھا مگر اب تمام نااہلیتیں ان کے اندر سمٹ کر سما گئی ہیں۔ …

(مانچسٹر گارجین)

روس میں کاشتکاروں کا حق ملکیت تسلیم کر لیا گیا

مزارعین کیلئے چار زبردست قوانین کا نفاذ

روس نے جو سب سے زیادہ ضروری قدم اٹھایا ہے وہ اس کی کاشتکاروں کے متعلق نئی حکمت عملی ہے مزارعین کی ترقی اور آسائش کیلئے بالشویک روس نے چار احکام نافذ کئے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:۔

(۱) امسال حکومت نے کاشتکاروں سے غلہ وصول کرنے میں بیس فیصدی تخفیف کر دی ہے …

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۴ جمادی الاول ۱۳۵۱ ہجری

ہندوستان کے بطل جلیل کا عزم صمیم

موت اور زندگی کا سوال

گاندھی جی اور وزیر ہند و وزیر اعظم برطانیہ کی اس اہم مکاتبت کو ہم کسی دوسری جگہ تمام و کمال درج کر رہے ہیں جس کی اشاعت نے ملک کے طول و عرض میں بیک وقت تہلکہ ڈال دیا ہے اور جس کے اظہار و اعلان سے چند لمحوں کے اندر ہندوستان کی موجودہ سیاسی صورت حال میں انقلاب عظیم برپا ہو گیا ہے۔

گاندھی جی کا یہ عزم کہ وہ ۲۰ ستمبر سے فاقہ کشی شروع کر دیں گے اور جب تک اس آئینی افتراق کو دور نہ کیا جائے گا جو اچھوتوں اور ہندوؤں کے درمیان وزیر اعظم کے فرقہ وارانہ فیصلہ سے پیدا ہو گیا ہے اس وقت تک اس کو ترک نہ کریں گے تاآنکہ انکی موت واقع ہو جائے۔ ایک ایسا عزم ہے جس پر ہندوستان میں جتنا بھی ہیجان و اضطراب پیدا ہو کم ہے۔ بالخصوص ایسی حالت میں جبکہ ہر شخص یہ جانتا ہے کہ گاندھی جی جو عہد کرتے ہیں اس کے پابند بھی رہتے ہیں اور اس کے نتائج و عواقب کو جان پر کھیل کر برداشت …

… جداگانہ انتخاب پر اگر کوئی سمجھوتہ کر لیا جائے تو یہ قضیہ ختم ہو سکتا ہے اور وزیر اعظم کا فیصلہ بدلا جا سکتا ہے۔ اور گاندھی جی کی جان بچ سکتی ہے۔

اگر ہم اچھوتوں اور اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کا معاملہ حقیقتاً ایک داخلی مسئلہ ہے جس سے صرف ہندو قوم کا تعلق ہے اور وہ خود ہی ان انسانیت سوز اور وحشتناک مظالم کی تلافی کے بہتر تدابیر سوچ سکتی ہے جو صدیوں سے اچھوتوں پر توڑے جا رہے ہیں لیکن بحالت موجودہ اس مسئلہ سے دوسری تمام اقوام کا بھی ایک تعلق اس حد تک پیدا ہو گیا ہے کہ گاندھی جی کی زندگی کو ہر محب وطن ہندوستان کی ایک زبردست دولت سمجھتا ہے اور اس کو کوئی متنفس بھی جس کی رگوں میں ہندوستانی خون دوڑ رہا ہے مٹتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔ اس لئے ہم ان تمام لوگوں سے جن پر اہم تر قومی ذمہ داریاں عائد ہیں توقع کرتے ہیں کہ وہ نہ صرف ہندو قوم بلکہ ہندوستان کو تباہی سے بچانے کے لئے گاندھی جی کے اس عزم کو ناممکن بنا دینے کی پوری کوشش کریں گے۔

گاندھی جی ۲۰ ستمبر سے اپنا دائمی برت شروع کر دینگے

(بسلسلہ صفحہ ۲)

کوئی مطابقت نہیں رکھتی جو کہ دوسروں کو اپنی مرضی پر چلانے کے لئے جسمانی طاقت کا استعمال جائز سمجھتی ہے۔ اندریں حالات پُرامن مزاحمت کو جسمانی طاقت کا ہر ایک ایسے موقع کے لئے نعم البدل تصور کر لیا گیا ہے جبکہ اس کی ضرورت ہو اور اس کا استعمال حق بجانب سمجھا جاتا ہے۔ یہ مصائب انگیزی کا طریقہ ہے اور اس پروگرام کا ایک جزو یہ بھی ہے کہ ستیہ آگرہی ضرورت پڑنے پر بھوک ہڑتال کر کے اپنی روح کو تحلیل کر دے۔ …

… کر رہی ہیں۔ اور تشدد اور جارحانہ کارروائیوں کو روکنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں ہم ہنگامی اختیارات کو اس عرصہ سے زیادہ جاری نہیں رکھیں گے جس کے لئے ہم مجبور ہیں اور جو امن و امان کے قیام کے لئے اور اپنے اقسریٰ اور قوم کے افراد کی حفاظت کے لئے دہشت انگیز حالات کے خلاف ضروری ہیں۔

آپ کا صادق

دستخط (سیموئل ہور)

وزیر اعظم کو گاندھی جی کا مکتوب

فرقہ وارانہ فیصلہ کے بعد گاندھی جی نے مندرجہ ذیل مکتوب وزیر اعظم کو ۱۸ اگست کو تحریر کیا:۔

پیارے دوست!

سیموئل ہور نے آپ کو اور لارڈ ارون کو میرا خط مورخہ ۱۱ مارچ ضرور دکھا دیا ہوگا جو …

…

سر سیموئل ہور کے خط میں لکھا ہے۔ اگر ملک معظم کی حکومت نے مجھے رہا بھی کرنا چاہا تاکہ وہ پریشانی سے بچ جائے تو بھی میرا برت جاری رہے گا۔ کیونکہ مجھے اس کی امید نہیں ہے کہ فرقہ وارانہ تصفیہ کا کسی دوسرے ذریعے سے مقابلہ کر سکتا ہوں، میری یہ خواہش بھی نہیں ہے کہ میں باعزت طریقہ کے علاوہ کسی اور طریقہ سے اپنی رہائی کے لئے مجبور کروں۔

یہ ممکن ہو سکتا ہے کہ میرا فیصلہ غلط ہو۔ اور میں پست ذاتوں کے لئے جداگانہ انتخاب کی نسبت غلطی پر ہوں کہ وہ ان کے لئے یا ہندوؤں کے لئے مضر ہوگا۔ اگر ایسا ہے تو میں اپنی زندگی کے فلسفہ سے متعلق دوسرے امور میں بھی حق بجانب نہیں ہوں۔ اس صورت میں برت کے ذریعہ میری موت میری غلطی کا فوری کفارہ ہوگی۔ اور ان لاتعداد مردوں اور عورتوں سے ایک ناقابل برداشت بار دور ہو جائے گا جو میری دانشمندی پر بچوں کی طرح یقین رکھتے ہیں۔ اگر میرا فیصلہ صحیح ہے جیسا کہ مجھے کوئی شک نہیں کہ ہے تو میرا مجوزہ قدم زندگی کی اس اسکیم کی تکمیل کر دے گا جس کے لئے میں ایک ربع سے زائد عرصہ سے بظاہر کافی کامیابی کے ساتھ کوشش کر رہا ہوں۔

آپ کا صادق

دستخط (ایم۔ کے۔ گاندھی)

وزیر اعظم کا جواب

نمبر ۱۰ - ڈاؤننگ اسٹریٹ لندن

۸ ستمبر ۱۹۳۲ء

مکرمی مسٹر گاندھی!

…

حوادث و احکام

احترام مساجد کے متعلق

علمائے دربھنگہ کا فتویٰ

احترام مساجد کے متعلق شریعت اسلامیہ کا اصول احکام دریافت کرنے کی غرض سے سید تصدق حسین صاحب ہجری نے ہمیں ایک استفتاء برائے اشاعت ارسال فرمایا تھا جو الجمعیۃ مورخہ ۵ ستمبر میں درج کیا جا چکا ہے۔ اس استفتاء کے جواب میں ہمیں علمائے کرام کے فتاوی موصول ہونے شروع ہو گئے ہیں جن میں مساجد کا اجلال و احترام قائم رکھنے کے متعلق حاملین شریعت غرّا نے قرآن حکیم اور احادیث نبوی کی روشنی میں اسلام کے بنیادی اصول بیان فرمائے ہیں جن کا اطلاق بیان کردہ واقعات و حالات کی موجودگی میں ہر مسجد پر کیا جا سکتا ہے۔ ہم اس سلسلہ میں سب سے پہلا فتویٰ درج ذیل کرتے ہیں جو علمائے دربھنگہ کے دستخطوں سے موصول ہوا ہے۔ دوسرے فتاوی آئندہ الجمعیۃ کے اسی کالم میں جو احکام شریعت کی اشاعت کے لئے مخصوص ہے حوادث و احکام کے زیر عنوان درج کئے جائیں گے۔

…

تفصیلی جوابات

…

(بسلسلہ صفحہ ۳)

آپکا صادق
جے۔ ریمزے میکڈانلڈ

گاندھی جی کا آخری مکتوب

(موہن داس کرم چند گاندھی)

گاندھی جی کے اعلان پر اسمبلی میں زبردست تقریریں
اگر گاندھی مرگیا تو ہندوستان اور برطانیہ کے تعلقات بھی مرجائیں گے
حکومت گاندھی جی کو عنقریب رہا کردیگی

گاندھی جی کے عزم پر عمائد کی آرا
وفد کے ذریعہ بھوک ہڑتال ختم کرانے کی تجویز!

دار الحکومت

جمنا میں طغیانی بدستور ہے
مویشیوں کے ساتھ پناہ گزینوں کی دہلی میں آمد
عمال حکومت کی سرتوڑ کوشش

دہلی میں ۱۲ ہزار روپے کی چوری

استقبالیہ کمیٹی کے دفتر پر پولیس کا پہرہ
رضاکاروں کی جانب سے حملہ کا اندیشہ

اچھوتوں کے نمایندہ کا بیان
میں گاندھی جی کی موت کی پروا نہیں کرتا

۳۰ ستمبر کو یوم حج واحترام مساجد و اوقاف منایا جائے

قائم مقام ناظم مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند

مسٹر آصف علی بیرسٹر کا اظہار خیال

حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب کا اعلان
مسودات حج کے خلاف احتجاج

مولانا صغیر احمد صاحب فاضل دیوبند کی صحت
آپکو سی کلاس میں جگہ دی گئی ہے!

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

دہلی کے قریب خونریز ڈاکہ
ایک ہلاک متعدد مجروح

سہارنپور سے دہلی کو جتھہ کی روانگی

ضلع پشاور میں ایک ماہ کے اندر ۲۸ قتل

بمبئی میں ۱۹ کانگریسی کارکنوں کی گرفتاری

طول وعرض ہند میں احترام مساجد کے زبردست مظاہرے
مساجد اور اوقاف پر دنیا کی کوئی طاقت قبضہ نہیں کرسکتی
اسلامی معابد کی آزادی کیلئے ہمہ گیر جدوجہد کا آغاز

فسادی شخص کو مسجد میں آنے سے روکو

مسلمانان سہارنپور کا جلسۂ عام

بغداد میں امیر کویت کا ورود اور شاندار استقبال
عرب قبائل کی کانفرنس کیلئے وزیر اعظم عراق کی زبردست تیاریاں
خواتین عرب کی کانفرنس بھی منعقد ہوگی!

جداگانہ انتخاب شیعوں کو منظور نہیں ہے
فرقہ وارانہ فیصلہ کی مذمت

ڈاکٹر مونجے بے نقاب ہوگئے!
صرف ہندو مفاد کی نگرانی آپکا مقصد ہے
"ہندوستانیوں کے ہاتھ میں فوجی نظام نہ دیا جائے"

کن کن سیاسی قیدیوں کو الاؤنس دیا جاتا ہے؟
اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

مسلمانوں کی اکثریت اور مخلوط انتخاب
مخلوط انتخاب کے حامیوں کی دلچسپ فہرست
سید اظہر علی صاحب کا اہم بیان

آگرہ جیل میں سیاسی قیدیوں کو سزا
دو سو قیدیوں پر خلاف ورزی کا الزام

حوادث واحکام
(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۴)

الجواب صحیح

سول نافرمانی کے نوعمر بچوں کو سزا
ہوم ممبر کے پیش کردہ اعداد و شمار

تیسری گول میز کانفرنس میں ہندوستان کے ۵ نمایندے
عورتوں کا کوئی نمایندہ مدعو نہیں کیا جائیگا

اسسٹنٹ پولیٹیکل افسر پر بم
چار سرحدی پٹھانوں کو دس دس سال کی سزا!

جرمنی پارلیمنٹ میں حکومت کو شکست
صدر جمہوریہ نے پارلیمنٹ کو توڑنے کا اعلان کرادیا

بدیشی سمجھوتہ کے بجائے سودیشی سمجھوتہ

جرمنی نے تمام حکومتوں کو الٹی میٹم دے دیا

فوجی مساوات تسلیم کرانے پر اصرار

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں شرکت سے انکار

لندن، ستمبر۔ جرمن کے وزراء سلطنت میں تازہ ترین "فوجی خیالات" کی افزائش نے فرانس اور پولینڈ میں شدید ہیجان برپا کر دیا ہے اور جنرل فان سلیچر وزیر جنگ کی تازہ تقریر پر شبانے اس امر کو واضح کر دیا ہے کہ جرمنی اب دوسرے درجہ کی سلطنت میں رہنا اپنی توہین سمجھتا ہے جنرل نے دوران تقریر میں کہا:۔

"تمام حالات کے پیش نظر جرمنی بہر کام کرے گا جو اس کے تحفظ کے لئے ضروری ہو ہم ایک دوسرے درجہ کی سلطنت کا سا سلوک زیادہ عرصہ تک برداشت نہیں کر سکیں گے۔

جنرل وان سلیچر نے کہا کہ جرمنی کو دیگر سلطنتوں کی طرح اپنی پڑوسی سلطنتوں سے محفوظ رہنے کے لئے مسلح رہنے کا حق دینا ضروری ہے جنرل نے کہا کہ مشرقی پرشیا سخت خطرہ میں ہے اور برلن اس کی اس وقت تک حفاظت کرے گی جب تک کہ اس کے پاس ایک آدمی بھی باقی ہے۔ جرمنی وان سلیچر کی یہ تقریر پولینڈ کے اس بیان کا جواب ہے جس میں واضح کیا گیا ہے کہ جرمنی کے مطالبہ کی مخالفت کی جائے گی مشرقی پرشیا کے خطرہ کا اشارہ خاص طور پر پولینڈ کی طرف ہے ...

... اس کے علاوہ جرمنی نے دوسرے درجہ کی حکومت شمار ہونے سے انکار کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ اسے اپنی فوجی تعلیم و ملازمت اور فوجی خدمت کے میعاد میں اضافہ، افواج کی ساخت سپیشل بٹالین کے قیام کے مطالبات بھی کئے ہیں۔

مذاکرہ

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مظلومی کی جنگ

مسلمانان ہند کیلئے صحیح راہ عمل!

ہندوستان کے واقعات جس سرعت کے ساتھ پلٹا کھا رہے ہیں اس نے مفکرین و مدبرین کے دماغوں کو چکر میں ڈال رکھا ہے اور ہر شخص زمانہ کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے صحیح راہ عمل تلاش کرنے کی فکر میں سرگرداں و حیران ہے۔ بالخصوص مسلمانان ہند کیلئے موجودہ زمانہ جس قدر ابتلاء و آزمائش کا ہے وہ کسی صاحب بصیرت انسان سے پوشیدہ نہیں، ایک طرف حکومت کی قہرمانی طاقتیں پوری قوت سے بروئے کار ہیں اور جبر و استبداد اور تشدد کے ذریعہ سے ہندوستانیوں کے جذبہ آزادی کو فنا کرنے کا مکمل تہیہ کر لیا گیا ہے جس کی وجہ سے آج ہر قوم و ملت کے بہترین دماغ جیل کے تنگ و تاریک کوٹھڑیوں میں بند ہیں، دوسری طرف ...

... لیکن اس موقعہ پر ہمارا فرض ہے کہ ہم دامن صبر کو ہاتھ سے بالکل جانے نہ دیں اور اس خدا وند کریم پر کامل بھروسہ رکھیں جس نے سفینہ اسلام کو دشوار سے دشوار ...

الحرب خدعۃ

عربی کا مشہور مقولہ ہے "الحرب خدعۃ" یعنی اصل لڑائی دھوکہ ہی اور چالبازی کا نام ہے وہ قوم ہرگز کامیاب و کامران نہیں ہو سکتی جو اپنے دشمن کی تمام چالوں کو اچھی طرح نہ پہچانے اور ہر چال کا توڑ پوری تدبیر کے ساتھ فوراً نہ کرے ...

... ان "مہربانوں" کی بدولت ہمارا خون چوسنے کے لئے ہمیشہ نئی نئی صورتوں کے ساتھ نمودار ہوتے رہیں گے۔

مظالم الور

اس کے بعد یہ حقیقت اچھی طرح روشن ہو جاتی ہے کہ مظالم الور کے سلسلے میں ...

اعلان مضامین انعامی بابت ۱۳۵۱ھ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

سچے موتی کی سی آب

"سرتاج منجن" صرف چند یوم استعمال کیجئے اور پھر دانتوں میں سچے موتی کی سی آب و تاب قابل رشک صفائی کا مشاہدہ کیجئے "سرتاج منجن" دانتوں کے درد و سوڑھوں کے پھولنے، خون پیپ نکلنے اور پائیوریا جیسے خطرناک مرض کے لئے اپنے جادو اثر فوائد میں بے نظیر ہے۔

ملتے دانتوں کا جانا دلبشر طیکہ دانتوں نے جڑ نہ چھوڑی ہو) ریخوں سے چونے اور میل کا صاف کرنا "سرتاج منجن" کا ایک معمولی کرشمہ ہے۔

بے مثل فوائد، کم قیمت، نمونہ کی چھوٹی شیشی ۲ کے ٹکٹ بھیجکر طلب کریں بڑی شیشی آٹھ آنہ (۸)

آبنوسی خضاب: صرف ایک شیشی کامل نقائص سے پاک بے ضرر پانچ منٹ میں سفید بالوں کو اصلی بالوں کے مانند سیاہ چمکدار ریشم کے ملائم کرنے والا "آبنوسی خضاب" جس کا رنگ نہایت پختہ ہے قیمت فی شیشی ۱۲ تین شیشی کے بکس کی قیمت ایک روپیہ (عہ) نمونہ مفت۔

سرتاج نور عالم: آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے اکسیر ہے سچے موتی اور جواہرات اس کے نسخے کے جزو اعظم ہیں ضعف بصارت کے لئے بے مثل تحفہ ہے قیمت فی شیشی ۱۲ ماشہ ایک روپیہ (عہ)

ضروری: ایک روپیہ سے کم قیمت فرمائش کی تعمیل بذریعہ وی پی نہیں ہوتی اس لئے کہ کم از کم خرچ ڈاک ۸ ہوتا ہے زائد قیمت کے آرڈر پر محصول کی کفایت ہوتی ہے۔

منیجر سرتاج کمپنی، قریب جامع مسجد ۱۷ دہلی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

مقویات سرتاج عالم

ویدشاستری ...

عربی کا معلم

بالکل مفت

جریان کی شرطیہ دوا ... ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر ہے قبض بالکل نہیں کرتی

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریگنائز کر دیا

... ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال کا ہے پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔

منیجر

محبوب عاشق کے قدموں پر

سودیشی اشیاء استعمال کرو!

بعض جگہ ولایتی ادویات مختلف ناموں سے بنکر ہندوستان میں لاکھوں روپیوں کی اس واسطے بکتی ہیں کہ غلطی سے لوگ یہ جانتے ہیں کہ ان کے مقابل کی دیسی ادویات موجود نہیں ہیں امرت دھارا اوشدھالیہ میں ان کے مقابل کی اشیاء تیار رہتی ہیں اور افادیت انکو ہمیشہ استعمال میں رکھتے ہیں انا ظرین کو چاہیئے کہ وہ بھی انکو نہ صرف خود استعمال کریں۔ بلکہ دوسروں کو اس کی خبر پہنچا دیں!

امرت دھارا لوشن — قیمت ایک روپیہ

امرت دھارا مرہم — قیمت فی ڈبیہ ایک روپیہ

دیسی لوشن — قیمت فی شیشی ایک روپیہ

آرام جان — قیمت ۳۲ گولی ایک روپیہ

امرت دھارا لوزنجز — قیمت ایک ڈبیہ چار آنے

دنت سالٹ — قیمت ... ایک روپیہ

امرت دھارا صابن

میسفوڈین ٹنکچر آیوڈین

امرت دھارا بام

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

نیٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

ہم باوا ز بلند کہتے ہیں کہ آج جو صاحب ہماری بہرا پن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر ایسی مجرب اور مشہور دوا بتلا دیں کہ جس نے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سارٹیفکیٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور نیٹ بہرا پن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں ہی جب چاہیں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والے ٹھگ اور مکاروں سے بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ معہ نام صاف لکھئے۔

کان بہنے، زخم کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، بھنبھنی، ناسور کیڑے پڑ جانے، درد طرح بطرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا۔

بلب اینڈ سنز پبلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصول ڈاک وپیکنگ معاف

ہماری سرمہ ...

کان کی دوا، بلب اینڈ سنز پیلی بھیت

کروروں روپے

تار کا پتہ ... دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے۔ جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے۔)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمایئے

قرص ابیض — یہ دوا مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض ...

اکسیر نسواں — عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں ضعف ...

ملین — یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے قبض سے پیدا ہونے ...

جوہری — مرض آتشک کیلئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے ابتک ہزار ہا مریض اچھے ...

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی

پیشوا کا رسول نمبر مفت

ان حضرات کی خدمت میں پیش کیا جائے گا جو رسالہ پیشوا دہلی کے یکم اکتوبر ۳۲ء تک خریدار ہو جائیں گے رسول نمبر کی ضخامت بڑی تقطیع کے ڈیڑھ سو صفحات سے زیادہ ہے اور پیشوا کا سالانہ چندہ دو روپیہ اور ایک روپیہ ... کے پرچہ میں بھی مقدس مقامات کے فوٹو ہیں ... رسول نمبر کے شائقین فوراً منی آرڈر بھیجیں۔

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

شربت اکسیر

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے!

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

... میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جائیگی۔

جریان ...

پنجاب کے طبیب اعظم

اسسٹنٹ منیجر شاہی مطب پٹیالہ پنجاب

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔ ۶ روپے
ششماہی ۔۔۔ ۳ روپے
سہ ماہی ۔۔۔ ۲ روپے
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔ ۸ روپے
ششماہی ۔۔۔ ۵ روپے
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۶ ۔ ۲۰ ۔ ۲۴ ۔ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ۔۔۔
نصف صفحہ (") ۔۔۔
ایک کالم (") ۔۔۔
½ کالم (") ۔۔۔
¼ کالم (") ۔۔۔

سہ روزہ
یداللہ علی الجماعۃ
الجمعیۃ دہلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

جلد ۱۶ | دہلی ۔ یوم سہ شنبہ ۱۸ / جمادی الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۰ / ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۰

معاصرین کے افکار و آراء

چاک گریباں کا بخیہ (زمیندار)

انگریزی کہتا ہے کہ اسلام کا نام لو ۔۔۔ مسجد میں ۔۔۔

[illegible]

وہی اضطراب انگیز موضوع

[illegible]

صدر اعظم عراق کی ایک اہم تجویز

[illegible]

مساجد کی آزادی

مولانا شوکت علی کی آئیں بائیں شائیں

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسلام بتا چکا ہے کہ مسلمانوں کے دشمن کون ہیں
جنگ خیبر دنیا کے مسلمانوں کو دائمی سبق دیتی رہیگی
دختران اسلام میدان جنگ سے تیر اٹھا کر لاتی ہیں!

یوں تو اسلام اور مسلمانوں کی تمام دنیا دشمن ہے مگر خصوصیت کے ساتھ قرآن عزیز نے یہود و نصاریٰ کو اسلام کا سخت ترین دشمن قرار دیا ہے ۔۔۔

[illegible]

خیبر کی تسخیر اور ۱۶۰۰ مجاہد!

یعنے مدینہ منورہ پر حملہ کر کے اسلام اور مسلمانوں کا کلی استیصال کر دیا جائے ۔
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جو یہودیوں کے اس ارادہ کا علم ہوا تو آپ نے رحمۃ للعالمین کی شان سے یہودیوں کو صلح کرنے پر آمادہ کیا ۔۔۔

[illegible]

دختران اسلام کی عدیم النظیر شجاعت

یہودیوں کے قومی مرکز پر قبضہ

یہودیوں کے ساتھ مسلمانوں کا معاملہ

(باقی ملاحظہ ہو صفحہ ۔۔۔ کالم ۔۔۔)

سورۂ اخلاص کا زندہ معجزہ

ناظرین! اس بندہ فقیر ۔۔۔ سورۂ اخلاص کا ایک نقش عطا فرمایا ۔۔۔

[illegible]

نوٹ (۱) یہ نقش ۔۔۔
نوٹ (۲) اولاد کے لئے طلب کرنے والے اصحاب ۔۔۔
نوٹ (۳) یوم پیدائش ۔۔۔ تاریخ وغیرہ کی ضرورت نہیں ۔
سب اصحاب بلا تمیز مذہب و ملت بشرط وعدہ احترام طلب کر سکتے ہیں بے ادبی کرنے سے نقصان لازم آویگا ۔

صاحبزادہ شیخ الطاف حسین ۔ کوتوالی محلہ صدر بازار ۔ لاہور چھاؤنی

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے ۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے ۔ اس لئے گرائپ واٹر اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو ۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے ۔۔۔ ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے ۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

[illegible]

خاص مجربات

اکسیر قلب ۔ ۔۔۔
تریاق الرحم ۔ ۔۔۔
سوزاک ۔ ۔۔۔
نوٹ ۔ دواخانہ رشیدیہ دیوبند میں ہر قسم کی بہترین ادویہ ۔۔۔ تیار ہوتی ہیں ۔ فہرست مجربات طلب فرما کر ملاحظہ کیجئے ۔
منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

بال جڑ سے کالا

[illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے ۔ منیجر

دہلی کا "آئینہ" دیکھئے

دارالحکومت ہند کا وہ بلند پایہ علمی و ادبی ماہوار رسالہ ہے جو ملک کے مشہور سحر نگار ادیب اور شاعر

سید ابن الحسن صاحب فکر ایم ۔ اے

سابق مدیر "ساقی" ۔۔۔ کی ادارت میں ۔۔۔ شائع ہو رہا ہے ۔ اس کے مضامین تاریخ ، آثار ، ادب ، افسانہ ، فلسفہ ، تفریح ، نظم ، سائنس ، روحانیات ، اخلاق ، معاشرت ، اقتصادیات ، سنیما ، ڈراما اور دیگر علوم و فنون کے تمام شعبوں پر مشتمل ہونگے
پہلا پرچہ ماہ ستمبر کے آخری ہفتہ میں شائع ہوگا
نمونہ مفت طلب فرمائیے

[illegible]

پتہ ۔ منیجر رسالہ "آئینہ" ۔ دریا گنج ۔ دہلی

ہندوستان کب آزاد ہوگا؟

صرف اسی وقت جبکہ فرزندان وطن ایک دل اور یک زبان ہوکر پوری مستعدی اور جانفشانی کے ساتھ کوشش کریں اور ان کے دل اولوالعزمانہ حوصلوں سے لبریز ہوں ۔ روزنامہ "انصاف" آزادی وطن کا سرگرم وکیل ہے ۔ اور اس کا مطمح نظر فرزندان وطن کا اتحاد ہے ۔ اس اخبار نے ایک سال ہی میں اپنے پرزور اور ولولہ انگیز مقالات کی بدولت وہ زبردست شہرت حاصل کر لی جو کسی دوسرے اخبار کو نصیب نہیں ہے ۔ آپ خود خریدار بنئے اور اپنے احباب کو بھی خریدار بنایئے ۔
اس کے مطالعہ سے آپ کو خود ہی معلوم ہو جائیگا کہ "انصاف" کس پایہ کا روزنامہ ہے ۔

چندہ سالانہ ۔۔۔ ششماہی ۔۔۔ سہ ماہی ۔۔۔

(نوٹ) ۳ ماہ سے کم کے لئے اخبار جاری نہیں کیا جاتا ۔

منیجر روزنامہ انصاف پٹکاپور کانپور

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے ۔ مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے ، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۴۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ / علاوہ محصولڈاک ۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے ، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں ۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر
۱ /	۱ /	۲ /	۴ /

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ / علاوہ محصولڈاک

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶ /

ابدی نجات ۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲ /

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کمالین الانتقالیہ چڑھائی گئی ہے ۔ مصری کاغذ اعلیٰ قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ۔۔۔ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی ۔۔۔ فرمائش کے ہمراہ کم از کم ۔۔۔ پیشگی آنا چاہئیں ۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید ایک مشکل سے ملیگا ۔۔۔

[illegible]

ایک روپیہ آٹھ آنے مجلد چرمی نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے ۔۔۔

[illegible]

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ
دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۸ جمادی الاول ۱۳۵۱ ہجری

پورٹ حج کمیٹیوں کے مسودۂ قانون کی منظوری
مسلمانوں کیلئے ایک بدترین اور مضرت رساں قانون

پورٹ حج کمیٹیوں کا مسودۂ قانون جس کا متن ہم کسی دوسری جگہ درج کر رہے ہیں اسمبلی میں منظور کر دیا گیا اور مسلمانان ہند کا وہ تمام احتجاج جو انہوں نے اپنے جلسوں جلوسوں اور دیگر مظاہرات کے ذریعہ اس مسودۂ قانون کے خلاف کیا تھا حکومت اور …

جائے گا اسی طرح وہ کام کر سکے گی۔ ایسی کمیٹی اگر مسلمانوں کی نمائندہ بھی ہوتی تو بھی کچھ نہ کر سکتی تھی چہ جائیکہ وہ کمیٹی مسلمانوں کی مرضی اور منشاء کے خلاف قائم ہو گی اور حکومت کے قواعد و ضوابط اس کیلئے راہ عمل کی تعیین کریں گے۔ پبلک کو …

حکومت کے وسیع اختیارات

صدر کے متعلق منظوری

ایگزیکٹو افسر کا تقرر

کمیٹیوں کی ترکیب

ضمنی قوانین کی منظوری

غیر مفید اور مضرت رساں

مطلق العنانی

قواعد و ضوابط کی تشریح

منتخب شدہ اراکین کی صفات

حوادث و احکام

احترام مساجد کی اصولی بحث

امارت شرعیہ صوبہ بہار و اڑیسہ کا فتویٰ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب کی صحت

حاجیوں کی شکایات

ملازمین کی تقسیم

متفقہ احتجاج

جھوٹی خبریں

اسمبلی کی جانب سے مسلم رائے عامہ کی تذلیل و توہین
حج کے متعلق انتظامات میں سرکاری اراکین اور سرکاری افسروں کی مداخلت
پورٹ حج کمیٹیوں کا جدید قانون

(ترجمہ خصوصی)

پورٹ حج کمیٹیوں کے مسودۂ قانون کے متعلق جو اندیشہ تھا وہی صحیح ثابت ہوا یعنی حکومت نے اپنی جد و جہد سے اس مسودہ کو منظور کرا کے قانون کی شکل میں تبدیل کر دیا۔ اب یہ قانون جس صورت میں منظور ہوا ہے اس کا ترجمہ ہم لفظ بلفظ درج ذیل کرتے ہیں۔ قارئین کرام اس قانون کے متعلق ہماری رائے صفحہ ۳ پر مقالہ افتتاحیہ میں اور اسمبلی کی کارروائی صفحہ ۵ پر ضرور ملاحظہ فرمائیں:—

مختصر عنوان، وسعت اور آغاز

تعریفات

پورٹ حج کمیٹیوں کا قیام

پورٹ حج کمیٹیوں کی ترکیب

نامزدگی، انتخاب اور آپشن

عہدہ کی مدت

جدید کمیٹیوں کی تشکیل

کمیٹیوں کی ترکیب کے متعلق قواعد

صدر اور نائب صدر

پورٹ حج کمیٹی کی ترکیب کو بدلنے کا اختیار

دیگر بندرگاہوں میں پورٹ حج کمیٹی کی ترکیب

(باقی صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیے)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

بیت المقدس میں جدید آبادی
اسلام کے مقابلہ میں یہود و نصاریٰ کا اتحاد

آج کل بیت المقدس کی دو تہائی آبادی فصیل کے باہر آباد ہو گئی ہے۔ اس جگہ متعدد ہوٹل اور کاروباری ادارے کھل گئے ہیں۔ اعلیٰ حیثیت کے لوگ بھی اب تو باہر ہی رہنا پسند کرتے ہیں۔ …

افغانستان میں جدید تمدن کی برکات
منظم فوج، موٹر کاریں اور وائرلیس اسٹیشن

عیسائی کانفرنس میں مشنریوں سے عہد
شادی شدہ مشنری اپنے فرائض خوب ادا کرتے ہیں

سلطان مراکش کے مشاغل
لندن کی آب و ہوا کا اثر

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

حکومت حجاز اور برطانیہ میں جنگ
نجدی افواج کے مقابلہ میں برطانوی افواج کی شکست
حکومت فلسطین کی طرف سے پرزور تردید

عربی اخبارات میں برطانیہ اور سلطان ابن سعود کی جنگ کے سلسلہ میں متعدد خبریں شائع ہوئی ہیں …

عراق میں جدید درسگاہوں کا قیام
بچوں اور عورتوں کیلئے مخصوص مدارس

تحریک وحدۃ عربیہ کا آغاز و انجام
حکومت یمن اور حجاز کا نقطۂ نظر

شرق اردن اور برطانیہ کا معاہدہ
اردنی باشندوں کا پرزور احتجاج

سوڈان میں عیسائی مشنریوں کا جال

دار الحکومت

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ عام

متعدد قرار دادوں کی منظوری

گاندھی جی منگل کو رہا کر دئے جائیں گے

رہائی کو سول نافرمانی میں استعمال نہیں کیا جائیگا

جیل میں سرکردہ لیڈروں کی گاندھی جی سے ملاقات

برلا اور اینڈریوز کے نام گاندھی جی کا تار

میرا فیصلہ خدا کے حکم کی تعمیل میں ہے

گاندھی جی کے صاحبزادہ کا اظہار خیال

غازی محمد عثمان صاحب آزاد کی گرفتاری

اور

مظہر الدین کا پروپیگنڈا

مولانا عارف ہسوی پر مقدمہ

سیاسی سازش کا الزام

ڈاکٹر اسید کرمخلوط انتخاب پر راضی ہو گئے

۲۰ ستمبر کو یوم حج و احترام مساجد و اوقاف منایا جائے

مولانا صغیر احمد صاحب کے مقدمہ کا فیصلہ

نو ماہ قید با مشقت کا حکم

برت کے ساتھ بمبئی کے بازار بند رہینگے

گاندھی جی بر نوٹس تعمیل کیا جائے گا؟

کارکنان جمعیۃ علمائے ہند کے مقدمات کا فیصلہ

جمعیۃ علمائے ہند کے ایک کارکن کی رہائی

غازی محمد عثمان آزاد گرفتار کر لئے گئے

قصبہ پٹرنگیج میں ہندو مسلم تنازعہ

ملتان جیل میں صدر و ناظم جمعیۃ علماء کی ملاقات

جملہ حضرات خوش و خرم ہیں

گاندھی جی کے برت پر مولانا شوکت علی صاحب کا بیان

یہ ہندو مسلم جماعتوں کا سوال ہے

پونڈری کے ہندو مسلم فساد کے مقدمہ کا فیصلہ

سات ہندوؤں کو حبس دوام کی سزا

پورٹ حج کمیٹی کا مسودۂ قانون اسمبلی میں منظور ہو گیا

مسلمانوں کی متفقہ مخالفت کے باوجود حکومت کی ضد

جمعیۃ علمائے ہند کے اعتراضات کا جواب دینے کی کوشش

چودھری ظفر اللہ خاں اور جمعیۃ علمائے ہند

شاہ محمد مسعود صاحب کی تقریر

پورٹ حج کمیٹی کا مسودۂ قانون

ملکی مصنوعات میں افغانستان کی حیرت انگیز ترقی

تمام ملک وطنی مصنوعات کا خیر مقدم کر رہا ہے

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب ڈکٹیٹر دوم

جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

وائسرائے اور والیان ریاست کی کانفرنس

افغانستان میں ٹیلیفون کے سلسلہ کی تکمیل

حکومت اور قوم پرور لیڈروں کے درمیان گفت و شنید کا امکان

گاندھی جی کے ساتھ دیگر کانگریسی لیڈروں کی رہائی کی توقع

تحریک التواء اجلاس واپس لینے کی وجہ

ٹرین کو اڑانے اور ڈاک کو لوٹنے کی کوشش

ایک نوجوان بنگالی کی گرفتاری

اخبار الجمعیۃ کی وقیع خدمات کا اعتراف

حکومت کے قبضہ میں کون کونسی مسجدیں ہیں؟

اسمبلی میں جامع مسجد کا معاملہ پیش ہو گیا

حوادث و احکام

اسمبلی میں آرڈیننس بل پیش ہو گیا

جودھپور میں اسلام دشمنی کا مظاہرہ

دار الحکومت

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسۂ عام
متعدد قراردادوں کی منظوری

دہلی ۱۶ ستمبر۔ آج حسب معمول بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا۔ سب سے اول جناب مولانا ابو الزبیر صاحب فاضل دیوبند نے جمعیۃ علمائے ہند کے ساتویں ڈکٹیٹر حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کا سلام حاضرین جلسہ کو پہنچایا جو کہ حضرت مولانا نے ڈسٹرکٹ جیل دہلی سے کہلا کر بھیجا تھا۔ اس کے بعد آپ نے تحریک صدارت کی اور مولانا محمد عاقل صاحب فاضل دیوبند کا نام نامی پیش کیا جس کی متعدد حضرات نے تائید کی۔

گاندھی جی منگل کو رہا کر دئے جائیں گے
رہائی کو سول نافرمانی میں استعمال نہیں کیا جائیگا
جیل میں سرکردہ لیڈروں کی گاندھی جی سے ملاقات

پونا، ۱۶ ستمبر شملہ سے ایک نہایت معتبر اطلاع موصول ہوئی ہے کہ گاندھی جی منگل کو ایک بجے رہا کر دئے جائیں گے۔ جہاں سے آپ کو کسی بھی مکان میں تبدیل کر دیا جائے گا، جائے قیام کا انتخاب گاندھی جی کی مرضی کے مطابق ہوگا جو تا حال صیغۂ راز میں ہے۔

گاندھی جی کی رہائی اس واضح و صریح شرط کے ماتحت ہوگی کہ وہ اپنے اثر و رسوخ کو سول نافرمانی کی تحریک کے سلسلہ میں استعمال نہ کریں گے۔ یہ شرط انڈیا آفس کی جانب سے انگلستان میں بھی شائع کر دی گئی ہے اس شرط میں یہ فقرہ بھی شامل ہے کہ اگر رہائی کو سول نافرمانی کے سلسلہ میں استعمال کیا گیا تو حکومت ایسی مزید شرائط عائد کرے گی جو اس کی رائے میں حالات موجودہ کے پیش نظر ضروری ہوں گی۔

شملہ، ۱۶ ستمبر لابی حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ چند سرکردہ ہندو لیڈران کو گاندھی جی سے کل ملاقات کی اجازت دیدی جائے گی۔ صبح و شام گاندھی جی سے پست اقوام کی نیابت کے متعلق تبادلۂ خیال کیا جائیگا۔ یقین کیا جاتا ہے کہ اگر بعض دلت نمائندوں کی جانب سے رکاوٹ پیدا کی گئی تو اسی روز کسی متفقہ نتیجہ پر پہنچا جا سکے گا۔

برلا اور انیڈر یوز کے نام گاندھی جی کا تار
میرا فیصلہ خدا کے حکم کی تعمیل میں ہے
گاندھی جی کے صاحبزادہ کا اظہار خیال

کلکتہ، ۱۶ ستمبر کل گاندھی جی کی جانب سے مسٹر برلا کو مندرجہ ذیل تار موصول ہوا ہے: پریشانی اور اضطراب کی کوئی وجہ نہیں بلکہ خوش ہونے کا وقت ہے۔ سب سے زیادہ پامال قوم کی خاطر قربانی پیش کرنے کے لئے خدا داد موقعہ ہاتھ آگیا ہے۔ میرا پختہ خیال ہے کہ روزہ کو ہرگز ملتوی نہ کرنا چاہئے۔ میں آپ کو ہدایات دینے اور آئندہ طریق کار کے متعلق پیشگوئی کرنے سے بالکل معذور ہوں۔

لندن ۱۶ ستمبر سی۔ ایف۔ انیڈر یوز نے گاندھی جی کے نام جو تار ارسال کیا تھا اس کا جواب گاندھی جی کی طرف سے دیدیا گیا ہے آپ نے لکھا ہے کہ میں نے روزہ رکھنے کا فیصلہ خدا کے حکم کی تعمیل میں کیا ہے آپ ہندوستان میں آنے کے بجائے لندن میں ہی رہیں۔

الہ آباد، ۱۶ ستمبر۔ نمائندہ پریس سے دوران ملاقات میں گاندھی جی کے صاحبزادہ دیوداس گاندھی نے کہا کہ وزیر اعظم نے گاندھی جی کے برت (روزہ) کی غرض و غایت پر جو الزام لگایا ہے میں اس کے خلاف احتجاج کرتا ہوں۔ گاندھی جی نے جو اہم قدم اٹھایا ہے وہ میرے لئے رنجدہ ہے لیکن اس سے مجھے تعجب نہیں ہوا جس مقصد کیلئے آپ نے یہ قدم اٹھایا ہے اس پر مجھے پورا اعتماد ہے اور یقین ہے کہ وہ مقصد اس قربانی کا مستحق ہے۔

حکومت اور قوم پرور لیڈروں کے درمیان گفت و شنید کا امکان
گاندھی جی کے ساتھ دیگر کانگریسی لیڈروں کی رہائی کی توقع
تحریک التواء اجلاس واپس لینے کی وجہ

شملہ ۱۶ ستمبر مسٹر رنگا آئر نے گاندھی جی کی مجوزہ مشروط رہائی کے سلسلہ میں کل اسمبلی میں التواء اجلاس کا جو نوٹس دیا تھا وہ آج آپ نے واپس لے لیا ہے۔ بعض قوم پرور حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ اگر تحریک التواء اجلاس پر بحث کی گئی تو ممکن ہے کہ اس سے ان لوگوں کی مساعی میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو جائے جو بے ضابطہ اس سلسلہ میں ارباب حکومت سے گفت و شنید کر رہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ابھی اس امر کا فیصلہ نہیں کیا گیا ہے کہ گاندھی جی رہائی کے بعد کہاں قیام کریں گے غالب ہے کہ گاندھی جی کو اپنی قیامگاہ کے انتخاب کا موقعہ دیا جائے کہ وہ جہاں چاہیں رہیں۔ رہائی کے بعد ملاقاتیوں پر کسی قسم کی پابندی حکومت کی طرف سے عائد نہیں ہوگی البتہ گاندھی جی کی سرگرمیوں پر سختی کے ساتھ نگرانی کی جائے گی۔

افواہ ہے کہ گاندھی جی کی رہائی کے بعد سردار ولبھ بھائی پٹیل، پنڈت جواہر لال نہرو اور دیگر لیڈروں کو بھی رہا کر دیا جائے۔ گاندھی جی بیس ستمبر کو رہا کر دئے جائیں گے اور ۲۰ ستمبر تک باقی کانگریسی لیڈر بھی رہا کر دئے جائیں گے تاکہ وہ آئندہ طریق کار کی نسبت تبادلۂ خیال کر کے کسی مفید نتیجہ پر پہنچ سکیں۔

پورٹ حج کمیٹی کا مسودۂ قانون اسمبلی میں منظور ہو گیا
مسلمانوں کی متفقہ مخالفت کے باوجود حکومت کی ضد
جمعیۃ علمائے ہند کے اعتراضات کا جواب دینے کی کوشش

شملہ ۱۶ ستمبر۔ اجلاس کی کارروائی خلاف معمول صدر جمعیۃ پر اعتماد کی تجویز سے اہم ہو گئی جسے آغا خانیہ اجلاس میں سرکاری لیڈر سر بی۔ این۔ راما سوامی آئر نے پیش کی۔ اس کے بعد سوالات کے سلسلہ میں اراکین نے کسی قدر سرگرمی کا اظہار کیا۔

چودھری ظفر اللہ خاں اور جمعیۃ علمائے ہند

سارڈا ایکٹ کی خلاف ورزی

پنڈت سین کے سوال کے جواب میں ہوم ممبر نے بتایا کہ قانون تحدید سن ازدواج کے ماتحت اس وقت تک کل ۳۳ مقدمات چلائے گئے ہیں جن میں سے پندرہ مقدمات میں سزا دی گئی، دو مقدمات میں قید محض کی سزا دی گئی، دس میں صرف جرمانے کئے گئے اور ایک میں مقامی حکومت نے معاف کر دیا۔

موپلہ قیدیوں پر سوالات

پورٹ حج کمیٹی کا مسودہ قانون

شاہ مسعود احمد صاحب کی ترمیمیں

شاہ محمد مسعود صاحب کی تقریر

ہمیں شاہ محمد مسعود احمد صاحب ایم ایل اے کی وہ تقریر تام و کمال موصول ہو چکی ہے جو موصوف نے قانون حج کی مخالفت میں ارشاد فرمائی تھی۔ ہم انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں اس تقریر کا ترجمہ ہدیۂ قارئین کرام کریں گے۔

ٹرین کو اڑانے اور ڈاک کو لوٹنے کی کوشش
ایک نوجوان بنگالی کی گرفتاری

کلکتہ ۱۶ ستمبر بیان کیا جاتا ہے کہ کھان پور ریلوے سٹیشن پر جو ایسٹرن بنگال ریلوے پر واقع ہے ڈاک کو لوٹنے کی سعی کی گئی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک بنگالی نوجوان جس نے اپنا نام بدھو بھوشن دت بتایا ہے اس سلسلہ میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اس کی گرفتاری کے بعد پولیس نے تحقیق و تفتیش شروع کی چنانچہ اُسے ایک خنجر اور دو بم ریلوے لائن پر پڑے ہوئے ملے تیسرا بم بازار اور دیگر پر پکڑا گیا۔

اخبار الجمعیۃ کی وقیع خدمات کا اعتراف

حکومت کے قبضہ میں کون کونسی مسجدیں ہیں؟
اسمبلی میں جامع مسجد کا معاملہ پیش ہو گیا

اسمبلی میں آرڈیننس بل پیش ہو گیا

جودھپور میں اسلام دشمنی کا مظاہرہ
ایک ہر دل عزیز واعظ کا ریاست سے اخراج

ملکی مصنوعات میں افغانستان کی حیرت انگیز ترقی
تمام ملک وطنی مصنوعات کا خیر مقدم کر رہا ہے

معاصر "اصلاح" کابل میں مندرجہ ذیل اطلاع شائع ہوئی ہے: افغانستان میں استقلال وطن کا جو چودھواں جشن حال میں منایا گیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ افغانی باشندوں میں ملکی مصنوعات کے استعمال کا شوق ترقی پذیر ہے اور وہ اپنے ملک کی ساختہ اشیاء کا پُر جوش خیر مقدم کر رہے ہیں۔

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ڈکٹیٹر دوم
جمعیۃ علمائے ہند کی رہائی

میرٹھ ۸ ستمبر۔ مولانا بشیر احمد صاحب وائس چیرمین میرٹھ ڈسٹرکٹ بورڈ اور ڈکٹیٹر دوم جمعیت علمائے ہند کل صبح میرٹھ ڈسٹرکٹ جیل سے رہا کر دئے گئے۔

وائسرائے اور والیان ریاست کی کانفرنس

۳۰ ستمبر کو یوم حج و احترام مساجد و اوقاف منایا جائے

اس یوم کا پوسٹر جس میں تاریخ بھی درج ہوگی دفتر سے شائع ہوگا لیکن سابق یوم حج کے تجربہ سے معلوم ہوا کہ اکثر جگہ پوسٹر ڈاک سے غائب ہو گئے، اس لئے الجمعیۃ و دیگر اخبارات کی اطلاعات پر کارروائی کی جائے اور پوسٹر نہ پہونچنے کی وجہ سے کارروائی ملتوی نہ ہونی چاہئے۔ تمام مسلمانوں کو کامل اتحاد و اتفاق سے یوم حج احترام مساجد و اوقاف کو کامیاب بنانا چاہئے۔

احقر العباد ابو المحاسن محمد سجاد
قائم مقام ناظم مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند
۱۴ ستمبر ۱۹۳۲ء

غازی محمد عثمان صاحب آزاد کی گرفتاری
اور مظہر الدین کا پروپیگنڈا

مولانا عارف ہسوی پر مقدمہ
سیاسی سازش کا الزام

ڈاکٹر امبیدکر مخلوط انتخاب پر راضی ہو گئے

مولانا صغیر احمد صاحب کے مقدمہ کا فیصلہ
نو ماہ قید بامشقت کا حکم

دہلی ۱۶ ستمبر۔ کل ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں مولانا صغیر احمد صاحب فاضل دیوبند کارکن جمعیۃ علمائے ہند کے مقدمہ کا فیصلہ مسٹر اے ایسراڈ فیل مجسٹریٹ نے سنایا۔ آپ کو ۹ ماہ قید بامشقت کی سزا دی گئی۔

مولانا موصوف کی گرفتاری ۲ ستمبر کو چیف کمشنر دہلی کے نوٹس کی خلاف ورزی کی بنا پر جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں عمل میں آئی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ مجسٹریٹ نے مولانا کو "سی" کلاس دی ہے۔

کارکنان جمعیۃ علمائے ہند کے مقدمات کا فیصلہ

دہلی ۱۶ ستمبر۔ مولوی سید حامد حسین اور مولوی ابو الحسن صاحبان کارکنان جمعیۃ علمائے ہند کو شراب کی دوکان پر پکٹنگ کے جرم میں کل مسٹر اے ایسراڈ فیل مجسٹریٹ دہلی نے پانچ پانچ ماہ قید بامشقت کی سزا دی۔

جمعیۃ علمائے ہند کے ایک کارکن کی رہائی

برت کے ساتھ بمبئی کے بازار بند رہیں گے
گاندھی جی پر نوٹس تعمیل کیا جائے گا؟

گاندھی جی کے برت پر مولانا شوکت علی صاحب کا خیال

پونڈری کے ہندو مسلم فساد کے مقدمہ کا فیصلہ
سات ہندوؤں کو جبس کی سزا

قصبہ پٹ گنج میں ہندو مسلم تنازعہ
عدالت نے معاملہ ہندو مسلم پنچایت کے سپرد کر دیا

غازی محمد عثمان آزاد گرفتار کر لئے گئے

دہلی ۱۵ ستمبر گزشتہ شب تقریباً دس بجے خان صاحب شیخ عبد الواحد صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی ایک جمعیۃ کے ساتھ غازی محمد عثمان صاحب آزاد ایڈیٹر "غازی گزٹ" و صدر جمعیۃ شبان المسلمین کو آپ کے دولت خانہ (واقع احاطہ کالے صاحب) پر گرفتار کر لیا۔ جس وقت پولیس آئی آزاد صاحب سو رہے تھے چنانچہ انہیں جگایا گیا اور نصف گھنٹہ میں آپ پولیس کے ہمراہ جانے کے لئے تیار ہو گئے۔

معلوم ہوا ہے کہ گرفتاری کے وقت کوئی وارنٹ دکھایا نہیں گیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آپ کی گرفتاری جدید آرڈیننس کی دفعہ ۳ کے ماتحت عمل میں آئی ہے۔

جہاں تک معلوم ہو سکا ہے آزاد صاحب نے اپنی علالت طبع کے باعث کسی حیثیت سے موجودہ تحریک میں کوئی حصہ نہیں لیا تھا اور اس طرف تقریباً دو تین ہفتوں سے آپ سخت علیل تھے۔ بظاہر ان کی گرفتاری کا کوئی سبب معلوم نہیں ہوتا۔ البتہ یہ شاہد رہا تھا کہ بحیثیت ذاتی حیثیت سے ان کے خلاف ہیں جو وہ سرکاری حلقوں میں خفیہ طور پر ان کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے تھے جس کا نتیجہ یہ گرفتاری ہے۔

ملتان جیل میں صدر و ناظم جمعیۃ علماء سے ملاقات
جملہ حضرات خوش و خرم ہیں

پورٹ حج کمیٹیوں کا جدید قانون

(بسلسلہ صفحہ ۵)

قواعد متعلق صدر و نائبین صدر

دفعہ ۱۲ (۱) لوکل گورنمنٹ ایسے قواعد بنا سکتی ہے!

(الف) جن میں صدر کے عہدہ کی مدت متعین کی جائے۔

(ب) صدر کے اختیارات و فرائض کی تعیین کی جائے۔

(ج) صدر کے استعفے کے متعلق ضابطہ بنایا جائے۔

(د) وہ وجوہ مقرر کی جائیں جن کی بنا پر کسی صدر یا نائب صدر کو علیحدہ کیا جا سکتا ہے اور ان کی علیحدگی کا ضابطہ بنایا جائے۔

(ہ) صدر کی خالی جگہ کو پُر کرنے کا طریقہ بنایا جائے اور اس قسم کی جگہوں کو جو لوگ پُر کریں ان کی مدت متعین کی جائے۔

ضمنی قوانین متعلق صدر و نائبین صدر

دفعہ ۱۳ (۱) پورٹ حج کمیٹی لوکل گورنمنٹ کی اجازت حاصل کرنے کے بعد ایسے ضمنی قوانین بنا سکتی ہے:-

(الف) نائبین صدر کے عہدوں کی مدت متعین کی جائے۔

(ب) نائبین صدر کے اختیارات و فرائض بنائے جائیں اور نیز صدر کے بھی وہ اختیارات و فرائض مقرر کئے جائیں جو دفعہ ۱۲ کے ماتحت تو اعد و ضوابط میں موجود نہ ہوں۔

پورٹ حج کمیٹیوں کے فرائض

پورٹ حج کمیٹیوں کے عہدہ دار اور ملازمین

عہدہ داروں اور ملازمین کی نگرانی

حج فنڈ

عہدہ داروں اور ملازمین کی تنخواہ وغیرہ

کمیٹیوں کے اجلاس اور کارروائی

ضمنی قوانین

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

سچے موتی کی سی آب

سر تاج منجن صرف چند یوم استعمال کیجیے اور بے عیب دانتوں میں سچے موتی کی سی آب و تاب قابل رشک صفائی کا مشاہدہ کیجیے "سر تاج منجن" دانتوں کے درد و مسوڑھوں کے پھول جانے، خون پیپ نکلنے اور بہت ایسے خطرناک عوارض کیلئے اپنے جادو اثر فوائد میں بے نظیر ہے۔

ہلتے دانتوں کا جما نا (بشرطیکہ دانتوں نے جڑ نہ چھوڑی ہو) رگوں سے چونے اور میل کا صاف کرنا "سر تاج منجن" کا ایک معمولی کرشمہ ہے۔

بے مثل فوائد کر قیمت نمونہ کی چھوٹی شیشی ۲ر کے ٹکٹ بھیجکر طلب کریں بڑی شیشی آٹھ آنہ (۸ر)

آبنوسی خضاب صرف ایک شیشی کامل نقائص سے پاک بے ضرر پانچ منٹ میں سفید بالوں کو اصلی بالوں کے مانند سیاہ، چمکدار، ریشم کے ملائم کرنے والا "آبنوسی خضاب" جس کا رنگ نہایت پختہ ہے قیمت فی شیشی ۲ بس شیشی کے بکس کی قیمت ایک روپیہ (عہ) نمونہ مفت

سرمہ نور عالم آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے اکسیر ہے سچے موتی اور جواہرات اس کے نسخے کے جزو اعظم ہیں ... کے لئے بے مثل تحفہ ہے قیمت فی شیشی مع ماشہ ایک روپیہ (عہ)

ضروری ایک روپیہ سے کم قیمت فرمائش کی تعمیل بذریعہ وی پی نہیں ہو گی اس لئے کہ کم از کم خرچ ڈاک ۸ر ہوتا ہے زائد قیمت کے آرڈر پر محصول کی کفایت ہوتی ہے۔

منیجر سر تاج کمپنی قریب جامع مسجد ۲۱ دہلی

لاکھوں روپیہ کی سالانہ آمدنی وہ تاجر پیدا کرتے ہیں جو تمام دنیا کے ملکوں کو الائچی خورد، سیاہ مرچ، ہلدی، لونگ، سونٹھ، سپاری، جائفل وغیرہ جو دنیا بھر میں محض ہندوستان کے زرخیز علاقہ جات میں کثرت سے پیدا ہوتی ہیں مہیا کرتے ہیں ...

ایس۔ ایل سود اینڈ برادرس۔ ایجنٹس ڈسٹرکٹ بٹیالہ اسٹریٹ لاہور

آسمان طبابت پر عالیجناب شمس الاطباء کی نور پاشیاں

مخزن حکمت ... مخزن مرکبات ... مخزن المفردات ... تاریخ الاطباء ... مخزن العلاج ...

ملنے کا پتہ: مطبع و کتب خانہ جناب شمس الاطباء بیرون بھاٹی گیٹ لاہور

پیشوا کا رسول نمبر مفت

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

انجمن حمایت الاسلام لاہور کا مبارک عزم
لاہور میں اسلامیہ گرلز ہائی سکول کی ضرورت

روایات اسلام کی رو سے مسلمان مردوں اور عورتوں پر حصول تعلیم یکساں لازم ہے لیکن اعداد و شمار بتا رہے ہیں کہ مسلمان عورتیں تعلیمی ترقی میں بہت ہی پیچھے ہیں جب مسلمان مرد ہی صرف چار فیصدی تعلیم یافتہ ہیں تو مسلمان عورتوں کی تعلیمی حالت کا کیا ٹھکانا ہوگا۔

لاہور میں اگر ... سرکاری غیر سرکاری گرلز ہائی سکول موجود ہیں لیکن مسلمان لڑکیاں ان سے فیضیاب نہیں ہو سکتیں۔ ذیل کے امور قابل توجہ ہیں۔

۱- یہ سکول شہر سے اتنے فاصلے پر ہیں کہ پردہ نشین مسلمان لڑکیاں ...

جامع قاسمیہ مراد آباد کا جلسہ
چند اہم تجاویز کی منظوری

مقویات سرتاج عالم

عربی کا معلم

بال جڑ سے کالا

بالکل مفت

صد ہا مرضوں کی ایک دوا

محبوب عاشق کے قدموں میں

سورۂ اخلاص کا زندہ معجزہ

صاحبزادہ شیخ الطاف حسین، کوتوالی محلہ صدر بازار، لاہور چھاؤنی

عقائد اسلام اردو

دار الاشاعت تفسیر حقانی، بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶ — تار کا پتہ "میڈیسن" دہلی

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانے کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے۔ جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمایئے

جوہری	ملین	اکسیر سوال	قرص حیض

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سہ روزہ
الجمعیۃ
دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
سہ ماہی ... ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (") ...
ایک کالم (") ...
½ کالم (") ...
¼ کالم (") ...

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم سہ شنبہ ۲۲ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۱

معاصرین کے افکار و آراء

کام کرنیوالے کہاں سے آئیں؟ (مدینہ)

معاصر ہمدم لکھنؤ نے ... ہمارے ان تبصروں کے لب و لہجہ پر سرزنش کرنے کی زحمت گوارا کی ...

وفاداری بشرط استواری اصل ایمان ہے
مرے بتخانے میں تو کعبہ میں گاڑو برہمن کو

گاندھی جی کیساتھ مسلم زعماء کو بھی رہا کیا جائے (زمیندار)

پورٹ حج کمیٹی کا مسودہ قانون (ملت)

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ہندوستانی مسلمان اہل عرب کی نظر میں
ہم کیا ہیں اور دوسرے لوگ ہمیں کیا سمجھتے ہیں!

چین کے مسلم علماء اور علم حدیث
چینی زبان میں بخاری شریف کے ترجمہ کا عزم

ایک جہانیاں جہاں گشت ترک کی سیاحت
ترکی اور حجاز پر لطیف تبصرہ

اسپین کی جامع اعظم کا سرکاری معائنہ
یعنی مسلمانوں کے مطالبہ کی تکمیل؟

حکومت یمن نے گراموفون کا استعمال ممنوع قرار دیدیا
حدیدہ کی بندرگاہ میں روسی تیل اور قند کی درآمد

خرطوم سے جبل اولیا تک ریلوے لائن کی تعمیر

چائینہ سبز چاء نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں
نرخ فی سیر پختہ ... بیوپاری بھی خط و کتابت کریں
حاجی غلام محبوب جنرل مرچنٹ قصہ خوانی پشاور شہر

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
CASTOPHEN MAFG Coy.
P. BOX 88. BUNDER ROAD KARACHI.

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کر دیا
سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز نے ... سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم شائستگی اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی اور ڈی۔ سی۔ ہر دو قسم کا بجلی کا مکمل سامان موجود ہے اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریکگنائز بھی کر دیا ہے ہر قابلیت کے طلبا کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال کا ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔
منیجر

مسلمان کیا چاہتے ہیں؟
ترقی اور با عزت زندگی لیکن اس کے لئے صحیح رہنمائی کی ضرورت ہے اور روزنامہ الانصاف مسلمانوں کی صحیح رہنمائی کے لئے اس وقت سارے ہندوستان میں مشہور ہو رہا ہے۔ بڑے بڑے لیڈروں، موقر اخباروں اور ملک کے صائب الرائے طبقہ کا متفقہ فیصلہ ہے کہ روزنامہ الانصاف اصابت رائے، زور تحریر اور تعلیم مسلمین اپنی آپ ہی نظیر ہے صرف تین مہینے کے لئے اسکے خریدار بنئے۔ آپکو خود تجربہ ہو جائیگا۔ الانصاف روزانہ خبروں کا بہترین اور تازہ ترین ذخیرہ شائع کرتا ہے اور اسکے پڑھنے کے بعد پھر کسی دوسرے اخبار کے مطالعہ کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی۔
چندہ سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...
منیجر روزنامہ الانصاف پٹکاپور کانپور

خاموش تبلیغ
یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے۔ حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲/ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب
اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔
تعلیم الاسلام کا قاعدہ ۱/، تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر ۱/، تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر ۲/، تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر ۳/
تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵/ علاوہ محصولڈاک۔
علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶/
ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲/
ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید بترجمہ اور بغیر ترجمہ شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت، طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد ... ناظرین الجمعیۃ کے لئے ... علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی ... فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید مصری اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا آج تک ہندوستان کے بازاروں میں ... قرآن مجید ... ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور با محاورہ ہے ... علاوہ محصولڈاک ...
ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

ایم۔ مجید اینڈ سنز ... بلیماران۔ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ
دہلی
یوم شنبہ ۲۲ جمادی الاول ۱۳۵۱ ہجری

مخلوط انتخاب اور مسلمان

انقلاب کا ایک ظاہر و باہر حقیقت سے انکار

وزیراعظم کے فرقہ وارانہ اعلان کی اشاعت کے بعد تمام دنیا پر یہ حقیقت منکشف ہو چکی ہے کہ مسلم کانفرنس اور اس کے ہمنواؤں نے صرف جداگانہ انتخاب پر زور دیکر مسلمانوں کے تمام بنیادی حقوق کو تباہ و برباد کر دیا اور انہیں ہندوستان کے ہمیشہ ہمیشہ ذلت و نکبت کی زندگی گزارنے پر مجبور کر کے بہت بڑی "قومی خدمت" انجام دی۔ اگر مسلم کانفرنس والے جداگانہ انتخاب ہی کو اپنے مطالبات کا لب لباب نہ بنا لیتے اور مخلوط انتخاب کی بنیاد پر ہر فارمولے و فرقہ پیش کئے گئے…

کانفرنس والے۔ اگر انقلاب اور اس کے ہمنوا اخبارات…

سکھوں اور ہندوؤں کی پوزیشن

مسلمانوں کی بیداری

عجیب منطق

اقلیت والے صوبوں کا معاملہ

گاندھی جی کا برت

یوم حج

یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

فیصلہ جمعیۃ علمائے سندھ کا اعلان

ریاست الور کے مظالم اور مظلومین الور کے حالات کی تحقیقات

پناہ گزینوں کی صحیح تعداد ان کی شکایات اور ترک وطن کے اسباب

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے وفد کی مکمل رپورٹ

تحقیقات میں رکاوٹیں

ہمیں اس سلسلہ میں نہایت افسوس کے ساتھ ان رکاوٹوں اور دشواریوں کا بھی ذکر کرنا ہے جو ہماری راہ میں پیدا کی گئیں اور جن کی وجہ سے ہمیں تحقیق حالات میں نہایت صبر آزما مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔…

پناہ گزینوں کی تعداد

اصل تحقیق طلب

"کوئی بات نہ بتاؤ"

تحقیقات کا طریقہ اور وسائل

ایک معاملہ نمونہ

مسودۂ حج کے خطرناک نقائص

رائے عامہ معلوم کرنے کے لیے مسودہ کو شائع کرنے سے گریز

شاہ مسعود احمد صاحب کی پرزور تقریر

(نامہ نگار خصوصی)

اسمبلی میں پورٹ حج کمیٹی کے مسودۂ قانون کو مسلم اراکین نے مسلم رائے عامہ کی زبردست مخالفت کے باوجود جس طرح منظور کرایا، اس کی خطرناکی کا اندازہ قارئین کرام کے ملاحظہ سے گزر چکا ہے۔ اس معاملہ پر شیخ صادق حسین صاحب اور شاہ محمد مسعود احمد صاحب کے سوا کسی مسلم رکن اسمبلی کو یہ توفیق نہ ہوئی کہ وہ جرأت کے ساتھ اس مسودہ کی مخالفت کرتا۔ شاہ محمد مسعود احمد صاحب نے متعدد ترمیمیں پیش کی تھیں لیکن وہ تمام ترمیمیں حکومت کی ضد اور مسلم اراکین کی مخالفت کے باعث منظور نہ ہو سکیں۔…

کمیٹیوں کے اراکین کی تعداد

حکومت کی بے جا مداخلت

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

روس میں جدید عالیشان شہروں کی تعمیر

دو سال کے اندر تمام ملک کی کایا پلٹ

یورپ میں ترکی آثار کا انکشاف

مغرب میں سیاسی لوٹ کھسوٹ

روس میں انقلابی سالگرہ کی تیاریاں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم سہ شنبہ ۲۴ رجمادی الاول ۱۳۵۱ ہجری

مخلوط انتخاب اور مسلمان

انقلاب کا ایک ظاہر و باہر حقیقت سے انکار

وزیراعظم کے فرقہ وارانہ اعلان کی اشاعت کے بعد تمام دنیا پر یہ حقیقت منکشف ہو چکی ہے کہ مسلم کانفرنس اور اس کے ہمنواؤں نے صرف جداگانہ انتخاب پر زور دیکر مسلمانوں کے تمام بنیادی حقوق کو تباہ و برباد کر دیا اور انہیں ہندوستان کے ہر صوبہ میں ذلت و نکبت کی زندگی گزارنے پر مجبور کر کے بہت بڑی "قومی خدمت" انجام دی ...

کانفرنس والے، اگر انقلاب اور اس کے نقال اخباروں کے ایڈیٹر، اگر شفاعت احمد خاں اور سر محمد یعقوب، مخلوط انتخاب اور حق رائے دہی بالغان کی مخالفت نہ کرتے اور یہ مسئلہ متفقہ طور پر فرنچائز کمیٹی کے سامنے پیش کیا جاتا تو کیا وہ تجاویز جن کا حوالہ آج انقلاب دے رہا ہے اسی طرح ہوتیں جیسی کہ اس وقت موجود ہیں ...

گاندھی جی کا برت

یوم حج

سکھوں اور ہندوؤں کی پوزیشن

مسلمانوں کی بیماری

عجیب منطق

اقلیت والے صوبوں کا معاملہ

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) جو جانور غیر اللہ کے نام زد کر کے چھوڑ دیا جائے تو وہ حلال ہے یا کہ حرام۔
(۲) اور وہ بسم اللہ اللہ اکبر سے ذبح ہو سکتا ہے یا کہ نہیں؟

الجواب

جو جانور غیر اللہ کے نام زد کر کے چھوڑ دیا اور کرم لیتے سے جانور کو آزاد کر دیا اگرچہ ناجائز ہے ...

حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی
مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

الجواب

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی
الجواب صحیح: سید محمد یوسف عفی عنہ
مدرسہ امینیہ دہلی

یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو تمام ہندوستان میں عام مظاہرہ

حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب ناظم مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند نے بذریعہ پریس حسب ذیل اعلان کیا ہے:

"حکومت نے حج بیت اللہ کی راہ میں مشکلات پیدا کرنے کے لئے تین مسودات قانون اسمبلی میں پیش کئے تھے جن کے خلاف، ارجون ۱۹۳۲ء کو ہر جگہ عام مظاہرے ہوئے اور ان تمام مسودات کو ناقابل برداشت اور مذہبی مداخلت قرار دیا گیا ...

"۳۰ ستمبر کو عام مظاہرہ کر کے حکومت ...

ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند کا اعلان

حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب سنبھلی ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علمائے ہند کا ایک مفصل بیان ...

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

روس میں جدید عالیشان شہروں کی تعمیر

دو سال کے اندر تمام ملک کی قلب ماہیت

بوڈاپسٹ میں ترکی آثار کا انکشاف

دیواروں پر ترکی شہزادوں کی تصاویر

مغرب میں سینما کی پوجا

روزانہ دو کروڑ حاضری کا اوسط

روس میں انقلابی سالگرہ کی تیاریاں

سینماؤں میں انقلابی حوادث کا مظاہرہ

ریاست الور کے مظالم اور مظلومین الور کے حالات کی تحقیقات

پناہ گزینوں کی صحیح تعداد، ان کی شکایات اور ترک وطن کے اسباب

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے وفد کی مکمل رپورٹ

تحقیقات میں رکاوٹیں

امور تحقیق طلب

تحقیقات کا طریقہ اور وسائل

"ہر مسلمان کو الور کا ایجنٹ سمجھو"

مسودہ حج کے خطرناک نقائص

رائے عامہ معلوم کرنے کے لیے مسودہ کو شائع کرنے سے گریز

شاہ مسعود احمد صاحب کی پر زور تقریر

(نامہ نگار خصوصی)

اسمبلی میں پورٹ حج کمیٹیوں کے مسودہ قانون کو مسلم اراکین نے مسلم رائے عامہ کی زبردست مخالفت کے باوجود جس طرح منظور کرایا اس کی شرمناک داستان قارئین کرام کے ملاحظہ سے گزر چکی ہے ...

کمیٹیوں کے اراکین کی تعداد

"کوئی بات نہ تھا"

حکومت کے وسیع اختیارات

ایک سفاکانہ وظالمانہ قدم

(باقی آئندہ)

اخبارات کے نمائندوں کو گاندھی جی کا بیان

برت کے اسباب اور مذہب و سیاست سے اسکا تعلق

کہ مجھے دھوکا دیا جا رہا ہے ...

میری زندگی کی کوئی حقیقت نہیں

میں ان تمام شبہات کو رد کرتا ہوں جو ظاہر کئے گئے ہیں اور ... خلاف ... انتباہ کرتا ہوں۔ میں اپنی زندگی کی کوئی حقیقت نہیں سمجھتا ...

خود بنی نوع انسان کا خاندان اس کام میں میری مدد کرے گا ...

پونا ۲۰ ستمبر ... یروودا جیل میں گاندھی جی نے ... سے ایک گھنٹے تک ملاقات کی۔ گاندھی جی نے کہا کہ ... ایک ... وزیر ... کے بعد ... نے تصنیف کی ... اپنا برت شروع کر دیا۔ اس عہد کے معنی حسب ذیل ہیں:

"اے مسافر بیدار ہو اور اپنا بستر چھوڑ دے، کیونکہ صبح ہو چکی ہے۔ رات ختم ہو گئی ہے۔ تو اب تک کیوں پڑا سو رہا ہے؟ وہ شخص جو بیداری کے وقت سوتا رہتا ہے اس کو اپنی بدنصیبی پر آنسو بہانے پڑتے ہیں اور وہ شخص جو جاگتا رہتا ہے اپنے دل کی مراد حاصل کر لیتا ہے"

گاندھی جی نے اپنی حالت سے اس کی مطابقت کرتے ہوئے کہا "جب صبح ہو گئی تو خدا نے مجھے غافل نہیں پایا ..."

برت کی مذہبی حیثیت

میری تقلید میں برت رکھو

نشستوں کی تفصیل

ترقی کا راستہ

میر انصب العین

کلکتہ کے ایک نوجوان کا عہد

شاہ مسعود احمد صاحب کی پُر زور تقریر

کمیٹیوں کی ترکیب

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت — مخصوص معاونین کا شکریہ

گاندھی جی کے برت کا آغاز اور ہندو اچھوت کانفرنس کی کامیابی

ڈاکٹر امبیدکر اور ہندو لیڈروں کے درمیان سمجھوتہ ہو گیا

تمام ہندوستان میں ہلچل اور وزیر اعظم کے اعلان کا انتظار

آج ۲۰ ستمبر گاندھی جی کے برت کا تیسرا دن ہے۔ تمام ہندوستان میں زبردست اضطراب و ہیجان پھیلا ہوا ہے۔ ملک کے گوشے گوشے سے مظاہروں کی بے شمار اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ... گاندھی جی کے برت پر جلسے ہوئے ہیں ... مختلف مقامات پر ہندوؤں نے اچھوتوں کے لئے اپنے مندروں کے دروازے کھول دئے ہیں ...

گزشتہ شب اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بمبئی میں جو ہندو کانفرنس منعقد ہو رہی تھی وہ ایک نتیجہ پر پہنچ گئی ہے اور ڈاکٹر امبیدکر کے ساتھ سمجھوتہ کر لیا گیا ہے ... جن میں سر تیج بہادر سپرو، مسٹر جیکر، راجگوپال اچاریہ، بابو راجندر پرشاد، مسٹر جی۔ ڈی۔ برلا اور مسٹر دیوداس گاندھی ... ڈاکٹر امبیدکر نے ... گفتگو کرنے سے انکار کر دیا ...

اس مرحلہ کے بعد سب سے پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ گاندھی جی کا برت کس طرح ختم ہو گا ... جب تک وزیر اعظم ... فیصلہ کی تبدیلی کا اعلان نہیں کریں گے ... وزیر اعظم کے جدید اعلان کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

سابرمتی آشرم میں تقلید

سمجھوتہ ہو گیا

سمجھوتہ کس بنا پر ہوا

مسلمان اچھوتوں کی علیحدگی پر ہرگز زور نہ دیں — جمعیۃ علماء ہند کے ڈکٹیٹر کا بیان

گاندھی جی رہا نہ کئے جائیں گے — انہیں یروودا جیل ہی میں رکھا جائے گا — ہوم ممبر کا بیان

گورنر بمبئی سے ڈاکٹر امبیدکر کی ملاقات

گاندھی جی سے ہندو لیڈروں کے وفد کی ملاقات — نقطۂ نگاہ کی توضیح

گاندھی جی کے نام ڈاکٹر ٹیگور کا تار

دہلی کے ارکی منڈا اچھوتوں کیلئے کھول دئے گئے

یورپینوں کی اجتماعی کاوش کا نتیجہ

دار الحکومت سے

غازی محمد عثمان صاحب آزاد کی صحت

جیل میں آپ کے ساتھ بہتر سلوک نہیں کیا جاتا

معلوم ہوا ہے کہ غازی محمد عثمان صاحب آزاد ایڈیٹر قومی گزٹ جنہیں گزشتہ ہفتہ آرڈیننس کی دفعہ ۴ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا اور جو گرفتاری کے وقت سخت علالت پر پڑے ہوئے تھے ... ڈسٹرکٹ جیل میں پہنچنے کے بعد اور زیادہ علیل ہو گئے ہیں اور چند یوم سے آپ کو کھانسی کی سخت شکایت ہے جس کا باعث رات کو آرام کرنا قطعاً غیر ممکن ہو گیا ہے اور حالت نہایت تشویشناک ہے۔ ایسی صورت میں یہ امر اور بھی زیادہ فکر کا موجب ہے کہ جیل کے اندر آپ کے ساتھ وہ سلوک نہیں کیا جا رہا ہے جو موجودہ حالات میں ناگزیر ہے۔ آزاد صاحب کو بعض شبہ کی بنا پر آرڈیننس کی دفعہ ۴ کے ماتحت زیر حراست رکھا گیا ہے ان پر کوئی جرم ثابت نہیں ہے ...

سودیشی نمائش دہلی کا افتتاح

مولوی کریم اللہ صاحب کی رہائی

مولانا محمود احمد صاحب ۲۷ ستمبر کو رہا ہونگے

صدر سودیشی لیگ دہلی کا برت

درگاہ خواجہ سید حسن رسول نما میں اکیسویں شریف

مشترکہ بورڈ کے نئے عہدیداروں کا انتخاب

جمعیۃ علمائے دیوبند کا عظیم الشان جلسہ

علمائے کرام کی زبردست تقریریں اور قراردادوں کی منظوری

دیوبند ۱۸ ستمبر ... جمعیۃ العلماء دیوبند کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا الحاج محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علمائے ہند جامع مسجد دیوبند میں منعقد ہوا جس میں حسن اتفاق سے مولانا بشیر احمد صاحب ... ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند، مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی ڈکٹیٹر سوم، مولانا مفتی محمد نعیم صاحب لدھیانوی ڈکٹیٹر ہفتم بھی تشریف لے آئے تھے ... ان تمام حضرات نے آزادی ہند کا ... نہایت ... تقریریں کیں ...

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب کی صحت کیلئے دعا

امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب کے پاؤں کی تکلیف ابھی تک جاری ہے اس لئے قارئین کرام سے استدعا ہے کہ آپکی صحت کیلئے دعا فرمائیں۔

مولانا بشیر احمد صاحب نے کوئی بیان نہیں دیا

ایک خبر کی تردید

حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب رہا کر دئے گئے

صوبہ دہلی میں داخل نہ ہونیکا نوٹس

دہلی میں گاندھی جی کے برت پر عظیم الشان جلسہ

شملہ میں ہندوؤں کا عام برت — ہندو لیڈر نے اچھوتوں کا کام کیا

فرقہ وارانہ فیصلہ مسلمانوں کیلئے سخت نقصان دہ ہے — ڈاکٹر انصاری اور مسٹر شروانی کا بیان

مسلمانان گیا کا عظیم الشان جلسہ

مسلم ارکین اسمبلی کو مطالبہ

بمبئی میں ہندو لیڈروں اور اچھوتوں کی کانفرنس — دوستانہ گفت و شنید

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ عام

شراب پر پکٹنگ کرنے والے رضاکاران جمعیۃ العلماء کی گرفتاری

کانفرنس کا دوسرا اجلاس

اسمبلی میں آرڈیننس بل پیش ہو گیا

چین میں پھر خانہ جنگی شروع ہو گی

جمعیۃ علمائے سہارنپور کے ڈکٹیٹر دوم کا تقرر

لاہور کا سب سے بڑا مندر کھول دیا گیا

سہارنپور کے ڈکٹیٹر اول کا مقدمہ

ملتان جیل سے سیالکوٹ کے ایک مسلم تاجر کی رہائی

حضرات علماء کرام کا تذکرہ

ملتان ۱۸ ستمبر ... سید جعفر شاہ صاحب تاجر سیالکوٹ جنہیں سیالکوٹ کے ڈکٹیٹر مجلس احرار ہونے کی حیثیت سے تحریک کشمیر کے سلسلہ میں ایک سال قید بامشقت پانچ سو روپیہ جرمانہ وبصورت عدم ادائیگی جرمانہ ... زندان میں بند کر دیا گیا تھا۔ آج ... ملتان جیل سے رہا ہو کر اپنے شہر سیالکوٹ جا رہے ہیں۔ آپ نے اپنی رہائی پر حسب ذیل بیان دیا ہے:

"میں تحریک کشمیر میں جس کی بنیاد ستم رسیدہ اور مظلوم انسانوں کی حمایت پر تھی ... ایک سال قید و بند کی زندگی بسر کرنے کے بعد رہا ہو کر آ رہا ہوں ..."

بہاول پور میں ایک دلچسپ مقدمہ
عدالت میں نکاح فسخ مرزائیاں پر مدلل بحث

فسخ نکاح کا وہ معرکۃ الآرا مقدمہ جو اسلامیان ہند کی توجہ کا جاذب بنا ہوا ہے … ججی صاحب بہاولپور کی عدالت میں پیش ہوا اور شہادت شرعی کے لئے ہندوستان و پنجاب کے نامور فضلا تشریف لائے تھے جن میں حضرات ذیل قابل ذکر ہیں :-

(۱) اعلیٰ حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہ العالی (۲) حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن صاحب دیم مجدہٗ (۳) حضرت مولانا محمد نجم الدین صاحب پروفیسر اورینٹل کالج لاہور (۴) حضرت مولانا شفیع صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند (۵) حضرت مولانا عبداللطیف صاحب ناظم مظاہر العلوم سہارنپور (۶) حضرت مولانا محمد اسعد اللہ صاحب مدرس مظاہر العلوم (۷) مولانا محمد حبیب اللہ صاحب کلرک امرتسر۔

تقریباً سات بجے صبح عدالت کا اجلاس شروع ہوا کمرۂ عدالت کھچا کھچ بھرا ہوا تھا اور سامعین کمرے میں بھی سامعین سے پر تھے معززین و حکام شہر کے لئے کرسیوں کا انتظام کیا گیا تھا پولیس کی کافی تعداد موجود تھی ایک سب انسپکٹر صاحب پولیس بھی انتظام کے لئے موجود تھے ریاست کے مختلف شہروں اور ریاست کے قرب و جوار سے بہت سے حضرات سماعت مقدمہ کے لئے تشریف لائے تھے …

… بیان کے اختتام پر مسٹر جلال الدین مرزائی نے جرح شروع کی … احمد رضا خاں بریلوی نے کفر کا فتویٰ دیا ہے۔ مفتی صاحب نے …

اس کے بعد مولانا نے فرمایا کہ مرزا صاحب نے بہت سی ضروریات دین کا انکار اور موجبات کفر کا ارتکاب کیا ہے … اس کے بعد مولانا نے فرمایا کہ اس وقت تک میں نے یہ ثابت کیا ہے کہ مرزا صاحب نے بہت سی ضروریات دین کا انکار کیا ہے اور ضروریات دین کا انکار کرنا کفر ہے …

انجمن نو مسلم تبلیغ الاسلام آگرہ کا سالانہ اجلاس
مظہر الدین کی بجائے مفسد دین کے نعرے

۱۸ و ۱۹ ستمبر ۱۹۳۲ء کو انجمن نو مسلم تبلیغ الاسلام آگرہ کا سالانہ اجلاس حضرت کشفی شاہ نظامی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مختلف مقررین نے تقریریں فرمائیں۔

جناب مولانا سید خلیق احمد صاحب کھوری نے دوران تقریر میں ریاست الور کی مسلم رعایا کی مظلومیت کا تذکرہ کرتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کی سچی رہنمائی کا اعتراف کیا اور جمعیۃ کے مسلک کو روشن الفاظ میں بیان کیا اور مسلمانان آگرہ کو دعوت دی کہ جمعیۃ علماء ہند کی خدمات جلیلہ کی قدر کریں کیونکہ مسلمانان ہند کی یہی ایک نمائندہ جماعت ہے اور یقیناً یہی وہ جماعت ہے جس نے تاریخ اسلام کے اوراق کو سنہری الفاظ سے مزین کیا ہے اور عہد ماضی کے اسلامی کارناموں کو مذہبی و عملی طور پر دنیائے اسلام کے سامنے پیش کیا ہے … اجلاس میں مسلمانوں کا بہت شاندار اجتماع تھا اور معلوم ہوا کہ مظہر الدین نے …

(ضلع کریم نگر اور گورنڈ (ضلع میدک) میں اس کو فروغ حاصل ہوا۔ کاریگر جو کاغذی کے لقب سے مشہور تھے تمام مسلمان تھے اور اس وقت تک بھی یہ صنعت کلیۃً مسلمانوں ہی کے ہاتھ میں ہے۔ ابتداءً کاغذ کی تیاری کے لئے سن کی فرسودہ رسیوں اور تھیلیوں سے خام مواد کا کام لیا جاتا تھا … غرض اس طرح جو کاغذ تیار ہوتا تھا وہ پائدار اور دیسی قلموں اور قدیم روشنائی …

مسلمانان دربھنگہ کا جلسہ

حیدرآباد میں صنعت کاغذسازی
سر رشتہ معلومات عامہ سرکار عالی کی اطلاع

سرکار عالی کی توجہ کے متعلق ایک مضمون شائع ہوا ہے لہٰذا اطلاع عام کی غرض سے حسب ذیل بیان شائع کیا جاتا ہے۔
ریاست میں دستی صنعت کاغذ کا آغاز عہد مغلیہ سے شروع ہوا چنانچہ اندازاً کاغذی پورہ دولت آباد (ضلع اورنگ آباد) میں اس کی ترویج ہوئی اور اس کے بعد …

اگر تندرستی برقرار رہے تو زندگی بیکار ہے!
شربت اکسیر
آپ اشتہارات دیکھتے دیکھتے بدگمان ہو گئے ہوں تو بیشک بجا ہے مگر ایک دفعہ شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے
ملنے کا پتہ۔ ایس۔ آر۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی کوٹھی نمبر ۲ لوئر اسٹریٹ کلکتہ

محبوب عاشق کے قدموں میں

پیشوا کا رسول نمبر مفت
ان حضرات کی خدمت میں پیش کیا جائے گا جو رسالہ پیشوا دہلی کے یکم اکتوبر ۳۲ء تک خریدار ہو جائیں گے رسول نمبر کی ضخامت بڑی تقطیع کے ڈیڑھ سو صفحات سے زیادہ ہے اور پیشوا کا سالانہ چندہ دو روپیہ ایک روپیہ ہے …
منیجر رسالہ پیشوا دہلی

جریان کی بالکل مفت
منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

مقویات سرتاج عالم
… صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرمائیے۔
وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

شربت فولاد
معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور بھروسہ کی چیز ہے …
منیجر سہارد دواخانہ لال جاہ دہلی

ضروری اطلاع

امور اسلامیہ

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مبلغ امارت شرعیہ بہار کا دورۂ تبلیغ

جو قوم ہر کے بگڑ چکی ہو اس کی اصلاح خواہ دینی ہو یا دنیاوی جوئے شیر لانا ہے مسلمان مرکز ثقل سے بالکل گر گئے ہیں جب تک زبردست تبلیغ سے بیکھر نہیں کئے جاتے قومی عمارت نامکمل غیر منظم رہے گی۔

جناب مولانا عبدالرزاق صاحب دربھنگوی فاضل دیوبند کی سرگرمی تبلیغ شکر ہے کہ قومی جرائم کے لئے تریاق کا اثر دکھا رہی ہے چنانچہ تیسرا دورہ تبلیغ انکا قریات موضع بار کی طرف ہوا۔ پہلے موضع بار ریتا جو سے پہلے پٹھان زمینداروں کی بستی ہے تشریف لے گئے۔ مولانا کی معیت میں قاضی عبدالحفیظ صاحب متوطن بار ضلع پٹنہ بھی تھے۔ ایک صاحب کے مکان پر جا کر اطلاع دلائی گئی صاحب خانہ نے قاضی جی کا نام سنکر تو اندر سے کہلا بھیجا کہ ذرا حقہ پی رہے ہیں پھر اصلاحی منادی مبلغ ملت خیر خواہ مسلمین (مولانا) کے آنے کا حال سن کر اندر سے حیلہ کر کے کہلا بھیجا کہ مالک مکان گھر نہیں۔ آہ قم یا عمرؓ مسلمانوں میں سب کھو دیا لیکن اخلاق رہا تھا مگر یہاں تو یہ حالت ہے کہ نائب رسول۔ خدا کی باتیں رسول کا پیام لیکر آتا ہے …

پشاوری طلباء کی تنظیم

حجاز مقدس کا تحفہ
اصلی روغن بلسان و روغن زیتون

زراعتی کتب کے مشہور مصنف
بالو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

آؤ کی کھیتی باتصویر

کے لئے اچھی میٹھی نیندیں چھوڑ کر دینی خدمت انجام دینے میں مستعد ہیں۔
راقم سطور قوس حمزہ پوری شیر گھاٹی ضلع گیا۔

جامع مسجد دہلی کی منیجنگ کمیٹی کا شرمناک رویہ

آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد قصبہ جھالو ضلع بجنور میں حضرت مولانا مولوی حکیم انوار الحق صاحب ناظم مدرسہ تجوید القرآن خطیب امام جامع جھالو کی تحریک مولوی کلیم الرحمٰن کی تائید پر مولوی عبدالغفور صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ موضع کھاری کی صدارت میں احترام آزادی یوم المساجد پرزور طریقہ پر منایا گیا۔

اول مولانا برہان الدین صاحب سیوہاروی نے پر اثر اور مدلل تقریر فرمائی جس کا بہت زیادہ اثر سامعین پر پڑا بعدہٗ ناظم مدرسہ تجوید القرآن عم فیضہم نے جامع مسجد دہلی کی منیجنگ کمیٹی کی پالیسی کو بالوضاحت بیان فرمایا۔ حسب ذیل قرارداد پاس ہوئی۔

(۱) مسلمانان قصبہ جھالو کا یہ جلسہ فرقہ وارانہ فیصلہ کو نہایت حقارت سے دیکھتا ہے۔

(۲) مسلمانان قصبہ جھالو کا یہ جلسہ منیجنگ کمیٹی جامع مسجد دہلی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہوا بالوضاحت تبلا دینا چاہتا ہے کہ مسلمانان اپنی مساجد میں بالواسطہ یا بلاواسطہ کسی قسم کی مداخلت کو برداشت نہیں کر سکتے بلکہ جامع مسجد کی کمیٹی کو دانشمندانہ صورت حال کا مقابلہ کرنا چاہیے ورنہ اس کے لئے یہ بہتر ہے کہ وہ مستعفی ہو جائے اور اپنی جگہ ان لوگوں کے لئے خالی کردے جو اس معاملہ کی نیابت کے لئے بہتر اہلیت رکھتے ہیں۔

دلایا ۲۲ ستمبر کو وہ باقاعدہ جلسہ کر کے عہدیداروں کا انتخاب کریں گے۔ قلت وقت کے باعث میں زیادہ قیام نہ کر سکا اور ۱۸ ستمبر کی شام کو مراد آباد پہنچا اور ۲۰ کو امروہہ گیا الحمد للہ کہ ہر دو جگہ افغان جرگہ کا قیام اور عہدیداروں کا انتخاب کیا گیا۔ تفصیلات انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ شائع کی جائیں گی۔
عبدالرحمٰن آف ٹیپل ضلع ہزارہ صوبہ سرحدی

اسلام میں سیاست عین مذہب ہے

مراد آباد ۵ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر نگرانی جمعیۃ علماء مراد آباد باشندگان شہر مراد آباد کا ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں حضرت العلام مولانا سید فخر الدین احمد صاحب پرنسپل جامعہ قاسمیہ مسجد شاہی نے اپنی بصیرت افروز اور پرمغز تقریر میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ یہ ثابت فرمایا کہ اسلام میں مذہب اور سیاست جداگانہ دو چیزیں نہیں ہیں بلکہ مذہب عین سیاست ہے اور سیاست عین مذہب ہے لہٰذا …

مساجد میں جیسا کہ نماز روزہ کا بیان ہو سکتا ہے بعینہٖ ایسا ہی تمام سیاسی امور و مباحث کا نظم و نسق بھی ہو سکتا ہے اور جلسے بھی ہو سکتے ہیں۔
احقر عبداللہ مراد آباد

ضرورت ہے
مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدرآباد دکن اورنگ آباد۔ ناگپور۔ علی گڈھ۔ اٹاوہ۔ فرخ آباد۔ فتحپور۔ ایٹہ۔ کانپور۔ اعظم گڈھ۔ فیض آباد۔ بلیا۔ آرہ۔ بہرائچ۔ رائے بریلی۔ لکھنؤ۔ شاہجہانپور تمام ایجنسی فوراً طلب کریں۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

ہیضہ اچانک آتا ہے
298
امرت دھارا
احتیاط
منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون لاہور

تار کا پتہ "میڈی سنز" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۰
کروڑوں روپے
مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب دفادہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔
اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔
اس دواخانے کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)
آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی
مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے — ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں — مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے
قرص ابیض — اکسیر نسواں — ملین — جوہری
منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

مساجد میں جیسا کہ نماز روزہ کا بیان ہو سکتا ہے بعینہ ایسا ہی تمام سیاسی امور و مباحث کا نظم و نسق بھی ہو سکتا ہے اور جلسے بھی ہو سکتے ہیں۔

احقر عبد اللہ مراد آباد

ضرورت ہے

مندرجہ ذیل شہروں اور قصبوں میں الجمعیۃ کے لئے محنتی اور دیانتدار ایجنٹوں کی حیدر آباد دکن اورنگ آباد۔ ناگپور۔ علی گڈھ۔ اٹاوہ۔ فرخ آباد۔ فتحپور۔ ایٹہ۔ کانپور۔ اعظم گڈھ۔ فیض آباد۔ بلیا۔ آرہ۔ بہرائچ۔ رائے بریلی۔ لکھنؤ۔ شاہجہانپور۔ خواہشمند ایجنسی فوراً طلب کریں۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی۔

دلائی ۲۲ ستمبر کو وہ باقاعدہ جلسہ کر کے عہدیداروں کا انتخاب کریں گے قلت وقت کے باعث میں زیادہ قیام نہ کر سکا اور ۸ ستمبر کی شام کو مراد آباد پہونچا اور ۹ کو امروہہ گیا الحمد للہ کہ ہر دو جگہ افغان جرگہ کا قیام اور عہدیداروں کا انتخاب کیا گیا۔ تفصیلات انشاء اللہ تعالےٰ آئندہ شائع کی جائیں گی۔

عبد الرحمن آف ... ضلع ہزارہ صوبہ سرحدی

اسلام میں سیاست عین مذہب ہے

مراد آباد ۔ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر نگرانی جمعیۃ علماء مراد آباد باشندگان شہر مراد آباد کا ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں حضرت العلام مولانا سید فخر الدین احمد صاحب پرنسپل جامعہ قاسمیہ مسجد شاہی نے اپنی بصیرت افروز اور پر مغز تقریر میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ یہ ثابت فرمایا کہ اسلام میں مذہب اور سیاست جداگانہ دو چیزیں نہیں ہیں بلکہ مذہب عین سیاست ہے اور سیاست عین مذہب ہے لہذا ...

ان کے لئے اپنی بیٹھی بندیں چھوڑ کر دینی خدمت انجام دینے میں مستعد ہیں۔

راقم سطور قوس حمزہ پوری شیرگھاٹی ضلع گیا۔

جامع مسجد دہلی کی منیجنگ کمیٹی کا شرمناک رویہ

آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد قصبہ جھاو ضلع بجنور میں حضرت مولانا مولوی حکیم انوار الحق صاحب ناظم مدرسہ تجوید القرآن خطیب امام جامع جھاو کی تحریک اور مولوی کلیم الرحمن کی تائید پر مولوی عبد الغفور صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ موضع کھاری کی صدارت میں احترام آزادی یوم المساجد پر زور طریقہ پر منایا گیا۔

اول مولانا برہان الدین صاحب سیوہاروی نے پر اثر اور مدلل تقریر فرمائی جس کا بہت زیادہ اثر سامعین پر پڑا بعدہٗ ناظم مدرسہ تجوید القرآن عم فیضہم نے جامع مسجد دہلی کی منیجنگ کمیٹی کی پالیسی کو بالوضاحت بیان فرمایا۔ حسب ذیل قرار داد پاس ہوئی۔

(۱) مسلمانان قصبہ جھاو کا یہ جلسہ فرقہ وارانہ فیصلہ کو نہایت حقارت سے دیکھتا ہے۔

(۲) مسلمانان قصبہ جھاو کا یہ جلسہ منیجنگ کمیٹی جامع مسجد دہلی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہوا بالوضاحت بتلا دینا چاہتا ہے کہ مسلمانان ہند اپنی مساجد میں بالواسطہ یا بلا واسطہ کسی قسم کی مداخلت کو برداشت نہیں کر سکتے بلکہ جامع مسجد کی کمیٹی کو دانشمندانہ صورت حال کا مقابلہ کرنا چاہیے ورنہ اس کے لئے یہ بہتر ہے کہ وہ مستعفی ہو جائے اور اپنی جگہ ان لوگوں کے لئے خالی کر دے جو اس معاملہ کی نیابت کے لئے بہتر اہلیت رکھتے ہیں۔

پشاوری طلباء کی تنظیم

امر تسلا

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مبلغ امارت شرعیہ بہار کا دورۂ تبلیغ

جو قوم جن کے بگڑ چکی ہو اس کی اصلاح خواہ دینی ہو یا دنیاوی جوئے شیر لانا ہے مسلمان مرکز ثقل سے بالکل گر گئے ہیں جب تک زبردست تبلیغ سے بیکھر مٹ نہیں کئے جاتے قومی عمارت نامکمل غیر منظم رہے گی۔

جناب مولانا عبد الرزاق صاحب دربھنگوی فاضل دیوبند کی سرگرمی تبلیغ شکر ہے کہ قومی جرائم کے لئے تریاق کا اثر دکھا رہی ہے چنانچہ تیسرا دورہ تبلیغ الکا قریات موضع بارکی طرف ہوا۔ پہلے موضع باریں جو رسد پہلے پٹھان زینداروں کی بستی ہے تشریف لے گئے۔ مولانا کی معیت میں قاضی عبد الحفیظ صاحب متوطن بارہ صدہ ضلع پٹنہ بھی تھے۔ ایک صاحب کے مکان پر جا کر اطلاع دلائی گئی صاحب خانہ نے قاضی جی کا نام سن کر تو اندر سے کہلا بھیجا کہ ذرا حقہ پی رہے ہیں پھر اسلامی منادی مبلغ ملت خیر خواہ مسلمین (مولانا) کے آنے کا حال سن کر اندر سے حیلہ کر کے کہلا بھیجا کہ مالک مکان گھر نہیں۔ آہ قوم با عمر مسلمانوں میں سب ٹھوکر ایک اخلاق رہا تھا مگر یہاں تو یہ حالت ہے کہ نائب رسول خدا کی باتیں رسول کا پیام لیکر آتا ہے ...

حجاز مقدس کا تحفہ

اصلی روغن بلسان و روغن زیتون

آلو کی کھیتی باتصویر

زراعتی کتب کے مشہور مصنف بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

ہیضہ اچانک آتا ہے

298

طبی امداد حاصل کرنے کا موقع نہیں دیتا

اور

اسی لئے

امرت دھارا

احتیاط

امرت دھارا لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

کروڑوں روپے

ٹیلیفون نمبر ۵۳۷ تار کا پتہ میڈیسن سنٹر دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص ابیض | اکسیر نسواں | ملین | جوہری

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

بہاولپور میں ایک دلچسپ مقدمہ

عدالت میں نکاح فسخ مرزائیاں پر مدلل بحث

فسخ نکاح کا وہ معرکۃ الآرا مقدمہ جو اسلامیان ہند کی توجہ کا جاذب بنا ہوا ہے ۲۰ اگست ۱۹۳۲ء کو ڈسٹرکٹ جج صاحب بہاولپور کی عدالت میں پیش ہوا اور اس کی شہادت شرعی کے لئے ہندوستان و پنجاب کے نامور فضلاء تشریف لائے تھے جن میں حضرات ذیل قابل ذکر ہیں:-

(۱) اعلیٰ حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب مدظلہ العالی (۲) حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن صاحب دام مجدہ (۳) حضرت مولانا محمد نجم الدین صاحب پروفیسر اورینٹل کالج لاہور (۴) حضرت مولانا شفیع صاحب مفتی دار العلوم دیوبند (۵) حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب ناظم مظاہر العلوم سہارنپور (۶) حضرت مولانا محمد اسعد اللہ صاحب مدرس مظاہر العلوم (۷) مولانا محمد حبیب اللہ صاحب کلرک امرتسر۔

تقریباً سات بجے صبح عدالت کا اجلاس شروع ہوا کمرۂ عدالت کھچا کھچ بھرا ہوا تھا اور ساتھ والے کمرے بھی سامعین سے پر تھے معززین و حکام شہر کے لئے کرسیوں کا انتظام کیا گیا تھا پولیس کی کافی تعداد موجود تھی ایک سب انسپکٹر صاحب پولیس بھی انتظام کے لئے موجود تھے۔ ریاست کے مختلف شہروں اور ریاست کے قرب و جوار سے بہت سے حضرات سماعت مقدمہ کے لئے تشریف لائے تھے ...

دہلی کریم نگر اور گورڈ (ضلع میدک) میں اس کو فروغ حاصل ہوا۔ کاریگر جو کاغذی کے لقب سے مشہور تھے تمام مسلمان تھے اور اس وقت تک بھی یہ صنعت کلیتہً مسلمانوں ہی کے ہاتھ میں ہے۔ ابتداءً کاغذ کی تیاری کے لئے سن کی رسیوں اور تھیلیوں سے خام مواد کا کام لیا جاتا تھا اور اس خام مواد کو ۵ تا ۷ فیصد ہم آمیختہ صفیہ کر کے دو یا تین ہفتوں کے لئے مرطوب حالت میں کھلا چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اس سے ریشے میں ملائمت اور صفائی پیدا ہو جاتی تھی اس کے بعد اس کو اوکھلی کی قسم کی چکیوں میں ڈال کر چوبی پاٹ یا لوہے کے موسلوں سے جو بیلوں کے ذریعے متحرک ہوتے تھے باریک پیسا یا کوٹا جاتا تھا اور پھر گودے کو (...) کے نالوں میں حل کر کے اور گھانس کے ساتھوں چھان کر چوبی تختوں پر اس ہنرمندی کے ساتھ پھیلایا جاتا تھا کہ کاغذ خاطر خواہ ہموار اور دبیز ہو سکے اس کے بعد کاغذوں کو ایک پہلو میں تقریباً نصف انچ موڑ کر ایک دوسرے پر رکھ دیا جاتا تھا تاکہ ان کے دستے بنا دئے جائیں۔ ہر ایک انبار کم و بیش نصف رم کی مقدار میں ہوتا تھا اور عموماً ایک کاریگر روزانہ اسی قدر کاغذ تیار کر سکتا تھا۔ ان دستوں کو وزنی تختوں سے ڈھانک کر رات بھر چھوڑ دیا جاتا تھا تاکہ بقیہ رطوبت خارج ہو جائے اس کے بعد کاغذ کو تراشنے اور فروخت کے لئے گٹھے بنانے سے پہلے شکن دار جانب سے کاغذ کے ہر ایک تاؤ کا پوست اتار کر گھاس کے بنے ہوئے نرم برشوں کے ذریعے اس کو دیواروں پر پھیلا دیا جاتا اور خشک ہو جانے کے بعد اسے دوبارہ صاف کیا جاتا تھا تاکہ اس میں چمک پیدا ہو جائے غرض اس طرح جو کاغذ تیار ہوتا تھا وہ پائدار اور مدرسی قلموں اور قدیم روشنائی ...

انجمن نو مسلم تبلیغ الاسلام آگرہ کا سالانہ اجلاس

مظہر الدین کی بجائے مصروین کے نعرے

۸ و ۹ ستمبر ۱۹۳۲ء کو انجمن نو مسلم تبلیغ الاسلام آگرہ کا سالانہ اجلاس حضرت کشفی شاہ نظامی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مختلف مقررین نے تقریریں فرمائیں۔

جناب مولانا سید خلیق احمد صاحب کٹھوری نے دوران تقریر میں ریاست الور کی مسلم رعایا کی مظلومیت کا تذکرہ کرتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کی سچی رہنمائی کا اعتراف کیا اور جمعیۃ کے مسلک کو روشن الفاظ میں بیان کیا اور مسلمانان آگرہ کو دعوت دی کہ جمعیۃ علماء ہند کی خدمات جلیلہ کی قدر کریں کیونکہ مسلمانان ہند کی یہی ایک نمائندہ جماعت ہے اور یقیناً یہی وہ جماعت ہے جس نے تاریخ اسلام کے اوراق کو سنہری الفاظ سے مزین کیا ہے اور عہد ماضی کے اسلامی کارناموں کو مذہبی و عملی طور پر دنیائے اسلام کے سامنے پیش کیا ہے۔ اسی موضوع پر حضرت سیماب اکبر آبادی اور مولانا عبد الاول صاحب فاضل دیوبند نے تقریریں فرمائیں۔ اجلاس میں مسلمانوں کا بہت شاندار اجتماع تھا اور معلوم ہوا کہ مظہر الدین نے باوجود ارادہ اور وعدہ کے شرکت محض اس لئے نہ کی کہ اس جلسہ میں مولانا خلیق احمد صاحب و حضرت سیماب اکبر آبادی شریک تھے ان کی اس حرکت کا نتیجہ یہ ہوا کہ خود ان کی ہم مسلک پارٹی بھی ان سے بدظن ہو گئی ...

مسلمانان دربھنگہ کا جلسہ

حیدر آباد میں صنعت کاغذ سازی

سر رشتہ معلومات عامہ سرکار عالی کی اطلاع

شربت اکسیر

اگر تندرستی درکار ہے تو زندگی بیکار ہے

جریان

محبوب عاشق کے قدموں پر

پیشوا کا رسول نمبر مفت

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

مقویات سراج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

شربت فولاد

بالکل مفت

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

منیجر مہرو دواخانہ لال جالا دہلی

ضروری اطلاع

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزانہ سہ

الجمعیۃ دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... للعہ
ششماہی ... عہ
سہ ماہی ... ۲ عہ
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... للعہ
ششماہی ... ۸ عہ
نمونہ
مفت

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم - ۵ - ۹ - ۱۳
۱۷ - ۲۰ - ۲۴ - ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ... صہ
نصف صفحہ ( ) ... ۳۰
ایک کالم ( ) ... عہ
½ کالم ( ) ... صہ
¼ کالم ( ) ... عہ

معاون: محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۲۶ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۸ ستمبر سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۳

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

دنیا میں زندہ رہنے کا حق کس کو حاصل ہے؟

شریعت کی زبان سے زندگی اور موت کی حقیقت

جنگ موتہ میں حیات اور بقائے اسلام کی تکمیل

(چونکہ راقم الحروف ایک اہم خانگی ضرورت کی بنا پر باہر چلا گیا تھا اس لئے گزشتہ اشاعت میں تاریخی مضمون شائع نہ ہو سکا۔ کاش اسقدر ضروری تھا کہ مضمون کی عدم اشاعت کے متعلق اطلاع ہی دی جا سکتی۔ آئندہ اگر ایسا موقعہ پیش آئے گا تو اس کی اطلاع دیدی جایا کرے گی۔ یہ بھی واضح رہے کہ کسی خاص مجبوری کے علاوہ تاریخ کا سلسلہ انشاء اللہ منقطع نہ ہونے پائے گا)۔

تاریخ اور واقعات پر جب قدر گہری نظر ڈالی جاتی ہے اسی قدر یہ حقیقت روز روشن کی طرح سامنے آتی ہے کہ قوموں اور حکومتوں کی بقاء اور فنا کا مسئلہ زندگی اور موت کے فلسفہ پر موقوف ہے۔ جو قوم موت کی حقیقت سے واقف ہو کر اس کے ساتھ کھیلتی ہے بلکہ ہم مواقع پر اس کو دعوت دیتی ہے۔ وہی قوم سرفراز اور بلند اقبال بن جاتی ہے اور پھر اس کے اندر قربانی و ایثار کا وہ جذبہ پیدا ہو جاتا ہے کہ قومی اور اجتماعی مفاد کے ...

تاریکی نے نکل کر ہدایت اور روشنی کی شاہراہ پر گامزن ہو اس مقصد کی تکمیل کے لئے آپ نے سلاطین کو دعوت حق کے خطوط لکھے اور ان کو اسلام قبول کرنے کی ترغیب دی۔ ان سلاطین میں ایک بادشاہ شرجیل تھا جو بصریٰ کا حاکم اور قیصر کا باجگزار تھا۔ یہ بادشاہ اور اس کی رعیت مذہباً عیسائی تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت اسلام کا ایک خط لکھکر حضرت حارث بن عمیر کو بصریٰ روانہ کیا تاکہ حاکم بصریٰ اس کو پڑھ کر اسلام کی نسبت کوئی رائے قائم کرے۔ حضرت حارث جب نامہ نبوی لیکر شرجیل کے پاس پہنچے تو اس نا ہنجار نے ... آپکو شہید کرا دیا۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کی اطلاع ملی تو آپکو سخت افسوس ہوا۔ چونکہ شرجیل کا یہ فعل اخلاقاً اور قانوناً ناجائز تھا اس لئے آپ نے اس کو سرزنش اور سزا دینے کا ارادہ فرمایا۔ اس مقصد کیلئے تین ہزار مسلمان مقرر کئے جو میدان جنگ میں جا کر اس ناجائز فعل کا بدلہ لیں۔ اس فوج کی سرداری کیلئے آپ نے ایک ایسے شخص کا نام تجویز کیا جو آپکا آزاد کردہ غلام تھا یعنے حضرت زید۔ اس فوج میں بڑے بڑے جلیل القدر صحابہ شریک تھے لیکن اسلام کی مساوات کا اقتضا ہی یہ تھا کہ غلاموں اور کمزوروں کو ابھارا جائے اور ان کو عزت و رفعت کے اس مقام رفیع تک پہنچا یا جائے جہاں بڑے سے بڑے لوگ پہنچے ہوئے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہی فوج کا افسر مقرر نہیں ...

[illegible]

اسلام کا سب سے پہلا سبق

[illegible]

حضرت طلال السیوف!

[illegible]

زندہ رہنے کا حق کس کو حاصل ہے؟

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

اسمبلی کے مسلمان ممبروں کی دینی بے حمیتی

(ہمدم جدید)

ہندوستان بھر کے مسلمانوں نے بیک زبان مسودات حج کے خلاف بہت ہی سخت ناراضی ظاہر کی اور انہیں اپنے مذہب میں مداخلت قرار دیا۔ جمعیۃ علماء ہند جو مذہبی معاملات میں مسلمانوں کا سب سے بڑا مرجع ہے۔ اور جہاں جسے حق پہنچتا ہے کہ دینی مسائل میں فیصلہ کن رائے قائم کرے۔ اس نے بھی ان مسودات کے خلاف بڑی بلند آہنگی سے صدائے احتجاج بلند کی اور ان کی مخالفت میں ایجیٹیشن کی قیادت کی۔ مگر مسلمانوں کی اور جمعیۃ علماء کی یہ تمام چیخ پکار بالکل بے کار ثابت ہوئی۔ اور اسمبلی نے نہایت جرأت کے ساتھ مسلمانوں کے جذبات ٹھکراتے ہوئے یہ بل پاس کر دیا۔

آج کل جناب حاجی شاہ عبد الرحمٰن صاحب دہلوی۔ مدراس۔ وانمباڑی بنگلور وغیرہ کے دورہ کے لئے ان اطراف میں تشریف لائے ہوئے ہیں۔ آپ کے مواعظ حسنہ سے ہندو، مسلمان اور ہر قوم کے باشندے برابر مستفید ہو رہے ہیں۔ علاوہ کی حقانیت اور مسلمانوں کی مذہبی، معاشرتی اور اخلاقی اصلاح پر آپ کے تمام لیکچر نہایت ذوق و شوق سے سنے جا رہے ہیں۔ آپ ایک شیریں بیان واعظ اور عالم کے علاوہ حریت پرور جمعیۃ علماء ہند کے مقاصد کے علمبردار بھی ہیں گو آپ کے مواعظ حسنہ کو سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں ہوتا مگر اسلام اور قرآن حکیم کی جو تعلیم آپ پیش فرماتے ہیں اس میں حریت و آزادی کے دریا موجیں مارتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

آپ جہاں تشریف لے جاتے ہیں وہاں کے لوگوں سے ملاقات کر کے جمعیۃ علماء کے مقاصد اور اس کی بے نظیر خدمات کو ان کے ذہن نشین کر دیتے ہیں آپ کی آمد سے اس طرف کے مسلمان حیرت انگیز طریق پر بیدار ہو رہے ہیں اور ان میں زندگی کی ایک لہر دوڑ گئی ہے۔ شاہ صاحب کا مقصد مسلمانوں میں بیداری اور اتحاد و اتفاق پیدا کرنا اور ان کو اسلام کے سچے اصولوں پر قائم کرنا ہے۔ علاقہ مدراس کے مسلمان مولانا موصوف کے بے حد شکر گذار ہیں۔

(انوار احمد از علاقہ مدراس)

پیشوا کا رسول نمبر مفت

ان حضرات کی خدمت میں پیش کیا جائے گا جو رسالہ پیشوا دہلی کے ۲۲ اکتوبر تک خریدار ہو جائیں گے رسول نمبر کی ضخامت بڑی تقطیع کے ڈیڑھ سو صفحات سے زیادہ ہے اور پیشوا کا سالانہ چندہ دو روپیہ اور ایک روپیہ ہے دو روپیہ کے پرچہ میں مقدس مقامات کے فوٹو ہیں اور ایک روپیہ کے پرچہ میں فوٹو نہیں ہوتے اور کاغذ بہت عمدہ ہوتا ہے۔ دنیائے اسلام کا متفقہ فیصلہ ہے کہ اس سال پیشوا کے رسول نمبر سے بہتر سیرت رسول پاک پر کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی یہ فخر پیشوا کے رسول نمبر ہی کو حاصل ہے کہ اس کے مضمون نگار ملک کے مستند ادیب اور مشاہیر ہند ہیں سال بھر میں پورے ۱۲ پرچے اور رسول نمبر شائقین فوراً منی آرڈر بھیجیں۔ (نوٹ) رسول نمبر کا اعلیٰ ایڈیشن بالکل ختم ہو گیا ہے سستا ایڈیشن تھوڑا باقی ہے جلد آرڈر بھیجیے۔

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

تار کا پتہ "میڈی سنز" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۶۶

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے۔ اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے۔)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمایئے

قرص ابیض	اکسیر نسواں	ملین	جوہری
یہ مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی خاص تجربات مجربات سے [illegible]	عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک ہندوستان [illegible]	یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے۔ [illegible]	مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا [illegible]

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

مقویات سراج عالم

[illegible]

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مسلمان [illegible] ضرورت دوا

بالکل مفت

ہم کو تجربات کے لئے اکسیر خیمس بالکل مفت [illegible]

[illegible]

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

347

نقل خریدنا دور اندیشی نہیں!

دام زیادہ دیکر بھی اصل خریدنا عقلمندی ہے!

نقل خریدنا کسی حالت میں بھی عقلمندی نہیں ہے کیونکہ اصل کی خوبیاں نقل میں کہاں! پر زیادہ پیسے خرچنے کے متعلق یہ غلطی کرنا تو دور اندیشی کو بالکل طلاق دینا ہے مصیبت کے وقت دوائی نے کام نہ دیا تو بس آپ ہاتھ ملتے ہی رہ جاویں گے! دولت صحت اور زندگی سب کو خطرہ میں ڈالنا کونسی عقلمندی ہے کوئی دنو ویسٹ بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما [illegible] لاہور کی بنائی ہوئی

امرت دھارا

ہی سینکڑوں امراض کیلئے رام بان ہے کچھ لوگ اس کی بڑھتی ہوئی بکری دیکھ کر اس کی نقلوں سے پبلک کو دھوکہ دینے کی کوشش کرتے رہتے ہیں پبلک کی صحت و دولت کا نقصان نہ ہو اس لئے یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ ہمیشہ پنڈت جی کا نام دیکھ کر اصل امرت دھارا ہی خریدا کریں!

قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنہ نصف ایک روپیہ چار آنہ نمونہ صرف آٹھ آنہ

[illegible]

منیجر امرت دھارا [illegible] امرت دھارا روڈ لاہور

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب نہ دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا [illegible] — کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

آلو کی کھیتی باتصویر

اسکاٹ لینڈ میں ارل او ونڈیبزی اپنی زمین میں ڈیڑھ ہزار من ایکڑ آلو کی پیداوار کی وجہ سے آپ کا نام آلو کا مداری رکھا گیا ہے اس کتاب میں کاشت آلو کے متعلق عجیب و غریب راز بتائے گئے ہیں جن سے ہندوستان میں اس جیسے مداری بن سکیں اور ایک سال میں آلو کی تین فصلیں لیکر کئی ہزار من آلو پیدا کرسکتے ہیں۔ [illegible] ولایت والوں کی طرح آلو سے ڈبیاں دوائی ہولڈر ہتھالیاں اور بٹن وغیرہ بنانے کی ترکیب بھی درج ہے یہ کتاب ہندی اردو زبانوں میں مل سکتی ہے۔ [illegible] صفحات کی ہے۔ قیمت صرف ۱۲ (بارہ آنہ)

زراعتی کتب کے مشہور مصنف
بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
مقام گونڈہ گوالیار سے مل سکتی ہے

محبوب عاشق کے قدموں پر

عمل ا سفلی ہر چند سب الاعمال میں یکتا ہے مسلمانوں کے لئے مناسب نہیں عمل ۲ علوی صرف مسلمانوں کے لئے مخصوص ہے کامل میں سال کا تجربہ کبھی سر خطا نہیں گئے جیسے تلاش تھی ہزاروں روپے برباد کئے اب میں خدا کو حاضر و ناظر و گواہ بنا کر بکم دکاست اور قلیل ہدیہ پر ان کا اعلان کرتا ہوں [illegible]

ان تینوں عملیات کے پڑھنے میں کسی قسم کا خوف نہ خطرہ نہ دقت۔ [illegible]

عمل عداوت یہ عمل دو شخصوں کے درمیان عداوت ڈالنے کیلئے نہایت مجرب ہے [illegible] عمل تباہی دشمن یہ عمل تباہی و بربادی دشمن کے لئے بہترین عمل ہے [illegible] ہدیہ ایک روپیہ چار آنے

ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

اگر آپ [illegible] ہم دیانتداری سے خدمات حاضر ہیں۔

آپ گھر بیٹھے [illegible]

ہمارا کمیشن برائے نام ہوتا ہے

مریض [illegible]

ہندوستان سے باہر [illegible]

تصدیق [illegible]

ایم۔ مجید اینڈ سنز آرڈر سپلائرس اینڈ کمیشن ایجنٹس بلیماران۔ دہلی

بال جڑ سے کالا

[illegible] بال کالا اسٹور کشمیری دروازہ [illegible]

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے رکگنائز کردیا

سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز نے کرد زیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کرکے اس کی تعلیم، سٹاف اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی۔ اور ڈی سی [illegible] مفت بھیجے جاتے ہیں۔

مہتمم

شربت فولاد

معزز ناظرین! یہ شربت دواخانہ کی قابل قدر اور بہترین دوا ہے [illegible] جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے [illegible] قیمت فی شیشی عمر مکمل فہرست [illegible] مفت منگوا لیجئے۔

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں۔ اگر آپ کو ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

الجمعیۃ کی ایجنسی سے آپ اپنی خدمت بھی کرسکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

"الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں

منیجر اخبار "الجمعیۃ" بلیماران دہلی

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جاچکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کیلئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہوتے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا قاعدہ
۴	۲	۱	۱

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶

ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عنہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی ۱۲ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اسقدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا۔ کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کیساتھ تلاوت کرسکتے ہیں ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر پلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ عہ بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہوجاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ہے قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۶ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ اور چمڑے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ — ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ — ششماہی — سہ ماہی —
ممالک غیر کے لئے: سالانہ — ششماہی —
نمونہ: مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی: یکم، ۵، ۹، ۱۳، ۱۷، ۲۰، ۲۴، ۲۸ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات — ایک صفحہ (ایک بار) —؛ نصف صفحہ (") —؛ ایک کالم (") —؛ ½ کالم (") —؛ ¼ کالم (") —

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۴ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۴

معاصرین کے افکار و آراء

دشمنان حجاز کے کرتوت (زمیندار)

اس وقت ہمارے پیش نظر وہ شرانگیز پروپیگنڈا ہے جو شیعیان ہند کے ایک طبقہ کی طرف سے سلطان ابن سعود کے خلاف کیا جارہا ہے۔

سلطان کا مذہبی تقشف ہندوستان کے اہل تشیع کو ہمیشہ گراں گزرا ہے۔ اور قبول اور مقابر کے تحفظ کے متعلق سلطان کے نظریہ سے انہوں نے ہمیشہ شدومد کے ساتھ اختلاف کیا ہے۔ [illegible] حجاز کے اندرونی معاملات میں جنت البقیع کے تکلیف دہ مسئلہ کی آڑ لے کر حکومت برطانیہ سے مداخلت کی درخواست نہ کرے گا۔ لیکن یہ قیاس غلط نکلا بعض شیعیان علی نے یہ دیکھ کر کہ سلطان آج مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں۔ اضافہ مشکلات پر تل گئے ہیں۔ وہ مسلمانوں سے مطالبہ کررہے ہیں کہ ادائے فریضہ حج ترک کردو اور اس طریق پر حکومت نجدو حجاز کا اقتصادی مقاطعہ کرکے سلطان کو بھوکوں مار ڈالو۔ وہ حکومت برطانیہ کی دہائی دے رہے ہیں کہ سلطان کو مجبور کرکے چند مقابر کی تعمیر ان کی خواہش کے مطابق کرادے۔ کیا یہ انتہائی بے حسی نہیں، کیا مذہبی اور سیاسی عاقبت نااندیشی کا اس سے زیادہ تعجب انگیز مظاہرہ ممکن ہے؟

مقاطعہ حج کی تجویز کا اس سے پہلے بھی تجربہ کیا جاچکا ہے جو بالکل ناکام رہی اور اب اس کا اعادہ اہمال بالائے اہمال ہے۔ مسلمان کبھی اس مقدس فریضہ کو ترک کرنے پر آمادہ نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ سلطان نے ان کی عافیت و آسائش کے تمام سامان بہم پہنچا رکھے ہیں۔ سلطان کی مسیحی حکومت سے ایک آزاد اسلامی حکومت کے معاملات میں دست اندازی کی درخواست کرنا ایک خوفناک گناہ ہے بلکہ اسلام سے غداری کرنا ہے۔

مسودہ حج اور احترام مساجد (مدینہ)

۳۰ ستمبر کو پروگرام کا دوسرا حصہ گو کم اہم ہے لیکن زیادہ متفق علیہ ہے، ہندوستان کا کوئی بڑے سے بڑا سرکار پرست مسلمان بھی مساجد و اوقاف کو حکومت سے واگزار کرانے کی مخالفت نہیں کرسکتا۔ ان مساجد و اوقاف کا حکومت کے ہاتھوں میں باقی رہنا بن کو ۱۸۵۷ء کے پرفتن عہد میں حکومت نے غصب کرلیا تھا کسی اعتبار سے بھی مسلمانوں کے لئے مفید نہیں ہوسکتا۔ اور اس میں مسلمانوں کی دو رائیں نہیں ہوسکتیں مساجد اور اوقاف اللہ کے ہیں۔ اور وہ کسی شخص واحد یا نظام واحد کی ملکیت نہیں قرار دئے جاسکتے۔ فی الحقیقت مسلمانوں کے ناصیہ ایمان پر اس سے زیادہ تاریک داغ کوئی نہیں ہوسکتا کہ وہ محض عافیت کوشی رعب حکومت اور اغراض شخصی کی بنا پر خدا کے اموال و املاک کو بندوں کی سپردگی میں دیدیں۔ حکومت نے ان کے متعلق ابھی کوئی موافق یا مخالف رائے ظاہر نہیں کی، ہمارا خیال ہے کہ یہ مسئلہ نہایت آسان ہے۔ اور اگر وہ جماعت جو اپنی اغراض شخصی کے لئے حکومت کے اعلیٰ ملازموں سے ملاقاتیں کیا کرتی ہے آئینی رنگ میں کوشش کرے تو یہ مسئلہ نہایت عمدگی سے طے ہوسکتا ہے۔ اگر معتدل مسلمان رہنما اپنی استطاعت کے مطابق اس قسم کی اسلامی خدمات ہی سرانجام دیدیا کریں تو مسلمانوں میں ان کی قدر و منزلت برقرار رہ سکتی ہے۔ افسوس ہے کہ مسلم لیگ اور مسلم کانفرنس کے ارکان کو اب تک اس کی توفیق نہیں ہوئی کہ وہ ایک وفد مرتب کرکے حکومت پر مسلمانوں کا نقطہ نگاہ واضح کریں اور جمعیۃ علماء کی مجلس تحفظ ناموس شریعت کو ہی یہ کام بھی کرنا پڑ رہا ہے، بہرحال یہ بھی مسلمانوں ہی کا فرض ہے کہ وہ اپنے خود غرض اور نفس پرست رہنماؤں کو ان کی استطاعت کے مطابق عمل پر آمادہ کردیں۔

خلافت کانفرنس اور مسلمانان اجمیر (ہلال)

پہلے جب کہ خلافت کمیٹی صحیح راستہ پر تھی تو اس کی کیا شان تھی اور اب جبکہ وہ بدقسمتی سے غلط راستہ پر پڑ گئی ہے تو اس کی کیا حیثیت باقی رہ گئی ہے۔ اس کی غلط روی اور بے عملی کی ایک مثال یہ ہے کہ محض وزیراعظم کے فرقہ وارانہ فیصلہ کے انتظار میں تین مرتبہ اجمیر کانفرنس کا اجلاس ملتوی کرنا پڑا۔ اور صرف اس لئے کہ جو کچھ سرکار دولتمدار کی بارگاہ رفعت پناہ سے صادر ہو اس کی تصدیق و توثیق کرکے مسلمانوں کو ایک مرتبہ پھر موت کی نیند سلادیں۔ اور ان کو اپنے جائز حقوق کے حاصل کرنے کے لئے بھی میدان عمل میں آنے سے روک دیں اور اس ملت کشی اور قوم فروشی کے صلہ میں [illegible]

[illegible] (اصل الفاظ ناخواندہ)

سرکار کی خوشنودی مزاج کا پروانہ حاصل کرلیں۔ چنانچہ ہم پورے یقین و وثوق کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر مسلمانان اجمیر نے صبر و سکون سے کام لیکر آل انڈیا خلافت کانفرنس کو کسی مسجد میں اجلاس کا موقع دیا اور مسجد میں ٹکٹوں کے ذریعہ داخلہ کی شرط کو زیادہ اہمیت نہ دی تو جو تجاویز وہاں منظور کی جاوینگی وہ شوکت علی صاحب کے اس بیان سے مختلف نہ ہونگی جو وہ فرقہ وارانہ فیصلہ کے متعلق اپنے اخبار خلافت میں شائع کرچکے ہیں یعنی یہ کہ اگرچہ فیصلہ بہت برا ہے مگر پھر بھی مسلمان اس کو قبول کرلیں۔ یہی سبب ہے کہ اجمیر کے غیور مسلمان حضرت مولانا معین الدین اجمیری کی زیر قیادت اس کانفرنس کا اجمیر میں منعقد کئے جانے کے سخت خلاف ہیں۔ اور چار چار ہزار کی تعداد میں جمع ہوکر خلافت کمیٹی اور اس کے کارکنوں کے خلاف عدم اعتماد کی تجویز پاس کی ہے کاش شوکت علی صاحب کو اب بھی سمجھ آجائے اور وہ اس ذلت سے کوئی مفید سبق حاصل کرسکیں۔

فرقہ وارانہ جنگ کی بنیاد (ملت)

ہم یہ ہرگز نہیں چاہتے اور نہ یہ کہتے ہیں کہ ہندو مہاسبھا ہندو جاتی کے فرقہ وارانہ حقوق کی حفاظت نہ کرے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کے یہ طریقے جو وہ ملک کی دوسری قوموں کے حقوق کو پامال کرنے کے لئے اختیار کرتی ہے بیحد افسوسناک ہیں اور ہماری رائے میں قوم پرور طبقہ کو خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان اس کا مقابلہ کرنا چاہئے اور اس سے روکنے کی تدبیر سوچنی چاہئے۔ اس میں شک نہیں کہ موجودہ حالت میں کانگریس یا دیگر جماعتوں کے متعلق یہ کہنا ابھی بہت ہی قبل از وقت ہے کہ مجالس قانون ساز کے داخلہ کے مسئلہ میں آئندہ ان کی روش کیا ہوگی، تاہم مہاسبھا نے پیشقدمی کرکے اور ابھی سے اسے چھیڑ کر جبکہ ان مجالس میں داخلہ کا حقیقتاً کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوا تھا، اپنی فرقہ وارانہ ذہنیت کا پورا پورا ثبوت دیدیا اور ان لوگوں کو اس کے سدباب کا کافی موقعہ بہم پہنچا دیا جو یہ نہیں چاہتے کہ ہندوستان میں باہمی جنگ و جدل کا بازار گرم رہے۔ ہمیں امید ہے کہ جو محب ہندوستان کی بہی خواہی اور اس کی آزادی کے آرزومند ہیں اس خطرے کا مقابلہ کرنے پر غور کریں گے اور اس کے انسداد کی تدبیر سوچ لیں گے۔

مؤمن کے آنسو! (ہمدم جدید)

قسم خدا کی یہی وہ وقت ہے کہ مؤمن کے آنسو جاری ہوجائیں اور کبھی نہ رکیں! کون ہے جس کے دل میں ایمان ہو اور اس کی آنکھیں اشک باری سے باز رہ سکیں، کیا تم نہیں دیکھتے کہ علی الاعلان دین الٰہی کی تضحیک و توہین کی جارہی ہے، کھلے خزانے اسلام کو بدنام و رسوا کیا جارہا ہے! اگر یہ سب کچھ دشمنوں کے ہاتھ ہوتا تو اتنا غم و قلق نہ ہوتا کہ دشمنوں سے تو نفع ایسی کی ہے، لیکن قیامت تو یہ ہے کہ دین الٰہی کی بیخ کنی اور ساری دنیا کی نظروں میں اس توہین و تذلیل کا کام وہ لوگ انجام دے رہے ہیں جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور جن سے اس دین کی خدمت و مدافعت کی بڑی بڑی امیدیں وابستہ تھیں!

احادیث صحیحہ شریفہ میں وارد ہے کہ ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے جب سیاہ بادلوں کی طرح فتنے پھیل جائینگے اور مؤمن اپنا ایمان بچانے کے لئے مجبور ہوگا کہ کسی بیابان یا کسی اجاڑ پہاڑ کے غار میں گوشہ نشین ہوجائے معلوم ہوتا ہے کہ ہم بدبختوں کا یہی زمانہ، وہ پرفتن زمانہ ہے جبکہ مؤمن کو اپنا ایمان لے کر آبادیوں سے بھاگ جانا چاہئے اس سے بڑھ کر سوہان روح فتنہ اور کون ہوگا کہ خود مسلمان، اسلام کے دل و جگر کو گھائل کرنا شروع کردیں؟

مجلس خلافت کا کارنامہ (الجمعیۃ)

مسلم حقوق کی حفاظت کا دعویٰ کرنے والی مجلس خلافت نے مسلم حقوق کا خون کرنیوالے وزیراعظم کے فیصلے کے متعلق مسلمانوں کو جو مشورہ دیا ہے۔ اس کے بعد اس سے کبھی مسلمان کو توقع نہ رہ سکتی ہے کہ وہ اس بارہ میں کوئی کام کریگی؟ آج جبکہ آئینی مسائل زیر بحث ہیں جیسا کہ ہر قوم و ملت انہیں اپنے مفاد کے مطابق تبدیل کرانے کے لئے مصروف عمل ہے۔ اور جب یہ کہ دافعی کوشش ہے کہ ایسی تبدیلیاں کرائی جائیں مجلس خلافت مسلمانوں کو مشورہ دے رہی ہے کہ وہ تیسری گول میز کانفرنس کے خاتمے تک صبر کریں۔ اور اعلان کرتی ہے کہ اگر پھر بھی مسلم مطالبات منظور نہ ہوئے تو مسلمان عملی جدوجہد کریں گے۔ گویا جب کام کا اصلی موقع ہے اور جب اپنی جدوجہد سے ان فیصلوں پر اثر ڈالا جا سکتا ہے۔ اس وقت تو مجلس خلافت مسلمانوں کو ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ رہنے کا مشورہ دیتی ہے اور جب تیسری گول میز کانفرنس تمام امور طے کر لیگی اور تمام باتیں فیصل شدہ سمجھی جائیں گی اس وقت وہ مسلمانوں کو جدوجہد کا مشورہ دیگی۔ کیا کوئی سمجھدار مسلمان بدرستی ہوش و حواس اس مشورے کو صحیح تسلیم کرسکتا ہے؟

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معارف)

اسلام کا قانون عدالت دنیا کو کیا پیغام دیتا ہے؟

فاروق اعظم کی حاضری قاضی اسلام کی عدالت میں!

"عام آدمی اور عمرؓ میں امتیاز کرنے والا قاضی نہیں ہو سکتا"

اسلام ایک تریاق ہے جو ہر قوم کے زہروں کیلئے شفا ہے وہ نور ہے جو تاریکیوں کے بادلوں کو چھانٹ دیتا ہے وہ رحمت و شفقت ہے جس کے سامنے ظلم و عدوان ٹھہر نہیں سکتے اس نے دنیا میں آکر دنیا کو سب سے پہلے امن و سلامتی کا پیغام دیا اور اعلان کردیا کہ لوگ خواہ اسلام کو تسلیم کریں یا نہ کریں مگر وہ اسلام کے راستہ میں سنگ گراں بن کر نہ پڑے رہیں تو ان کے دلوں کو امن و شفقت سے بھر دیا جائے گا اور ان کو اضطراب و بے چینی سے نجات مل جائے گی، لیکن کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ نصاریٰ نے اسلام کو دنیا کی نظروں میں خونخوار بنا کر پیش کیا ہے اور ثابت کرنا چاہا ہے کہ اسلام کا مقصد تخریب و بربادی اور لوگوں کے جان و مال پر قبضہ جمانا ہے۔ حالانکہ یہ قوم کبھی اپنے گریبان میں منہ ڈال کر نہیں دیکھتی اور نہایت بے حیائی سے اسلام کے منہ کو آ رہتی ہے۔ اگر نصاریٰ تاریک ازمنہ کے پادریوں، بادشاہوں، رہبانوں، مذہبی خادموں اور عام لوگوں کے حالات پر ہی ایک نظر ڈال لیتے تو ان کو معلوم ہوجاتا کہ عیسائیت دنیا کیلئے ہمیشہ ایک دہکتا ہوا جہنم ثابت ہوئی ہے اس کے نیسا ئیت غیر خونخوار نے کبھی اس دنیا کی زندگی ہر جگہ اور ہر جگہ اس کے ہاتھ سے خدا کی مخلوق کا خون پانی کی طرح بہایا گیا ہے۔ اس کے مقابلہ میں اسلام نے ہمیشہ دنیا پر مسرتوں اور خوشیوں کے دروازے کھولے اور ان کو اس مقام پر پہنچا دیا جہاں خود دوسری قومیں اپنی کوشش کے باوجود نہ پہونچ سکی تھیں، مختصر جس شخص کو امن و سلامتی کی ضرورت ہو وہ اسلام کے آستانہ پر آئے کہ یہ دولت صرف یہیں تقسیم ہوتی ہے۔

مغربی قوانین کی برکات

آج دنیا کو یورپ کی ترقی اور تہذیب پر بڑا فخر ہے اور اس کی ذہنی و دنی ترقیوں کو تعجب کی نظروں سے دیکھا جارہا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اس ترقی سے انسان کی روح کو کہاں تک مسرت حاصل ہوئی ہے اور جہاں تک حقیقی واقعات کا سوال ہے انسان اس کو اس زمانہ میں کہاں تک حاصل کرسکا ہے؟ کیا یورپ نے منظم ڈاکہ زنی کی تعلیم نہیں دی؟ کیا یورپ نے دنیا کو بے حیائی اور برہنگی سے آشنا نہیں کیا؟ کیا یورپ میں عصمت فروشی کے بازاروں میں رونق اور چہل پہل نہیں ہے؟ کیا یورپ کی برکات کی بدولت مظلوموں کی آہوں میں اضافہ نہیں ہوا؟ کیا مغربی قانون کی عدالتوں میں بدمعاشیاں اور مکاریاں نہیں سکھائی جاتیں؟ کیا مغرب نے اپنی اختراعات کی بدولت انسانی خون کی ارزانی پر مہر نہیں لگائی؟ اگر یہ سب باتیں یورپ کی روشن خیالی اور تہذیب و تمدن کی بدولت دنیا میں پیدا ہوگئی ہیں تو بتاؤ پھر ہم کس چیز پر فخر کریں؟

قانون اور حقوق کی شیطانی تفریق

صرف ایک مثال سے یورپ کی برکات کا اندازہ لگاؤ۔ اگر تم کسی قطعہ زمین کے مالک ہو اور کسی غاصب نے اس پر ناجائز قبضہ جما رکھا ہے۔ تم چاہتے ہو کہ بذریعہ عدالت اپنے حق کو استعمال کرو لیکن تمہارے پاس پیسہ نہیں ہے کہ وکلاء اور عمال حکومت کا منہ بھرو تو تم اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہ ہو سکو گے اگر کوئی ایسا شخص مر بھی جائے تب بھی اپنی ملکیت زمین یا اپنا حق ثابت نہیں کرسکتا کیوں؟ صرف اس لئے کہ تمہارے پاس پیسہ نہیں ہے! گویا مغربی عدالتوں میں انصاف کا حاصل کرنا ایسا ہی مشکل ہے جیسا کہ قوم پروروں کے لئے سوراج کا حاصل کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ یہی سبب ہے کہ انگریزی میں رائٹ (حق) کو لا (قانون) سے بالکل جدا کردیا گیا ہے یعنے مغربی عدالتوں کا کام صرف جھگڑوں کا چکانا ہے۔ حق و انصاف سے اس کو کوئی غرض نہیں ہے!

فاروق اعظم کا ایک ہمہ گیر ضابطہ

لیکن اس باب میں اسلام کیا کہتا ہے؟ اس کے لئے ذرا عہد اول کے مسلمانوں کے نظام حکومت پر ایک نظر ڈالو اور دیکھو کہ خلفائے راشدین اور صحابہ کرام نے انصاف کو عامۃ الخلائق کے لئے کس قدر سستا، کسقدر سہل اور کسقدر معمولی بنا دیا تھا۔ ناممکن ہے کہ اسلامی قوانین کے ماتحت کوئی مظلوم ظالم کے پنجہ سے چھٹکارا حاصل نہ کرسکے اور حق بحق دار رسید" کا عملی مظاہرہ نہ دیکھ لے۔ اسلام کی عدالت میں رائٹ (حق) اور لا (قانون) میں کوئی فرق نہیں ہے وہ بیک وقت قانون بھی ہے اور انصاف بھی۔ حق بھی ہے اور ضابطہ بھی۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ حق و انصاف کی رو سے خدا کی مخلوق کا فیصلہ کیا جائے۔

یہاں ہم قانون عدالت کے سلسلہ میں امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ایک ہمہ گیر ضابطہ آپ کے سامنے رکھتے ہیں جس سے آپ کو اندازہ ہوگا کہ اسلام کا قانون عدل نوع بشری کیلئے کس قدر مفید اور کس قدر ضروری ہے۔ امیر المؤمنین فرماتے ہیں:

"قضا ایک ضروری فرض ہے (۱) حاضرین دعویٰ میں مساوات رکھو تاکہ کمزور انصاف سے مایوس نہ ہو۔ اور ظالم کو تم سے کسی رعایت کی امید باقی نہ رہے (۲) مدعی پر بار ثبوت ہے اور منکر پر قسم (۳) صلح جائز ہے بشرطیکہ اس سے حرام، حلال اور حلال حرام نہ ہونے پائے۔ (۴) کل اگر تم نے کوئی فیصلہ کیا تو آج غور کرنے کے بعد اس سے رجوع کرسکتے ہو۔ (۵) جو شخص ثبوت پیش کرنا چاہے اس کے لئے ایک میعاد مقرر کرو اگر وہ ثبوت دے تو اس کا حق دیدو ورنہ اس کا مقدمہ خارج کردو وغیرہ وغیرہ"

امیر المؤمنین کا حکم تھا کہ مقدمات میں فریقین کو کسی قسم کا صرفہ برداشت نہ کرنا پڑے۔ عدالتوں کے دروازے ہر مستغیث کے لئے کھلے رہتے تھے۔ تمام قاضیوں کو آپ کی طرف سے تاکید تھی کہ جب کوئی غریب شخص مقدمہ کی غرض سے آئے تو اس سے نرمی اور کشادہ روئی سے پیش آئیں تاکہ اظہار مدعا میں اس پر خوف و رعب طاری نہ ہو!

اسلام میں ایک فقیر ایک شاہ پر مقدمہ دائر کرسکتا ہے

مغرب اور مشرق کے قانون سے وقف صرف ایک یہ ہے کہ ملکی تہذیب اور ہر قسم کی عدالت [illegible] کو قانون ناطق کے اشاروں پر نثار رکھا ہے اور ہرگز یقینی طور پر نہیں کہا جاسکتا کہ فریق مقدمہ میں جو شخص حق پر ہے اس کے موافق فیصلہ ہوگا۔ یہ مشکلات عام حالات میں ہر شخص کو پیش آتی رہتی ہیں لیکن اس سے بھی زیادہ مشکلات ان لوگوں کیلئے ہیں جو کسی سرکاری افسر کے مظالم کے انسداد کیلئے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹانے کا ارادہ کرتے ہیں۔ بعض سرکاری افسر تو اس قسم کے ہیں کہ جب تک گورنمنٹ اس پر مقدمہ چلانے کی منظوری نہ دے اسوقت تک اس پر مقدمہ نہیں چلایا جاسکتا لیکن اسلام کا قانون ان تمام مشکلات سے پاک ہے اسلام نے یا خلفاء نے کبھی سرکاری افسروں پر مقدمہ قائم کرنے کیلئے عام لوگوں پر اس قسم کی پابندی عائد نہیں کی۔ یہاں اس کی صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے۔

خلیفہ اسلام عدالت کے کٹہرے میں!

الجمعیۃ میں تاریخ اسلام کے سلسلہ میں اب تک جو مضامین شائع ہوچکے ہیں ان سے حضرت فاروق اعظم کی پوزیشن اچھی طرح ظاہر ہوتی ہے کہ آپ کیسا تھا اور کس قدر رعب و جبروت کے مالک تھے وہی فاروق اعظم جو ایران کا فاتح ہے مصر کا فاتح ہے قیصر کو شکست کا تاج پہنانے والا ہے اور جو مسلمانوں کی امیدوں کا مرکز ہے اور خلیفہ برحق ہے اس پر ایک مسلمان ابی ابن کعب ایک مقدمہ دائر کرتا ہے! حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آپ سے کچھ شکایات تھیں آپ نے عدالت زید بن ثابت کی عدالت میں مقدمہ دائر کردیا امیر المؤمنین مدعی کی اس حرکت سے نہ برہم ہوتے ہیں نہ دبدبہ استعمال کرتے ہیں۔ بلکہ ایک عام مدعا علیہ کی حیثیت سے عدالت میں حاضر ہوجاتے ہیں۔

امیر المؤمنین کے انصاف کی گہرائی!

قاضی اسلام آپ کی شخصیت سے مرعوب ہوکر آپ کی تعظیم کرتا ہے اور اپنے پاس بیٹھنے کے لئے جگہ دیدیتا ہے۔ اس پر عدل و انصاف کے مجسمہ یعنے عمر فاروق قاضی سے فرماتے ہیں کہ یہ تمہارا پہلا ظلم ہے کہ تم نے میرے ساتھ امتیازی سلوک کیا یہ کہہ کر آپ مدعی کے پاس بیٹھ گئے۔ مدعی کے پاس کوئی ثبوت نہ تھا اور حضرت فاروق کو دعویٰ سے انکار تھا۔ مدعی نے قاعدہ کے موافق فاروق اعظم سے قسم لینی چاہی۔ قاضی نے آپ کے رتبہ کا خیال کرکے مدعی سے درخواست کی کہ امیر المؤمنین کو قسم سے معاف رکھو۔ فاروق اعظم اس طرفداری سے سخت ناراض ہوتے ہیں اور قاضی کو مخاطب کرکے کہتے ہیں کہ زید! جب تک تمہارے نزدیک ایک عام آدمی اور عمر دونوں برابر نہ ہوں تم منصب قضا کے قابل نہیں سمجھے جاسکتے!

اے یورپ پر فخر کرنے والو! اے تہذیب جدید کے جھوٹے مدعیو! کیا تم اپنی تاریخ میں اس کی کوئی مثال پیش کرسکتے ہو؟ اگر نہیں تو پھر اسلام کے قانون عدالت سے تمسک کرنے میں تم کو کیوں عار ہے؟

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

آلو کی کھیتی باتصویر
اسکاٹ لینڈ میں ارل اونٹاریو نے اپنی زمین میں ڈیڑھ ہزار من ایکڑ آلو کی پیداوار کی وجہ سے آپ کا نام آلو کا مداری رکھا گیا ہے اس کتاب میں کاشت آلو کے متعلق عجیب و غریب راز بتائے گئے ہیں جن سے ہندوستان میں اس جیسے مداری بن سکیں اور ایک سال میں آلو کی تین فصلیں لیکر کئی ہزار من آلو پیدا کر سکتے ہیں۔ ... ولایت والوں کی طرح آلو سے ڈبیاں دوائیں ہولڈر ہتھیاں اور بٹن وغیرہ بنانے کی ترکیب بھی درج ہے یہ کتاب ہندی اردو زبانوں میں مل سکتی ہے ... ۲۹ صفحات ... قیمت صرف ۱۲ (بارہ آنہ)

زراعتی کتب کے مشہور مصنف
بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
مقام گونہ دگوالیار سے مل سکتی ہے

مجوب عاشق کے قدموں پر
عمل اسفلی ہرزہ حب الاعمال ... ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

کیسٹوفین
بچوں کی صحت
کا خیال اور پاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ہر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے۔ اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔
کیسٹوفین
بچوں کی صحت کا ضامن ... کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی
اگر آپ ... ہندوستان کے ...
آپ گھر بیٹھے ...
ہمارا پیشن برائے نام ہوتا ہے
مریض
ہندوستان سے باہر
تصدیق
ایم۔ مجید اینڈ سنز ... بلیماران۔ دہلی

بال جڑ سے کالا
... بال کالا اسٹور ...

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریگنائز کر دیا
سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز نے کر دزیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم شان اور ضبط و انتظام پر سٹیفکیٹ ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی۔ اور ڈی سی ہر دو قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریگنائز بھی کر دیا ہے۔ ہر قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔
منیجر

شربت فولاد
معزز ناظرین! یہ شربت ... منیجر جوہر دوا خانہ لال چاہ دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ
اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں۔ اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔
الجمعیۃ کی ایجنسی سے آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔
"الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کیجیئے
منیجر اخبار الجمعیۃ، بلیماران دہلی

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید
آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رح حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب رح حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب رح حضرت شیخ سعدی رح اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے۔ اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ ۱۰؎ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی ۱۲؎ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا۔ کتابت صاف اور روشن ہے اعراب بیرز پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کیساتھ تلاوت کرسکتے ہیں ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ ۸؎ بلاجلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ۶؎ قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۶؎ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸؎ اور چمڑے کی جلد کا ۱۲؎ ہدیہ کے علاوہ
ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ
یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲؎ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب
اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کیلئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہوتے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا قاعدہ
۴؎	۲؎	۱؎	۱؎

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵؎ علاوہ محصولڈاک۔
علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر"، قیمت ۸؎
ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲؎
ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۹۳
یداللہ علی الجماعۃ
روزنامہ الجمعیۃ دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ...
ششماہی ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ...
ششماہی ...
نمونہ مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۰ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ ...
نصف صفحہ ...
ایک کالم ...
½ کالم ...
¼ کالم ...

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے)

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۴ رجمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۴

معاصرین کے افکار و آراء

دشمنان حجاز کے کرتوت (زمیندار)
اس وقت میرے پیش نظر وہ شرانگیز پروپیگنڈا ہے جو شیعیان ہند کے ایک طبقہ کی طرف سے سلطان ابن سعود کے خلاف کیا جا رہا ہے۔ ...

سرکار کی خوشنودی مزاج کا پروانہ حاصل کرلیں، چنانچہ ہم پورے یقین و وثوق کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر مسلمانان اجمیر نے صبر و سکون سے کام لیکر آل انڈیا خلافت کانفرنس کو کسی مسجد میں اجلاس کا موقع دیا اور مسجد میں ممکلوں کے ذریعہ داخلہ کی شرط کو زیادہ اہمیت نہ دی تو جو تجاویز وہاں منظور کی جاوینگی وہ شوکت علی صاحب کے اس بیان سے مختلف ...

فرقہ وارانہ جنگ کی بنیاد

مسٹر واکر اور احترام مساجد

مومن کے آنسو!

مجلس خلافت کا کارنامہ

خلافت کانفرنس اور مسلمانان اجمیر

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معارف)

اسلام کا قانون عدالت دنیا کو کیا پیغام دیتا ہے؟

فاروق اعظم کی حاضری قاضی اسلام کی عدالت میں!

یہاں ہم قانون عدالت کے سلسلہ میں امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ایک ہمہ گیر ضابطہ آپ کے سامنے رکھتے ہیں جس سے آپ کو اندازہ ہوگا کہ اسلام کا قانون عدل نوع بشری کیلئے کس قدر مفید اور کس قدر ضروری ہے۔ امیر المومنین فرماتے ہیں: ...

اسلام میں ہر ایک مقدمہ کا پیشہ عدالت ...

معاشی قوانین کی برکات

خلیفہ اسلام عدالت کے کٹہرے میں!

امیر المومنین کے انصاف کی گواہی!

قانون اور حقوق کی شیطانی تفریق

فاروق اعظم کی ایک ہمہ گیر ضابطہ

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

عراقی طلباء کو امریکہ جانے سے روکو!

امریکن یونیورسٹیوں کے مقابلہ میں جامعہ اسلامیہ کا قیام

جمعیۃ ہدایت الاسلامیہ بغداد میں ایک اسلامی یونیورسٹی قائم کرنے کی فکر میں ہے جس میں زمانہ حاضرہ کی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے عراقیوں کو علوم حاضرہ کی تعلیم دی جایا کرے گی۔ جمعیۃ کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ اس جامعہ کے بعد عراقی طلباء اور شائقین علوم امریکہ کی یونیورسٹیوں میں جانا ترک کر دیں کیونکہ وہاں سوائے گمراہی اور ضلالت کے اور کسی چیز کی تعلیم نہیں دی جاتی۔ جمعیۃ کا خیال ہے کہ نصاریٰ کے مدارس جہاں کہیں بھی ہوں وہ گمراہی کے لئے وقف ہیں۔ بالخصوص مسلمانوں کے ایمان کو سلب کرنے کے لئے وہاں کافی انتظامات ہیں۔ جمعیۃ اسلامیہ کے اس مقصد کی تکمیل کیلئے تمام عراق میں ابتدائی کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں تاکہ مجوزہ یونیورسٹی کو وجود میں لانے کے لئے سرمایہ فراہم کیا جا سکے۔ (تفصیل آئندہ اخبار میں ملاحظہ فرمائیے) (الصراط المستقیم)

ترکی میں اجنبی مدارس پر احتساب

وزارت معارف نے ایک کمیٹی مقرر کر دی

حکومت ترکی کی وزارت معارف نے ان مدارس کی طرف اپنی توجہ مبذول کی ہے جو اجنبیوں کے قبضہ و تصرف میں ہیں۔ وزارت کا کام یہ ہو گا کہ وہ ان مدارس کے آمد و خرچ کی پڑتال کرے اور دیکھے کہ وہ کسی خاص مقصد کے پروپیگنڈہ کے لئے تو قائم نہیں کئے گئے ہیں، وزارت معارف نے ایک کمیٹی قائم کر دی ہے جہاں اجنبی درسگاہیں ہوں گی جانچ پڑتال کرے گی اگر اسے تحقیق ہو جائے گا کہ یہ مدارس اجنبی پروپیگنڈہ کے لئے قائم کئے گئے ہیں یا ان سے اجنبی پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے تو وہ ان کو مقفل کر دیگی اور ان کے منتظمین پر مقدمہ چلائے گی۔ (ملت ترکی)

ٹیونس کی جامع مسجد میں مسلمانوں کا اجتماع

اسلام کی نہضت اور ترقی کے لئے دعائیں

ٹیونس میں مسلمانوں پر فرانس کی طرف سے جو پابندیاں عائد ہیں ان کے علی الرغم وہاں کے مسلمانوں میں سیاسی بیداری ترقی کرتی جا رہی ہے۔ جمعہ کے روز مسجد جامع میں دو عربی خطباء نے نہضت اسلامیہ پر تقریریں کیں جن کو پولیس نے بعد میں گرفتار کر لیا۔ ٹیونس کے مسلمان کئی ماہ سے عالم اسلامی کی ترقی اور نہضت کیلئے ہر جمعہ کو دعائیں مانگتے ہیں اور ایک جگہ جمع ہو کر شہری مسلمان قرآن مجید کی تلاوت کر کے اسلام کی ترقی کے لئے مسلسل دعائیں کرتے ہیں۔ درحقیقت ٹیونس کے مسلمان فرانس کی استبدادیت سے تنگ آگئے ہیں اور فرانس کا جوا انکے لئے ایک لعنت ثابت ہو رہا ہے۔

عراق۔ ایران اور ترکی حدود کا تصفیہ

کردی بغاوت کے استیصال کے بعد حکومت ایران نے سختی سے ترکی حکومت اور عراق سے حدود متعین کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ابھی تک دول ثلاثہ کی سرحدوں کا خاطر خواہ تصفیہ نہیں ہوا ہے اور معاملہ معرض التوا میں پڑا ہوا ہے اب حکومت ایران نے ترکی گورنمنٹ اور عراقی حکام کو اطلاع دی ہے کہ سرحدی معاملات کا جلد از جلد تصفیہ کر لیا جائے۔ اور مزید تاخیر کو کام میں نہ لایا جائے۔ اگر اس معاملہ میں تعویق کو روا رکھا گیا تو ایران کو حق ہو گا کہ وہ سرحدی مقامات پر جو کچھ چاہے تعمیر کرا دے۔

زائرین مسجد نبوی کی کثرت

اس ماہ میں حجازی قبائل بہت کثرت سے مسجد نبوی کی زیارت کے لئے مدینہ طیبہ گئے ہیں۔ اس مقصد کے لئے انفرادی اور اجتماعی طور پر قبائل نے سفر کیا ہے اور اکثر نے خچروں اور اونٹوں پر سفر کیا ہے۔ ان میں بہت قلیل موٹروں کے ذریعہ مدینہ منورہ پہنچے ہیں۔ اس مناسبت سے مدینہ منورہ کی خرید و فروخت اچھے پیمانہ پر ہوئی ہے۔

عربوں کا ایک قافلہ ریت میں دفن ہوگیا

عربوں کا ایک قافلہ کویت اور عمارہ کے درمیان ایک مقام حفر میں سفر کر رہا تھا کہ دیکھتے دیکھتے سخت آندھی آئی اور تمام قافلہ ریت کے اندر غائب ہو گیا! اس قافلہ کے چند آدمیوں نے بڑی مشکل سے طوفان باد سے نجات پائی، باقی سب کے سب کثیف ریت میں دفن ہو گئے۔ سرکاری دفتر میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ۴۰ سے زائد ہے۔ (الصراط)

خلیفہ چہارم کے زمانہ کے سکہ کی برآمد

عراق میں ایک جگہ کی تنقیب کے بعد دو دینار برآمد ہوئے ہیں جو خلیفہ چہارم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں منتقل تھے۔ حکومت نے ان کو محکمہ آثار قدیمہ کے پاس روانہ کر دیئے ہیں تاکہ وہ ان کو صاف کر کے بغداد کے عجائب خانہ میں محفوظ کر دے۔

عراق کی جیلوں میں قیدیوں کی تعداد

عراق میں مردم شماری کے جو تازہ اعداد و شمار حکومت کی طرف سے شائع ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوا ہے کہ عراق کی جیلوں میں ۱۳ر جمادی الاولیٰ تک کل قیدیوں کی تعداد ۴۹۰۴ ہے۔ (الصراط)

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

جمعیۃ علماء ہند کے زیر ہدایت جلسے اور جلوس کے مظاہرے

حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند کے قائم مقام سکرٹری حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار و اڑیسہ نے ۳۰ ستمبر جمعہ کو یوم حج و احترام مساجد و اوقاف منانے کے لئے جو اعلان کیا تھا، الحمد للہ کہ اس پر تمام ہندوستان میں عمل کیا گیا اور مسلمانوں نے نہایت جوش و خروش کے ساتھ لوپورٹ حج کمیٹی کے قانون پر اظہار نفرت کیا اور اس کو دین اسلام میں مداخلت قرار دیا۔ مساجد و اوقاف کو واگزار کرانے کی پوری تائید کی اور جلسے اور جلوسوں میں حکومت سے اس کا پرزور مطالبہ کیا۔ ہم ذیل میں یوم حج اور احترام مساجد و اوقاف کی کارروائیاں درج کرتے ہیں۔ جو دوسرے اسلامی اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں اور ہمیں غرض اشاعت موصول ہوئی ہیں۔

دہلی

دہلی، ۳۰ ستمبر مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند کے قائم مقام سکرٹری حضرت مولانا ابو المحاسن سید محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار و اڑیسہ کے اعلان کے بموجب آج دہلی میں شاندار طریقہ پر "یوم حج و احترام مساجد و اوقاف" منایا گیا۔ اول جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ بصدارت جناب مولانا برہان الحق صاحب فاضل دیوبند عظیم الشان جلسہ ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد جناب صدر نے ایک مفصل و مبسوط تقریر فرمائی جس میں حکومت اور ارکان اسمبلی کے رویہ کی وضاحت فرماتے ہوئے مسلمانوں سے اپیل کی کہ آئندہ انتخابات کے موقعہ پر اسمبلی کی کرسیاں حاصل کرنے والوں کو یہ تلخ تجربہ بتلا دینا چاہیئے کہ مسلمانوں کے مفاد کے خلاف اور ایسے قوانین کی حمایت کر کے جو مداخلت فی الدین کرتے ہوں وہ کسی طرح اسمبلی ہال میں نہیں گھس سکتے۔ اور اسمبلی میں وہی جا سکتا ہے جو مسلم مفاد اور اسلامی پرسنل لا کو جان سے زیادہ عزیز رکھتا ہو۔ آپ نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے شاہ مسعود اور شیخ صادق حسن صاحبان ممبران اسمبلی کی فرض شناسی کی تعریف کرتے ہوئے ان کو مبارکباد دی۔

اس کے بعد مولانا محمد عاقل صاحب فاضل دیوبند نے فاضل اجل حضرت العلامہ مولانا الحاج محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علمائے ہند کا تحریری پیغام پڑھ کر سنایا جس میں ممدوح نے اپنی معذوریت کا عذر فرماتے ہوئے قانون لوپورٹ حج کمیٹی کی مذمت پر تبصرہ فرمایا اور ثابت کیا کہ یہ قانون مسلمانان ہند کی رائے عامہ کے خلاف بنا کر حکومت نے مسلمانوں کے پرسنل لا میں مداخلت کی ہے۔ اور جن مسلم ارکان اسمبلی نے اس خلاف شریعت قانون کی تائید و حمایت کر کے گورنمنٹ کے مقصد کو پورا کر کے مسلمانوں سے غداری کی ہے ان کے خلاف مسلمانان ہند [illegible] اسمبلی کی آئندہ انتخابات اسمبلی پر ان لوگوں کو ووٹ دینا خودکشی کے مرادف ہو گا۔ آپ نے احترام مساجد و اوقاف کے مسئلہ پر احکام شرعیہ کی توضیح فرمائی اور مسلمانوں سے اپیل کی کہ مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت مساجد و اوقاف کو واگزاشت کرانے کے لئے جو لائحہ عمل آپ کے سامنے پیش کرے اس پر پورا پورا عمل اور اپنے ایمان و ایثار کا ثبوت دیتے ہوئے حکومت پر یہ ثابت کر دیں کہ مسلمان اپنے اوقاف و معابد میں کسی قسم کی مداخلت ہرگز برداشت نہیں کر سکتے۔ دعا پر بیان ختم ہوا۔

اس کے بعد جناب مولانا محمد عاقل صاحب فاضل دیوبند نے ایک زبردست تقریر فرمائی جس میں اسلامی احکامات کی روشنی میں بتلایا کہ اس مرحلہ پر مسلمانان ہند کو کیا کرنا چاہیئے آپ نے حاضرین سے اپیل کی کہ مسلم ممبران اسمبلی کی اس رعونت کا جواب انتخابات ہی کے موقعہ پر دیا جا سکتا ہے جس کے لئے آپ کو ہر طرح تیار رہنا چاہیئے۔

آپ کے بعد جناب صدر نے ۳ تجویزیں پیش کیں۔ پہلی تجویز میں حکومت کے اس رویہ کی پرزور مذمت کی گئی کہ اس نے ہر سہ مسودات میں سے دو مسودات حج کو ملتوی کر کے ایک مسودہ لوپورٹ حج کمیٹی کو قانون کی صورت دیدی۔

دوسری تجویز میں ان مسلم ممبران اسمبلی کے رویہ پر اظہار نفرت و حقارت کیا گیا جنہوں نے مسلمانوں کی رائے عامہ کی پرواہ نہ کرتے ہوئے حکومت کے منشا کو پورا کر کے مسودات کی حمایت کی اور یہ اعلان کیا گیا کہ آئندہ انتخابات کے موقعہ پر ان لوگوں کی پوری پوری مخالفت کی جائے اور ان کو ہرگز ہرگز ووٹ نہ دیا جائے۔

تیسری تجویز میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ ان تمام مساجد و اوقاف کو جنہیں حکومت نے براہ راست یا بالواسطہ کسی طرح اپنے قبضہ و تصرف میں لے لیا ہے یا جن پر کوئی پابندی عائد کر دی گئی ہے، بالکل آزاد کر کے مسلمانوں کے حوالہ کر دیا جائے اور جن مساجد کو روپیہ لیکر حکومت نے واگزاشت کیا ہے وہ روپیہ اور ضبط شدہ اوقاف کا خسارہ بھی ادا کر دیا جائے۔ اس کے متعلق ممبران اسمبلی کو توجہ دلائی گئی۔

ہر سہ تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں۔ اس کے بعد دعا پر جلسہ ختم ہوا۔ دعا کے بعد جامع مسجد سے ایک شاندار جلوس نکلا۔ سبز جھنڈا اور سرخ و سیاہ بورڈ تھے جن پر لوپورٹ حج کمیٹی اور مساجد و اوقاف کے متعلق عبارتیں لکھی ہوئی تھیں، جلوس میں ہزارہا آدمی شریک تھے۔

جلوس جامع مسجد سے روانہ ہو کر شاہ بولا کے بڑ پر پہنچا جہاں کثیر التعداد مسلح اور ڈنڈا بردار پولیس سوار پولیس کے ہمراہ ملک دیوی دیال ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اور سٹی مجسٹریٹ موجود تھے لیکن جلوس میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کی گئی۔ چاوڑی بازار، حوض قاضی، لال کنواں، نیا بانس، کھاری باؤلی، فتحپوری، چاندنی چوک، دریبہ کلاں ہوتا ہوا جامع مسجد پر بخیر و خوبی ختم ہوا۔

"قانون حج توڑ دیا"، "مساجد آزاد ہوں" اور مختلف نعروں سے شرکاء جلوس اپنے جوش و خروش کا اظہار کر رہے تھے۔ چاندنی چوک میں اور کوتوالی کے سامنے خاص طور پر لوگوں کا جوش اور ہجوم بہت زیادہ ہو گیا تھا۔ (نامہ نگار)

اجمیر

۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء بروز جمعہ بعد نماز جمعہ شاہجہانی مسجد میں مسلمانان اجمیر کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت العلامہ مولانا معین الدین صاحب منعقد ہوا جس میں جناب مولانا حفظ الرحمن صاحب ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے ہند نے ایک مبسوط و دلچسپ اور پرزور تقریر فرمائی۔ تقریر کا لفظ لفظ خلوص و ایثار سے لبریز تھا۔ مولانا نے اپنی تقریر میں ان تمام غلط فہمیوں کا جواب جو جمعیۃ العلماء کے متعلق پیدا کی گئی تھیں ازالہ فرماتے ہوئے جمعیۃ العلماء کے صحیح طریقہ کار کو اس وضاحت سے مسلمانوں کے سامنے پیش فرمایا کہ کم سے کم سمجھ والے انسان کو بھی کوئی شبہ نہیں باقی رہ سکتا۔

مولانا نے یہ ارشاد فرمایا کہ مسلمانوں کی کارکن جماعتیں دو متضاد خیال رکھتی ہیں یعنی بعض جماعتوں کا یہ خیال ہے کہ گورنمنٹ سے کوئی آئینی جنگ نہ کی جائے اور انگریزوں کے وعدوں پر اعتماد کر کے حکومت کے الطاف و کرم کے منتظر بیٹھے رہیں۔ اور جمعیۃ العلماء کا یہ عقیدہ ہے کہ دین کی بقا اور ناموس شریعت کا تحفظ اس وقت تک ناممکن ہے جب تک ایک نصرانی حکومت ہمارے سر پر مسلط ہے۔ اور یہ محال ہے کہ یہ حکومت نصرانیہ مسلمانوں کی حمایت میں ایک قدم بھی اٹھائے۔ لن ترضی عنک الیہود ولا النصاریٰ حتی تتبع ملتہم۔ لہٰذا حکومت پر کسی طرح کا اعتماد کرنا درحقیقت اس نص قطعی سے اعلان جنگ ہے۔ سبب اس فرمان الٰہی پر یقین اور بار بار کے تلخ تجربوں کے بعد کیا اس کے سوا کوئی اور طریقہ کار باقی ہے کہ جس قدر جلد ہو سکے اور جس طرح بھی ہو سکے اس حکومت کا جوا اپنے کاندھے سے اتار کے پھینک دیں؟

مسلمانوں نے جمعیۃ العلماء کے طریقہ کار کو پسند کرتے ہوئے اس پر عمل پیرا ہونے کا پرجوش وعدہ کیا۔

اس کے بعد جناب صدر محترم نے یوم حج اور احترام مساجد و اوقاف کے متعلق جمعیۃ العلماء کی مجوزہ تجویزیں پیش کیں جن کو مسلمانوں نے بالاتفاق منظور کیا۔

(محمد شریف خاں ڈکٹیٹر مجلس احرار اجمیر)

مراد آباد

۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو یوم حج و احترام مساجد کے سلسلہ میں جمعیۃ الطلباء کا جلوس بعد نماز جمعہ جامع مسجد سے شروع ہو کر بازار گشت کرتا ہوا اور نعرہ تکبیر اور چند نعروں کے بلند کرتا ہوا گھنٹہ گھر کے تھانہ کے قریب ختم ہوا۔ اور بعد نماز مغرب جمعیۃ الطلباء کا جلسہ عام زیر صدارت جناب مولانا فضل الرحمن صاحب بہاری مہتمم العلوم مدرسہ شاہی مراد آباد منعقد ہوا۔ صاحب موصوف کی ایک بسیط و دلچسپ تقریر کے بعد خادم الطلباء محمد شاہ طالب علم نے جناب صدر کی اجازت سے تین تجاویز پیش کیں جن کو جمعیۃ الطلباء نے خصوصاً اور عوام نے عموماً با آواز بلند منظور فرمایا۔ اس کے بعد چند اور تقریریں ہوئیں جن میں بتلایا گیا کہ حج بل جو موجودہ حکومت کے ذریعہ پیش کیا گیا ہے نیز مساجد و اوقاف کے متعلق جو حوادثات پیش آئے ہیں وہ مسلمانوں کے مذہب کے مطابق قابل قبول نہیں۔

(محمد شاہ طالب علم ناظم جمعیۃ الطلباء مراد آباد)

مراد آباد ۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء مجلس تحفظ ناموس شریعت مراد آباد کی طرف سے بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان مراد آباد کا عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جناب محترم مولانا الحاج مولوی محمد اسمٰعیل صاحب (پروفیسر جامعہ قاسمیہ، ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ یوپی و سابق ناظم جمعیۃ العلماء) [illegible] نے جلسہ کی صدارت فرمائی۔ جناب صدر اور حضرت مولانا سید فخر الدین صاحب شیخ الحدیث اور دیگر حضرات کی تقریروں کے بعد مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت کی ہدایات کے بموجب ہر سہ تجاویز بلفظہٖ متفقہ آواز سے منظور کی گئیں۔ جلسہ کے بعد عظیم الشان جلوس نکالا گیا۔ جو شہر کے بڑے بڑے بازاروں میں گشت کرتا ہوا شہر کے آخری کنارہ پر ختم ہوا۔

آغا محمد یعقوب
ناظم مجلس تحفظ ناموس شریعت مراد آباد

دیوبند

دیوبند ۳۰ ستمبر۔ آج جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ مجلس تحفظ ناموس شریعت کی ہدایت کے مطابق مرکز کی جمعیۃ علماء دیوبند زیر صدارت امیر الہند حضرت مولانا مولوی سید حسین احمد صاحب منعقد ہوا جس میں تقریباً ۳ ہزار مسلمانوں نے شرکت کی۔ حافظ افتخار الحق بجنوری مولوی ہاشم صاحب جونپوری اور محمد اقبال صاحب دیوبندی نے نظمیں پڑھیں۔ بعد مولوی محمود احمد صاحب فاضل دیوبند نے جو حال ہی میں دہلی کیمپ جیل سے رہا ہو کر آئے ہیں ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی جس میں حج کی اہمیت اچھی طرح ثابت کی۔ اس کے بعد چند تقریریں اور ہوئیں، پھر حضرت مولانا حسین احمد صاحب نے ایک پُر اثر مدلل اور پر جوش خطبہ دیا جس میں دول یورپ کے وہ تمام حرکات بیان کیں جو وقتاً فوقتاً انہوں نے حج جیسے فریضہ کو روکنے کے لئے کی ہیں۔ اس کے بعد فلک بوس نعروں کے درمیان مولانا راشد صاحب صدر نے ۳ تجویزیں پیش کیں جو بالاتفاق منظور ہوئیں۔ جلسہ کے بعد جامع مسجد سے ایک شاندار جلوس نکالا گیا جس میں نظمیں پڑھی گئیں اور حج اور احترام مساجد کے متعلق مختلف نعرے لگائے گئے۔ (محمد یحییٰ از دار العلوم دیوبند)

سہارنپور

سہارنپور ۳۰ ستمبر۔ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں حسب ہدایت مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت مسلمانان سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا حافظ عبد اللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور و رکن جمعیۃ علماء سہارنپور منعقد ہوا جس میں جناب مولوی منفعت علی صاحب ایڈووکیٹ و جناب مولانا لطف الرحمن صاحب بہاری نے قانون حج کے نقائص دکھلائے اور مساجد و اوقاف کی آزادی پر ولولہ انگیز تقریریں کیں۔ اخیر میں جناب صدر نے مسلمانوں کو چند بصیرت افروز ہدایتیں کیں۔ بعد ازاں متعدد قرارداد منظور ہوئیں۔ پھر ایک زبردست جلوس جس میں بچے سے بوڑھے تک شریک تھے جامع مسجد سے روانہ ہوا۔ درمیان فلک بوس نعروں اور دل آویز نظموں کے ساتھ شہر کے اکثر بازاروں میں گشت لگاتا ہوا دفتر جمعیۃ علماء سہارنپور پر ختم ہوا۔

ابو الخیر سکرٹری دفتر جمعیۃ علمائے سہارنپور

منگلور ضلع سہارنپور

منگلور کیم اکتوبر۔ جمعیۃ العلماء ہند کے اعلان کے بموجب ۳۰ ستمبر کو یوم حج و احترام مساجد و اوقاف کے سلسلہ میں بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان منگلور کا جلسہ بصدارت جناب حکیم نیاز احمد صاحب منعقد ہوا۔ جناب مولانا سلطان احمد صاحب نے حمد و صلوٰۃ کے بعد ایک مختصر تقریر فرمائی بعد ازاں جمعیۃ العلماء ہند کے چھپے ہوئے پرچے جلسہ میں پڑھ کر سنائے گئے۔ جس میں مجلس تحفظ ناموس شریعت کی تجویز نمبر ۱ و ۲ و ۳ پیش کی گئیں۔ کامل اتفاق رائے کا اظہار کرتے ہوئے پرزور نعروں سے اختتام بلند کی۔ (سید اسرار کاظمی)

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیں)

انگریزی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

فرانس کے نام جرمنی کا میمورنڈم

تخفیف اسلحہ کی کانفرنس اور مسولینی کی صدارت

یورپ میں ایک دوسری زبردست جنگ کا امکان

جرمنی نے فرانس کو جو میمورنڈم روانہ کیا ہے وہ آج کل مسائل حاضرہ کا مرکزی موضوع بنا ہوا ہے۔ "ٹائمز" لندن کا خیال ہے کہ وہ بین الاقوامی مشکلات جو حل ہونے کے قریب ہو گئی تھیں وہ تاخیر و تلون کی بنا پر مزید مصائب و آلام کا پیش خیمہ بنتی چلی جا رہی ہیں اور تخفیف اسلحہ کی کانفرنس میں جو توقعات قائم ہو گئی تھیں وہ سب ختم ہو رہی ہیں۔ سرجان سائمن جو جرمنی اور فرانس کے حق میں ایک قابل قبول تصفیہ کیلئے سرتوڑ کوشش کر رہے تھے وہ خود مشکلات اور پریشانیوں میں پھنس گئے۔ جرمنی نے کھلم کھلا یہ اعلان کر دیا ہے کہ معاہدہ وارسیلز کے مطابق اگر حکومتوں نے اپنے اسلحہ میں تخفیف نہیں کی تو وہ دوبارہ مسلح ہو کر نمودار ہو جائے گا اس دعوئے نے جنیوا کی کانفرنس کو سخت مشکلات میں ڈال دیا ہے اور وہ تخفیف اسلحہ کو قابل قبول معیار پر لانے میں بدحواس ہو گئی ہے۔

یورپ میں دوسری جنگ کا امکان

یورپ کی کوئی حکومت یہ نہیں چاہتی کہ جرمنی اپنی دھمکی کو عملی جامہ پہنائے اور اگر حکومتوں نے اپنے اسلحہ میں کافی تخفیف نہیں کی تو پھر سوائے دوسری جنگ کے جرمنی کو اس اقدام سے نہیں روکا جا سکتا۔ کیونکہ جرمنی کا دوبارہ مسلح ہونا معاہدہ وارسیلز کے منافی ہے اور جب تک لیگ آف نیشنز (جمعیۃ الاقوام) اس کی اجازت نہ دے وہ مسلح ہونے کا مجاز نہیں ہے۔ سگنور مسولینی نے اپنے ایک معقول گفتگو کے دوران میں مضمون میں ظاہر کر دیا ہے کہ اگر جرمنی تخفیف اسلحہ کی کانفرنس سے علیحدہ رہا تو کانفرنس اپنے مقاصد میں ناکام اور مفلوج ہو جائے گی۔

فرانس اور پولینڈ کی کمزوری

اس راہ میں سب سے بڑی مزاحمت حکومت فرانس کی کمزوری ہے جس کے ساتھ پولینڈ اور دیگر ریاستوں کی کمزوریاں بھی شامل ہو گئی ہیں۔ لندن "ٹائمز" لکھتا ہے کہ جرمنی کے حامی باشندوں نے نہایت غرور کے ساتھ کھلم کھلا فوجی رویہ اختیار کر لیا ہے اور قومی حکومت کے ایک رکن نے مساویانہ سلوک کے دعوے کو پیش کرتے ہوئے جنگجویانہ تقریر کی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یورپ کی مشکلات معمولی نہیں ہیں اور اس کے خطرات بہت بڑھتے جا رہے ہیں۔

سگنور مسولینی کی امداد کی ضرورت

جنیوا کانفرنس کی ناکامی و تنقید سے جو کانفرنس کو ہوئی اس کا اصل سبب کسی موزوں صدر کا فقدان تھا۔ مسٹر ہنڈرسن صدارت کیلئے بالکل ناموزوں ثابت ہوئے۔ اس کا جو نتیجہ برآمد ہوا اس پر ریمارک کرتے ہوئے سگنور مسولینی فرماتے ہیں "یہ سپریم کمیشن کا کام پانچ سال تک جاری رہا۔ کانفرنس پانچ ماہ میں ختم ہوئی۔ تقریباً ڈیڑھ سو تقریریں کی گئیں اور مطبوعہ رپورٹیں اتنی زیادہ شائع کی گئیں کہ ان کی بلندی آسمان تک پہنچ گئی مگر باوجود اس کے ایک عظیم الشان پہاڑ سے تجاویز کی صورت میں صرف ایک چوہا نکلا!"

ان حالات کو پیش نظر رکھ کر یہ کہنا کچھ بعید نہ ہوگا کہ اگر تخفیف اسلحہ کی کانفرنس کو ناکامی کی دلدل سے نکالنا ہے تو اس کی صدارت کے لئے سگنور مسولینی کو منتخب کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔

لبرل جماعت اور اوٹاوہ

مسٹر لائڈ جارج نو سیاسیات سے کنارہ کشی اختیار کر چکے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک ان میں دلچسپی بہت کم ہے۔ آپ کی جگہ اوٹاوہ کانفرنس میں لبرل جماعت کی پالیسی کی تشریح کے لئے سر ہربرٹ سیموئل مقرر ہوئے۔ آپ نے اپنی تقریر کو اس ناواقفیت سے شروع کیا کہ گویا وہ اوٹاوہ کانفرنس کے حقیقی نتائج سے ناواقف ہیں کیونکہ آپ نے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ "اوٹاوہ نے جو دنیا سے وعدہ کیا تھا کہ وہ محصولات کی دیوار کو گرا دیگی۔ اس کو پورا کیا گیا؟ اس کا ہم کو علم نہیں ہے۔"

اس کے بعد آپ نے تین چیزیں بیان کی ہیں جو ان کے نزدیک "بہت صاف" ہیں۔ پہلی چیز یہ کہ جہاں تک انگلستان کا تعلق ہے وہاں محصولات کا اضافہ ہی ہوا ہے نہ کہ تخفیف۔ دوسری چیز یہ کہ اگر ملکوں کے محصولات میں تخفیف ہوئی تو اس کا صرف ہمیں ہی نقصان پہنچے گا۔ تیسری بات یہ کہ شاہی تجارت کے محصولات کی تخفیف کو دنیا کی تجارت کے محصولات سے موازنہ کیا جائے گا۔ ان بنیادوں پر مسٹر ہربرٹ سیموئل کا فیصلہ ہے کہ وہ اوٹاوہ کی سر سے پیر تک مخالفت کی جائے۔ (اسٹیٹسمین)

ایران میں روسی پٹرول کی جنگ

اینگلو پرشین آئل کمپنی کا مستقبل

کچھ عرصہ سے ایرانی منڈیوں میں روسی پیٹرول اور اینگلو پرشین آئل کمپنی کی جنگ چھڑی ہوئی ہے اور اب یہ جنگ اتنی سخت ہو گئی ہے کہ جس کے ایک طرفہ فتح و شکست کا انحصار مستقبل پر آ پڑا ہے۔ روسی پیٹرول کی ارزانی سے آئل کمپنی کو سخت نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ کیونکہ روسی پیٹرول دوسری کمپنیوں کی نسبت بہت سستا ہے۔ روسی پیٹرول نے پرشین آئل کمپنی کے مستقبل کو تاریک بنا دیا ہے اور تعجب ہے کہ اصفہان اور شیراز میں روسی پیٹرول جا کر بھی بہت سستا پڑتا ہے اسی لئے اس کی کھپت دوسرے پیٹرولوں کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ اینگلو پرشین آئل کمپنی نے بھی ارادہ کر لیا ہے کہ وہ ایران کے بازاروں میں روسی تیل کے نرخ پر اپنا تیل فروخت کرے تاکہ روسی تیل کو شکست ہو اور وہ آئندہ ایرانی بازاروں میں آنے کا نام تک نہ لے دیکھیے ان دو بڑی پیٹرول کمپنیوں میں آئندہ کس کو شکست اور کس کو فتح ہوتی ہے۔ (یونٹی)

* * *

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۴ر جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ

مخلوط انتخاب اور مسلمان

اقلیت والے صوبوں کا معاملہ

ہم نے کسی گزشتہ اشاعت میں مخلوط انتخاب کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم آئندہ خصوصیت کے ساتھ ان صوبوں کے لئے مخلوط انتخاب کے فوائد پر روشنی ڈالیں گے جن میں مسلمانوں کی اقلیت ہے اور ہندو اکثریت میں ہیں۔ آج ہم چاہتے ہیں کہ اس وعدہ کے مطابق قارئین کرام کے سامنے صحیح صورت حال رکھ دیں تاکہ وہ ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بعد کسی مفید نتیجہ تک پہنچ سکیں۔ اور چونکہ آل پارٹیز کانفرنس کی تجویز زیر غور ہے اور اس کے متعلق مختلف حلقوں میں کوششیں جاری ہیں اس لئے اس بحث کا یہ وقت مناسب بھی ہے تاکہ آل پارٹیز کانفرنس منعقد ہونے تک مسلمان اپنی جگہ اور ہندو اپنی جگہ غور کر لیں کہ ان کے لئے کونسی پوزیشن بہتر ہوگی اور وہ اپنا اور اپنے ملک کا فائدہ کس صورت میں حاصل کر سکیں گے۔

سب سے پہلی بات قابل غور یہ ہے کہ ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی میں مرکزی ذمہ داری اور صوبجاتی خود مختاری کا پوری طرح مطالبہ کیا جا رہا ہے اور حکومت بھی ایک حد تک یہ تسلیم کر چکی ہے کہ وہ صوبجاتی خود مختاری اور مرکزی ذمہ داری کے اصولوں کو آئندہ دستور اساسی میں ضرور داخل کر دے گی۔

اب ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ ان دونوں اصولوں کا مفہوم کیا ہے اور ان کو دستور اساسی میں داخل کر دینے کا نتیجہ کیا برآمد ہو گا۔ جو لوگ سیاسیات حاضرہ سے واقف ہیں وہ بآسانی سمجھ سکتے ہیں کہ اس قسم کے انقلاب کا سب سے پہلا نتیجہ یہ ہو گا کہ حکومت کی اصل قوت بجائے اجنبی باشندوں کے خود ان لوگوں کے ہاتھ میں آ جائے گی جو ہندوستان کے باشندے ہیں اور جیسا کہ تمام نیابتی دستور ہے حکومت اسی جماعت کی ہو گی جو مجلس مقننہ میں اکثریت کے ساتھ منتخب ہو کر آئے گی۔ صوبوں کی خود مختاری کے باعث ہر صوبہ کی مجلس مقننہ ایک مستقل اور آزاد مجلس ہو گی اور اس کی اکثریت کو بہت زیادہ اختیارات حاصل ہوں گے جیسے کہ پارلیمنٹی نظام میں عموماً حاصل ہوتے ہیں۔ اور اسی طرح مرکز میں ذمہ داری مل جانے کے بعد مرکز کی حکومت بھی اکثریت کے سامنے ذمہ دار اور اس کی خواہش کے تابع ہو جائے گی۔ یہ ہیں اس انقلاب کے معنی جس کا مطالبہ اس وقت ہندوستان کے دستور اساسی میں کیا جا رہا ہے اور جس کو ایک حد تک برطانیہ تسلیم کر چکا ہے اور جس کا خاکہ لندن میں تیار کیا جا چکا ہے یا تیار کیا جا رہا ہے۔

جب صورت حال یہ ہے اور اکثریت کی حکومتوں کا قیام ہر صوبہ میں یقینی ہے تو مختلف فرقوں اور ملتوں کو اپنی جگہ یہ سوچنا ہے کہ آئندہ ان کی حیثیت کیا ہو گی۔ اگر تناسب آبادی کے اعتبار سے کوئی فرقہ اکثریت میں ہے تو اسے اس امر کی سعی کرنی چاہیئے کہ وہ اپنی اکثریت کو فنا نہ ہونے دے اور اقلیتوں کے ساتھ ایسے تعلقات پیدا کرے کہ وہ اس کی حکومت کو خوشی اور رضامندی کے ساتھ قبول کر لیں اور اس میں روڑے اٹکانے کے بجائے اسے اپنی امداد و اعانت سے کامیاب طریقہ پر چلائیں اور اگر کوئی فرقہ اقلیت میں ہے تو اسے یہ سوچنا چاہیئے کہ میں کس قسم کا طرز عمل اختیار کروں جو میری اور اکثریت کے درمیان ایک عمیق و وسیع خلیج حائل کر دے اور اکثریت سے ایک ایسی مستقل و پیہم جنگ جاری ہو جائے جو آخر میں خود میرے ہی لئے نقصان رساں اور تکلیف دہ ثابت ہو۔ ہندوستان کے مختلف صوبوں میں حالات مختلف ہیں۔ صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، صوبہ پنجاب، صوبہ بنگال اور صوبہ سندھ میں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور باقی دوسرے صوبوں میں ہندو اکثریت میں ہیں۔ ہندوؤں کی اکثریت والے صوبے زیادہ ہیں مسلمانوں کی اکثریت والے صوبے کم ہیں۔ اور پھر مسلمانوں کی اکثریت والے صوبوں میں سے بھی دو صوبے ایسے ہیں جن کی اکثریتیں بہت ہی کم تناسب رکھتی ہیں اور سب سے آخر میں مرکز کا معاملہ ہے۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ اپنی اقلیت والی پوزیشن پر سب سے زیادہ غور کریں اور اس کے ساتھ جہاں جہاں اکثریت میں ہیں وہاں اکثریت کے نقطۂ نگاہ کو بھی ملحوظ رکھیں۔

مسلمان جہاں جہاں اقلیت میں ہیں ان کے لئے بہترین صورت یہ ہے کہ وہ اکثریت کے ساتھ اتحاد عمل کریں اور ایسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کریں جن کے اندر ہندو مسلم سوال پیدا ہی نہ ہونے پائے۔ جماعتوں کی تقسیم "ہندوئیت" اور "مسلمانیت" پر مبنی نہ ہو بلکہ مختلف طبقوں کے مشترکہ مفاد پر ہو۔ مثلاً کسان اور زمیندار علیحدہ علیحدہ دو جماعتیں ہو جائیں جن میں مسلمان بھی ہوں اور ہندو بھی ہوں، اسی طرح تاجروں اور صناعوں کی ایک جماعت ہو جائے اور اس میں دونوں فرقے شامل ہوں۔ اگر کسی طریقہ سے یہ صورت ممکن ہو تو وہی طریقہ اختیار کرنا اقلیت والے فرقہ کے لئے مفید ہو گا، ورنہ اگر اکثریت کے ساتھ جنگ ٹھان لی تو خواہ کیسی ہی اقلیت کیوں نہ ہو آخر الامر نقصان اقلیت ہی کو پہنچے گا۔ مسلمان اسی طرح خسارہ میں رہیں گے۔ اور اگر ہم یہ کہیں کہ وہ تباہ و برباد ہو جائیں گے تو بے جا نہ ہو گا کیونکہ ہندوؤں کی اکثریت جو صرف "ہندوئیت" ہی کے نشہ میں سرشار ہو کر مجلس مقننہ کے اندر آئے گی اور اپنی گذشتہ اور موجودہ تلخ ذائقہ کشمکش کا بدلہ لینا چاہے گی وہ ایذا رسانی میں حد سے تجاوز کر جائے گی اور اقلیت والے خود بخود پس جائیں گے۔ اگر کسی صوبہ میں دس فی صدی والی اقلیت کو تیس فی صدی نشستیں بھی مل گئیں تو آپس کا اتحاد و اتفاق مفقود رہا اور انتخاب کی بنیاد ایسی ہوئی جو تفرقہ ڈالنے والی ہو تو ستر کے مقابلہ میں تیس والے اسی طرح مجبور رہیں گے جس طرح کہ دس مجبور رہتے۔

بدقسمتی سے جداگانہ اور مخلوط انتخاب کا مسئلہ ہندوستان کی اکثریت اور اقلیتوں کے درمیان ایک مابہ النزاع مسئلہ بن گیا ہے اور گذشتہ تین سال کے اندر جس قدر کوششیں باہمی مصالحت کیلئے کی گئی ہیں وہ سب اسی چٹان پر آ کر شکست کھا گئی ہیں۔ مخلوط اور جداگانہ انتخاب کے جتنے مسائل فارمولے تھے ان سب کو زیر بحث لایا جا چکا ہے اور باہمی سمجھوتہ کی کوئی صورت ایسی باقی نہیں رہی ہے جس پر غور نہ کیا گیا ہو۔ تین سال کی اس کشمکش کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں اور جس پر ہر انصاف پسند اتفاق کرے گا وہ یہ ہے کہ اگر کوئی منصفانہ اور رضامندی کا سمجھوتہ ہو سکتا ہے تو وہ صرف مخلوط انتخاب کے اصول پر ہو سکتا ہے۔ مخلوط انتخاب ہی ایک ایسی بنیاد ہے جس پر ہندو و مسلمان متفق ہو کر کوئی عمارت تعمیر کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ عمارت کیا ہو اور اس میں مسلمان اپنے لئے کن کن تحفظات کا بندوبست کرا لیں۔ جداگانہ انتخاب پر اصرار سوائے مزید کشیدگی اور افتراق کے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔۔ ایسا کیوں ہے؟ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ گذشتہ دس بارہ سال کے تجربہ سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ جداگانہ انتخاب آپس میں افزائش منافرت کا موجب ہو رہا ہے اور اس سے ہندوستان کی قومیت متحدہ تباہ و برباد ہو چکی ہے۔ اور آپس میں اس طرح ٹکڑے کئے گئے ہیں کہ افتراق و انشقاق کے سوا اتحاد و اتفاق کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اس لئے ہندو اور مسلمانوں کی اکثریت کو مخلوط انتخاب پر اصرار ہے اور وہ جداگانہ انتخاب کو قومیت متحدہ کے لئے مفید خیال نہیں کرتے ہیں۔ البتہ مسلمانوں کا ایک طبقہ جو حکومت کا آلہ کار ہے اور جس کے افراد کو سرکاری کانفرنسوں میں آسانی کے ساتھ نامزد کر دیا جاتا ہے جداگانہ انتخاب کو محض ہندوؤں کی ضد اور قومیت متحدہ کی شکست کیلئے بار بار پیش کئے جا رہا ہے اور اس نے حکومت کو یہ موقع بھی دیدیا ہے کہ وہ فرقہ وارانہ تصفیہ کے سلسلہ میں اس طریق انتخاب کی منظوری کا اعلان کر دے۔

اقلیت والے صوبوں کے مسلمانوں کو اپنے مفاد پر غور کرنا چاہیئے۔ انہیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ یہ جداگانہ انتخاب ان کے لئے کس درجہ نقصان دہ ہے۔ حکومت کے فرقہ وارانہ فیصلہ نے جو تشویشناک حالت پیدا کر دی ہے اور فرقہ وارانہ کشیدگی کے بڑھ جانے کا جو اندیشہ ہے اس کی موجودگی میں یہ جداگانہ انتخاب مسلمانوں کے لئے بلائے جان ہو سکتا ہے ہندوؤں میں سے [illegible] منتخب ہو کر جائیں گے اور چونکہ یہ فیصلہ ایک تیسری طاقت نے نافذ کیا ہے انہیں کچھ سمجھوتہ تو کرنا نہیں ہوا ہے اس لئے خوب انتقام لیں گے وزیر اعظم کے اعلان سے قبل بنگال کے مسلمان اس اعتراض کے جواب میں یہ کہہ دیا کرتے تھے کہ پانچ صوبوں میں ہماری بھی تو اکثریت ہوگی وہاں ہندوؤں سے کسر نکال لیں گے۔ مگر اب وہ یہ بھی نہیں کہہ سکتے۔ پانچ صوبوں میں ان کی اکثریت کہاں ہے۔ سوائے صوبہ سرحد کے باقی تمام صوبوں میں سے کسی ایک صوبہ میں بھی وہ ہندوؤں کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اگر سرحد کے مسلمانوں نے یوپی کے مسلمانوں کا بدلہ لینے کے لئے سرحد کے ہندوؤں پر ظلم بھی کیا تو کیا ہو گا؟ مسلمانوں کی تو ایک زبردست آبادی فرقہ وار اکثریت کے زیر حکومت ہی رہے گی۔ اور فرقہ وار بنا پر سیاسی جماعتوں کی تقسیم سے اقلیت کو جو نقصانات پہنچنے کے اندیشے ہیں وہ برداشت کرتی رہے گی۔ اس طرح اب تو مخلوط انتخاب کو رائج کرانے اور وزیر اعظم کے فیصلہ کو بدلوانے کی اور بھی سخت ضرورت ہے اور اقلیت والے صوبوں کے مسلمانوں کے لئے سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ وہ جلد سے جلد مخلوط انتخاب کی بنا پر ایک سمجھوتہ کر لیں اور اسے نافذ کرانے کے لئے متحدہ جد و جہد میں مصروف ہو جائیں۔

موجودہ گتھی کو سلجھانے کے لئے ایک زیادہ آسان صورت یہ بھی ہے کہ ہر صوبہ کا معاملہ علیحدہ علیحدہ زیر بحث آئے اور ہر صوبہ کے ہندو مسلمان مل کر اپنی جداگانہ کانفرنسیں منعقد کریں اور اپنے اپنے صوبوں کے متعلق متحدہ فیصلہ کر کے وزیر اعظم کے اعلان کو اپنے حق میں بدلوا لیں۔ اگر مسلمانوں کی اکثریت والے صوبے مثلاً پنجاب میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا اور وہاں کے ہندو مسلمان سوائے لڑنے کے کبھی ملنا جانتے ہی نہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ صوبہ بہار یا صوبہ متحدہ کے مسلمان کیوں مارے جائیں اور صرف چند نشستیں اور جداگانہ انتخاب حاصل کر کے اپنی دائمی تباہی و بربادی کے سامان کیوں مہیا کر لیں۔ ایسا کیوں نہ ہو کہ یوپی اپنا فیصلہ کرے اور بہار اپنے معاملہ کو صاف کرے تاکہ اسے تو فرقہ وارانہ کشمکش سے نجات مل جائے۔ بہار اور یوپی کا نام ہم نے مثال کے طور پر لیا ہے ورنہ یہی بات صوبہ سرحد سے بھی کہی جا سکتی ہے۔ کیا مسلمانوں کا وہ طبقہ بھی ٹھنڈے دل سے غور کرے گا جو اب تک جداگانہ انتخاب کے خطرناک طریق پر مصر رہا ہے۔

بلوچ کانفرنس

بلوچستان کو ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے مساوی درجہ دینے کا مطالبہ مسلم کانفرنس کے اس اجلاس میں کیا گیا تھا جو بمقام دہلی منعقد ہوا تھا مگر وہ زمانہ ہے اور آج کا دن کہ مسلم کانفرنس والوں نے کبھی ہندوستان میں یا ہندوستان کے باہر بلوچستان کے متعلق کوئی لفظ بھی زبان سے نہیں نکالا اور اسے صرف ایک کاغذی مطالبہ سمجھتے رہے حتیٰ کہ وزیر اعظم کے اعلان کے بعد بھی جس میں بلوچستان کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے ان لوگوں کی رگ حمیت جوش میں نہیں آئی اور انہوں نے ایسے فیصلہ کو دستور کے [illegible] اپنی خیر خواہی ملت کا ثبوت نہیں دیا۔ قوم پرور مسلمانوں نے جب کبھی ہندوؤں سے سمجھوتہ کی گفت و شنید کی صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کو مساوی حیثیت سے اپنے سامنے رکھا اور ان دونوں کی آزادی و مساوات کو ان سے تسلیم بھی کرایا نہرو رپورٹ نے بلوچستان کے حق خود اختیاری و مساوات کو جائز قرار دیا تھا اور ایک مستقل صوبہ بنایا تھا۔ پھر اس کے بعد جب کانگریس کی مجلس عاملہ کا فارمولا آیا تو اس میں بھی بلوچستان موجود تھا۔ ہندوؤں نے من حیث القوم بھی اس مطالبہ کی کبھی مخالفت نہیں کی مگر بیشتر فرقہ پرست مسلمان لیڈر بلوچستان کی آزادی ہی کے فرقہ وارانہ تصفیہ کو قبول کر بیٹھے اور اس طرح انہوں نے مسلمانان بلوچستان کے ساتھ ایسی غداری کی کہ وہ ہمیشہ اسے یاد رکھیں گے۔ بہرحال انہیں تو یہ کرنا ہی تھا انہوں نے اور دوسرے کس معاملہ میں مسلمانوں کے ساتھ وفا کی ہے جو اس معاملہ میں کرتے۔ اب خود مسلمانان بلوچستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر آپ کھڑے ہوں گے اور اپنی تنظیم و اصلاح کی طرف متوجہ ہوں گے۔ ہم ان کے اس فیصلہ کو قابل مبارکباد سمجھتے ہیں اور ان کی کامیابی کے لئے دست بدعا ہیں۔ آئندہ ماہ دسمبر میں بلوچوں کی ایک آل انڈیا کانفرنس منعقد کی جانے والی ہے۔ نوابزادہ محمد یوسف علی خان صاحب عزیز اور سردار غلام رسول خان بلوچ ان علاقوں کا دورہ کرنے کے لئے عنقریب روانہ ہو جائیں گے جو بلوچوں کی آبادی کے لئے خصوصیت رکھتے ہیں۔ ہمیں ان حضرات کی جد و جہد سے قوی امید ہے کہ یہ کانفرنس نہایت شاندار ہو گی اور اس کے فیصلے بلوچوں کے لئے نہایت مفید اور نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ ہندوستان کے مسلمانوں کی طرف سے ہم ان بزرگوں کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ جس قسم کی امداد طلب فرمائیں گے دی جائیگی۔

فرانٹیئر ایڈووکیٹ اور مسلمانان سرحد

"فرانٹیئر ایڈووکیٹ" صوبہ سرحد کا ایک قوم پرور اخبار ہے جس نے گزشتہ عرصہ میں نہایت قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس اخبار کے مالک و ایڈیٹر پنڈت امیر چند بمبوال کے خلاف آج کل صوبہ سرحد میں بہت سخت اشتعال و ہیجان پیدا ہو گیا ہے اور ان کے ساتھ متعدد افسوسناک واقعات پیش آئے ہیں۔ اس اشتعال کی وجہ یہ ہے کہ فرانٹیئر ایڈووکیٹ میں افریقہ کے متعلق کسی انگریزی مضمون کا ترجمہ شائع ہوا تھا جس میں بعض جملے ایسے موجود تھے جن سے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح ہوتے تھے۔ اس مضمون کی اشاعت کے بعد پنڈت امیر چند بمبوال تین سے زائد مرتبہ اپنے اخبار کے اندر غیر مشروط اور نہایت صاف و صریح الفاظ میں معافی مانگ چکے ہیں اور پوری تفصیل کے ساتھ یہ کہہ چکے ہیں کہ انہوں نے یہ مضمون ہرگز دیدہ و دانستہ شائع نہیں کیا اور ان کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ وہ مسلمانوں کے جذبات کو صدمہ پہنچائیں یا بزرگان دین کی توہین کے مرتکب ہوں۔ پنڈت صاحب موصوف کی یہ معافی اس قدر واضح اور پرخلوص الفاظ میں ہے اور اس کی تکرار اس طرح کی گئی ہے کہ ہم ان کے بیان کو یقین کرنے پر مجبور ہیں اور یہ خیال کرتے ہیں کہ حقیقۃً یہ ناپاک مضمون جو بقول ان کے ایک مسلمان ہی کا لکھا ہوا ہے اور کسی انگریزی رسالہ کا ترجمہ ہے ان کے علم میں آئے بغیر چھپ گیا۔ اس مضمون کی اشاعت پر انہوں نے جو اظہار ندامت و معذرت کیا ہے وہ اس کا متقاضی ہے کہ مسلمانان سرحد اس پر توجہ فرمائیں اور انہیں معاف کر دیں۔ سرحد کے غیور مسلمانوں سے انقلاب نے بھی یہی اپیل کی ہے اور میاں جعفر شاہ کاکاخیل کا بھی ایک بیان اسی طرز عمل کی ترغیب دلانے کے لئے شائع ہوا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ صوبہ سرحد میں پنڈت امیر چند بمبوال اور ان کے اخبار فرانٹیئر ایڈووکیٹ کی پوزیشن صاف ہو جائے گی۔ قابل اعتراض پرچہ اخبار کے دفتر میں اور باہر جلا دیا جائے گا۔ اور اس کا عملہ آئندہ کے لئے اس قسم کی غلطی کے تمام امکانات کو قطعاً دور کر دیگا۔

غازی محمد عثمان آزاد کی علالت

کئی دن سے یہ خبر مقامی اخبارات میں شائع ہو رہی ہے اور ہمیں موثق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ غازی محمد عثمان صاحب آزاد ایڈیٹر قومی گزٹ جنہیں آرڈیننس کی دفعہ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا اور وہ آج کل دہلی جیل میں نظربند ہیں بہت سخت علیل ہیں اور ان کا وزن بہت کم ہو گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جمعہ کے روز انہیں شدید بخار تھا اور ان کے برادر عزیز جب ان سے ملاقات کرنے کے لئے جیل کے اندر تشریف لے گئے تو ایک عرصہ کے انتظار کے بعد انہیں یہ اطلاع دی گئی کہ ان کا سہیل ہے اور وہ ملاقات کے کمرہ تک آنے کے ناقابل ہیں۔ چنانچہ وہ اس روز مایوس واپس آئے اور انہوں نے دوسرے روز ہفتہ کو پھر جیل جا کر ان سے ملاقات کی اور انہیں بہت نحیف اور کمزور پایا۔ معلوم ہوا کہ ان کو شدت کی کھانسی اور بخار ہے اور بلغم میں خون بھی آتا ہے جو بہت زیادہ موجب تشویش ہے۔ ایک طرف تو ان کی صحت کا یہ حال دیکھا گیا، اور دوسری طرف کہا جاتا ہے کہ ان کو محض نظربندی کی حالت میں سخت تکلیف کے اندر رکھا جا رہا ہے۔ وہ شب و روز ایک ہی کمرہ میں بند رہتے ہیں اور اس سے باہر نہیں نکل سکتے۔ حتیٰ کہ شام کے وقت بھی انہیں باوجود اپنی شدید علالت کے باہر چلنے پھرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ اور ان کے ساتھ وہ سلوک کیا جاتا ہے جو سی کلاس کے قیدیوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک شخص کو اس ذلت کے ساتھ گرفتار کرنا جبکہ وہ بستر علالت پر پڑا ہوا ہو اور پھر اسے شدید بیماری کی حالت میں آرڈیننس کی دفعہ کے ماتحت نظربند رکھنا کیا معنی رکھتا ہے۔ بہرحال اس کا تعلق حکومت سے ہے اور ہم اس کے متعلق کچھ کہنا نہیں چاہتے۔ لیکن یہ ہمیں ضرور معلوم ہونا چاہیئے کہ غازی محمد عثمان صاحب آزاد کو "سی" کلاس میں کس طرح رکھا جا سکتا ہے جبکہ وہ دہلی کی پنجابی برادری کے ایک متمول فرد ہیں اور جیسا کہ اخبارات میں شائع ہو رہا ہے ان کی ذاتی جائداد کافی ہے اور ان کی سوشل اور مالی حیثیت ہر طرح سے ایسی ہے [illegible]۔ آزاد صاحب کی صحت کے متعلق حکومت کو پبلک کا اطمینان دلانا چاہیئے۔ اور اگر یہ صحیح ہے کہ وہ سی کلاس میں رکھے گئے ہیں تو فوراً ان کا کلاس بدل دینا چاہیئے۔

تصحیح

یکم ستمبر کے اخبار الجمعیۃ میں جو مقالہ افتتاحیہ شائع ہوا ہے اس میں [illegible] کے بجائے کاتب صاحب نے غلطی سے "جولائی" لکھدیا ہے۔ قارئین کرام تصحیح فرمالیں۔

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہیئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔ (منیجر)

نکات و لطائف

(سیر نکات و لطائف کے قلم سے)

یہ مولوی شفیع داؤدی بھی عجیب آدمی ہیں۔ پچھلے دنوں مظہر الدین کو لیکر صوبہ سرحد پہنچ گئے تھے۔ وہاں خدا جانے کیا کیا غل غپاڑہ کیا اور کس کس طرح مظالم سرحد کی پردہ پوشی کے لئے جھوٹے سچے بیانات شائع کرتے رہے۔ آخر کار اسمبلی میں بیانات ابیوٹ کیا اور مولوی صاحب "خفت سے زرد" ہو گئے مگر اس کے باوجود انہوں نے "بیان" ضرور شائع کیا کیونکہ "بیان" شائع کرنا لیڈری کی ایک شان ہے خواہ وہ کتنا ہی بے اثر کیوں نہ ہو اور اسے پڑھ کر قارئین اخبارات کو کتنی ہی ہنسی کیوں نہ آئے۔

* * *

انگریزی کی ایک مثل ہے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد مولوی شفیع داؤدی کو پھر ایک موقع مسلمانوں کی مخالفت میں اپنا زور طبع دکھانے کا مل گیا اب کی مرتبہ انہوں نے اسٹینڈنگ کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے تین خلاف شریعت اور خلاف اسلام مسودات قانون خود تصنیف کر کے حکومت کے حوالے کئے اور خوب زور شور سے ان کی حمایت کرنے لگے۔ علماء امت نے ان مسودات کو دیکھتے ہی اعلان کر دیا کہ یہ مداخلت فی الدین کے مرادف ہیں اور مسلمانوں نے تمام ہندوستان میں ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک ان کے خلاف سخت احتجاج کیا۔ اب مولوی صاحب ایک مرتبہ پھر اسی پوزیشن میں آگئے جس میں کہ پہلے تھے۔

* * *

کوئی دوسرا ہوتا تو رائے عامہ سے ٹکر لگانے کی جرأت نہ کرتا اپنے گھر میں خاموش بیٹھ کر حکومت کی جو خدمت چاہتا کئے جاتا مگر مولوی شفیع داؤدی کوئی ایسی ویسی گولیاں کھیلے ہوئے تو تھے نہیں کہ اس طرح مسلمانوں سے دب جاتے۔ انہوں نے ان مسودات میں سے ایک مسودہ کو قانون بھی بنوا دیا۔ اور جب ۳۰ ستمبر کے مظاہرے ہونے لگے تو دیر شان لیڈری دکھانے کے لئے ایک بیان بھی نکال بیٹھے۔ یہ نہ سوچا کہ جب سارے [illegible] میرے خلاف ہیں اور اس قانون کو مداخلت فی الدین سمجھتے ہیں تو میرے بیکس بیٹھے دلائل اور بے معنی منطق ان پر کیا اثر کرے گی۔ جس طرح میرے دوسرے رفقا خاموش ہیں میں بھی خاموش بیٹھا رہوں۔ آئندہ جو حشر سب کا ہو گا وہ میرا بھی ہو گا۔ افسوس کہ بیچارے اس "بیان بازی" کی بدولت اور زیادہ ذلیل ہو گئے۔ واقعی یہ مولوی شفیع داؤدی بھی عجیب آدمی ہیں۔

* * *

لاہور کا "ایسٹرن ٹائمس" ایک رجعت پسند اخبار ہے۔ اس کے ایڈیٹر صاحب مولانا ابو الکلام آزاد کی اس تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے جو آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کے متعلق مولانا ممدوح نے پیش کی ہے اور جس کی تائید عامہ جمعیۃ العلماء کی طرف سے کی گئی رقمطراز ہے۔

"لیکن یہ واضح کر دینا ہمارا فرض ہے کہ مسلمانوں کی اکثریت کی نمائندہ جماعتیں ان کی گفت و شنید میں شریک نہ ہوں گی۔"

ہماری سمجھ میں نہ آیا کہ "اکثریت کی نمائندہ جماعتوں" سے کونسی جماعتیں مراد ہیں۔ کیا جمعیۃ علمائے ہند، نیشنلسٹ مسلم پارٹی، اور احرار پارٹی کے ارکان گفتگوئے مصالحت میں حصہ نہیں لیں گے؟ یہ کس طرح ممکن ہے۔ شاید ایڈیٹر صاحب کی مراد ان جماعتوں سے ہو جن کے حامیوں کی نہیں بلکہ [illegible] کی مسلمانوں میں اکثریت ہے۔ خیر کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ اگر مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ [illegible] نہ بھی شریک ہوں تو مصالحت جیسے مفید مقصد کو [illegible] ترک نہیں کیا جا سکتا۔ ابھی جماعتوں کی ضرورت بھی نہیں ہے جن کی "اکثریت" تخالف ہو۔

* * *

"خلافت" کانفرنس اجمیر کا ذکر کرتے ہوئے اپنے مخالفین کے متعلق لکھتا ہے کہ

"انہوں نے مولانا شوکت علی صاحب، مولانا محمد عرفان صاحب، غازی محی الدین (ان کو [illegible] نے صاحب نہیں لکھا) وغیرہ کے خلاف اول روز سات پوسٹر شائع کئے اور اس کے بعد چار پانچ اور نکالے اس سے مسلمانان اجمیر میں سخت ہیجان ان کے خلاف پیدا ہو گیا۔"

اگر یہ صحیح ہے تو کیا عجیب ہے کہ خود مظہر الدین ہی نے یہ پوسٹر اپنے مخالفین کے ناموں سے شائع کرا دئیے ہوں تاکہ "سخت ہیجان ان کے خلاف پیدا ہو جائے" اور ہم کانفرنس کو کامیاب بنالیں ورنہ ایسا احمق کون ہو گا کہ جس بات سے اسی کے خلاف ہیجان پیدا ہوتا ہو وہی کرتا چلا جائے۔

* * *

شیخ عبد المجید صاحب سندھی جن کے سر پر امسال اجمیر کی "خلافت" کا تاج رکھا گیا تھا اپنے ایک تازہ بیان میں جو یوپی کو دیا گیا ہے ارشاد فرماتے ہیں۔

"ہندوستان کے موجودہ نظری اتفاق تحلیل کے جو لوگ خواہشمند ہیں ان سب کا فرض ہے کہ وہ فرقہ وارانہ مسئلہ کا فوری حل کرنے میں مزید تاخیر سے کام نہ لیں۔" (الامان مورخہ یکم اکتوبر)

خدا کے لئے کوئی بتائے کہ سندھی صاحب نے کیا کہا اور ہم کیا سمجھیں؟

* * *

کوئی نواب احمد ظہور الدین خاں صاحب ہیں۔ انہیں ہیں والنٹیروں کے جلسہ کا صدر بنایا گیا تھا۔ آپ اپنے خطبہ میں فرماتے ہیں۔

"گو وزیر اعظم نے مسلمانوں کے لئے جداگانہ انتخاب تسلیم کر لیا ہے لیکن فرقہ وارانہ حل میں ابھی کافی خامیاں ہیں جو مسلمانوں کو مطمئن کرنے میں ناکام رہی ہیں۔"

کیا نواب صاحب کو یہ توقع تھی کہ "خامیاں" ہی "مسلمانوں کو مطمئن کرنے میں کامیاب" ہوں گی؟ اگر یہ بات ہے تو واقعی ان کی مایوسی قابل افسوس اور قابل رحم ہے۔

* * *

شملہ کا ایک تار مظہر ہے کہ ہندوستان کے متعلق لندن میں آئندہ جو کانفرنس منعقد ہونے والی ہے اس کے زیادہ سے زیادہ صرف ۲۵ اراکین نامزد کئے جائیں گے۔ اگر ایسا ہے تو ہم اس کانفرنس کو "گول میز" کانفرنس کہنے کے بجائے "گول اپنائی" کانفرنس کیوں نہ کہیں؟

حوادث و احکام

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اشار علی اخیہ بامر یعلم ان الرشد فی غیرہ فقد خانہ۔ (ابو داؤد جلد ۲ ص ۱۵۸)
وقال ایضاً صلی اللہ علیہ وسلم من سئل عن علم علمہ ثم کتمہ الجم بلجام من النار۔

(ترجمہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو کسی ایسے امر کی ہدایت کرے کہ اس کے علاوہ کسی دوسرے فعل میں بھلائی ہو (اور اس کو یہ معلوم ہو) تو اس نے اپنے بھائی سے خیانت کی۔

نیز ارشاد فرمایا جو شخص سوال کے وقت کسی ایسے مسئلہ کو چھپائے جس کو وہ جانتا ہے تو اس کے منہ میں آگ کا لگام پہنایا جائے گا۔

اس کے بعد منشی تصدق احمد صاحب جعفری کے سوالات کے (جو شائع ہو چکے ہیں) حسب ذیل اصولی جوابات دیئے جاتے ہیں:-

جواب

(باقی آئندہ)

ترک عقبہ پر کسی غیر مسلم حکومت کا قبضہ نہیں ہونے دینگے

سرزمین عرب کی آزادی کیلئے ترک، حجاز اور ایران کا اتحاد

عقبہ کے مسئلہ نے تمام اسلامی دنیا کو برہم کر دیا ہے

کیا شرق اردن پر یہودیوں کا قبضہ ہوگا؟

شہزادہ ویلز انگورہ جانے والے ہیں؟

غازی مصطفےٰ کمال پاشا کو برطانیہ کا اعزاز

انقلاب پسندوں کا "بادشاہ" بال بال بچ گیا

چاٹگام اور ڈھاکہ میں تلاشیوں کیلئے اسپیشل پولیس

سورا جیہ سین کی گرفتاری کے لئے دس ہزار روپے کا اعلان

آزادی اسلام کا اولین اصول ہے

خلافتیوں کے الزامات کی پرزور تردید

ایک کروڑ پچاس لاکھ بائبل کی فروخت

بائبل سوسائٹی کا ایک سالہ کارنامہ

ایک جانکاہ اور افسوسناک حادثہ

رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ کے صاحبزادہ کی ناگہانی وفات

"جمعیۃ علمائے سہارنپور کا جلسہ"

شراب پر پکٹنگ کرنے والے رضاکاروں کی گرفتاری

آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کی تائید

مولانا محمد اسمٰعیل ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علماء کا بیان

دہشت انگیزی کے انسداد کیلئے "مؤثر علاج"

بنگال کو اصلاحات سے محروم رکھا جائے

سری نگر میں امن و امان قائم ہو گیا

ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کا مال واپس کر دینگے

ایمرجنسی پریس ایکٹ کی میعاد میں توسیع

گورنر باجلاس کونسل کا اعلان

تین کار آمد بم برآمد ہوئے

چاٹگام پر جرمانہ عائد کیا جائے گا

چترال ریلیف کالم پر ہوائی تاخت

سرخ پوشوں کا جلسہ منتشر کر دیا گیا

بمبئی میں سو خاکروبوں کی ہڑتال

حکومت اور کانگریس میں مصالحت کی خبریں

لندن میں بھی مصالحت کی کوششیں جاری ہیں

لندن کانفرنس میں کانگریسیوں کو دعوت

تیسری گول میز کانفرنس کے مندوبین

چودھری ظفر اللہ خاں مسلمانوں کے نمائندہ ہونگے

مرکزی مجلس مقننہ میں قیاس آرائیاں

تیسری گول میز کانفرنس میں کن امور پر بحث ہوگی

آئینی اصلاحات کی فہرست

دہشت انگیزی کو دور کرنے کا طریقہ

مجلس مملکت ہند میں ممبران کا اظہار خیال

تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیا جائے

حکومت برطانیہ سے لیبر پارٹی کی درخواست

کانگریس کیساتھ دوبارہ گفت و شنید کی تجویز

خلافت کانفرنس کی نمائندہ حیثیت

صرف ۲۰ ڈیلیگیٹ شریک ہوئے

(نامہ نگار خصوصی)

پنجاب	۳	فیروز الدین صاحب، امین الدین صحرائی صاحب، شاہ دین اسلم
سرحد	۴	حاجی عبدالرحیم صاحب، میر جعفر شاہ صاحب
دہلی	۹	نذیر الدین صاحب، مسٹر وحید الدین، مظہر الدین، صوفی سعید حسن صاحب، عبد الواحد قریشی صاحب، تاج الدین صاحب، افاضل الدین صاحب، حکیم محمد اسحٰق صاحب، بشارت صاحب، غلام مصطفےٰ صاحب
یوپی	۱	
بنگال	×	
بہار	×	
آسام	×	
برہما	×	
مدراس	×	
برار	۱	گل شیر خاں صاحب
بمبئی	۸	مولانا محمد عرفان صاحب، مولانا شوکت علی صاحب، عزیز الرحمن صاحب، قطب الدین صاحب، زاہد علی صاحب، نواب حفیظ الدین صاحب، صفدر حسن صاحب، عبد الرؤف صاحب
سندھ	۱	عبد المجید صاحب سندھی
بلوچستان	×	
کل میزان	۲۰	

تین اشتراکیوں پر چھرے سے حملہ

جرمنی میں انتخابات کی جدوجہد

وائنا میں اشتراکیوں اور نازیوں میں جنگ

تیس اشخاص مجروح اور ایک سو گرفتار

مجلس اقوام کی پالیسی پر نکتہ چینی

سر آغا خاں کی طرف سے مایوسی کا اظہار

رکو اور یونان میں قیامت خیز زلزلہ

پانچسو افراد ہلاک اور تین ہزار مجروح

بعض مقامات کی زمین کئی سو فٹ بلند ہو گئی

چاٹگام میں عورتوں اور مردوں کی گرفتاریاں

ایک فوجی دستہ مینسنگھ پہونچ گیا

کابینہ کے اجلاس میں ہندوستانی مسائل پر غور

چلتی ٹرین میں ایک خاتون کو لوٹ لیا

گاندھی جی سے ملاقات کیلئے اجازت

آئرلینڈ کی پارلیمنٹ میں ہنگامہ

"میں بے ایمانوں کی مجلس میں نہیں بیٹھ سکتا"

باغیوں نے اسی جاپانیوں کو ذبح کر ڈالا

جاپانی سفارتخانہ پر باغیوں کا قبضہ

امریکہ میں ایک کروڑ پندرہ لاکھ بیکار

مولانا محمود احمد صاحب کی رہائی

دیوبند اسٹیشن پر شاندار خیر مقدم

احرار اسلام کا اپنا روزنامہ

انتقادات

روغن کامیاب

[illegible]

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی
عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف بھورے میاں دہلوی
عالی جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا دہلوی

شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دارالعلوم دیوبند
شیخ الحدیث حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب
شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

خصوصی مجربات

معجون عنبری

دل و دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور مغلظ منشط ہے۔ یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزا مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب ہے نہ اس میں کوئی کشتہ ہے نہ کسی قسم کے سمیات اور نشی وغیرہ مضر اجزاء ہیں جو لوگ بے اعتدالیوں کی بدولت اپنی تندرستی کو خیرباد کہہ چکے ہیں ان کے لئے یہ معجون آب حیات ہے مادہ اور خون کی تولید کو بڑھاتی اور حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے اعصاب کو قوت دیتی بھوک بڑھاتی ہے کمزور سے کمزور آدمی چند روز میں توانا تندرست ہو جاتا ہے۔ قبل از وقت بھی استعمال ہو سکتی ہے خوراک چھ ماشہ قیمت فی تولہ آٹھ آنہ (۸؍)

اکسیر قلب

دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ (للعہ)

(نوٹ) دواخانہ رشیدیہ میں بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں فہرست مجربات خصوصی منگا کر ملاحظہ فرمایئے۔

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یو۔ پی)

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کردیا

سکول ہٰذا کو میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز سے لے کر وزیر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کرکے اس کی تعلیم سٹاف اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی۔ اور ڈی۔ سی ہر دو قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے۔ اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریکگنائز بھی کر دیا ہے۔ ہر قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔

منیجر

تار کا پتہ "میڈی سنٹر" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۷۶

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے ان مجربات اسی دواخانہ کو دیتے رہتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص حیض — اکسیر نسواں — ملین — جوہری

[illegible]

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی

ضلع گوڑگانواں کی ایک مسجد پر حکومت کا قبضہ

تحقیقات کی تکمیل کے بعد حکومت کی خاموشی

[illegible]

آرڈیننس کے تحت تیار جرمانہ

[illegible]

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

اگر آپ — آپ گھر بیٹھے — ہندوستان سے باہر — تصدیق

[illegible]

ایم۔ اے۔ جی اینڈ سنز ٹریڈرز اینڈ کمیشن ایجنٹس بلیماران۔ دہلی

بی۔ این کالج پٹنہ میں جلسہ میلاد النبی

پٹنہ ہائی کورٹ کے ججوں اور عام ہندوؤں کی شرکت

بی۔ این۔ کالج پٹنہ کے مسلمان طلباء ہر سال پوجہ کی تعطیل سے کچھ دن پیشتر مولود کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ اس دفعہ بھی ۲۴ ستمبر بوقت ۸ بجے شب جلسہ میلاد شریف کالج کے بڑے ہال میں منعقد ہوا۔ یہ جلسہ باعتبار سالہائے ماسبق کے نہایت شاندار تھا۔ ڈیڑھ دو ہزار کا مجمع تھا۔ طلباء، کالج کے اساتذہ، بیرسٹران، رؤسائے شہر اور حکام کے علاوہ چیف جسٹس سر کورٹنی ٹیرل صاحب پٹنہ ہائی کورٹ جسٹس خان بہادر خواجہ محمد نور صاحب جسٹس فضل علی صاحب اور جسٹس اگروالہ صاحب ججان ہائی کورٹ پٹنہ رونق افروز تھے۔ چیف جسٹس صاحب ہندوستانی لباس میں تھے یعنی پگہ کی ٹوپی۔ انگرکھا چست پائجامہ زیب تن کئے ہوئے تھے۔ جس کو دیکھ کر تمام حاضرین محو حیرت ہوگئے۔ سب سے پہلے مولانا مولوی حسین میاں صاحب نے نہایت ہی عمدہ تقریر فرمائی۔ وحدانیت اور اخلاق نبوی کو ایسے اچھے طریقے سے بیان فرمایا کہ حاضرین پر ایک خاص کیفیت طاری تھی۔ ایسی بصیرت افروز تقریر سننے کا کم لوگوں کو موقعہ ہوا ہوگا۔ جسٹس اگروالہ صاحب مولانا موصوف کی تقریر سے بہت محظوظ ہوئے۔ جسٹس خان بہادر خواجہ محمد نور صاحب و جسٹس فضل علی صاحب پر ایک خاص اثر تھا۔ چیف جسٹس کی تقریر نہایت ہی پاکیزہ اور سلجھی ہوئی تھی۔ اس کا موضوع یہ تھا "اخلاق نبوی اور مسلمانوں کے احسانات اہل یورپ پر کس قدر ہیں"۔ موتی بہار صاحب پروفیسر بی۔ این۔ کالج پٹنہ نے تقریر میں بیان کیا کہ اسلام کا اثر غیر اقوام پر کیسا ہوا۔ اس کے بعد مولانا مولوی عصمت اللہ صاحب پروفیسر عربی و فارسی نے اپنی مختصر تقریر میں کل باتیں بیان کر دیں جو سیرۃ النبی سے تعلق رکھتی ہیں۔ آخر میں مسٹر ڈی۔ این۔ سین صاحب پرنسپل بی۔ این کالج پٹنہ نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ایک موثر تقریر رسول مقبول صلعم کے اوصاف جمیلہ پر فرمائی جس کو حاضرین نے نہایت دلچسپی کے ساتھ سنا۔

[illegible]

ملتان میں بلوچی نمائندگان کا اجتماع

آل انڈیا بلوچ کانفرنس منعقد کرنے کی تجویز

[illegible]

حجاز مقدس کا تحفہ

اصلی روغن بلسان و روغن زیتون

[illegible]

قاری محمد اسحٰق آستانہ جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی دیوبند

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم تحفظ و احترام مساجد و اوقاف

(بسلسلہ صفحہ ۲)

بگلا و مٹی ضلع بلند شہر

حسب ہدایت عالیجناب ناظم صاحب مرکز تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانوں کا عام جلسہ ہوا۔ پہلے سے مطبوعہ پوسٹر بازار وغیرہ میں چسپاں کر دیئے گئے تھے اس وجہ سے اجتماع بہت کافی تھا مقامی حضرات کے علاوہ اطراف و مواضعات کے مسلمان بھی کافی تعداد میں شریک تھے جناب مولوی سید حمید الدین صاحب مہتمم مدرسہ عربیہ اسلامیہ نے تقریباً ایک گھنٹہ تک نہایت موثر اور معنیٰ خیز تقریر کی جس میں جلسہ کے اغراض و مقاصد کے اظہار کے بعد حکومت کے ان جابرانہ قوانین کا تذکرہ کیا جن کی وجہ سے شریعت حقہ میں صریح مداخلت کی گئی خصوصیت کے ساتھ موجودہ قانون حج کی تفصیل اور وضاحت بیان کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تجویزیں پیش کیں۔ جن کی تائید جناب مولوی بشیر احمد خاں صاحب صدر مدرس نے کی اور عام مجمع نے بالاتفاق رائے ان تجاویز کو منظور کیا۔ اور ان مسلم اراکین اسمبلی پر نہایت اظہار ملامت کیا گیا جو ایسے خلاف شرع قوانین کی حمایت و تائید کرکے حکومت کی نظروں میں وقار حاصل کرنے کی لغو کوشش کرتے ہیں۔ جلسہ کے آخر میں حضرت مولانا حسین احمد صاحب شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کی صحت یابی کے واسطے دعا کی گئی جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

حقیقت نگار احمد غفرلہٗ

میرٹھ

۲۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو مسلمانان میرٹھ کا عام اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا مولوی حکیم سید محمد اسحٰق صاحب جامع مسجد میں نہایت شان و شوکت کے ساتھ منعقد ہوا اور حسب ہدایت مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت تجاویز [illegible]

شاہ آباد (کرنال)

۲۰ ستمبر مقامی انجمن ہلال احمر کے زیر اہتمام آج بعد نماز جمعہ ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا۔ مسلمان کثیر تعداد میں جمع تھے۔ لوگوں کو حج کے متعلق مسودات قوانین سے واقفیت دلائی گئی۔ اور جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس منتظمہ کا فیصلہ پڑھ کر سنایا گیا بعد ازاں حسب ہدایت مجلس مرکزی تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند سہ گانہ تجاویز پیش کی گئیں جو بالاتفاق رائے پاس ہوئیں۔ مسلمانوں میں ایک غیر معمولی جوش پایا جاتا ہے۔

(سید عماد الدین احمد دستکش رکن انجمن ہٰذا)

جھالو ضلع بجنور

آج ۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد قصبہ جھالو ضلع بجنور میں حسب ہدایت مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند مسجد کے اندر کے سر برآوردہ اصحاب کی تحریک اور باہر کے نمازیوں کی تائید سے مولانا مولوی حکیم انوارالحق صاحب ناظم مدرسہ تجوید القرآن کی صدارت میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف منایا گیا اور حسب ہدایت مجلس تحفظ ناموس شریعت سہ گانہ تجاویز مقبول و منظور کی گئیں۔

(عبدالرؤف مدرس اردو مدرسہ تجوید القرآن)

دارالاسلام

(ایڈیٹر کا مقالہ نگار دوستوں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

منظہر الدین کا طرز عمل اب ناقابل برداشت ہے

دہلی کے ایک معزز تاجر کا مراسلہ

[illegible]

آفتاب اسلام کی ضیاء پاشیاں

یدخلون فی دین اللہ افواجا

جمادی الاول ۱۳۵۱ھ میں جن حضرات نے اسلام قبول کیا ہے ان کے نام اشاعت کے لئے ارسال خدمت ہیں امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی و مولانا محمد شفیع صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند کے دست حق پر اسلام قبول کرنے والوں کے نام حسب ذیل ہیں:-

سابق نام	اسلامی نام	سابق نام	اسلامی نام
منگلو	عبدالرحیم	مسٹر رام ناتھ بی۔ اے	عبدالرحیم بی۔ اے
سمیر چند	عبدالرحمٰن	پیرو	عبدالرحمٰن
[illegible]	عبدالسلام	چودھری پیارے لال	عبدالصمد

(نوٹ) ماہ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ میں ان حضرات نے اسلام قبول کیا ہے [illegible] رغبت اور ان کے قیام و طعام کا انتظام انجمن کی جانب سے کیا جاتا ہے مسٹر رام ناتھ صاحب بی۔ اے نے ۸ یوم دیوبند میں قیام کیا اور حضرت مولانا حسین احمد صاحب کے ساتھ تناول فرمایا کرتے تھے۔

بتاریخ ۲۳ جمادی الاول ۱۳۵۱ھ بروز شنبہ کو بوقت بعد نماز ظہر انجمن امداد الاسلام دیوبند کی مجلس منتظمہ کا اجلاس زیر صدارت جناب مولانا حکیم محمد نعیم صاحب منعقد [illegible]

امارت شرعیہ صوبہ بہار کا جہاد باللسان

دیہات و قصبات میں احکام الٰہی کی تبلیغ

[illegible]

نیاز مند علی محمد ساکن پہاڑ گنج۔ دہلی

میں خود آگرہ کانفرنس میں موجود تھا

"مظہر دین" کے نعرے لگائے گئے

[illegible]

مقویات سراج عالم

[illegible]

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

پیشوا کارسول نمبر مفت

[illegible]

محبوب عاشق کے قدموں پر

[illegible]

گرم کوٹوں کی فہرست مفت طلب کرو

منیجر فٹ کوٹ کمپنی رنچھوڑ لائین کراچی

تفسیر حقانی اردو کامل آٹھ جلد

دارالاشاعت تفسیر حقانی بلیماران۔ دہلی

طلسماتی طلا (یا) طلائے بے نظیر

[illegible]

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے

سالانہ — سے
ششماہی — ہے
سہ ماہی — ۱۲ر

ممالک غیر کے لئے

سالانہ — ۶ر
ششماہی — ھ

نمونہ

مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم — ۵ — ۹ — ۱۳
۱۷ — ۲۰ — ۲۴ — ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) — ...
نصف صفحہ (") — ...
ایک کالم (") — ...
½ کالم (") — ...
¼ کالم (") — ...

الجمعیۃ

سہ روزہ — دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۸ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۵

معاصرین کے افکار و آراء

مفاد اسلامی پر احمیر خلافت کا حملہ (ہلال)

پہلی گول میز کانفرنس کے انعقاد کے موقع پر جبکہ ہندوستان جنگ آزادی میں سرگرم عمل تھا اور تمام وطن دوست اور حریت پرور فرزندان وطن قید و بند کے مصائب کا ہمت و استقلال کے ساتھ مقابلہ کر رہے تھے۔ خلافت کمیٹی لندن کی دلچسپ سیر و سیاحت کا پروگرام مرتب کر رہی تھی۔ جبکہ مسلمانوں کے جوش عمل کو یہ کہہ کر ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی گئی تھی کہ ہم نے مسلمانوں کے حقوق کے لئے حکومت سے عارضی صلح کر لی ہے اور صرف اتمام حجت کے لئے گول میز کانفرنس میں شرکت کو منظور کر لیا ہے۔ اگر ہمارے مطالبات حکومت نے تسلیم نہ کئے تو پھر ہم بھی حکومت سے جنگ کریں گے۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ذرا صبر سے اور سکون سے کام لیں اور اپنے جذبہ آزادی کو زیادہ نہ ابھرنے دیں۔

تحریک آزادی سے مسلمانوں کو بدظن کرنے کے لئے کہا گیا کہ یہ ہندو مہاسبھا کی تحریک ہے کسی مسلمان کو اس میں شریک نہ ہونا چاہیئے۔ اگر کانگریس نے حکومت کو دبا کر اپنا مطلب حاصل کر لیا تو ہندو راج قائم ہو جائے گا اور ہندو مسلمانوں کو نگل جائیں گے […]

بات کے پیچھے اپنی جان دینے کی ہمت رکھتا ہے؟ اور بالفرض کوئی نکل بھی آئے تو قوم، اور قوم کے دوسرے لیڈر، اس پر یوں پروانہ وار نثار ہونے کو تیار ملیں گے؟ یا اس کے برعکس طرح طرح کی نکتہ چینیوں، بدگمانیوں اور اس کی نیت پر حملہ کر کے اسکے کلیجہ کو چھلنی بنا کر رکھدیا جائے گا؟

گول میزی مسلم ممبران سے ایک سوال (البشیر)

اچھوتوں اور اونچی ذات کے ہندوؤں میں سمجھوتہ ہوا ہے اس کے بہت سے پہلو قابل بحث ہیں جن پر بشرط صحت ہم آئندہ بحث کریں گے۔ اس وقت مختصر طور پر ہم مسلمان ممبران راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے جنہوں نے اچھوتوں سے سمجھوتہ کیا تھا دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ جب اچھوتوں نے اس معاہدہ کی پابندی نہیں کی جو مسلمانوں سے انہوں نے کیا تھا تو آئندہ ان کی پالیسی کیا ہوگی؟ جس وقت کہ مسلم ممبران راؤنڈ ٹیبل کانفرنس اچھوتوں سے معاہدہ کر رہے تھے یا بعض نا سمجھ مسلمان ڈاکٹر امبیدکر کو مسلمانوں کی جانب سے ایڈریس دے رہے تھے ہم نے مسلسل اس وقت اس کارروائی کو غلط ثابت کیا تھا۔ اور یہ بتایا تھا کہ اچھوت قوم درحقیقت ہندو ہیں […]

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

اسلام کے مبلغ بھی بنو اور میدان کے سپاہی بھی

جہاد حق کیساتھ صحابہ کرام کا جوش تبلیغ

اسکندریہ اور دمشق کے بشپ آستانہ اسلام پر

الجمعیۃ کے ان کالموں میں کئی بار بتایا جا چکا ہے کہ اسلام چونکہ دین فطرت ہے اس کے ظہور کی غرض دنیا کو امن اور خوشحالی کا پیغام دینا ہے وہ دنیا میں اسی لئے آیا کہ مظلوموں اور کمزوروں کی حمایت کرے اور عدل و انصاف سے دنیا کو بھر دے۔ چنانچہ اس نے آکر سب سے پہلے ان کانٹوں کو ہٹایا جو امن و راحت اور حق و انصاف کے راستہ میں پڑے ہوئے تھے اور ان اسباب کو دور کیا جو خدا کی مخلوق کے لئے اضطراب و پریشانی کا باعث بنے ہوئے تھے۔ مسلمانوں نے یہ سخت غلطی کی ہے کہ وہ اسلام اور اسلامی احکام کا تعلق جنگی یا دوسری دنیا سے وابستہ کرنے میں بیٹھے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اسلام کے اصول اور احکام پر عمل کرنے والا آخرت میں اچھا رہے گا […]

دنیا سے دین حق کی سچائی منوا سکے۔ آج ہماری یہ کیفیت ہوگئی ہے کہ ہم اشاعت اسلام کے فرض کو صرف عالموں اور مبلغوں تک محدود سمجھتے ہیں اور خود اس فریضہ کی ادائیگی کو اپنا کام نہیں سمجھتے۔ اسلام نے اشاعت اسلام کو اسی لئے ضروری قرار دیا ہے کہ وہ دنیا کے لئے امن و راحت کا باعث ہے گویا تبلیغ اسلام نوع بشری کی سب سے بڑی خدمت ہے جو ایک مسلمان انجام دے سکتا ہے۔ آج مسلمان اس اہم فریضہ کی طرف سے جس قدر غافل ہیں اس کے بیان کی حاجت نہیں۔

صحابہ کرام سپاہی بھی تھے اور عالم و فقیہ بھی

حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے حالات تم نے بارہا پڑھے ہیں ان کو پڑھ کر تم کو یقین ہو گیا ہوگا کہ وہ اس وقت کی دنیا کے سب سے بڑے جرنیل۔ سب سے بڑے سیاہ و صاحب تدبیر و سیاست تھے لیکن اس کے ساتھ ہی ان کا اصل کام تبلیغ اسلام تھا تم نے پڑھا ہوگا کہ شوستر کے بادشاہ ہرمزان نے مدینہ طیبہ آکر فاروق اعظم کے دست حق پرست پر اسلام قبول کیا۔ آپ کا معمول تھا کہ جب کبھی کوئی فوج مرتب فرماتے تو اس پر ایک اسلامی افسر کو مقرر کرتے […]

(باقی ملاحظہ ہو صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے)

چائنہ سبز چائے نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں۔ نرخ فی سیر پختہ ہے ہیلتھ ھ سے ۶ر تک ہے۔ بیوپاری بھی خط و کتابت کریں۔ حاجی غلام محبوب جنرل مرچنٹ۔ قصہ خوانی پشاور شہر

آلو کی کھیتی باتصویر

اسکاٹ لینڈ میں ارل آف ونڈیزی اپنی زمین میں ڈیڑھ ہزار من فی ایکڑ آلو کی پیداوار کی وجہ سے آپ کا نام آلو کا مداری رکھا گیا ہے اس کتاب میں کاشت آلو کے متعلق عجیب و غریب راز بتائے گئے ہیں جن سے ہندوستان میں اصل جیسے مداری بن سکیں اور ایک سال میں آلو کی تین فصلیں پیدا کر کے ہزار من آلو پیدا کر سکیں حال کے تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بتلایا گیا ہے کہ ہم آسانی سے بجلی کی طاقت سے کس کس طرح آلو کی پیداوار میں حقیقی اضافہ کر سکتے ہیں ہوا کے ذریعہ کھاد پہنچانے کا ایسا حیرت انگیز طریقہ ظاہر کیا گیا ہے کہ جس سے آلو کی پیداوار ساڑھے چار گنا ہو سکتی ہے۔ اس زراعتی عجوبہ ایجاد کی ہر فرد و بشر کو معلوم ہونے کی ضرورت ہے اس کتاب میں کو ظہر میں آلو پیدا کرنے کی ترکیبوں کے ساتھ ولایت والوں کس طرح آلو سے ٹریاں دواتیں ہوا دار تھالیاں اور بٹن وغیرہ بنانے کی ترکیب بھی درج ہے یہ کتاب ہندی اور اردو زبانوں میں پتہ ذیل سے مل سکتی ہے۔ اس کی ضخامت ۱۲۹ صفحات کی ہے قیمت صرف بارہ آنہ (۱۲ر)

زراعتی کتب کے مشہور مصنف

بابو رام پرشاد صوبہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ

مقام گونہ (گوالیار) سے مل سکتی ہے

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

حکیم الملک افسر الاطباء حکیم مسیح الدولہ دربار طبیب خاص شاہان دہلی داؤد کے اسراری مجرب نسخے جن کی بدولت شاہان دہلی داؤد بہار عیش لوٹتے تھے اور اب بھی مایوس مریض دلی تمنا کو پہنچ رہے ہیں۔ اکثر حکیم اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

طلاء مسیحی: ہر قسم کی کمزوری خرابی طفولیت…

سفوف شاہی: …

مقوی حب عنبری: …

طلاء ملاذ: …

حب مسک طلائی: …

(نوٹ) اگر فائدہ نہ ہو حلفیہ قیمت واپس ہوگی فہرست دواخانہ مفت طلب فرمائیے اپنا پتہ صاف تحریر فرمائیے حوالہ اخبار ضروری ہے۔

منیجر دواخانہ مجربات مسیحی پل نخاس لکھنؤ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین (جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد، عورت، بچے، بوڑھے۔ ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHEN MAFG CO.,
(INDIA) P. BOX 88 BUNDER ROAD., KARACHI.

احمد اینڈ کو

ٹھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

صدہا مرضوں کی ایک دوا

تمام اطبا کا اس پر اتفاق ہے کہ صحت کا دار و مدار معدہ پر موقوف ہے اور نمک جالینوس جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے تمام امراض معدہ کا واحد علاج ہے جو معمولی درد شکم سے لے کر تپ دق تک کو مفید ہے ایک شیشی ہفتوں کو کافی ہوتی ہے۔ قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ مجرب ادویات کی فہرست معہ جنتری ۱۹۳۲ء مفت منگوائیے۔

المشتہر

منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

جاری شدہ ۱۸۷۸ء

ظریف۔ ادیب۔ مصلح۔ صلح کل۔ باتصویر۔ یکتائے زمانہ۔ قابل دید ہفتہ وار اخبار "اودھ پنچ" منگائیے مذہبی نقابت و رقابت اس کا شیوہ نہیں نہ ذاتی تنقیص سے کوئی واسطہ۔ حکیمانہ ظرافت سے مملو ادبی سیاسی۔ اخلاقی۔ مضامین اور دلچسپ کارٹونوں کا خزینہ اور بے بہا معلومات کا گنجینہ ہے مندرجہ قیمت ذریعہ منی آرڈر بھیج کر خریدار بن جائیے۔ وی۔پی۔ نہ منگائیے نمونہ کے لئے دو آنہ کے ٹکٹ بھیجئے۔

قیمت سالانہ صرف ششماہی سہ ماہی ۔ طلبا سے بشرط تصدیق ہیڈ ماسٹر سالانہ ممالک غیر سے

پتہ: منیجر "اودھ پنچ" لکھنؤ (یو۔پی)

دنیا میں ایک عجیب تیل

سفید بال تک ہفتہ میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا ہو گیا جوان بوڑھا سبوں کا سفید بال … جڑ سے کالا نہ نکلے تو قیمت واپس … جواب کے واسطے کارڈ یا ٹکٹ روانہ کریں …

منیجر شنکر کارجالہ نمبر ۹ دربھنگہ بہار

بال جڑ سے کالا

… بال کالا اسٹور … دربھنگہ

کانفرنس گزٹ!

یعنی آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ کا تعلیمی و اصلاحی اخبار جو علی گڑھ کی تعلیمی تحریک، بچوں کی تعلیم و تربیت اور موجودہ نظام تعلیم پر دلچسپ و مفید بحث کرتا ہے اصلاح معاشرت اور حفظ صحت پر بھی عمدہ مضامین شائع کرتا ہے والدین اور اساتذہ خصوصاً علی گڑھ کے ہر اولڈ بوائے کو یہ اخبار ضرور خریدنا اور پڑھنا چاہیئے۔

کانفرنس گزٹ کے مضمون نگار قابل و تعلیم یافتہ اصحاب ہیں … چھپائی لکھائی عمدہ ہے۔ قیمت ۲ر سالانہ ہے ایک کارڈ حسب ذیل پتہ پر لکھ کر نمونہ مفت طلب کیجئے۔

پتہ: (خان صاحب) ملا ولایت حسین بی۔اے منیجر کانفرنس گزٹ علی گڑھ

بالکل مفت

جریان کی شرطیہ دوا

ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر فیض بالکل نہیں کرتی

فرمائش کے ہمراہ ایک حلفیہ تحریر بھیجیے کہ فائدہ ہونے کی صورت میں اس دوا کی پوری قیمت مبلغ دو روپیہ ضرور ارسال کر دیں گے محصول ڈاک و پیکنگ اور اشتہار کے خرچ کے لئے فی الحال ۱۰ کے ٹکٹ بھیج دیں۔

اگر اب بھی اس دوا سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے تو یہ اس کی قسمت

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

اخبار الجمعیۃ میں

اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ منیجر

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۲۰۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصولڈاک

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر	تعلیم الاسلام
۱ر	۱ر	۲ر	۳ر	

کا چوتھا نمبر ۵ر علاوہ محصولڈاک

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶ر

ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲ر

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمہ والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب؟ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب؟ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب؟ حضرت شیخ سعدی؟ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن شریف غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عـہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عـہ/ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائٹیل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ دعـ بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹیل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹیل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ۳ر قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۲ر علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ر اور چمڑے کی جلد کا ۱۲ر ہدیہ کے علاوہ

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
پنجشنبہ ۸ جمادی الثانی ۱۳۵۱ ہجری

لکھنؤ میں ایک مسلم کانفرنس کا انعقاد
مولانا شوکت علی کی طرف سے دعوت

جب سے کہ وزیر اعظم کا فرقہ وارانہ اعلان شائع ہوا ہے اور اس فیصلہ کی شرائط منظر عام پر آئی ہیں جسے غلطی سے ثالثی فیصلہ کہا جاتا ہے ہندوستان کی تمام ملتیں اس فیصلہ کے خلاف آواز بلند کر رہی ہیں اور سوائے یوروپین جماعت کے کوئی ہندوستانی ملت ایسی نہیں ہے جسے یہ فیصلہ مطمئن کر سکا ہو۔ بالخصوص مسلمانوں کو اس فیصلہ سے جس قدر نقصان پہنچا ہے اس کا صحیح اندازہ لگانا بھی سخت دشوار ہے۔ اس صورت حال نے ایک مرتبہ پھر اس حقیقت کو روشن کر دیا ہے کہ ہندوستان کے فرقہ وارانہ مسئلہ کا اطمینان بخش حل اگر ہو سکتا ہے تو اس کی صرف ایک ہی شکل ممکن ہے اور وہ یہ ہے کہ خود ہندوستان کی ملتیں سر جوڑ کر بیٹھیں اور اس وقت تک نہ اٹھیں جب تک کہ ان کے درمیان کوئی پائدار اور مستحکم سمجھوتہ نہ ہو جائے۔ جب تک کوئی تیسری قوت فیصلہ کرتی رہے گی اس وقت تک یہ ناممکن ہے کہ ہندوستانی ملتوں کا مفاد محفوظ رہ سکے اور وہ اطمینان کی زندگی بسر کریں۔

اس حقیقت کا اظہار اعلان ہونے کے بعد قدرتی طور پر وہ محبان وطن جن کے سامنے اپنی ملت کا مخصوص مفاد اور اس کے ساتھ ساتھ ملک کا مجموعی مفاد بھی ہے یہ سوچ رہے تھے کہ وزیر اعظم کے فیصلہ کو کسی نہ کسی طرح بدلوایا جائے اور اقوام ہند کے درمیان ایک ایسا سمجھوتہ ہو جائے جسے حکومت برطانیہ منظور کرنے پر مجبور ہو۔ چنانچہ جمعیۃ علمائے ہند کے ڈکٹیٹر اعظم نے اپنے اعلان میں اس ضرورت کی طرف اشارہ بھی کیا تھا اور اس کی اہمیت کو فرزندان وطن پر ثابت کرنے کے لئے برطانوی فیصلہ کے نقائص کو نہایت شرح و بسط کے ساتھ بیان کر دیا تھا۔ ہم نے الجمعیۃ کے ...

کو دعوت نامے جاری کئے گئے ہیں:۔
سر عبد القیوم، سید جعفر شاہ، خان علی گل خاں (سرحد)، سر محمد اقبال، مولانا ظفر علی خاں، مولوی غلام قادر (؟)، مولوی غلام محی الدین، غلام رسول مہر (پنجاب)، نواب محمد اسمٰعیل خاں، راجہ صاحب سلیم پور، مولوی محمد یعقوب، (یوپی)، مولوی فضل الحق، مسٹر شہید سہروردی (بنگال)، سید عبد العزیز (بہار)، سر حاجی عبد اللہ ہارون (سندھ)، مسٹر یوسف شریف (صوبۂ متوسط)، سر سلیمان قاسم مٹھا (بمبئی)، سید مرتضیٰ بہادر (مدراس)۔"

اس کے بعد اس بیان میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ مولانا ابو الکلام آزاد اور ڈاکٹر سید محمود نے دعوت منظور کر لی ہے۔ جمعیۃ علمائے ہند سے حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور حضرت مولانا سید محمد سجاد صاحب کو دعوت دی گئی ہے۔ جمعیۃ علماء کانپور کے صدر کو بھی طلب کیا گیا ہے ... ضرورت سمجھیں تو کچھ اور اصحاب کو بھی بلالیں۔

ان بیانات سے گفتگوئے مصالحت جس مرحلہ پر پہنچی ہے وہ صاف ظاہر ہو جاتا ہے۔ مولانا ابو الکلام آزاد، مولانا شوکت علی صاحب کو مطمئن کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں مگر مولانا شوکت علی صاحب کو ابھی اپنے احباب کی رضامندی حاصل کرنی ہے اس لئے یہ کانفرنس مولانا موصوف اور شیخ عبد المجید صاحب سندھی کی طرف سے طلب کی گئی ہے اور اس میں تقریباً ان ہی لوگوں کو دعوت دی گئی ہے جن کی رضامندی ...

قدامت پسندوں کا فیصلہ

گاندھی جی کی رہائی

عراق کی آزادی

۳۰ ستمبر کے مظاہرے

نکات و لطائف

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف
جمعیۃ علمائے ہند کے زیر ہدایت جلسے اور جلوس کے مظاہرے
حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

(گزشتہ سے پیوستہ)

فرخ آباد

۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ حسب اعلان مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند مسلمانان فرخ آباد کا ایک عظیم الشان جلسہ مسودات حج کے سلسلہ میں بصدارت حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب خطیب جامع مسجد منعقد ہوا جس میں صدر صاحب موصوف نے اپنی مختصر تقریر میں ہر سہ مسودات حج کو مسلمانوں کے لئے خطرناک قرار دیتے ہوئے مسلمانان ہند سے پرزور اپیل کی کہ وہ ہر چیز جو اس فریضۃ الٰہیہ کی بجا آوری میں سد راہ ہو دور کرنے کی ان تھک کوشش کریں۔

کراچی میں ۱۶ مقامات پر جلسے

حسب اعلان سکرٹری تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند ۳۰ ستمبر کو مندرجہ ذیل مسجدوں میں بعد نماز جمعہ تقریریں ہوئیں۔ سکرٹری جمعیۃ علماء سندھ۔

کرتپور

لبین

بچھراؤں (مراد آباد)

حوادث و حکام

(گزشتہ سے پیوستہ)

عرب دنیا کے اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اسپین میں قدیم عربی تمدن کا احیاء
مجریط میں بیت اسلامی کا قیام
دنیائے اسلام سے امیر شکیب ارسلان کی اپیل

شام کے وطن پروروں کی گرفتاریاں
زعمائے حلب پر فرانس کے مظالم

حلب کے تیس زعماء کو حکومت فرانس نے گرفتار کر لیا ہے۔ ان کا جرم کیا تھا؟ وطن پروری حریت نوازی کا جرم جس سے بڑھ کر مغرب کی عدالتوں میں اور کوئی جرم نہیں ہے! ان گرفتاریوں کے بعد عام باشندوں کی طرف سے ہڑتال اور مظاہرے ہوئے جن کے نتیجہ میں بہت سے لوگوں کو لاٹھیاں کھانی پڑیں اور وہ مجروح ہو گئے۔ فرانسیسی پولیس نے گولیاں بھی چلائیں۔ حلب کے اس حادثہ پر دمشق میں سخت احتجاج کیا گیا اور لوگ جامع اموی میں جمع ہو گئے۔ اس کے بعد پر امن جلوس نکالا گیا جس میں حلب کے حادثہ پر نفرت و ملامت کا اظہار کیا گیا۔

زعیم المعارضہ ابراہیم بک ہنانو کے دولت کدہ پر بھی گولی لگی سنی تھی تو پر جوش کیا گیا۔ اس کے خلاف مجلس وطنی نے رئیس الوزراء کو احتجاجی تار ارسال کیا ہے۔
(الصراط المستقیم)

الجمعیۃ
کی توسیع اشاعت کیلئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔
(منیجر الجمعیۃ دہلی)

دار الحکومت

والاحضرت سردار شاہ ولی خاں صاحب کا ورود دہلی

ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ہند سے ملاقات

دہلی ۔ ۷ ستمبر آج شب کے نو بجے نائب کابل والاحضرت شاہ ولی خاں نے بمبئی سے پشاور تشریف لیجاتے ہوئے دہلی اسٹیشن پر ورود فرمایا۔ اسٹیشن پر ہزاروں آدمیوں کا اجتماع تھا جس میں حضرت مولانا الحاج محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علمائے ہند حضرت مولانا سید فخر الدین صاحب رکن مرکزیہ جمعیۃ علمائے ہند و صدر المدرسین دار العلوم شاہی مسجد مراد آباد و حضرت مولانا قاری عبد اللہ صاحب ڈکٹیٹر جمعیۃ علمائے ضلع مراد آباد جناب مولانا محمد راشد حسین صاحب رکن جمعیۃ علمائے مراد آباد و خواجہ حسن نظامی صاحب ۔ جناب ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ ملیہ دہلی مسٹر ضیاء الدین صاحب ...

... وطن پر مبارکباد دی جس کے جواب میں والاحضرت نے حضرت مولانا کی تکلیف فرمائی کو بہت بہت شکریہ ادا کیا اور جمعیۃ علمائے ہند کے مقاصد کی کامیابی کی دعا فرمائی۔ خواجہ حسن نظامی صاحب ڈاکٹر ذاکر حسین خان صاحب اور مولانا راشد حسین صاحب اور دوسرے حاضرین سے بھی والاحضرت نے ملاقات کی اور سب حضرات کی محبت کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔

مولانا تفضل حسین صاحب کو دہلی چھوڑنے کا حکم

دہلی ۵ اکتوبر ۔ کل شام کے پانچ بجے شیخ عبد السلام صاحب انسپکٹر پولیس کوتوالی معہ چند کانسٹیبلان دی آئی ڈی دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں پہونچے اور جناب مولانا محمد تفضل حسین صاحب فاضل دیوبند رکن جمعیۃ علمائے ہند کو جدید آرڈیننس کی دفعہ ۴ کے موجب ۲۴ گھنٹہ کے اندر دہلی چھوڑنے کا نوٹس دیا۔

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کی مساعی جمیلہ

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کے ایک خاص جلسہ کی قرارداد کے مطابق ۷ اکتوبر سے انتظام جلوس رام لیلا کے سلسلہ میں ایک مرکزی کیمپ گھنٹہ گھر پر قائم کیا جائیگا اور جلوس کے ہمراہ بورڈ کے والنٹیئرز و ممبران رہیں گے۔

تمام ممبران سے درخواست ہے کہ پوری سرگرمی کے ساتھ بورڈ کے اس پروگرام کو کامیاب بنائیں ...

ضیاء الدین احمد آنریری سکریٹری ...

مولانا برکت علی کا مقدمہ

آئندہ پیشی ۱۲ اکتوبر ہوگی!

دہلی ۵ اکتوبر ۔ آج ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں مسٹر پول ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے مولانا برکت علی صاحب کا رکن جمعیۃ علمائے ہند کا مقدمہ دفعہ ۱۲۴ (الف) کے ماتحت پیش ہوا۔ استغاثہ کی شہادتوں کے بعد فیصلے کے لیے ۱۲ اکتوبر مقرر ہوئی۔ مولانا نے کارروائی مقدمہ میں کوئی حصہ نہیں لیا۔

جامعہ ملیہ کے مقاصد

(۱) مسلمان بچوں کو اسلامی روایات علمی اور قومی مصالح کے مطابق تعلیم دی جائے اور ان کو اپنے مذہب اور تمدن سے ایسا لگاؤ پیدا کردیا جائے کہ وہ ملت اسلامیہ اور ہندوستانی قومیت کے مفید رکن بن کر ملت اور قوم کی اصلاح اور ترقی میں حصہ لے سکیں۔

(۲) اُردو کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے۔

(۳) غیر زبانوں کے علمی سرمایہ کو اُردو زبان میں منتقل کیا جائے۔

(۴) بہتر تعلیم کم خرچ پر دی جائے۔

(۵) آزاد تعلیمی تجربوں کے ذریعہ ایسا نصاب تعلیم مرتب کیا جائے جو موجودہ تعلیم کے نقائص کو دور کر سکے۔

جو حضرات ان مقاصد کی تکمیل کے لیے حلقہ ہمدردان جامعہ میں شریک ہونا چاہیں اپنے نام اس پتہ سے شیخ الجامعہ کو (قرول باغ دہلی) مطلع فرمائیں۔

مقامی اخبار نویسوں کا ایک اہم جلسہ

آرڈیننس بل کی مذمت

دہلی جرنلسٹ ایسوسی ایشن کا ایک جلسہ کل شام کو تاج ہوٹل میں منعقد ہوا۔ مسٹر ساہنی صدر چونکہ موجود نہ تھے اس لیے جناب خواجہ حسن نظامی صاحب بالاتفاق صدر جلسہ قرار پائے۔

اجلاس کا سب سے اہم کام عہدے داروں کا سالانہ انتخاب اور آرڈیننس بل پر غور و خوض تھا ...

دہلی میں یوم آرڈیننس کے جلسے اور جلوس

جمعیۃ علمائے ہند کے آٹھویں ڈکٹیٹر کی تقریر

شراب پر پکٹنگ اور گرفتاریاں

دہلی ۷ اکتوبر ۔ جمعیۃ العلماء ہند کے پروگرام کے مطابق آج دہلی میں آرڈیننس ڈے منایا گیا حکومت کی کامل پیشبندیوں کے باوجود حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر ہشتم جمعیت علمائے ہند آج کے پروگرام کی تکمیل کے لئے دہلی تشریف لے آئے تھے اول جامع مسجد میں نماز جمعہ اور تلاوت قرآن کے بعد جلسہ منعقد ہوا۔ مولانا ابو الفضل صاحب نے حکومت کی سختگیری اور اس کے ردعمل کے لئے جمعیت علمائے ہند کی جدوجہد پر تبصرہ کیا اور جلسہ کی صدارت کے لئے حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کا نام پیش کیا جس کی تائید حاضرین جلسہ نے کی۔ اس کے بعد ایک پرجوش نظم پڑھی گئی جس کا مجمع پر بہت اثر پڑا۔

... فرمایا تھا کہ ہماری فتحپوری کی مسجد میں مسلمانوں کا کوئی جلسہ نہیں ہوسکتا اس لئے میں ارکان کمیٹی کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ مسلمان ہرگز ہرگز مساجد میں کسی ایسی مداخلت کو جو حکومت کے اشاروں پر ہو برداشت نہیں کرسکتے۔ ازاں بعد آپ نے پبلک کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے امن و آشتی کے ساتھ جلوس کو کامیاب بنایا۔

اس کے بعد جناب صدیقی صاحب نے چند قومی نظمیں وغیرہ پڑھیں اور جلوس منتشر کردیا گیا اور رضاکاروں کے قائد نے اعلان کیا کہ جمعیۃ علمائے ہند کے رضاکار یہاں سے شراب کی دوکان پر پکٹنگ کے لئے جائیں گے۔

...

حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علمائے ہند گرفتار کرلئے گئے

... آدمی دفتر کے نیچے جمع ہوگئے جو اللہ اکبر اور مولانا محمد اسمٰعیل زندہ باد کے فلک رسا نعرے لگا رہے تھے۔ پولیس کی لاری چاندنی چوک میں کھڑی ہوئی تھی جس میں حضرت مولانا کو سوار کرکے کوتوالی بھیجدیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا کی گرفتاری آرڈیننس کی دفعہ ۶۰ کے ماتحت عمل میں آئی ہے۔

...

آگرہ میں ایک قدیم مسجد کی از سر نو تعمیر

مسجد کے صحن کو شارع عام بنا یا گیا تھا

گزشتہ ہفتہ اعتماد الدولہ نیا برج آگرہ میں ایک قدیم شاہی مسجد میں عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں تلاوت قرآن پاک اور مذہبی دلچسپ نظموں کے بعد مولانا محمد عبد الاول صاحب فاضل دیوبند نے احترام مساجد اور تعمیر مساجد کے متعلق بصیرت افروز تقریر فرماتے ہوئے مسلمانوں کو اس قدیم مسجد کی تعمیر کی توجہ دلائی جو عہد بابری کی ایک قدیم یادگار ہے مگر شومئی قسمت سے پچھ سے اس مسجد کے محرابی دروازہ کو درمیان سے منہدم کرکے ایک راستہ بنالیا گیا تھا ۔ اور مسجد کے صحن کا حوض بند کردیا گیا تھا اور وہ ایک ایسا شارع عام بن گیا تھا جس پر ہوکر بیل گاڑیاں وغیرہ کا اکثر سامان لے کر گاڑیاں گزرتی تھیں ...

...

ایک عالم دین کی افسوسناک وفات

دریا کو عبور کرتے ہوئے موجوں کی نذر ہوگئے!

مولوی سراج الدین پسر مولوی بدر الدین صاحب ساکن گلاوٹی ضلع بلند شہر حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کے ہمراہ دہلی روانہ ہوئے تھے دہلی پہونچکر چند دن کے بعد پھر اپنے ماموں صاحب کے پاس واپس گئے وہاں سے زیارت حضرت مولانا اشرف علی صاحب مدظلہ کی تھانہ بھون میں حاضر ہوئے ان کے ساتھ چند طلباء اور بھی رفقا تھے تھانہ بھون سے دیوبند واپس ہو رہے تھے کہ راستہ میں ایک ندی سے عبور کرتے ہوئے دریا کی موجوں کی نذر ہوگئے ۔

...

گاندھی جی کی رہائی کا مسئلہ

وزیر اعظم و حکومت ہند میں اختلاف

...

بنگال میں ایک اور بم پھینکا گیا

ایک ہندو اور دو مسلمان گرفتار

... دیسی شراب کی ایک دوکان پر ایک بم کسی نے پھینکا لیکن وہ ... پولیس مزید تحقیقات میں مشغول ہے۔

انگلستان کی مزدور جماعت ہندوستان کی تائید میں

ہندوستان کو حق ہے کہ وہ اپنے موافق دستور بنائے

اشتراکیت کی پرزور حمایت

لندن ۴ اکتوبر ۔ مزدور پیشہ جماعت نہایت ہی سنجیدگی کے ساتھ اپنی سابقہ حالت کا جائزہ لے رہی ہے ۔ اس نے اپنی سالانہ کانفرنس کے موقعہ پر جو کل لیسٹر میں منعقد ہوئی اپنے مستقبل کے متعلق ایک اہم لائحہ عمل تیار کیا ہے ۔ گزشتہ سال کے عام انتخابات میں اس جماعت کی زبردست شکست کے بعد یہ پہلی کانفرنس ہے جو منعقد ہوئی ہے ۔

قومی حکومت پر سخت حملہ

مسٹر آرتھر ہنڈرسن (سابق وزیر خارجہ) نے قومی وزارت پر سخت اعتراض کیا اور اسے "سازش ، ناجائز کارروائیوں اور تباہ کاریوں" کا ملزم قرار دیا اور یہ کہا کہ وہ یہ ماننے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہیں کہ موجودہ حالات مزدور پیشہ جماعت کے معینہ اصولوں میں تبدیلی کے متقاضی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تک ...

...

اس کے بعد چار سالہ تعمیری پروگرام والی قرارداد پیش ہوئی جس پر کئی تقریریں ہوئیں جو منظور کی گئیں ۔

ڈاکٹر ہیو ڈالٹن جو اس جماعت کے لائق ترین افراد میں سے ہیں ۔ اس بات پر زور دیا کہ طلائی معیار کو قائم نہ ہونے دینا چاہئے۔

طہران کے قونصل اور فلسطین کے نائب قونصل

بغداد طہران روڈ پر لوٹ لئے گئے

بغداد ۴ اکتوبر ۔ اس خبر کی اب تصدیق ہوگئی ہے کہ بغداد طہران روڈ پر کرمان شاہ اور ہمدان کے درمیان ڈاکوؤں نے تین امریکی افسروں کو لوٹ لیا اور ننگا کرکے چھوڑ دیا ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ڈاکو بیچاروں کو پہاڑوں پر لے گئے لیکن بعد ازاں ان کو اپنی موٹر میں سوار ہوکر اپنا سفر جاری رکھنے کی اجازت دیدی ۔ بیورو ستان سے لوٹ مار کی اکثر اطلاعات موصول ہوتی ہیں ۔ افسران مذکور کے نام مسٹر اسٹریمبر ، مسٹر بکرک اور مسٹر کیمبل ہیں ۔ اول الذکر طہران میں بطور قونصل مقیم تھا اور موخر الذکر دونوں اصحاب یروشلم میں بطور نائب قونصل مقیم تھے ۔

ہندوستان میں کتنے کانگریسی کارکن گرفتار ہوئے؟

۵۶ ہزار اندر ۔ بیس ہزار باہر

بمبئی اور یو۔پی کا نمبر سب سے بڑھا ہوا ہے

سرکاری اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ (۱) گرفتار شدگان کی تعداد جو کہ آرڈیننس اور معمولی قانون کے تحت میں گرفتار ہوئے ہیں ان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں :۔

صوبہ	مرد	عورتیں	میزان
مدراس	۲۴۹۸	۲۴۲	۲۷۴۰
بمبئی	۱۰۳۳۲	۶۵۶	۱۰۹۸۸
بنگال	۹۲۲۴	۶۲۹	۱۰۵۵۳
یو۔پی	۱۱۰۰۵	۴۲۴	۱۱۴۲۹
پنجاب	۱۴۳۸	۱۱۲	۱۵۵۰
بہار واڑیسہ	۱۹۹۵	۲۷۶	۹۸۷۱
سی۔پی	۳۴۷۶	۲۹۶	۳۷۷۲
آسام	۱۰۸۲	۸۷	۱۱۶۹
صوبہ سرحد	۵۲۹۰	۱	۵۲۹۱
دہلی	۸۹۶	۵۱	۹۴۷
کورگ	۲۰۱	۳	۲۰۴
اجمیر میرواڑہ	۲۵۳	۷	۲۶۰
کل میزان	۵۵۹۹۰	۲۷۸۴	۵۸۷۷۴

وہ لوگ جو کہ معمولی قانون اور آرڈیننس کے تحت میں ہنوز جیل میں ہیں ان کی تعداد حسب ذیل ہے :۔

	مرد	عورتیں	میزان
میزان کل	۲۱۴۲۲	۸۴۳	۲۲۲۶۵

بمبئی میں ہندو مسلم سمجھوتہ کیلئے احرار ہند کا اجتماع

مولانا ابو الکلام آزاد ۔ مولانا شوکت علی اور پنڈت مالویہ کی گفتگو

تصفیہ کی صورت اور آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد کے امکانات

بمبئی ۴ اکتوبر ۔ فرقہ وارانہ مسئلہ کے سرکاری فیصلہ سے مایوسی کا اظہار نوٹ کرتے ہوئے مسلمانوں کی ہر جماعت کی طرف سے جو پچھلے اور دو دو سال سے اچھی طرح محسوس کرتے ہیں ...

مولانا شوکت علی کے تار

بمبئی ۔ ۷ اکتوبر ۔ مولانا شوکت علی نے حسب ذیل تار پرائیوٹ سکریٹری وائسرائے اور گاندھی جی کے نام سفر امریکہ کا ارادہ ملتوی کرنے سے قبل ارسال کئے تھے ۔ ...

... میری گفت و شنید ہوئی ہے جس کی بناء پر مسلمانوں کے درمیان باعزت سمجھوتہ ہوسکے گا ۔ میں نے اپنے ہمراہی کارکنان کے ساتھ پنڈت مالویہ سے گفتگو کی ہے جو نہایت اطمینان بخش اور امید افزا تھی آپ سے ملتجی ہوں کہ آپ اپنے رسوخ کو کام میں لائے تاکہ مختلف جماعتوں کے درمیان جس میں برٹش گورنمنٹ اور مہاراجگان بھی شامل ہیں امن قائم ہو سکے ۔ میرا پُر محبت سلام قبول کیجئے نیز سر ہنری اور سر جی نائیڈو کی خدمت میں بھی عرض کر دیجئے میں آج امریکہ جا رہا ہوں لیکن انقطاعی فیصلہ کے وقت انگلستان واپس آسکتا ہوں ۔

بمبئی کونسل کے مسلمانوں کی تائید

سر شاہنواز خاں بھٹو نے جو بمبئی کونسل کی مسلم جماعت کے لیڈر ہیں آج ایک جلسہ منعقد کیا جس میں غور و خوض کے بعد حسب ذیل تار پریسیڈنٹ خلافت کمیٹی کے نام روانہ کیا گیا ۔

بمبئی کونسل کی مسلم پارٹی آل انڈیا مسلم لیڈران کی کانفرنس کے انعقاد کے حق میں ہے یہ کانفرنس کسی مرکزی مقام پر اس مسئلہ پر غور کرنے کے لئے منعقد کی جائے ۔

ڈاکٹر سید محمود کا بیان

بمبئی ۷ اکتوبر ۔ ڈاکٹر سید محمود نے حسب ذیل بیان شائع کیا ہے :۔ فریقین کے درمیان انقطاعی طور پر ابھی کچھ طے نہیں ہوا ہے ۔ جس احتیاط کے ساتھ آگے قدم بڑھانا ہوگا ہم قوم پرست مسلمان کسی ایسی شے کو منظور نہیں کرسکتے جو دیگر جماعتوں کے مفاد کے منافی ہو ۔ مولانا شوکت علی نے اپنا سفر امریکہ ملتوی کردیا ہے مجھے امید ہے کہ اس سے سمجھوتہ میں امداد ملیگی ۔ مولانا شوکت علی ڈاکٹر سید محمود اور مولانا ابو الکلام آزاد کل صبح پھر گفتگو کریں گے اور باہمی طور پر مسلمانوں کے مطالبات طے کرکے پنڈت مالویہ اور دیگر ہندو لیڈروں کے روبرو پیش کریں گے ۔ ڈاکٹر سید محمود اس بارے میں کل شام کو ایک بیان شائع کریں گے ۔

۷ اکتوبر کی گفت و شنید

بمبئی ۷ اکتوبر ۔ ہندو مسلم مسئلہ کے متعلق مولانا شوکت علی سیٹھ عبد المجید سندھی پنڈت مدن موہن مالویہ ۔ مولانا ابو الکلام آزاد اور ڈاکٹر سید محمود میں جو گفت و شنید ہو رہی ہے معلوم ہوا ہے کہ اس میں ان کو کافی کامیابی حاصل ہوئی ہے ...

...

امریکہ کی روانگی ملتوی

بعد کی اطلاع ہے کہ پنڈت مدن موہن مالویہ ۔ ڈاکٹر سید محمود مولانا ابو الکلام آزاد ۔ سردار سلیمان قاسم مٹھا اور متعدد دیگر اصحاب کی درخواست پر مولانا شوکت علی نے امریکہ کا روانگی دو ہفتوں کے لئے ملتوی کردی ہے ۔

لکھنؤ میں مسلم پارٹیز کانفرنس منعقد کرنیکا فیصلہ

بمبئی ۷ اکتوبر ۔ مولانا ابو الکلام آزاد اور ڈاکٹر سید محمود کے ساتھ آج صبح مولانا شوکت علی نے غیر رسمی طور پر گفتگو کی ۔ اور یہ قرار پایا کہ لکھنؤ میں ۱۵ و ۱۶ اکتوبر کو مسلمانوں کی مختلف پارٹیوں کی ایک کانفرنس طلب کی جائے جس میں منتخب رہنما شریک ہوں ۔ اس کانفرنس کے بعد ایک آل پارٹیز کانفرنس طلب کی جائے گی ۔

کون لوگ شریک ہونگے

مجوزہ آل پارٹیز کانفرنس میں شرکاء کے متعلق ابھی کچھ بتانا قبل از وقت ہے ...

تصفیہ کی صورت

...

ملک کے گوشہ گوشہ سے آل پارٹیز کانفرنس کی تائید

حضرت مولانا حسین احمد مدنی اور مولانا قطب الدین عبد الوالی کا بیان

صوبہ سرحد کی طرف سے کانفرنس کا خیر مقدم

...

مولانا قطب الدین عبد الوالی صاحب کا اعلان

مولانا قطب الدین عبد الوالی صاحب نے فی لکھنؤ سے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت روانہ کیا ہے :۔

...

پہلے مسلمانوں کی آل پارٹیز کانفرنس ہو

ڈاکٹر محمود اللہ ایس جنگ بار ایٹ لا سکریٹری نیشنلسٹ مسلم پارٹی نے بمبئی اخبارات کے نام ایک بیان شائع کیا ہے جس میں مولانا آزاد کی اس تجویز کی پرزور تائید کی ہے ...

حامیان افتراق کی رخنہ اندازیاں

...

حضرت مولانا حسین احمد صاحب کی طرف سے تائید

دیوبند سے حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدظلہ بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ مولانا ابو الکلام صاحب آزاد نے آل پارٹیز کانفرنس منعقد کرنے کی جو تجویز پیش کی ہے وہ نہایت اہم اور ضروری ہے ۔ میں اس کی پرزور تائید کرتا ہوں ...

... سے عذر کرنا چاہئے ۔

مسلمان سمجھوتہ کے لئے تیار ہیں

...

بنگال اور مخلوط انتخاب کی تائید

...

میرٹھ میں ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کا قیام

ملک کے متفقہ مطالبہ کی ترتیب و تدوین

...

یوم احترام مساجد و اوقاف

(بقیہ صفحہ ۲)

سلہٹ

(ز مقام ناظم مرکزی تحفظ ناموس شریعت جمعیت علمائے ہند کی ہدایت کے بموجب جمعیت علمائے آسام کی سرکردگی میں سلہٹ کی جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ زیر صدارت جناب مولانا سخاوت الانبیاء صاحب ایک عام جلسہ کا انعقاد ہوا قرب وجوار کے صدہا مسلمان شریک جلسہ ہوئے۔ فاضل صدر اور جناب مولانا عبدالمصور صاحب اور دیگر معزز مقرروں نے تجاویز مرکزی تحفظ ناموس شریعت کو خوب اچھی طرح حاضرین کا ذہن نشین کرایا اور اس سلسلہ میں جمعیت علمائے ہند کے تمام خدمات کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا اور بتا دیا کہ مسلمانوں کو سمجھ لینا چاہئے کہ تحفظ ناموس شریعت کے لئے اگر ان کے دل میں کوئی تڑپ موجود ہو تو ان کا فرض ہے کہ جمعیت علمائے ہند کی ہدایت بموجب اقدام عمل کریں، آج جمعیت علماء سے روگردانی تحفظ ناموس شریعت سے روگردانی کا مرادف ہے حاضرین جلسہ پر ان تقریروں کا بہت گہرا اثر پڑا۔

بالآخر ہر سہ تجاویز بالاتفاق آراء منظور ہوئیں ختم جلسہ پر ایک جلوس بھی نکالا گیا۔ جب یہ جلوس پُرامن طریقہ پر درگاہ شاہ جلال رحمۃ اللہ علیہ کی طرف جاتا ہوا کچہری کے سامنے پہونچا پولیس سپرنٹنڈنٹ کانسٹیبلوں کی ایک جماعت کے ساتھ مزاحم ہوگیا اور لوگوں کو دیکھ کر جلوس کو تتر بتر کر دیا پانچ چھ آدمی کو خفیف چوٹ بھی آئی۔ جلوس کے ساتھ جس قدر موٹو اور جھنڈے تھے سب چھین لئے گئے۔ پولیس کی اس قدر مزاحمت شدید کے باوجود بھی جلوس والے درگاہ مذکور تک پہونچکر دوبارہ جلسہ کیا اور اس قسم کے مظاہروں کے مقاصد کو پوری طور سے سامعین کو بتا دئے۔

(جمعیت علمائے آسام سید نور الحق سلہٹ)

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اجمیر کے ایک دردمند مسلمان کی آواز

جھوٹے اور شرارت آمیز اشتہار کا مخلصانہ جواب

محترم مدیر الجمعیۃ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں اجمیر سے ۳ روز کے لیے یہاں اپنے ذاتی کام کے لئے آیا ہوا تھا۔ آج شام کو ہی واپس جا رہا ہوں۔ ابھی سہ پہر کو بازار میں ایک اشتہار بعنوان "دہلی کے بعد اجمیر شریف میں فتنہ خبیثہ کا ظہور" پڑھا پڑھکر سخت رنج ہوا۔ یہ اشتہار محمد سعید اجمیری کے نام سے کسی نے شائع کیا ہے مگر یہ نام فرضی معلوم ہوتا ہے۔ نہیں دہلی کے کسی ایسے شخص نے اس کو شائع ...

(احقر محمد ابراہیم غفرلہ از شیرکوٹ ضلع بجنور)

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دار العلوم دیوبند
شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب
شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دھلوی
عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف بھورے میاں دھلوی
عالی جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا دہلوی

کے

خصوصی مجربات

معجون عنبری

دل و دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور مفرح نشاط ہے یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزاء مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب ہے نہ اس میں کوئی کشتہ ہے نہ کسی قسم کے سمیات اور نشہ وغیرہ مضر اجزاء ہیں جو لوگ بے اعتدالیوں کی بدولت اپنی تندرستی کو خیرباد کہہ چکے ہیں ان کے لئے یہ معجون آب حیات ہے ... (۸/)

اکسیر قلب

دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دل و دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک تی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ (للعہ)

(نوٹ) دواخانہ رشیدیہ میں بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں فہرست مجربات خصوصی منگا کر ملاحظہ فرمائیے۔

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

ٹیلیفون نمبر ۵۶۶ — تار کا پتہ: ہنیڈی سنٹر دہلی

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپکے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص امیض — اکسیر نسواں — ملین — جوہری

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

بال جڑ سے کالا

منیجر بال کالا اسٹور کمپنی سری دربھنگہ

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریگنائز کر دیا

سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے۔ ... سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم، سٹاف اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ سکول کا اپنا پاور ہوس ہے جس میں اے سی اور ڈی سی ہر دو قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے۔ اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریگنائز بھی کر دیا ہے۔ قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔

منیجر

857

آج کل صحت کو برقرار رکھنا چاہیں تو

ہاضمہ کا خیال رکھیں ہاضمہ کی خرابیاں ہی اس موسم کی تمام چھوٹی بڑی بیماریوں کی جڑ ہیں کھانسی۔ زکام۔ انفلوئنزا۔ جی متلانا۔ دست بدہضمی سب ہاضمہ کی خرابیاں ہی ہیں اسلئے صحت کو ہر طرح سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو

"امرت دھارا"

کا استعمال بکثرت جاری رکھنا چاہئے کوئی بھی تکلیف ہو جائے اسی پر زور دینا چاہئے اسے دستوں میں آزمائیے پانی سے بار بار پینا چاہئے اس کا استعمال ہر قسم انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھیگا کیونکہ وہ کمال درجہ کی انٹی سیپٹک بھی ہے ہاضمہ ٹھیک رہیگا تو قدرت کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاوینگے اور آجکل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے!

گھر میں رکھیئے جیب میں رکھیئے۔ بھولئے نہیں صحت روپیہ اور وقت سب کو بچاوے گی!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے نصف شیشی ایک روپیہ چار آنہ۔ نمونہ آٹھ آنے

احتیاط:۔ نقلوں سے بچو کیونکہ سخت و دیرینہ امراض میں پڑ کر دکھ و تکلیف بڑھاویں گی صحت کے معاملہ میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو!

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

مسئول مدیر: ہلال احمد زبیری بی اے

معاون: محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار — ہندوستان کیلئے: سالانہ، ششماہی، سہ ماہی — ممالک غیر کے لئے: سالانہ، ششماہی — نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی: یکم، ۵، ۹، ۱۳، ۱۷، ۲۰، ۲۴، ۲۸ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

جلد ۱۶ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۶

معاصرین کے افکار وآراء

جمعیۃ علمائے برہما (رہبر)

جمعیۃ علمائے برہما ہمارے صوبے کے محترم ومستند علماء کی جمعیۃ ہے جس نے صوبہ برہما کے مسلمانوں کی صحیح خدمت کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے۔ اس جمود وسکون کے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں جو مسلمانان برہما پر چھایا ہوا ہے اگر کوئی مشعل روشن ہوئی ہے تو ہم بلا خوف تردید کہہ سکتے ہیں کہ وہ اسی محترم جمعیۃ کی ایزد فروز شمع ہے۔ دنیا کی ترقیات کے شور وشغب میں حق کی آواز نقار خانے میں طوطی کی آواز بن کر رہ گئی تھی اور اندیشہ تھا کہ قوم کی زندگی کو جن چشموں سے طراوت کا سامان مل سکتا ہے کہیں وہ ہمارے جمود میں بالکل بند ہی نہ ہوجائیں لیکن مسند نشینان شریعت غرائے مصطفوی نے اللہ کا نام لے کر وہ کروٹ لی کہ وساوس باطلہ کی صفوں میں ہلچل مچ گئی۔ برہما میں مسلمان مدت سے آباد ہیں اور دنیوی لحاظ سے انعامات الٰہیہ سے بحصہ وافر محظوظ ہیں۔ لیکن جس زبان کو ان کی مادری زبان ہونے کا شرف حاصل ہے وہ اس جنس کی سرمایہ دار نہیں ہے جیسے مسلمانوں کی حیات سے گہرا تعلق ہے یعنی اس میں تعلیمات اسلامی کی افسوسناک کمی تھی۔ اس کمی کا احساس جس جماعت نے کیا وہ یہی جمعیۃ العلماء ہی تو ہے جس نے بیسیوں کتابیں جنہیں درجہ استناد حاصل تھا برمی زبان میں ترجمہ کرا کر برہما کے گوشے گوشے میں پہنچا دی ہیں ان کتابوں کے ترجمے اور طباعت واشاعت میں جن گرانبار اخراجات کی ضرورت پڑتی ہے اس کا اندازہ وہی لوگ بخوبی لگا سکتے ہیں جنہیں اس میدان میں اترنے کا کبھی اتفاق ہوا ہے لیکن آفرین ہے اس جوانہمت جمعیۃ کے صدر وارکین ومعاونین کی کوششوں پر کہ انہوں نے اس مشکل کو صبر واستقلال کے ساتھ ایک حد تک آسان بنا دیا۔

جمعیۃ العلماء نے اس اہم ضرورت کو سب سے پہلی فرصت میں پورا کرتے ہوئے ایک دارالسلام کی تاسیس کی طرف بھی عنان توجہ منعطف کی اور عرفان وروشنی کا مینار قائم کردیا ہے جس کی روشنی زمانہ مستقبل میں جہاں تک پہونچے گی اس کا تصور ابھی سے ہماری روح کو مبتہج ومسرور کر رہا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جمعیۃ العلماء کے کارناموں کی صحیح نوعیت سے برہما کی اسلامی پبلک کو اچھی طرح سے روشناس کرائیں۔ اس لئے ہم نے یہ سطور تمہید وتوطیہ کے طور پر درج کردی ہیں تاکہ پبلک کو معلوم ہوجائے کہ ایک ایسی ضروری، مفید اور حیات پرور جمعیۃ کی طرف سے ان کی غفلت کے معنی اس کے سوائے کچھ نہیں کہ وہ اپنی حیات پر حرمات لگا رہے ہیں۔

مسئلہ حج اور نئے مفتیوں کا ظہور (پیشوا)

مسلمانوں کو شکایت ہے کہ ان کا کوئی رہنما نہیں۔ لیڈر ناراض ہیں کہ خود سری قوم ان کی بات نہیں مانتی۔ حکومت پریشان ہے کہ وہ مسلمانوں میں سے کتنے لوگوں کو ان کا نمائندہ مانے۔ کیونکہ پوری قوم کا ہر فرد لیڈری کا مدعی ہے۔ برادران وطن دریافت کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی نمائندگی کی مستحق کونسی جماعت ہے۔ مگر یہ ساری پریشانیاں ۱۷ ستمبر کے اجلاس اسمبلی میں رفع ہوگئیں جبکہ ملت اسلام کے نئے مفتیوں کی ایک جماعت کا ظہور اسمبلی ہال میں ہوا۔ جنہوں نے نہایت انکسار کے ساتھ مسلمان قوم پر احسان کرکے پورٹ حج کمیٹی کا مسودہ سرکار دولت مدار کی بال میں بال ملا کر بدنصیب مسلمانوں کی خود ساختہ نمائندگی کے بلند بانگ دعاوی کے ساتھ پاس کرا دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اب نہ حکومت کو پریشان ہونے کی ضرورت ہے، نہ ملت کو۔ کیونکہ مفتی سر عبدالرحیم مفتی سر محمد یعقوب، مفتی ڈھونے والے سر شفیع داؤدی جیسے لیڈروں نے کہہ دیا کہ مسلمان اس مسودہ کا بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں۔ پھر یہ کیا قیامت ہے کہ ان زعیمان ملت کے ادعائے لیڈری کے باوجود بے دقوف مسلمان یہی کہے جاتے ہیں کہ ہمارے رہنما جیل میں ہیں۔ کیا ہوا اگر مفتی اعظم حضرت علامہ محمد کفایت اللہ کی بجائے مفتی سر محمد یعقوب نے فتویٰ دے دیا۔

بدبختو! جب کسی قوم پر نااتفاقی، بزدلی، اور بے عملی کی لعنت مسلط ہوجاتی ہے تو نہ اس کے جذبات کی حکومت پروا کرتی ہے اور نہ اس کے خواجہ تاش۔ پھر یہ کیا ہے کہ تم ان گمراہ رہنماؤں کی نمائندگی کے تار وپود نہیں بکھیرتے جن کو تمہارے جلسوں میں آنے کی جرأت نہیں ہوتی مگر اسمبلی ہال میں تمہاری اجازت لئے بغیر جو جی چاہتا ہے تمہارے نام پر کہہ آتے ہیں۔ یہ خود ساختہ نمائندے کا ہم خشب مسندہ کا مصداق بنتے ہیں۔ اور تم سرو ناش کی طرح خاموش ہو۔

حکومت کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جو مسودات حج کے سلسلہ میں وہ مسلمانان ہند کی واحد نمائندہ مذہبی جمعیۃ علماء ہند کے ارکان حضرت مولانا حسین احمد، حضرت مولانا سجاد، حضرت مولانا شبیر احمد، حضرت مولانا احمد سعید، حضرت مولانا انور شاہ، حضرت مولانا محمد کفایت اللہ مفتی اعظم کے مشورہ کے بغیر مسلمانوں کے سر منڈھنا چاہتی ہے قیامت تک مسلمان اس سے متفق نہیں ہوسکتے کیونکہ مسلمانوں کے مذہبی اور سیاسی معاملات کے رہنما یہی ایثار پیشہ اور مفکر علماء ہوسکتے ہیں جنہوں نے قرآن حکیم اور حدیث نبوی کی خدمت میں عمر کا بڑا حصہ یا جیل خانوں میں بامسند افتخار بسر کرا دیا ہے نہ کہ سر یعقوب اینڈ کمپنی جن کو مسلمانوں کے جلسوں میں اپنے خیالات کے اظہار کی بھی جرأت نہیں ہوسکتی اور جو قادیانی صدر کو لے کر مسلم لیگ کا جلسہ دائیے سبیعہ میں کرتے ہیں کسی حالت میں بھی مسلمان ان کو نہیں مان سکتے جن کو خالص اسلامی مسائل پر مسلمانوں کی جانب سے بولنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

جمعیۃ علمائے ہند کی خدمات اور ریاست الور (مدینہ)

ہندستان کے جدید ہنگامہ خیز سیاسی دور میں جمعیۃ علمائے ہند نے جس قابلیت کا ثبوت دیا ہے وہ اس جماعت کے بزرگوں کی فراست ایمانی کی بین دلیل ہے اور یہ حقیقت ہے کہ اگر آج یہ جماعت بھی مسلم کانفرنس، مسلم لیگ، خلافت کمیٹی، مجلس تنظیم کی طرح زندگی کی شاہراہ سے علیحدہ ہوجاتی تو مسلمانوں کا مستقبل تاریک ہوجاتا اور اسلامی تہذیب کے تصورات سے روگردانی کرنے پر مجبور رہ جاتا۔ لیکن اس میں علماء کی بیت بڑی مصلحت بھی کہ ان لوگوں کو جنہوں نے علماء کے مقابلہ میں جدید تعلیمات کے بلند بانگ دعاوی کئے تھے خود انہیں ادراروں سے شکست دی جائے جن کے ذریعہ سے وہ دوسروں کو شکست دینا چاہتے تھے۔

چنانچہ یہ کوئی حیرت کی بات نہیں کہ جمعیۃ علمائے ہند زندگی کی ہر راہ میں مسلمانوں کی رہنمائی کا فرض انجام دے رہی ہے اور اگر وہ ایک طرف آزادی وطن کے لئے سرفروشانہ جدوجہد کر رہی ہے تو دوسری طرف اس کے سامنے مساجد اللہ کی آزادی کا مسئلہ بھی درپیش ہے اور اگر اس کو حجاج کی ترجمانی کی سعادت حاصل ہے تو دوسری طرف اس کو ہندوریاستوں کے مظلوم مسلمانوں کی خبرگیری کی بھی فکر ہے۔ بعض اشخاص نے الور کے معاملہ میں جمعیۃ علماء کے طریق کار پر حرف گیری کی تھی لیکن جمعیۃ کی تحقیقاتی رپورٹ کی اشاعت سے یہ حقیقت سامنے آجاتی ہے کہ یہی ایک جماعت ہے جو مشکل سے مشکل حالات اور شدید سے شدید پابندیوں کے بعد بھی اپنی آزادانہ تحقیقات کے نتائج ملک کے سامنے پیش کرسکتی ہے۔ مظالم الور کی تحقیقات کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء دہلی کے وفد نے اپنی رپورٹ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ مسلمانان الور کی شکایات تین قسم کی ہیں۔ ایک شکایت یہ ہے کہ ریاست نے اسلامی قبروں کو مسمار کرکے اُن کی توہین کی۔ دوسری شکایت یہ ہے کہ ریاست نے مساجد واوقاف کے احترام کو بالائے طاق رکھ کر مسلمانوں کو سخت اذیت پہنچائی ہے۔ تیسری شکایت یہ ہے کہ تعلیم قرآن پر پابندی عائد کردی ہے۔ مذہبی تعلیم کے اجرار کے لئے اجازت شرط ہے اور اردو زبان کی تعلیم کو دفاتر سے خارج کردیا ہے۔

یہ ہیں وہ شکایات جو ۲ ہزار مہاجرین کو ترک وطن پر مجبور کرچکی ہیں اور مہاراجہ الور کا فرض ہے کہ وہ اپنی حکومت کی خاطر ان کا ازالہ کردیں۔

اوقاف ومساجد کی ضبطی (امارت)

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار کو جنہوں نے مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علمائے ہند کی طرف سے مسلمانان ہند اور حکومت کی توجہ اس معاملہ کی طرف منعطف کرائی کہ مسلمانوں کے ضبط شدہ مساجد واوقاف کو واگزاشت کرایا جائے۔

مجالس مقننہ کے مسلم اراکین کا فریضہ ہے کہ وہ ان مجالس میں سوالات یا تجویزوں کے ذریعہ ان ضبط شدہ مساجد واوقاف کو واگزاشت کرائیں، اور حکومت کو مذہبی مداخلت سے باز رہنے کا مشورہ دیں۔ ضبط شدہ مساجد واوقاف کو حکومت سے واپس لینے کا مطالبہ بالکل دینی ہے۔ اس کو کانگریس کی تحریک یا قانون شکنی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اسلئے ہر مسلمان کو اگر وہ کوئی کام ثواب کی غرض کرنا چاہتا ہے۔ اور کسی قومی کام کے کرنے سے اس کی غرض محض حکام کی خوشامد نہ ہو تو اس کو اس تحریک میں شامل ہونا چاہیئے سبب معاملہ خالصتہً مذہبی ہے۔ اس کو موجودہ سیاسیات سے دور کا بھی تعلق نہیں ہے۔ اسلئے مسلمانوں کی تمام مجالس کو اس کے حصول کی متفقہ سعی کرنی چاہیئے۔ مسلم کانفرنس، تحفظ حقوق مسلمین کے دعوے سے کام کر رہی ہے۔ اور اس کے اکثر ارکان مجالس مقننہ کے ارکان بھی ہیں۔ اسلئے ان کو خصوصیت سے مسلمانوں کے اس حق کے حصول اور تحفظ کی سعی کرنی چاہیئے۔

اسلامی تاریخ کے کچھ اوراق پارینہ

(از معاون)

بالشویک روس اور یورپ کے مقلدوں سے ایک خطاب

تم سب طرف دیکھتے ہو مگر اسلام کی طرف نہیں دیکھتے!

خلیفۂ اسلام بھوکوں اور فاقہ زدوں کی تلاش میں

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس وقت سرورِ انبیاء، خاتم النبیین آملہ کو فخرِ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری وقت آیا اور آپ مادی زندگی سے فارغ ہوکر رفیق اعلیٰ کے وصال کی تیاریاں کیا تو صحابہ کرام کو بلاکر آپ نے نصیحت فرمائی۔ ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بہما کتاب اللہ وسنتی۔ میں تم میں دو چیزیں ایسی چھوڑے جاتا ہوں کہ جب تک تم ان کو مضبوط پکڑے رہو گے ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ ایک تو کتاب اللہ (قرآن عزیز) ہے اور دوسری میری سنت یا میرا طریقہ۔ کیسی سچی حقیقت ہے جو داعی حق کی زبان مبارک سے نکلی اور کیسی نصیحت ہے جو ہر مسلمان کی نجات وفلاح کی ضامن ہے!

جب تک مسلمان ان دو چیزوں سے تمسک کرتے رہے وہ نہ خود گمراہ ہوئے اور نہ حتی الامکان دوسروں کو گمراہ ہونے دیا لیکن جب مسلمانوں نے کتاب اللہ اور سنت نبوی سے ... [illegible]

بالشویک روس اور یورپ کی اندھی تقلید

آج جبکہ مسلمان ہر قسم کے مصائب میں مبتلا ہوگئے ہیں اور دنیا بھر کی بیماریاں ان کے اندر پیدا ہوگئی ہیں۔ ضروری تھا کہ کتاب اللہ اور سنت نبوی سے تمسک کیا جاتا اور زیادہ سے زیادہ پختہ مسلمان بننے کی کوشش کی جاتی تاکہ اللہ تعالیٰ ان کی کشتی کو بحر ہلاکت سے نکال کر ساحل نجات پر لگا دیتا لیکن مشاہدہ اس کے خلاف ہے اور مسلمان روز بروز اصل اسلام سے بُعد وہجر اختیار کرتے جارہے ہیں۔ ان کے دماغ مختل ہوچکے ہیں، ان کے حواس زائل ہوچکے ہیں اور ان کی مثال اس اندھے کی سی ہوگئی ہے جو رات کی تاریکی میں صحیح راستہ کو تلاش کر رہا ہے۔

اب مسلمانوں کی حالت یہ ہے کہ وہ اپنی ناکامیوں کو دیکھ کر کبھی یورپ کی طرف دیکھتے ہیں اور اس کی ترقیوں اور خوشحالیوں سے مرعوب ہوکر پریشان ہوتے جاتے ہیں کبھی ترکوں پر نظر ڈالتے ہیں اور ان کی تقلید پر آمادہ ہوجاتے ہیں۔ کبھی بالشویک روس کو اپنا خضر راہ سمجھ کر نجات دہندہ تصور کر لیتے ہیں۔ یہ سب کچھ کرتے ہیں مگر نہیں کرتے تو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے تمسک، جس میں ان کی بدبختیوں اور ناکامیوں کا پورا علاج موجود ہے اور ہر مسلمان سے حتمی کامیابی اور فلاح کا وعدہ کیا گیا ہے!

موجودہ دور تہذیب میں جس نظام کو سب سے زیادہ سراہا جارہا ہے اور جس کو امن وچین ... کے لئے دنیا بے چین سی ہوگئی ہے وہ بالشویک روس کا انقلابی نظام ہے کہیں ہالینڈ ... وہاں مساوات کے اصول پر مزدوروں کو تمام حقوق دیدئے گئے ہیں، غریبوں اور فاقہ کشوں کو ضروریات زندگی سے مستغنی کردیا گیا ہے غریبوں اور مزدوروں کا خون چوس کر وہاں سرمایہ داروں کو موٹا نہیں کیا جاتا بلکہ سب کو ایک نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ وہاں ہر شخص اپنے مستقبل سے بے فکر ہے اور نہایت امن وچین کی زندگی بسر کر رہا ہے۔

کاش کوئی ان اندھے مقلدوں کو بتادے کہ ہزاروں برس کے بعد روس نے جو نظام حکومت تجویز کیا ہے۔ اسلام اس سے ڈیڑھ ہزار برس پہلے ان تبعین کو اس راستہ پر چلا چکا ہے! شاید قارئین الجمعیۃ میں سے بعض کو اس کا یقین بھی نہ آئے گا کہ اسلام کا نظام حکومت ان تمام نظاموں سے بدرجہا بلند اور فائق ہے جو اب تک نفاذ پذیر ہوچکے ہیں۔ بالشویک روس کے نظام کا اسلامی نظام سے مقابلہ کرنا آفتاب کو چراغ دکھانا ہے لیکن ہمیں تو شکایت ان مسلمانوں سے ہے جو گھر کی خبر نہیں رکھتے اور دوسروں کی اندھی تقلید میں مرے جارہے ہیں۔ اب آپ کو ذیل کے واقعات سے پتہ چلے گا کہ جن اصول کو آج دنیا کی نجات کا باعث سمجھا جارہا ہے وہ اسلام کے پامال اصول ہیں اور دورِ خلافت راشدہ میں عمل کیا جاچکا ہے۔

خلافت راشدہ اور اشتراکیت

امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسلامی اصول پر جو طرز حکومت قائم کیا تھا اس کی نظیر یورپ کے خوشخوار ترکیا پیش کرسکتے ہیں۔ بالشویک حکومت بھی پیش نہیں کرسکتی جس کی تعریف کے آج کل گیت گائے جارہے ہیں۔ خلیفۂ اسلام کا حکم تھا کہ تمام اسلامی قلمرو میں کوئی شخص بھی بھوکا نہ رہنے پائے۔ آپ نے ان تمام لوگوں کی جو مفلوج، اپاہج اور ازکار رفتہ تھے، بیت المال سے تنخواہیں مقرر کردیں۔ آپ نے ہر اپاہج اور بھوکے کے لئے ۲۵ سیر غلہ ماہوار مقرر کرکے ... [illegible]

بتایا نہ ہاتھ میں لے کر اعلان کردیا کہ میں نے تم لوگوں کے لئے اس قدر خوراک مقرر کردی ہے جو شخص اس میں سے کم کرے گا وہ خدا کے دربار میں جوابدہ ہوگا۔ اس پر ایک شخص نے کھڑے ہوکر کہا کہ کیا اسی قدر غلام کے لئے بھی؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں غلام کے لئے بھی کیونکہ وہ تم جیسے انسان ہیں! (تفصیل کے لئے علامہ بلاذری کی فتوح البلدان دیکھو)

اسلام بھوکوں اور مزدوروں کا خیرخواہ

غرباء اور مساکین کے لئے بلاتخصیص مذہب وملت بہت روزینے مقرر کردئے گئے تھے خلافت حضرت کے اس دستر خوان سے یہود ونصاریٰ کو بھی ملتا تھا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ قرآن حکیم میں جو فقراء کے ساتھ مساکین کا لفظ آیا ہے اس سے مراد اہل کتاب ہیں۔ فاروق اعظم نے اکثر شہروں میں مہمان خانے تعمیر کرائے جہاں غرباء کو پیٹ بھر کھانا ملتا تھا۔ اور مزید لطف یہ کہ بعض لنگرخانوں میں خود جاکر کھانا تقسیم فرمایا کرتے تھے!

لاوارث بچوں کی حفاظت وتربیت کیلئے خاص انتظامات تھے۔ امیرالمومنین کا حکم تھا کہ ایسے بچوں کو دودھ پلانے اور دیگر مصارف کا انتظام بیت المال سے کیا جائے۔

قحط زدوں کیلئے زبردست انتظام

ایک مرتبہ تمام عرب کے اندر قحط پڑا تو امیرالمومنین فاروق اعظم نے قحط زدوں کی خدمت میں اپنی جان کھپادی پہلے تو آپ نے بیت المال کا تمام غلہ اور نقد روپیہ صرف کیا پھر تمام صوبے کے گورنروں کے ذریعہ غلہ منگایا اور غرباء پر تقسیم کرایا آپنے حضرت زید بن کو حکم دیا کہ قحط زدوں کا مفصل نقشہ بنایا جائے جس کی فوراً تعمیل کی گئی۔ اس کے بعد ہر شخص کو پرچے تقسیم کئے گئے جن کے مطابق لوگوں کو کھانا اور غلہ ملتا تھا پرچوں پر حضرت فاروق رضی اللہ عنہ مہر ثبت فرماتے تھے۔ علاوہ ازیں آپ خود اپنی نگرانی میں ہیں اور ۲۵ اونٹ روزانہ ذبح کراتے اور قحط زدوں کو کھلاتے تھے!

امیرالمومنین بھوکوں کی تلاش میں

خود امیرالمومنین کا حال یہ تھا کہ گلی کوچوں میں پھر کر بھوکوں کا پتہ لگاتے اور ان کے لئے خود کھانا مہیا کرتے اگر کوئی مزدور موجود نہ ہوتا تو اپنے کندھوں پر لاد کر غلہ پہونچاتے۔ اگر آپ کو معلوم ہوجاتا کہ فلاں گھر میں کئی دن سے فاقہ ہے تو بے اختیار روتے اور خدا کی جناب میں دعا کرتے کہ بارخدایا تو اس معاملہ میں میری گرفت نہ کیجیو کیونکہ مجھے اس کا علم نہ تھا! کبھی ایسا بھی ہوتا کہ کسی بھوکے گھر میں خود غلہ پہونچاتے اور خود ہی اپنے ہاتھ سے کھانا پکا کر بھوکوں کو کھلاتے۔ قحط کے زمانہ میں حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کو جس قدر غرباء اور مساکین کا خیال تھا وہ بیان سے باہر ہے۔ آپ کے خادم اسلم کا بیان ہے کہ اگر قحط رفع نہ ہوتا تو فاروق اعظم اسی غم میں تباہ ہوجاتے!

اے یورپ کے مقلدو! اے نئی تہذیب کے دلدادو! اے مغرب اور روس زدہ مسلمانو! آج کس حکومت میں تم دکھا سکتے ہو کہ غرباء، فقراء اور فاقہ زدوں کا اس قدر خیال کیا جاتا ہو؟ کیا اب بھی تم کو شک ہے کہ اسلام دنیا کے لئے رحمت اور اس کا نظام نوع انسان کی فلاح وبہبود کا ضامن نہیں ہے؟ آج بالشویک روس نے غرباء کو خوشحال کردیا اور تم اس کے عاشق ہوگئے۔ اسلام نے خدا کی مخلوق کے لئے جو نظام قائم کیا اس کی طرف تم نگاہ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے ؎

وفا آموختی از ما بکار دیگراں کردی

ربودی گوہرے از ما نثار دیگراں کردی

ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہیے کہ خط وکتابت کرتے وقت اپنا نمبر خریداری ضرور تحریر فرمایا کریں جو آپ کے پتہ کی چٹ کے داہنے کونے پر لکھا ہوتا ہے ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف

نیز

جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

محبوب عاشق کے قدموں میں

... منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

... مفت

کیسٹو فین — بچوں کی صحت

کیسٹو فین مینوفیکچرنگ کمپنی رانڈیا کراچی

احمائینڈ کو — متعلق انگریزی دوا فروش — بازار بلیماران دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

امیر وغریب کے حکم کی تعمیل ہوگی — اگر آپ ... آپ گھر بیٹھے ... مریض ... ہندوستان سے باہر ... تصدیق ...

ایچ جمعیہ منیجر ... بلیماران دہلی

شربت فولاد

منیجر ہمدرد دواخانہ لال جاوہ دہلی

اکسیر حیات — فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب پھلواری شریف ضلع پٹنہ

طلسماتی طلا اکسیر ... بے نظیر

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر وقصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے — منیجر

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی دہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کا مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح وبہبود کے لئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۶۰ صفحات قیمت صرف ۲ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جاچکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہوتے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ۔ تعلیم الاسلام پہلا نمبر۔ تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر۔ تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر۔ تعلیم الاسلام

کا چوتھا نمبر ... علاوہ محصولڈاک

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ...

ابدی نجات۔ ...

ملنے کا پتہ: منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلیماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان سے باہر ہندوستان میں بھی شائع نہیں ہوا ... اس میں پانچ ترجمے حسب ذیل ہیں ... حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب ... حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب ... حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب ... حضرت شیخ سعدی ... اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ... قرآن مجید غیر مجلد کا ہدیہ ... علاوہ محصولڈاک ...

غریبوں کا قرآن مجید معرا ...

نورانی قرآن مجید مترجم ...

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۳ ر جمادی الثانی ۱۳۵۱ ہجری

مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق کی مخالفت

حامیان افتراق کا بے معنی شور و غوغا

گزشتہ چند یوم کے اندر لکھنؤ کی مسلم کانفرنس کے سلسلہ میں جو واقعات رونما ہوئے ہیں انہوں نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ ایک ایسا طبقہ ملک کے اندر موجود ہے جو سرکاری خطاب یافتہ اور حکام رس حضرات پر مشتمل ہے اور جس کے نزدیک ہندو مسلم اتحاد تو درکنار خود مسلمانوں کا باہمی اتحاد بھی غیر متوقع سے کم حیثیت نہیں رکھتا۔ جب کبھی اتحاد کا لفظ کسی کی زبان سے نکلتا ہے یہ طبقہ فوراً اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیتا ہے اور اس لفظ کو سننا بھی گوارا نہیں کرتا...

سہروردی وغیرہ ہم کی طرف سے شائع کرائے گئے ہیں جن میں لکھنؤ کی کانفرنس کی شدید مخالفت کی گئی ہے اور موتمر کا ذکر اس انداز سے کیا ہے کہ مولانا شوکت علی کی کھلی ہوئی توہین بھی کی ہے جو حد درجہ مذموم ہے ... چند افراد کا منشا و مقصد صرف یہ ہے کہ مولانا شوکت علی صاحب ان کے پروپیگنڈا سے متاثر ...

نکات و لطائف

(مدیر نکات و لطائف کے قلم سے)

جب کوئی شخص جھوٹ، کذب، افترا، بہتان، تہمت طرازی، دسیسہ کاری اور تلبیس الحق بالباطل پر کمر باندھ لیتا ہے تو اس کے لئے پروپیگنڈا بازی میں بڑی بڑی آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ جو بات کو اس کے دل میں آئی وہ صبح کو اٹھ کر اس نے اخبار میں لکھ دی اور اس طرح لکھ دی کہ گویا وہ سچی کا کوئی واقعہ ہے۔ آخر الف لیلہ بھی کسی نے لکھی تھی یا نہیں۔ اس کے لئے بس یہ حقیقت کافی تھی کہ ہارون الرشید خلفاء بنو عباسیہ میں سے کوئی خلیفہ تھا بس اسی بنیاد پر اس نے افسانہ نگاری شروع کر دی اور سینکڑوں افسانے محض اپنی قوت متخیلہ سے کام لے کر لکھ ڈالے اور خلیفہ ہارون الرشید کے نام سے ایسی ایسی من گھڑت کہانیاں منسوب کر دیں کہ آج انہیں پڑھ پڑھ کر حیرت بھی ہوتی ہے اور افسوس بھی ہوتا ہے اور جب کبھی کوئی فلم کمپنی الف لیلہ کا کوئی افسانہ بطور پلاٹ کے منتخب کرتی ہے اور سینما میں وہ تماشہ ...

... اور جو صلح کا ہاتھ بڑھاتا ہے اسے مضبوطی سے ایک رشتہ میں منسلک کر دیا جائے۔ ایسا کوئی کام نہیں جس میں دشواریاں نہ ہوں، ایسا کوئی راستہ نہیں جس میں کانٹے نہ ہوں، دشواریوں پر غلبہ حاصل کیا جائے اور کانٹوں کو راستہ سے دور کر دیا جائے۔ اس کے بعد امن اور صلح کا میدان صاف ہو جائے گا۔ مولانا شوکت علی کے لئے آزمائش کا وقت ہے اگر وہ چند ... حضرات کی دھمکیوں سے متاثر ہو گئے تو یہ کوشش خاک میں مل جائے گی اور اگر انہوں نے ملک اور ملت کے مفاد کو ملحوظ رکھتے ہوئے ... ہمت باندھی تو ساری مشکلیں آسان نظر آئیں گی۔

حضرت مفتی صاحب کو رہا کیا جائے

۱۹۲۸ء میں جب دہلی میں آل پارٹیز مسلم کانفرنس سر آغا خاں کی صدارت میں منعقد ہو رہی تھی اور ایک مرحلہ پر اس قرارداد کے متعلق جو بعد میں منظور کی گئی اور جس کو آج تک مسلم مطالبات کی بنیاد قرار دیا جاتا ہے۔ مولانا محمد علی صاحب مرحوم اور سر محمد شفیع ... کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہو گیا تھا تو تمام پنڈال میں حضرت ایک ہی شخصیت ایسی تھی جس نے اپنے ناخن تدبر سے اس گتھی کو چند منٹوں کے اندر سلجھا دیا ...

صوبہ سرحدی کونسل کا تحفہ

ملک خدا بخش کی تجویز

شہری مسجد کی دوکانیں و الگذار کرا لی گئیں

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم حج و احترام مساجد و اوقاف

جمعیۃ علماء ہند کے ہدایت جلسے اور جلوس کے مظاہرے

حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

(گزشتہ سے پیوستہ)

بنارس

حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب ناظم مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند کی تحریک کے مطابق ... ستمبر ۱۹۳۲ء کو جامع عالمگیری بنارس میں جلسہ ہوا ...

سنبھل

حسب اعلان جناب مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب ناظم مجلس تحفظ ناموس شریعت اسلام ہند ... مولوی محمد اسمٰعیل صاحب ڈکٹیٹر ... ستمبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز جمعہ مدرسہ سراج العلوم سنبھل ... جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی سید احمد صاحب ...

بارہ (پٹنہ)

اوتمان زئی (سرحد)

آرہ

نگرام (ضلع لکھنؤ)

آسوری (سی پی)

نواں شہر (جالندھر)

مورخہ ۲۹ جمادی الاولیٰ بروز ... ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مسلمانان ... حج و اوقاف مساجد و مقابر ... حکومت پر عائد ہوگا۔

کالا باغ (پنجاب)

بوڈھان (سورت)

آج بروز جمعہ بعد نماز ... ستمبر ... منعقد ہوا۔ جلسہ کی صدارت حضرت ... مدرسہ امینیہ دہلی ... ہوا۔ بعد میں جناب صدر نے ایک ... صاحب نے تقریر فرماتے ہوئے ... جس کا پبلک پر گہرا اثر پڑا ...

روڑکی

پورسہ (بنگال)

پٹنہ سٹی

ماہی گنج

حوادث و احکام

(گزشتہ سے پیوستہ)

جواب ۱۲ ... جب مباح یا مستحب اور بعض امور بعض صورتوں میں واجب ہوتے تو ان کی ممانعت جائز نہ ہوگی ...

جواب ۱۳ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ...

(۱) ان الناس اذا راؤا الظالم فلم یاخذوا علی یدیہ اوشک ان یعمہم اللہ بعقاب ...

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ترکی میں وطنی مصنوعات کا ارتقاء

غیر ملکی اشیاء کی درآمد پر پابندیاں

حکومت ترکی نے ملکی مصنوعات کی طرف جو توجہ مبذول کی ہے اس نے یورپ کی اقتصادیات پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ ترکی سرمایہ داروں کو وطنی مصنوعات کی ترقی کیلئے بڑے بڑے کارخانے کھولنے کا شوق دلایا جا رہا ہے۔ اس مقصد کے لئے حکومت ترکیہ نے چند سالوں کے لئے ملکی مصنوعات پر محصول ... معاف کر دیا ہے ...

عیسائی اپنے مدارس کو بند کرنے پر مجبور ہوگئے

... لیکن وہ اپنے مقصد میں ناکام رہے اور بالآخر اپنے مدارس بند کر دئے۔ اب جو مدارس باقی رہ گئے ہیں وہ بھی عنقریب بند ہو جائیں گے۔

قاہرہ کا ایک مشہور جریدہ مصری حکومت کو مخاطب کرتا ہوا لکھتا ہے کہ ترکی حکومت کے دستور میں حکومت کا مذہب اسلام نہیں ہے، تاہم وہ مسیحی مدارس کو بند کرنے کی فکر میں لگی ہوئی ہے۔ لیکن مصری حکومت جس کے دستور میں مذکور ہے کہ اس کا مذہب اسلام ہے اس نے اس قسم کے مدارس کی اجازت دے رکھی ہے آخر اس کی کیا وجہ؟ صدقی پاشا کے وہ وعدے جو انہوں نے پارلیمنٹ میں کئے تھے کب پورے کئے جائیں گے؟ (البلاغ)

دو سو برس میں کتنے انسان مقتول ہوئے

یورپ کی جنگوں کے ہولناک شرارے

نالینڈ کے ایک اخبار نے ان مقتولین کی ایک اجمالی فہرست شائع کی ہے جو گزشتہ دو سو برس کی آٹھ لڑائیوں میں مارے گئے۔

سات سال کی جنگوں میں جو لوگ مارے گئے ان کی تعداد ۵۵۴۰۰۰ ہے۔ فرانس کی جنگ میں کام آنے والوں کی تعداد ... ہے۔ نپولین کی جنگ میں ۱۷۰۰۰۰ انسان قتل ہوئے۔ کریمیا کی جنگ میں ۷۸۵۰۰۰ انسان موت کے گھاٹ اترے۔ امریکہ کی جنگ آزادی کے سلسلے میں ... اشخاص ہلاک ہوئے۔ روس اور جاپان کی لڑائی میں ... سپاہی مارے گئے۔ بلقان کے معرکہ میں ... نوجوان کام آئے۔ آخری جنگ جو جنگ عظیم کے نام سے مشہور ہے اس میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد دو کروڑ تیس لاکھ ہے!! (الصراط المستقیم)

(گویا تہذیب کا زمانہ خونریزی کی دوڑ میں سب پر فوقیت لے گیا!)

فلسطین میں یہودی اثر و نفوذ

موجودہ مردم شماری کے اعداد و شمار

فلسطین میں جب سے یہودیوں کی بربادکن صیہونی تحریک کو فروغ ہوا ہے اور برطانی حکومت نے اس کی سرپرستی کی ہے اس وقت سے مسلمانوں پر طرح طرح کے مصائب ٹوٹ پڑے ہیں اور یہودی ان کو کھائے جا رہے ہیں۔ اس کا احساس اعراب فلسطین کو روز بروز ہوتا جا رہا ہے، لیکن وہ اس کا کوئی مداوا نہیں کر سکتے۔ مختلف مقامات سے یہودی فلسطین میں آکر آباد ہو رہے ہیں اور ان کی مردم شماری ...

ترکی میں جشن آزادی کا پرجوش مظاہرہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا مکتوب ارکان جمعیۃ علماء ہند کے نام

لکھنؤ کانفرنس کے ساتھ ارکان جمعیۃ علماء کے اجتماع کی ضرورت

باہمی مفاہمت اور جمعیۃ علماء کا نقطۂ نظر

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علماء ہند کے دستخط سے مندرجہ ذیل مضمون کے دعوت نامے ارکان جمعیۃ علماء ہند کے نام جاری کئے گئے ہیں:

مولانا المحترم زید مجدکم

سلام مسنون۔ ہندو مسلم مفاہمت کے سلسلہ میں مسلم رہبران ملک کا ایک بے ضابطہ اجتماع ۱۵، ۱۶ اکتوبر کو سلیم پور ہاؤس لکھنؤ میں منعقد ہونے والا ہے۔

اسماء مدعوین

مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب۔ مولانا سید محمد انور شاہ صاحب۔ مولانا حافظ الرحمن صاحب۔ مولانا عبدالحکیم صاحب پشاور۔ مولانا عبدالماجد صاحب دریاآبادی۔ مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی۔ مولانا مفتی محمد نعیم صاحب۔ مولانا محمد شفیع صاحب۔ مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب۔ مولانا احمد علی صاحب لاہور۔ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی۔ مولانا ظفر علی خاں صاحب۔

(مولانا) حسین احمد — دارالعلوم دیوبند

ایک فراموش شدہ عظمت جو تذکار اور یادآوری کی مستحق ہے

طرابلس کے مجاہد اعظم سید عمر مختار شہید کی یادگار مناؤ

عالم اسلامی سے طرابلس اور برقہ کے مسلمانوں کی اپیل

دار الحکومت

حضرت مولانا سید فخر الدین صاحب کا دہلی میں ورود

جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں علمائے امت کا اجتماع

(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۴)

ایک سکھ کا قبول اسلام

دہلی میں ہندو مسلم اتحاد کی فضاء

رام لیلا کے سلسلہ میں ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کی خدمات

ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے سہارنپور کی گرفتاری

مسلمانان سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ اور جلوس

شراب کی دوکان پر پکٹنگ

تین ماہ قید سخت اور جرمانہ کی سزا

مولانا محمد شاہد صاحب کا ورود دہلی

صوبہ سرحد آرڈیننسوں کے چکر میں

کونسل میں قانون بنانے کی تجویز

ہندو مسلم سمجھوتہ کیلئے تاخیر مناسب نہیں ہے

جمعیۃ علماء ہند کے آٹھویں ڈکٹیٹر کا اعلان

(حضرت الحاج مولانا) محمد اسمٰعیل (صاحب)

ارتھی کا جلوس کانگریس کے جلوس میں تبدیل ہوگیا

آگرہ کا ایک دلچسپ واقعہ

وزیر اعظم گاندھی جی کو رہا کرنا چاہتے ہیں؟

ہندو مسلم سمجھوتہ کی تحریک پر حکومت کی نظریں

شملہ اور وائٹ ہال میں گفت و شنید

حکومت کانگریس سے کن شرائط پر صلح کریگی؟

خلاف قانون سرگرمیوں کا خاتمہ

انگلستان کی قومی حکومت معرض زوال میں

قدامت پسندوں کے جلسہ میں مسٹر بالڈون کا تبصرہ

برطانوی صنعت کو ہندوستان میں فروغ ہو رہا ہے

سرمایہ داروں کی جمعیت کی اپیل

وائسرائے نے مولانا شوکت علی کو گاندھی جی سے ملاقات کی اجازت نہیں دی

پہلے مسلمانوں کی حمایت حاصل کرو۔ دشمنان اتحاد کے بیان کا سہارا

گاندھی جی کی طرف سے مولانا شوکت علی کے پیغام کا جواب

بمبئی ۱۱ اکتوبر۔ مولانا شوکت علی کو حسب ذیل تار وائسرائے کے پرائیویٹ سکریٹری کی جانب سے موصول ہوا ہے۔

گاندھی جی کا مولانا شوکت علی کو تار

لکھنؤ کانفرنس کی تیاریاں

مدعوئین کے اسماء گرامی

لکھنؤ کانفرنس میں شرکت کے لئے بمبئی سے شیخ عبدالمجید صاحب اور مولانا شوکت علی صاحب نے جن لوگوں کو دعوت دی ہے وہ حسب ذیل ہیں:

لکھنؤ کانفرنس کیلئے حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کو دعوت

حضرت مولانا کا جواب اور اراکین جمعیۃ کا اجتماع

شوکت علی۔ عبدالمجید

مولانا ابوالکلام آزاد کا تار

جمعیۃ العلماء کے بغیر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا

"جمعیۃ العلماء کے بغیر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا براہ کرم آپ سہارا کو ضرور لکھئے"

جرمنی سے ڈاکٹر انصاری کا تار مولانا شوکت علی کے نام

کانفرنس فوراً منعقد کیجائے

مولانا شوکت علی کو مبارک باد

مصالحت کی سعی پر مہاراجہ الور کا تار

پادریوں کی کانفرنس میں جوتی پیزار

ڈین انجی اور بشپ آف برمنگھم کا "ارتداد"

(ٹائمز آف انڈیا السٹریٹڈ ویکلی)

تبت کی سرحد پر جنگ شروع ہوگئی!

ہندوستان میں تبتی نوجوانوں کی آمد بند

دارالامراء کو توڑدو

وزیر اعظم کو آئندہ انتخاب میں نہ لیا جائے

آل پارٹیز کانفرنس ضرور منعقد ہوگی

مخالفت کے باوجود مولانا شوکت علی کا عزم

ڈاکٹر سید محمود صاحب کی مسلمانوں سے پرزور اپیل

ڈاکٹر سید محمود صاحب کا بیان

مسلمانوں سے اپیل

سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون صاحب کا بیان

کانفرنس کی متفقہ حمایت

مخلوط انتخاب کا مسئلہ

مالویہ اور مولانا شوکت علی کی گفتگو

ڈھائی سو پونڈ کی ایک تھیلی غائب

بمبئی کے بنک میں دیکھتے دیکھتے چوری

دو مارواڑیوں کی گرفتاری

اچھوتوں سے مساوات کی عجیب تشریح

کھانا کھاؤ لیکن شادی بیاہ نہ کرو

راجہ نریندر ناتھ کا بیان

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا مکتوب ارکان جمعیۃ علماء ہند کے نام

لکھنؤ کانفرنس کے ساتھ ارکان جمعیۃ علماء کے اجتماع کی ضرورت

باہمی مفاہمت اور جمعیۃ علماء کا نقطۂ نظر

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علماء ہند کے دستخط سے مندرجہ ذیل مضمون کے دعوت نامے ارکان جمعیۃ علماء ہند کے نام جاری کئے گئے ہیں:۔

مولانا المحترم زید مجدکم

سلام مسنون۔ ہندو مسلم مفاہمت کے سلسلہ میں مسلم رہبران ملک کا ایک بے ضابطہ اجتماع ۱۵، ۱۶ ؍ اکتوبر کو سلیم پور ہاؤس لکھنؤ منعقد ہونے والا ہے۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ حسب ذیل ارکان جمعیۃ علماء ہند کا بھی ایک اجتماع ہوتا کہ جمعیۃ کے نقطۂ نظر کے ماتحت باہمی مفاہمت کے سلسلہ میں مفید مشورہ دیا جا سکے۔ وقت کی نزاکت اور موقع کی اہمیت کے پیش نظر مجھے توقع ہے کہ جناب والا ۱۵؍ اکتوبر کی صبح تک لکھنؤ قدم رنجہ فرمائیں گے۔

پہونچنے کے صحیح وقت سے جناب مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب کو فرنگی محل کے پتہ پر اطلاع دیں۔ جن حضرات کو یہ دعوت نامے بھیجے گئے ہیں ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔

اسماء مدعوین

(نوٹ) ان تاریخوں کے لئے واپسی ٹکٹ بسہولت مل سکیگا۔

(مولانا) حسین احمد — دار العلوم دیوبند

ایک فراموش شدہ عظمت جو تذکار اور یادآوری کی مستحق ہے

طرابلس کے مجاہد اعظم سید عمر مختار شہید کی یادگار مناؤ

عالم اسلامی سے طرابلس اور برقہ کے مسلمانوں کی اپیل

مدیر الجمعیۃ کو "جمعیۃ الدفاع عن طرابلس والبرقہ" کی طرف سے ایک اپیل موصول ہوئی ہے جس میں طرابلس کے عربوں نے تمام عالم اسلامی سے درخواست کی ہے کہ وہ سید عمر مختار شہید کی یادگار منائیں ... ہم اس اپیل کا مختصر ترجمہ درج ذیل کرتے ہیں۔

دار الحکومت

حضرت مولانا سید فخر الدین صاحب کا دہلی میں ورود

جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں علمائے امت کا اجتماع

ایک سکھ کا قبول اسلام

جلال الدین صاحب مسجد فتحپوری سے مطلع فرماتے ہیں کہ گذشتہ ۹ اکتوبر کو ایک سکھ ... اسلامی نام عبدالسلام رکھا گیا۔ خدا استقامت بخشے۔

دہلی میں ہندو مسلم اتحاد کی فضا

رام لیلا کے سلسلہ میں ہندو مسلم مشترکہ بورڈ کی خدمات

صوبہ سرحد آرڈیننسوں کے چکر میں

کونسل میں قانون بنانے کی تجویز

وزیر اعظم گاندھی جی کو رہا کرنا چاہتے ہیں؟

ہندو مسلم سمجھوتہ کی تحریک پر حکومت کی نظر

شملہ اور وائٹ ہال میں گفت و شنید

حکومت کانگریس سے کن شرائط پر صلح کریگی؟

خلاف قانون سرگرمیوں کا خاتمہ

انگلستان کی قومی حکومت معرض زوال میں

قدامت پسندوں کے جلسہ میں مسٹر بالڈون کا تبصرہ

برطانوی صنعت کو ہندوستان میں فروغ ہو رہا ہے

ہندو مسلم سمجھوتہ کیلئے تاخیر مناسب نہیں ہے

جمعیۃ علماء ہند کے آٹھویں ڈکٹیٹر کا اعلان

(حضرت الحاج مولانا محمد اسمٰعیل صاحب)

ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علمائے سہارنپور کی گرفتاری

مسلمانان سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ اور جلوس

شراب کی دوکان پر پکٹنگ

تین ماہ قید سخت اور جرمانہ کی سزا

(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۴)

ارتھی کا جلوس کانگرس کے جلوس میں تبدیل ہوگیا

آگرہ کا ایک دلچسپ واقعہ

مولانا محمد شاہد صاحب کا ورود دہلی

وائسرائے نے مولانا شوکت علی کو گاندھی جی سے ملاقات کی اجازت نہیں دی

پہلے مسلمانوں کی حمایت حاصل کرو ۔ دشمنان اتحاد کے بیان کا سہارا

گاندھی جی کی طرف سے مولانا شوکت علی کے پیغام کا جواب

گاندھی جی کا مولانا شوکت علی کو تار

آل پارٹیز کانفرنس ضرور منعقد ہوگی

مخالفت کے باوجود مولانا شوکت علی کا عزم

ڈاکٹر سید محمود صاحب کی مسلمانوں سے پرزور اپیل

ڈاکٹر سید محمود صاحب کا بیان

کانفرنس کی متفقہ حمایت

مخلوط انتخاب کا مسئلہ

مالویہ اور مولانا شوکت علی کی گفتگو

سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون صاحب کا بیان

لکھنؤ کانفرنس کی تیاریاں

مدعوئین کے اسماء گرامی

لکھنؤ کانفرنس کیلئے حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کو دعوت

حضرت مولانا کا جواب اور اراکین جمعیۃ کا اجتماع

مولانا ابو الکلام آزاد کا تار

جمعیۃ العلماء کے بغیر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا

جرمنی سے ڈاکٹر انصاری کا تار مولانا شوکت علی کے نام

کانفرنس فوراً منعقد کیجائے

تبت کی سرحد پر جنگ شروع ہوگئی!

ہندوستان میں تبتی نوجوانوں کی آمد بند

مولانا شوکت علی کو مبارک باد

مصالحت کی سعی پر مہاراجہ الور کا تار

پادریوں کی کانفرنس میں جوتی پیزار

ڈین انجی اور بشپ آف برمنگھم کا "ارتداد"

ڈھائی سو پونڈ کی ایک تھیلی غائب

بمبئی کے بنک میں دیکھتے دیکھتے چوری

دو مارواڑیوں کی گرفتاری

اچھوتوں سے مساوات کی عجیب تشریح

کھانا کھاؤ لیکن شادی بیاہ نہ کرو

راجہ نریندر ناتھ کا بیان

دار الامرا کو توڑدو

وزیر اعظم کو آئندہ انتخاب میں نہ بھیجا جائے

مسلمانانِ اجمیر کے تین عظیم الشان جلسے

موجودہ فضا میں مسلمانوں کے فرائض کی تشریح

آل انڈیا خلافت کانفرنس کے اجلاسات مسلسل چار روز تک جاری رہ کر بتاریخ ۸ ستمبر ۳۲ء کو ختم ہوئے اور ۹ ستمبر ۳۲ء کو ایک وفد بسرکردگی جناب مولانا حفظ الرحمن صاحب ڈکٹیٹر آل انڈیا جمعیۃ علماء دہلی سے بمقام اجمیر شریف وارد ہوا شب جمعہ کو بعد نماز عشاء درگاہ شریف میں چند ارکان وفد نے ایک زلزلہ خیز تقریر کے ذریعہ اپنی پیرومی کی مکافات اور اپنے مقاصد کا اثبات ... اعلان کیا۔ ... ستمبر ۱۹۳۲ء بروز جمعہ کو ایک اعلان عام ہوا اور بعد نماز جمعہ مسجد جامع درگاہ شریف میں بصدارت جناب مولانا مولوی ...

البیان ... اور پھر حضرت مولانا کا بیان اگرچہ الفاظ مختصر تھے لیکن نہایت پُراثر تھے مسلم سبزوں کی رگوں میں جوش مار رہی تھیں ہر شخص پر عجیب کیفیت طاری تھی جیسی کہ مولانا کی تقریروں کے موقع پر اکثر دیکھنے میں آئی ہے درحقیقت یہ حضرت مولانا کا خاص حصہ ہے ... جوش لہجہ میں سولانا معظم کو اپنی فدائیت کا یقین دلایا اور کہا کہ ہم دین کے مقابلے میں گورنمنٹ کی کچھ پرواہ نہیں کریں گے جان دینے اور شہادت حاصل کرنے ...

... سرفروشانہ کیفیت طاری تھی ہر مسلمان اپنے کو اسلام کی قربان گاہ پر چڑھانے کو تیار تھا۔

(ابو الحسن اجمیر)

جمعیۃ الاسلام مصوری کا سالانہ جلسہ

فرقہ ضالہ قادیانیہ کو حق کے مقابلہ میں شکست

قادیانیوں کا تبادلہ خیالات سے گریز

... کا سالانہ جلسہ ... مصوری میں منعقد ہوا اکابرین ملت کا شاندار اجتماع تھا۔ حضرت سید المناظرین مولانا مولوی سید مرتضیٰ حسن صاحب ... حضرت مولانا مولوی مبارک حسین صاحب ... وعالیجناب بیرسٹر محمد امین صاحب ... خصوصی طور پر قابل ذکر ہیں ...

... جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا حضرت سید المناظرین مولانا مولوی مرتضیٰ حسن صاحب ... قادیانیت قائم ہوا ہے آج تک ایسا کامیاب مناظرہ جس میں فریق مخالف نے ایسا کھلا ہوا شکست کا اعتراف کیا ہو نظر سے نہیں گذرا ... انشاء اللہ عنقریب مطبوعہ ہدیہ ناظرین ہوگا۔

مغرب اقصیٰ میں فرانس کا ظلم

"انقلاب" کے چیلنج کا جواب

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ کفر بینی کی ظلمتیں بینائی پر کوئی اثر نہیں ڈالتیں لیکن سینے کے اندر دلوں کو اندھا کر ڈالتی ہیں۔ ہمارا معاصر "انقلاب" ...

... "فرانس نے مغرب اقصیٰ سے قرآن کو بالکل جلا وطن کر ڈالنا چاہا ہے"

مسیو لوسیان ... پیرس کے اخبار "قوم" مورخہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۲ء میں لکھتے ہیں:-

"فرانسیسی حکام نے بربر قوم کو نماز پڑھنے کی ممانعت کر دی ہے عربی زبان بولنا جرم قرار دیدیا ہے ... مسجدیں بند کر دی گئیں ..."

... فاعتبروا یا اولی الابصار۔ (ہمدم جدید)

ایک مفید تجویز

اخبارات میں دہلی کے ایک صاحب کی تجویز شائع ہوئی ہے کہ ہندوستانی تاجر دلالت کی کمپنیوں اور فرموں سے ہندوستانی زبانوں میں خط و کتابت کیا کریں۔ اس سے دو فائدے ہوں گے ...

... ہندوستان کی واحد قومی زبان اردو ہے ... فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو

... دونوں دواؤں کی قیمت ... روپیہ

جریان کی گولیاں

یہ عجیب وغریب گولیاں ہیں جن کی قدر وقیمت استعمال کے بعد معلوم ہوگی ... قیمت ۴ خوراک للعہ

سفوف جریان

اس دوا کا ہر روز استعمال جریان کو بالکل زائل کر دیتا ہے ... قیمت ۴ خوراک للعہ

منیجر حاذق فارمیسی پونچکپورہ دہلی

مقویات سراج عالم

... وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مسلمانوں کا سب سے ستا رسالہ

دہلی کے آزاد خیال ... ماہوار رسالہ ... پیشوا ایک مذہبی، اصلاحی، ادبی اور سیاسی میگزین ...

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

بال جڑ سے کالا

... بال کالا ...

محبوب عاشق کے قدموں پر

... مولانا فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۱۴۵ دہلی

البیان فی علوم القرآن

اگر آپ اسلام کی ذاتی خوبیاں ... کا مطالعہ فرمائیے ... قیمت چار روپے (للعہ)

... دارالاشاعت تفسیر حقانی بلیماران دہلی

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

امارت شرعیہ صوبہ بہار کی مساعی تبلیغ

مولانا عبدالرزاق صاحب مبلغ کا دورہ

مبلغ امارت شرعیہ بہار جناب مولانا مولوی عبدالرزاق صاحب دربھنگوی کی سرگرمی تبلیغ کی کیفیت بذریعہ الجمعیۃ برادران اسلام پر ظاہر کر چکا ہوں مبلغ موصوف اداء فرائض تبلیغ میں ایک پرجوش شخصیت رکھتے ہیں آپ کے کارنامہ تبلیغ کا ایک نہایت دلچسپ و نتیجہ خیز واقعہ قلم بند کرتا ہوں امید کہ دلدادگان اسلام ذوق سے پڑھیں گے ...

... ہم دیکھا تے کہ امارت شرعیہ کے مبلغ صاحب مذکور اپنے پند و تبلیغ سے کس قدر قلیلیہ راہ سبیت کر رہے ہیں۔

(قوس شیر گھاٹوی کان اللہ لہ)

بلوچی مسلمانوں کی شکایات

نواب زادہ محمد یوسف علی خاں کا اہم مشورہ

مجھے یہاں ملتان میں آئے ہوئے تقریباً دو ہفتے ہونے لگے ہیں اس اثناء میں اپنے علاج میں مصروف رہنے کے باوجود قبیلہ مگسی کے ان نمائندگان کی شکایات سننے کے لئے بھی وقت نکالتا رہا جو میرا ملتان میں آنا سنکر اپنی تکالیف سنانے مجھ تک پہنچے واقعی ان کی تکالیف اور مصائب کا استماع مجھے تکلیف پہنچائے بغیر نہ رہ سکا۔ ... بعد اکتوبر کے اول عشرہ میں چارج لینے والے ہیں۔ ...

ایک عجیب وغریب استفتار

بخدمت جناب عبدالغفار خاں صاحب متوطن علی راج پور حال ... ریاست بڑودہ ضلع گجرات۔

السلام علیکم۔ مورخہ ... اکتوبر ۳۲ء بوقت شب آپ نے وعظ میں جناب موسیٰ علیہ السلام کے معجزہ ید بیضا کی شرح درج ذیل الفاظ فرمائی ...

(۱) یہ ظاہرانہ سوال کس علم سے تعلق رکھتا ہے؟

(۲) یہ سوال صحیح ہے تو اس کا حل یہ درست ہوگا کہ (معاذ اللہ) انڈا ید بیضا تھا تو آپ نے مرغی کس کو قرار دیا؟

(۳) لفظ بیضا۔ بیضہ کا مادہ اور وزن بہ اصول علم صرف و نحو بتا دیجئے؟

...

یا اسلام سے خارج ہوگا؟ والسلام

(حکیم سید امیر علی واعظ مصری)

کشمیر کے زمینداروں کا احتجاج

معلوم ہوا ہے کہ کشمیر ... زمیندار صاحب اوڑی نے بمقام ...

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

... منیجر ... بلیماران دہلی

وزیر تعلیم بہار اڑیسہ کی علم دوستی

مدرسہ سلیمانیہ کیلئے (۲۵۰) گرانٹ کی منظوری

چونکہ اس دیہات کے مسلمانوں کی جہالت بہت ہی خطرناک صورت اختیار کرتی جارہی تھی اس وجہ سے بعض ہمدردوں کی کوشش سے ۱۹۲۹ء میں یہ مدرسہ قائم ہوا ہے اور اس وقت دیہاتی مسلمانوں کے سینکڑوں بچے اس درسگاہ میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ارکین مدرسہ کی نیک نیتی اور مدرسہ کی اہمیت کے باعث وزیر صاحب ...

جناب وزیر وزارت صاحب مظفر آباد وافسران بالا محکمہ مال خصوصاً عالی جناب منیر مال صاحب بہادر ... نہایت مؤدبانہ التماس ہے کہ صاحبان ممدوح ایسے معاملات کی طرف فوری توجہ فرمائیں ... (نامہ نگار)

انجمن مسلم راجپوتان کو مبلغین کی ضرورت

انجمن مسلم راجپوتان پنجاب گڑھ شنکر ضلع ہوشیارپور کے لئے تیس مبلغوں کی ضرورت ہے۔ جو دین اسلام کی تبلیغ بخوبی کر سکتے ہوں۔ ایماندار اور موجودہ زمانہ کے طریق سے تقریر کر سکیں پوری واقفیت رکھتا ہوں بہت جلد اپنی درخواستیں دفتر انجمن میں بھیج کر تنخواہ وغیرہ کا فیصلہ ہمراہ جنرل سکریٹری انجمن ہذا کر لیں۔

(برائے جنرل سکریٹری۔ کرامت علی خاں)

اخبار الجمعیۃ

کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دارالعلوم دیوبند، شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب، شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی

عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف چھوٹے میاں دہلوی

عالی جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا دہلوی

کے خصوصی مجربات

اکسیر قلب	معجون عنبری
دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ (للعہ) (نوٹ) دواخانہ رشیدیہ میں بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں فہرست مجربات خصوصی منگا کر ملاحظہ فرمایئے۔	دل دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور مفرح ہے یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزاء مشک وعنبر وغیرہ سے مرکب ہے ... قیمت فی تولہ آٹھ آنہ (۸)

ملنے کا پتہ: منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

کروڑوں روپے

ٹیلیفون نمبر ۵۵۳ — تار کا پتہ "میڈیسن" دہلی

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم نے خاص عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلبا طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمایئے

جوہری	ملین	اکسیر نسواں	قرص ابیض
مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے ...	یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے ...	عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں ...	یہ دوا مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے ...

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۱۲۳ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

مسئول مدیر ہلال احمد زبیری (بی اے)

معاون محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے: سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...

ممالک غیر کے لئے: سالانہ ... ششماہی ...

نمونہ مفت — فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت — ہر عیسوی ماہ کی: یکم ۵ ۹ ۱۳ ۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹ کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات — ایک صفحہ (ایک بار) ... نصف صفحہ ... ایک کالم ... نصف کالم ... چوتھائی کالم ...

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۱۵ / جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۶ / اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۷

معاصرین کے افکار و آراء

قوانین حج (سچ)

بمبئی کے مشہور تاجر اور ماہر جہاز رانی حسن علی پی ابراہیم صاحب نے مسودات قوانین حج پر جو مفصل، معقول و اہم تنقید نامہ انگریزی میں لکھا ہے، اس کا ذکر ایک پچھلے پرچہ میں آچکا ہے۔ تین مسودات قوانین میں سے ایک، پورٹ حج کمیٹیوں والا، تو اسمبلی میں منظور ہو گیا، اب اس کے خلاف جد و جہد کرنا لاحاصل ہے تا وقتیکہ وہ جد و جہد غیر معمولی طور پر قوی و زبردست نہ ہو۔ اب دو بل باقی رہے جو عنقریب اسمبلی کے سامنے آئیں گے۔ ان میں سے معلموں والے بل سے متعلق ابراہیم صاحب کا کہنا یہ ہے کہ انہیں اور ان کے ایجنٹوں کو لائسنس دینے کا حق، گورنمنٹ کے بجائے، حج کمیٹیوں کو ہونا چاہئے کہ حج کمیٹیاں ہی حاجیوں کی ضروریات سے پوری طرح باخبر رہ سکتی ہیں۔ سب سے زیادہ مفصل تنقید ابراہیم صاحب نے اس بل پر کی ہے، جو انڈین مرچنٹ شپنگ ایکٹ میں ترمیم کے نام سے پیش ہو رہا ہے، اور جس کی اہم ترین دفعہ واپسی کے ٹکٹ کی پابندی ہے۔ گورنمنٹ کا کہنا یہ ہے کہ بہت سے مفلس و نادار حاجی ادھر سے تو شوق میں صرف جانے کا ٹکٹ لیکر چلے جاتے ہیں، واپسی کا کرایہ پاس ہوتا نہیں، جدہ میں پڑے رہتے ہیں، خود بھی سخت تکلیف اٹھاتے ہیں، اور بالآخر گورنمنٹ کو اپنے صرفہ سے انہیں واپس لانا ہوتا ہے۔ ابراہیم صاحب نے اس کا مفصل و مدلل جواب اپنے مضمون میں دیا ہے۔ اسکا خلاصہ یہ ہے کہ گورنمنٹ نے ۱۹۱۹ء میں جہازی کمپنیوں کو ٹکٹ کی گرانی پر توجہ دلائی اور ان کے ارزاں ہو جانے پر اپنی طرف سے مالی امداد کا وعدہ کیا۔ ۱۹۲۰ء میں گورنمنٹ نے واپسی کے ٹکٹوں کی تاکید کی۔ ٹرنر ماریسن کمپنی کے پاس چونکہ جہاز زائد از ضرورت تھے، اور پورے سال بھر ان کی آمد و رفت بحر روم میں رہا کرتی تھی، اس نے تو اس انتظام کو بخوشی قبول کر لیا، دوسری کمپنی جو حاجی سلطان علی شوستری کی تھی، اور چھوٹی سی تھی، اس ذمہ داری کو نبھا نہ سکی، سارے حجاج ٹرنر ماریسن کمپنی کے قبضہ میں آ گئے، اس نے خوب نفع اٹھایا، اور اسی کی طرف سے بار بار واپسی کے ٹکٹ پر زور دیا جا رہا ہے۔ ۱۹۲۳ء میں پھر یک طرفہ ٹکٹ جاری ہوئے، اس سال گورنمنٹ کو نادار حاجیوں کو جدہ سے لانے میں ۲۳ ہزار کا صرفہ کرنا پڑا، لیکن جب واپسی کے ٹکٹ کے لازم ہونے کا تجربہ کیا گیا تھا، تو اس سال گورنمنٹ کو ٹرنر ماریسن کمپنی کو امداد کے نام سے ۳ لاکھ ۷۰ ہزار کی رقم دینی پڑی تھی! اس سے ظاہر ہے کہ واپسی کے ٹکٹ کے لازم کر دینے سے نفع خود گورنمنٹ کو بھی نہیں ہے، بلکہ صرف ایک انگریز کمپنی کو ہے۔ پھر فرض کیجئے کہ اوسطاً ۲۰ ہزار حاجی ایک سال، ہندوستان سے روانہ ہوئے۔ واپسی کے ٹکٹ کی قیمت اگر ۵۰ روپیہ فی کس رکھی جائے، تو گویا حاجیوں کا ۱۰ لاکھ روپیہ، چار مہینہ تک کمپنی کے پاس بلا حاجیوں کے کسی نفع کے پڑا رہا! گورنمنٹ کہتی ہے کہ ہر جہازی کمپنی کو واپسی کے ٹکٹ لازم کر دینے کا حق حاصل ہے اسے کیونکر محروم کر دیا جائے۔ جواب یہ ہے کہ ہر حاجی کو بھی تو یک طرفہ ٹکٹ سے سفر کا حق حاصل ہے، اسے اس حق سے آخر کیونکر محروم کیا جا رہا ہے؟ ——— افسوس ہے کہ قوانین حج کا سا اہم معاملہ بھی کچھ پارٹی کا سا مسئلہ بن گیا ہے۔ امید ہے کہ اسمبلی کے تمام مسلمان ممبر نہایت سنجیدگی اور سکون قلب کے ساتھ، ابراہیم صاحب کے پیش کردہ دلائل پر غور کریں گے۔ مولانا محمد علی مرحوم نے کامریڈ میں ۱۹۲۴ء میں، اور دوبارہ ۱۹۲۵ء میں، اسی واپسی کے ٹکٹ کے، اور ٹرنر ماریسن کی اجارہ داری کے خلاف زبردست و مدلل مضامین لکھے تھے۔ بہتر ہوگا ان پر بھی ایک نظر کر لی جائے۔

لکھنؤ کانفرنس اور اسکی مخالفت (ملت)

مولانا ابو الکلام صاحب اور ڈاکٹر سید محمود صاحب نے جس نیک نیتی اور جس جانفشانی سے گزشتہ آٹھ دس دن کے عرصہ میں، بمبئی میں گفتگو کی ہے اور جس تو جا اور فکر سے مولانا شوکت علی صاحب، شیخ عبد المجید صاحب سندھی اور بمبئی کے دیگر مسلمانوں نے اس کوشش کو بروئے کار لانے کی سعی کی ہے، وہ قابل قدر ہے اور ہمیں امید ہے کہ ان کی یہ کوششیں جس کا نتیجہ مسلمان لیڈروں کی وہ کانفرنس ہے، جو ۱۵ اکتوبر کو لکھنؤ میں منعقد ہونے والی ہے، رائیگاں نہ جائیں گی۔ ہم ان رہنماؤں سے جنہیں مولانا شوکت علی صاحب نے مشاورت کی غرض سے لکھنؤ آنے کی دعوت دی تھی، یہ اپیل کرنی چاہتے ہیں کہ وہ حالات کی نزاکت محسوس فرمائیں اور تمام ذاتی شکایتوں کو پس پشت ڈال کر کسی نتیجہ پر پہنچنے کی کوشش کریں کہ ہمیں شملہ سے یہ اطلاع ملی کہ مولوی سر محمد یعقوب، ڈاکٹر شفاعت احمد خاں اور مولانا شفیع داؤدی نے مصالحت اور مشاورت کی اس کانفرنس میں شرکت سے انکار کر دیا اور اسے اس وقت غیر ضروری قرار دیا! ہمیں حیرت ہے کہ باہمی مشاورت میں آخر وہ کونسا نقصان ہے جسے پیش نظر رکھ کر یہ حضرات اس کانفرنس کی دعوت کو مسترد کر رہے ہیں۔ اگر باہمی مشاورت سے ان کے خیال میں کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا، حالانکہ بمبئی سے مولانا شوکت علی صاحب کے بیانات مظہر ہیں کہ سمجھوتہ کی قوی امید ہے اور اس قسم کے تصفیہ کا پورا امکان ہے کہ اس کے ذریعہ مسلمان موجودہ حالات میں اور سرکاری فیصلہ سے زیادہ نفع حاصل کر سکتے ہیں۔ بہر حال اگر سر محمد یعقوب، مولانا شفیع داؤدی اور ڈاکٹر خاں کے بلند خیالات کے مطابق مجوزہ کانفرنس سے "کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا" تو آخر اس میں شریک ہونے میں کونسی قباحت ہے؟ کیا باہمی اتحاد و اتفاق کی کوئی کوشش گناہ ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ اس جماعت نے جا بجا سے باہمی اتحاد کی مخالف رہی ہے کہ ہم نہیں تو کبھی، [illegible] شوکت علی صاحب اور شیخ عبد المجید صاحب سندھی [illegible] بمبئی میں کیا ہے۔

ہم اور ۵۰ (دشیر)

ابھی کل کی بات ہے کہ [illegible] کے علی الرغم [illegible] ہندوستان کے تمام طبقات میں ایک ہیجان برپا ہو گیا اور سب طرف سے یہی صدائیں آنے لگیں کہ ہمارے حقوق پامال ہو گئے، ہمارے مطالبات رد کر دیئے گئے، ہماری وفاداری و نمک حلالی کا بھی خیال نہیں کیا گیا وغیرہ وغیرہ۔ اسی ضمن میں ہم نے اپنی قوم کے لیڈروں اور اداروں کی رائے زنی بھی دیکھی تو ہمیں معلوم ہوا کہ ہمارے چودہ نکات "ابھی تک خورد ہو گئے" اور صرف ایک جداگانہ انتخاب کی ٹہنی "شاخ نہال غم" کی طرح ہری کی ہری رہی اور لطف یہ ہے کہ ان مطالبات کی لاش در و دیوار سے پر بڑی دیکھ کر بھی چشم یار میں دو آنسو نہ آئے، لیکن آنسو آتے کہاں سے جگر تو پہلے ہی نذر معشوق ہو چکا تھا اور مطالبات حقیقت میں مطالبات ہی نہ تھے۔

اس کے برخلاف ہندو قوم کو دیکھئے اور ایک قائد کے ماتحت ان کی سرگرمی پر نظر ڈالئے جو ہندو قوم سے ایک کثیر التعداد قوم کو علیحدہ کر کے انہیں جداگانہ انتخاب کا حق دیا گیا تو ہندوؤں کا ایک مہاتما بلند ہوئی کہ "ہم یہ زہر کا پیالہ نہ پئیں گے" اور اپنے اہم ترین مطالبات کی نامنظوری پر ایک نحیف الجثہ انسان گاندھی نہیں بلکہ اس کی ذات میں تمام ہندو قوم برت رکھ کر جان دینے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ کیوں؟ محض علیٰ وجہ البصیرت اس حقیقت کا علم ہے کہ اس کی تمام قوم دل و جان سے اس کے ساتھ ہے اور اس کی آواز ساری ہندو قوم کی آواز ہے۔ اگر گاندھی جی کو یقین نہ ہوتا کہ ساری ہندو قوم آپ کی پشت پر ہے تو آپ ہرگز برت رکھ کر فاقوں سے مر جانے کا عزم نہ کرتے۔

مصالحت اقوام کی پہلی منزل (مدینہ)

جداگانہ انتخاب کے ذریعہ پنجاب و بنگال میں آئینی اکثریت قائم کرنے والوں کی توقعات بالکل ناکام و نامراد ہو چکی ہیں اور اب ان کو یقین ہو گیا ہے کہ اکثریت قائم کرنے کا جو طریقہ ہم نے سوچا تھا وہ کسی طرح کامیاب نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اب صرف دوسری صورت باقی رہ گئی ہے یعنی مخلوط انتخاب ہر بالغ کے حق رائے دہی کے ساتھ نافذ کر دیا جائے اور مسلمانوں کو تعداد آبادی کے مطابق ووٹروں کی تعداد دے کر یہ موقع دیا جائے کہ وہ جمہوری انداز میں اپنی اکثریت قائم کریں۔ اکثریت قائم کرنے کا وہ بنیادی اصول جس پر دونوں جماعتیں متحد تھیں ابھی باقی ہے اور چونکہ پہلا تجربہ ناکام ہو چکا ہے لہٰذا دوسرے کی آزمائش کرنا سیاسی عقلمندی کے عین مطابق ہے ورنہ مسلمانان پنجاب و بنگال کو ناقص جمہوریت اور مکمل انگریزی غلامی کے علاوہ غیر مسلم اکثریت کی مصیبت بھی برداشت کرنی پڑے گی۔

ان حالات میں جداگانہ انتخاب کی ریتیلی عمارت کی کمزور بنیاد بھی غائب ہو گئی ہے اور اب وقت آگیا ہے کہ مسلمانوں کی تمام جماعتیں اصولی لحاظ سے بھی متحد اور متفق ہو جائیں۔

اسلامی تاریخ کے [illegible] (از معاون)

دنیا زور کرب سے کیوں کراہ رہی ہے
نصف عجم کو فتح کرنے والا بادشاہ زمین پر سوتا ہے
"لوگو! کیا میں بیت المال میں سے شہد لے سکتا ہوں؟"

گزشتہ الجمعیۃ میں آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ آج کل مسلمان اسلام سے ناواقفیت کی بنا پر کس قدر سرگرداں اور پریشان ہیں۔ کوئی روس کی طرف دیکھتا ہے تو کوئی یورپ کی طرف مگر اس کو یہ توفیق نہیں ہوتی کہ وہ ایک نگاہ غلط انداز بھی اسلام کے اصول پر ڈالیں اور اس زمانہ کے مسلمانوں کے حالات پر غور کریں جبکہ شریعت صحیح معنے میں زندہ تھی اور پوری قوت سے اسلامی احکام کا آفتاب چمک رہا ہے۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم اپنے خزانوں کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اور دوسروں کے پاس کاسہ گدائی لیکر بھیک مانگنے کے لئے پہونچتے ہیں۔ ایک زمانہ وہ تھا کہ یورپ نے اسلام کے آستانہ پر آکر سب کچھ حاصل کیا، آج ایک زمانہ یہ بھی ہے کہ [illegible] کے پاس پہنچ کر [illegible] ہے!

الجمعیۃ میں تاریخی مضامین آپ مسلسل پڑھ رہے ہیں [illegible] ہے مسلمانوں کی کامیابی کا راز کیا تھا [illegible] تو آپ اس کا جواب یقیناً دے سکیں گے اور وہ یہی ہوگا کہ اس وقت شریعت حقہ زندہ تھی اور مسلمان اس کا مظہر تھے۔ یہی اسلام کی ترقی کا راز تھا اور اسی سے مسلمان حقیقی غلامی سے نکل کر وہ آزادی پر پہونچے۔ اگر آج بھی شریعت حقہ مسلمانوں کی زندگی کا دستور العمل بن جائے اور مسلمان محض نام کے نہیں بلکہ عملاً مسلمان بن جائیں تو کیا وہی حالات اب پیدا نہیں ہو سکتے جو خلافت راشدہ کے زمانہ میں پیدا ہو چکے تھے؟ یقیناً! اس کے لئے ضرورت ہے ایسے مخلص مسلمانوں کی جو احساس عمل سے سیماب وار مضطرب ہوں اور جو اپنے ہر کام کی بنیاد عمل کو قرار دیں!

انصاف کے پردہ میں آسمانی عذاب

آپ ان ہی کالموں میں کئی بار پڑھ چکے ہیں کہ آج دنیا حکومت کے عمال اور کارندوں سے تباہ حال ہو رہی ہے۔ خدا کی کمزور مخلوق، حکومت کی چکی میں پس رہی ہے اور ہر طرف سے انکا خون چوسا جا رہا ہے۔ رعایا آہ و بکا کر رہی ہے مگر کوئی نہیں جو ان پر ترس کھائے۔ ان تمام مظالم کی ذمہ داری ان عمال حکومت کی گردن پر ہے جو انصاف کی خاطر نام حکومت لئے ہوئے ہیں اور جو مظلوموں اور کمزوروں کی حمایت اور رزاقہ زدوں کی غمخواری کے دعویدار ہیں۔ آپ کو اس کا تازہ ثبوت ایک مشہور مفکر شیخ [illegible] پاشا [illegible] کی اس تقریر سے ملیگا جو موصوف نے شرق اردن کی سیاست پر تبصرہ فرماتے ہوئے کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ

"شرق اردن کے فوجی اور سول عہدہ داروں پر ایک عرب حاکم ہے اور ایک انگریز ریزیڈنٹ۔ ان دونوں کے کثیر مصارف اتنے ہیں کہ جنہوں نے ملک کی کمر توڑ کر رکھدی ہے۔" (الجمعیۃ ۵ / اکتوبر صفحہ ۵)

شرق اردن کی اس حالت سے آپ کل ممالک کا اندازہ لگا لیں۔ ایک طرف وہ غریب لوگ ہیں جنکو ایک وقت بھی روکھی سوکھی روٹی نہیں ملتی اور جنکی ستر پوشی کے لئے ایک تار بھی نہیں ہوتا اور دوسری طرف وائسرائے، گورنروں، کمشنروں اور چیف کمشنروں، ججوں اور افسروں کے مصارف اور رنگ رلیاں ہیں جنہوں نے تمام ملک کی "کمر توڑ کر رکھدی ہے"۔ لیکن سوال ہوتا ہے کہ آخر عمال حکومت کو کس لئے آزاد اور خود سر بنایا ہے اور کس کی اجازت سے وہ غریبوں کی اس بے دردی سے اڑا رہے ہیں، اسکا جواب سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ حکومت کے نظام ہی میں ایسی خامیاں موجود ہیں جو غریبوں کو ابھرنے نہیں دیتیں اور جس کی بدولت حکومت کے کارندے عیش و عشرت کی بلکہ مسرفانہ زندگی بسر کرتے ہیں!

خلیفہ اسلام کا سبق آموز مشاہرہ

لیکن اے دنیا کے انصاف پسندو! اے وہ لوگو جو حکومتوں کی چکیوں میں پستے پستے غبار ہو چکے ہو آؤ اور ذرا اسلام کی جمہوریت، اسلام کے اصول، اور اسلامی عمال کے طرز حکومت پر بھی ایک نگاہ ڈالو اور دیکھو اسلام دنیا کے لئے رحمت ہے یا نہیں!

ہمیں اپنا ثبوت پیش کرنے کے لئے چار و ناچار خلافت راشدہ ہی کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے کیونکہ یہی ایک زمانہ ایسا گزرا ہے جس میں اسلام اپنے صحیح معنے میں پیش کیا گیا اور جو تمام دنیا کے مسلمانوں کے لئے تا قیام قیامت اسوۂ حسنہ اور نمونہ عمل ہے۔ تمکو معلوم ہے کہ

جناب امیر المومنین حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کوئی باڈی گارڈ یا امپیریل گارڈ (شاہی فوج) تھا؟ کیا آپ کے لئے خاص سواریاں اور خاص محلات کا کوئی انتظام تھا؟ کیا آپ نے بھی اپنے لئے گرم و سرد غسلخانے اور باورچی خانے تعمیر کرائے تھے؟ کیا آپ کے لئے مخصوص شاہی طبیب اور ڈاکٹر تھے؟ اور کیا آپکے لئے بھی کھانا کھلانے والوں کی کوئی خاص جماعت مقرر تھی؟ آپ تمام اسلامی تاریخوں کی ورق گردانی کر جائیے مگر آپکو فاروق اعظم کے لئے ہاں اس شخص کیلئے جس نے قیصر و کسریٰ کے ایوانوں کو متزلزل کر دیا تھا مذکورہ بالا چیزوں میں سے ایک چیز بھی نہ ملیگی! اچھا یہ چیزیں نہیں مگر آپ کو تنخواہ تو بڑی معقول ملتی ہوگی؟ وہ اعلیٰ یونیفارم آپکی جیب خاص میں جاتے ہونگے؟ اس شک کو رفع کرنے کے لئے ذرا فاروق اعظم کی تنخواہ کو ملاحظہ فرمائیے کہ آپ کو امارت و خلافت اور بہترین نظام حکومت کے صلہ میں کیا ملتا تھا!

خلافت کے دوران میں فاروق اعظم نے صحابہ کرام کو جمع کر کے اپنی ضروریات بیان کیں اور فرمایا کہ میں اپنے مصارف کیلئے بیت المال میں سے کس قدر لے سکتا ہوں؟ مختلف مشوروں کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صرف معمولی درجہ کے لباس اور خوراک کے اخراجات آپ بیت المال سے لے سکتے ہیں [illegible] خلیفہ کی حکومت میں کروڑوں روپیہ سالانہ کی آمدنی ہوتی تھی اس کی تنخواہ کا خلاصہ یہ حال ہے!

امیر المومنین کا دسترخوان

معلوم ہوا کہ فاروق اعظم کی تنخواہ اسقدر قلیل تھی جس کے مقابلے میں آج کل [illegible] کے مشاہرے بھی یقیناً بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ اس مناسبت سے آپ کی معاشرت بھی تھی۔ آپ ہمیشہ بغیر چھنا آٹا نوش فرمایا کرتے تھے۔ سالنوں میں آپ کے دسترخوان پر سرکہ نظر آتا تھا۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ ایک وقت میں ایک دسترخوان پر دو قسم کا کھانا رکھا گیا ہو۔ آپ کا کھانا اسقدر معمولی قسم کا ہوتا تھا کہ شام کے مہمان اگر آپ کے دسترخوان پر بیٹھ جاتے تھے تو وہ کبھی خوش ہو کر نہیں اٹھتے تھے [illegible] کے ذوق کے مطابق علیحدہ انتظام کر دیا جاتا [illegible] آپ اسقدر سادہ پہنتے تھے [illegible] کہ آپ کا حکومت سے کیا تعلق ہے۔ اکثر زمین ہی پر سوتے تھے اور حکام کو بھی یہی تاکید فرمایا کرتے تھے کہ اس سے زیادہ آپ اپنی معاشرت کو بلند نہیں کر سکتے تھے کیونکہ تنخواہ اسقدر قلیل تھی کہ مشکل سے گزر ہوتا تھا۔ اس کے مقابلہ میں آج کل بادشاہوں، ممالک جمہوریہ کے صدروں، وائسرائیوں، گورنروں اور معمولی سے معمولی عہدیداروں کا کیا حال ہے؟ اسکا اندازہ آپ [illegible] ہم سے بہتر لگا سکتے ہیں۔

"بیت المال سے میں شہد لے سکتا ہوں؟"

شاید لوگوں کو یہ خیال ہو کہ جب بیت المال حضرت فاروق اعظم کے قبضہ میں تھا تو ہر چند اس سے فیضیاب ہوتا تھا تو آپ بھی اس میں سے اپنی ضروریات کے لئے کچھ نہ کچھ لیتے رہے ہوں گے۔ لیکن یہ خیال بھی واقعات کی رو سے باطل ہے کیونکہ فاروق اعظم بیت المال کو مسلمانوں کی امانت سمجھتے تھے اور اس میں مداخلت کو سخت خیانت تصور فرماتے تھے۔ اس کی صداقت کا اندازہ اس ایک واقعہ سے ہو سکتا ہے کہ ایک دفعہ آپ بیمار پڑے۔ لوگوں نے علاج میں شہد تجویز کیا۔ بیت المال میں شہد موجود تھا مگر آپ نے اس کو ہاتھ تک نہ لگایا بلکہ آپ مسجد نبوی میں پہونچے اور لوگوں سے دریافت کیا کہ اگر آپ لوگ مجھکو اجازت دیں تو بیت المال سے تھوڑا سا شہد لے لوں؟ چنانچہ لوگوں نے اجازت دی اور آپ نے اس کو استعمال کیا! اس سے معلوم ہوا کہ بیت المال پر خلیفہ وقت کو بھی تصرف کا حق حاصل نہیں ہے۔

"اے جان پدر! یہ میرا مال نہیں ہے"

اس کے ساتھ ایک اور واقعہ سنئے اور بالشویک پرستوں اور یورپ زدوں [illegible]

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمائیے)

چائنہ سبز چاء نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں

نرخ فی سیر پختہ ... بیوپاری بھی خط و کتابت کریں

حاجی غلام محبوب جنرل ٹی مرچنٹ۔ قصہ خوانی پشاور شہر

احمد اینڈ کو

مشہور انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۶۷

بالکل مفت

[illegible]

منیجر ... دواخانہ ... دہلی

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ

کیسٹوفین

(جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ... ہر موسم میں کھاتے ہیں ... ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHEN MAFG Co. (INDIA)

P. BOX 88 BUNER ROAD, KARACHI.

دنیا میں ایک عجیب تیل

سفید بال تک ہفتہ میں جڑ سے کالا

[illegible]

تلاش گمشدہ

[illegible]

سکول فار الیکٹرسٹی لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کر دیا

[illegible]

صدہا مضمونوں کی ایک دوا

[illegible]

منیجر ... دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

طلسمی ... حیرت انگیز ایجاد

[illegible]

بے روزگاری کا آسان علاج۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے باعث پریشان ہیں۔ اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کیلئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ الجمعیۃ کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔ "الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی۔ ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔

منیجر اخبار "الجمعیۃ" بلی ماران دہلی

اخبار الجمعیۃ

[illegible]

پانچ ترجمے کا قرآن مجید

[illegible] پانچ ترجمے [illegible] ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب، شاہ رفیع الدین صاحب، شاہ عبد القادر صاحب [illegible]

غریبوں کا قرآن مجید معرا

[illegible]

نورانی قرآن مجید مترجم

[illegible]

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچی ہوئی ہے۔ مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن سے مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے۔ ضخامت ... صفحات قیمت صرف ... علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کیلئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے۔ یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ، تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر، تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر، تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر

تعلیم الاسلام مجلد یکجا ... علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ...

ابدی نجات۔ ... قیمت ...

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ

دہلی

یوم یکشنبہ ۱۵ ؍ جمادی الثانی ۱۳۵۱ ہجری

وقت کی اہم ترین ضرورت

اتحاد ۔ اتحاد ۔ اتحاد

آج تمام کاموں سے زیادہ مقدم اور تمام ضرورتوں سے زیادہ اہم اگر کوئی کام یا ضرورت ہے تو وہ یہ ہے کہ مسلمان جنکا شیرازہ ایک عرصہ ہوا کہ بکھر چکا ہے اور جن کی جمعیۃ ایک زمانہ گزرا کہ پریشان ہو چکی ہے اپنی صحیح حالت کا اندازہ لگائیں اور اپنے انتشار و پریشانی کو دور کر کے ایک مقررہ مقصد اور متحدہ مطمح نظر کے ماتحت اپنی قوتوں کو منظم طریقہ پر صرف کریں۔ جب تک یہ انتشار باقی رہے گا۔ جب تک یہ پریشانی دور نہ ہو گی مسلمان من حیث القوم ہندوستان کے اندر ہمیشہ ذلیل و خوار رہیں گے اور انہیں کبھی غلامی کی بدترین لعنت سے نکل کر آزادی کی بہترین نعمت سے بہرہ اندوز ہونے کا موقع حاصل نہ ہو گا۔ مسلمانوں کا یہ افتراق و انشقاق حقیقت میں انہیں موت کے گھاٹ اتار رہا ہے اور ان کی تمام عملی قوتیں مضمحل ہو کر ہمیشہ کے لئے بیکار و زنگ آلود ہو رہی ہیں۔ اگر قوم کے اطبار نے جن پر نہایت اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اس صورت حال کا اب بھی کوئی موثر علاج نہ کیا تو ہمیں یقین ہے کہ مسلمان سخت خسارہ میں رہیں گے اور ان کی تباہی و بربادی اس انتہا کو پہنچ جائیگی کہ اس کا کوئی علاج اور کوئی مداوا نہ ہو سکے گا۔

جن محترم علماء و زعماء نے وقت کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے فلاح امت کی غرض سے ۱۵، ۱۶ ؍ اکتوبر کو سلیم پور ہاؤس لکھنؤ میں مجتمع ہونے کا عزم ظاہر کیا ہے اور اس مقصد کے پیش نظر ملک کے دور و دراز گوشوں سے طویل سفر کر کے لکھنؤ پہنچ رہے ہیں وہ یقیناً مسلمانوں کے دلی شکریہ کے مستحق ہیں اور قوم کی نگاہیں بجا طور پر انکے فیصلوں اور انکے اعلانات پر لگی ہوئی ہیں۔ آج انہوں نے ملت اسلامیہ کے اندر ایک نئی روح پھونک دی ہے اور ہر مسلمان کا قلب اتحاد و اتفاق کی امیدوں سے معمور نظر آتا ہے جس طرح لق و دق صحرا میں کوئی پیاسا پانی کے لئے بے تاب ہو اسی طرح آج ہندوستان میں مسلمان اتفاق و اتحاد کے لئے ترس رہے ہیں۔ مبارک ہیں وہ کوششیں جو مسلمانوں کو عین عالم یاس میں آس بندھا رہی ہیں، اور خوش قسمت ہیں وہ حضرات جو اس نیک کام میں مشغول ہیں۔

ہم نہایت ادب کے ساتھ اور نہایت اخلاص کے ساتھ لکھنؤ میں جمع ہونے والے زعماء و علماء تک اپنی یہ کمزور آواز پہنچانا چاہتے ہیں کہ خدا کے واسطے آج مسلمانوں کی لاج رکھ لیجئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسری اقوام کو یہ کہنے کا موقع مل جائے کہ انتہائی نازک اور خطرناک حالات میں جمع ہونے کے باوجود مسلمان متحد و متفق نہ ہو سکے اور ملت کی وہ تباہی بھی انہیں اپنے اختلافات دور کرنے پر مجبور نہ کر سکی جو فرقہ وارانہ فیصلہ کی صورت میں نازل ہوئی ہے اور جس نے ان کے مستقبل کو ہر طرح تیرہ و تاریک کر دیا ہے۔ آج مسلمانوں کی عزت آپ ہی کے ہاتھ میں ہے، آج امت کا مفاد آپ ہی کے فیصلوں سے وابستہ ہے، آج ضرورت ہے کہ آپ اسلام کی شاندار روایات کا پھر احیا کریں۔ معدہ اپنے ہاتھوں سے مسلمانوں کو ہمیشہ کے لئے دفن کر دیں اور پھر کبھی ان کی زندگی، ان کی ترقی یا ان کی فلاح و بہبود کا نام زبان پر نہ لائیں۔

ضرورت ہے کہ کانفرنس کے شرکاء اس وقت تک سلیم پور ہاؤس سے نہ نکلیں جب تک کہ قوم کے لئے اتحاد و اتفاق کا مژدہ جانفزا نہ سنا دیا جائے، اور فرقہ وارانہ فیصلہ کو بدلوانے کے لئے ایک متحدہ و متفقہ اسکیم تیار نہ ہو جائے۔ چند خود غرض حضرات کی پرواہ نہ کی جائے، دھمکیوں اور اعلانات جنگ کو نظر انداز کر دیا جائے، قوم کا مفاد افراد کے مفاد سے یقیناً زیادہ وقیع ہے خواہ وہ افراد کتنے ہی بارسوخ اور مقتدر کیوں نہ ہوں، اور یہاں تو معاملہ ان لوگوں کا ہے جو ملازمت کی چند اسامیوں کی خاطر قوم کے گلے پر چھری پھیر دینے کی دعوت دے رہے ہیں اور جو اس پر اڑ گئے ہیں کہ چاہے قوم تباہ و برباد ہی کیوں نہ ہو جائے ہم اپنے ذاتی مفاد کو ہرگز قوم کے مفاد پر قربان نہ کریں گے۔

ہمیں یقین ہے کہ لکھنؤ سے اتحاد کا غلغلہ بلند ہوتے ہی مخالفین کی ہمتیں پست ہو جائیں گی۔ جمہور مسلمین کی تائید و حمایت اتحاد کرنے والوں کے ساتھ ہو گی اور پھر اس سے بڑا مرحلہ یعنی اقوام ہند کا باہمی اتحاد و اتفاق چند دنوں کی بات رہ جائے گا۔ رخنے ڈالنے والے زیادہ دیر تک رخنے نہ ڈال سکیں گے۔ فرقہ وار مسئلہ کا حل اگر ایک مرتبہ متفقہ طریقہ پر ہو گیا تو ہندوستان کی فضا ہی بدل جائے گی اور اس کی آزادی کے دن بہت قریب آجائیں گے۔ لکھنؤ اس وقت تاریخ بنا رہا ہے، اگر لکھنؤ میں جمع ہونے والی شخصیتوں نے اپنے فہم و تدبر کا ثبوت بہم پہنچا دیا تو ان کا یہ کارنامہ آئندہ تاریخ میں سنہری حرفوں کے ساتھ لکھا جائے گا۔

آل انڈیا اور صوبجاتی حل

کیوں نہ ایسا کیا جائے کہ ہر صوبہ کے ہندو اور مسلمان باہمی گفت و شنید سے فیصلہ کریں اور اس فیصلہ کو منوانے کے لئے حکومت پر زور دیں۔ ہمارا یہ خیال ہند و [illegible]

قوم پرور مسلمان

[illegible]

مذموم طریقے

[illegible]

نکات و لطائف

[illegible]

بیرونی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

ہنگری میں ترکان آل عثمان کی حکومت اور اسکے

یورپ کے مرکز میں اسلام اور مسلمانوں کا اقتدار

بوڈاپیسٹ میں عثمانی اسلام کا تعمیرات اور مساجد و مدارس کی کثرت

[illegible]

ہنگری کے مسلمانوں کا مذہبی شغف

[illegible]

فرقہ وارانہ فیصلہ اور مسلمانان سندھ

جمعیۃ علمائے سندھ اور قوم پرور مسلمانوں کا اعلان

وزیر اعظم کے اعلان نے ہندوستان کو کیا دیا

ہندوستان کے متعلق جو فرقہ وارانہ فیصلہ کا اعلان بڑے انتظار و اضطراب کے بعد وزیر ہند کی طرف سے ظاہر ہوا ہے اس کے متعلق جمعیۃ العلماء سندھ اور نیشنلسٹ مسلمانان سندھ حسب ذیل اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔

[illegible]

دنیا دو کرب سے کیوں کراہ رہی ہے

(سلسلہ صفحہ اول)

[illegible]

عراق کے مدارس میں کتنے طلباء تعلیم پاتے ہیں

حکومت کی فراہم کردہ اعداد و شمار

[illegible]

حوادث و واقعات کا ۔۔۔

(گزشتہ سے پیوستہ)

[illegible]

خریداران الجمعیۃ

[illegible]

برطانی پولیس اور مزدوروں کے درمیان شدید تصادم

دو کانوں کی لوٹ مار اور پولیس پر فائر

بلفاسٹ میں حکومت کے خلاف زبردست بلوہ

ممالک عربیہ کی وحدت کیلئے حکومت حجاز کا پہلا قدم

عربوں کے متفقہ مطالبہ کے سامنے سلطان ابن سعود نے سر جھکا دیا

آئندہ مملکت حجاز و نجد کا نام مملکت عربیہ سعودیہ ہوگا

(۱) پہلا نام مملکت حجاز و نجد و ملحقاتہا کو مملکت العربیہ السعودیہ کے نام سے تبدیل کیا جاتا ہے اس کے بعد ہمارا لقب ملک المملکت العربیہ السعودیہ ہوگا۔

(۲) جس تاریخ کو یہ اعلان ہوگا اسی تاریخ سے یہ تبدیلی عمل میں آئے گی۔

(دستخط) سلطان عبدالعزیز

بحکم نائب جلالۃ الملک فیصل بن سعود، ریاض (دار السلطنت نجد)

موجودہ وائسرائے لندن جائیں گے

دار الحکومت

فرقہ وارانہ مفاہمت اور حقوق کا تحفظ

سر اقبال اور سر محمد یعقوب کی پرواہ نہ کرو

آل انڈیا مسلم یوتھ لیگ کے سکرٹری کا بیان

جمعیۃ علمائے ہند کے آٹھویں ڈکٹیٹر کے مقدمہ کا فیصلہ

۱/۲ ۷ ماہ قید بامشقت

مہاراجہ الور کا تار مولانا شوکت علی کے نام

مولانا شوکت علی کا جواب

ڈاکٹر عالم کی تشویشناک علالت

بیگم صاحبہ کو بھی ملنے کی اجازت نہیں دی گئی

بیگم عالم اور ان کے رشتہ داروں تک کو ملنے کی اجازت نہیں ہے۔

رضاکاران جمعیۃ علمائے ہند کے مقدمہ کا فیصلہ

چھ چھ ماہ قید سخت اور پچاس روپیہ جرمانہ

گوونداں مالویہ کی گرفتاری اور رہائی

۲۴ گھنٹہ میں بمبئی سے نکل جاؤ

مولانا شوکت علی صاحب کا جواب

جمعیۃ علمائے ہند کے نویں ڈکٹیٹر کا تقرر

پہاڑ گنج میں مسلمانوں کا جلسہ

مسودات حج پر تبصرہ

ہندو مسلم مشترکہ بورڈ دہلی کی کارگزاری

رام لیلا میں ڈیوٹی تقسیم خدمات

حکام کو قتل کرنے کی دھمکی

وائسرائے کے نام سر سلیمان قاسم کا تار

گاندھی جی کی رہائی سے صلح جلد ہو سکتی ہے

تیسری گول میز کانفرنس کے نمائندوں کا اعلان

چاٹگام میں متعدد اشخاص کی نظر بندی

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

جمعیۃ علمائے ہند کے نو رضاکاروں کی گرفتاری

شراب کی دوکان پر پکٹنگ

محض دوکان بند کرنا جرم نہیں ہے

بمبئی ہائی کورٹ کا فیصلہ

ہندوؤں کا افسوسناک رویہ

سندھ کی علیحدگی پر احتجاج

جمعیۃ علمائے سہارنپور کے تیسرے ڈکٹیٹر کا تقرر

خود غرض حضرات کے چہرے سے نقاب اٹھ گیا ہے

مٹھی بھر کانفرنسیوں کی اتحاد دشمنی کو نظر انداز کر دیا جائے

خان بہادر مولوی بشیر الدین کا ولولہ انگیز بیان

سر اقبال کے نام سر آغا خان کا بحری تار

مسلمانان ہند کو چند مشورے

دوسرا پیغام

ہندو مسلم اتحاد میں ہم ضرور کامیاب ہوں گے

لکھنؤ کانفرنس اتحاد کا سنگ بنیاد ثابت ہوگی

پنڈت مدن موہن مالویہ کا اعلان

کانفرنس کی شرکت کیلئے اپیل

مولانا اکرم علی اور مولانا عبد الماجد بدایونی کا اعلان

انگلستان میں تیس لاکھ مرد اور عورتیں بیکار

بیکاروں کی رجسٹرڈ تعداد

چرواہے بھیڑیوں کے لباس میں

سب انسپکٹر وغیرہ ڈاکہ کا مقدمہ

گاندھی جی کی رہائی کیلئے پارلیمنٹ پر پکٹنگ

انتقادات

اسلام کے سور ما سپاہی

۲۰ سرمایہ پرستوں کا روس سے اخراج

روس میں انقلاب پیدا کرنے کی کوشش

کانپور کو ہوائی مستقر بنایا جائیگا

خلیج فارس سے ایک لاثانی موتی کی برآمد

لکھنؤ کانفرنس کی پُر زور حمایت

مولانا شوکت علی کے نام پنجاب کے مسلم لیڈروں کا تار

ہندوستان کے خلاف پروپگنڈہ کا فرض

لارڈ ریڈنگ امریکہ کی سرزمین پر

حیدرآباد میں جیوری کے ذریعہ مقدمات کا فیصلہ

فلسفہ ارکان اسلام

پانچ دول کی کانفرنس میں جرمنی کی عدم شرکت

فرانس اور انگلستان کے درمیان ملاقات

تخفیف اسلحہ کے سلسلہ میں گفت و شنید

مزید ۷ انقلاب پسند انڈیمان کو

غازی اسمٰعیل صاحب کے مکان پر چھاپہ

ہندستان کے طول و عرض میں بیحرمتی و احترام مساجد و اوقاف

جمعیۃ علماء ہند کے زیر ہدایت اجتماعات اور جلوس کے مطالبے

حکومت اور اسمبلی کے ارکان کی روش کے خلاف اظہار نفرت و ملامت

(گزشتہ سے پیوستہ)

ولٹو

مسلمانان ولٹو و ممبران انجمن اصلاح المسلمین و محافظ مساجد قصبہ کا جلسہ مشورہ قانون پورٹ جج کمیٹی کے متعلق اظہار ناراضگی اور صدائے احتجاج بلند کرنے کے لئے ۔ سو ستمبر ۲۲ء کو ۳ بجے دن میں جامع مسجد قصبہ ولٹو میں منعقد ہوا باتفاق آراء حاضرین جلسہ مولوی حکیم حافظ سید عبدالمجید صاحب خلف اکبر جناب مولوی حکیم عبدالحمید صاحب مرحوم صدر جلسہ منتخب ہوئے صدر موصوف نے مقدل لہجہ میں اس قانون کی تباہ کاریاں بیان فرمائیں اور اس قانون کو مسلمانوں کے لئے بدترین قانون ظاہر کرتے ہوئے مداخلت فی الدین بتلایا اور حسب ہدایت جمعیۃ علماء ہند تجاویز باتفاق آراء حاضرین جلسہ پاس ہوئیں۔ حاضرین جلسہ میں ایک مذہبی جوش پیدا تھا۔

موضع اکبرپور

۔ سو ستمبر کو بموجب ہدایت جمعیۃ علماء ہند ایک جلسہ منشی نجم الدین خاں صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں (دکتوب) مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب پڑھ کر سنایا گیا مساجد کی حرمت اوقاف کی عزت بیان کی گئی۔ (نامہ نگار)

موضع کراشہ

۔ سو ستمبر کو بعد نماز جمعہ یوم احتجاج کا پوسٹر اور (مکتوب) حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب کا پڑھ کر سنایا گیا صوفی محمد اسمعیل خاں۔ قاری عبدالرحیم صاحب خانصاحب ظفریاب خاں نے تقاریر فرمائی اور بتلایا کہ مساجد اور اسلام ارکان کی عزت پر اپنی جان قربان کرنے میں دریغ نہ کریں گے۔ (نامہ نگار)

کمال پور

[illegible]

یوسف زئی

[illegible]

مونگیر

[illegible]

دریاپور

[illegible]

اوجہاری

[illegible]

گاسباڑی

[illegible]

کلکتہ

[illegible]

وارسادھی (یو۔پی)

[illegible]

بلند شہر

بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں حضرت مولانا مشتاق احمد مدرس دوم مدرسہ گلاؤٹھی جلسہ ہوا جس میں مولانا نے ایک جامع اور مبسوط تقریر فرمائی اور ربح مساجد و اوقاف کے متعلق لوگ نہایت عمدگی سے سمجھایا بعد میں ذیل کی تجاویز پاس کی گئیں (نامہ نگار)

ستیہ (میرٹھ)

بتاریخ ۔ سو ستمبر ۲۲ء کو موضع سلنیہ تحصیل ہاپوڑ کے جلسہ عام میں حسب ہدایت مرکزی مجلس تحفظ ناموس شریعت ریزولیوشن پاس لیئے گئے۔

(محمد ابراہیم از ستیہ)

سپاسنامہ

[illegible]

درخانہ مراسم پذیرائی حضور والاحضرت شان راسیانہ بجا آوردہ آواز بلند میگویم زندہ باد اعلیحضرت محمد نادرشاہ خداپرست ۔ زندہ باد برادران فدائی ملت ادر ۔ پائندہ و متمدن باد افغانستان مستقل

از قلم مولوی نجم الدین خاں رستناقی محصل افغانی

در جامعہ طبیہ دہلی

درس اسلام

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے متفق ہونا ضروری نہیں)

طبیہ کالج کی تحقیقاتی رپورٹ

سفارشات کے مطابق عمل درآمد

گذشتہ ماہ فروری و مارچ ۱۹۳۲ء میں طبیہ کالج دہلی کے چند پروفیسران و کچھ طلباء اور طالبات نے اسٹرائیک اور بھوک ہڑتال کی تھی جس کی تحقیقات کے لئے کالج کی تعلیمی سب کمیٹی نے جناب مرزا محمد سعید صاحب ایم اے ۔ آئی ای ۔ ایس سابق پرنسپل رہتک کالج ۔ جناب مسٹر سی ۔ ای ۔ ڈاکر صاحب ایم ۔ اے پرنسپل عربک کالج دہلی ۔ جناب لالہ شیونرائن صاحب بی ۔ اے ایل ۔ ایل ۔ بی سینیئر ایڈوکیٹ دہلی اور جناب مرزا اعجاز حسین صاحب [illegible]

[illegible]

تحقیقاتی کمیٹی نے ۔۔۔ ان پر غور کیا جائے گا۔

آنریری پرنسپل

طبیہ کالج دہلی

مسلمانان دہلی سے دردناک اپیل

حضرت مولانا مولوی سید محمد ولی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ استاد شاہنشاہ عالمگیر ثانی مزار مبارک کے گرد اگرد بزرگان دین اور بارگاہ ایزدی کے مقبول بندوں کی قبریں ہیں چند شرپسندوں نے بہت سے ملبے کے انبار ڈالدئے ہیں اور تمام چہار دیواری منہدم کردی ہے عرصہ ہوا کہ انہیں لوگوں نے جو اپنے آپ کو متولی مرحوم کا رشتہ دار بیان کرتے ہیں ایک کلس جو مقبرہ کے اوپر تھا اتار لیا کیونکہ مسجد اور برج ایک دوسرے سے ملحق ہیں اور چہار دیواری نہ ہونے سے مسجد و مقبرہ میں کتے بلی ہر چیز گھس جاتی ہے جس سے مسجد اور مقبرہ کی بے حرمتی ہوتی ہے اور ان ہی قبور پر جن پر ملبے کے انبار ہیں خاکروب نالی کی کیچڑ ڈال جاتا ہے ہم اہل محلہ ایسی بے حرمتی کو برداشت نہیں کرسکتے جب ہم اہل محلہ ملبا اٹھوانے اور چہار دیواری بنوانے کو کہتے ہیں تو وہ لکڑیاں لے کر سامنے آتے ہیں اور پتھر بھی مارتے ہیں اور ایک کار خیر کو روکتے ہیں چونکہ ہم اہل محلہ غریب ہیں فساد سے ڈرتے ہیں اس لئے تمام مسلمانان شہر دہلی و ذمہ داران حکومت کو اس طرف پرزور توجہ دلاتے ہیں اور درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس کا معائنہ کرلیں اور ان لوگوں کے ہاتھوں سے جو ہماری عبادت گاہوں اور مقابر کی بے حرمتی کرتے ہیں اور ناجائز قبضہ کئے ہوئے ہیں ان مقامات کو بچائیں ان مسلمانوں سے بھی التماس ہے جو مالی اور قانونی طاقت رکھتے ہیں کہ وہ ہماری مدد کریں اور محافظ اوقاف سے بھی التماس ہے کہ وہ مسجد اور بزرگان دین کی قبور کو توہین سے بچالے ۔

احمد عمر سکریٹری انجمن اتحاد مسلم پہاڑی عالی دہلی

ضلع شاہ پور سے مرزائیوں کا فرار

قادیانیوں کی ذلت آمیز ہزیمت

سرگودھا سے مناظرہ کئے بغیر قادیانی مبلغین ڈھڈھ رانجا کی طرف بھاگ گئے بدحواسی اور گھبراہٹ میں چینی کا چک نمبر ۹۹ و چک نمبر ۵۰ کا پروگرام منسوخ کردیا سپرنٹنڈنٹ پولیس و دیگر حکام ضلع کے پاس اپنی وفاداری کا راگ گاکر جہاد کے حکم کو منسوخ کرنے والے منشی غلام احمد قادیانی کا واسطہ دے کر نہایت گڑگڑا کر علماء کرام کی مدافعانہ سرگرمیوں کو روکنے کی التجا کی۔ خصوصاً مولانا ظہور احمد صاحب بگوی صدر حزب الانصار مجلس خلافت فوری کارروائی کے لئے ایڑی سے لیکر چوٹی تک زور لگایا۔ مولانا مخادم کو خلافتی ۔ کانگریسی حکومت کا باغی وا حراری کہہ کر حکام کو اشتعال دلایا۔ مگر ان کی تمام بکار روائیوں کے باوجود حق کا بول بالا ہوا۔

علماء کرام نہایت شان سے بمقام ڈھڈھ رانجا رونق افروز ہوئے حق کی ہیبت سے مرزائیوں کے ہوش اڑ گئے ۔۔۔ ڈھڈھ نے ہر چند مرزا بیوں کو سمجھایا حفظ امن کا ذمہ لیا مگر انہوں نے مناظرہ کرنے سے صاف انکار کردیا علماء کرام نے شاندار جلسوں میں اپنی تقاریر میں مرزا اور مرزائیت کا [illegible]

جہلم سے ایک پندرہ روزہ اخبار کا اجرا

جہلم ۱۷ اکتوبر ۱۹۳۲ء غلام نبی انصاری کے زیر ادارت قوم کے نام ایک پندرہ روزہ اخبار جہلم سے جاری ہوگا جس میں ملک کے نامور اور مقتدر انشاپردازوں کے مضامین کے علاوہ مذہبی اور سیاسی زندہ انس کی جان ہوگی ایک مسلسل اور متواتر مضامین کا سلسلہ ترجمان القرآن از مولانا ابوالکلام آزاد پہلے نمبر سے شائع ہونا شروع ہوگا۔ نیز ایک سلسلہ آئین احرار اسلام کا ہوگا۔ جنہوں نے اپنی حریت پسندی اور حق نوازی کی خاطر بڑی بڑی تو تنوں اور قاہرانہ طاقتوں کے آگے اپنی جانوں کو قربان کردیا۔ اس لئے ہر بہی خواہ قوم کا فرض ہے کہ اخبار قوم کی سرپرستی ابتدا ہی سے قبول فرمائیں۔ پہلا پرچہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء سے شائع ہونا شروع ہوگا۔

چندہ سالانہ ۔ تین روپیہ ہوگا۔

عام ۔ نیر

تابعدار

منیجر اخبار قوم جہلم

تلاش گمشدہ

[illegible]

مقویات حضرت حکیم عالم

[illegible]

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ہر قسم کے قرآن مجید، حمائل شریف و ہر قسم کے سپارے اور قاعدے و ہر قسم کی مذہبی کتب ملنے کا پتہ

مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی دارالعلوم دیوبند

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی

خصوصی مجربات

معجون عنبری — اکسیر قلب

[illegible]

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یو۔پی)

تار کا پتہ "میڈی سنٹر" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کرگئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانہ کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کراکر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم ۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں — مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

قرص احمر — اکسیر نسواں — ملین — جوہری

[illegible]

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس دہلی

مسلمانوں کا سب سے سستا رسالہ

[illegible]

منیجر رسالہ ۔۔۔ دہلی

امرت دھارا سے جنگ

امرت دھارا

احتیاط

[illegible]

امرت دھارا لاہور

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے!

شربت اکسیر

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

سنئے جناب! یہ شربت اکسیر کا اشتہار آپکے پیش نظر ہے اس کا نسخہ مجھے ایک کہنہ مشق امریکن ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے سے قبل مدت تک امتحان کیا جب مجھے کامل اطمینان ہوگیا تو یہ اشتہار آپکے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرماویں۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہوجائیگی

جریان

[illegible]

ایس ۔ اے ۔ بی ۔ بخشی اینڈ کمپنی ۔۔۔ کلکتہ

شربت فولاد

[illegible]

منیجر ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

المعا!!

منیجر رسالہ الجامعہ خانقاہ رحمانیہ مونگیر

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو!

"دو لو دواؤں کی قیمت سات روپیہ"

جریان کی گولیاں — سفوف جریان

[illegible]

محبوب عاشق کے قدموں پر

[illegible]

ہم باواز بلند کہتے ہیں کہ آج جو صاحب ہماری بہرا پن کی دوا (روغن کرامات) کی برابر کوئی دیگر ایسی مجرب اور مشہور دوا بتلادیں کہ جس نے ہماری دوا کے برابر شہرت اور سارٹیفکیٹ حاصل کئے ہوں اور ہماری دوا کے برابر کان کی تمام بیماریوں اور بہرا پن پر ایسی مفید ثابت ہوئی ہو تو ہم مبلغ پچاس روپے نقد انعام دیں گے جن صاحبان کو اعتبار نہ ہو وہ یہاں ہی جب چاہیں تشریف لاکر علاج کراسکتے ہیں دھوکہ دینے والے ٹھگ اور مکاروں سے بچنا آپ کا فرض ہے آرڈر کے وقت اپنا پورا پتہ معہ نام صاف لکھئے۔

نپٹ بہرا پن کا شرطیہ علاج

کان بہنے، زخم کم سننے، کان بند یا بھاری رہنے، بھنبھناہٹ، ناسور، کیڑے پڑ جانے، درد طرح طرح کی آوازیں ہونے پردوں کی کمزوری اور کان کی تمام بیماریوں کی ایک مجرب و اکسیر بے خطا دوا۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ) تین شیشی ایک ساتھ طلب کرنے پر محصول ڈاک و پیکنگ معاف

ہمادری سرمہ ضعف بینائی۔ سرخی۔ دیرینہ ککرے۔ نزول اور دھلکہ کی خاص دوا ہے۔ ہر موسم میں قابل استعمال ہے فی شیشی چار آنے (۴ر)

کان کی دوا ۔ بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یو۔پی)

گرم کوٹوں کی فہرست مفت طلب کرو

منیجری ٹنٹ کوٹ کمپنی رنچھوڑ لائن کراچی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

روزنہ
الجمعیۃ
دھلی

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی-اے)

جلد ۱۶ | دھلی - یوم پنجشنبہ ۱۹ر جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۰ر اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۸

معاصرین کے افکار و آراء

قبل از مرگ واویلا! (ملت)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

مسلمانوں کی خانگی زندگی کا المناک نظارہ
بنت رسولؐ چکیاں پیس کر ہم کو کیا سبق دے گئیں؟

بے روزگاری کا آسان علاج
معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں۔ اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو

آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

الجمعیۃ کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کرسکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

الجمعیۃ کی ایجنسی آپکے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔

منیجر اخبار "الجمعیۃ" بلیماران دھلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکتہ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جاچکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہرسال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہورہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ - تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر - تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر - تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحبؒ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عنہ/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عہ/ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے (عہ/) پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا۔ کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کرسکتے ہیں ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ ... علاوہ محصولڈاک۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دھلی

ہر امیر و غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

ایم اے مجید اینڈ سنز آرڈر سپلائرس اینڈ کمیشن ایجنٹس
بلیماران - دھلی

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم
اکسیریات

مولانا حکیم محمد عبدالہادی صاحب
پھلواری شریف ضلع پٹنہ

کیسٹوفین
بچوں کی صحت

کیسٹوفین منوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلیماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

طلسماتی طلا دیا طلاء بے نظیر

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریگنائز کردیا

... پاور ہاؤس ہے جس میں اے۔ سی۔ اور ڈی۔ سی۔ ہر دو قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے۔ اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریگنائز بھی کردیا ہے۔ قابلیت کے طلبار کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں۔ کورس ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے۔ پراسپکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں۔

منیجر

بال جڑ سے کالا

جائے نماز - نایاب کتابیں

لکھنؤ میں اتحاد بین المسلمین کا روح پرور نظارہ

مختلف الخیال مسلم زعماء کا عظیم الشان اجتماع

تمام مسائل کے متعلق کامل اتحاد و اتفاق

سیاسی اور مذہبی تحفظات کے ساتھ مخلوط انتخاب کا اعلان

ہندو مسلم مصالحت کے لئے ایک نمائندہ مجلس کا تقرر

۱۵ اور ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۲ء کی دو تاریخیں ہندوستان کے مسلمانوں کو ہمیشہ یاد رہیں گی کیونکہ یہی وہ مبارک دن تھے جبکہ لکھنؤ میں سلیم پور ہاؤس کے اندر بیٹھ کر ہمارے درد مند و مخلص زعماء نے انتشار ملت کو دور کر کے اتحاد بین المسلمین کا جھنڈا بلند کرنے کی غرض سے عملی قدم اٹھایا اور اس قدر کامیاب طریقہ پر اٹھایا کہ آخر کار انہوں نے تعصب کی ان راستے کی وہ مشکلات جنہوں نے ایک طبقہ کو مایوس کر رکھا تھا ختم ہو گئیں اور مفقود ہو گئیں۔

اس کانفرنس میں جس کے چار اجلاس منعقد ہوئے ہر خیال اور ہر طبقہ کے علماء و زعماء شریک تھے۔ اگرچہ مسلم کانفرنس کے صدر اور سکرٹری نے شرکت سے انکار کر دیا۔ مگر مسلم کانفرنس کے اراکین کی اتنی تعداد لکھنؤ کانفرنس میں شریک تھی کہ اگر وہ لوگ علیحدہ جلسہ کرنا چاہتے تو نہایت آسانی کے ساتھ منعقد ہو سکتا تھا۔ مسلم کانفرنس کے نائب صدر نائب سکرٹری اور متعدد دیگر عہدہ دار اراکین اپنے نقطۂ نظر کی ترجمانی کرتے رہے اور جو کچھ وہاں منظور کیا گیا۔ اس میں ان لوگوں کے زاویۂ نگاہ کا پورا لحاظ پہلے سے رکھ لیا گیا۔

جمعیۃ خلافت کے تمام سربرآوردہ اراکین اور علی کارکن مولانا شوکت علی صاحب کے ہمراہ شریک کانفرنس تھے اور انہوں نے اس کانفرنس کو کامیاب بنانے میں کوئی دقیقہ [illegible]

کانفرنس کا سب سے پہلا اجلاس ہفتہ کے دن بارہ بجے راجہ صاحب سلیم پور کی صدارت میں سلیم پور ہاؤس میں منعقد ہوا۔ سب سے پہلے صاحب صدر، مولانا ابوالکلام صاحب آزاد اور مولانا شوکت علی نے اجتماع کے مقاصد اور مسلمانوں میں کامل اتحاد پر زور دیا۔ مولانا ظفر علی خاں نے بھی ایک پرزور تقریر کی۔ مولانا آزاد اور مولانا شوکت علی صاحب کی تقریروں نے کانفرنس کی کامیابی کا پورا یقین دلایا ... [illegible]

کانفرنس کے پہلے ہی اجلاس میں تقریباً تمام شرکاء تشریف لے آئے تھے۔ سیٹھ عبداللہ ہارون صاحب نے اپنی ایک مختصر تقریر میں فرمایا کہ اس وقت کانفرنس ملتوی کر دی جائے ... [illegible]

ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب کا رویہ نہایت اچھا رہا انہوں نے ابتداءً استواری کی کوشش کی مگر جب حضرت مولانا حسین احمد صاحب نے تقریر فرمائی اور امر ... [illegible]

اور بزرگوں کا اجلاس کا جاری رہنا ہی مفید ہوگا۔ اور اس وقت اگر ہم بھی فیصلہ کر کے اٹھے تو ملک میں ہر طرف سے اس کی تائید کی جائے گی تو وہ کانفرنس کی شرکت پر آمادہ ہو گئے اور آخر وقت تک شریک رہے۔

پہلے دن کی یہ صحبت ابتدائی تقریروں کے بعد ختم ہو گئی اور یہ اندازہ ہوا کہ اگر باقی تیرہ نکات نیشنلسٹ مسلمانوں نے بھی تسلیم کر لئے تو پھر مسلم کانفرنس اور خلافت کمیٹی کے اراکین کو مخلوط انتخاب کی کوئی شکل قبول کرنے میں عذر نہ ہوگا ... [illegible]

شب کے وقت دوسرا اجلاس

جب بعد مغرب دوسرا اجلاس منعقد ہوا تو اسے باقاعدہ بنا دیا گیا۔ نواب محمد اسمٰعیل خان صاحب صدر تھے۔ چونکہ ہاؤس کے سامنے ابھی تک کوئی قرارداد نہیں تھی اس لئے عام بحث شروع ہو گئی ... [illegible]

ضروری تھا اس لئے دس بجے تک بحث و تمحیص ہوتی رہی اور اجلاس صبح کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

صبح کے وقت تیسرا اجلاس

دوسرے دن یعنی ۱۶ اکتوبر کو جب اجلاس شروع ہوا تو راجہ صاحب سلیم پور صدر اجلاس تھے۔ اس اجلاس میں تین تجاویز پیش کی گئیں۔ پہلی تجویز میں نقطۂ اجمال تھا، دوسری تجویز میں چودہ نکات اور صرف مولانا محمد علی صاحب کا فارمولا تھا، تیسری تجویز میں تیرہ نکات کی تفصیل اور طریق انتخاب کے متعلق تصفیہ کرنے کے لئے کامل آزادی تھی۔ طویل دیر کی بحث کے بعد ایک سبجیکٹ کمیٹی بنا دی گئی اور اس کو ایک متفقہ مسودہ مرتب کرنے کا کام دیا گیا۔ چنانچہ تینوں تجاویز کا ماحصل لیکر وہ دو تجاویز بنائی گئیں جو بعد میں منظور ہوئیں۔

دوپہر کے وقفہ میں تقریباً ۲ بجے تک سبجیکٹ کمیٹی کا اجلاس ہوتا رہا۔

شام کے وقت چوتھا اجلاس

شام کو ۵ بجے سے چوتھا اجلاس جب شروع ہوا تو عام طور پر یہ سمجھا جاتا تھا کہ اب کام منٹوں میں ختم ہو جائے گا کیونکہ تقریباً ہر خیال کے حضرات سبجیکٹ کمیٹی میں شامل تھے اور وہاں ہر مسئلہ پر کافی گفتگو ہو گئی تھی۔ چنانچہ ابتداءً مسٹر آصف علی نے دونوں تجاویز پڑھ کر سنائیں ... [illegible]

بالاتفاق منظور کر لیا گیا۔ مولانا شوکت علی صاحب نے اراکین کمیٹی کی فہرست پڑھ کر سنائی جو بخوشی منظور کر لی گئی۔ اور سب نے ان حضرات پر اعتماد ظاہر کیا جو گفت و شنید کرنے کے لئے جا رہے ہیں۔

اتحاد اسلام زندہ باد

جیسے ہی صدر نے ان تجاویز کے متعلق رائے دریافت کرنے کے بعد ان کی متفقہ منظوری کا اعلان کیا تمام ہال "اللہ اکبر" اور "اتحاد اسلام زندہ باد" کے نعروں سے گونج اٹھا۔ لوگوں کے چہروں سے اس قدر مسرت و انبساط کا اظہار ہو رہا تھا کہ پچھلے دنوں میں اس کی مثال مشکل سے پیش کی جا سکتی ہے ... [illegible]

آخری دعا

حاضرین اجلاس نے اس وقت حضرت مولانا حسین احمد صاحب سے درخواست کی کہ وہ مسلمانوں کی آئندہ فلاح و بہبود کے لئے دعا فرمائیں۔ چنانچہ حضرت مولانا نے ایک عجیب ولولہ انگیز منظر کے درمیان کھڑے ہوئے اور آپ نے ایک نہایت مؤثر انداز میں دعا فرمائی ... اسلامی روایات کے مطابق کامل اتحاد کا نظارہ پیش نظر تھے۔

(باقی صفحہ ۸ پر ملاحظہ فرمائیے)

اہم شرکاء کی صوبہ وار فہرست

صوبہ سرحد

[illegible]

صوبہ پنجاب

[illegible]

صوبہ یوپی

[illegible]

صوبہ بہار

[illegible]

بنگال

[illegible]

بمبئی و سندھ

[illegible]

مدراس

سید فیاض صاحب۔

دہلی و اجمیر و میواڑ

مسٹر آصف علی صاحب۔ سید محمد جعفری صاحب۔ غازی محی الدین صاحب

بلوچستان

نواب زادہ یوسف علی خاں۔ سردار غلام رسول خاں

ان کے علاوہ ہر صوبہ کے بکثرت ڈیلیگیٹ شریک تھے اور ان سے زیادہ افراد و انجمنوں کے تائیدی تار وصول ہوئے تھے۔

حوادث و احکام

(گذشتہ سے پیوستہ)

جواب ۹۔ اسلام کا مسلمہ قانون ہے الوقف لا یملک یعنی وقف کسی شخص یا کسی حکومت کی ملکیت نہیں ہو سکتا۔ لہذا اس کا قبضہ، اصل روپیہ وصول کرنا اور اس کے متعلق شرائط سب باطل ہیں ان کی پابندی ناجائز پھر اسلامی احکام کے برخلاف شرائط خود وقف کرنے والے کے بھی معتبر نہیں ... [illegible]

وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلمون علی شروطہم الا شرطا حرم حلالا او احل حراما۔ مشکوۃ ص ۲۵۳ ج ۱۔

وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ایما شرط کان لیس فی کتاب اللہ فھو باطل وان کان مائۃ شرط فقضاء اللہ احق وشرط اللہ۔ بخاری شریف ج ۱ ص ۳۴۷

جواب ۱۰۔ اسلام کا مسلمہ اصول ہے الوقف لا یملک اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ان المساجد للہ۔ لہذا ایسے معابد پر حکومت ہند کا قبضہ یقیناً ناجائز ہے اور روپیہ کی واپسی لازم۔ اگر ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کا اعلان نہ ہوتا تب بھی یہی حکم تھا۔ اب خصوصاً ملکہ وکٹوریہ کے اعلان کے بعد تو حکومت کے نظریہ سے بھی یہ قبضہ درست نہیں ہو سکتا بلکہ حکومت ہند کی جانب سے صریحاً اپنے تاج کی نافرمانی و اس سے غداری ہے اور اگر عدل و انصاف کا کچھ بھی پاس ہے تو لا محالہ اس تمام روپیہ کی واپسی حکومت پر لازم ہے جو اس ناجائز طریقہ سے وصول کیا گیا۔ ھذا واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

کتبہ

احقر عباد الرحمٰن۔ بندہ محمد میاں عفی عنہ مدرس مدرسہ شاہی مراد آباد

الجواب صواب ... (حضرت مولانا سید) فخر الدین احمد غفرلہ (شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد) ... (حضرت مولانا) عبدالحق مدنی عفی عنہ (شیخ التفسیر جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد) ... الجواب صحیح (مولانا) محمد قاسم علی ازہری عفی عنہ (امام شہر) ... (استاذ المنطق جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد) ھذا ھو الحق والحق احق ان یتبع ... [illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible] ... نہ بعد انقضاء عدت کے ہندہ نکاح ثانی کر سکیگی۔ فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ۔ دہلی

مسلمانوں کی خانگی زندگی کا المناک نظارہ

(البلسلہ صفحہ اول)

اسلام نے ہر مرد کو سپاہی بنایا ہے اور ہر عورت کو گھر کا نگہبان۔ تاہم تو اس لئے پیدا ہوئی ہو کہ اسلام کی لاج رکھو۔ اپنے بچوں میں شجاعانہ اور مجاہدانہ روح پھونکو اور ان کو سادہ زندگی بسر کرنے کی عادت ڈالو۔

اسلام نے تم کو محنت و جفاکشی سے مستثنیٰ نہیں کیا کیونکہ یہ چیز ایک طرف تو گھر کو تباہ کر کے رکھ دیتی ہے اور دوسری طرف صحت و تندرستی کو خاک میں ملا دیتی ہے۔ اگر تم بھی حضرت فاطمہؓ کی زندگی کو اپنے لئے مشعل راہ بنا لو اور چکیاں پیس کر محنت کرنے لگو اور عیش و آرام سے الگ ہو کر اپنے گھروں کو چلاؤ تو تم بہت جلد فارغ البال ہو سکتی ہو اور اپنی صحت کو بھی برقرار رکھ سکتی ہو۔

تم جو تپ دق اور ہزاروں قسم کے مرضوں کا شکار رہتی ہو اس کی بڑی وجہ بیکاری کی زندگی اور محنت سے جی چرانا ہے۔ اگر تم چاہتی ہو کہ تمہارے وجود سے مسلمان فخر کریں اور آنے والی نسلیں تم کو اچھے نام سے یاد کریں تو تم کو آج ہی سے محنت و مشقت کی طرف راغب ہو جانا چاہئے اور زیورات وغیرہ کے مطالبہ سے دستبردار ہو جانا چاہئے۔

اگر آج مسلمان، اسلام اور اپنی شاندار روایات سے کوئی سبق نہیں لیتے تو کاش وہ اپنے پڑوسیوں سے ہی عبرت حاصل کریں اور دیکھیں کہ دوسری قوموں کی خواتین اور بچے کس طرح اصلاح اور ترقی کی طرف ... [illegible] ... کی بہتر طریق پر انجام دے سکتی ہیں۔

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس شوریٰ کے اجلاس

علماء و زعماء کی شرکت

کانفرنس کا اجلاس شروع ہونے سے قبل ۱۵ اکتوبر کی صبح کو جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوا۔ شرکاء اجلاس میں قابل ذکر حضرات حسب ذیل تھے۔

مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب۔ مولانا ابوالکلام صاحب آزاد۔ مولانا محمد سجاد صاحب۔ مولانا حسین احمد صاحب۔ مولانا مفتی محمد نعیم صاحب۔ مولانا فخر الدین صاحب۔ مولانا بشیر احمد صاحب۔ مولانا محمد شفیع صاحب۔ مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محل۔ مولانا امین احمد صاحب نگرام۔ مولانا عبدالله صاحب مراد آباد۔ مولوی نصیر الدین خاں صاحب مدیر مدینہ۔ مولوی مجید حسن صاحب مالک مدینہ۔ قاضی احمد حسین صاحب بہار۔ غازی خضر محمد صاحب کانپور۔ ڈاکٹر سید محمود صاحب۔ مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر۔ چودھری خلیق الزماں صاحب لکھنؤ۔ سید محمد جعفری صاحب مدیر ملت۔ مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب۔ مولانا ریاست علی صاحب بریلی۔

حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب کی صدارت کے لئے حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نے تحریک کی اور مولانا مفتی محمد نعیم صاحب نے تائید کی چنانچہ مولانا بالاتفاق رائے صدر منتخب ہو گئے۔

موجودہ مصالحت کے اسباب اور صورت حال کے متعلق اول مولانا ابوالکلام صاحب آزاد نے تقریر فرمائی۔ مولانا محمد شفیع صاحب انصاری نے کچھ سوالات نشستوں کے تحفظ کے متعلق کئے اور مولانا آزاد نے اس کی تشریح فرمائی۔ مولانا قطب الدین صاحب کے ارشاد پر مولانا آزاد نے فرمایا کہ جمعیۃ علماء کا ... [illegible]

جمعیۃ پوری طرح اس کا خیر مقدم کرنے کو تیار ہوگی اور اتحاد بین المسلمین کے تحفظ اور اتحاد اقوام ہند کے لئے عمر بھی پوری جد و جہد کرے گی۔

قرارداد سہارنپور جس کا حوالہ دیا گیا ہے حسب ذیل ہے:-

(۱) ہندوستان کی مختلف ملتوں کی کلچر، زبان، رسم الخط، مذہبی تعلیم، مذہبی تبلیغ، مذہبی ادارے، مذہبی عقائد، مذہبی اعمال، عبادت گاہیں، اوقاف آزاد ہوں گے۔ حکومت ان میں مداخلت نہ کرے گی۔

(۲) دستور اساسی میں اسلامی پرسنل لاء کی حفاظت کے لئے خاص دفعہ رکھی جائے گی جس میں تصریح ہوگی کہ مجالس مقننہ اور حکومت کی جانب سے اس میں مداخلت نہ کی جائے گی اور پرسنل لاء کی مثال کے طور پر یہ چیزیں نوٹ میں درج کی جائیں گی (مثلاً احکام نکاح، طلاق، رجعت، عدت، خیار بلوغ، تفریق زوجین، خلع، عنین و مفقود، نفقہ زوجیت، حضانت، ولایت نکاح، مال، وصیت، وقف، وراثت، تکفین و تدفین، قربانی وغیرہ)

(۳) مسلمانوں کے ایسے مقدمات فیصل کرنے کے لئے جن میں مسلمان حاکم کا فیصلہ ضروری ہے مسلم قاضیوں کا تقرر کیا جائے گا اور ان کو اختیارات تفویض کئے جائیں گے۔

(۴) صوبوں اور فیڈرل اسمبلی میں اقلیتوں کی سیاسی اور دیگر حقوق کی حفاظت کے متعلق شکایات سننے اور فیصلہ کرنے کے لئے سپریم کورٹ قائم کیا جائے گا۔ جو مختلف ملتوں کے ارکان پر مشتمل ہوگا۔ اس کے فیصلوں کی تنفیذ فیڈرل حکومت کرے گی۔

(۵) صوبہ سرحد اور بلوچستان اور ان صوبوں میں جو نئے قائم کئے جائیں طرز حکومت وہی ہوگا جو دیگر صوبوں میں قرار دیا جائے گا۔

(۶) سندھ کو علیحدہ مستقل صوبہ بنا دیا جائے گا اور اس کا نظم اس طرح قائم کیا جائیگا کہ اس کی آمدنی اس کے مصارف کو کافی ہو جائے۔

(۷) حق رائے دہی تمام بالغوں کو دیا جائے گا اور کسی صورت میں کوئی ایسا طریقہ قبول نہ کیا جائیگا جس سے کوئی ملت اپنے تناسب آبادی کے مطابق رائے دہندگی کے حق سے محروم رہ جائے۔

(۸) طریقہ انتخاب مخلوط ہوگا۔

(۹) پنجاب و بنگال میں کسی ملت کے لئے ریزرویشن نہیں کیا جائے گا اور اگر کوئی اقلیت ریزرویشن کے لئے اصرار کرے تو تمام ملتوں کی نشستیں تناسب آبادی کے اعتبار سے ریزرو کر دی جائیں گی۔ باقی صوبوں کی انتخابی مجالس اور فیڈرل اسمبلی میں اقلیتوں کی نشستیں تناسب آبادی کے مطابق ریزرو کر دی جائیں گی اور ریزرو نشستوں کے لئے مقابلہ کرنے کا حق بھی حاصل ہوگا۔

(۱۰) طرز حکومت وفاقی ہوگا تمام صوبے کامل خود مختار ہوں گے فیڈرل اسمبلی کو صرف وہی اختیارات دئے جائیں گے جن کا تعلق تمام ہندوستان کے ساتھ یکساں ہوگا غیر مفوضہ اختیارات صوبوں کے حاصل ہوں گے الا یہ کہ تمام صوبے بالاتفاق تسلیم کریں کہ غیر مفوضہ اختیارات فیڈرل اسمبلی کو دے جائیں۔

ہدیہ تہنیت

آج یہ دیکھ کر ہماری مسرت کی کوئی انتہا نہیں رہی کہ لکھنؤ میں جمع ہونے والے علماء و زعماء نے مسلمانوں کی لاج رکھ لی اور ایک ایسے نازک وقت میں جب کہ مسلمان تباہی کے کنارے آ گئے تھے انہیں افتراق و انتشار کی ہلاکت سے بچا لیا۔ ہم تمام مسلمانان ہند کی خدمت میں اس شاندار کامیابی پر ہدیہ تہنیت و مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اشاعت ہذا میں لکھنؤ کانفرنس کی خبروں کے باعث مقالہ افتتاحیہ کے لئے گنجائش نہ نکل سکی۔ انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں اس نمایاں کامیابی پر مفصل تبصرہ کیا جائیگا۔

(الجمعیۃ)

سربرآوردہ شرکاء کانفرنس کی جماعت وار فہرست

یوں تو کانفرنس میں ہر خیال اور ہر جماعت کے صدہا اراکین شریک تھے مگر مشہور و سربرآوردہ حضرات کی جماعت وار فہرست حسب ذیل ہے۔

مسلم کانفرنس

(۱) نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب (۲) مولانا شوکت علی صاحب ... [illegible]

جمعیۃ خلافت

[illegible]

جمعیۃ العلماء

[illegible]

نیشنلسٹ پارٹی

[illegible]

شیعہ کانفرنس

[illegible]

مسلم لیگ

[illegible]

مسلمانوں کے لئے مذہبی تحفظات

کانفرنس نے حسب ذیل تین دفعات کو جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ سہارنپور اگست ۱۹۳۱ء میں بمقام سہارنپور منظور کی گئی تھیں مسلم مطالبات کی تشریح و توضیح کے طور پر خصوصیت کے ساتھ منظور کیا ہے اور انہیں آل پارٹیز مسلم کانفرنس والی قرارداد کے ساتھ گفت و شنید کی اساس بنایا جائے گا۔

(۱) ہندوستان کی مختلف ملتوں کی کلچر، زبان، رسم الخط، پیشہ، مذہبی تعلیم، مذہبی تبلیغ، مذہبی ادارے، مذہبی عقائد، مذہبی اعمال، عبادت گاہیں، اوقاف آزاد ہوں گے۔ حکومت ان میں مداخلت نہ کرے گی۔

(۲) دستور اساسی میں اسلامی پرسنل لاء کی حفاظت کے لئے خاص دفعہ رکھی جائے گی جس میں تصریح ہوگی کہ مجالس مقننہ اور حکومت کی جانب سے اس میں مداخلت نہ کی جائے گی اور پرسنل لاء کی مثال کے طور پر یہ چیزیں فٹ نوٹ میں درج کی جائیں گی (مثلاً احکام نکاح، طلاق، رجعت، عدت، خیار بلوغ، تفریق زوجین، خلع، عنین و مفقود، نفقہ زوجیت، حضانت، ولایت نکاح، مال، وصیت، وقف، وراثت، تکفین و تدفین، قربانی وغیرہ)

(۳) مسلمانوں کے ایسے مقدمات فیصل کرنے کے لئے جن میں مسلمان حاکم کا فیصلہ ضروری ہے مسلم قاضیوں کا تقرر کیا جائے گا اور ان کو اختیارات تفویض کئے جائیں گے۔

قرارداد

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

امسال حکومت یمن کو کسقدر آمدنی ہوئی؟

تمام ملک میں خوشحالی۔ مدارس اور شفاخانوں کا قیام

یمن میں اطالوی کارندوں کا اثر و نفوذ

آج کل دنیا کی جو اقتصادی حالت ہے اس نے معاشی اور سیاسی نظامات کو تہ و بالا کر رکھا ہے لیکن خدا کا فضل ہے کہ یمن ہر قسم کی آفت سے محفوظ ہے اور قریب و جوار کی حکومتوں سے اس کی حالت بہت بہتر ہے۔ امسال حکومت یمن کو بجاس لاکھ ... کی آمدنی ہوئی ... [illegible]

یمن کے مختلف شہروں میں بکثرت شفاخانے کھل گئے ہیں ... [illegible]

یمن میں اٹلی کا نفوذ دیگر اجنبی دول کے اثر و نفوذ پر غالب ہے۔ یہاں ایک اطالوی مدرسہ ہے جس میں اطالوی زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اٹلی کے سب سے بڑے بنک ... [illegible] ... خیال رکھتے ہیں۔

(الصراط المستقیم)

پرتگال کے تین عیسائیوں کا قبول اسلام

مریم پرستی کی دلدل اور تثلیث کے گورکھ دھندے سے نجات

پرتگال کا ایک عیسائی "فرانسس نفکل من" مدتوں کی تحقیق کے بعد داخل اسلام ہو گیا۔ موصوف نے اپنے قبول اسلام کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ اسلام ہر زمان و مکان کی مدنیت و شائستگی کی صلاحیت رکھتا ہے آپ کا اسلامی نام عبدالعزیز رکھا گیا۔ اسی طرح ایک اور شخص جو عیسائی ہو گیا تھا تحقیق کے بعد مسلمان ہو گیا اس کا اسلامی نام ابراہیم رکھا گیا ... [illegible]

(جریدہ العرب)

حجاز اور شرق اردن کا مشروط معاہدہ؟

عراق میں یہ افواہ گرم ہے کہ امیر عبداللہ میر شرق اردن اور جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے مابین معاہدہ صلح کی خفیہ اور مستور گفت و شنید ہو رہی ہے۔ امیر عبداللہ حکومت حجاز کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ سلطان ابن سعود ضبط شدہ املاک کو اشراف کے حوالہ کر دیں اور موجودہ جنگ میں جو لوگ مارے گئے ہیں ان کے ورثاء کو خاص کا معاوضہ ادا کریں۔

خراساں میں ایک اعلیٰ درسگاہ کا قیام

حکومت ایران نے خراساں میں ایک اعلیٰ درسگاہ کے قیام کا ارادہ کر لیا ہے جس کے لئے میزانیہ میں کافی رقم محفوظ رکھی ہے۔ اس مقصد کے لئے ابتدائی امور بھی طے ہو گئے ہیں۔ اس درسگاہ کے قیام میں زیادہ عرصہ نہیں لگے گا بلکہ بہت جلد اس کی تکمیل ہو جائیگی یہ مدرسہ وزارت معارف کی نگرانی میں ... چلایا جائے گا۔

انڈیا لیگ کا وفد جمعیۃ العلماء کے دفتر میں

دہلی ۷ اکتوبر آج ساڑھے نو بجے مسز ... انڈیا لیگ کی ممبر ... ممبر پارلیمنٹ انگلینڈ اور ان کے پرائیویٹ سکرٹری مسٹر ... جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں پہنچے۔ جناب مولانا ... صاحب و مولانا سید حمید الدین احمد و مولانا ... صاحبان ممبران جمعیۃ مرکزیہ علمائے ہند نے ایک مختصر بیان دیا۔ جس میں جمعیۃ علماء کی ابتدائی تاریخ، اس کی قومی و ملی خدمات اور حالات حاضرہ کا خاص طور پر ذکر کیا گیا تھا۔ ساڑھے دس بجے تک سلسلہ جاری رہا اس کے بعد وفد اپنی قیام گاہ پر واپس ہو گیا۔

حکیم محمد میاں صاحب کا عطیہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی نے جناب حکیم محمد میاں ... [illegible]

(دفتر جمعیۃ علماء ہند)

کانفرنس کی کامیابی پر زعماء ملت کے بیانات

کانفرنس کی کامیابی کے متعلق مولانا شوکت علی صاحب کا بیان کسی دوسری جگہ مفصل درج کیا جا رہا ہے۔ مولانا کے علاوہ دیگر زعماء نے جو کچھ فرمایا ہے وہ ہم درج ذیل کرتے ہیں:

شیخ عبدالمجید صاحب سندھی

مولانا شیخ عبدالمجید صاحب سندھی نے فرمایا کہ کانفرنس نہایت کامیاب رہی ... ہندو، سکھوں اور مسلمانوں میں ... ہندوستان اور انگلستان کے درمیان سمجھوتہ کرانے کا ... [illegible]

نواب اسمٰعیل خاں صاحب

نواب اسمٰعیل خاں صاحب نے فرمایا کہ گاندھی جی نے مسلم مطالبات کے متعلق جس سمجھوتہ کی خواہش کی تھی وہ پوری ہو گئی ہے اور اس طرح فرقہ وارانہ سمجھوتہ کے لئے راستہ تیار ہو گیا ہے گفت و شنید کی تجویز کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔ صلح کی بات چیت عنقریب ہی شروع ہو جائیگی۔

ڈاکٹر سید محمود صاحب

نمائندہ فری پریس سے ملاقات کے دوران میں ڈاکٹر سید محمود صاحب نے فرمایا کہ موجودہ کانفرنس ہر حیثیت سے نمائندہ تھی کیونکہ اس میں ہر طبقہ اور خیال کے مسلمان موجود تھے ہر شخص ہندوؤں کے ساتھ سمجھوتہ کرنے اور مادر وطن کی خدمت کرنے کے لئے یکساں بے تاب تھا۔ مسلمانوں کے درمیان مکمل سمجھوتہ ہو گیا ہے اور وہ متحد ہو گئے ہیں۔ میں توقع کرتا ہوں کہ وہ بہت جلد ہم اعلان کر دیں گے کہ ہندوستان متحد ہے۔

مولانا عبداللطیف فاروقی

مولانا عبداللطیف فاروقی نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے فرمایا کہ تمام ہندوستان کے لئے یہ بات قابل فخر و مسرت ہے کہ ہم سالہا سال کی جنگ کے بعد ایک ایسی مصالحت پر آ گئے ہیں جو تمام مسلمانوں کے لئے قابل قبول ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ فیصلہ تمام ہندوستان کے لئے ... ہوگا۔

مسٹر جے۔ ایس حاجی

مسٹر جے۔ ایس حاجی (بمبئی کے تاجر) نے فرمایا کہ یہ کانفرنس تمام پرور مسلمانوں سے تمام مسلمانوں کے مطالبات کو باستثنائے جداگانہ نیابت تسلیم کرانے میں کامیاب ہو گئی ہے۔

نیز اس کانفرنس نے ہندو مسلمانوں کیلئے ایک ایسا دروازہ کھول دیا ہے جس کے ذریعہ گول میز کانفرنس میں فرقہ وارانہ فارمولا متفقہ طور پر پیش کیا جا سکیگا۔

مسلمانوں کے سیاسی تحفظات

مسلمانوں کے جن سیاسی مطالبات پر اتفاق و اتحاد ہو گیا ہے وہ حسب ذیل ہیں:-

(۱) وفاقی طرز حکومت کا قیام اور اختیارات باقیہ صوبوں کو
(۲) کسی ملت پر اثر انداز ہونے والے مسودات قانون کے لئے اس ملت کی ۳/۴ اکثریت کا لزوم۔
(۳) نشستوں کی تخصیص۔
(۴) اقلیت والے صوبوں میں ویٹیج۔
(۵) پنجاب اور بنگال میں آئینی اکثریت کا قیام۔
(۶) مرکزی اور صوبجاتی وزارتوں میں جائز حصہ۔
(۷) ملازمتوں میں مناسب حصہ۔
(۸) صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان میں مساوی طرز حکومت۔
(۹) صوبہ سندھ کی علیحدگی۔
(۱۰) مرکز میں ۱/۳ نمائندگی۔
(۱۱) بغیر اجزاء وفاقی کی رضامندی کے دستور اساسی میں ترمیم نہ ہوسکیگی۔
(۱۲) مسلمانوں کی تعلیم، زبان، مذہب، اور خیراتی اداروں کے تحفظ اور ترقی کے لئے سرکاری امداد میں کافی حصہ۔
(۱۳) مسلمانوں کے پرسنل لاء کا تحفظ (اس تشریح کے مطابق جو جمعیۃ علمائے ہند نے کی ہے)۔

تقرری ملازمتوں پر تقرر ایک غیر جانبدار پبلک سروس کمیشن کی طرف سے کیا جائے گا جو لیاقت کا کم از کم معیار مقرر کر کے ... اس امر کا لحاظ رکھے گا کہ اس معیار کے ماتحت ہر ملت اپنی تناسب آبادی کے موافق حصہ پانے سے محروم نہ رہے۔ نیز ماتحت ملازمتوں میں بھی کسی خاص فرقہ کے اجارہ داری نہ ہوگی تمام فرقوں کو ان کا واجبی حصہ ملے گا۔

(۱۲) وفاقی اور صوبجاتی حکومتوں کی وزارتوں میں کسی درجہ کی نمائندگی باہمی تفاہم کے ذریعہ قائم کر دی جائے گی۔

(۱۳) دستور اساسی کی بنیادی دفعات میں کوئی تغیر ترمیم اضافہ اس وقت تک نہ ہو سکے گا جب تک تمام وفاقی اجزاء سے منظور نہ کر لیں۔

(۱۴) یہ تمام دفعات ایک دوسرے کے ساتھ مرتبط ہیں اگر ان میں سے کوئی ایک دفعہ بھی منظور نہ ہوئی تو تمام نا منظور سمجھا جائے گا۔

لندن میں "اتحاد" کا خیر مقدم

"برادر شوکت علی زندہ باد" کے نعرے

لندن ۱۳ اکتوبر مولانا شوکت علی صاحب نے اپنے بیان میں جو پیشگوئی کی ہے کہ ہندوستان چند ہی روز میں متحد ہو جائے گا اس پر ہندوستانی کانگریسیوں کے ایک جلسہ میں مسرت کا اظہار کیا گیا اور جلسہ کے اختتام پر "برادر شوکت علی زندہ باد" کے نعرے لگائے گئے۔

لکھنؤ میں اتحاد بین المسلمین کا روح پرور نظارہ

مختلف الخیال مسلم زعماء کا عظیم الشان اجتماع

تمام مسائل کے متعلق کامل اتحاد و اتفاق

سیاسی اور مذہبی تحفظات کے ساتھ مخلوط انتخاب کا اعلان

ہندو مسلم مصالحت کے لئے ایک نمائندہ مجلس کا تقرر

۱۵ اور ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۲ء کی دو تاریخیں ہندوستان کے مسلمانوں کو ہمیشہ یاد رہیں گی کیونکہ یہی وہ مبارک دن تھے جبکہ لکھنؤ میں سلیم پور ہاؤس کے اندر بیٹھ کر ہمارے درد مند مخلص زعماء نے انتشار ملت کو دور کر کے اتحاد بین المسلمین کے عملی قدم اٹھایا ...

اس کانفرنس میں جس کے چار اجلاس منعقد ہوئے ہر خیال اور ہر عقیدہ کے علماء و زعماء شریک تھے ...

جمعیت علمائے ہند کے اراکین کی بہت بڑی تعداد مختلف مقامات سے آ کر اس کانفرنس میں شریک ہوئی ...

کانفرنس نے دو قراردادیں باتفاق رائے منظور کیں جو حسب ذیل ہیں:-

(۱) چونکہ ہندوستان کی جائز سیاسی خواہشات کی تکمیل کے لئے اولین شرط ہے کہ مختلف الخیال مسلمانوں کے درمیان اتحاد و اتفاق قائم ہو ...

(۲) یہ کانفرنس پنڈت مدن موہن مالویہ کی اس تجویز کا خیر مقدم کرتی ہے ...

مولانا ابوالکلام آزاد — مولانا شوکت علی — مولانا عبدالماجد — مولانا حسین احمد مدنی — نواب محمد اسمٰعیل خاں — راجہ نواب علی خاں — راجہ سلیم پور — شیخ عبدالمجید سندھی — مولانا سلیمان قاسم مٹھا — میاں جعفر شاہ کاکا خیل — مولانا ظفر علی خاں — چودھری خلیق الزماں — سید عبدالعزیز — ڈاکٹر ضیاء الدین احمد — شاہ مسعود احمد — خان بہادر حافظ ہدایت حسین — مولانا اکرم خاں — سیٹھ یعقوب حسین — نواب زادہ یوسف علی

مولانا شوکت علی صاحب نے پنڈت مالویہ کو اس کمیٹی کی طرف سے تار دیا ہے ...

کانفرنس کا سب سے پہلا اجلاس ہفتہ کے دن بارہ بجے راجہ صاحب سلیم پور کی صدارت میں سلیم پور ہاؤس میں منعقد ہوا ...

کانفرنس کے پہلے ہی اجلاس میں تقریباً تمام شرکاء تشریف لے آئے تھے ...

صبح کے وقت تیسرا اجلاس

دوسرے دن یعنی ۱۶ اکتوبر کو صبح اجلاس شروع ہوا نواب راجہ صاحب سلیم پور صدر اجلاس تھے ...

شام کے وقت چوتھا اجلاس

شام کو چھ بجے سے چوتھا اجلاس جب شروع ہوا تو عام طور پر یہ سمجھا جاتا تھا کہ اب کام ختم ہو جائے گا ...

شب کے وقت دوسرا اجلاس

جیسا کہ مغرب کے وقت دوسرا اجلاس منعقد ہوا جس سے باقاعدہ بنادیا گیا۔ نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب صدر تھے ...

اہم شرکاء کی صوبہ وار فہرست

لکھنؤ کی مسلم کانفرنس میں ملک کے دور دراز گوشوں سے جو نمائندے تشریف لائے تھے ان کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے ہم ان میں سے مشہور حضرات کے اسمائے گرامی صوبہ وار عنوانات کے ماتحت درج کرتے ہیں۔ تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ ہر صوبہ کی کس طرح نمائندگی ہوئی تھی۔

صوبہ سرحد

میاں جعفر شاہ صاحب کاکا خیل — میاں احمد شاہ صاحب مسٹر یوسفی صاحب۔

صوبہ پنجاب

مولانا ظفر علی خاں صاحب — مولانا مفتی محمد نعیم صاحب — مولانا عبدالحنان صاحب — مسٹر فیروز الدین — مسٹر شمس الحسن مرزا مسٹر عبداللہ یوسف۔

صوبہ یو۔پی

نواب اسمٰعیل خاں صاحب — راجہ صاحب سلیم پور — ڈاکٹر سید محمود — حضرت مولانا حسین احمد صاحب — حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب — راجہ نواب علی صاحب — ڈاکٹر ضیاء الدین احمد

صوبہ بہار

مسٹر عبدالعزیز بیرسٹر — قاضی احمد حسین سابق ایم۔ ایل۔ سی — مسٹر شاہ محمد مسعود احمد ایم۔ ایل۔ اے — حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار

بنگال

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد — محمد اکرم خاں صاحب — مولانا عبدالجبار

بمبئی و سندھ

مولانا شوکت علی صاحب — حاجی سیٹھ سلیمان قاسم مٹھا — شیخ عبدالمجید صاحب جے راتیس — حاجی — مولانا محمد عرفان صاحب۔

مدراس

سیٹھ یعقوب حسن صاحب — مولوی عبداللطیف فاروقی صاحب — یوسف سید فیاض صاحب۔

دہلی و اجمیر و میواڑ

مسٹر آصف علی صاحب — سید محمد جعفری صاحب — غازی محی الدین صاحب

بلوچستان

نواب زادہ یوسف علی خاں — سردار غلام رسول خاں

ان کے علاوہ ہر صوبہ کے بکثرت ڈیلیگیٹ شریک تھے اور ان سے زیادہ افراد اور انجمنوں کے تائیدی تار وصول ہوئے تھے۔

بالاتفاق منظور کر لیا گیا۔ مولانا شوکت علی صاحب نے اراکین کمیٹی کی فہرست پڑھ کر سنائی ...

اتحاد اسلام زندہ باد

جیسے ہی کہ صدر نے ان تجاویز کے متعلق رائے دریافت کرنے کے بعد ان کی متفقہ منظوری کا اعلان کیا تمام ہال "اللہ اکبر" اور "اتحاد اسلام زندہ باد" کے نعروں سے گونج اٹھا ...

آخری دعا

حاضرین اجلاس نے اس وقت حضرت مولانا حسین احمد صاحب سے درخواست کی کہ وہ مسلمانوں کی آئندہ فلاح و بہبود کے لئے دعا فرمائیں ...

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمائیے)

حوادث و احکام

(گذشتہ سے پیوستہ)

جواب ۹ — اسلام کا مسلمہ قانون ہے الوقف لا یملک یعنی وقف کسی شخص یا کسی حکومت کی ملکیت نہیں ہو سکتا۔ لہذا اس کا قبضہ اور اس پر روپیہ وصول کرنا اور اس کے متعلق شرائط سب باطل ہیں ...

جواب ۱۰ — اسلام کا مسلمہ اصول ہے الوقف لا یملک اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ان المساجد للہ ...

کتبہ

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کا لڑکا عمر ...

الجواب

عمر کا باپ زید کے طلاق دینے سے ہندہ پر طلاق نہیں پڑتی ہے لہذا عمر کا نکاح ہندہ کی چھوٹی بہن کے ساتھ ناجائز ہوگا ... فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

مسلمانوں کی خانگی زندگی کا المناک نظارہ

(بسلسلہ صفحہ اول)

اسلام نے ہر مرد کو سپاہی بنایا ہے اور ہر عورت کو گھر کا نگہبان ...

اسلام نے تم کو محنت و جفاکشی سے مستثنیٰ نہیں کیا ...

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس شوریٰ کے اجلاس

علماء و زعماء کی شرکت

کانفرنس کا اجلاس شروع ہونے سے قبل ۱۵ اکتوبر کی صبح کو جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوا۔ شرکاء اجلاس میں قابل ذکر حضرات حسب ذیل تھے۔

مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب — مولانا ابوالکلام صاحب آزاد — مولانا محمد سجاد صاحب — مولانا حسین احمد صاحب — مولانا مفتی محمد نعیم صاحب — مولانا فخر الدین صاحب — مولانا بشیر احمد صاحب — مولانا محمد شفیع صاحب — مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محل — مولانا انیس احمد صاحب نگرام — مولانا عبداللہ صاحب مراد آباد — مولوی نصیر الدین خاں صاحب مدیر مدینہ — مولوی مجید حسن صاحب مالک مدینہ — قاضی احمد حسین صاحب بہار — غازی حافظ محمد صاحب کانپور — ڈاکٹر سید محمود صاحب — مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر — چودھری خلیق الزماں صاحب لکھنؤ — سید محمد جعفری صاحب مدیر ملت — مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب — مولانا ریاست علی صاحب بریلی۔

حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب کی صدارت کے لئے حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نے تحریک کی اور مولانا مفتی محمد نعیم صاحب نے تائید کی چنانچہ مولانا باتفاق رائے صدر منتخب ہوگئے۔

موجودہ مصالحت کے اسباب اور صورت حال کے متعلق اول مولانا ابوالکلام صاحب آزاد نے تقریر فرمائی مولانا محمد شفیع صاحب انصاری نے کچھ سوالات ...

سربرآوردہ شرکاء کانفرنس کی جماعت وار فہرست

یوں تو کانفرنس میں ہر خیال اور ہر جماعت کے صدہا اراکین شریک تھے مگر مشہور و سربرآوردہ حضرات کی جماعت وار فہرست حسب ذیل ہے۔

مسلم کانفرنس

(۱) نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب — (۲) مولانا شوکت علی صاحب
(۳) شاہ محمد مسعود احمد صاحب ایم ایل اے — (۴) ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب
(۵) سید ذاکر علی صاحب — (۶) راجہ صاحب سلیم پور
(۷) حسین امام صاحب۔

جمعیۃ خلافت

(۱) مولانا شوکت علی صاحب — (۲) شیخ عبدالمجید صاحب سندھی
(۳) مولانا محمد عرفان صاحب — (۴) سیٹھ حاجی سلیمان قاسم مٹھا
(۵) غازی محی الدین صاحب — (۶) میاں جعفر شاہ صاحب کاکا خیل
(۷) میاں احمد شاہ صاحب — (۸) فیروز الدین صاحب
(۹) مولوی محمد عثمان صاحب۔

جمعیۃ العلماء

(۱) حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی — (۲) حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب
(۳) حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب — (۴) حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب
(۵) حضرت مولانا بشیر احمد صاحب — (۶) حضرت مولانا ابوالکلام آزاد صاحب
(۷) مولانا ظفر علی خاں صاحب — (۸) حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب
(۹) حضرت مولانا عنایت اللہ صاحب — (۱۰) حضرت مولانا محمد میاں صاحب
(۱۱) حضرت مولانا عبداللہ صاحب — (۱۲) حضرت مولانا فخر الدین صاحب
(۱۳) مولانا محمد شفیع صاحب — (۱۴) مولانا انیس احمد صاحب نگرامی
(۱۵) مولانا ریاست علی صاحب۔

نیشنلسٹ پارٹی

(۱) مولانا ابوالکلام آزاد صاحب — (۲) ڈاکٹر سید محمود صاحب
(۳) مسٹر خلیق الزماں — (۴) مسٹر آصف علی
(۵) مسٹر شوکت اللہ جنگ — (۶) قاضی احمد حسین صاحب سابق ایم ایل سی
(۷) سیٹھ یعقوب حسن صاحب — (۸) مسٹر رفیع احمد قدوائی
(۹) مولوی اکرم خاں صاحب۔

شیعہ کانفرنس

(۱) راجہ نواب علی خاں صاحب — (۲) مرزا محمد ظفر حسین صاحب
(۳) مرزا عابد حسین صاحب — (۴) سید حیدر مہدی صاحب
(۵) سید کلب عباس صاحب۔

مسلم لیگ

(۱) عبداللطیف صاحب فاروقی — (۲) ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب
(۳) مولوی اکرم خاں صاحب مسلم لیگ (بنگال)

طریق کار اس مسلم کانفرنس میں یہ ہونا چاہئے کہ ہمارا اپنا طریق اصولی طور پر وہی ہے جو سہارنپور کا فارمولا جمعیۃ علماء کی طرف سے ظاہر کرتا ہے ...

قرارداد

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے تفصیل کے ساتھ موجودہ حالات بیان کئے ...

جمعیۃ پوری طرح اس کا خیر مقدم کرنے کو تیار ہوگی اور اتحاد بین المسلمین کے مقصد اور اتحاد اقوام ہند کے لئے عمداً پوری جدوجہد کرے گی۔

تجاویز سہارنپور جس کا حوالہ دیا گیا ہے حسب ذیل ہے:-

(۱) ہندوستان کی مختلف ملتوں کی کلچر، زبان، رسم الخط، پیشہ، مذہبی تعلیم، مذہبی تبلیغ، مذہبی ادارے، مذہبی عقائد، مذہبی اعمال، عبادتگاہیں، اوقاف آزاد ہوں گے۔ حکومت ان میں مداخلت نہ کرے گی۔

(۲) دستور اساسی میں اسلامی پرسنل لاء کی حفاظت کے لئے خاص دفعہ رکھی جائے گی ...

ہدیہ تہنیت

آج یہ دیکھ کر ہماری مسرت کی کوئی انتہا نہیں رہی کہ لکھنؤ میں جمع ہونے والے علماء و زعمائے مسلمانوں کی لاج رکھ لی اور ایک ایسے نازک وقت میں جب کہ مسلمان تباہی کے کنارے آ لگے تھے انہیں افتراق و انتشار کی ہلاکت سے بچا لیا ہم تمام مسلمانان ہند کی خدمت میں اس شاندار کامیابی پر ہدیہ تہنیت و مبارکباد پیش کرتے ہیں اشاعت ہذا میں لکھنؤ کانفرنس کی خبروں کے باعث مقالہ افتتاحیہ کے لئے گنجائش نہ نکل سکی۔ انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں اس نمایاں کامیابی پر مفصل تبصرہ کیا جائے گا۔ (الجمعیۃ)

(۳) مسلمانوں کے ایسے مقدمات فیصل کرنے کے لئے جن میں مسلمان حاکم کا فیصلہ ضروری ہے مسلم قاضیوں کا تقرر کیا جائے گا اور ان کو اختیارات تفویض کئے جائیں گے۔

(۴) صوبوں اور فیڈرل اسمبلی میں اقلیتوں کی سیاسی اور مذہبی حقوق کی حفاظت کے متعلق شکایات سننے اور فیصلہ کرنے کے لئے سپریم کورٹ قائم کیا جائے گا ...

(۵) صوبہ سرحد اور بلوچستان اور ان صوبوں میں جو نئے قائم کئے جائیں طرز حکومت وہی ہوگا جو دیگر صوبوں میں قرار دیا جائے گا۔

(۶) سندھ کو علیحدہ مستقل صوبہ بنا دیا جائے گا ...

(۷) حق رائے دہی تمام بالغوں کو دیا جائے گا ...

(۸) طریقہ انتخاب مخلوط ہوگا۔

(۹) پنجاب و بنگال میں کسی ملت کے لئے ریزرویشن نہیں کیا جائے گا ...

(۱۰) طرز حکومت وفاقی ہوگا تمام صوبے کامل خود مختار ہوں گے ...

مسلمانوں کے لئے مذہبی تحفظات

کانفرنس نے حسب ذیل تین دفعات کو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۲۰ اگست ۱۹۳۱ء بمقام سہارنپور منظور کی گئی تھیں مسلم مطالبات کی تشریح و توضیح کے طور پر خصوصیت کے ساتھ منظور کیا ہے ...

(۱) ہندوستان کی مختلف ملتوں کی کلچر، زبان، رسم الخط، پیشہ، مذہبی تعلیم، مذہبی تبلیغ، مذہبی ادارے، مذہبی عقائد، مذہبی اعمال، عبادتگاہیں، اوقاف آزاد ہوں گے۔ حکومت ان میں مداخلت نہ کرے گی۔

(۲) دستور اساسی میں اسلامی پرسنل لاء کی حفاظت کے لئے خاص دفعہ رکھی جائے گی ... احکام نکاح، طلاق، رجعت، عدت، خیار بلوغ، تفریق زوجین، خلع، عنین، مفقود، نفقہ زوجیت، حضانت، ولایت، نکاح، وصیت، وقف، وراثت، تکفین و تدفین، قربانی وغیرہ۔

(۳) مسلمانوں کے ایسے مقدمات فیصل کرنے کے لئے جن میں مسلمان حاکم کا فیصلہ ضروری ہے مسلم قاضیوں کا تقرر کیا جائے گا اور ان کو اختیارات تفویض کئے جائیں گے۔

کانفرنس کی کامیابی پر زعماء ملت کے بیانات

کانفرنس کی کامیابی کے متعلق مولانا شوکت علی صاحب کا بیان کسی دوسری جگہ مفصل درج کیا جا رہا ہے مولانا کے علاوہ دیگر زعماء نے جو کچھ فرمایا ہے وہ ہم درج ذیل کرتے ہیں:-

شیخ عبدالمجید صاحب سندھی

مولانا عبدالمجید سندھی صدر آل انڈیا خلافت کانفرنس نے فرمایا کہ کانفرنس نہایت کامیاب رہی ...

نواب اسمٰعیل خاں صاحب

مسلمانوں کے سیاسی تحفظات

مسلمانوں کے جن سیاسی مطالبات پر اتفاق و اتحاد ہوگیا ہے وہ حسب ذیل ہیں:-

(۱) وفاقی طرز حکومت کا قیام اور اختیارات باقی صوبوں کو
(۲) کسی ملت پر اثر انداز ہونے والے مسودات قانون کے لئے اس ملت کی ۳/۴ اکثریت کا لزوم
(۳) نشستوں کی تخصیص
(۴) اقلیت والے صوبوں میں ویٹیج
(۵) پنجاب اور بنگال میں آئینی اکثریت کا قیام
(۶) مرکزی اور صوبجاتی وزارتوں میں جائز حصہ
(۷) ملازمتوں میں مناسب حصہ
(۸) صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان میں مساوی طرز حکومت
(۹) صوبہ سندھ کی علیحدگی
(۱۰) مرکز میں ۱/۳ نمائندگی
(۱۱) تغییر اجزاء وفاق کی رضامندی کے دستور اساسی میں ترمیم نہ ہوگی
(۱۲) مسلمانوں کی تعلیم، زبان، مذہب، اور اخلاقی اداروں کے تحفظ اور ترقی کے لئے سرکاری امداد میں کافی حصہ
(۱۳) مسلمانوں کے پرسنل لاء کا تحفظ (اس تشریح کے مطابق جو جمعیۃ علمائے ہند نے کی ہے)۔

(۱۱) ملازمتوں پر تقرر ایک غیر جانبدار پبلک سروس کمیشن کی طرف سے کیا جائے گا جو لیاقت کا کم از کم معیار مقرر کر کے اس کا لحاظ رکھے گا ...

(۱۲) وفاقی اور صوبجاتی حکومتوں کی وزارتوں میں کسی درجہ کی نمائندگی باہمی تفاہم کے ذریعہ قائم کی جائے گی۔

(۱۳) دستور اساسی کی بنیادی دفعات میں کوئی تغیر ترمیم اضافہ اس وقت تک نہ ہو سکے گا جب تک تمام وفاقی اجزا اسے منظور نہ کریں۔

(۱۴) یہ تمام دفعات ایک دوسرے کے ساتھ مرتبط ہیں ...

سمجھوتہ کی خواہش کی تھی وہ پوری ہوگئی ہے ...

ڈاکٹر سید محمود صاحب

نمائندہ فری پریس سے ملاقات کے دوران میں ڈاکٹر سید محمود صاحب نے فرمایا کہ موجودہ کانفرنس ہر حیثیت سے نمائندہ تھی ...

مولانا عبداللطیف فاروقی

مولانا عبداللطیف فاروقی نے ... فرمایا ...

لندن میں "اتحاد" کا خیر مقدم

برادر شوکت علی زندہ باد کے نعرے

لندن ۱۸ اکتوبر۔ مولانا شوکت علی صاحب نے اپنے بیان میں جو پیشگوئی کی ہے کہ ہندوستان چند روز میں متحد ہو جائے گا اس پر ہندوستانی کانگریسیوں کے ایک جلسہ میں مسرت کا اظہار کیا گیا اور جلسہ کے اختتام پر "برادر شوکت علی زندہ باد" کے نعرے لگائے گئے۔

مسٹر جے۔ ایس حاجی

مسٹر جے ایس حاجی (بمبئی کے تاجر) نے فرمایا کہ یہ کانفرنس تمام پرور مسلمانوں سے تمام مسلمانوں کے مطالبات کو باستثنائے جداگانہ انتخاب تسلیم کرانے میں کامیاب ہوگئی ہے ...

عربی اخبارات کے تبرے

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

امسال حکومت یمن کو کسقدر آمدنی ہوئی؟

تمام ملک میں خوشحالی — مدارس اور شفاخانوں کا قیام

یمن میں اطالوی کارندوں کا اثر و نفوذ

آج کل دنیا کی جو اقتصادی حالت ہے اس نے معاشی اور سیاسی نظامات کو تہ و بالا کر رکھا ہے لیکن خدا کا فضل ہے کہ یمن ہر قسم کی آفت سے محفوظ ہے ... (الصراط المستقیم)

پرتگال کے تین عیسائیوں کا قبول اسلام

مریم پرستی کی دلدل اور تثلیث کے گورکھ دھندے سے نجات

پرتگال کا ایک عیسائی "فرانسس منفل من" مدتوں کی تحقیق کے بعد داخل اسلام ہو گیا ... (جزیرہ العرب)

حجاز اور شرق اردن کا مشروط معاہدہ؟

عراق میں ہر افواہ گرم ہے کہ امیر عبداللہ امیر شرق اردن اور جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے مابین معاہدہ صلح کی نسبت گفتگو شروع ہو رہی ہیں ...

خراسان میں ایک اعلیٰ درسگاہ کا قیام

حکومت ایران نے خراسان میں ایک اعلیٰ درسگاہ کے قیام کا ارادہ کر لیا ہے ...

انڈیا لیگ کا وفد جمعیۃ العلماء کے دفتر میں

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ آج ساڑھے نو بجے سرڈمس آف انڈیا لیگ کی ممبر مس کلس مسز بار ممبر پارلیمنٹ انگلستان اور ان کے پرائیویٹ سکریٹری مسٹر مین جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں پہنچے ...

حکیم محمد میاں صاحب کا عطیہ

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی ...

لکھنؤ کانفرنس کے بعد مولانا شوکت علی صاحب کا بیان

مسلمانوں کے تمام اختلافات دور ہو گئے ہیں

ہندوؤں اور سکھوں سے تبادلۂ خیالات کا ارادہ

لکھنؤ ۱۸ اکتوبر۔ "میں ایک سرگرم اور ہوشیار جنگجو ہوں" ان الفاظ میں مولانا شوکت علی نے ایک اخبار کے نمائندہ کو آل پارٹیز مسلم کانفرنس کے خاتمہ پر انٹرویو دیا۔ دوست اور دشمن جو مجھ سے واقف ہیں، یہ تسلیم کرتے ہیں کہ میں کسی کی چال میں نہیں آیا۔ ایک اچھے سپاہی یا ایک ہوشیار کھلاڑی کی طرح میں ہر ایک موقع سے فائدہ اٹھاتا ہوں۔

کانفرنس کے متعلق تاثرات

کانفرنس کے متعلق اپنے تاثرات کا ذکر کرتے ہوئے مولانا موصوف نے فرمایا کہ مجھے یہ اعلان کرتے میں خوشی ہوتی ہے کہ مسلمانوں کی تمام پارٹیوں کے باہمی اختلافات دور ہو گئے ہیں۔

...

پنڈت مالویہ اور سر سپرو کو مولانا شوکت علی صاحب کا تار

ہندو مسلمانوں کی کانفرنس منعقد کرنے کی تجویز

خواتین لکھنؤ مشترکہ نیابت کی حمایت میں

لکھنؤ ۱۸ اکتوبر۔ مولانا شوکت علی نے کل صبح پنڈت مالویہ کو مندرجہ ذیل تار ارسال کیا ہے۔

...

ایک بے عمل مسلمان میدان "عمل" میں

سر اقبال دہلی میں کانفرنس منعقد کر رہے ہیں

...

قوم پرور مسلمانوں کا کامل اتحاد

شملہ کے اعلان کو زیادہ اہمیت نہیں دی گئی

...

شیعہ کانفرنس کی طرف سے مخلوط انتخاب کی حمایت

...

پنجاب کی مسلم اکثریت اور مخلوط انتخاب

مولانا عبدالمجید عتیقی کا اعلان

...

کراچی کے ممتاز مسلمانوں کا تار

جداگانہ نیابت کی خاطر ملکی مفاد کو قربان نہ کیا جائے

...

گاندھی جی کو رہا نہیں کیا جائے گا

وائسرائے کی طرف سے کورا جواب

...

ڈاک کے تھیلے لیکر فرار ہو گئے

ریوالوروں سے مسلح ڈاکوؤں کا حملہ

...

ہندو اور سکھ لیڈروں سے گفتگوئے مصالحت

پنجاب میں پنڈت مالویہ کی مساعی

...

مسلمان اپنے چودہ نکات سے دستبردار نہیں ہو سکتے

مسٹر جناح کا برقیہ

...

بمبئی میں ایک بیرسٹر کی گرفتاری

...

دارالحکومت

دہلی میں ایک عورت کا بیدردانہ قتل

عورت کا خاوند اور اس کا دوست فرار

...

جامع مسجد دہلی میں مسلمانوں کا عام جلسہ

لکھنؤ کانفرنس کا خیر مقدم اور کامیابی کیلئے دعا

...

نئی دہلی میں اسمبلی کے اجلاس کی تاریخیں

سرکاری اعلان

...

دہلی میں جشن استقلال افغانستان

...

دہلی میں مولانا شوکت علی اور مولانا ابوالکلام آزاد کی آمد

...

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی علالت

ملتان جیل میں اختلاج قلب کے دورے

...

رضاکاران جمعیۃ علمائے ہند کو سزا

...

روئی کے مارکیٹ پر دوبارہ پکٹنگ

...

مولانا برکت علی صاحب کے مقدمہ کا فیصلہ

...

لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی سے پنجاب میں مسرت کی لہر

فرقہ وارانہ سمجھوتہ کے لئے ہندو لیڈروں کی تیاریاں

ہندوؤں اور سکھوں سے پنڈت مالویہ کی گفت و شنید

...

سکھوں نے ۶ بے گناہ مسلمانوں کو قتل کر ڈالا

ایک گائے کے پیچھے مسلمانوں کے خون کی ہولی

بڈھلاڈا کے واقعہ ہائلہ کی تفصیلات

...

سکھوں کا اشتعال انگیز جلسہ

...

ایک عورت کا قتل اور بچہ زخمی

...

تیسری گول میز کانفرنس کے ہندوستانی مندوبین

بمبئی کے سیاسی حلقوں میں قیاس آرائیاں

...

ہندوستان کے متعلق قومی اتحاد نہایت ضروری ہے

مسائل ہند پر لارڈ لوتھین کی تقریر

...

مسٹر چرچل کی تازہ گل افشانی

ہندوستان کو درجہ نو آبادیات نہیں مل سکتا

کانگریس کے بغیر گول میز کانفرنس بیکار رہے گی

...

ضلع الہ آباد کی زرعی حالت کی تحقیقات

کاشتکاروں کی افسوسناک حالت

...

سرحدی "امن عامہ" بل میں ترمیم منظور ہو گئی

حکومت سیاسی قیدیوں کو رہا نہیں کرے گی

سرحدی قصبات سے ۱۹ ہزار روپے جرمانہ کی وصولی

...

اسپین میں مذہبی جلوس پر گولیوں کی بارش

...

تیسری گول میز کانفرنس کی تیاریاں

سپرو اور جیکر کو دعوت نامے موصول ہو گئے

...

کلکتہ میں بموں، ریوالوروں اور مادہ ہائے آتشگیر کی برآمد

ایک بنگالی طالب علم گرفتار کر لیا گیا

...

افغانستان کا طیارہ الٹ گیا

دو ہوا باز ہلاک ہو گئے

...

ایک روسی خاتون کی دلیری

گولیوں کی بارش میں سلامتی کیساتھ نکل گئی

...

کلکتہ میں دس مقامات پر پولیس کا چھاپہ

چھ نوجوانوں کی گرفتاری

...

سونے کی برآمد کب تک جاری رہیگی

۴۸ کروڑ روپے کا سونا ہندوستان سے باہر

...

مظفر نگر میں جمعیۃ علماء ہند کی شاخ قائم کرنیکی تجویز

...

ڈاکٹر عالم کی تشویشناک حالت

...

میونسپلٹی کے ملازموں اور پولیس والوں پر حملہ

سات زخمی۔ آٹھ بھیا گرفتار

...

مسلمانان سرحد کا وفد گورنر کی خدمت میں

...

بنگال کے اضلاع میں فوجیں پہنچ گئیں

...

جمعیۃ علماء سہارنپور کے تیسرے ڈکٹیٹر کا تقرر

...

اتحاد بین المسلمین کے لئے ایک ہفتہ کا روزہ
لکھنؤ کی مصالحتی کانفرنس کی ہمہ گیر تائید

مسلم آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد ۱۵ و ۱۶ تاریخ ماہ حال لکھنؤ میں اس مقصد سے کہ تمام مسلم جماعتیں ایک نقطہ نظر پر آسکیں قابل ستائش ہے اور ملک کا ہر گوشہ اس کو نہایت اہمیت سے دیکھ رہا ہے۔ لیکن افسوس کہ ملک کے چند با وقعت رہنمایان قوم جن کا میں تہ دل سے معتقد ہوں نہ معلوم کس مصلحت سے اس کانفرنس سے اختلاف کر رہے ہیں۔ میں اپنی قوم کا ایک ناچیز فرد ہونے کی حیثیت سے بے چین ہوں کہ اس کانفرنس میں تمام مسلم جماعتوں کا ایک مرکز پر متحد ہونا نہایت اہم ہے۔ میں اس سے اس درجہ متاثر ہوں کہ میں نے ایک ہفتہ تک روزہ رکھ کر درگاہ خداوندی میں دعا کرنے کا تہیہ کر لیا ہے اور اس روزہ کو سولہ تاریخ یوم جمعرات سے شروع کرتا ہوں اور ان ایام میں دعا کروں گا کہ اے اللہ مسلمانوں کے باہمی اختلاف کو مٹا دے تاکہ ان کے درمیان کوئی تصفیہ ایسا ہو سکے اور اس کے ذریعہ سے وہ فائدہ اٹھائیں اور ساتھ ساتھ تمام ملک اس سے مستفید ہو۔

محمد عبد الحفیظ دارثی سکرٹری جمعیۃ العلماء الہ آباد و گارڈ کمیٹی

جمعیۃ اصلاح صوبہ بہار کا فیصلہ

باوجود مسلم کانفرنس و مسلم لیگ کی حامی ہونے کے جمعیۃ اصلاح صوبہ بہار کے بانی اور جنرل سکرٹری حضرت مولانا محمد عباس صاحب مظفر پوری نے مسلمانان صوبہ بہار کو پیغام دیا ہے کہ اب مسلمانوں میں باہم متحد و متفق الخیال ہونے کا وقت آگیا ...

صدر جمعیۃ شبان المسلمین کا برقی پیغام

مظفر نگر قومپرور مسلم پارٹی کا تار

جمعیۃ طلباء بنگال دہلی کا تار

ناظم جمعیۃ طلباء صوبہ دہلی کا برقیہ

جمعیۃ طلباء الہ آباد کا عام جلسہ

مسلمانان سہارنپور کے شاندار جلسے
اہل توحید کو حریت و آزادی کا درس

عظیم الشان جلسہ زیر اہتمام جمعیۃ علمائے سہارنپور بصدارت جناب مولانا ... صاحب منعقد ہوا۔ جناب صدر نے تحریک آزادی پر اسلامی نقطۂ نظر ... تبصرہ کیا اور جناب مولانا لطف الرحمن صاحب صدیقی نے اپنی موثر تقریر میں مسلمانان سہارنپور کے ایثار اور ان کی ان قربانیوں کا شکریہ ادا کیا جو انہوں نے جمعیۃ العلماء کے پروگرام کو کامیاب بنانے میں کی ہیں۔ ایک تجویز جو منظور ہوئی ... میں ڈکٹیٹر دوم جمعیۃ علماء سہارنپور اور رضاکاران کی گرفتاریوں پر ان کی خدمت میں مبارکباد پیش کی گئی۔

سہارنپور ۱۴ اکتوبر۔ کل سرائے نبعن علی میں مسلمانان سہارنپور کا ایک شاندار جلسہ زیر اہتمام جمعیۃ علمائے سہارنپور بصدارت جناب مولانا افضل حسین صاحب منعقد ہوا۔ چند دل آویز نظموں کے بعد جناب صدر اور مولانا لطف الرحمن صاحب نے مسلمانوں کو درس عمل دیا۔ پھر تمام حاضرین جلسہ جو سینکڑوں کی تعداد میں تھے حضرت مولانا حسین احمد صاحب سے ملاقات کرنے کے لئے اسٹیشن چلے آئے۔ حضرت مولانا آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی غرض سے لکھنؤ تشریف لے جارہے تھے۔

حضرت مولانا حسین احمد صاحب سہارنپور میں

سہارنپور ۱۴ اکتوبر۔ کل شب کے ۱۰ بجے امیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب تشریف فرمائے سہارنپور ہوئے۔ پیر کے زخم کی شدید تکلیف کے باعث آپ کا قیام اسٹیشن ہی پر رہا۔ اسٹیشن پر ملاقات کرنے والوں کا بہت بڑا ہجوم تھا حضرت مولانا کئی گھنٹہ تک اپنے ارشادات عالیہ سے لوگوں کو سرفراز فرماتے رہے۔ اور ۲ بجے شب کی ٹرین سے آل پارٹیز کانفرنس کی شرکت کی غرض سے آپ لکھنؤ روانہ ہو گئے۔

سہارنپور میں شراب کی دوکان پر پکٹنگ
جمعیۃ علماء سہارنپور کے دو رضاکاروں کی گرفتاری

سہارنپور ۱۵ اکتوبر۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان سہارنپور کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر سرکردگی جمعیۃ علمائے سہارنپور بصدارت حضرت مولانا ...

دار العلوم دیوبند میں جلسہ

موٹر لاری کے ذریعہ حج بیت اللہ کا عزم

جلسہ دستار فضیلت کی شاندار تقریب

تلاش گمشدہ

یوپی گورنمنٹ کی اردو زبان سے دشمنی
اردو مدارس کو ہندی مدارس میں ضم کرنے کا ارادہ

یو پی گورنمنٹ کی تجویز ہے کہ اردو مدارس کو توڑ کر ہندی مدارس میں ضم کر دیا جائے۔

بتاریخ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء بروز جمعہ بوقت نو بجے شب متصل ... مسلمانان آدلہ کا عام جلسہ منعقد ہوا اور مندرجہ ذیل تجویز حاضرین کے روبرو پیش کی گئی۔

مسلمانان آگرہ کا یہ عام جلسہ گورنمنٹ کی اس تجویز کے خلاف جو براہ راست یو۔ پی کے اردو مدارس کو توڑ کر ہندی مدارس میں ضم کرنے کے متعلق زیر غور ہے صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور گورنمنٹ کو یقین دلاتا ہے کہ اگر اس انقلاب انگیز تجویز کو مسلمانوں کی مخالفت کے باوجود عملی جامہ پہنایا گیا تو صوبہ کے تمام مسلمانوں میں اس قدر ہیجان پیدا ہوگا جس کی مثال اس صوبہ کی تاریخ میں مشکل سے ملے گی۔

یہ عام جلسہ گورنمنٹ کو جتلا دینا چاہتا ہے کہ اردو ان کی مادری و قومی زبان ہے اور اسی زبان سے ان کی تمام مذہبی تاریخی اور تمدنی روایات وابستہ ہیں۔ یہ مسلمانوں کی خوش قسمتی تھی کہ گذشتہ سالوں میں صوبہ کی گورنمنٹ نے اردو کو ذریعہ تعلیم تسلیم کر کے مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کی بنیاد ڈالی ...

ایک ہندو خاتون کا قبول اسلام

مدرسہ اسلامیہ عربیہ گلاوٹھی کی امداد

مسلمانوں کا سب سے سستا رسالہ

مقویات سراج عالم

اپنی زندگی برباد نہ کرو

محبوب عاشق کے قدموں پر

مدرسہ اسلامیہ عربیہ ... کتب خانہ کا معائنہ فرمایا ... صاحب نے اپنی فیاضی اور دریا دلی کی روایات کے ثبوت میں مدرسہ کی اعانت ... فرمایا۔ صاحب ممدوح نے ... وعدہ فرمایا ہے کہ ... دوسرے اہل خیر سوداگران دہلی کو اس کی اعانت مالی پر توجہ دلائیں گے۔ اہل قصبہ و مدرسہ، صاحب موصوف کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے دعا کرتے ہیں۔

(شمس الحسن واسطی۔ گلاوٹھی)

مسلمانان مراد آباد کا عظیم الشان جلسہ

۱۴ اکتوبر ۱۹۳۲ء یوم جمعہ جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ مسلمانان مراد آباد کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جناب آغا محمد یعقوب صاحب ناظم مجلس تحفظ ناموس شریعت کی تحریک اور جناب مولانا سید قاسم علی صاحب امام شہر اور جناب مولانا خلیل الرحمن صاحب کی تائید سے جناب مولانا الحاج عمر دراز بیگ صاحب صدر جلسہ منتخب ہوئے۔ مولانا موصوف نے اپنی صدارتی تقریر میں جناب مولانا الحاج مولوی محمد اسمٰعیل صاحب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ و پروفیسر جامعہ قاسمیہ مراد آباد اور ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ العلماء ہند کی قومی و مذہبی خدمات جلیلہ پر مفصل طریقہ پر روشنی ڈالی اور ذیل کے ریزولیوشن پیش کرتے ہوئے جناب مولانا کو مع ان کے رفقاء کے گرفتاری و سزا یابی ...

ادارتی کالم

(اڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

بہار کے مسلم محبوسین پر پادریوں کے ڈورے
کونسل و اسمبلی کے مسلم ارکان سے اپیل

آپ حضرات کی توجہ ذیل کے مضمون پر منعطف کرانا چاہتا ہوں۔

آپ حضرات کو معلوم ہے کہ جو تیرہ اشلمنٹ کے مسلم محبوسین کے اسلامی تعلیم اور ان کے بچوں کے ختنہ اور نکاح و طلاق و جنازہ وغیرہ کے طریقہ سکھانے کے لئے جناب مولوی عبد الغنی صاحب ایم۔ ایل۔ سی و جناب قاضی احمد حسین صاحب کے سالہا سال کی کوشش اور احتجاج پر گورنمنٹ بہار نے ایک مستند مسلم مقرر کیا۔ مولوی صاحب موصوف اپنے فرائض منصبی کو نہایت خوبی کے ساتھ انجام دیتے رہے۔ اور مسلمانان محبوسین میں ان کو ہر دل عزیزی حاصل تھی ...

صوابی اور پشاوری پٹھانوں میں مصالحت
ایک دیرینہ قضیہ کا خاتمہ بالخیر

ایک عرصہ سے طلبائے صوبہ سرحد کی دو جماعتوں صوابیان اور پشاوریان میں ایک افسوسناک چپقلش چلی جارہی تھی جس کی بنا پر دونوں جماعتیں متعدد بار باہم متصادم ہوئیں۔ لیکن ہر مرتبہ اساتذہ کرام نے عاصلحا بین فرقین کے ماتحت ہر دو فریق میں مصالحت کرا دی۔ یہ مصالحت وقتی ہوتی تھی کیونکہ فوری طور پر اساتذہ نے سطحی صفائی کرا دی لیکن اس کی انسدادی تدابیر پر غور نہیں فرمایا چنانچہ وہ مصالحت چند ہی دنوں کے بعد شکست ہو جاتی تھی اور پھر وہی فساد شروع ہو جاتا تھا۔ آزاد قبائل کے لوگ اپنے بھائیوں کی اس حالت کو دیکھ رہے تھے اور کف افسوس ملتے تھے اب تقریباً ایک ماہ کے عرصہ سے اس معمولی فساد نے پھر سر اٹھایا اور ایک سخت تشویشناک صورت اختیار کر لی اس مرتبہ بھی اساتذہ اور بعض حضرات نے ان متخاصم جماعتوں میں مصالحت کرانی چاہی لیکن بے سود۔ نوبت باینجا رسید کہ باقاعدہ صف بندی کے ساتھ جنگ تک کی نوبت آئی جس میں فریقین کے افراد زخمی ہوئے آخر میں جمعیۃ علماء طلباء یونیہ خادم الشرع نے اس مرتبہ اپنی مداخلت کو ضروری سمجھا ...

انجمن قریشیان ہند کا نقصان عظیم

ضرورت ہے

ہر غریب کے حکم کی تعمیل ہوگی

فرزانہ کا عجیب نمبر
مشتہرین کیلئے نادر موقع

بہار کے ایک بزرگ کا افسوسناک انتقال

انبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

منیجر دواخانہ مجربات سبزی پل نخاس لکھنؤ

دواخانہ رشیدیہ دیوبند
خصوصی مجربات

اکسیر قلب — معجون عنبری

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

کروڑوں روپے

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص ابیض — اکسیر نسواں — ملین — جوہری

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۳ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

روزنہ
یداللہ علی الجماعۃ

الجمعیۃ
دہلی

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ۔۔۔ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔ ۔۔۔
سہ ماہی ۔۔۔ ۔۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ۔۔۔ ۔۔۔
ششماہی ۔۔۔ ۔۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۔ ۵ ۔ ۹ ۔ ۱۳
۱۷ ۔ ۲۱ ۔ ۲۵ ۔ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول
مدیر
ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۶ | دہلی ۔ یوم دوشنبہ ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۲۹

معاصرین کے افکار و آراء

مصارف حج میں تخفیف (مدینہ)

جلالۃ الملک الحجاز و النجد کے نائب حج ہیں ایک تازہ مکتوب میں مطلع فرماتے ہیں کہ حکومت حجاز و نجد نے امسال زائرین بیت اللہ کے لئے مصارف حج میں گرانقدر تخفیف روا فرمائی ہے اور اس کو سرکاری فرمان کے ذریعہ شائع کیا ہے ۔ سرکاری فرمان کا بیان ہے کہ :-

اونٹ کی سواری سے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے سفر آمد و رفت میں کل ۲۲۶ روپے خرچ آئیں گے اس رقم میں جہاز کا ٹکٹ ۱۹۰ روپے کا شامل کر لیجئے ۔ اور ریلوے کے اخراجات بمبئی سے وطن تک ۳۰ روپے جمع کر لیجئے تو کل مصارف ۴۴۶ روپے ہونگے لیکن جو لوگ موٹر کے ذریعہ مکہ اور مدینہ کا سفر اختیار کریں گے ان کو ۸۵ روپے زیادہ دینے ہونگے اور کل اخراجات پانچ سو ایک روپے ہوں گے ۔ مذکورہ بالا اخراجات حکومت حجاز کی طرف سے مقرر کئے گئے ہیں اور ان میں کسی قسم کی زیادتی اور اضافہ کی گنجائش نہیں اور پورے سال بھر تک ان کا نفاذ رہیگا ۔ جلال پاشا صاحب کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی حاجی دیکھے کہ اس سے زائد رقم کا مطالبہ کیا جا رہا ہے تو اسے حجاز کی حکومت کو فرمان مذکورہ کے حوالے سے اطلاع دینی چاہئے ۔

سال گزشتہ حج سے پیشتر حکومت ہند کے بعض اعلانات اور بعض غیر سرکاری حاجیوں کے بیانات سے اخراجات حج کے متعلق شبہ پیدا ہو گیا تھا اور حکومت حجاز کے دشمن یہ دیکھ کر بہت مسرور ہوتے تھے کہ اس اضطراب کے باعث ہزاروں حاجی شرف حج سے محروم رہ گئے اور حکومت حجاز کو شدید مالی مشکلات میں مبتلا کرنے کا مقصد حاصل ہو گیا ۔

پچھلے سال حکومت ہند اور بعض سرکاری حاجیوں کا دعویٰ تھا کہ پونڈ کی قیمت کے تغیر کے باعث کوئی شخص جس کے پاس ۔۔۔ سو روپیہ سے کم ہو حج کو نہ جائے ۔ اس کے برعکس حکومت حجاز کے نائبوں کا بیان تھا کہ صرف ۔۔۔ سو روپیہ کافی ہے ۔ حج سے واپس آنے والے حاجیوں کے بیانات سے معلوم ہوا کہ ۔۔۔ سو روپیہ کافی ثابت ہوا ۔ لیکن جو لوگ چھ سو روپے سے زائد نہ رکھنے کے باعث ان متضاد بیانات سے متردد ہو کر فریضہ حج ادا نہ کر سکے ان کو سخت افسوس اور ملال ہوا اور بہت ممکن ہے کہ ان میں سے بعض پیام اجل آ جانے کے باعث اس سعادت سے محروم ہی چلے گئے ہوں ۔ امسال حکومت حجاز نے صاف اور غیر مشتبہ اعلان کر دیا ہے کہ اونٹ کی سواری سے کل مصارف حج چار سو سوا چھیالیس روپے ہیں اور موٹر سے پانچ سو ایک ۔ جو حضرات ارادہ حج رکھتے ہیں اور ان کے پاس مصارف سفر بھی موجود ہیں وہ اس اعلان پر قطعی فیصلہ کر لیں اور ۔۔۔

غلط خود داری

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے
(از معاون)

تن آسانیوں کی بدولت مسلمانوں کا حشر
محنت اور جفاکشی سے قوم کی ترقی کا سنگ بنیاد ہے

اسلام کے ابرکت کا ایک جھٹکا

اقبال ایسی ۔ دولت بغیر بے نقاب گئے

جمعیۃ العلماء اور حق کی راہ

نرخ فی سیر چینیکہ ۔۔۔ للعہ ۔ صہر ۔ ۔۔۔ ہر قلم ۔ بیوپاری بھی خط و کتابت کریں

چائے سبز چائے ۔ نئے سیزن کا عمدہ مال آ گیا ہے طلب فرماویں ۔ حاجی غلام محبوب جنرل ٹی مرچنٹ ۔ قصہ خوانی پشاور شہر

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین (جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں عرق کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں شہر ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں ۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں ۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

CASTOPHEN MAFG Co., (INDIA) P. BOX 88 BUNDE ROAD. KARACHI

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے!

ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر ہے قبض بالکل نہیں کرتی

فرد حاصل کے ہمراہ ایک حلفیہ تحریر بھیجئے کہ فائدہ ہونے کی صورت میں اس دوائی پوری قیمت بلغ دو روپیہ ضرور ارسال کریں گے محصول ڈاک پیکنگ اور اشتہار کے خرچ کے لئے فی الحال ۔۔۔ کے ٹکٹ بھیج دیں ۔

اگر آپ بھی اس دوا سے کوئی فائدہ نہ اٹھائیں تو یہ اس کی قسمت

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

تلاش گمشدہ

مسمی افتخار احمد ولد حافظ امین الدین ساکن بجنور جو میرٹھ میں تعلیم پاتا تھا عرصہ ایک ماہ سے کہیں چلا گیا ہے جس کی عمر تقریباً ۱۹ سال ہے قد ۵ فٹ رنگ گورا آنکھیں بڑی بڑی ہنستے میں رخساروں میں گڑھے پڑ جاتے ہیں سر کے درمیانی حصہ میں پھوڑے کا نشان ہے بائیں جانب رخسار پر زرد سا داغ ہے جو صاحب اس کا ٹھیک پتہ ذیل کے پتہ پر دیں گے ان کی خدمت میں معقول انعام پیش کیا جائیگا ۔

پتہ
فرید الدین بجنوری کلرک دفتر کمشنری میرٹھ

دنیا میں ایک عجیب تیل
سفید بال تک ہفتہ میں جڑ سے کالا

ہزاروں کا بال کالا ہو گیا جوان بوڑھا سبوں کا سفید بال اس خوشبودار تیل سے جڑ سے کالا نکلے تو قیمت واپس جو چاہیں شرط لکھا لیں جواب کے واسطے کارڈ یا ٹکٹ روانہ کریں قیمت صرف للعہ

پتہ
منیجر شنکر کار جالہ ۹، دربھنگہ (بہار)

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کر دیا

سکول مذکور میں بجلی کا کام نہایت عمدہ طریقہ سے سکھایا جاتا ہے ۔ انسپکٹر آف انڈسٹریز سے کر ڈائریکٹر تعلیم تک نے سرکاری طور پر معائنہ کر کے اس کی تعلیم سٹاف اور ضبط و انتظام پر مطمئن ہو کر اس کی ملکی خدمات کا اعتراف کیا ہے ۔ سکول کا اپنا پاور ہاؤس ہے جس میں اے ۔ سی اور ڈی سی ۔ ہر دو قسم کا بجلی کا سامان موجود ہے اب گورنمنٹ نے جولائی ۳۲ء سے اسے ریکگنائز بھی کر دیا ہے ہر قابلیت کے طلباء کے لئے جداگانہ کلاسز ہیں ۔ کورس ہر کلاس کا صرف ایک سال ہے ۔ پراسپیکٹس مفت بھیجے جاتے ہیں ۔
منیجر

صرف ایک رات میں اثر دکھانے والا طاقت مردمی کا شہنشاہ
حیرت انگیز ایجاد (یعنی)
طلسماتی طلاء (یا) طلاء بے نظیر!!

اگر آپ نے اپنے ہاتھوں اپنی جوانی ملیا میٹ کر ڈالی ہو یا بڑھاپے نے کمزور کر دیا ہو تو یہ عجیب و غریب تیز لگائے ۔ اس کے استعمال سے کوئی آبلہ وغیرہ نہیں پڑتا ۔ ایک ہفتہ میں برسوں کی نامردی دور کر کے ناقابل برداشت طاقت دیتا ہے قیمت فی شیشی معہ محصول ۔۔۔ ایک مرتبہ ضرور آزمائیں ۔ پتہ

وید بھوشن ڈاکٹر منارام گپتا طبیب حاذق (رمیڈیٹ)
محلہ سنگیان بازار میرا گنج سہارنپور

صدہا مرضوں کی ایک دوا

نام اطباء کا بالاتفاق ہے کہ صحت کا دارومدار معدہ پر موقوف ہے اور "تنک جالینوس" جو دواخانہ ہذا کی خاص چیز ہے تمام امراض معدہ کا واحد علاج ہے جو معمولی دو روز کے استعمال سے کر دیتی ہے ۔ ایک شیشی مہینوں کو کافی ہوتی ہے قیمت فی شیشی صرف آٹھ آنہ محصول ڈاک بذمہ خریدار مجرب ادویات کی فہرست مجانی مفت منگوائیے ۔

المشتہر
منیجر ہمدرد دواخانہ بازار لال چاہ دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج ۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کیلئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں "الجمعیۃ" کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے ۔ "الجمعیۃ" کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہو گی ۔ ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں ۔

منیجر اخبار "الجمعیۃ" بلیماران دہلی

الجامعہ

ایک علمی ادبی اور مذہبی رسالہ ہے قیمت بھی محض معمولی یعنی سالانہ (سے)

منیجر رسالہ الجامعہ خانقاہ رحمانیہ مونگیر

گرم سوٹنگ کا تحفہ

خالص اون ۔۔۔ ہر قسم کے سوٹ ۔۔۔
محصول ڈاک بذمہ خریدار ۔ قیمت آرڈر کے ہمراہ آنی ضروری ہے ۔

منیجر ۔۔۔ فٹ کوٹ کمپنی رنچھوڑ لائین کراچی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے ، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ ؍ علاوہ محصول ڈاک ۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں ۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ ۔	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر
ا؍	ا؍	۲؍	۳؍

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵؍ علاوہ محصول ڈاک ۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶؍

ابدی نجات ۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲؍

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب ؒ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب ؒ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب ؒ حضرت شیخ سعدی ؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے ۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عـ۱۰ علاوہ محصول ڈاک وغیرہ جلد چرمی عـ۱۲ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں ۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک نسخہ بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم تقرہ دو روپیہ علاوہ محصول ڈاک ۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور با محاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے غرض ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے معہ تقسیم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ۔۔۔ قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۶؍ علاوہ محصول ڈاک کپڑے کی جلد کا ۸؍ اور چمڑے کی جلد کا عہ ہدیہ کے علاوہ ۔

ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

تمام ہندوستان میں اتحاد و اتفاق کی خوشگوار فضاء

لکھنؤ کانفرنس کے بعد زعماء ہند کے امید افزا بیانات

ہندو مسلم اخبارات کے مصالحانہ تبصرے

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ہائے ممالک اسلامیہ بیدار ہو رہے ہیں!

کیا مسلمان مغرب سے پھر نبرد آزما ہوں گے؟

عالم اسلام کی بیداری سے مسٹر کبن وردی کا اضطراب

رہنمایان ملک کے خیالات

مولانا ابو الکلام آزاد کا بیان

مسلم اخبارات کی آواز

باہمی اختلافات ختم ہو گئے

ہندو پریس کا مصالحانہ رویہ

ہندو مسلم تاریخ میں نئے باب کا آغاز

ایک حجازی ہوا باز کی ہلاکت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۳ر جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ

لکھنؤ کانفرنس کا متفقہ فیصلہ

ہندو مسلم مصالحت کے قومی امکانات

ہم نے لکھنؤ کانفرنس کے انعقاد سے قبل ان ہی کالموں میں عرض کیا تھا کہ ہم "نہایت ادب کے ساتھ اور نہایت اخلاص کے ساتھ لکھنؤ میں جمع ہونے والے زعماء و علماء تک، اپنی یہ کمزور آواز پہنچانا چاہتے ہیں کہ خدا کے واسطے آج مسلمانوں کی لاج رکھ لیجئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسری اقوام کو یہ کہنے کا موقع مل جائے کہ انتہائی نازک ...

اب تک جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں کا رویہ بھی نہایت اچھا ہے۔ اگرچہ ان کی دروغ بافیاں غلط فہمی پیدا کرنے کا موجب ہو رہی ہیں۔ مگر ہمیں یقین ہے کہ ان کا کوئی دیرپا اثر نہیں ہو سکتا۔ الہ آباد میں جو ہندو مسلم اتحاد کانفرنس ہونے والی ہے اور جس کی تاریخ پہلے ۲۰ر اکتوبر مقرر ...

... شکل ہے اور یہ امر موجب مسرت ہے کہ سوائے چند افراد کے مسلمانوں کی زبردست اکثریت نے اس فیصلہ کا پرجوش خیر مقدم کیا ہے اور سینکڑوں ہزاروں تار اس فیصلہ کی تائید میں موصول ہو چکے ہیں۔ اور تمام اسلامی پریس باستثنائے انقلاب و الامان اس کانفرنس کی حمایت کر رہا ہے۔ یہ آثار نہایت امید افزا ہیں۔

مذہب کا تحفظ

گاندھی جی اور مفتی صاحب کی رہائی

فرقہ وارانہ مسئلہ کو حل کرنے کے لئے جو جد و جہد کی جا رہی ہے اس کے سلسلہ میں مولانا شوکت علی کا گاندھی جی کی رہائی پر اصرار کرنا بالکل صحیح ہے اور ہر اعتبار سے مناسب اور ضروری ہے۔ گاندھی جی کی شخصیت اس گئے گذرے زمانہ میں بھی تمام قوموں اور فرقوں پر ایک خاص اثر رکھتی ہے اور اتحاد کانفرنس میں ان کی موجودگی یقیناً بہت ...

... کہ وقت کی نزاکت اور موقع کی اہمیت کے پیش نظر حکومت اس پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرے گی۔ جہاں تک گاندھی جی ... کی مصالحت کا تعلق ہے ہمیں یقین ہے کہ ہندو مسلم مصالحت کے بعد یہ کام بھی بہت آسان ہو جائے اور راستہ کی تمام دشواریاں ایک لمحہ کے اندر دور ہو جائیں۔

احمقانہ منصوبے

دہلی کے اینگلو انڈین اخبار "اسٹیٹسمین" میں پنجاب کے ایک گمنام مسلم "لیڈر" کا جس میں اتنی بھی اخلاقی جرأت نہیں ہے کہ وہ اپنا نام ظاہر کرے ایک گشتی مراسلہ شائع ہوا ہے جو اپنی رجعت پسندی اور "ٹوڈیت" کے اعتبار سے اپنی آپ ہی نظیر ہے۔ اس مراسلہ میں حکومت برطانیہ کے فرقہ وارانہ فیصلہ کو خوب سراہا گیا ہے اور مسلمانوں کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ہمیشہ حکومت کی خوشامد کرتے رہیں اور ...

تشویشناک خبر

گول تپائی کانفرنس

"سفید جھوٹ"

ہم ان کالموں میں متعدد بار مسلمانان ہند اور معاصرین کرام کو اس حد تک تحریر سے واقف کر چکے ہیں جو مظہر الدین کے اخبار الامان نے اختیار کر رکھا ہے۔ الامان کا ہر پرچہ شروع سے آخر تک سینکڑوں دروغ بافیوں اور افترا پردازیوں سے بھرا ہوا ہوتا ہے اور اس میں دہلی کی جس قدر خبریں درج کی جاتی ہیں وہ بالکل جھوٹ اور تلبیس الحق بالباطل پر مبنی ہوتی ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے دیگر معاصرین کو بھی اس حقیقت کا رفتہ رفتہ احساس ہوتا جا رہا ہے اور لکھنؤ کانفرنس کی ان خبروں کو الامان میں بڑھ چڑھ کر جو دہلی کی خبروں کی طرح قطعاً جھوٹ ہیں معزز معاصر مدینہ نے اپنی ...

دار الحکومت

جامع مسجد دہلی میں مسلمانوں کا عظیم الشان جلسہ

لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی اور مسلمانوں کیلئے لائحہ عمل

مولانا شوکت علی، شیخ عبد المجید اور مولانا عبد الحنان صاحب کی تقریریں

دہلی ۲۰ اکتوبر۔ کل شب کو بعد نماز عشاء مسلمانان دہلی کا ایک جلسہ بصدارت جناب حاجی شیخ عبد المجید صاحب سندھی صدر خلافت کانفرنس منعقد ہوا جس میں جناب صدر کے علاوہ مولانا شوکت علی صاحب اور جناب مولانا عبد الحنان صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ پنجاب نے لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی، ہندو مسلم سمجھوتہ کی ضرورت اور مسلمانوں کے باہمی اتحاد پر تقریریں فرمائیں۔ حاضرین کی تعداد ڈھائی تین ہزار سے کم نہ ہوگی سب سے پہلے جناب صدر نے ایک بسیط اور ہمہ گیر تقریر کی اور فرمایا کہ مسلمانوں میں ایک مدت سے باہمی انتشار کم ہونے کے بجائے برابر ترقی کر رہا ہے لیکن اس کے روکنے کی زیادہ فراخ دلی سے سعی نہیں کی گئی۔ اس انتشار و اختلال کی حالت میں مسلمانوں کی کوئی جماعت بھی تعمیری اور ٹھوس کام نہیں کر سکتی۔ خدا کا شکر ہے کہ چند مخلص رہنماؤں کی کوشش سے لکھنؤ کانفرنس میں باہمی اتحاد و اتفاق کا راستہ نکل آیا ہے اور مسلمان اس بات کو سمجھ گئے ہیں کہ جب تک خود مسلمانوں کی متفرق جماعتوں میں تعاون نہ ہو…

مولانا شوکت علی صاحب کی تقریر

صدر کی تقریر کے بعد جناب مولانا شوکت علی صاحب نے ایک مختصر تقریر فرمائی جس میں لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی پر مسرت کا اظہار کیا اور ہندو مسلم سمجھوتہ کی اہمیت پر مسلمانوں کو توجہ دلائی…

ناظم جمعیۃ علماء پنجاب کی تقریر

مولانا شوکت علی صاحب کے بعد مولانا عبد الحنان صاحب نے ایک مختصر تقریر کی اور لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی پر مسرت کا اظہار کیا۔ آپ کے بعد مولانا عبد الحنان صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ پنجاب کی ایک ولولہ انگیز پر جوش اور حقائق سے لبریز تقریر ہوئی۔ آپ نے جمعیۃ علماء ہند کی بے نظیر قربانیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ آج حضرت مرحوم مولانا محمد علی صاحب مرحوم مسیح الملک حکیم اجمل خان صاحب کی عدم موجودگی سے ہمارے دل غمگین ہیں…

مولانا کی تقریر میں اس قدر سوز و گداز تھا کہ حاضرین کی زبانوں سے بلا اختیار اللہ اکبر کے فلک رس نعرے بلند ہو رہے تھے اور تمام لوگ جمعیۃ علماء ہند کے سرپرستوں کی اسیری سے بے حد متاثر تھے۔ اس کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

مولانا شوکت علی اور دیگر مندوبین لکھنؤ کانفرنس کو مبارکباد

دفتر جمعیۃ میں شاندار اجتماع

دہلی ۲۰ اکتوبر۔ آج شام کے چار بجے مولانا عبد الماجد صاحب بدایونی و مولانا ابو المحاسن صاحب بہاری (ارکان جمعیۃ مرکزیہ علمائے ہند) نے جناب مولانا شوکت علی صاحب و شیخ عبد المجید صاحب سندھی و نمایندگان صوبہ سرحد و دیگر حضرات کو جو لکھنؤ کانفرنس سے واپسی میں دہلی تشریف لائے تھے جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں چائے کی پرتکلف دعوت دی۔ اس دعوت میں شہر کے عمائدین و اہل الرائے حضرات کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ اگرچہ قلت وقت کے باعث بعض معززین کو اطلاع نہ ہو سکی جن کے شریک نہ ہو سکنے کا افسوس ہوا تاہم اجتماع کافی تھا۔ حضرات ذیل خاص طور پر قابل ذکر ہیں:-

جناب مولانا شوکت علی صاحب، شیخ عبد المجید صاحب سندھی صدر خلافت۔ مسٹر زاہد علی صاحب، مسٹر اللہ بخش صاحب یوسفی، غازی محی الدین صاحب، مسٹر احمد شاہ صاحب بیرسٹر ایٹ لا پشاور، سید جعفر شاہ صاحب کاکاخیل، مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر ایٹ لا، مولانا عبد الحنان صاحب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ پنجاب، مولانا سید حمید الدین صاحب اختر رکن جمعیۃ مرکزیہ علمائے ہند، مولانا عبد السمیع صاحب، سید محمد جعفری صاحب مدیر ملت، خان بہادر عزیز الدین صاحب پراچہ، حافظ رحمت الٰہی صاحب سوداگر، قاری عباس حسین صاحب مدیر تمدن، مسٹر ضیاء الدین سکریٹری میونسپل بورڈ دہلی، مولانا محمد رفیع صاحب مدرس مدرسہ عبد الرب، حاجی محمد صالح صاحب سوداگر، خواجہ غلام صمدانی صاحب سوداگر پارچہ، حاجی عبد الحق صاحب سوداگر، حاجی انوار الحق صاحب، مسٹر بلال احمد صاحب زبیری بی۔ اے مدیر الجمعیۃ، مولانا عبد المجید صاحب… مولانا حفیظ الرحمن صاحب، آصف، حافظ جمیل الدین صاحب سوداگر، لبیب حاجی محمد ایوب صاحب سوداگر، مسٹر حسین الدین صاحب حارث مدیر اہلحدیث، قاری سید محمد ادریس صاحب، مولانا محمد عارف حسین صاحب وغیرہ۔

دعوت کا وقت ساڑھے چار بجے کا تھا لیکن مولانا شوکت علی صاحب اپنی مصروفیت کے باعث ساڑھے پانچ بجے پہنچے…

جامع مسجد میں لکھنؤ کانفرنس کی تائید

دہلی ۲۲ اکتوبر۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان اجتماع زیر صدارت جناب مولانا سید حمید الدین صاحب اختر منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد حضرت مولانا سید مہدی حسن صاحب کی ایک قومی نظم پڑھی گئی بعدہ جناب صدر نے تقریر شروع فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ لکھنؤ مسلم کانفرنس کے حالات آپ گذشتہ جلسہ میں جناب مولانا شوکت علی صاحب و جناب مولانا عبد الحنان صاحب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ پنجاب کی زبانی سن چکے ہیں…

ٹیلیگراف تار کاٹنے والوں کا اقبالی بیان

مسٹر اے ایس سٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں نوجوان بنگالی نوجوان ٹیلیگراف کے تار کاٹنے کے الزام میں سہ شنبہ ۱۸ اکتوبر کو پیش کئے گئے۔ ملزموں نے اقبال جرم کر لیا اور کہا کہ انہوں نے خیبر پاس روڈ پر تار کاٹ دئے تھے۔ ان کی طرف سے کوئی وکیل نہ تھا۔ فیصلہ کے لئے مقدمہ ۲۰ اکتوبر تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔

صف شکن پریس اور مظہر الدین

آج کل دہلی میں جو ناپاک پوسٹر "صف شکن پریس" کے نام سے شائع ہو رہے ہیں وہ مظہر الدین کے لکھے ہوئے ہوتے ہیں اور یہی ذات شریف ان پوسٹروں کو الامان پریس میں چھپوا کر اس پر صف شکن پریس کا نام ڈلوا دیتے ہیں۔ اور یہ ظاہر کرتے ہیں کہ گویا وہ خبر جانبدار لوگوں نے شائع کئے ہیں۔ چنانچہ لکھنؤ کی مصالحتی کانفرنس کی مخالفت کے سلسلہ میں دو تین فرضی ناموں سے جو پوسٹر ایڈیٹر الجمعیۃ کے متعلق شائع کیا گیا ہے وہ مظہر الدین ہی نے الامان پریس میں چھپوایا ہے۔ اس میں گاندھی جی کو "دہاتما گاندھی" لکھ کر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ پوسٹر کانگریس کے ہم خیال مسلمانوں کی طرف سے ہے۔ حالانکہ یہ صریح دھوکا ہے۔ ہمیں ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ سے معلوم ہوا کہ انہیں دہلی کی روانگی کے وقت اس نام کا کوئی شخص نہیں ملا اور نہ اس سے اس قسم کی کوئی گفتگو نہیں ہوئی جو اس پوسٹر میں جھوٹ لکھدی گئی ہے لکھنؤ کی کانفرنس چونکہ اتحاد بین المسلمین کے لئے منعقد کی گئی تھی اس لئے کسی سرگرم درد مسلم صحیفہ نگار کا شرکت پر حکومت کو اصولاً اعتراض نہیں ہو سکتا تھا۔ مدیر الجمعیۃ اپنی ادارتی ذمہ داریوں کے ماتحت لکھنؤ کانفرنس میں مفاد قوم کی خاطر شریک ہوئے۔ اور حکومت نے اس شرکت پر پابندیاں عائد نہ کرکے اپنی مآل اندیشی کا ثبوت دیا ورنہ اصلی میں اسے اس کے لئے جوابدہ ہونا پڑتا۔ مظہر الدین کی مخالفت محض ذاتی اسباب پر ہے اور چونکہ وہ اتحاد بین المسلمین کے دشمن ہیں اور لکھنؤ کانفرنس کے خلاف زہر اگل رہے ہیں اس لئے انہوں نے یہ پوسٹر شائع کرایا ہے۔ (نامہ نگار)

سفید جھوٹ

جس طرح لکھنؤ کانفرنس کے دوران میں الامان نے جھوٹی خبریں دل سے گھڑ کر شائع کی تھیں اسی طرح مولانا شوکت علی کے قیام دہلی کے متعلق جس قدر خبریں الامان میں شائع ہوئی ہیں سب جھوٹی ہیں…

زنان بازاری کے اخراج کے لئے کوشش

۵۰ طوائفوں نے مکانات چھوڑ دئے

ڈاکٹر مہری رام اور مسٹر فاضل مقبل آنریری مجسٹریٹ کی عدالت میں دہلی میونسپلٹی کی طرف سے چاوڑی بازار کی زنان بازاری کے خلاف جو مقدمہ چلایا گیا تھا اس کا نتیجہ ہوا ہے کہ چاوڑی بازار اور جہری دریبہ میں رہنے والی تقریباً ۵۰ رنڈیوں نے اپنے مکانات چھوڑ دئے ہیں…

سہ شنبہ ۱۸ اکتوبر کو ان کے خلاف زیر دفعہ ۵۳ پنجاب میونسپل ایکٹ تین مقدموں کی سماعت ہوئی۔ ایک طوائف نواب جان پر اس لئے ۵ روپیہ جرمانہ کیا گیا کہ اس نے عدالت کے حکم کے خلاف اب تک اپنا کوٹھا نہیں چھوڑا تھا اور اسے حکم دیا گیا کہ اگر وہ دس روز کے اندر اندر اپنا کوٹھا نہیں چھوڑے گی تو اس پر روزانہ … روپیہ جرمانہ ہوگا کہ دوسری طوائف… اور راجو پر بھی مقدمہ چلایا جائے گا۔

خطوط جلانے والے مجرموں کا اقبال

مسٹر اے ایس سٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں سہ شنبہ ۱۸ اکتوبر کو سات بنگالی نوجوان پیش کئے گئے جو سب کے سب مقامی اسکولوں اور کالجوں کے طلباء ہیں اور جن پر یہ الزام ہے کہ گذشتہ جون میں انہوں نے دہلی اور نئی دہلی میں لیٹر بکسوں کے اندر خطوط کو جلا دینے کی کوشش کی تھی مقدمہ کی سماعت کی پریس کو کوئی اطلاع نہ تھی ملزموں کی طرف سے کوئی وکیل نہ تھا۔ البتہ رائے بہادر راج نرائن حکومت کی طرف سے پیروی کر رہے تھے اور تین مجسٹریٹ سردار عبد الصمد خاں، مسٹر رائسین، ایم۔ رشید اور نواب ابو الحسن شہادت دینے کے لئے موجود تھے ان کے علاوہ ڈاکخانہ کے کچھ ملازمین بھی تھے تمام ملزموں نے اقبال جرم کر لیا اور کہا کہ انہوں نے خطوط جلانے کے لئے… مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا جائیگا۔

حافظ محمد ایوب صاحب کو دہلی چھوڑنے کا حکم

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ آج ساڑھے دس بجے دن کے میر خورشید علی سب انسپکٹر کوتوالی معہ ایک سی۔ آئی۔ ڈی کانسٹبل جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں پہونچے۔ اور جناب مولانا حافظ محمد ایوب صاحب انصاری فاضل دیوبند کارکن جمعیۃ علمائے ہند کو چیف کمشنر دہلی کا ایک نوٹس آرڈیننس جدید کے ماتحت چوبیس گھنٹہ کے اندر دہلی چھوڑ دینے کا دیا… یہ نوٹس آپکو پہونچا دینا ہمارا کام ہے۔ اور سی۔ آئی۔ ڈی کانسٹبل کی شناخت ہمارے لئے کافی ہے۔

پشاور کے دیہات پر گیارہ سو روپے جرمانہ

پشاور ۱۹ اکتوبر۔ پشتی خارہ بالا اور کوچیان کے دیہات پر آرڈیننس کے تحت پانسو اور چھ سو روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے۔

پنڈت مالویہ کی طرف سے مولانا شوکت علی کو جواب

کمیٹی کے تقرر پر اظہار تشکر!

مجوزہ کانفرنس کے طریق کار پر تبادلہ خیال

مولانا شوکت علی صاحب نے مالوی جی کو لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی کی اطلاع کا جو تار دیا تھا اور جس میں مسلمان اور سکھوں کی باہمی کانفرنس کے لئے جلد سے جلد تاریخ کے تعین کی خواہش کی تھی مالوی جی نے اس کا فوراً ہی جواب دے دیا۔ چونکہ مولانا موصوف ہفتہ عشرہ ہی میں اس کام کو ختم کرکے اور مسلمانوں کی ایک وسیع کانفرنس منعقد کرکے طے شدہ میثاق کی تصدیق کرا کے جلد سے جلد امریکہ روانہ ہو جانا چاہتے ہیں اس لئے قدرتی طور پر انہیں کا خیال ہے کہ ان کی روانگی سے قبل سارے معاملات طے ہو جائیں۔

مالوی جی نے اپنے تار میں مولانا شوکت علی صاحب کا شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے ایک ایسی کمیٹی مقرر کر دی ہے جو ہندوؤں اور سکھ لیڈروں سے گفتگو کرے اور فرقہ وارانہ مسئلہ کو ہندو، مسلمان اور سکھ سب ملتوں کے اطمینان کے مطابق طے کردے۔ مالوی جی نے مولانا موصوف کو ان کی طلب کردہ کانفرنس کی کامیابی پر مبارکباد بھی دی ہے اور یہ توقع ظاہر کی ہے کہ ان کی یہ کامیابی ان کے عظیم الشان مقصد میں کامیابی کی نیک فال ہے جس کی خاطر انہوں نے امریکہ کا سفر ملتوی کیا۔

مالوی جی نے لکھا ہے کہ وہ لاہور کے بعد دہلی ہوتے ہوئے کلکتہ جا رہے ہیں تاکہ وہاں کے ہندوؤں سے بھی گفتگو کریں۔ اثناء راہ میں وہ ۱۸ اکتوبر کو الہ آباد ٹھہریں گے مالوی جی نے پوچھا کہ اگر ممکن ہو تو مولانا ہندو مسلمانوں کی مجوزہ کانفرنس کے طریق کار وغیرہ ابتدائی امور کے متعلق الہ آباد یا لکھنؤ میں گفتگو کرلیں۔

مالوی جی کل شنبہ کو لاہور سے دہلی آنے والے تھے لیکن ضعف اور کمزوری کی وجہ سے ان کی حالت اس قدر تشویشناک ہو گئی ہے کہ انہیں مجبوراً اپنا سفر ملتوی کرنا پڑا۔ لیکن اس التواء کو بھی انہوں نے لاہور کے سکھ اور ہندو لیڈروں سے مزید گفتگو میں صرف کیا۔

معلوم ہوا ہے کہ مالوی جی نے ہندو اور سکھ لیڈروں سے خواہش کی ہے کہ وہ صرف چار نمایندے کو منتخب کر دیں کہ وہ مسلمانوں کے مندوبین سے گفتگو کریں۔

مولانا شوکت علی سے وائسرائے کی ملاقات

ہندو مسلم مفاہمت کی قوی امید

پنڈت مالویہ کو زبردست خراج تحسین

دہلی ۲۰ اکتوبر۔ مولانا شوکت علی صاحب دہلی تشریف لائے ہوئے ہیں آپ نے کل شب کو ایک اخبار کے نمایندہ سے دوران ملاقات میں فرمایا کہ میں نے ۴۵ منٹ تک وائسرائے سے ملاقات کی اور لکھنؤ کانفرنس کی تمام کارروائی ان کے روبرو پیش کی۔ انہوں نے اس کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا… مولانا نے مزید فرمایا کہ پنڈت مدن موہن مالوی اپنی علالت کے باوجود تندہی اور سرگرمی سے ہندو مسلم مفاہمت کی کوشش کر رہے ہیں…

آپ نے مزید فرمایا کہ پنڈت مالویہ نے بذریعہ ٹیلیفون مطلع کیا ہے کہ پنجاب کے ہندو اور سکھ لیڈروں سے گفت و شنید میں انہیں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ میرے بھائی مولانا محمد علی کے بڑے بیٹے… امید ہے کہ وہ بھی کل یہاں تشریف لا رہے ہیں ان سے ملوں گا اور امید ہے کہ وہ بھی سرگرمیوں میں ہاتھ بٹانے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

پنجاب میں ہندو مسلم سمجھوتہ کا خیر مقدم

ہندوؤں اور سکھوں سے پنڈت مالویہ کی گفتگو

متفقہ حل کیلئے امید افزا حالات

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ پنڈت مدن موہن مالویہ کے سکریٹری پنڈت گوبند مالویہ نے آج سہ پہر مسٹر کورنر (نامہ نگار) نمایندہ ایسوسی ایٹڈ پریس سے انٹرویو کے دوران میں اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ پنجاب میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں ہے جو سمجھوتہ کا خواہشمند نہ ہو لیکن ہر ایک فرقہ کی علیحدہ علیحدہ مشکلات ہیں…

عربک کالج میں لیکچر

مسٹر صادق الخیری سکریٹری عربک کالج اردو سوسائٹی اطلاع دیتے ہیں کہ بروز ہفتہ ۲۲ اکتوبر بوقت ساڑھے چھ بجے شب عربک کالج ہال اجمیری گیٹ میں خواجہ حسن نظامی صاحب مدظلہ بعنوان "زبانوں کی جنگ" ایک بصیرت افروز تقریر فرمائیں گے۔ ادب اردو سے دلچسپی رکھنے والے حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ شرکت جلسہ فرمائیں گے۔

سمجھوتہ کے بعد سیاسی قیدیوں کی رہائی

ڈیلی ہیرلڈ کے نامہ نگار کا بیان

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ معاصر ڈیلی ہیرلڈ کے نامہ نگار کو معلوم ہوا ہے کہ اگر فرقہ وارانہ سمجھوتہ کے متعلق پنڈت مدن موہن مالویہ کی کوششیں بار آور ہو گئیں تو گاندھی جی اور دیگر سیاسی اسیروں کو جلد رہا کر دیا جائیگا۔

مولانا شوکت علی، سر تیج بہادر سپرو، پنڈت مالویہ اور دیگر رہنما آپس میں سمجھوتہ کے حق میں رائے عامہ کو متحد کرنے کے لئے جدوجہد شروع کر دیں گے اگر جداگانہ نیابت کے حامیوں نے ان کی اسکیم کی تصدیق نہ کی تب بھی مسٹر ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم سے گاندھی جی اور دیگر لیڈروں کو رہا کر دینے کی درخواست کی جائے گی تاکہ وہ اس سوال پر اپنی توجہ مرکوز کر سکیں۔

نامہ نگار مذکور کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان اور برطانیہ میں ہمدرد اصحاب وزیر اعظم سے اس وقت ملاقات کرنے کی کوشش کریں گے جب کہ ہندو مسلم سکھ کمیٹی کا اجلاس شروع ہوگا نیز مولانا شوکت علی کے تار کے مطابق جو کہ انہوں نے وائسرائے کو بھیجا تھا گاندھی جی اور دیگر سیاسی لیڈروں کی رہائی کے لئے درخواست کریں گے۔ ساتھ ہی گاندھی جی سے درخواست کریں گے کہ وہ اچھوت ادھار جیسے تعمیری کام کی جانب اپنی توجہ مرکوز کر دیں۔

ہندو مسلم سمجھوتہ ضرور ہوگا

پنڈت مالویہ کی گورنر پنجاب سے ملاقات

لاہور ۱۹ اکتوبر۔ کل شام کو پنڈت مالویہ جی امرتسر چلے گئے… ہونے سے پیشتر پنڈت جی نے اخبارات کے نمایندوں سے کہا کہ فرقہ وارانہ سمجھوتہ کے متعلق ایسی پیش رفت ہو رہی ہے… امید ہے کہ سمجھوتہ ضرور ہوگا۔

صوبہ سرحد کانسٹی ٹیوشن سب پر سبقت لے گیا

سرخ تحریک اور بالشوزم میں کوئی تعلق نہیں

انڈیا لیگ کے وفد کے ارکان کا خیال

پشاور۔ انڈیا لیگ کے وفد کے جو ارکان دورہ کے لئے صوبہ سرحد گئے ہوئے تھے انہوں نے وہاں گورنر صوبہ سرحد سے ملاقات کی…

سرکاری دعوت کے موقعہ پر انقلابی نعرے

۷ افغانی خدمتگاروں کی گرفتاری

پشاور ۱۹ اکتوبر۔ پرسوں ہز ایکسلنسی گورنر اور لیڈی گریفیتھ نے گورنمنٹ ہاؤس میں ایک دعوت دی جس میں تقریباً چار ہزار اہل اللہ موجود تھے۔ دعوت شروع ہونے سے ایک گھنٹہ قبل ہی افغانی خدمتگاروں کی ایک جماعت کونسل ہاؤس آ پہونچی جو کہ گورنمنٹ ہاؤس کے بالکل قریب ہی واقع ہے۔ یہ نہیں معلوم ہو سکا ہے کہ آیا ان کا منشاء دعوت کے موقعہ پر مظاہرہ کرنے کا تھا یا نہیں۔ انہوں نے انقلاب زندہ باد کے نعرے بلند کئے۔ نام تبلانے سے انکار کرنے پر ان کو گرفتار کر لیا گیا۔

دو سرحدی گولہ بارود سمیت گرفتار

پشاور ۱۹ اکتوبر۔ مردان پولیس نے دو قبائلی باشندوں کو گرفتار کیا ہے جن کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کوہاٹ سے اسلحہ خفیہ طور پر اسلحہ و گولہ بارود لئے جا رہے تھے۔ پولیس نے ان کے پاس سے بور رائفلیں اور چار ہزار کارتوس برآمد کئے۔ ان کے علاوہ کچھ علیحدہ پڑے بھی ملے گمان کیا جاتا ہے کہ یہ اسلحہ ہزارہ کی سرحد کے باوجود جو شیلے قبائلیوں کے لئے مقصود تھے۔

نمایندوں کی تصدیق کے بغیر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ صوبہ سرحد سے باہر سیاسی کونسل کا جو مکتوب اسٹیٹسمین میں شائع ہوا تھا جس میں مالویہ جی سے التجا کی گئی تھی کہ کوئی غیر معقول سمجھوتہ اس وقت تک منظور نہ کیا جائے تاوقتیکہ اس کے متعلق صوبہ بنگال کا مشورہ نہ لے لیا جائے۔ اس خط کے جواب میں مالویہ جی نے بیان کیا ہے کہ کوئی سمجھوتہ اس وقت تک منظور نہیں کیا جائیگا جب تک ہندوستان کے تمام فرقہ جات کے نمایندے خصوصاً پنجاب اور بنگال کے کامل طور سے اس پر غور کرکے اس کی تصدیق نہ کر دیں۔

سرحدی کونسل میں حکومت کو شکست

مالگزاری اور آبیانہ میں ۵۰ فیصدی تخفیف منظور

ہندو ارکان کی طرف سے مخالفت

پشاور ۱۸ اکتوبر۔ آج شمالی مغربی سرحدی صوبہ کی مجلس مقننہ میں غیر سرکاری امور پر بحث شروع ہوئی۔

خان عبد الرحیم خاں نے تجویز پیش کی کہ مالگزاری اور آبیانہ میں ۵۰ فیصدی تخفیف کی جائے۔ اس طرح حکومت کے مالیات میں ۳۴ لاکھ روپیہ کا تر پڑے گا جو صوبہ کی تمام آمدنی کے نصف کے قریب ہے مرکزی امداد اس کے علاوہ ہے۔ خان بہادر صاحب کی تجویز پر گرما گرم مباحثہ ہوا اور تجویز ایک رائے کی کثرت سے منظور ہوگئی۔ اس طرح حکومت کو شکست ہوگئی۔ ترقی پسند اور آزاد خیال طبقات کے زمینداروں نے ۱۱ لاکھ روپیہ کی تخفیف پر زور دیا۔ اور قوم پروروں کے پورے گروہ نے ان کی حمایت کی۔ حکومت کی ہندو ارکان نے حمایت کی جنہوں نے اپنی پوزیشن کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ تجویز کے تحت جو اصول ہے وہ اس کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرتے ہیں لیکن وہ ۵۰ فی صدی تخفیف کے لئے کسی صورت بھی آمادہ نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مالیاتی کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت غیر کاشتکار جماعتوں پر محاصل کا بار ڈال دے گی۔

حضرت مولانا شاہ محمد نور الحسن صاحب پر بہتان

ناظم امارت شرعیہ کی جانب سے پُر زور تردید

الجواب

قانون اوقاف اور بوہرہ قوم

حکومت نے مستثنیٰ کرنے سے انکار کر دیا

بمبئی ۱۹ اکتوبر۔ بمبئی کونسل نے مسٹر میر محمد بلوچ کی ایک تجویز پر بحث کی جس میں حکومت سے درخواست کی گئی تھی کہ بمبئی کے مسلم اوقاف کی تحقیقاتی کمیٹی نے جو سفارشات کی تھیں ان کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ اور مرکزی کمیٹی اوقاف قائم کی جائے جو بمبئی کے تمام مسلم فرقوں کے اوقاف پر حاوی ہو۔ مسٹر ایل۔ آر۔ گوکھلے نے ایک ترمیم پیش کی کہ داؤدی بوہروں کو اس قانون سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

دیوان بہادر کامبلی وزیر نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ تجویز میں جن سفارشات کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے بیشتر حکومت نے نافذ کر دی ہیں اور داؤدی بوہروں کو مستثنیٰ کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ چونکہ مسٹر قادری سکریٹری تحلیل وقف ایک مسودہ قانون اس سلسلہ میں پیش کرنے کا وعدہ کر چکے ہیں اس لئے تحریک کو اپنی تجویز واپس لے لینی چاہئے۔

آسٹریلیا کا گندم پھر ہندوستان میں

کاشتکاروں میں سخت بے چینی

کراچی ۱۹ اکتوبر۔ کلکتہ میں آسٹریلیا کے گیہوں کی آمد کی خبر نے کراچی میں گیہوں کے بازار میں بے چینی پیدا کر دی ہے اور ہندوستان میں غیر ملکی گیہوں کی کثرت کے باعث حکومت ہند نے اپریل ۱۹۳۱ء سے دو روپیہ فی صدی ٹیکس لگا دیا تھا اس کا اثر مفید ہوا تھا لیکن اب جب کہ ہندوستان میں گیہوں کی قیمت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آسٹریلیا نے قریب ترین ہندوستانی بندرگاہ پر اپنا گیہوں بھیجکر آسانی سے ہندوستانی گیہوں کی قیمت کا مقابلہ کر لیا ہے۔

تجارتی حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ آسٹریلیا کے گیہوں کی متواتر اور مسلسل آمد سے ہندوستان میں گیہوں کے بازار پر بہت برا اثر پڑیگا اور گیہوں سستا ہو جانے کے باعث ہندوستان کے کاشتکاروں کو جو پہلے ہی سے پریشان حال ہیں شدید نقصان پہنچے گا۔

ڈاکٹر عالم کی زندگی قوم کی ملکیت ہے

قوم کیلئے بہت سے عالم قربان کئے جا سکتے ہیں

ڈاکٹر صاحب کی علالت پر بیگم صاحبہ کا بیان

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ بیان کیا جاتا ہے کہ میو ہسپتال میں ڈاکٹر محمد عالم صاحب کی صحت بدتر ہو گئی ہے اور یہاں آنے کے بعد وزن میں اور بھی کمی ہو گئی ہے۔ مثانہ میں درم کے علاوہ اب خیال کیا جاتا ہے کہ گردہ میں بھی درم ہو گیا ہے۔ آج صبح ان کا پارہ حرارت ۱۰۲ سے گر کر ۱۰۰ ڈگری تک پہنچ گیا تھا صرف ان کی اہلیہ اور ان کے بھائی کو ان سے ملنے کی اجازت دی گئی ہے کہا جاتا ہے کہ حکومت کی طرف سے اب تک اس درخواست کا کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے کہ کلکتہ کے ڈاکٹر بدھان چندر رائے ان کا معائنہ کریں۔

حکومت کا ایک کمیونکے بیان کرتا ہے کہ ڈاکٹر عالم کو انفلوئنزا ہو گیا تھا اور اب وہ صحت یاب ہو گئے ہیں دوشنبہ کی صبح کو ان کی حرارت اعتدال پر تھی۔

بیگم عالم کا بیان

لوگوں کی ہمدردی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بیگم محمد عالم نے حسب ذیل بیان دیا ہے۔

"میرے شوہر کی زندگی سب سے پہلے قوم کی ملکیت ہے اور بعد کو میری یا کسی اور کی ہے اس لئے قوم کو حق حاصل ہے کہ وہ جس طرح چاہے اس کا استعمال کرے" بیگم عالم نے محسوس کیا ہے کہ ڈاکٹر عالم کی رہائی کا مطالبہ نامناسب ہے یہ امر قابل ذکر ہے کہ پہلے جب ان کی حالت اس حد تک نہیں پہونچی تھی تو حکومت سے درخواست کی گئی تھی کہ کسی غیر ڈاکٹر سے ان کا معائنہ کرانے کی اجازت دی جائے…

آل زبیر کی تنظیم

مارہرہ میں ایک شاندار جلسہ

بشیر بھائی کی بھوک ہڑتال ختم

خورجہ ۱۷ اکتوبر۔ آج بشیر بھائی نے بھوک ہڑتال ختم کر دی ہے۔ ان کو مولانا شوکت علی اور مولانا عبد المجید کے پاس سے ایک تار موصول ہوا تھا جس میں بھوک ہڑتال ختم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا تھا کہ مسلم کانفرنس میں مسلمانوں کی مختلف پارٹیوں کے درمیان اتفاق ہو گیا ہے۔ تار کے جواب میں انہوں نے مولانا موصوف کو لکھا ہے کہ مسلم کانفرنس کی کامیابی پر مسرت حاصل ہوئی۔ بھوک ہڑتال ختم کر دی ہے۔

ان کی حالت بہت نازک ہے۔ کمزوری بہت بڑھ گئی ہے۔ کموڈ پر بیٹھے بیٹھے بیہوش ہو گئے جس سے سر میں چوٹ آگئی۔

یوپی کونسل میں بھی آرڈیننس بل؟

لکھنؤ ۱۸ اکتوبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو معلوم ہوا ہے کہ یوپی کونسل کے آئندہ اجلاس میں صوبجاتی اختیارات خصوصی کا ایک مسودہ قانون پیش کیا جائے گا۔ حکومت نے اخراجات میں مزید تخفیف کے ذرائع پر بھی غور کر رہی ہے۔

آزادی عراق کا عظیم الشان جشن

تمام بغداد میں خوشی اور مسرت کی لہر

ہندوستان میں عراق کا سفیر مقرر کیا جائیگا

بغداد۔ گیارہ سالہ جدوجہد کے بعد عراق انتداب کا اختتام ہو گیا اور بغداد میں یوم آزادی کی عظیم الشان تقریب منائی گئی ملک فیصل نے ایک تقریر کے دوران میں آئندہ ترقیوں کی تفصیل اور ملکی مفاد کا پروگرام بیان کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ اب یہاں نہایت اہم سیاسی تبدیلیاں واقع ہوں گی سفارتیں سفیری ہو جائیں گی کمشنر ہیں اب پہلے سفیر برطانیہ ہوں گے اس کے علاوہ دیگر تمام غیر ملکی مشن جو یہاں موجود ہیں وہ سب اب سفارت خانوں میں تبدیل ہو جائیں گے ہندوستان میں عراق کے نمایندہ کی موجودگی کا فیصلہ بھی عنقریب طے کیا جائے گا۔

۲ اکتوبر کو صبح کے وقت محل شاہی میں دربار منعقد ہوا۔ تمام سرکاری عمال اور سیاسی اداروں کے نگران موجود تھے بعد دوپہر ایک عظیم الشان گارڈن پارٹی دی گئی جس میں کئی صد مہمان شریک تھے میونسپل گارڈن کو آراستہ کیا گیا تھا ۵ بجے بادشاہ پہنچے اور تمام گلیوں میں اس کا پرجوش استقبال کیا گیا اور نعرہ ہائے مسرت بلند ہوئے۔ افواج قطار در قطار کھڑی تھیں۔ ہر ایک کے چہرے سے خوشی اور مسرت کے آثار نمایاں تھے۔

تجارتی معاہدہ میں تبدیل کرو

برطانیہ نے سوویٹ روس کو نوٹس دیدیا

دار العوام کے مزدور پیشہ ارکین میں ہلچل

جرمنی میں سیاسی ہنگامہ

دو نازی اور ایک انسپکٹر ہلاک

ایک پولیس انسپکٹر اور دو نازی گولی سے ہلاک کر دئے گئے۔ دس اشخاص شدید مجروح ہوئے اور متعدد خفیف طور پر مجروح ہوئے۔ رجب سے یہ فساد ہوا ہے تمام شہر میں خوف و ہراس طاری ہے۔

واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ جب نازیوں کا ایک جلوس ضلع سمرنگ کے ایک تنگ بازار سے گذر رہا تھا اس پر فائر کئے گئے جس سے جلوس بگڑ گیا۔ پولیس موقع پر پہنچ گئی اس پر بھی فائر کئے گئے لیکن پولیس نے گرفتار کر کے صورت حالات پر قابو پالیا ہے۔

جاپان اور روس کے دوستانہ تعلقات

مسلم اخبارات کی آواز

(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۳)

سنہری تاریخ کا دن

ہندو مسلمان اور سکھ لیڈروں کی کانفرنس کی تاریخ آج ۳ اکتوبر کو مقرر ہو چکی اور طے پایا ہے کہ ۳ اکتوبر کو الہ آباد میں یہ کانفرنس ہو۔ ہمیں امید ہے کہ آج جس دن کے وعدہ میں نہ صرف تائدین ملت بلکہ تمام اخبارات کانفرنس کی کامیابی کے لئے مناسب فضا پیدا کر دیں گے تاکہ ہندوستان کے خانگی جھگڑے آسانی کے ساتھ طے ہو جائیں اور ملک کو امن و سکون نصیب ہو…

ادارہ مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی میں اعلیحضرت شاہ افغانستان کا جشن تاجپوشی

ذیل کا سپاسنامہ تبقریب جشن تاجپوشی اعلیٰحضرت نادر شاہ غازی حضرت مولانا نجم الدین صاحب فاضل مدرسہ امینیہ و متعلم جامعہ ملیہ نے پڑھ کر سنایا۔

سب سے پہلے میں عرض کردوں کہ میں افغانستان کا رہنے والا ہوں میری مادری زبان فارسی ہے یہاں ایک سال سے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیم حاصل کر رہا ہوں، اسی جامعہ کی حسن تربیت کا یہ نتیجہ ہے کہ اس وقت آپ کے سامنے ہندوستان کی مشترک زبان میں چند کلمات آج کے اجتماع کی بابت عرض کرنا چاہتا ہوں میری زبان میں جو فرو گذاشتیں ہوں انہیں آپ اپنے کریمانہ اخلاق سے نظر انداز فرما دیں۔

آج کی تقریب کا مقصد یہ ہے کہ اعلیحضرت محمد نادر شاہ غازی شاہ افغانستان کی جشن تاجپوشی پر ہم اور آپ سب ملکر اپنی مسرت و شادمانی کا اظہار کریں۔ یہ جلیل القدر شاہ اسی ہندوستان کے ایک گوشہ دہرہ دون میں پیدا ہوئے۔ آپ کا عہد طفولیت مخصوص طرز کی تعلیم و تربیت کے ساتھ بسر ہوا۔ گھر پر اساتذہ تعلیم دیتے تھے اور باقی صرف شکار ہی سے آپ کو بہت شوق تھا۔ شکار کے علاوہ اور کوئی کھیل آپ کو مرغوب نہ تھا ۱۳۱۲ھ میں آپ کو افغانستان بلایا گیا۔ یہاں آپ شاہی فوج میں کپتان کے عہدہ پر فائز تھے۔ کچھ دن بعد کرنیل بنے اور پھر جرنیل بنائے گئے ۱۳۲۹ھ میں منگل کے قبیلہ نے امیر شہید کے زمانہ میں افغانستان کی سمت جنوبی میں نہایت ہی خوفناک بغاوت کی جس سے خود امیر مرحوم بھی ملول و پریشان رہتے تھے اعلیحضرت نے محض اپنے عقل و تدبیر اور حسن سیاست سے اور خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر اس بغاوت کو فرو کر دیا۔

تھل کی فتح کا واقعہ تو گویا ابھی کل ہوا ہے۔ عہد امانی میں اس واقعہ سے افغانستان کی حقیقی آزادی شروع ہوتی ہے۔ اسی فتح کے بعد آپ وزیر جنگ بنا دئے گئے پھر آپ وزیر مختار بنا کر فرانس کو بھیجے گئے آپ نے دیکھا کہ آپ کا وطن انارکی اور انتشار میں مبتلا ہے وہ خونی انقلاب سے گزر رہا ہے۔ اور وہ آزادی خاک میں ملنے والی ہے جو صدہا قربانیوں کے بعد حاصل کی گئی تھی اس وقت آپ بیمار تھے، ڈاکٹروں نے آپ کو حرکت کرنے سے روک دیا مگر وطن کی محبت اور ملت افغانستان کے درد نے آپ کو بالکل بے چین کر دیا اور آپ بلا خوف و خطر وہاں سے چل کھڑے ہوئے جن لوگوں نے اس وقت آپ کی زیارت دہلی کے اسٹیشن پر کی ہے انہیں معلوم ہے کہ آپ کی صحت کسی قدر سقیم تھی مگر انہوں نے اس وقت تک دم نہ لیا جب تک اپنے وطن کو پھر آزاد نہ کرا دیا۔

فتح کابل کے وقت کا ایک واقعہ خصوصیت کے ساتھ ذکر کرنے کے قابل ہے جب بچہ سقہ نے دیکھا کہ اب کابل ہاتھ سے جا رہا ہے تو اس نے اعلیحضرت کے خاندان کو آگے کر دیا کہ انہیں دیکھ کر گولہ باری سے رک جائیں گے مگر انہوں نے اپنے بھائی فاتح کابل والاحضرت شاہ ولی خاں سے فرمایا کہ اس وقت اپنے بال بچوں کی پرواہ نہ کرو۔ انہیں وطن پر قربان کرو اور قلعہ پر گولہ باری شروع کرو۔

اللہ کی کرشمہ سازی ملاحظہ ہو کہ آپ کے خاندان کے تمام لوگ محفوظ رہے قلعہ تباہ ہو گیا۔ اور بچہ سقہ کو پسپا ہونا پڑا۔ اعلیحضرت نے فتح و کامرانی کے بعد سکون و اطمینان کے ساتھ جو افغانستان کی اندرونی تنظیم کی ہے، اس کا الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ اس کی صحیح قدر و قیمت کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہوں نے اس حیرت انگیز عمل کو خود اپنے آنکھوں سے دیکھا ہو۔ آخر میں میں ہندوستان کے مایہ ناز وطنی شاعر اقبال کے کلام اور ان الفاظ پر اپنے مختصر مقالہ کو ختم کرتا ہوں۔

بہا یدکہ بداں نادر آید بیرم
کہ مرد پاک نہاد است و صاحب نظر است

زندہ باد اعلیحضرت نادر شاہ غازی، پائندہ و متحد باد، افغانستان مستقل

المخلص نجم الدین محصل افغانی متعلم جامعہ ملیہ دہلی

جزیرہ مارشیس کے مسلمانوں کی اپیل

۴۵ ہزار مسلمانوں کی تعلیم کا انتظام

اسلام اپنی صداقت کی وجہ سے تمام ارضی میں محیط ہو گیا اور اس کے خدام نے اپنی خدمات سے ہر گوشہ میں متبعین پیدا کر دئے۔ ایک وقت تھا کہ اخوت اسلامی کا مضبوط و مستحکم رشتہ خلافت و حکومت کی وجہ سے قائم تھا مگر ہماری غفلتوں، کمزوریوں کی وجہ سے اب یہ سلسلہ تار عنکبوت کی مانند ہے اس وقت ہم نہیں کہتے ہیں جن کو ان مقامات کے مسلمانوں کی حالت معلوم ہے۔

جزیرہ مارشیس ہندوستان سے دو ہزار میل بحر ہند کی جنوبی سمت میں واقع ہے جہاں ۴۵ ہزار مسلمان آباد ہیں جن کے ہاتھ میں کوئی خاص آزاد تجارت نہیں ہے نہ صنعت و حرفت، زیادہ تر مزدور پیشہ ہیں۔

خداوند برتر جزائے خیر دے گرمی محترمی حضرت مولانا قاری حکیم عبداللہ رشید نواب و برادر حضرت خطیب صاحب مکہ مسجد حیدرآباد کو جنہوں نے ہندوستان سے شدر حال فرما کر مسلمانان مارشیس کی اصلاح و تعلیم کا بار اپنے کاندھوں پر رکھا۔ آپ ہی کی مسلسل سعی و انہماک سے مارشیس میں مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی قائم ہوئی اور ۱۹۲۶ء میں اس سوسائٹی کے ماتحت ایک مدرسہ قائم کر دیا گیا اور باوجود ہر قسم کے موانع و مشکلات کے قلیل مدت میں مدرسہ کی حالت بہتر ہو گئی مولانا موصوف نے مارشیس کے ماحول کے مطابق خاص طرز پر نصاب تعلیم کا آغاز کیا اس وقت مدرسہ میں دو سو سے زائد طلبا زیر درس ہیں۔ مدرسین کی بھی کافی تعداد موجود ہے مدرسہ کے خرچ کا تو اسطا چار سو روپیہ ماہوار ہے۔ مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی میں مارشیس کے عمائد و تعلیم یافتہ شریک ہیں۔ ایک رجسٹرڈ کمیٹی قائم ہے جس میں آنریبل غلام محمد داؤ دجی اچھا ممبر کونسل عبدالحق نور محمد۔ آر عثمان بیرسٹر ایٹ لا۔ عبدالقادر حاجی ابوبکر۔ ڈاکٹر حسن جمی۔ ایم۔ آر۔ سی۔ ایس۔ ایل۔ آر۔ سی۔ پی۔ ڈی۔ ٹی۔ ایم۔ ایچ (انگلینڈ)۔ جیسے حضرات نگران اور کارکنان ہیں اقتصادی و مالی مشکلات کی بنا پر ارکان مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی نے علامہ قاری حکیم عبداللہ رشید نواب کے ذریعہ مسلمانان ہند کے نام اپنی اپیل روانہ کی ہے کہ ہماری ہندی بھائیوں نے جس طرح عالم اسلامی کی دوسری تحریکات میں لاکھوں روپیہ عطا فرما کر شاندار روایات قائم کیں، اس طرح یہ بھی ہمارے مسلمان بھائی مارشیس کا خالص اسلامی تعلیمی ضرورت کی طرف توجہ کریں۔ علامہ قاری حکیم عبداللہ رشید نواب صاحب محض اس ضرورت کے لئے حیدرآباد تشریف لائے ہوئے ہیں اور ارادہ رکھتے ہیں کہ ہندوستان کے اکثر مقامات پر دورہ فرمائیں اگر ہمارے رؤسا، عمائد و تجار اس اہم ضرورت کی طرف متوجہ ہوں تو مارشیس کے ۴۵ ہزار مسلمانوں کی اہم خدمت انجام پا سکتی ہے اور چار سو روپیہ ماہوار کا انتظام دشوار نہیں ہے۔ میری دعا ہے کہ خدا مارشیس کے مسلمانوں کو اپنے مقاصد میں کامیاب فرمائے۔ آمین و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔ والسلام۔

فقیر محمد عبدالحامد القادری البدایونی

مخلصانہ مشورہ

آجکل دواؤں کے اشتہارات جس مبالغہ آمیز اور گمراہ کن طریقوں سے شائع ہوتے ہیں وہ آپ سے مخفی نہیں اور یہ بالکل صحیح ہے کہ جو چیز جس قدر مبالغہ اور غلو کے ساتھ بیان کی جاتی ہے اس کی حقیقت اسی قدر مشتبہ ہوتی ہے۔

میں غیر سنجیدہ اشتہاری الفاظ اور گمراہ کن تحریروں سے عوام کو فریب میں مبتلا کرنا نہیں چاہتا بلکہ اظہار حقیقت کے طور پر طلائے اعظم اور معجون شفار کے متعلق صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان دواؤں کی تاثیر کمزوری باہ کی جملہ شکایات میں اپنا آپ اشتہار ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب

اس لئے میری آپ سے ہمدردانہ گزارش ہے کہ اگر آپ ہر قسم کے علاج سے مایوس ہو چکے ہوں تو ایک بار آزمائش کے طور پر انہیں ضرور استعمال کریں۔ مختلف تجربات کی بنا پر سچائی سے عرض کرتا ہوں کہ یہ دوائیں اپنے اثر میں بے نظیر ثابت ہوئی ہیں۔ ترکیب استعمال کا پرچہ دوا کے ہمراہ ارسال ہوتا ہے۔

طلائے اعظم ایک شیشی عام معجون شفار اکسیر

منیجر دواخانہ صوفیہ اعظم گڈھ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی
عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف بھورے میاں دہلوی
عالی جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا دہلوی

مصدقہ
شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دارالعلوم دیوبند
شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب
شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

کے خصوصی مجربات

معجون عنبری

دل و دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور مغلظ منشط ہے۔ یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزا مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب ہے نہ اس میں کوئی کشتہ ہے نہ کسی قسم کے سمیات اور نشہ آور مضر اجزاء ہیں جو لوگ بے اعتدالیوں کی بدولت اپنی تندرستی کو خیرباد کہہ چکے ہیں ان کے لئے یہ معجون آب حیات ہے مادہ اور خون کی تولید کرتا ہے اور حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے اعصاب کو قوت دیتی بھوک بڑھاتی ہے کمزور سے کمزور آدمی چند روز میں توانا تندرست ہو جاتا ہے قبل از وقت بھی استعمال ہو سکتی ہے خوراک چھ ماشہ قیمت فی تولہ آٹھ آنہ (۸)

اکسیر قلب

دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ آٹھ آنہ (۴ للعہ)

(نوٹ) دواخانہ رشیدیہ میں بہترین مرکبات تیار ہوتے ہیں فہرست مجربات خصوصی منگا کر ملاحظہ فرمائیے۔

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

تار کا پتہ "سیڈی سنز" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم۔ اور سکھ طلبا طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے — ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں — مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

قرص ابرص | اکسیر نسواں | ملین | جوہری

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

گرم کوٹوں کی فہرست
مفت طلب کرو
منیجر دی فٹ کوٹ کمپنی رنچھوڑ لائین کراچی

الجامعہ

ایک علمی، ادبی اور مذہبی رسالہ ہے قیمت بھی معمولی یعنی سالانہ دے
منیجر رسالہ الجامعہ خانقاہ رحمانیہ مونگیر

تلاش گمشدہ

کہ میرا لڑکا احمد سعید نام دسویں جماعت اسلامیہ ہائی اسکول گوجرانوالہ میں تعلیم پاتا تھا لیکن ادبی کا اسے زیادہ شوق تھا ۱۹ ستمبر کے صبح سے غائب ہے اگر کسی صاحب کو معلوم ہو تو براہ کرم بندہ کو بیرنگ خط لکھ کر مطلع فرما دیں۔ لڑکے کی عمر ۱۹ سال قد لانبا اور پتلا شکل بھلی اور نہایت شرمگیں رنگ گندمی سفیدی مائل لباس سادہ صرف کرتا پائے جامہ اور پگڑی اور اوپر ایک لوئی سبز۔

محمد عبدالعزیز خطیب مسجد جامع گوجرانوالہ

مسلمانوں کا سب سے سستا رسالہ

دہلی کے مشہور ادیب جناب خواجہ حسن صاحب نظامی پیرزادہ حضرت خواجہ غریب نواز حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی کی ایڈیٹری میں شائع ہوتا ہے یہ رسالہ ہے کہ آج تک اس کی ایک اشاعت میں بھی تاخیر نہیں ہوئی

پیشوا ایک مذہبی، اصلاحی اور ادبی سیاسی میگزین ہے جس کی ضخامت ہر مہینہ بڑی تقطیع کے ۷۲ صفحے ہوتی ہے اور سال میں دو خاص نمبر شائع ہوتے ہیں خصوصاً دو سو صفحے کا رسول نمبر جو سیرت رسول پاک کی انسائیکلوپیڈیا ہے۔ سالانہ خریداروں کو مفت دیا جاتا ہے۔ چکنا کاغذ ہر صفحے پر فوٹو بلاک کی تصویریں دو رنگا ٹائٹل ضخامت بہتر صفحات سالانہ چندہ دو روپے ارزاں ایڈیشن مضامین اور ضخامت سب ایک ہی صرف کاغذ نفیس نہیں ہے سالانہ چندہ صرف ایک روپیہ نمونہ مفت۔

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو

جریان کی گولیاں | سفوف جریان

منیجر قومی دواخانہ پرچیگزنگ دہلی

تبدیل غدود یا عمل جراحی کے بغیر بھی
آدمی جوان ہو سکتا ہے
معجون شباب آور

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

اتحاد ملت کے دو دشمن

تیرہ نکات اور مخلوط انتخاب

لکھنؤ کانفرنس کی شاندار کامیابی اور مکمل اتحاد کے بعد بھی منظور الدین ابا کر رہے ہیں۔ انہوں نے الجمعیۃ کے متعلق یہ لکھا ہے کہ مخلوط انتخاب کے منظور ہو جانے اور ان کے اخبار سے واقف ہیں انہیں تو کوئی حیرت نہ ہوگی۔ مگر دوسرے حضرات ... ہدیۂ قارئین کرام کرتے ہیں۔

لکھنؤ کی مصالحتی کانفرنس میں جو قرارداد کافی بحث و تمحیص کے بعد منظور کی گئی ہے وہ ایسی ہے کہ اس پر تمام مختلف الخیال مسلمانوں کا اتفاق ہو گیا ہے اور اس کو بنیاد قرار دے کر ہندوؤں اور سکھوں سے جو گفت و شنید کی جانے والی ہے اس کے کامیاب ہو جانے کے قوی امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔ قوم پرور مسلمانوں اور مسلم کانفرنسی مسلمانوں کے درمیان ایک عرصہ سے متعدد امور پر اختلافات چلا آ رہا تھا اور باوجود کئی مرتبہ کی جدوجہد کے کوئی حل ایسا دریافت نہیں کیا جا سکا تھا جو دونوں کے لئے متفق علیہ ہو اور جسے مسلمانوں کی طرف سے متحدہ طور پر ہندوؤں کے سامنے پیش کیا جا سکے خدا کا شکر ہے کہ لکھنؤ میں رہنمایان ملت کی سرگرم کوششوں اور پرخلوص مساعی کے بعد اس قسم کی ایک بنیاد پیدا ہو گئی جس پر دونوں خیالات کے مسلمانوں نے اپنی رضامندی ظاہر کر دی ایک طرف تو قوم پرور مسلمانوں نے ان مشہور تیرہ نکات کو تسلیم کر لیا جن میں سے بعض کے ساتھ انہیں شدید اختلاف تھا اور اس طرح بڑی حد تک اپنے گذشتہ مرکز سے ہٹ گئے اور دوسری طرف مسلم کانفرنس کے حامیوں نے جن میں نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب، شاہ مسعود احمد صاحب اور ڈاکٹر ضیاء الدین جیسے حامیان مسلم کانفرنس شریک تھے، جداگانہ انتخاب کو ترک کر کے تیرہ مطالبات کے منظور ہو جانے پر (جن میں جمعیۃ العلماء کی تصریحات شامل ہیں) مخلوط انتخاب قبول کر لیا اور یہ قرار پایا کہ اگر ہندو اور سکھ مسلمانوں کے مشہور چودہ نکات میں سے تیرہ نکات کو تسلیم کر لینے پر رضامند ہو جائیں تو جداگانہ انتخاب پر اصرار نہ کیا جائے اور مخلوط انتخاب کی کسی صورت پر باہمی گفت و شنید کے بعد سمجھوتہ کر لیا جائے اس سلسلہ میں مولانا محمد علی مرحوم کے فارمولا کو ترجیح دی گئی لیکن اگر اس فارمولا کے علاوہ مخلوط انتخاب کی کوئی صورت بھی زیر بحث آئے تو اس کے لئے راستہ کھلا رکھا گیا۔ اس قرارداد کا منظور ہونا تھا کہ اتحاد اسلام زندہ باد کے پرجوش نعروں سے سلیم پور ہاؤس کی فضا گونج گئی اور ہندوستان کی تمام اقوام کا اتحاد و اتفاق قریب نظر آنے لگا۔

لکھنؤ کے اس اتحاد و اتفاق کی اہمیت کو وہی حضرات اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں جو گذشتہ تین چار سال کے عرصہ میں مسلمانوں کے افتراق و انشقاق کے دردناک مناظر دیکھ دیکھ کر خون کے آنسو بہاتے رہے تھے اور جن کی دلی خواہش یہ رہی ہے کہ کسی نہ کسی طرح مسلمان متفق ہو کر دوسری اقوام کے سامنے اپنے مطالبات پیش کریں اور انہیں منظور کرا کے ملک و ملت کی بہترین خدمت انجام دیں۔ لیکن ہمیں یہ دیکھ کر انتہائی افسوس ہوتا ہے کہ مولانا شوکت علی صاحب کی اس کامیاب جدوجہد کے بعد بھی جس کے نتیجہ میں مکمل اتحاد و اتفاق قائم ہو گیا ہے، بعض افراد اور اخبارات ایسے باقی ہیں جو افتراق انگیزی پر تلے ہوئے ہیں اور لکھنؤ کانفرنس کے متفقہ فیصلہ کو اپنی لایعنی تاویلات سے مجروح کر کے اس اتفاق پر شدید ضرب لگانی چاہتے ہیں جو زعمائے ملت

مقویات سراج عالم

آنملاگڑہ گولیاں قبض اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی و کمی جریان احتلام سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کر کے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں۔ قیمت فی ڈبیہ ۳۲ گولیاں صرف (عہ) پانچ ڈبیاں چار روپیہ (للعہ)

صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرمائیں

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

اف بد ہضمی

احتیاط

اتحاد ملت کے دو بنیادی پتھر

تیرہ نکات اور مخلوط انتخاب

[illegible]

رہنمایان ملک کے خیالات

(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۲)

میں شریک ہونے والے زعماء کو اس کی ضرورت پیش نہ آئے کہ وہ مصالحت کی گفت و شنید سے اپنی توجہ ہٹا کر اس پروپیگنڈے کی تردید کے لئے وقت نکالیں۔ اس وقت ضرورت ہے کہ ہمارے بہترین دماغ اتحاد و اتفاق کی صورتوں پر غور کرنے میں منہمک رہیں اور ان فتنہ پردازیوں کی روک تھام کا کام خود مسلمانوں کی رائے عامہ کرے۔

متحد ہو جائیں گے۔

آخر میں مسٹر عزیز نے گاندھی جی کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سول نافرمانی کی تحریک کو بند کر کے رہا ہو جائیں اور ہندو مسلم اینڈ سکھ مسئلہ کو حل کرنے میں اپنا وقت صرف کریں۔

پنڈت مالویہ کی تقریر

ہمارا فرض ہے کہ ایک رائے قائم کریں۔ میں چاہتا ہوں کہ ایسی ایک بات کی آپ ہمیائی بھی کوشش کریں کہ جو فیصلہ مشترکہ ہندو مسلم کریں وہ کامیاب ہو کوئی مشکل ایسی نہیں جس کا حل نہ ہو۔ ہمت کرنی چاہئے کہ ہم یہ معاملہ حل کریں۔ حق اور انصاف ہمارے ساتھ ہے۔ ہمت کر کے امید کے ساتھ کوشش کرنی چاہئے۔ فیصلہ قومی وہ ہو سکتا ہے جس میں سب شامل ہوں۔ لکھنؤ کا فیصلہ اسی لئے آج تک قائم ہے۔ گو اس میں سکھ شامل نہ تھے مگر پھر بھی فیصلہ قائم ہے۔ فیصلہ ایسا ہونا چاہئے کہ سب کو یہ کہنے کا موقعہ ہو کہ فیصلہ عزت اور حقوق کے مطابق ہے۔

پروفیسر اندر کا اظہار خیال

دہلی ۱۹ اکتوبر۔ لکھنؤ مسلم اتحاد کانفرنس کے ریزولیوشن پر تبصرہ کرتے ہوئے پروفیسر اندر نے بیان کیا کہ اصل سوال ہمارے روبرو یہ ہے کہ آیا ہندوؤں اور سکھوں کی جانب سے لکھنؤ کے رزولیوشنوں کی منظوری قوم کے لئے فائدہ مند ہو گی؟

[illegible]

نے تو صاف صاف فرما دیا ہے کہ مسلمانوں کے درمیان آج اتحاد و اتفاق کی جو بنیاد پڑی ہے وہ اس پر آخر وقت تک قائم رہیں گے۔ اور ہندوؤں اور مسلمانوں سے صلح کی جو صورت بھی کانفرنس کی قرارداد کے اندر رہ کر پیدا ہو سکے گی۔ اس کو قبول کر لیں گے۔ مولانا کو جہاں تک ہم جانتے ہیں وہ یقیناً ان لوگوں میں نہیں ہیں جو نفاق سے کام لے کر دل میں کچھ رکھتے ہوں اور زبان سے کچھ کہتے ہوں ان کی مصالحانہ کوششوں نے دوسری اقوام پر بھی کافی اثر ڈالا ہے اور پنجاب سے جو خبریں آرہی ہیں اور دہلی کے ہندو حلقہ سے جو بیانات شائع ہو رہے ہیں وہ نہایت امید افزا ہیں۔ ایسی حالت میں ہر قسم کی فتنہ پردازی اور اشتعال انگیزی کا سد باب کرنے کے لئے مسلمانوں کو ہر وقت تیار رہنا چاہئے اور اتحاد و اتفاق کے خلاف جو پروپیگنڈا شریر اور فتنہ پرور عناصر کر رہے ہیں اس کو ہرگز کامیاب نہ ہونے دینا چاہئے۔ یہ پروپیگنڈا کرنے والے وہی لوگ ہیں جو پہلے بھی شرارت کر کے مسلمانوں کو تباہ و برباد کر چکے ہیں اور اب پھر شرارت کر رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ مسلمان خود اپنی رائے عامہ سے اس قسم کے پروپیگنڈے کو روک دیں گے تاکہ لکھنؤ کانفرنس

ہندو پریس کا مصالحانہ رویہ

(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۴)

یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ وہ فساد کے خطرہ سے نہ گھبرائیں۔ ہندوؤں اور سکھوں اور مسلمانوں کا معاملہ ہے وہ خود نبٹ لیں گے۔ انہیں آپ کی خیر خواہی کی ضرورت نہیں۔ (ملاپ)

ہندو بھی مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھائیں

جس طرح آج مسلمانوں نے سیم پور سادھن میں اتحاد کے لئے ایک مرکز پر اتفاق کر لیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہندو قومیں بھی ایک نقطۂ نظر پر متحد ہو کر مسلمانوں کے ساتھ مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھائیں گی۔ ملک اس آخری نتیجہ کا بے چینی سے ساتھ انتظار کر رہا ہے۔ خدا کرے ان کی امیدیں بار آور ہوں اور ان کی توقعات کامیابی کا وہ منظر دیکھیں جو ہندوستان کے اسٹیج پر آج تک قوموں نے نہ دیکھا ہو۔ مسلم کانفرنس نے اس سمجھوتہ کے لئے راستہ صاف کر دیا ہے اور اب وہ نتیجہ کُھلی جو اس کانفرنس نے گفتگوئے مصالحت کے لئے بنا دی ہے۔ عنقریب کسی مقام پر پنڈت مالوی جی کی معرفت ہندوؤں اور سکھوں کے نمائندوں سے گفتگو کریگی۔ اب اس کے بعد یہ ہندوؤں کا کام ہے کہ وہ اپنے بچھڑے ہوئے بھائیوں کو گلے لگائیں اور ہندوستان کو آئندہ اختلافات کا شکار نہ ہونے دیں۔ (اودھ اخبار)

اگر تندرستی نہیں تو زندگی بیکار ہے!

شربت اکسیر

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

نئے جناب! شربت اکسیر [illegible] جب مجھے کامل اطمینان ہو گیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرما دیں۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جائیگی

جریان۔ جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ کیا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری۔ پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید رطوبت کا آنا۔ منی کا پتلا ہو جانا۔ احتلام کا ہونا۔ نطفہ کا نہ قرار [illegible]

[illegible]

ایس۔ آئی۔ بخشی اینڈ کمپنی ... کلکتہ

رسالہ حقیقت اسلام لاہور کی شہرت کا راز

یہ رسالہ افراط تفریط سے بالکل الگ ہو کر دین کا سیدھا آسان اور بالکل بے خطر راستہ دکھاتا ہے۔ حال ہی میں اس کے میلاد نمبر کو جو عالمگیر شہرت نصیب ہوئی وہ اپنی نظیر آپ ہے۔

حقیقت اسلام میں حدیث کی مشہور کتاب ترمذی شریف کا ترجمہ بالالتزام شائع ہو رہا ہے۔ اور مطالب الفرقان فی ترجمۃ القرآن کے عنوان سے تفسیر قرآن حکیم کا ترجمہ مع ضروری تفسیر کے شائع ہو رہا ہے تفسیر میں قرآن پاک کی سورتوں اور آیتوں کا باہمی ربط خوب واضح کیا جا رہا ہے۔

سفر و حضر میں آپ کے پاس دو چیزیں ضرور ہونی چاہئیں۔ قرآن پاک اور حقیقت اسلام۔ کوئی مرد، عورت اور بچہ جو اس رسالہ پر [illegible]

پیکو آرٹ پریس بیرون شاہی دروازہ لاہور

تلاش گمشدہ

میری والدہ محترمہ مسماۃ عزیز النساء بیگم تقریباً ڈیڑھ ماہ سے مفقود الخبر ہیں میں ایک غریب لڑکا ہوں اور وہی میری سرپرست ہیں ان کی مفقود الخبری کی [illegible]

لطیف احمد محلہ پہاڑ گنج شورے کی کوٹھی کٹرہ حاجی شفیق الدین دہلی

مقویات سراج عالم

[illegible]

صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرمائیں

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

محبوب عاشق کے قدموں پر

[illegible]

347

اُف کیسا برا موسم ہے؟

بد ہضمی — جی متلانا — دست — قے — بخار — کھانسی

قدرت نے اس موسم میں پھل تو بہت پیدا کئے ہیں جن میں سب سے بڑھ کر آموں کی بہار ہے لیکن ان سے فائدہ اٹھانا انہیں کا کام ہے جو آجکل اپنے معدے کو درست رکھتے ہیں ورنہ آپ دیکھتے ہی ہیں جو اس موسم میں ہو رہا ہے جو کچھ صحت ہے وہ بھی ان دنوں اڑ جاتی ہے بس ایک قیمتی نصیحت ہے جسے گانٹھ میں باندھ لینا چاہئے وہ یہ ہے کہ

"امرت دھارا"

کا استعمال بکثرت جاری رکھنا چاہئے کوئی بھی تکلیف ہو جائے اسی پر زور دینا چاہئے اسے دستوں میں انار دانہ کے پانی سے بار بار دینا چاہئے! اس کا استعمال ہر قسم کے انفلوئنزا وغیرہ بخاروں سے محفوظ رکھیگا کیونکہ وہ کمال درجہ کی انٹی سپٹک ہے ... ہی فائدہ اٹھائیں گے اور آج کل بھی صحت کی ترقی ہوتی دیکھیں گے!

گھر میں رکھئے جیب میں رکھئے!

بھولئے نہیں امرت۔ صحت۔ روپیہ اور وقت سب کو بچاویگی!!

احتیاط [illegible]

امرت دھارا ... لاہور

هم رسالہ

دہلی میں اعلیحضرت شاہ افغانستان کا جشن تاجپوشی

(اڈیٹر مضامین نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

[illegible]

کر سکتے ہیں جنہوں نے اس حیرت انگیز عمل کو خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو۔ آخر میں میں ہندوستان کے مایۂ ناز وطنی شاعر اقبال کے کلام اور ان الفاظ پر اپنے مختصر مقالہ کو ختم کرتا ہوں۔

بیا بیدکہ بداماں نادر آویزم
کہ مرد پاک نہاد است و صاحب نظر است

زندہ باد اعلیحضرت نادر شاہ غازی، پائندہ و متمدن باد، افغانستان مستقل

المخلص نجم الدین محصل افغانی متعلم جامعہ ملیہ دہلی

جزیرہ مارشیس کے مسلمانوں کی اپیل

۴۵ ہزار مسلمانوں کی تعلیم کا انتظام

اسلام اپنی صداقت کی وجہ سے تمام ارض میں محیط ہو گیا اور اس کے خدام نے اپنی خدمات سے ہر گوشہ میں متبعین پیدا کر دئے۔ ایک وقت تھا کہ اخوت اسلامی کا مضبوط و مستحکم رشتہ خلافت و حکومت کی وجہ سے قائم تھا مگر ہماری غفلتوں، کمزوریوں کی وجہ سے اب یہ سلسلہ تار عنکبوت کی مانند ہے اس وقت ہم نہیں کہتے ہیں جن کو ان مقامات کے مسلمانوں کی حالت معلوم ہے۔ جزیرہ مارشیس ہندوستان سے دو ہزار میل بحر ہند کی جنوبی سمت میں واقع ہے جہاں ۴۵ ہزار مسلمان آباد ہیں جن کے ہاتھ میں کوئی خاص آزاد تجار [illegible]

[illegible]

مخلصانہ مشورہ

آجکل دواؤں کے اشتہارات جن مبالغہ آمیز اور گمراہ کن طریقوں سے شائع ہوتے ہیں وہ اب کسی سے مخفی نہیں اور یہ بالکل صحیح ہے کہ جو چیز جس قدر مبالغہ اور غلو کے ساتھ بیان کی جاتی ہے اُس کی حقیقت اسی قدر مشتبہ ہوتی ہے۔

میں غیر سنجیدہ اشتہاری الفاظ اور گمراہ کن تحریروں سے عوام کو فریب میں مبتلا کرنا نہیں چاہتا بلکہ اظہار حقیقت کے طور پر طلائے اعظم اور معجون شفاء کے متعلق صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان دواؤں کی تاثیر کمزوری باہ کی جملہ شکایات میں اپنا آپ اشتہار ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب

اس لئے میری آپ سے ہمدردانہ گذارش ہے کہ اگر آپ ہر قسم کے علاج سے مایوس ہو چکے ہوں تو ایک بار آزمائش کے طور پر انہیں ضرور استعمال کریں۔ مختلف تجربات کی بنا پر سچائی سے عرض کرتا ہوں کہ یہ دوائیں اپنے اثر میں بے نظیر ثابت ہوئی ہیں۔ ترکیب استعمال کا پرچہ دوا کے ہمراہ ارسال ہوتا ہے۔

طلائے اعظم ایک شیشی عام معجون شفاء ایک خوراک ہے

محصول ڈاک بذمہ خریدار

منیجر دواخانہ صوفیہ اعظم گڈھ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ

عالی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی	شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب دارالعلوم دیوبند
عالی جناب حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف چھوٹے میاں دہلوی	شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب
عالی جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا دہلوی	شیخ التفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبند

کے

خصوصی مجربات

معجون عنبری

دل و دماغ اور جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی نہایت مقوی باہ ممسک اور مفلظ منشط ہے۔ یہ معجون نہایت قیمتی اور لطیف اجزاء مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب ہے نہ اس میں کوئی کشتہ ہے نہ کسی قسم کے سمیات اور نشہ وغیرہ مضر اجزاء [illegible] کرتی ہے اعصاب کو قوت دیتی بھوک بڑھاتی ہے کمزور سے کمزور آدمی چند روز میں توانا تندرست ہو جاتا ہے قبل از وقت بھی استعمال ہو سکتی ہے خوراک چھ ماشہ قیمت فی تولہ آٹھ آنہ (۸/)

اکسیر قلب

دل کے امراض میں واقعی اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس کو استعمال کرنے سے دماغی کام کرنے والے دماغ سے جس قدر چاہیں کام لے سکتے ہیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک قیمت فی تولہ چار روپیہ آٹھ آنہ (۴/۸)

[illegible]

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

کروڑوں روپے

تار کا پتہ "سیڈی سنز" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو، مسلم اور سکھ طلبا طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

قرص امضی — اکسیر نسوان — ملین — جوہری

[illegible]

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

گرم کوٹوں کی فہرست مفت طلب کرو

منیجر وی فٹ کوٹ کمپنی نجفو ٹر لائن کراچی

الجامعہ

[illegible]

منیجر رسالہ الجامعہ خانقاہ رحمانیہ مونگیر

تلاش گمشدہ

[illegible]

محمد عبدالعزیز خطیب مسجد جامع گوجرانوالہ

مسلمانوں کا سب سے سستا رسالہ

[illegible]

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو

[illegible]

دونوں دواؤں کی قیمت ساڑھے ۷ روپیہ

جریان کی گولیاں — سفوف جریان

[illegible]

تبدیل غدود یا عمل جراحی کے بغیر بھی

آدمی جوان ہو سکتا ہے

معجون شباب آور

[illegible]

منیجر محمدی دواخانہ یونانی دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کے لئے

سالانہ — ششماہی — سہ ماہی

ممالک غیر کے لئے

سالانہ — ششماہی

نمونہ مفت

فی پرچہ ایک آنہ

تاریخ اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

یکم — ۵ — ۹ — ۱۳

۱۶ — ۲۰ — ۲۴ — ۲۸

کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار)

نصف صفحہ (")

ایک کالم (")

½ کالم (")

¼ کالم (")

يد الله على الجماعة

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے)

معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۶ — دہلی - یوم جمعہ ۲۷ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۳۲ء — نمبر ۳۰

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از معاون)

"اولاد کی عزت کرو"

اسلام نے ہر مسلمان کو حکم دیا ہے کہ اپنی اولاد کی عزت کرو تاکہ وہ تمہاری عزت کرے ... ارشاد فرمایا "اکرموا اولادکم" اولاد کی عزت کرنے کے معنے یہ ہیں ...

قوموں کے مستقبل کا انحصار بچوں کی تربیت پر ہے

مسلم والدین کس طرح بچوں کو ہلاکت کے غار میں گرا رہے ہیں

سید المرسلین کے اسوۂ حسنہ کی ایک جھلک

سب کو معلوم ہے کہ قوموں کی تعمیر بچوں کی تربیت اور ضروریات پر منحصر ہے۔ جس قوم کے بچے اپنے والدین سے قومی اور مذہبی روح کو وراثتاً حاصل کرتے ہیں ...

مسلمان بچوں کی آوارگی

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمایئے)

معاصرین کے افکار و آراء

مسلم راج کے تیرہ مطالبات (زمیندار)

بعض مسلمانوں کا عاقبت ناشناسانہ طریق عمل ...

فرقہ وار تعصب کا ہولناک مظاہرہ (حقیقت)

سرزمین پنجاب ایک عرصہ سے فرقہ وارانہ کشمکش اور مذہبی تعصبات کا مسکن بنی ہوئی ہے ...

"انقلاب" کا ہذیان

فرقہ پرست ہندو (الجمعیۃ)

اقلیتوں کا معاہدہ

جائے نماز — نایاب تحفہ جس کی ہر ایک مسلمان کے گھر میں ضرورت ہے ضرور آزمائش کریں۔ جائے نماز قسم اول طول ۱ گز عرض ۱۲ گرہ ... علاوہ محصول ڈاک۔ جائے نماز قسم دوئم طول ۱ گز عرض ۱۲ گرہ اجرت ۱۲ ... علاوہ محصول ڈاک۔ (نوٹ) اگر کسی دوکاندار کو زیادہ جائے نماز کی ضرورت ہو تو ہم سے خط و کتابت کریں۔

نایاب کتابیں — ناظرین یہ نایاب کتابیں ہر وقت ہمارے کارخانہ سے مل سکتی ہیں ... مع اسناد و آزمائش کریں۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا۔ ملنے کا پتہ: قادر کمپنی سرکل ۹ لدھیانہ (پنجاب)

مفت بانٹا جائے تو برا کیا ہے

ہر قسم کے جوبن کے لئے اکسیر ... بالکل نہیں کرتی

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروشس

بازار بلیماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کیسٹوفین

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

صرف ایک رات میں اثر دکھانے والا طاقت مردمی کا شہنشاہ

حیرت انگیز ایجاد (یعنی)

طلسماتی طلا اردیا طلاء بے نظیر

وید بھوشن ڈاکٹر منارام گپتا طبیب حاذق ... محلہ سنگیاں بازار ہیر اگنج سہارنپور

بال جڑ سے کالا

... بال کالا اسٹور ... سری در بھنگہ

ہر غریب کے گھر کی تفصیل ہوگی

اگر آپ ...

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب

پھلواری شریف ضلع پٹنہ

ایم اے مجید اینڈ ... بلیماران دہلی

سکول فار الیکٹریشنز لودھیانہ گورنمنٹ نے ریکگنائز کر دیا

... اب گورنمنٹ نے جولائی ۱۹۳۲ء سے اسے ریکگنائز کر دیا ہے ... ہر کلاس کا صرف ایک ایک سال ہے ... منیجر

بے روزگاری کا آسان علاج

معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں۔ اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضرورت کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ "الجمعیۃ" کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

الجمعیۃ کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

الجمعیۃ کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی مذہبی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آج کل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانہ کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ ۱ر، تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر ۱ر، تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر ۲ر، تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر ۴ر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ر علاوہ محصول ڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۸ر

ابدی نجات آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲ر

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدیؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل حسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے ... علاوہ محصول ڈاک وغیرہ جلد چرمی ... فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید کوشش سے ملے گا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ ... علاوہ محصول ڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ہدیہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ بلا جلد ... قسم دوم ... شدہ بلا جلد ... علاوہ محصول ڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ر اور چمڑے کی جلد کا ... ہدیہ کے علاوہ۔

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۷ جمادی الثانی ... ہجری

جمعیۃ علمائے ہند ... مطالبات

پرسنل لا کا تحفظ اور محکمہ قضا کا قیام

فرقہ وارانہ مسائل کے سلسلہ میں جمعیۃ علمائے ہند کی اس روش کے ساتھ ہمیں پوری طرح اتفاق ہے جو اس نے مذہبی تحفظات کے سلسلہ میں اختیار کی ہے۔ جمعیۃ کا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ اگر مسلمانوں کا کلچر، ان کی زبان، اور ان کا مذہب (عبادات و اعمال دونوں کے اعتبار سے) کاملاً آزاد ہو جائے اور دستور اساسی میں ایسے تحفظات داخل کر دئے جائیں کہ مسلمان من حیث الملت اپنے خصائص کو محفوظ رکھ سکیں تو ہندوستان کی متحدہ قومی حکومت مخلوط انتخاب کی صورت میں بھی سوائے فائدہ پہنچانے کے مسلمانوں کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ کیونکہ مذہب جس کے متعلق اختلاف ہے اس طرح قانوناً محفوظ ہو جائے گا۔ باقی دوسرے مفاد ہندوؤں، مسلمانوں اور سکھوں کے لئے مشترک ہیں ان میں کوئی خطرہ باقی نہیں رہتا۔ جماعتوں کی آئندہ سیاسی تقسیم ہندو مسلم اور سکھ جماعتوں کے اعتبار سے نہیں ہوگی بلکہ مزدوری اور سرمایہ داری، تجارت اور صنعت و حرفت ...

[illegible]

حکومت دہلی اور اسمبلی میں سوال

[illegible]

کانفرنس یا تماشہ

[illegible]

قومی اتحاد کی مساعی

[illegible]

نکات و لطائف

[illegible]

مسلم اراکین

[illegible]

مسلم لیگ کا فیصلہ

[illegible]

پھروی مسودات ج

[illegible]

مدیر الجمعیۃ کی علالت

[illegible]

طول و عرض ہند میں لکھنؤ کانفرنس کی تائید و حمایت

مختلف مقامات پر جلسے اور اعلانات

مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق کے مظاہرے

جمعیۃ طلبا بنگال کی جانب سے خیر مقدم

[illegible]

مسلمان یہ ارادہ کر چکے ہیں کہ وہ کوئی کوشش ملک کے مختلف فرقوں اور جماعتوں میں اتحاد اور تعاون پیدا کرنے کی اٹھا نہ رکھیں گے۔

[illegible]

لکھنؤ کانفرنس کے فیصلوں کی تائید

[illegible]

صوبہ بنگال کی مسلم لیگ کا فیصلہ

[illegible]

دہلی کے نوجوان مسلمانوں کی تجاویز

[illegible]

مسلمانان بدایوں کی پرزور تائید

[illegible]

قوموں کے مستقبل کا انحصار بچوں کی تربیت پر ہے

[illegible]

حوادث و واقعات

الجواب

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

[illegible]

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

اسپین کے بعد فرانس میں جمعیۃ اسلامیہ کی تشکیل

فرانس اور عرب کے اتحاد کے لئے مشترکہ مساعی

مجلۃ المغرب میں جارج گرانٹ کا دلیرانہ بیان

اسپین کی جمعیۃ اسلامیہ کے قدم بقدم فرانس میں بھی "جمعیۃ افرنجیہ اسلامیہ" کی بنیاد ڈالدی گئی ہے ...

[illegible]

فلسطین کے پیٹر پارک کا اعلان

پروٹسٹنٹ عیسائیوں سے کوئی تعلق نہ رکھو

[illegible]

بحرین میں روس وزرے احتجاجی ہڑتال

رعایا کے املاک پر ناجائز قبضہ کرنے کا ارادہ

[illegible]

اطلاعات مظہر ہیں کہ بنگال کا فرقہ وارانہ مسئلہ ہندو اور سکھ کانفرنس میں تقریباً طے ہو گیا ہے جسکی رو سے ہندو اور مسلمان علی الترتیب ۴۴ + ۷ اور ۵۱ فیصدی نشستیں حاصل کر سکیں گے۔ یہ فیصلہ دو شرطوں کے ساتھ مشروط ہے (۱) مخلوط انتخاب (۲) اور نشستوں کی تخصیص جو دس سال کے بعد خود بخود ختم ہو جائے گی۔ ۲۵۰ کی مجموعی نشستیں حسب ذیل طریق پر تقسیم کی گئی ہیں:-

مسلمان ۱۲۷ - ہندو ۱۱۲ - یوروپین ۷ - انیگلو انڈین ۲ - ہندوستانی عیسائی ۲ -

آمدہ اطلاعات سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے ۱۴ مطالبات میں سے ۱۱ مطالبات پر کوئی بحث نہیں کی گئی کیونکہ ان کا تعلق مسلم پرسنل لا سے ہے اور ہندو اور سکھ اس میں مداخلت کو پسند نہیں کرتے باقی پنجاب و بنگال میں اکثریت اور سندھ کی علیحدگی کے دو مسئلے رہ گئے ہیں جن میں سے پنجاب و بنگال کا مسئلہ تقریباً حل ہو گیا ہے اور سندھ کا معاملہ ابھی زیر بحث ہے۔

یہ فیصلہ خود ہندوؤں اور سکھوں نے اپنی نجی کانفرنس میں بیٹھ کر طے کیا ہے۔ آج ہندو، سکھ اور مسلم کانفرنس منعقد ہوگی جس میں مندرجہ بالا فیصلہ بغرض منظوری پیش کیا جائیگا۔ ابھی کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ مشترکہ کانفرنس میں کیا صورت پیدا ہوگی اور آخری اور متفقہ حل کس نوعیت کا ہوگا لیکن قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ انشاء اللہ متفقہ حل کی تلاش میں کوئی ایسی صورت پیش نہ آئے گی جو کانفرنس کی ناکامی پر منتج ہو۔ جب وسعت قلبی اور فراخ حوصلگی پیدا ہو جائے تو اختلافات کے انبار روئی کے گالوں کی طرح اڑ جاتے ہیں۔

اس موقعہ پر اگر گاندھی جی اپنی موجودگی سے قوم کی رہنمائی فرماتے تو شاید اتنی مشکلات بھی پیدا نہ ہوتیں مگر اس سلسلہ میں حکومت کے رویہ پر جس قدر افسوس کیا جائے کم ہے۔ کیا خبر تھی کہ مختلف ملتوں کی سعی مصالحت میں خود حکومت ہی کوہ گراں بنکر حائل ہو جائے گی اور اس موقعہ پر گاندھی جی کے مشوروں سے پوری قوم کو محروم کر دے گی۔ برطانوی روایات کے پیش نظر حکومت کا یہ طرز عمل کوئی نیا انکشاف نہیں ہے جس پر شکوہ شکایت کا طویل باب کھولدیا جائے البتہ چھوت اچھوت کے مسئلہ کو طے کرنے کے لئے حکومت نے گاندھی جی اور دیگر ہندو لیڈروں کو جو سہولتیں بہم پہونچائی تھیں ان کے پیش نظر یہ بھی توقع ہوگئی تھی کہ اقوام ہند کے باہمی تصفیہ کے موقعہ پر بھی حکومت اپنی اس دور اندیشی کا ثبوت دیگی اور گاندھی جی کو رہا کر کے یا کم از کم ملاقات کی اجازت دیکر مفاہمت کے راستہ میں حائل نہ ہوگی مگر دنیا نے دیکھ لیا کہ حکومت اقوام ہند کے اتحاد کو کن نظروں سے دیکھتی ہے اور اس کے امکانات کے احساس سے کس طرح لرزہ براندام ہو جاتی ہے۔ مولانا شوکت علی صاحب نے کئی بار کی ملاقاتوں اور طویل مراسلت کے بعد نائب الحکومت سے آخری التجا کی تھی کہ ہز ایکسلنسی گاندھی جی سے ملاقات کی اجازت ہی دیدیں مگر حکومت نے مولانا کی اس درخواست

حوادث و احکام

خریداران الجمعیۃ

وائسرائے کے نام مولانا شوکت علی کا دوسرا مکتوب

نائب الحکومت کا مایوس کن جواب اور مولانا شوکت علی کا بیان

الہ آباد کانفرنس کے سلسلہ میں امید افزا اطلاعات

توقع پوری ہوگئی تو اس کانفرنس کے بعد اس سے بڑی کانفرنس منعقد کی جائے گی جس میں ہندوستانی عیسائیوں، اینگلو انڈینوں اور یورپینوں کے نمائندے بھی شریک ہوں گے تاکہ ان کے ساتھ سمجھوتہ ہو جائے۔

معلوم ہوا ہے کہ پنڈت مالویہ نے بنگال، پنجاب، بمبئی، مدراس، آسام اور دہلی کے مزید بیس اشخاص کو الہ آباد کانفرنس کی شرکت کیلئے مدعو کیا ہے۔

وائسرائے کا مایوس کن جواب

بمبئی ۱۴ اکتوبر۔ مولانا شوکت علی نے کل وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری کو ایک تار ارسال کیا تھا جس میں لکھا تھا کہ "ہز ایکسلنسی کے فیصلہ پر مجھے بہت افسوس ہے۔ براہ نوازش از راہ مہربانی گاندھی جی سے ملاقات کی اجازت دیدیجئے۔ امید ہے کہ گاندھی جی ہماری درخواست کو منظور کرلیں گے۔"

مذکورہ تار کے جواب میں کل مولانا موصوف کو وائسرائے کا مندرجہ ذیل تار ملا ہے:-

"میرے ۲۱ اکتوبر کے خط میں آپ کی دونوں درخواستوں کا جواب دیدیا گیا تھا کہ گاندھی جی سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔"

مولانا شوکت علی کا بیان

بمبئی ۲۱ اکتوبر۔ مولانا شوکت علی نے وائسرائے کو ایک اور مکتوب روانہ کیا ہے جس میں گاندھی جی کو ساتھ نہ رکھنے پر افسوس ظاہر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "جب انہوں نے (وائسرائے نے) مجھے شرف ملاقات بخشا تھا تو انہوں نے ایک ہمہ گیر صلح کے لئے ہماری مساعی پر بہت زیادہ ہمدردی ظاہر کی تھی ...

لندن کانفرنس کے بعد رہائی

ڈاکٹر انصاری اور الہ آباد کانفرنس

ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

سمجھوتہ کیلئے خلوص اور دعا کی تلقین

شیخ داؤدی کا مکتوب

ڈاکٹر موسے کا بیان

پنڈت مالویہ کا امید افزا بیان

فارس کی ایک سعید روح پر آفتاب نبوت کی چمک

(بسلسلہ صفحہ اول)

حضرت سلمان، آستانہ نبوت پر

علامات نبوت کی تلاش

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

بغداد میں خواتین عراق کی کانفرنس

خواتین عرب کی "ترقی" کا پہلا قدم

بغداد میں خواتین عراق کی ایک زبردست کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ بین الاقوامی مجلس خواتین کی چار مندوبین خواتین نے کانفرنس کا اہتمام و انصرام کیا ہے۔ ان چاروں خواتین کے نام یہ ہیں:-

نور حمیدہ صدر مجلس خواتین شام۔ میڈم قادری رزاق۔ میڈم جمال جیتیم و فاطمہ سعید مراد۔

ان کا ارادہ ہے کہ بغداد کے بعد طہران میں بھی ایک کانفرنس منعقد کی جائے جس میں شام، عراق اور ایران کی مسلم اور غیر مسلم خواتین شامل ہو کر اپنی ترقی اور بہبودی کے ذرائع پر غور کریں۔

اس کانفرنس کا مقصد یہ ہے کہ مسلم اور عرب خواتین کو منظم کیا جائے اور سیاسیات سے علیحدہ رہ کر اپنی ترقی کیلئے تدابیر اختیار کی جائیں۔ نور حمیدہ کانفرنس دروزی خواتین کی نمائندہ ہیں اور فاطمہ سعید مراد خواتین شام کی ترجمان ہیں اور یہ پہلی خاتون ہیں جنہوں نے شام میں اعلیٰ پیمانہ پر تعلیم حاصل کی ہے۔

بغداد میں ان خواتین کا شاندار استقبال شاہ فیصل اور بیگم فیصل نے کیا اور ان کو اپنا مہمان بنایا۔ کانفرنس کے تین اجلاس ہوئے ہیں جن میں عراق اور دیگر ممالک کی خواتین نے کافی حصہ لیا۔ کانفرنس کے افتتاح کے موقعہ پر وزیر تعلیمات اور شرکا وزیر اور ان کی اہلیہ نے شرکت کی۔ عراق کی ایک مسلم خاتون نے کانفرنس میں بڑی پرزور تقریر کی۔

مراکش میں عربوں کا زبردست اجتماع

اٹلی اور فرانس کو آخری انتباہ

مراکش میں عنقریب ایک کانفرنس منعقد ہونے والی ہے جس میں مصر، ٹیونس، الجزائر وغیرہ ممالک کے عرب کثیر تعداد میں شمولیت کریں گے۔ کانفرنس کا مقصد یہ ہے کہ فرانسیسی اور اطالی مستعمرات میں عربوں پر جو مظالم توڑے جاتے ہیں انکے انسداد کیلئے آئینی تدابیر اختیار کی جائیں۔ کانفرنس کے داعیان نے فرانس اور اٹلی کو تنبیہ کر دیا ہے کہ وہ اپنے رویوں میں تبدیلی کریں اور عربوں کو ستانے کے منصوبوں سے باز آئیں ورنہ اگر ان کے خلاف کوئی کارروائی اختیار کی گئی تو اس کے نتائج کی ذمہ داری خود ان ہی پر عائد ہوگی۔

معلوم ہوا ہے کہ ٹیونس اور الجزائر کے مسلمان خصوصیت سے کانفرنس میں ان پابندیوں کے خلاف زبردست احتجاج کرینگے جو حکومت فرانس نے پادریوں کے فریب میں آکر مسلمانوں پر عائد کر رکھی ہیں اور جنکا مقصد یہ ہے کہ ٹیونس اور الجزائر کے عرب مسلمان فریضہ حج کو ادا نہ کر سکیں کیونکہ حج مسلمانوں کو مذہبی استحکام بخشنے کے علاوہ اتحاد اسلام کا زبردست ذریعہ ہے۔ کانفرنس کے انعقاد کی زبردست تیاریاں ہو رہی ہیں۔

وسط چین میں ایک عالی شان مسجد کی تعمیر

درسگاہ کیلئے مصری علماء کا تقرر

جاوا کا ایک عربی اخبار اطلاع کرتا ہے کہ وسط چین میں تعلیم یافتہ چینی مسلمانوں کی مساعی سے ایک عظیم الشان مسجد تعمیر ہو رہی ہے۔ مسجد کی وسعت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس میں انشاء اللہ بیک وقت تین ہزار آدمی نماز پڑھ سکیں گے۔

مسجد کے پہلو میں ایک زبردست مدرسہ بھی زیر تعمیر ہے جس کے پانچ حصے ہیں۔ ایک حصہ کتب خانہ کیلئے مخصوص ہوگا۔ دوسرا حصہ طلباء کی اقامت گاہ ہوگا۔ تیسرے حصہ میں درس و تدریس کا انتظام کیا جائے گا۔ چوتھے حصہ میں ایک ... قومی اجتماعات کیلئے مخصوص ہوگا۔ مسجد کی تعمیر کیلئے جاوا اور وہاں کے مسلمانوں نے کثیر سرمایہ فراہم کیا ہے جو چند مخلص مسلمانوں کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ چینی مسلمانوں کا ارادہ ہے کہ اس مسجد کی امامت اور مدرسہ میں تعلیم کیلئے مصر سے کسی زبردست عالم کو بلایا جائے جو اپنے فرائض پر مسلمانان چین کی مذہبی اور تعلیمی ضروریات کا انتظام کرے۔

عراق و شام کی سرحد پر فرانسیسی فوج سے جنگ

ایک فرانسیسی افسر مارا گیا

عراق اور شام کی سرحد پر ابوکمال ضلع میں فرانسیسی فوج اور بدوؤں کے درمیان جنگ ہوگئی ہے۔ سرحد پر عراق کے بہت سے قبائل ہیں۔ اس جنگ میں ایک فرانسیسی افسر مارا گیا ...

شام کی پارلیمنٹ کو توڑ دیا جائے گا

ہندو اور سکھ لیڈروں کے باہمی مشورے

مسلمانوں کے ۱۴ مطالبات پر ہندو اور سکھوں کی متفقہ اسکیم

بنگال کونسل میں مسلمانوں کے لئے اکاون فی صدی نشستوں کی تخصیص

الہ آباد ۳ نومبر۔ ہندو اور سکھ لیڈروں کے درمیان غیر رسمی طور پر جو تبادلہ خیال ہو رہا تھا وہ کل ۹ بجے شب ختم ہو گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندو اور سکھ لیڈروں کا ہنگامی ... جداگانہ ... بحث و تمحیص میں گذرا ... پنجاب کے مسئلہ پر بحث ... ہوسکی اس لئے کوئی قرارداد منظور نہیں کی گئی ... گفتگو ... پھر شروع ہوگی۔ ہندو مہاسبھا کے لیڈروں نے یہ تجویز پیش کی کہ نشستوں کی تخصیص کے حق کو دس سال کے بعد ترک کرنے یا نہ کرنے کا اختیار اقلیتوں کو دے دیا جائے۔ لیکن اس تجویز کی کسی نے تائید نہیں کی اور مسترد ہوگئی۔ سب سے زیادہ وقت پنجاب کے مسئلہ کے حل میں محسوس کی جا رہی ہے تاحال کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ مسلم لیڈروں کے ۱۴ مطالبات پر ہندو اور سکھ لیڈروں نے جو اسکیم مرتب کی ہے وہ آج آل پارٹیز کانفرنس کے کھلے اجلاس میں پیش کی جائے گی۔ ...

... مسلمان ۱۲۱ ہندو ۱۱۲ عیسائی ... یورپین ۷ ... اینگلو انڈین ۲ کل ۲۵۰ ... دس سال ... مخلوط انتخاب ... پنڈت مالویہ نے فرمایا کہ بنگال کے ہندو لیڈر اس امر ... پر اتفاق ہو گیا کہ مسلمانوں کو اکاون فی صدی نشستیں دیدی جائیں۔ ہندو اور سکھوں کی ...

الہ آباد میں مسلم رہنماؤں کی مجلس مشاورت

اتحاد کانفرنس کیلئے نمایندوں کا انتخاب

نشستوں کی تخصیص کیساتھ دس سال کیلئے مخلوط انتخاب

الہ آباد ۳ نومبر۔ مسلم رہنماؤں کے درمیان جو ایک مشاورت ہو رہی تھی وہ کل شام کو ختم ہو گئی۔ اجلاس کی صدارت مولانا ظفر علی خاں صاحب نے کی گفتگو مفاہمانہ طریقہ پر کی گئی۔ طول گفتگو کے بعد کانفرنس نے فرقہ وارانہ مسئلہ کے متعلق ایک متفقہ اسکیم مرتب کی۔ چونکہ اکثریت والے صوبوں کے متعلق لکھنؤ کانفرنس ہی فیصلہ کیا جا چکا تھا اسلئے زیادہ وقت اقلیت والے صوبوں کے معاملات پر ہی صرف کیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ مسلمانوں نے دس سال کے لئے نشستوں کی تخصیص کے ساتھ مخلوط انتخاب منظور کر لیا ہے بشرطیکہ ان کے ۱۴ مطالبات عملی طور پر منظور کر لئے جائیں۔ مسلمانوں نے حسب ذیل لیڈروں کو اتحاد کانفرنس میں مسلم قوم کی نمائندگی کیلئے منتخب کیا ہے۔ یہ کانفرنس آج ۳ تین بجے شروع ہوگی۔

مولانا شوکت علی صاحب۔ مولانا ابوالکلام صاحب آزاد۔ راجہ صاحب سلیم پور۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی۔

شیعہ پولٹیکل کانفرنس کا اجلاس

لندن کانفرنس سے مایوسی اور مخلوط انتخاب کی حمایت

لکھنؤ ۳۰ اکتوبر۔ آج شیعہ پولٹیکل کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے راجہ غضنفر علی خاں نے فرمایا کہ ہم فرقہ وارانہ اور نسلی دونوں لڑائیاں ساتھ لڑ رہے ہیں یعنی ہم بوجہ اپنے اعتقادی معقول اور غیر معقول حقوق کا ایک دوسرے سے مطالبہ کر رہے ہیں۔ گذشتہ موقعہ پر گول میز کانفرنس میں یہ باہمی جھگڑا پیش کر دیا گیا اور اس طرح ہندوستان کی جگ ہنسائی ہوئی وہ طاقتیں جو کہ بالکل باہمی تفصیلوں میں مبتلا ہیں ان کو چاہئے کہ وہ اپنے تمام اختلافات دور کر کے آزادی ہند کے لئے سعی کریں۔

تیسری گول میز کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے صاحب صدر نے فرمایا کہ اس کانفرنس کی ناکامیابی یقینی ہے ...

بنگال کے ہندو نشستوں کی تخصیص کے خلاف ہیں

مسلمانوں کو ۵۱ فیصدی نشستیں دیدی جائیں

الہ آباد ۳ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ کل اتحاد کانفرنس میں بنگال کے مسئلہ پر بحث ہوئی بنگال کے ہندوؤں کا نظریہ یہ ہے کہ بنگال میں کسی جماعت کیلئے نشستوں کی تخصیص نہ کی جائے ... اگر اکثریت کیلئے نشستوں کی تخصیص ضروری ہو تو پھر ان کو ۴۸ فیصدی نشستیں آبادی کے تناسب سے دی جائیں گی۔ بنگالی ہندو مسلمانوں کی ۵۱ فیصدی نشستوں کی تائید کر رہے ہیں۔ رجوان کو یوروپین نشستوں سے دی جائیں گی۔

کلکتہ کے سکھوں نے بنگال کونسل کیلئے نشستوں کی تخصیص کا مطالبہ کیا ہے۔ کیونکہ کلکتہ میں ان کی آبادی ... ۲۵ افراد پر مشتمل ہے۔ ان سکھوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ نشستوں کی تخصیص پر اصرار نہ کریں۔ بحث جاری ہے۔

مسلمانوں کو ۱۴ کے بجائے ۳۰ مطالبات کرنا چاہئیں

اسلام تلوار سے نہیں بلکہ اخوت اور جمہوریت سے پھیلا

سر پی سی رائے کا اتحاد آموز بیان

کراچی ۱۵ اکتوبر پرسوں تمام کو نوجوانوں کے سامنے مسٹر پی سی رائے نے تقریر ...

دار الحکومت

اڈمنسٹریٹر کی منتخب مجلس کا اجلاس

چار ارکان کا واک آوٹ

سرحد کے ہندو سمجھوتہ میں حائل نہ ہونگے

ڈاکٹر مونجے نے سر محمد یعقوب کی دعوت قبول کرلی

ہندو مہاسبھا کو سر محمد یعقوب نے فرقہ وارانہ مسائل کے تصفیہ کے متعلق جو خط لکھا تھا اس کے جواب میں ڈاکٹر مونجے نے آپ کو مندرجہ ذیل برقیہ ارسال کیا ہے:۔

"بہت بہت شکریہ۔ مجھے اخبارات کے ذریعے یہ معلوم کر کے بیحد مسرت ہوئی کہ آپ نے ہندو مہاسبھا کو فرقہ وارانہ مسائل کے تصفیہ کے متعلق تحریر فرمایا ہے مہاسبھا نہایت مسرت کے ساتھ آپ کی لیگ سے فرقہ وارانہ سمجھوتہ کے لئے تیار ہے۔"

میں نے اس تار کے علاوہ ایک تار اور بھی بھیجا ہے جس میں ان سے جلسہ کے لئے وقت اور مقام تعین کرنے کی فرمائش کی ہے۔

کانپور اور الہ آباد میں قمار بازوں کی گرفتاری

کانپور یکم نومبر دیوالی کے سلسلہ میں جوا کھیلنے کے الزام میں پولیس نے جن اشخاص کو گرفتار کیا ہے ان کی تعداد ۲۰۳ تک پہنچ گئی ہے۔

الہ آباد یکم نومبر دیوالی کے دنوں میں الہ آباد بھی قمار بازی کی وبا سے محفوظ نہیں رہ سکا۔ پولیس نے ۱۳۱ اشخاص گرفتار کئے۔

گاندھی جی کی رہائی میں طانوی اقتدار کا پتھر

پہلے گاندھی جی کو پیش قدمی کرنی چاہئے

دارالعوام میں وزیر ہند کا بیان

لندن یکم نومبر دارالعوام میں سوالات کے وقت مسٹر تھامس ولیم مزدور ممبر نے حکومت سے دریافت کیا کہ:۔

حکومت اور گول میز کانفرنس کے ساتھ کانگریس کے تعاون کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے جن کا مسٹر گاندھی نے ۱۷ ستمبر کے بیان میں یقین دلایا تھا کیا حکومت ہند نے اس قسم کے تعاون حاصل کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھایا؟

سر سموئیل ہور وزیر ہند نے جواب دیا میرا خیال ہے کہ سوال میں مسٹر گاندھی کے جس بیان ... کانگریس کے تعاون ... کا اظہار کیا تھا کہ گول میز کانفرنس اور حکومت کے ساتھ کانگریس کے تعاون کے لئے کسی ناقابل غور تجویز پر عمل کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور جس میں مسٹر گاندھی نے "قابل غور" لفظ پر زور دیا تھا۔

سر سموئیل ہور نے کہا:۔ جیسا کہ میں نے ۹ اپریل کو دارالعوام میں کہا تھا "پیش قدمی کرنا" مسٹر گاندھی کے ہاتھوں میں ہے۔ اگر مسٹر گاندھی ان تعلقات کو جو گذشتہ گول میز کانفرنس کے موقعہ پر قائم تھے۔

درست بنانے کے لئے رضامند ہیں تو وہ اپنے حقائق کو حکومت تک پہنچانے کے لئے مقتدر کسی دقت بھی محسوس نہ کریں گے اور حکومت اس طرح جو صورت پیدا ہوگی اس پر دل سے غور کرے گی۔

ایک ولایتی پارچہ فروش کی ناک غائب

کانپور ... مسٹر نرنجن لال ... رات کے آٹھ بجے رائے صاحب ...

عربی موسیقی کے ایک ماہر کا انتقال

کانفرنس کی کامیابی ہی حکومت کا صحیح جواب ہوگی

یہی خدا کی مرضی ہے کہ ہم کامیاب ہوں

حکومت کے رویہ پر مولانا شوکت علی کا اظہار خیال

الہ آباد ۲ نومبر۔ مولانا شوکت علی اپنی بیگم صاحبہ اور دیوی داس گاندھی کے ہمراہ الہ آباد پہنچ گئے۔ اسٹیشن پر آپکا پرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ مولانا نے اخبار کے ایک نمائندہ سے انٹرویو کے دوران میں فرمایا کہ میں ۸ نومبر کو الہ آباد سے بمبئی روانہ ہو جاؤں گا اور بمبئی سے ۱۰ نومبر کو امریکہ کے لئے انگلستان روانہ ہو جاؤں گا۔

مولانا شوکت علی نے حکومت کے اس رویہ پر اظہار افسوس کیا جو اس نے گاندھی جی کی رہائی کے متعلق اختیار کیا ہے۔ اور فرمایا اتحاد کانفرنس کی کامیابی ہی حکومت کے رویہ کا صحیح جواب ہوگی۔ آپ نے مزید فرمایا کہ اب خدا کی یہی مرضی ہے کہ ہم آپس میں متحد ہو جائیں اور مجھ کو امید ہے کہ ہم اس مقصد میں ضرور کامیاب ہونگے۔

بے روزگاروں کے سردار کی گرفتاری

دفتر وزارت اور پارلیمنٹ پر حملہ

لندن یکم نومبر خفیہ پولیس نے آج بے روزگاروں کے قومی کارکنوں کے مرکزی دفتر پر چھاپہ مارا اور ہیننگٹن کو حراست میں لے لیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گذشتہ ... جلوس نکالا تھا اور جس کے باعث ٹرافلگر اسکوائر میں شدید ہنگامہ رونما ہوا تھا اس کا بانی مبانی ہیننگٹن ہی ہے۔ گرفتاری کے وقت وہ اپنے ہمراہیوں کے ...

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

دہلی ۳ نومبر آج دہلی مارکیٹ میں ذیل کا نرخ رہا۔

گندم سرخ ... سیر۔ گندم سفید ... سیر۔ گندم شربتی ... سیر۔ نخود ... جو ... باجرہ ۱۹ سیر۔ جوار ... سیر ... مکی ... آٹا چکی ... آٹا نمبر ایک فلور مل ... میدہ ... دال ماش سبز ... دال ماش سیاہ ...

کانگریس اسٹور پر پولیس کا چھاپہ

لاہور میں کانگریس بلیٹن تقسیم کئے گئے

دہلی جیل سے ایک قیدی کا فرار

... عرف جوزف نامی ایک قیدی جسے ... کل دوشنبہ کی صبح کو دہلی ڈسٹرکٹ جیل سے کسی طرح ... جیل کے باغ میں کام کرتا تھا ساڑھے دس بجے کے قریب اس قیدی کو دیدی جو اس کے کام کی نگرانی کرتا تھا اور اس کے بعد غائب ہو گیا۔

صدر خلافت دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں

دہلی ۳۰ اکتوبر کل گیارہ بجے جناب شیخ عبدالمجید صاحب سندھی صدر آل انڈیا خلافت کمیٹی جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں تشریف لائے۔ مولانا ابوالنصر صاحب بہاری ... دفتر کے حالات ... تک گفتگو ... پر تشریف لے گئے۔

اعلیٰ حضرت نظام نے بیواؤں کی مصیبتوں کو ختم کردیا

عقد ثانی کے بعد بیوائیں حق وراثت سے محروم نہیں ہوسکیں گی

بنگال کا کوئی اسکول اور کالج تشدد پسندوں سے خالی نہیں ہے

کلکتہ کارپوریشن پر انارکسٹوں کی تربیت کا الزام

بنگال کے متشددانہ جرائم پر سر چارلس ٹیگرٹ کا تبصرہ

لندن یکم نومبر کل سر جیکسن کی زیر صدارت رائل امپائر سوسائٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں کثیر تعداد میں ... لوگوں نے شرکت کی سر چارلس ٹیگرٹ نے "ہندوستان میں تشدد" کے عنوان پر ایک تقریر کی اور کہا کہ بنگال میں کوئی ایسا تعلیمی ادارہ نہ ہوگا جس میں تشدد پسندوں کا گروہ موجود نہ ہو۔ بنگال کے تشدد پسند ... بلکہ سیاسی لیڈروں کا ان پر کنٹرول ہے اور ان ہی کی زیر ہدایت وہ متشددانہ اقدامات کے مرتکب ہوتے ہیں ...

تقریر کو جاری رکھتے ہوئے سر چارلس نے کہا کہ ۱۹۳۰ء میں آٹھ ماہ کے اندر ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ ختم ہونے کے بعد ۱۹ اشخاص قتل کئے گئے۔ اس کے مقابلہ میں گزشتہ سال بنگال نے بہت ہی سیاہ ریکارڈ پیش کیا وہاں ۱۱۸ حادثے رونما ہوئے۔ اس تیسری تحریک میں یوروپین افسر اور عوام دونوں پر حملے کئے گئے۔ سر چارلس نے ان متشددانہ کارروائیوں کو ... تحریک سے تعبیر کیا ہے۔ آپ نے کہا کہ اس کی بنیاد بال گنگادھر تلک نے ڈالی ... گھوش وغیرہ افراد نے پہنچایا۔

لنکاشائر میں دو لاکھ مزدوروں کی ہڑتال

تنخواہ میں تخفیف کے خلاف احتجاج

اشتراکیوں نے کاتنے والوں کو ورغلا دیا

لندن ۱۳ اکتوبر۔ آج کاتنے والوں کی متحدہ جماعت کے جلسہ میں توقع کے خلاف ۸۷ بمقابلہ ۴۸ ووٹ رہنماؤں کی سفارش کو نامنظور کر دیا گیا جس کا کسی کو گمان بھی نہ تھا۔

اس واقعہ سے تمام ملک میں ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے دو لاکھ کپڑا ... پر اس کا اثر پڑے گا۔ احتجاجیوں کا مطالبہ ہے کہ تنخواہ میں ایک جبری کمی ...

ایک مدبر اور سیاسی مفکر مسلمان کا انتقال

سر علی امام یکایک چل بسے

ٹینہ ایک خبر مظہر ہے کہ پرسوں اتوار کے دن صبح سر علی امام کا یکایک قلب کی حرکت رک جانے سے انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

وہ رانچی دیوالی کی چھٹیاں گزارنے تشریف لے گئے تھے۔ جہاں ... گول میز کانفرنس سے واپسی کے بعد سے آپ کی صحت اچھی نہیں رہتی تھی ...

سیاسی جدوجہد و بیداری کا یہ نتیجہ ہوا کہ ۱۹۰۸ء میں سر علی امام کی صدارت میں مسلم لیگ نے اپنا پہلا سالانہ جلسہ امرتسر میں کیا اس کے بعد ۱۹۰۹ء میں ... جو اصلاحات ملک میں رائج ہوئی ہیں ان میں مسلمانوں کے خیالات کی ترجمانی کے لئے سر علی امام سے زیادہ کوئی موزوں شخص نہیں ہے۔ چنانچہ جوہ وفد لیگ کا انگلستان ... بھیجا گیا آپ اس کے ایک رکن تھے۔ نومبر ۱۹۰۹ء میں جب اصلاحات کا اعلان کیا گیا تو آپ کو یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی کہ آپ اپنی سیاسی جمیلہ بہت بڑی حد تک کامیاب ہوئے ہیں اور جن حقوق کیلئے آپ لڑ رہے تھے وہ بڑی حد تک حکومت نے مسلمانوں کو عطا کر دیئے۔ دسمبر ۱۹۱۰ء کی ابتدا میں آپ کو گورنر بنگال کی ایگزیکٹو کونسل کا ممبر مقرر کیا گیا۔ پھر بتدریج آپ ترقی کرتے کرتے وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر ہوئے۔

آپ چھ سال تک ممبر قانون کے فرائض بڑی قابلیت سے ادا کرتے رہے ... ہائیکورٹ میں جج ہوگئے ...

دونوں جج بلوں کو کسی غور و خوض کے بغیر مسترد کر دیا جائے

الہ آباد میں جمعیۃ علماء ہند کی مجلس مشاورت کا فیصلہ

الہ آباد ۲ نومبر۔ مولانا محمد شاہد احمد صاحب الہ آباد سے بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مشاورت کا ایک جلسہ مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی زیر صدارت خان بہادر مظفر علی ایم ایل سی کے دولت کدہ پر منعقد ہوا حاضرین میں مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد، مولانا حفظ الرحمن، مولانا محمد مقیم، مولانا محمد فاروقی، قاضی احمد حسین اور دیگر اصحاب شریک تھے جلسہ میں متفقہ طور پر حسب ذیل قرارداد منظور کی گئی:۔

... اور جس کی تائید تمام ملک میں متعدد عام جلسوں اور مظاہروں میں کی جا چکی ہے یہ اجلاس اس امر پر زور دیتا ہے کہ سلیکٹ کمیٹی کو باقی دونوں جج بل کسی غور و خوض کے بغیر اور اس نوٹ کے ساتھ واپس کر دینے چاہئیں کہ رائے عامہ ان کے خلاف ہے اور ان بلوں کو مذہبی مداخلت تصور کرتی ہے۔ مذکورہ قرارداد کی نقل ارکان آسمبلی کو روانہ کر دی گئی ہے۔

سر علی امام کے انتقال پر وائسرائے کا تار

پٹنہ یکم نومبر سر علی امام کی بیگم صاحبہ کو ان کے شوہر کے انتقال پر سینکڑوں تعزیتی پیغامات موصول ہو رہے ہیں۔ وائسرائے اور لیڈی ولنگڈن نے گورنر کی معرفت مندرجہ ذیل تعزیتی پیغام بیگم سر علی امام کے نام ارسال فرمایا ہے:۔

"آپکے ساتھ ہماری گہری ہمدردی ہے۔ آپ کے شوہر کے انتقال سے ہم کو محسوس ہو رہا ہے کہ ہمارا ذاتی دوست ہم سے جدا ہو گیا۔ ہندوستان اپنے ایک معتمد علیہ شہری سے ہمیشہ کیلئے محروم ہو گیا۔"

سر علی امام کے انتقال پر پٹنہ ہائی کورٹ بند

پٹنہ یکم نومبر۔ پٹنہ ہائی کورٹ اور سکریٹری ایٹ کے جملہ دفاتر سر علی امام کی یادگار میں بند رہے۔ مقامی انجمن وکلاء کا ایک تعزیتی جلسہ منعقد ہوا جس میں سر علی امام کے انتقال پر اظہار افسوس کیا گیا۔

بکری سے آدمی کا بچہ پیدا ہوا

ناگپور ۲ نومبر محلہ حسن پوری شہر ناگپور میں ایک بکری کے آدمی کا بچہ پیدا ہوا جس سے تمام لوگ حیرت زدہ ہو گئے ہیں نامہ نگار نے اس بچہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور اس کا بیان ہے کہ یہ بچہ ہو بہو ایک انسان کا بچہ ہے اس کے دو ہاتھ دو پاؤں ہیں۔ بکری تو زندہ ہے لیکن لڑکا مردہ ہے۔

بمبئی کی ۴۴ ویں جنگی کونسل گرفتار

بمبئی یکم نومبر بمبئی کی ۴۴ ویں جنگی کونسل جو مسز لیلاوتی ساکار ام اور دو دیگر خواتین ساتھ آٹھ مردوں پر مشتمل تھی۔ جھنڈے کی سلامی ادا کرنے کے الزام میں گرفتار کر لی گئی۔

الور میں شیعہ قیدیوں کی رہائی

لکھنؤ شیعہ کانفرنس کا اجلاس راجہ غضنفر علی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ... تالیوں کی گونج میں یہ اعلان کیا گیا کہ مہاراجہ الور نے دیوالی کی تقریب میں ان تمام شیعہ قیدیوں کو رہا کرنے کا حکم دے دیا ہے جنہیں بہادر پور میں تعزیہ نکالنے کے الزام میں سزا دی گئی تھی۔

اتحاد کانفرنس الہ آباد کا پرجوش خیر مقدم

کانفرنس میں شریک ہونے والے رہنماؤں کے زرین خیالات

مشترکہ نیابت تسلیم کرنی پڑے گی

بمبئی یکم نومبر گذشتہ شب مولانا شوکت علی مسٹر عبدالرحمن سے جو مقوری دیر پہلے تک ان کے مخالف تھے گھل گھل کر باتیں کرتے ہوئے دیکھے گئے یہ واقعہ احرار پارٹی کے لیڈروں کی میٹنگ کا ہے جس میں مولانا شوکت علی نے تقریر کی اور فریقین کو قوم کے مفاد کے لئے گذشتہ اختلافات کو بھول جانے کی تلقین ...

اس وقت سب کو یہ خواہش ہے کہ وہ لوگ جو ہمیشہ ہم پر اس امر کی طعنہ زنی کیا کرتے ہیں کہ ہندو مسلمانوں میں سمجھوتہ نہیں ہو سکتا اب کے ان کے منہ میں خاک بھر دی جائے ممکن ہے ہندو مسلم سکھ کوششیں سمجھوتہ کے لئے ناکام ثابت ہوں لیکن یہ ناکامی مخلصانہ کوشش کی کمی پر مبنی نہ ہوگی۔

اب جبکہ ایک جانب مولانا شوکت علی اور دوسری جانب پنڈت مدن ...

وسعت قلب کی ضرورت

مخالفین اتحاد کے منہ میں خاک بھر دو

دہلی یکم نومبر مسٹر سی راجگوپال آچاریہ نے الہ آباد جاتے ہوئے حسب ذیل بیان شائع کیا ہے:۔

... سر تیج بہادر سپرو اور ... کے لئے ... سر چمن لال سیتلواد نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اتحاد کے لئے زبردست پروپیگنڈا کریں اور اس طریقہ سے قوم کی طاقت کو مضبوط بنادیں۔

... گاندھی جی و خان عبدالغفار خاں کی رہائی الہ آباد کانفرنس کی شرکت کے واسطے ضروری تصور کرتا ہے کہ جملہ فرقوں میں آسانی سے صلح ہو سکے امید کہ حکومت سرحد حضرات کو رہا کر کے اپنی مصلحانہ پالیسی کا ثبوت دیگی۔

مسٹر جیا کر اور اتحاد کانفرنس

کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا

اسلحہ میں تخفیف کے بجائے اضافہ

تباہ کن جہازات کیلئے جاپان کی اسکیم

ٹوکیو یکم نومبر۔ جاپانی امیرالبحر نے ایک تجویز پیش کی ہے جس کی رو سے ۴۰۰۰۰۰۰ پونڈ نئے جہازات پر خرچ کئے جائیں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ جاپان کا ارادہ اپنی بحری طاقت کو بڑھانے کا ہے۔ اس رقم میں ... کروزر ... ٹن کا ایک ایئر کرافٹ ساتھ لیا جانے والا جہاز اور چھ آبدوز کشتیاں تعمیر کی جائیں گی۔ اگرچہ بحری افسر نے اس رپورٹ کی صحت سے انکار کیا ہے مگر موثق ذرائع سے اس کی تصدیق ہوئی ہے۔ (رائٹر کا تار)

حکومت اور شاموزئی جرگہ میں سمجھوتہ

پشاور ۱۳ اکتوبر۔ شاموزئی جرگہ نے مالاکنڈ میں پولیٹیکل ایجنٹ سے ملاقات کی اور چترال ریلیف کالم پر جو حملہ کیا گیا تھا اس پر اظہار افسوس کیا چنانچہ جرگہ اور ایجنٹ کے درمیان ایک اطمینان بخش سمجھوتہ ہو گیا ہے جرگہ نے وعدہ کیا کہ وہ فقیر علی لنگر کو اپنے علاقہ میں ہرگز داخل نہیں ہونے دینگے۔ رسالدار نے جرگہ سے بھی اطمینان بخش گفتگو کی۔ دونوں جرگے اب اپنے اپنے علاقوں میں واپس چلے گئے ہیں۔

صدر جمہوریہ امریکہ کی ٹرین کو تباہ کرنیکی کوشش

واشنگٹن یکم نومبر۔ مسٹر ہوور صدر جمہوریہ امریکہ کی اسپیشل ٹرین کو کسی نے تباہ کرنے کی کوشش کی جس سے تمام امریکہ میں سخت ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ مسٹر ہوور اسپیشل ٹرین میں مغربی حصہ کے صوبوں میں انتخاب پر لوگوں کو آمادہ کرنے کیلئے سفر کر رہے تھے ... کے درمیان پہونچی تو معلوم ہوا کہ لائن کے چھ سات سلیپر الگ کر دیئے گئے تھے۔

اصلاح الکلام افاغنہ کا سالانہ جلسہ

دار العلوم دیوبند میں بتاریخ ۸ ماہ جمادی الاخریٰ ۱۳۵۱ھ اصلاح الکلام افاغنہ کا سالانہ اجلاس بصدارت حضرت مولانا مولوی عبدالحق صاحب پشاوری فاضل دیوبند منعقد ہوا۔ جلسہ کی کارروائی بعد نماز عشاء تلاوت کلام پاک اور قومی نظموں سے شروع ہوئی لبعد ازاں حضرت صدر نے اپنے مرشد اور عجیب خطبہ صدارت کو سنایا جس کا اثر تمام طلبا دیوبند پر کافی پڑا بعد ازاں اراکین جمعیۃ کی تقریریں ہوئیں اور مولوی خلیل الرحمن صاحب پشاوری ناظم جمعیۃ نے رپورٹ سنائی اور ایک تجویز سودیشی کپڑے کی ترویج کے متعلق پاس کی جس کی تائید تمام طلبا نے کی جلسہ بخیر و خوبی تین بجے شب کو ختم ہوا۔ سامعین کی تعداد کافی تھی۔ تمام طلبا مدعو تھے۔ جلسہ کے اختتام پر چائے سے طلبا کی تواضع کی گئی۔ فقط

حکمت شاہ کاکاخیل متعلم دار العلوم دیوبند

طلبائے دار العلوم دیوبند کا جلسہ

دیوبند آج طلبائے دار العلوم دیوبند کا جلسہ دار الطلبہ جدید میں زیر صدارت جناب مولانا ایوب صاحب فاضل دیوبند منعقد ہوا۔ اور ایک تجویز بالاتفاق منظور ہوئی جس میں مولانا منت اللہ صاحب رحمانی مولانا لطف الرحمن صاحب

...

توبہ ہے کہ ۷ اکتوبر کو شراب کی پکٹنگ سے جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کے دو رضا کار گرفتار کیے گئے ان کو تھانہ میں زدوکوب کیا گیا اب ایک کو پولیس نے رگرم کردیا اور دوبارہ حوالات کرنے پر گرفتاری ہی سے انکار ہے۔

دوران تقریر میں بغیر اپیل کے لوگ جمعیۃ علماء کی مالی امداد کر رہے تھے۔ آخر میں آپ نے دو تجویزیں پڑھ کر سنائیں جو بالاتفاق منظور ہوئیں پہلی تجویز میں مولانا منت اللہ مولانا لطف الرحمن مولانا تفضل حسین فضلائے دیوبند مولوی عبدالغفار آزاد ملا محمد یعقوب محمد قاسم نہال احمد عبدالعلی کارکنان و رضاکاران جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کو جن کو ۱۰ اکتوبر کو ۲۰ ماہ قید بامشقت اور ... جرمانہ کی سزا ہوئی ہے ملی و ملکی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے مبارکباد دی گئی۔ دوسری تجویز میں ان مسلم نام نہاد نمائندوں سے جن کو حکومت از خود مسلمانوں کے نمائندے بنا کر تیسری گول میز کانفرنس میں بھیج رہی ہے اظہار بے اطمینانی و بیزاری کرتے ہوئے اعلان کیا گیا کہ یہ ہرگز مسلمانوں کے نمائندے نہیں نیز اس حقیقت نفس الامری کا اعلان کیا گیا کہ جو حقیقتاً مسلمانان ہند کے نمائندے ہیں وہ اس وقت جیل کی تنگ و تاریک کوٹھڑیوں میں بند ہیں اس کے بعد دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

جلسہ کے ختم پر نیر وزیر علی خاں رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کا جلوس نکالا چنانچہ جامع مسجد سے جلوس مرتب ہو کر بازاروں سے مختلف نعرے لگاتا ہوا شہید گنج میں شراب کی دکان پر پہونچا شراب پر پکٹنگ ہوا۔ پولیس کی ایک کافی جمعیت ڈپٹی سب انسپکٹر پولیس کی سرکردگی میں دکان کے قریب ...

...

بیگم عالم کے قلب پر جو حالت ہوگی اس کا اندازہ کیا جاسکتا ہے تاریخ اسلام میں دیکھا ہے کہ ماؤں نے بیٹے فرزندوں کو میدان میں اپنے سرپرستوں کو قوم پر فدا ہونے کے لئے زرہ بکتر لگا کر رخصت کیا ہے اور ان کو عاقبت سے رخصت کیا ہے کہ قوم کی خدمت میں۔ ہاں کا سوال آگیا ہے تو میدان سے سرخرو ہو کر آنا دشمن کو پیٹھ نہ دکھانا قوم کے نام پر جان دینا عین زندگی ہے تاریخ اپنی سرگذشت دوہراتی ہے۔ ڈاکٹر عالم کی حالت جب نازک ہوچکی ہے تو سرکار نے بیگم عالم کو اجازت دی ہے کہ جیل میں جا کر شوہر کی آخری خدمت کریں ... بیگم عالم کی اس مصیبت میں شریک ہے اور ہمدردی اظہار ہمدردی ... دختر اسلام اپنے قومی بھائیوں کا شکریہ ادا کرتی اور ذیل کا خط لکھتی ہے:

میرے سرتاج کی زندگی میری اکیلی کی نہیں ہے پہلے یہ ملک و ملت کی ملک ہے اور بعد کو بی۔بی۔ بچوں اپنے یگانوں کی۔ قوم کو پورا حق حاصل ہے اسی لئے جو کچھ بھی فائدہ اٹھا سکے۔ مجھے اب اس حال میں بستر علالت پر حاضری اور مریض کی سیوا کی اجازت ملی ہے ان کی موجودہ حالت کی پوری تفصیل دینے سے میں معذور ہوں کہ کہیں اس تفصیل میں کوئی ایسی بات نہ کہہ گزروں جسکو بیان کرنا اس احسان کا کفران سمجھا جائے۔ جو مجھ پر اس رعایت کے روا رکھنے سے گورنمنٹ نے کیا ہے۔ قوم سے میں ملتجی ہوں کہ میرے سرتاج کی رہائی کا سوال نہ اٹھاوے۔ معاملہ کو بالکل گورنمنٹ کی مرضی پر چھوڑے رہیں گورنمنٹ جو بھی مناسب سمجھے کرے میرے سرتاج کو مردوار دنیا سے رخصت ہونے دیجئے خدا سے کچھ بعید نہیں کہ میرے سرتاج کو اس شدید علالت سے شفا دے اور اپنے پروردگار سے میری التجا بھی ایسی ہے مگر ساتھ ہی میرا ایمان ہے کہ باعزت موت بے غیرتی کی زندگی پر ہر طرح قابل ترجیح ہے۔

...

تمام دنیائے قادیانیت کو کھلا چیلنج

مسلمانوں کو نقشہ جنگ بدلنے کا مفید مشورہ

...

مسلمانان سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ

جلوس شراب پر پکٹنگ اور گرفتاریاں

...

مقویات سرتاج عالم

...

”مسلم خاتون“

...

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم (اردو)

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہم نے بصرف زر کثیر ایک فاضل اجل اور صوفی کامل سے اس شرح کو لکھوایا ہے جس میں اول مثنوی کا شعر جلی قلم سے بعض بعض اعراب بکر لکھا گیا ہے اس کے بعد مشکل الفاظ کی لغات اور صرفی نحوی ترکیب لکھ کر شعر کا ترجمہ سلیس اردو میں ایسی طرز سے لکھا ہے کہ جو تحت لفظی بھی ہے اور بامحاورہ بھی ہے کے بعد شعر کے مطلب کو قرآن حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کے حوالہ جات سے مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے اور مثنوی کے رموز و نکات کو حل کرنے کے لئے مفصل بحث کر کے مشکل اور ناسمجھ میں آنے والے شعر کے اصل مفہوم کو ظاہر کر دیا ہے غرضیکہ مثنوی شریف کی یہ شرح آج تک کی تمام شائع شدہ شرحوں سے اعلیٰ اور عمدہ اور بہترین ہے ملک کے مشہور اخبارات اور مشہور علمائے دین اور بزرگان کرام نے اس شرح کو نہایت پسند کیا ہے لکھائی چھپائی کاغذ اعلیٰ قیمت حصہ اول بلا جلد دو روپے آٹھ آنہ حصہ دوم دو روپے آٹھ آنہ حصہ سوم دو روپے آٹھ آنہ حصہ چہارم دو روپے آٹھ آنہ حصہ پنجم دو روپے آٹھ آنہ حصہ ششم دو روپے آٹھ آنہ مجلد ... چھ روپے ... چھ حصوں کو یکدم خریدنے پر محصولڈاک ... معاف کر دیا جائے گا اور ساتھ سوانح مولانا روم از شبلی ... مفت ... پسند نہ آنے کی صورت میں قیمت واپس ... کتب خانہ ... فہرست مفت منگا کر ملاحظہ فرمائیں علاوہ ازیں ہر قسم کا قرآن مجید حمائل شریف مترجم و مفسر اور ہر قسم کی کتابیں عربی۔ فارسی۔ اردو ہمارے کتب خانہ سے مل سکتی ہیں۔

ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ نے ... شرح کو بہت پسند فرما کر ناظرین الجمعیۃ سے اس کی خریداری کی پرجوش سفارش کی ہے

ملنے کا پتہ

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب مالک قریشی بک ایجنسی (ج) کشمیری بازار لاہور

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶ | تار کا پتہ ”میڈی سنٹر“ دہلی

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلبا طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

قرص ابیض — یہ دوا مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی خاص الخاص مجربات سے ہے جریان جیسے خبیث مرض کو بالکل دور کر دیتی ہے۔ دافع جریان دوائیں مغلظ ہونے کی وجہ سے بالعموم بھوک کو بند کر دیتی ہیں لیکن یہ دوا ...

اکسیر نسواں — عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان میں ہے اور نہ یورپ میں منعفت رحم ورم رحم۔ سیلان الرحم، ایام حیض کی بے قاعدگی ان کا جلد آنا یا رک رک کر آنا یا درد کے ...

ملین — یہ دافع قبض دوا قوتوں میں بے نظیر دوا ہے معدہ اور آنتوں کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔ قبض سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً درد سر نیا ہو یا پرانا اور آشوب چشم وغیرہ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ...

جوہری — مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے وہ خاص دوا ہے جس سے اب تک ہزار مریض اچھے ہو چکے ہیں، آتشک نئی ہو یا پرانی اس کو یہ دوا نیست و نابود کر دیتی ہے آتشک کے سبب سے ...

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی

بال جڑ سے کالا

...

EFFECTIVE ASABI PILLS

مقوی و ممسک

JAMFAR AGENCY MEERUT

تبدیل غدود یا عمل جراحی کے بغیر بھی آدمی جوان ہو سکتا ہے

معجون شباب آور

...

منیجر مخزن دواخانہ یونانی دہلی

مسلمانان مدراس میں مذہبی و سیاسی بیداری

جمعیۃ علماء ہند ہی اسلامیان ہند کی ترجمان ہے

پورٹ حج بل کے خلاف مسلمانان مدراس کا زبردست مظاہرہ

کچھ عرصہ سے علاقہ مدراس میں جناب مولانا حاجی صوفی شاہ عبدالرحمن صاحب دہلوی تشریف لائے ہوئے ہیں جن کی وسیع معلومات حریت پرور تقریروں اور علمی خیالات نے مدراس کے مسلمانوں میں حیات اسلامی کی لہر دوڑا دی ہے ... کو اپنے علم و عرفان سے نہ صرف سیراب فرمایا اور ان میں حیات تازہ کی روح پھونکی بلکہ دلپسند اور دشمنان حریت کو غلامانہ ذہنیت سے نکال کر حیات فکری کے ذروہ کمال پر پہونچا دیا اور لوگوں کو اتنی بصیرت عطا کر دی جس سے وہ غلامی اور آزادی میں فرق کرنے لگے اور اسلامی روح کو سمجھ کر اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہو گئے چونکہ مولانا موصوف کو جمعیۃ علماء ہند سے خاص عقیدت و شغف ہے اس لئے آپ نے اس کی حقیقی خدمات سے اہل مدراس کو اچھی طرح روشناس کرا دیا ہے جس کے بعد عام مسلمان بھی جمعیۃ علماء ہند کو اپنا حقیقی رہنما اور ملک و ملت کے لسان الحال کا ترجمان سمجھنے لگے ہیں حضرت شاہ صاحب کی خداداد قوت بیانی کا یہ حال ہے کہ ایک ہی لیکچر میں شدید سے شدید مخالف کی کایا پلٹ جاتی ہے اور دلائل کی پختگی کا یہ عالم ہے جن کو سننے کے بعد ناممکن ہے کہ کوئی الد الخصام دشمن بشرطیکہ اس کی نیت بخیر ہو ان کی صحت و صداقت ...

...

اسمبلی کے ممبران کو احتجاجی تار ارسال کئے گئے اور ہزاروں ریزولیوشن پاس کر کے اپنے حقیقی جذبات کا اظہار کیا گیا مگر حکومت نے ظفر اللہ خاں۔ سر یعقوب سر عبدالرحیم وغیرہ حکومت پرستوں کے تعاون سے اپنا مقصد پورا کر لیا اور تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی متفقہ آواز کو بے اعتنائی کی گہری قبر میں دفن کر دیا۔ جمعیۃ علماء ہند اب تک جلا رہی ہے اور مسلمانوں کو متنبہ کر رہی ہے کہ چند غداروں کی حکومت نے آلہ کار بنا کر اپنا مقصد پورا کیا ہے آئندہ ان سے صاف کہہ دو کہ جب تم سے اسلامی مفاد کا تحفظ نہیں ہوسکتا اور تم حکومت پرستی کا لعنتی طوق اپنی گردنوں سے نہیں اتار سکتے تو آئندہ اسمبلی میں جانے کی تکلیف گوارا نہ فرمائیں اب یہ مسلمانوں کا کام ہے کہ وہ جمعیۃ علماء ہند کی ہدایت کے مطابق ... بھیجیں اور نہ ان پر کوئی اعتماد کریں۔ اسمبلی کے ان مسلمانوں نے نہ صرف قانون حج کے بارے میں حکومت کا ہی ساتھ دیا بلکہ انہوں نے ہندوستان کی سب سے بڑی جماعت جمعیۃ علماء ہند پر بھی خوب لے دے کی جس کا مقصد یہ تھا کہ حکومت کہیں اس جماعت کے کہنے میں نہ آجائے اور ہم کو جو ”مولانا“ مسٹر لائڈ جارج کی درسگاہ کے فارغ التحصیل ہیں جاہل نہ سمجھیے چنانچہ ان لوگوں نے جمعیۃ علماء ہند پر نکتہ چینی کرتے ہوئے حکومت کو باور کرا دیا کہ مسلمانوں کے اصل مفتی۔ عالم دین محدث اور ناقد و بصیر ہم ہی ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اس کے بعد حضرت شاہ صاحب نے پورٹ حج کمیٹی کے نقائص پر روشنی ڈالی اور فرمایا:۔

اس قانون میں حکومت کو اس قدر وسیع اور ہمہ گیر اختیارات دیئے گئے ہیں جن کی موجودگی میں مقرر کردہ کمیٹی حجاج کے مفاد کے لئے کوئی بھی مفید کام نہ کر سکے گی ...

...

تشریف لائے اسٹیشن سٹی پر آپ کے استقبال کے واسطے مولانا بشیر احمد صاحب سابق ڈکٹیٹر جمعیۃ العلماء ہند و اکس چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ و مولانا محمد اسعد اللہ خاں صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ضلع میرٹھ مولانا ابو النصر حبیب اللہ صاحب و مولانا سید لائق علی صاحب پروفیسر دار العلوم میرٹھ حافظ محمد یعقوب صاحب و حافظ حفیظ اللہ صاحب منشی عبدالوحید خاں صاحب وغیرہ حضرات موجود تھے آپ نے قریب شب کے ۱ بجے تک ایک پرائیویٹ میٹنگ میں شرکت فرمائی اور اس کے بعد فوراً ہی مراجعت فرمائے دیوبند ہوئے۔ (نامہ نگار)

امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کے دست مبارک سے

مدرسہ امینیہ کی مسجد کا سنگ بنیاد

دہلی ۲۷ اکتوبر کل صبح امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ششم جمعیۃ علمائے ہند دیوبند سے دہلی تشریف لائے۔ اسٹیشن پر مدارس عربیہ خصوصاً مدرسہ امینیہ و عبدالرب کے مدرسین و طلباء اور حضرت کے بہت سے معتقدین و تلامذہ استقبال کیلئے موجود تھے۔ جو نیا منگا تک ہمراہ رہے ... حضرت مولانا نے جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر میں قیام فرمایا اور آدھ گھنٹہ تک قیام فرما کر کارکنان و خدام جمعیۃ کو ہدایات دیں۔ ازاں بعد کشمیری گیٹ تشریف لے گئے جہاں حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کے زیر اہتمام مدرسہ عالیہ امینیہ دہلی کی مسجد کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس مبارک تقریب میں شرکت کے لئے مدارس عربیہ کے مدرسین و علماء و عمائدین شہر ...

...

لکھنؤ کانفرنس کی کامیابی پر اظہار مسرت

بنگال کے ایک عالم دین کا ہدیہ تہنیت

...

مدرسہ احیاء العلوم بھاگل پور کا جلسہ

صدر جمعیۃ علماء ہند کے لئے دعائے صحت

...

جمعیۃ علماء ہند پر کامل اعتماد

...

نصاریٰ کبھی مسلمانوں کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے

...

حج یا سب سے بڑا ”خطرہ“

...

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ

علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی صحت کیلئے دعا

...

میرٹھ میں امیر الہند کا ورود مسعود

...

جمعیۃ علماء ہند کا بروقت انتباہ

...

آگیا ہے نیا سال سنہ ۱۹۳۳ء مبارک ہو

اور چھپکر تیار ہوگئی ہے

ہمدرد پاکٹ ڈائری

قیمت ایک آنہ ... جلد آرڈر روانہ فرمائیں ... منیجر دواخانہ تجنی ... کلکتہ

محبوب عاشق کے قدموں پر

...

بکس نامردی

...

رسالہ معراج النبی

...

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دے کر اس دور کساد بازاری میں اپنی تجارت کو کامیاب بنا سکتے ہیں۔

منیجر

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار

ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ۶
ششماہی ... ۳
سہ ماہی ... ۱۲/
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ۸
ششماہی ... ۴
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

الجمعیۃ
سہ روزہ
دہلی
یداللہ علی الجماعۃ

مدیر مسئول
ہلال احمد زبیری (بی۔اے)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخ اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی
یکم ... ۵ ... ۹ ... ۱۳
۱۷ ... ۲۱ ... ۲۵ ... ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

ایک صفحہ (ایک بار) ... ۵۰
نصف صفحہ (") ... ۳۰
ایک کالم (") ... ۲۰
آدھا کالم (") ... ۱۰
پاؤ کالم (") ... ۶

جلد ۱۶ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۹ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ نومبر سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۳

معاصرین کے افکار و آراء

مرنے کا اتحاد مرنے سے (ریاست)

سرکاری فیصلہ اور فیصلہ لکھنؤ (مدینہ)

حکومت ہند کی عاقبت نااندیشی

مسلمانوں کے تیز مطالبات کی منظوری

ہمارا مقصد کیا ہے؟

وائسرائے کا صاف جواب

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے (از معارف)

حال کے مسلمانوں سے اسلام کی ایک فریاد
شادی بیاہ رچانے والوں کیلئے پیغمبر اسلام کا نیک نمونہ
افحکم الجاھلیۃ یبغون؟

دو ہفتوں کے بعد

[illegible]

چائنہ سبز چاء نئے سیزن کا عمدہ مال آگیا ہے طلب فرماویں
نرخ فی سیر بختہ ... بیوپاری بھی خط و کتابت کریں
حاجی غلام محبوب جنرل ٹی مرچنٹ۔ قصہ خوانی پشاور شہر

رسالہ حقیقت اسلام لاہور کی شہرت کا راز

یہ رسالہ افراط و تفریط سے بالکل الگ ہو کر دین کا سیدھا آسان اور بالکل بے خطا راستہ دکھاتا ہے۔ حال ہی میں اس کے میلاد نمبر کو جو عالمگیر شہرت نصیب ہوئی وہ اپنی نظیر آپ ہے۔
حقیقت اسلام میں حدیث کی مشہور کتاب ترمذی شریف کا ترجمہ بالالتزام شائع ہو رہا ہے اور مطالب الفرقان فی ترجمۃ القرآن کے عنوان سے تفسیر قرآن حکیم کا ترجمہ مع ضروری تفسیر کے شائع ہو رہا ہے۔ تفسیر میں قرآن پاک کی سورتوں اور آیتوں کا باہمی ربط خوب واضح کیا جا رہا ہے۔
سفر و حضر میں آپ کے پاس دو چیزیں ضرور ہونی چاہئیں قرآن پاک اور حقیقت اسلام کوئی مرد، عورت اور بچہ جو اس رسالہ پر دو روپے سالانہ خرچ نہیں کرتا۔ مردہ دل ہے۔ نمونہ کی کاپی مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ایک پوسٹ کارڈ لکھ دیجئے۔
سالانہ چندہ صرف دو روپے (۲) فی پرچہ ۳
المشتہر
پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ لاہور

قوت مردانگی کا تیر بہدف علاج

حکیم الملک افسر الاطباء حکیم مسیح الدولہ ... کے اسراری مجرب نسخے ...
طلاء مسیحی ...
سفوف شاہی ...
مقوی حب عنبری ...
طلاء ملذذ ...
حب ممسک طلائی ...
نوٹ: اگر فائدہ نہ ہو حلفیہ قیمت واپس ہوگی فہرست دواخانہ مفت طلب فرمایئے
نیجر دواخانہ مجربات مسیحی پل نخاس لکھنؤ

خالص کسٹر آئیل سے تیار کردہ
کیسٹوفین
(جلاب کی میٹھی گولیاں)
کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں۔ ٹورٹی کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹر وں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں۔ مرد عورت بچے۔ بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں۔ گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔
ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں
Castophen Manfg. Co.,
P. Box 88, Bunder Rd.: Karachi.

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو

... دونوں دواؤں کی قیمت سات روپیہ

جریان کی گولیاں | سفوف جریان

منیجر حاذق فارمیسی پونچکپوہ دہلی

مخلصانہ مشورہ

آج کل دواؤں کے اشتہارات جن مبالغہ آمیز اور گمراہ کن طریقوں سے شائع ہوتے ہیں وہ آپ سے مخفی نہیں ... طلائے اعظم اور معجون مشفار ...
منیجر دواخانہ صوفیہ اعظم گڑھ

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت، مہلک اور خطرناک ادبیات سے دماغوں کو بچا کر صحیح علم و ادب اور مذہب و روحانیت سے آشنا کرنا اور فرق باطلہ کا منشاء و سنجیدگی سے رد کرنا ہے۔ قیمت سالانہ قسم اول ... قسم دوم ... نمونہ کا پرچہ ... کا ٹکٹ آنے پر روانہ ہوتا ہے۔
منیجر

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے
ہر قسم کی جریان کے لئے اکسیر ہے قبض بالکل نہیں کرتی

فرمائش کے ہمراہ ایک حلفیہ تحریر بھیجئے کہ فائدہ نہ ہونے کی صورت میں دوا کی پوری قیمت مبلغ دو روپیہ ضرور ادا کریں گے محصولڈاک و پیکنگ اور اشتہار کے خرچ کے لئے فی الحال ۸ کے ٹکٹ بھیج دیں
اگر آپ بھی اس دوا سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے تو یہ آپ کی قسمت
نیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج۔ معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ آپ الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں الجمعیۃ کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کر سکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے الجمعیۃ کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی۔ ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔
منیجر اخبار "الجمعیۃ" بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے۔ مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عه/ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عه۱۲/ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے (۲) پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید مترجم اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے بامو قع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائیٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں ایک معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عه) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائیٹل سیاہت رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائیٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے ہدیہ قسم اعلےٰ سفید کاغذ حناشدہ بلا جلد ... قسم دوم حناشدہ بلا جلد ع/ علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸/ اور چمڑے کی جلد کا ۱۲/ ہدیہ کے علاوہ
ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آجکل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے، افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۱۳۶ صفحات قیمت صرف ۱۲/ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام
مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر
۱/	۱/	۲/	۴/

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵/ علاوہ محصولڈاک۔
علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶/
ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲/
ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۹ رجب المرجب ۱۳۵۱ھ

آئین سازی میں بے آئینی

…پنجاب سکھ رکن کو ہرگز کوئی اعتراض نہ ہوگا اور اس تحفظ کے بعد مسلمان محسوس کرینگے کہ … کی بنیادی حفاظت خود دستور اساسی میں داخل کر دی گئی ہے اور اب وہ مخلوط انتخاب کی ہر صورت میں پوری طرح محفوظ ہیں۔

ہم اللہ رب العزت کی درگاہ میں دست بدعا ہیں کہ وہ الہ آباد کانفرنس کو کامیاب بنائے اور ہم آئندہ اشاعت میں ناظرین کرام کو یہ مژدۂ جانفزا سنا سکیں کہ گنگا اور جمنا کے سنگم پر ہندوؤں اور مسلمانوں میں اتحاد ہوگیا۔

یورپین	۱
تجارت	۱
زمیندار	۵
یونیورسٹی	۱
مزدور	۳
کل میزان	۱۷۵

اسی اصول پر جو بنگال کے لئے ہے تجویز کی گئی ہے کہ زمینداروں اور مزدوروں میں سے تین نشستیں مسلمانوں کے لئے محفوظ کر دی جائیں تاکہ وہ ۵۱ فیصدی کی آئینی اکثریت میں آجائیں۔

ہمیں معلوم ہے کہ ان تجاویز کے علاوہ اور ان کے ساتھ مزید تشریح کے طور پر بعض تجاویز اور بھی کانفرنس کے سامنے آئیں گی لیکن ان پر کوئی بحث کرنا اس مرحلہ پر یقیناً قبل از وقت ہوگا …

مسودات حج اور رائے عامہ

مسلم اراکین اسمبلی کا فرض

…

الہ آباد کی گفتگوئے مصالحت

جس وقت کہ ہم یہ سطور لکھ رہے ہیں الہ آباد میں ہندو، مسلمان اور سکھوں کی مشترکہ کانفرنس اتحاد و اتفاق کی عملی تجاویز پر غور کر رہی ہے اور پورے یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ اس جد و جہد کا انجام کیا ہوگا …

…

عام نشستیں (بشمول دو خواتین و اچھوت)	۸۰
مسلمان (بشمول دو خواتین)	۱۱۹
…	۲
…	۴
…	۱۱
…	۱۹
…	۵
…	۲
…	۸
کل میزان	۲۵۰

منتخبہ کمیٹی کی سفارشات پر آرڈیننس بل میں تبدیلیاں

پکٹنگ ہر حالت میں قابل جرم نہیں ہے

…

ہاربن کے قریب چین اور جاپان کی زبردست جنگ

مخالفین پر جاپانی ہوائی بیڑہ کی بمباری

…

شنگہائی ۷ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ماسکو (روس) میں منچوریہ کے معاملہ میں روسی اور جاپانی معاہدہ کے سلسلہ میں گفت و شنید ہو رہی ہے … اخبارات کا بیان ہے کہ روس اور جاپان کی اس گفت و شنید کا مطلب چین کو بالکل علیحدہ کر دینا ہے۔

سندھ کی علیحدگی کن شرائط پر تسلیم کی گئی ہے؟

اتحاد کانفرنس میں سندھ کی علیحدگی پر شرط و معاہدہ

ہندوؤں نے جن تحفظات کے ماتحت سندھ کی علیحدگی پر آمادگی کا اظہار کیا ہے اور اس کے متعلق جو معاہدہ مرتب ہوا ہے اس کا متن حسب ذیل ہے۔

مسلمان اس امر پر اصرار کر رہے ہیں کہ سندھ کو غیر مشروط طور پر علیحدہ کیا جائے اس کے مقابلہ میں ہندوؤں کا خیال ہے کہ اگر مندرجہ ذیل شرائط میں سے کسی شرط کو تسلیم نہ کیا جائے تو وہ سندھ کی علیحدگی کے مسئلہ کو تسلیم نہ کریں گے۔ بہرحال وہ شرائط …

… (۵) پبلک ملازمتوں میں بھرتی کا مسئلہ ایک غیر جانبدار کمیشن طے کریگی …

(۶) قانون اور ٹیکس میں کسی فریق کو کوئی امتیاز حاصل نہ ہوگا …

(۷) سندھ کے کابینہ میں کم از کم ایک ہندو ممبر ہوگا …

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

ارض حرم میں غیر مسلموں کا مخفی داخلہ

اگر ان کو گولی ماری گئی تو حکومت حجاز ذمہ وار نہ ہوگی

ینبوع اور دیگر مقامات کے حکام کا انتباہی اعلان

…

طرابلس میں پھر گڑبڑ

شہید امت عربیہ کی یادگار

معلوم ہوا ہے کہ طرابلس اور برقہ کے عرب مسلمانوں نے شہید امت عربیہ سید عمر مختار کا یوم شہادت بڑے جوش سے منایا اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ شہید مرحوم کو گزشتہ سال حکومت اٹلی نے بغاوت کے جرم میں … ستر سال سے متجاوز تھی … اس کے باوجود عربوں کے عزائم میں فرق نہیں آیا … برقہ کے قریب اٹلی کی فوج اور عربوں کے درمیان معمولی سی جھڑپ بھی ہوگئی جس میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت اٹلی چند سربرآوردہ عرب مسلمانوں پر بغاوت کے سلسلہ میں مقدمہ چلانے والی ہے مگر ابھی تک کوئی تصدیق نہیں ہوئی۔ طرابلس کا مطلع ابھی تک اضطراب اور پریشانی سے صاف نہیں ہوا ہے۔

عبادان کے کنوؤں سے پٹرول کا اخراج

ایک ماہ میں ۵۰۸۰۰ ٹن تیل نکالا گیا

ایک عراقی جریدہ مظہر ہے کہ اینگلو پرشین پٹرول کمپنی نے عبادان کے کنوؤں سے بہت زیادہ پٹرول نکالا ہے۔ ماہ اگست میں جو پٹرول نکالا گیا اس کی مقدار ۵۸۸۰۰ ٹن تھی۔ گزشتہ آٹھ ماہ کی مجموعی مقدار کا اندازہ ۲۲۵۰۰۰۰ ٹن ہے۔ تین سال کے اندر جس قدر پٹرول نکالا گیا اس کی مقدار حسب ذیل ہے۔

۱۹۲۹ء میں ۵۴۰۹۵۵ ٹن نکالا گیا۔ ۱۹۳۰ء میں ۵۹۳۹۳۰۲ ٹن نکالا گیا۔ اور ۱۹۳۱ء میں ۵۷۵۰۴۹۸ ٹن اخذ کیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ خلیج فارس اور موصل میں پٹرول کے جدید چشمے دریافت ہوئے ہیں جن کی کھدائی عنقریب شروع ہونے والی ہے۔ اگر یہ چشمے کامیاب رہے تو پٹرول کی شرح میں بھی تخفیف ہوجائیگی اور دوسری طرف روسی پٹرول کا مقابلہ بھی کیا جاسکے گا جس نے طہران وغیرہ کی منڈیوں پر پورا قبضہ کر لیا ہے۔

فرانسیسی فوج اور مراکشی مسلمانوں میں جنگ

کوہ اطلس کے تین ہزار بربری باشندے قتل کر دیے گئے

فرانسیسی فوج نے اپنے حمایتیوں کے ساتھ مراکش کے باشندوں سے شدید مقابلہ کے بعد ۲۳ ہزار افراد کو اطاعت پر مجبور کر دیا۔ فرانسیسی سپاہ اگست کے نصف حصہ میں بغیر کسی مزاحمت کے ان مشرقی حصوں پر قابض ہوگئی جو کوہ اطلس کے وسط میں واقع ہیں اور جو بربری علاقہ کی سب سے بلند سطح ہے۔

اس کے بعد فرانسیسی سپاہ نے بڑی مشکل سے منتشر قبائل کے ۶۷۰۰ افراد کو تسلیم ہونے پر مجبور کر دیا۔ فرانس کی اس کامیابی نے کوہ اطلس کے حالات پر بہت خوشگوار …

… اس کے بعد بربری قبائل کے رئیس … نے بھی اطاعت قبول کر لی اور جنرل … نے قبائل کو اطاعت پر مجبور کر کے ان کی چار ہزار بندوقوں پر بھی قبضہ کر لیا۔

چین کی تازہ مردم شماری

چین کی وزارت داخلہ نے مجلس اقوام کو چینی مردم شماری کی رپورٹ ارسال کی ہے۔ اس رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ حالیہ مردم شماری کے مطابق چین کی آبادی ۴۴ کروڑ ۲۰ لاکھ افراد پر مشتمل ہے۔

الہ آباد میں ہندوستان کی مختلف الخیال جماعتوں کا تاریخی اجتماع

اتحاد کیلئے زعمائے ہند کی مساعی پیہم

امید و بیم کی متضاد کیفیات

تین یوم کی بحث و تمحیص کی تفصیلی روداد

الہ آباد ۴ نومبر۔ ہندو اور سکھ نمائندگان کے درمیان ایک جانب اور سرکردہ مسلم لیڈران کے درمیان دوسری جانب گفت و شنید گزشتہ تین یوم سے جاری ہے …

پنجاب کا مسئلہ

پنجاب کے مسئلہ کا ابھی تک کوئی حل دریافت نہیں ہوسکا ہے …

قوم پرست مسلمانوں کا نظریہ

مولانا ابوالکلام آزاد نے ہندو اور سکھ لیڈروں کے ایک جلسہ میں تقریر کی اور قوم پرست مسلمانوں کے نظریہ کو ان کے روبرو پیش کیا …

کانفرنس کا اجلاس آج دعا کے ساتھ شروع ہوا۔ حاضرین نے کھڑے ہو کر کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا کی۔ کانفرنس ہر پہلو سے نمایندگی میں مکمل تھی۔

سب کمیٹی کا تقرر

ہندو، مسلم اور سکھ لیڈران کی ایک سب کمیٹی جلد ہی تمام متنازعہ امور پر غور کرنے کے لئے کانفرنس کے روبرو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ حسب ذیل اصحاب اس کمیٹی کے ممبر ہونگے۔ مولانا شوکت علی، مولانا ابوالکلام آزاد، راجہ سلیم پور، مولانا ظفر علی خاں، پنڈت مدن موہن مالویہ، راجہ نریندرناتھ، ڈاکٹر موسنجے، بابو راجندر پرشاد، بابو شیام لال لیڈر، فری بت وچے راگھو آچاریہ، پروفیسر چھبلانی، شری بت راما نند چٹرجی، سردار سنگھ، سردار اجل سنگھ، سردار جودھا سنگھ۔ سب کمیٹی کا اجلاس آج رات کو ۸ بجے منعقد ہوگا۔

جمود ۔ مایوسی ۔ امید

الہ آباد ۴ نومبر۔ آج شب کو صلح کی گفت و شنید کے دوران میں حالات کی رفتار بہت زیادہ تیرہ و تاریک ہوگئی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب کے مسئلہ پر یکایک جمود پیدا ہوگیا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ ایک مرتبہ پھر اس نازک حالت کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ کانفرنس کا آئندہ اجلاس کل شام کو ۱۰ بجے منعقد ہوگا۔

سب کمیٹی کا کام

اتحاد کانفرنس نے فرقہ وارانہ مسئلہ کا حل تجویز کرنے کیلئے جو سب کمیٹی مقرر کی تھی وہ ابھی تک کسی خاص مرحلہ پر نہیں پہنچی ہے۔ سنا جاتا ہے کہ اس کمیٹی کے ممبران کی تعداد چالیس تک پہنچ گئی ہے کیونکہ اس میں بہت سے مزید ممبران شامل کر لئے گئے ہیں۔ درحقیقت شروع میں جس قدر ممبران نامزد کئے گئے تھے ان سے زائد ممبران بعد میں شامل کئے گئے ہیں۔ اس کارروائی سے یہ تصور کیا جا رہا ہے کہ کمیٹی اپنے کام میں ایک کامیاب نہیں ہوسکی ہے۔ اور کئی رخنے ایسے پیدا ہوگئے ہیں جن کے باعث جلد فیصلہ مشکل نظر آرہا ہے۔

ملازمتوں کا مسئلہ

اتحاد کانفرنس نے جو سب کمیٹی مقرر کی تھی اس کا اجلاس کل نصف شب تک ہوتا رہا۔ بعد ازاں آج صبح بھی گیارہ بجے تک ہوتا رہا …

… لیکن پنجاب کے متعلق اس قسم کی توقع ابھی بہت دور ہے۔

سندھ کے مسئلہ کی پیچیدگی

سندھ کا مسئلہ نہایت تکلیف دہ ثابت ہو رہا ہے۔ مسلمان علیحدگی پر اصرار کر رہے ہیں۔ برخلاف اس کے سندھ کے ہندو اس تجویز کے خلاف ہیں کہ سندھ کو پنجاب سے ملحق کر دیا جائے۔ سکھ اور سندھ کے ہندو اس بارے میں بھی اختلاف رائے رکھتے ہیں۔

حوادث و احکام

(گزشتہ سے پیوستہ)

…

(باقی آئندہ)

ضروری گزارش

…

اختلاف کے باوجود سمجھوتہ ضرور ہوگا
اتحاد کانفرنس میں مایوسی کے بعد امید کی جھلک
پنجاب اور سندھ کے مسئلہ کے حل کا قریبی امکان

الہ آباد ۸ نومبر۔ اتحاد کانفرنس کی گفت و شنید کے متعلق جو مایوسی کے سیاہ بادل چھا رہے تھے ان میں اب امید کی شعاع نظر آنے لگی ہے چنانچہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ سندھ کا مسئلہ آسان ہوگیا ہے اور ممکن ہے کہ مشکلات کو عبور کرلیا جائے۔ ...

پنجاب کے مسئلہ کا حل

الہ آباد ۸ نومبر۔ اتحاد کانفرنس کے سلسلہ میں تازہ ترین اطلاع مظہر ہے ... معلوم ہوا ہے کہ پنجاب کے معاملہ میں خالصہ دربار کے نمائندے جو مسلمانوں کو قرقہ وارانہ اکثریت دینے کے خلاف ہیں اور اس سلسلہ میں خالصہ دربار کے فرمان کے پابند ہیں کانفرنس سے چلے جائیں گے اور بقیہ سکھ نمائندوں کو اس مسئلہ پر سمجھوتہ کرلینے کی اجازت دیں گے۔ ...

اگر یہ تجویز منظور ہوگئی تو پنجاب کے مسئلہ کے سمجھوتہ کے راستہ میں سے ایک بڑا روڑا دور ہو جائے گا۔ ...

سمجھوتہ ضرور ہوگا

اتحاد کانفرنس میں صوبہ سرحد اور بلوچستان کا فیصلہ ہوگیا
ہندو مسلم معاہدہ کے بعد حکومت کو اپنے فیصلے کے استرداد پر مجبور کیا جائے
بعض تحفظات کے ماتحت سندھ کی علیحدگی پر آمادگی

الہ آباد ۸ نومبر۔ اتحاد کانفرنس میں بنگال کا معاملہ بالکل ختم ہوگیا ہے۔ صوبہ سرحد اور بلوچستان کے متعلق جو فیصلہ اتحاد کانفرنس میں منظور ہوا ہے اس کا متن حسب ذیل ہے۔ ...

صوبہ سرحد کو دیگر صوبجات کے مساوی حقوق دیے جائیں ... اتحاد کانفرنس کی حالت نہایت امید افزا ہے۔ ...

اتحاد کانفرنس میں سیاسی پیچیدگیاں
سندھ کی علیحدگی پر اختلاف

رجب کی نوچندی میں گڑبڑ
کربلا میں ڈاکہ کی خبر

کلکتہ کارپوریشن کی عمارت پر پولیس کا قبضہ

فوجی بارک سے دس ہزار گولیاں غائب

آرڈیننس بل پر دستخط کردئے گئے
سات ارکان کا اختلافی نوٹ

تعلیم یافتہ طبقہ میں بیکاری کا سیلاب

سیاسی کانفرنس منتشر کردی گئی

چاٹگام میں کارتوس برآمد ہوئے

سندھ کے مسئلہ کو آرڈیننس بنایا جائے
سندھی لیڈر کا تار ڈاکٹر مونجے کے نام

جاپان اور منچوریہ کی جنگ کا نتیجہ
صرف ایک سال میں دس ہزار انسانوں کا قتل

برلن میں ہڑتالیوں کا ہنگامہ
پولیس کی گولی سے ایک نازی ہلاک

شراب کی بھٹیوں پر پولیس کا چھاپہ

چھوت چھات کے خاتمہ کیلئے نیا قانون

فری پریس جرنل نے ضمانت داخل کردی

اتحاد کانفرنس کے کامیاب ہونے کی پوری توقع
مولانا شوکت علی کا امید افزا بیان

اتحاد کانفرنس میں ایک ممبر کی گرفتاری

سیاسی کانفرنس کے صدر کی گرفتاری

منچوریہ کے اسٹیشن پر چینی ڈاکوؤں کا حملہ
تین اشخاص کا قتل اور تین آگ کی نذر

پشاور پولیس اسٹیشن میں ڈائنامیٹ پھٹ گیا
پولیس کا تمام عملہ معطل کردیا گیا

احمد آباد کے انسپکٹر کا قتل
پولیس سارجنٹ نے گولی ماردی

حج کے متعلق مسودات قانون
معلمین کے مسودہ کی واپسی کا امکان

نئی دہلی ۵ نومبر۔ ... جمعیتہ علمائے ہند کی رہنمائی میں ان دونوں مسودات کی مسلمانوں نے جو مخالفت کی تھی حکومت نے اسے نظر انداز نہیں کیا ... اس کی خود کوئی چیز تیار نہ کرسکے گا۔

ڈکٹیٹر نہم جمعیتہ علمائے ہند کی گرفتاری
مرادآباد میں جلسہ و جلوس اور پولیس کا لاٹھی چارج

مرادآباد ۵ نومبر۔ جمعیتہ علمائے ہند کے نویں ڈکٹیٹر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ... کو گرفتار کرلیا ... اور پبلک پر لاٹھی چارج کیا جس سے بہت سے لوگ زخمی ہوئے ...

مسلمانان مرادآباد کا جلسہ

مرادآباد ۵ نومبر۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان مرادآباد کا عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب مولانا ... منعقد ہوا ...

جمعیتہ علمائے ہند کے دسویں ڈکٹیٹر

جمعیتہ علمائے ہند کے نویں ڈکٹیٹر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب نے اپنی گرفتاری کے وقت حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب دیوبندی ... کو جمعیتہ علمائے ہند کا اپنا قائم مقام نامزد کیا۔

حکومت نے گاندھی جی کو خط و کتابت کی اجازت دیدی
چھوت چھات کے متعلق جیل سے پروپیگنڈہ

بمبئی ۸ نومبر۔ گاندھی جی نے یروڈہ جیل سے ایک بیان چھوت چھات کی بیخ کنی کے سلسلہ میں شائع کیا ہے۔ ...

عقد بیوگان اور طلاق کا قانون پاس کیا جائے
گجرات کی ہندو خواتین کے مطالبات

احمد آباد ۵ نومبر۔ خواتین کانفرنس میں احمدآباد کی ہندو خواتین نے مندرجہ ذیل مطالبات پیش کئے ...

(۱) کمسنی کی شادیاں خلاف قانون قرار دیدی جائیں۔
(۲) شادی شدہ طلبا کو کالجوں میں داخل نہ کیا جائے۔
(۳) ساردا ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دی جائے۔
(۴) بیواؤں کو دوبارہ شادی کرنے کی اجازت دی جائے۔
(۵) طلاق ایکٹ پاس کیا جائے۔

دار الحکومت
جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ عام
جمعیتہ علمائے ہند کا شاندار جلسہ اور جلوس
پولیس کا لاٹھی چارج

جلوس

پولیس کی مداخلت

دہلی میں دو اور سازشی گرفتار
خفیہ پولیس کی سرگرم تفتیش

دہلی۔ مقامی سی۔ آئی۔ ڈی پچھلے کئی روز سے انقلاب پسندوں کی تلاش میں مصروف تھی ...

گول میز کانفرنس میں برطانی مزدوروں کی شرکت
مزدور جماعت نے شرکت سے انکار کردیا

سر علی امام کی یادگار کے قیام کی تجویز
ایک لاکھ روپے کیلئے کمیٹی کی اپیل

پنجاب کونسل میں بھی آرڈیننس بل پیش ہوگا
بل کی دفعات بہت زیادہ سخت ہیں

جنوبی افریقہ میں سفید فام بیکاروں کی امداد
ہندوستانیوں کو کیوں محروم رکھا گیا

بمبئی میں کانگریسیوں کی گرفتاریاں
مسلم ایرمبئی کونسل گرفتار کرلی گئی

گاندھی جی کی رہائی کے متعلق ہوم ممبر کا بیان
جیل سے گاندھی جی کے دو مکتوب

ریلوے کے جعلی ٹکٹ فروخت کرنے کی سازش
ریاست نابھ میں ایک گروہ گرفتار

ڈھاکہ کے قریب ایک بم پھٹ گیا
ایک ہندو ہلاک ۔ پولیس کی تحقیقات

سرحد میں چار سرخ پوش گرفتار
پارہ چنار منڈی میں پکٹنگ کی سعی

ڈکٹیٹر ششم کا ملتان جیل کو تبادلہ
اخلاقی قیدیوں کی گاڑی میں جگہ دی گئی

رسالہ معراج النبی ﷺ



الملتمس
ناظم شعبہ تالیف و اشاعت انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ لاہور

مسلمانوں اور طلبہ دار العلوم کا یہ جلسہ ہندوستان کے مشہور و مسلم لیڈر سر علی امام کی نہایت انتقال پر ملال پر اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور اس کو ایک قومی اور ملی حادثہ قرار دیتا ہے۔ خدا سے دعا ہے کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

مرحوم کی وفات پر اظہار حزن و ملال کے لئے آج دار العلوم بھی بند رہا۔

شبیر محمد ناظم الاصلاح دار العلوم ندوۃ العلماء

ہاکی کپ ٹورنامنٹ

محمد صالح ہاکی کپ ٹورنامنٹ مارہرہ اسلامیہ اسکول مارہرہ ۷ر نومبر ۱۹۳۲ء سے شروع ہوگا تمام مڈل اسکول اور ہائی اسکول کے آٹھویں درجہ تک کے طلبہ اس میں حصہ لے سکتے ہیں فیس داخلہ پانچ روپیہ ہے گزشتہ سال یہ کپ مارہرہ اسلامیہ اسکول ٹیم نے جیتا تھا قواعد و ضوابط حسب ذیل پتہ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

سید وحید حسن نقوی سکریٹری محمد صالح ہاکی کپ ٹورنامنٹ مارہرہ اسلامیہ اسکول

صوبہ بہار میں اگرچہ برعکس نام نہند زنگی کافور اخبار اتحاد نے جو فضا کدر کر رکھی تھی تاہم لکھنؤ کانفرنس کی شاندار کامیابی کو دیکھ کر مسلمانوں کی آنکھیں کھل گئیں اور دادو نگری کے مکاید سے بھی پردہ اٹھ گیا اور سمجھوں نے دیکھ لیا کہ مسلم کانفرنس کی آڑ میں کیا کچھ کیا جاتا رہا ہے ہم مسلمانان ضلع دربھنگہ کی انتہائی ادعا فرض سمجھتے ہیں کہ تصفیہ کے موقع پر تحفظ پرسنل لاء کے تحت میں ان تفاصیل کا نوٹ میں درج کیا جانا نہایت ضروری ہے جو جمعیۃ علمائے ہند دہلی نے طے کئے ہیں اور وہ تمام تفاصیل منظور کر لی گئیں ہم لوگ دل سے متمنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ صلح کو کامیاب اور مفید بنا دیں اور غداران قوم کی سازشوں سے مسلمانان ہند محفوظ رہیں۔

عبد الوہاب صدر جمعیۃ علمائے صوبہ بہار۔ از دربھنگہ

ندوۃ العلماء میں سر علی امام کی وفات پر جلسہ تعزیت

آج بتاریخ ۸ر نومبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز ظہر اساتذہ و طلبہ دار العلوم کا ایک عظیم الشان جلسہ سر علی امام کی وفات پر اظہار رنج و غم کیلئے زیر صدارت جناب مولانا شبلی صاحب فقیہ دار العلوم

بعد جناب مولوی حافظ خلیل الرحمن صاحب اختر عباسی ناظم جمعیۃ الطلباء مدرسہ اشرف العلوم کانپور نے ایک بصیرت افروز تقریر میں جداگانہ انتخاب کے مضار اور مخلوط انتخاب کے مفاد بیان کئے۔ آپ کے بعد چند دوسرے مقررین نے حالات حاضرہ پر تقریریں کیں جلسہ میں متعدد تجاویز منظور کی گئیں ایک تجویز میں ان مسلم زعماء کو مبارکباد دی گئی جو اتحاد کے لئے ساعی ہیں۔ دوسری تجویز میں ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں سے روادارانہ طرز عمل کی اپیل کی گئی۔

(محمد ایوب بھاگلپوری نائب ناظم جمعیۃ طلباء کانپور)

تشفیع داؤدی صاحب اور مسلمانان بہار

مسلمانان بہار ضلع دربھنگہ اتحاد کانفرنس منعقدہ لکھنؤ کا خیر مقدم کرتے ہوئے ارکین سب کمیٹی سے مستدعی ہیں کہ جلد از جلد ہندو مسلم مناقشہ کو مٹا کر مسلمانوں کو اطمینان سے زندگی بسر کرنے کا موقع دیں۔

اسلامی معلومات کا دریا کوزے میں

مولویوں سے بے نیاز ہو جائیے۔ ضخیم مذہبی کتابوں کی ورق گردانی بیکار ہے حضرت امام اعظم کی زبردست اور عظیم الشان فقہ تمام و کمال آپ کو

اسلامی تعلیم

[illegible]

پتہ: منیجر رسالہ ... کوچہ چیلان دہلی

مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں

جس صاحب کو جونسی چیز کی ضرورت ہو۔ وہ منگوا سکتے ہیں!

رسالہ امراض مخصوصہ

لیکچر ہمدستانیوں کی جسمانی کمزوری

رسالہ لیڈر یا خود علاج

اخبار دیش اپکارک اردو

رسالہ امرت

فہرست دوا

سو سالہ عجیب کیلنڈر مفت

خط و کتابت و تار کا پتہ

امرت دھارا ۔ لاہور منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

تار کا پتہ "میڈی سنٹر" دہلی ٹیلیفون نمبر ۵۵۲

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر گئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھائیے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمائیے)

آپ کا خادم ۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص ابیض

یہ دوا مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کی خاص الخاص مجربات سے ہے ...

اکسیر نسواں

عورتوں کے امراض کے لئے اس سے بہتر دوا اب تک نہ ہندوستان ...

ملین

یہ دافع قبض دواؤں میں بے نظیر دوا ہے ...

جوہری

مرض آتشک کے لئے حضرت مسیح الملک کے مجربات سے ...

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

جلسہ جمعیۃ العلماء یوسف زئی بام خیل

آج بتاریخ ۲۷ر اکتوبر ۱۹۳۲ء شب جمعرات بعد از نماز عشاء جامع مسجد واقع منی تحصیل صوابی میں زیر صدارت مولانا مولوی مفتی صاحب فضل الرحمن نائب صدر جمعیۃ العلماء عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ واعیان توحید کافی تعداد میں شریک تھے اور مندرجہ ذیل تجاویز باتفاق رائے پاس ہوئیں

(۱) صدر صاحب نے صدارت کے دوران میں اصلاح قوم و اتحاد بین المسلمین کے مضامین پر تبصرہ کیا نیز حاضرین کو بتایا گیا کہ ہر ممکن کوشش سے اجراء رسم شریعت پر مصروف رہیں۔ اور حکومت کو ظاہر کیا کہ جمعیۃ العلماء یوسف زئی کا مطالبہ متعلق محاکم شرعیہ ضرور پورا کیا جائے دو جناب حکیم عبد الحکیم صاحب صدر جمعیۃ شبان المسلمین پنجاب لاہور نے دوران تقریر میں حاضرین کو بتایا کہ ہر سہ تجاویز جمعیۃ العلماء ہند متعلق احترام مساجد و اوقاف کو نظر استحسان دیکھتا ہے اور حکومت کے ذریعہ جو سراسر مداخلت فی الدین ہے اظہار افسوس کرتا ہے جس کی تائید میں جناب مبلغ جمعیۃ مولانا حکیم سید محمد اسحق نے پورے طور پر اظہار خیالات کیا۔ (ناظم جمعیۃ محمد یونس)

جمعیۃ طلباء کانپور کا جلسہ

مورخہ ۳ر نومبر ۱۹۳۲ء مطابق ۳ر رجب المرجب ۱۳۵۱ھ کو بعد نماز جمعہ مدرسہ اشرف العلوم کانپور میں زیر صدارت جناب مولانا مولوی محمد امداد اللہ صاحب عباسی جمعیۃ الطلباء مدرسہ اشرف العلوم کانپور کا ایک جلسہ منعقد ہوا۔ صاحب صدر نے اپنی تقریر میں لکھنؤ آل پارٹیز مسلم کانفرنس کی پرزور الفاظ میں حمایت کی جناب صدر کے

اگر تندرستی پر زندگی کی بنیاد ہے!

شربت اکسیر

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان: جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ ... قیمت فی شیشی ایک روپیہ تین شیشی کی قیمت دو روپیہ بارہ آنہ محصولڈاک

تازہ سرٹیفکیٹ ملاحظہ فرمائیے ۔ جناب قادر بادشاہ صاحب کلرک ... تحریر فرماتے ہیں۔ آپ کی کمپنی سے سات شیشی شربت اکسیر منگا کر میں نے اور میرے دوستوں نے بہت فائدہ اٹھایا ...

ملنے کا پتہ: ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ اینڈ کمپنی ۔ کوٹھی نمبر ۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

آگیا ہے نیا سال ۱۹۳۳ء

قیمت ایک آنہ ... کتب فروش صاحبان ... جلد آرڈر روانہ فرمائیے ... ہر شہر میں بمقام بخشی ڈائری ملتی ہے ... آنے پر ہم بخشی ڈائری روانہ کریں گے۔

منیجر دواخانہ بخشی کمپنی نمبر ۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

جمعیۃ علماء مراد آباد کے اسیر رضاکار

مراد آباد ۶ر نومبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علمائے ہند و ڈکٹیٹر پراونشل یوپی کانگریس کمیٹی کے جلوس سے ۹ر نومبر اور اس کے بعد ۱۰ر نومبر کو کانگریسی والنٹیروں کے علاوہ حسب ذیل رضاکاران جمعیۃ علمائے مراد آباد گرفتار کئے گئے ہیں۔

مولوی امیر حمزہ صاحب صدر جمعیۃ طلباء مراد آباد۔ مولوی منظور الاسلام صاحب احراری ۔ سنبھلی احمد حسین عرف چھوٹے۔ شیخ انعام اللہ خاں۔ انعام اللہ خاں۔ شیخ شفیع الدین شیخ قمر الدین۔ نواب خاں صاحبان۔

مسلمانان فرخ آباد کا اجتماع
صلح کوش علماء و زعماء پر اظہار اعتماد

۶ر اکتوبر۔ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان فرخ آباد کا ایک اجتماع عظیم زیر صدارت عالیجناب محمد امداد علی خاں صاحب منعقد ہوا۔ اولاً حضرت مولانا ...

(۴) مسلمانان فرخ آباد کا یہ عام جلسہ حضرات اجتماع لکھنؤ کو مبارکباد دیتا ہے اور اس کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو مخلصانہ مشورہ دیتا ہے کہ وہ اس کی مخالفت سے باز آجائیں ورنہ ہم ان کے خلاف اظہار ناراضگی کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔ (بشیر الدین)

رضاکار جمعیۃ علماء سہارنپور کے مقدمہ کا فیصلہ

سہارنپور ۳ر نومبر۔ فیروز علی خاں صاحب رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کے مقدمہ کی جو کہ ۶ر اکتوبر کو شراب پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار ہوئے تھے مسٹر جہاں سٹی مجسٹریٹ نے ڈسٹرکٹ جیل سہارنپور میں سماعت کی اور ۶ ماہ قید با مشقت اور ۲۵ روپیہ جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا رضاکار مذکور نے مقدمہ کی کارروائی میں کوئی حصہ نہیں لیا۔

بنگال میں احترام مساجد و اوقاف

۲۰ر ستمبر مجلس تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند کے اعلان کے مطابق بانا چنگ پران پاڑا جامع مسجد میں زیر صدارت جناب مولوی اسمٰعیل سعید بخت صاحب زمیندار ایک عام جلسہ منعقد ہوا تھا بعد ختم جلسہ جلوس نکالا گیا تھا گرد و نواح کے گشت کے بعد عیدگاہ پہنچ کر دعا کی گئی۔

حسب پروگرام جمعیۃ علماء ہند تاریخ مذکور میں سید پور بڑے مسجد میں زیر صدارت مولوی حاجی سید سکندر علی صاحب کے ایک عظیم الشان جلسہ ہوا اور قرار داد میں ...

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ اور جلوس
جمعیۃ علماء سہارنپور کے تیسرے ڈکٹیٹر کی گرفتاری

سہارنپور ۹ر نومبر کل حسب تجویز جمعیۃ علماء ہند آرڈیننس ڈے منایا گیا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں ایک جلسہ بصدارت مولانا قاری احمد اللہ صاحب ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور منعقد ہوا تلاوت کلام مجید کے بعد جناب ڈکٹیٹر صاحب نے تقریر فرمائی اور جمعیۃ علماء ہند کے نویں ڈکٹیٹر مولانا سید محمد میاں صاحب کا ... پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد جناب مولانا ... صاحب رکن جمعیۃ علماء سہارنپور نے ایک مبسوط تقریر میں جمعیۃ علمائے ہند کی خدمات ظاہر فرمائیں۔ آپ کے بعد ڈکٹیٹر صاحب نے مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کی اپیل کا خیر مقدم کرتے ہوئے الہ آباد کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا فرمائی اس کے بعد جمعیۃ کی امداد کے لئے اپیل کی گئی جس کا پبلک کی طرف سے خاطر خواہ جواب دیا گیا اس کے بعد مولانا احمد اللہ صاحب نے تین تجویزیں پیش کیں پہلی تجویز میں الہ آباد کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا کی گئی دوسری تجویز میں حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کی گرفتاری پر ان کو مبارکباد دی گئی تیسری تجویز میں فیروز خاں رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کو جن کو ۳ر نومبر کو ۶ ماہ قید بامشقت اور ۲۵ روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی مبارکباد دی گئی۔ دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

جلوس پکٹنگ اور گرفتاریاں

جامع مسجد سے جلوس مرتب ہو کر شہر ... بازار ... وغیرہ میں ہوتا ہوا ... حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کے مطبوعہ بیانات تقسیم کرتا ہوا بازار شہید گنج میں شراب کی دوکان پر پہنچا یہ منظر کہ جلوس مختلف نعروں سے اپنے جوش کا اظہار کر رہے تھے جلوس میں آگے سبز جھنڈا جمعیۃ علماء کا تھا اس کے پیچھے آرڈیننسوں کے متعلق ایک نشان ... تھا مولانا قاری احمد اللہ صاحب ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور اور ... رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور نے شراب پر پکٹنگ کیا ... سب انسپکٹر پولیس معہ ایک جمعیۃ پولیس پہنچے اور ... صاحبان کو گرفتار کر کے کوتوالی پہنچا دیا۔ اللہ اکبر کے نعرے لگنے کے جرم میں ... گرفتار کر لئے گئے کل ۴ گرفتاریاں عمل میں آئیں مجمع نے نعروں کے ساتھ مجاہدین کو رخصت کیا۔

مقویات سر تاج عالم

... ودیا شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

خلاف تحریر ہو تو قیمت واپس

ہمارے کارخانہ قائم شدہ ۱۹۱۲ء کی تیار کردہ مقبول عام پیتل کی خوبصورت پالش شدہ منٹوں میں سیروں نفیس، لذیذ، ہوائی سویاں تیار کرنے والی



نو ایجاد مشین سویاں

وزن معمولی حجم کم پرزے مختصر و مضبوط

قیمت فی مشین پیتل پالش شدہ چھلنی دو عدد (سوراخ ۲۰۰) آٹھ روپے دو آنے، علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ: ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

نو ایجاد مشین نے تمام ولایتی مشین کو مات کر دیا ہے اور کدوکش وغیرہ تازہ ایجادوں کی فہرست طلب فرمائیے۔ پتہ ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

جرمنی طلسمی آلہ

اگر کمزور آدمی صرف دو منٹ میں طاقتور ہونا چاہتے ہیں اور طاقت مردمی کا تماشہ دیکھنا چاہتے ہیں تو بوقت ضرورت جرمنی آلہ استعمال کریں

قیمت فی آلہ رعایتی ۱ روپیہ بالکل بے ضرر ہے۔ وی پی طلب کریں جھوٹ ثابت ہو تو دام واپس ہوگا۔

منگوانے کا پتہ: منیجر آنند اینڈ کمپنی ۵۰ چھاؤنی بٹالہ ضلع گورداسپور

بلوچ قوم کو خوشخبری

کراچی میں "البلوچ" ہفتہ وار کا اجراء

... منیجر البلوچ رنگیسر لین۔ کراچی

بکس نامردی

اپنے ہاتھوں اپنی بربادی کا سامان پیدا کرنے والے مست کو زندگی سے بہتر سمجھنے والے آئیں اور اپنے دامن کو گوہر مراد سے بھریں ... بکس نامردی ...

حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی تصحیح اور سلف صالحین و بزرگان دین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کی دعوت ... ہوتا ہے۔

احمد اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

تبدیل غدود یا عمل جراحی کے بغیر بھی

آدمی جوان ہو سکتا ہے

معجون شباب آور

(رجسٹرڈ)

...

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ اور جلوس
جمعیۃ علماء سہارنپور کے تیسرے ڈکٹیٹر کی گرفتاری

سہارنپور ۵ر نومبر کل حسب تجویز جمعیۃ علماء ہند آرڈیننس ڈے منایا گیا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں ایک جلسہ بصدارت مولانا قاری احمد اللہ صاحب ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور منعقد ہوا۔ تلاوت کلام مجید کے بعد جناب ڈکٹیٹر صاحب نے تقریر فرمائی اور جمعیۃ علماء ہند کے نویں ڈکٹیٹر مولانا سید محمد میاں صاحب کا مصدقہ بیان پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد جناب مولانا ارشاد حسن صاحب رکن جمعیۃ علماء ... نے ایک مبسوط تقریر میں جمعیۃ علمائے ہند کی خدمات ظاہر فرمائیں۔ آپ کے بعد ڈکٹیٹر صاحب نے مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کی اپیل کا خیر مقدم کرتے ہوئے الہ آباد کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا فرمائی۔ اس کے بعد جمعیۃ کی مالی امداد کے لئے اپیل کی گئی جس کا پبلک کی طرف سے خاطر خواہ جواب دیا گیا۔ اس کے بعد مولانا احمد اللہ صاحب نے تین تجویزیں پیش کیں پہلی تجویز میں الہ آباد کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا کی گئی دوسری تجویز میں حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کی گرفتاری پر ان کو مبارکباد دی گئی۔ تیسری تجویز میں فیروز خاں رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کو جن کو ۵ر نومبر کو ۶ ماہ قید بامشقت اور ۵۰ روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی مبارکباد دی گئی۔ دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

جلوس پکٹنگ اور گرفتاریاں

جامع مسجد سے جلوس مرتب ہو کر شہنشاہی بازار نخاسہ وغیرہ میں ہوتا ہوا اور حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی ڈکٹیٹر ہشتم جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علماء ہند کے مطبوعہ بیانات تقسیم کرتا ہوا بازار شہید گنج میں شراب کی دوکان پر پہونچا۔ منظم جلوس مختلف نعروں سے اپنے جوش کا اظہار کر رہے تھے جلوس میں آگے سبز جھنڈا جمعیۃ علماء کا تھا اس کے پیچھے آرڈیننسوں کے متعلق ایک شاندار موٹو تھا مولانا قاری احمد اللہ صاحب ڈکٹیٹر سوم جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور اور اطہر صاحب رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور نے شراب پر پکٹنگ کیا۔ تھوڑی دیر کے بعد سب انسپکٹر پولیس معہ ایک جمعیۃ پولیس پہونچے اور ہر دو صاحبان کو گرفتار کر کے کوتوالی پہونچا دیا۔ اللہ اکبر کے نعرے لگانے کے جرم میں ۳ اور اشخاص گرفتار کر لئے گئے کل ۶ گرفتاریاں عمل میں آئیں مجمع نے نعروں کے ساتھ مجاہدین کو رخصت کیا۔

رضاکار جمعیۃ علماء سہارنپور کے مقدمہ کا فیصلہ

سہارنپور ۵ر نومبر۔ فیروز علی خاں صاحب رضاکار جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کے مقدمہ کی جو کہ ۳۰ر اکتوبر کو شراب پر پکٹنگ کرتے ہوئے گرفتار ہوئے تھے مسٹر جبال سٹی مجسٹریٹ نے ڈسٹرکٹ جیل سہارنپور میں سماعت کی اور ۶ ماہ قید بامشقت اور ۵۰ روپیہ جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا رضاکار مذکور نے مقدمہ کی کارروائی میں کوئی حصہ نہیں لیا۔

بنگال میں احترام مساجد و اوقاف

۹ر ستمبر جلسہ تحفظ ناموس شریعت جمعیۃ علماء ہند کے اعلان کے مطابق باخاجنگ پران باڑا جامع مسجد میں زیر صدارت جناب مولوی الیاس صاحب سعید بخت صاحب زمیندار ایک عام جلسہ منعقد ہوا انفار بعد ختم جلسہ جلوس نکالا گیا تھا گرد و نواح کے گشت کے بعد عیدگاہ پہنچ کر دعا کی گئی۔

حسب پروگرام جمعیۃ علماء ہند تاریخ مذکور میں بیدا پور بڑے مسجد میں زیر صدارت مولوی حاجی سید سکندر علی صاحب کے ایک عظیم الشان جلسہ ہوا اور قرارداد میں مندرجہ ذیل نہایت جوش و خروش کے ساتھ بالاتفاق منظور ہوگئیں۔

۹ر ستمبر حسب پروگرام جمعیۃ علماء ہند شاہ بندر جامع مسجد میں زیر صدارت مولوی محمد عبدالخالق ایک عام جلسہ منعقد ہوا ہر سہ تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں۔

۹ر ستمبر حسب ارشاد جمعیۃ علماء ہند نبی گنج جامع مسجد میں بزیر صدارت مولوی انوار علی صاحب ساڑھے بارہ بجے ایک عام جلسہ منعقد ہوا۔

۹ر ستمبر حسب پروگرام جمعیۃ علماء ہند بانچ گاؤں جامع مسجد میں زیر صدارت مولوی ظفر علی صاحب ایک جلسہ ہوا۔ ان تمام مقامات میں جمعیۃ علماء ہند کی تجاویز منظور کی گئیں۔

جمعیۃ علماء مرادآباد کے اسیر رضاکار

مرادآباد ۵ر نومبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ڈکٹیٹر نہم جمعیۃ علمائے ہند و ڈکٹیٹر پراونشل یوپی کانگریس کمیٹی کے جلوس سے ۸ر نومبر اور اس کے بعد ۱۰ر نومبر کو کانگریسی والنٹیروں کے علاوہ حسب ذیل رضاکاران جمعیۃ علمائے مرادآباد گرفتار کئے گئے ہیں:۔

مولوی امیر حسین صاحب صدر جمعیۃ طلبائے مرادآباد۔ مولوی مظہر الاسلام صاحب احراری سنبھلی۔ محمد حسین عرف چھوٹے۔ شیخ انعام اللہ خان۔ انعام اللہ خان۔ شیخ شفیع الدین شیخ قمر الدین۔ نواب خاں صاحبان۔

مسلمانان فرخ آباد کا اجتماع
صلح کوشش علماء و زعماء پر اظہار اعتماد

۲۸ر اکتوبر بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان فرخ آباد کا ایک اجتماع عظیم زیر صدارت عالیجناب محمد امراؤ علی خاں صاحب منعقد ہوا۔ اولاً حضرت مولانا عبداللطیف صاحب خطیب جامع مسجد نے حضرت مفتی اعظم مولانا محمد کفایت اللہ صاحب کی صحت کیلئے دعا کی۔ اس کے بعد مولانا حکیم سید آل نبی صاحب نقوی و مولانا محمد ایوب صاحب انصاری نے اجتماع لکھنؤ کی حمایت پر بصیرت افروز تقریریں کیں آخر میں حسب ذیل تجویزیں بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانان فرخ آباد کا یہ عام جلسہ اجتماع لکھنؤ کو بنظر استحسان دیکھتا ہے اور علماء و زعماء کے متفقہ فیصلہ پر اپنے اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔

(۲) مسلمانان فرخ آباد کا یہ عام جلسہ شرکائے اجتماع لکھنؤ کو مبارکباد دیتا ہے اور اس کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو مخلصانہ مشورہ دیتا ہے کہ وہ اس کی مخالفت سے باز آجائیں ورنہ ہم ان کے خلاف اظہار ناراضگی کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔

(بشیر الدین)

جلسہ جمعیۃ العلماء یوسف زئی بام خیل

آج تاریخ ۲۰ر اکتوبر ۱۹۳۲ء شب جمعرات بعد از نماز عشاء جامع مسجد واقع بنی تحصیل صوابی میں زیر صدارت مولانا مولوی مفتی صاحب فضل الرحمن نائب صدر جمعیۃ العلماء عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ واعیان توحید کافی تعداد میں شریک تھے اور مندرجہ ذیل تجاویز باتفاق رائے پاس ہوئیں۔

(۱) صدر صاحب نے صدارت کے دوران میں اصلاح قوم، اتحاد بین المسلمین کے مضامین پر تبصرہ کیا نیز حاضرین کو بتایا گیا کہ ہر ممکن کوشش سے اجراء رسوم شریعت پر مصروف رہیں۔ اور حکومت کو ظاہر کیا کہ جمعیۃ العلماء یوسف زئی کا مطالبہ متعلق محاکم شرعیہ ضرور پورا کیا جائے (۲) جناب حکیم عبدالحکیم صاحب صدر جمعیۃ شبان المسلمین پنجاب لاہور نے دوران تقریر میں حاضرین کو بتایا کہ ہم ہمہ تجاویز جمعیۃ العلماء ہند متعلق احترام مساجد و اوقاف کو بنظر استحسان دیکھتا ہے اور حکومت کے رویہ پر جو سراسر مداخلت فی الدین ہے اظہار افسوس کرتا ہے جس کی تائید میں جناب مبلغ جمعیۃ مولانا حکیم سید محمد اسحق نے پورے طور پر اظہار خیالات کیا۔ (ناظم جمعیۃ محمد یونس)

جمعیۃ طلباء کانپور کا جلسہ

مورخہ ۴ر نومبر ۱۹۳۲ء مطابق ۴ر رجب المرجب ۱۳۵۱ھ کو بعد نماز جمعہ مدرسہ اشرف العلوم کانپور میں زیر صدارت جناب مولانا مولوی محمد امداد اللہ صاحب عباسی جمعیۃ الطلباء مدرسہ اشرف العلوم کا نہایت کامیاب جلسہ منعقد ہوا۔ صاحب صدر نے اپنی تقریر میں لکھنؤ آل پارٹیز مسلم کانفرنس کی پرزور الفاظ میں حمایت کی۔ جناب صدر کے بعد جناب مولوی حافظ خلیل الرحمن صاحب اختر عباسی ناظم جمعیۃ الطلباء مدرسہ اشرف العلوم کانپور نے ایک بصیرت افروز تقریر میں جداگانہ انتخاب کے مضار اور مخلوط انتخاب کے مفاد بیان کئے۔ آپ کے بعد چند دوسرے مقررین نے حالات حاضرہ پر تقریریں کیں۔ جلسہ میں متعدد تجاویز منظور کی گئیں۔ ایک تجویز میں ان مسلم زعماء کو مبارکباد دی گئی جو اتحاد کے لئے ساعی ہیں۔ دوسری تجویز میں ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں سے روادارانہ طرز عمل کی اپیل کی گئی۔

(محمد ایوب بھاگلپوری نائب ناظم جمعیۃ طلباء کانپور)

اگر تندرستی بر قرار رکھنا ہے تو زندگی بیکار ہے!
شربت اکسیر

...

ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

Indian Invention House Delhi Amritsar

ہندوستانی ایجاد گھر

خلاف تحریر ہو تو قیمت واپس

نوایجاد مشین سوئیاں

ہندوستانی ایجاد گھر دہلی

مقویات سرتاج عالم

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بلوچ قوم کو خوشخبری

کراچی میں "البلوچ" ہفتہ وار کا اجراء

منیجر البلوچ ... کراچی

جرمنی طلسمی آلہ

اگر کمزور آدمی صرف دو منٹ میں طاقتور ہونا چاہتے ہیں ...

منیجر آنند ایجنسی ... ضلع گوردا سپور

آگیا ہے۔ نیا سال ۱۹۳۳ء

بخشی پاکٹ ڈائری

قیمت ایک آنہ

منیجر ... بخشی کمپنی ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

بکس نامردی

حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ
الجامعہ

احمد اینڈ کو
تھوک انگریزی دوا فروش
بازار بلی ماران دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۵۲

تبدیل غذا و بغیر جراحی کے بغیر بھی
آدمی جوان ہو سکتا ہے
معجون شباب آور

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

شفیع داودی صاحب اور مسلمانان بہار

مسلمانان بہار ضلع دربھنگہ اتحاد کانفرنس منعقدہ لکھنؤ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اراکین سب کمیٹی سے متوقع ہیں کہ جلد از جلد ہندو مسلم مناقشہ کو طے فرما کر مسلمانوں کو اطمینان سے زندگی بسر کرنے کا موقع دیں۔

صوبہ بہار میں اگرچہ برعکس نام نہند زنگی کافور اخبار اتحاد نے جو فضا کدر کر رکھی تھی گو لکھنؤ کانفرنس کی شاندار کامیابی کو دیکھ کر مسلمانوں کی آنکھیں کھل گئیں اور داؤد نگری کے مکاید سے بھی پردہ اٹھ گیا اور سمجھ لئے کہ مسلم کانفرنس کی آڑ میں کیا کچھ کیا جا رہا ہے ہم مسلمانان ضلع دربھنگہ کی انتہائی آرزو ہے کہ تصفیہ کے موقع پر تحفظ پرسنل لا کے تحت میں ان تفاصیل کا فٹ نوٹ میں درج کیا جانا نہایت ضروری ہے جو جمعیۃ علمائے ہند طے کر چکی ہے وہ تمام تفاصیل منظور کی جائیں ہم لوگ دل سے متمنی اور دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ صلح کو کامیاب اور مفید بنا دے۔ اور اعداء الاسلام قوم کی سازشوں سے مسلمانان ہند محفوظ رہیں۔

عبدالوہاب صدر جمعیۃ علمائے صوبہ بہار از دربھنگہ

ندوۃ العلماء میں سر علی امام کی وفات پر جلسہ تعزیت

آج بتاریخ ۸ر نومبر ۱۹۳۲ء کو بعد نماز ظہر اساتذہ و طلبہ دار العلوم کا ایک عظیم الشان جلسہ سر علی امام کی وفات پر اظہار رنج و غم کیلئے زیر صدارت جناب مولانا شبلی صاحب فقیہ دار العلوم منعقد ہوا جس میں حسب ذیل تجویز بالاتفاق منظور ہوئی۔

اساتذہ و طلبہ دار العلوم کا یہ جلسہ ہندوستان کے مشہور مسلم لیڈر سر علی امام کی ناگہانی انتقال پر ملال پر اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور اس کو ایک قومی اور ملی حادثہ قرار دیتا ہے۔ خدا سے دعا ہے کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

مرحوم کی وفات پر اظہار حزن و ملال کے لئے آج دار العلوم بھی بند رہا۔

شبیر محمد ناظم الاصلاح دار العلوم ندوۃ العلماء

ہاکی کپ ٹورنامنٹ

محمد صالح ہاکی کپ ٹورنمنٹ مارسین اسلامیہ اسکول مارہرہ ۲۷ر نومبر ۱۹۳۲ء سے شروع ہوگا تمام مڈل اسکول اور ہائی اسکول کے آٹھویں درجہ تک کے طلبہ اس میں حصہ لے سکتے ہیں فیس داخلہ پانچ روپیہ ہے گزشتہ سال یہ کپ مارسین اسلامیہ اسکول ٹیم نے جیتا تھا قواعد و ضوابط حسب ذیل پتہ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

سید وحید حسن نقوی سکریٹری محمد صالح ہاکی کپ ٹورنمنٹ مارسین اسلامیہ اسکول مارہرہ

رسالہ معراج النبی



اسلامی معلومات کا دریا کوزے میں
اسلامی تعلیم

...

المشتہر منیجر رسالہ ... دہلی

مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں!

رسالہ امراض مخصوصہ مردان

لیکچر ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری

رسالہ لیبر یا خوردبین

اخبار دیش اپکار کی اردو

رسالہ امرت

فہرست دوا

امرت دھارا ... لاہور

کروڑوں روپے

تار کا پتہ "ہسپتال" دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۰۶

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم نے رفاہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کر دیئے ہیں اور آپ کے جانشین عظیم مسیح الملک حکیم محمد احمد صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے بھی مجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کرا کر شفایاب ہوتے ہیں۔ (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص احیض — اکسیر نول — ملین — چوہری

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۳ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

الجمعیۃ

سہ روزہ

دہلی

ید اللہ علی الجماعۃ

تاریخہائے اشاعت

ہر عیسوی ماہ کی

نرخنامہ اشتہارات

قیمت اخبار

ہندستان کیلئے

ممالک غیر کے لئے

نمونہ

معاون

محمد عثمان فارقلیط

مدیر مسئول

ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۱۶ | دہلی - یوم یکشنبہ ۱۳ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۳ نومبر سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۴

معاصرین کے افکار و آراء

سود اقانون حج (ملت)

عازمان حج کی آسانیوں کا کون ایسا مسلمان ہوگا جو خواہشمند نہ ہوگا۔ مسلمانوں کی جو کثیر تعداد ہر سال اپنے اس مذہبی فریضہ کی ادائی کے لئے جاتی ہے، ان میں یقیناً ہزاروں ایسے ہوتے ہیں جو سفر حج پر صرف اوسط درجہ کے ضروری اخراجات برداشت کرسکتے ہیں ...

ان تازہ شواہد کی بابت کیا خیال ہے ...

قوموں کی زندگی (ہمدم جدید)

قوموں کی زندگی، اکثریت و اقلیت کے حساب پر موقوف نہیں ہے، بلکہ صرف اس کا دارومدار اس اسپرٹ پر ہے جو قوموں میں موجود ہوتی ہے ...

مسلمانوں کے مشاغل (مدینہ)

ہندو مسلم اتحاد (...)

یک بام و دو ہوا (زمیندار)

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

(از سادات)

اسلام دنیا کی ہر بیماری کا علاج تجویز کرچکا ہے

خلافت راشدہ میں کسانوں اور زمینداروں کے حقوق

موجودہ تہذیب اور اسلام کا قانون مالگذاری

ہمیں اس امر کے اظہار میں کوئی باک نہیں ...

خلیفۃ المسلمین کی اسلامی فوج پر سختی

حضرت فاروق اعظم نے اسلامی فوج کو سختی سے منع کر رکھا تھا کہ وہ زمینداروں کو رقبہ برابر بھی تکلیف نہ دیں ...

کسی پر ظلم کرکے تو مالگذاری نہیں لی گئی؟

آج مہذب ترین حکومتوں کا مالگزاری کے سلسلہ میں کیا حال ہے؟ ...

اسلام میں زمینداروں کے حقوق

خلافت راشدہ اور مالگذاری

جائے نماز یہ نایاب تحفہ جس کی ہر ایک مسلمان کے گھر میں ضرورت ہے۔ ضرور آزمائش کریں۔ جائے نماز قسم اول مخمل ... علاوہ محصولڈاک۔ جائے نماز قسم دوم ... علاوہ محصولڈاک۔ (نوٹ) اگر کسی دوکاندار کو زیادہ جائے نماز کی ضرورت ہو تو ہم سے خط و کتابت کریں۔

نایاب کتابیں ناظرین یہ نایاب کتابیں ہر وقت ہمارے کارخانہ سے مل سکتی ہیں۔ (۱) کنجینہ طبیب حصہ اول ... (۲) مجربات ... (۳) لب المجربات ... (۴) طبیب نسواں ... (۵) مشکل کشا ... آپ کو معلوم ہوجائے گا۔ ملنے کا پتہ: قادر کمپنی سرکل ۹ لدھیانہ (پنجاب)

محبوب عاشق کے قدموں پر

عمل ... ملنے کا پتہ فضل شاہ عامل پوسٹ بکس نمبر ۴۵ دہلی

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کا خیال او رپاس ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی صحت پر ایک قوم کی ترقی کا دارومدار ہے اس لئے کڑوے اور خطرناک جلاب دے کر بچوں کی صحت کو خراب مت کرو۔

کیسٹوفین

بچوں کی صحت کا محافظ ہے لذیذ خوش ذائقہ اور مقبول عام ہے قبض کشا زود اثر اور بالکل بے خطر ہے ہر دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

بال جڑ سے کالا

... پتہ بال کالا اسٹور کنسی سری دربھنگہ

رسالہ حقیقت اسلام لاہور کی شہرت کا راز

یہ رسالہ افراط و تفریط سے بالکل الگ ہو کر دین کا سیدھا سادہ آسان اور بالکل بے خطر راستہ دکھاتا ہے ... عالمگیر شہرت نصیب ہوئی وہ اپنی نظیر آپ ہے۔

حقیقت اسلام میں حدیث کی مشہور کتاب ترمذی شریف کا ترجمہ بالالتزام شائع ہو رہا ہے اور مطالب الفرقان فی ترجمۃ القرآن کے عنوان سے تفسیر قرآن حکیم کا ترجمہ مع ضروری تفسیر کے شائع ہو رہا ہے ...

سالانہ چندہ صرف دو روپے (عہ) فی پرچہ ۳/

المشتہر

پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ لاہور

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر ہے قبض بالکل نہیں کرتی

... منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

اکسیر حیات

دوا وہ جو درد دل اٹھنے لگا تاثیر اسکو کہتے ہیں

بدن کندن بنا دیتی ہے اکسیر اسکو کہتے ہیں

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جس کا ہر گھر بلکہ ہر شخص کے پاس سفر و حضر میں رہنا ضروری ہے ...

ملنے کا پتہ

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب

پھلواری شریف ضلع پٹنہ

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو

چہرہ زرد ہے جسم نحیف اور کمزور ہے دل دھڑکتا ہے بھوک نہیں لگتی زندگی وبال ہو رہی ہے یہ سب کچھ جریان کا اثر ہے۔ جریان ایسا موذی مرض ہے جس سے زندگی تباہ و برباد ہوجاتی ہے ان سب شکایات کے لئے ہماری تیار کردہ دوائیں بے حد مفید ثابت ہوں گی۔

دونوں دواؤں کی قیمت سات روپیہ

جریان کی گولیاں

سفوف جریان

منیجر حاذق فارمیسی پوسٹ بکس جنگپورہ دہلی

بے روزگاری کا آسان علاج

معاش کا شریفانہ ذریعہ

اگر آپ بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں اگر آپ کا ذریعہ معاش آپ کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے تو آپ کے لئے سب سے بہتر یہ ہے کہ آپ الجمعیۃ کی ایجنسی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

الجمعیۃ کی ایجنسی لے کر آپ اپنی خدمت بھی کرسکیں گے اور ایک قومی و مذہبی خدمت بھی انجام دیں گے۔

الجمعیۃ کی ایجنسی آپ کے لئے ہم خرما و ہم ثواب ثابت ہوگی ذیل کے پتہ پر ایک کارڈ لکھ کر فوراً شرائط ایجنسی طلب کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت علامہ حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہی معرکۃ الآرا تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرکے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آجکل اپنی فلاح و بہبود کیلئے شدید ضرورت ہے، افسانہ کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے حجم ۳۰۶ صفحات قیمت صرف ۱۲/ علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جاچکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے، یہ سلسلے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو رہے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر	تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر	تعلیم الاسلام کا قاعدہ
۴/	۲/	۱/	۱/

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵/ علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۶/

ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲/

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمے والا قرآن مجید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چڑھائی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عللہ/ علاوہ محصولڈاک

غیر مجلد چرمی ... فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے بطور پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرّا اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن مجید آپکو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش لگے ہوئے ... ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے ... اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے پاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ... یعنی ایک روپیہ ... مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرمی ... علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور بامحاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ... علاوہ محصولڈاک ...

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۱۳ ررجب المرجب ۱۳۵۱ھ

سول نافرمانی کو بند کرنے سے ہی تعمیری کام ہو سکتا ہے

ہندوستان کو اصلاحات کیلئے مزید انتظار کرنے کا مشورہ

لارڈ سینکلے کا گاندھی جی سے سول نافرمانی ترک کرنیکا مطالبہ

لندن ۱۱ر نومبر۔ لارڈ سینکلے نے اپنے ایک ہندوستانی دوست کو ایک مکتوب ارسال کیا ہے جو اخبار "نیوز لیٹر" میں شائع ہوا ہے جس میں آپ نے فرماتے ہیں کہ اگر مسٹر گاندھی اپنے اثر کو کام میں لاکر سول نافرمانی کی تحریک کو بند کردیں تو تمام حالات میں نمایاں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ آپ نے مزید تحریر کیا ہے کہ گفت و شنید اور افہام و تفہیم کے دوران میں تصفیہ کے حصول میں ہرممکن کوشش کی گئی لیکن ہر دفعہ سول نافرمانی کے باعث مشکلات پیدا ہوتی چلی گئیں۔ تعاون کے بیسیوں مواقع ہیں کہ ایک شخص ایسا ہو جو مسئلہ کو حل کرے بلکہ اس کے ہاتھوں میں کہ جنگ کو اعلیٰ اصول کی خاطر ترک کردیا جائے۔ گفت و شنید کا وقت گزر گیا ہے اور اس وقت ضرورت اس کی ہے کہ تفصیلات جن پر ہندوستان کی تو اصلاحات کی عملی تعمیر کی جائے۔ ہم ہندوستان کی خواہشات کا احترام کرتے ہیں لیکن تاریخ بتاتی ہے کہ قدیم تہذیب چند سال کے اندر عمل میں نہیں آسکتی ہر شخص دستوری تعمیر کا ایک کا غذ مرتب کرسکتا ہے مگر ہم ایسی حکومت کا خاکہ تیار کررہے ہیں جو قابل عمل ہو جس کیلئے فیڈرل گورنمنٹ جس کے مختلف حصے ہیں کہ اس کے لئے ایک عرصہ دراز کی ضرورت ہے جس میں مختلف جماعتوں، مذہبوں اور نجی رفاہ کا لحاظ رکھا جائے گا۔

آخر میں گاندھی جی کے اخلاص کا اعتراف کرنے کے بعد لارڈ سینکلے نے لکھا ہے کہ گاندھی جی کو اب سول نافرمانی ترک کردینی چاہئے اور اپنی قوت کو ایسے کام میں لگا دینا چاہئے جو جماعتوں کو مختلف کرنے کے بجائے متحد کردے۔ اس کے بعد مجھ کو مستقبل سے کوئی خوف نہیں رہے گا۔

امریکہ کے انتخابات میں صدر جمہوریہ کو شکست

شراب نوشی کی حمایت نے روزویلٹ کو کامیاب بنادیا!

نیویارک ۹ر نومبر۔ فرینکلن روز ویلٹ (ڈیموکریٹک پارٹی) متحدہ امریکہ کے صدر منتخب ہوگئے ہیں۔ مسٹر ہوور (ری پبلکن) کو بھاری اکثریت سے شکست ہوگئی ہے۔ مسٹر ہوور کو ریاست نیویارک جنوب اور وسطی مغرب میں پوری ناکامی ہوئی۔ بے روزگاری، غریب کسانوں اور تاجروں نے جن پر موجودہ کساد بازاری کی ضرب کاری لگی ہے۔ اور جس کے لئے موجودہ حکومت کو ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے۔ متحد ہو کر مسٹر ہوور کو عہدے سے ہٹانے کی کوشش کی اور وہ کامیاب ہوگئے۔

امریکہ کے انتخابات کی تاریخ میں اتنی بھاری تعداد میں رائیں کبھی وصول نہیں ہوئی تھیں۔

گورنر روز ویلٹ کی کامیابی کی کنجی ریاست نیویارک رہی جہاں انہیں ۴۷ حلقہائے انتخاب سے رائیں ملیں۔ اور اس طرح انہوں نے نصف نیویارک کے شہر میں مسٹر ہوور کی نسبت ۸ لاکھ رائیں زیادہ حاصل کیں۔

ڈیموکریٹک پارٹی ۵۳۰ حلقہائے انتخاب میں سے ۴۷۲ حلقہائے انتخاب میں اپنی کامیابی کا دعویٰ کرتی ہے۔ یقین کیا جاتا ہے کہ مسٹر ہوور کو ۱۹۲۸ء کے انتخابات میں جو دوکروڑ ایک لاکھ رائیں ملی تھیں ان سے ۱۵ لاکھ زیادہ رائیں مسٹر فرینکلن روزویلٹ کو ملیں گی۔

مسٹر روزویلٹ کے انتخاب کا غالباً ایک نتیجہ یہ ہوگا کہ قانون امتناع شراب نوشی منسوخ کردیا جائے گا اور "خشک امریکہ" (جس نام سے اب وہ مشہور ہے) "ترامریکہ" بن جائے گا۔ اور ہر گوشہ میں شراب خانہ ہی شراب خانہ نظر آئیں گے۔

مسٹر روزویلٹ کے انتخاب سے دنیا کی اقتصادی کانفرنس کے حالات میں ایک اہم تبدیلی ہوجائے گی۔ کیونکہ گورنر روزویلٹ امریکن محاصل میں کمی اور قرضہ کی ادائیگی کے سوال پر نظر ثانی کی جانب مخاصمانہ رویہ رکھتے ہیں۔

"کانفرنسوں کی منڈی" میں خونریز فساد

فوج اور پولیس پر حملہ بلوائیوں پر گولہ باری

آٹھ اشخاص ہلاک اور تیس مجروح

جنیوا ۱۱ر نومبر۔ جھیل جنیوا کے کنارے دو اشتراکی سرغنوں کے خلاف مظاہرہ نے خطرناک صورت اختیار کرلی۔ اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ مشین گن چلانی پڑی جس سے تین مظاہرہ کرنے والے ہلاک ہوگئے۔

جب پولیس موقع واردات پر پہنچی تو مظاہرہ کرنے والوں پر حملہ کیا۔ ٹریننگ سکول سے فوج کا ایک مسلح دستہ طلب کیا گیا لیکن بلوائیوں کے ہیجان کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے فوج پر بھی حملہ کردیا اور سپاہیوں سے ان کی بندوقیں چھین لیں۔ سپاہیوں کو مجبوراً اپنی جان بچا کر واپس جانا پڑا لیکن بلوائیوں نے پیچھا نہیں چھوڑا ان کا تعاقب شروع کردیا۔ اور برابر خشت باری کرتے رہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ پولیس نے دوبارہ مشین گنوں سے گولہ باری کی شہر میں فوجی دستے متعین کردیئے گئے ہیں اور صورت حال پر قابو پانے کی کوشش کی جارہی ہے گرفتاریوں کی توقع کی جاتی ہے۔

امریکہ میں تباہ کن طوفان بادو باراں

ایک ہزار آدمی ہلاک۔ متعدد جہازات غرق

کیلوں کے درخت اور گنے کی کاشت کو سخت نقصان

نیویارک ۱۱ر نومبر۔ کوبا سے ایک اطلاع مظہر ہے کہ مقام "کوبا" میں ایک زبردست آندھی آئی جس کے باعث ایک ہزار آدمی ہلاک ہوگئے۔ کوبا اور ویسٹ انڈیز کو سخت نقصان پہونچا ہے۔ کیلوں کے باغات پچاس فیصدی تباہ اور متعدد جہازات غرق ہوگئے ہیں۔ گنے کی کاشت کو بہت زیادہ نقصان پہونچا ہے۔

یہ تباہ کن اور خوفناک آندھی اپنے ساتھ بارش بھی لائی۔ آندھی کی رفتار ۱۰۰ میل فی گھنٹہ تھی۔ کوبا کے قریب ایک قصبہ بھی بالکل تباہ ہوگیا ہے۔ عمارات اور کارخانجات بالکل منہدم ہوگئے ہیں۔

حکومت افغانستان میں اہم تبدیلیوں کی توقع

وزیر اعظم اور گورنروں کے عہدوں میں تبدیلی

معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کی وزارت میں عنقریب نہایت اہم تبدیلیاں ہونے والی ہیں اور اس مسئلہ پر آج کل اعلیٰ حکام کے ساتھ غور و خوض کیا جارہا ہے۔ سردار شاہ محمود خاں وزیر حربیہ سمت جنوبی سے واپس آکر علاج کے لئے جرمنی چلے جائیں گے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ علیل ہیں اور موجودہ وزیر اعظم سردار محمد ہاشم خاں کو گورنری افغانی ملے گی۔ اس کے بعد شاہ نادر خاں کے بھائی سردار محمد عزیز خاں جو حال ہی میں ماسکو کی سفارت سے واپس آئے ہیں وزیر اعظم بنائے جائیں گے۔ وزیر حربیہ کے منصب کے متعلق گمان غالب یہ ہے کہ اس پر سردار شاہ ولی خاں فائز ہوں گے لیکن دوسری روایت یہ ہے کہ وہ شاہ نادر خاں کے وکیل کی حیثیت سے کام کریں گے کیونکہ آپ کی صحت اچھی نہیں رہتی۔ اور شاہزادہ محمد ظاہر خاں (ولیعہد) وزیر جنگ ہوں گے۔

الہ آباد کانفرنس میں امید و بیم کے دوگونہ مناظر

اتحاد کوشی کے باوجود سندھ کا مسئلہ لانحل بنا ہوا ہے

الہ آباد کانفرنس میں زعماء قوم کی متحدہ مساعی سے بحث و تمحیص اور افہام و تفہیم کے بعد فرقہ وارانہ مسائل کا بیشتر حصہ طے ہو چکا ہے اور اصولی معاملات پر تقریباً سمجھوتہ ہوگیا ہے مگر ابھی تک سندھ کا معاملہ اور پنجاب کے جزوی مسائل مفاہمت کے راستہ میں سنگ گراں بنے ہوئے ہیں اور نہیں کہا جاسکتا کہ ان کو کس طرح اور کب تک دور کیا ...

ایک باوجود انتہائی کوشش اور دن رات کی تگ و دو کے حل نہیں ہو سکا ہم اب تک نہیں سمجھے کہ جب ہندوؤں نے سندھ کی علیحدگی کو اصولاً تسلیم کرلیا تو وہ اس میں مزید سہولتیں بہم پہونچانے کے بجائے شرائط اور تحفظات کے پردہ میں کیوں مشکلات پیدا کررہے ہیں اگر ہندو زعماء سچائی کے ساتھ اس کی ...

اچھوت اور اقلیت پسند ہندو

لارڈ سینکلے اور گاندھی جی

جمعیۃ علماء رنگون

وکٹوریہ ہسپتال کے متعلق شکایات

حوادث و احکام

(گذشتہ سے پیوستہ)

ضروری گزارش

اتحاد کانفرنس میں پنجاب کا مسئلہ طے ہو گیا

جمعیۃ علماء ہند کا پرسنل لاء من و عن تسلیم کرلیا جائے گا

سندھ کی علیحدگی کے لئے سندھی ہندوؤں کی درخواست

الہ آباد ۱۰ر نومبر۔ اتحاد کانفرنس کی کارروائی ہنوز جاری ہے۔ کانفرنس کی جانب سے جو کمیٹی تجاویز مرتب کرنے اور اپنی رپورٹ پیش کرنے کی غرض سے بنائی گئی وہ مسلسل ...

خوشگوار فضا

جمعیۃ علماء ہند کا پرسنل لاء

سندھ کانفرنس

ناظم جمعیۃ علماء پنجاب کا بیان

پنجاب کی نشستیں

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

سرزمین عرب میں مغربی تہذیب کی تباہ کاریاں

عدن کے عیسائی مدارس کا خواتین پر اثر

عدن میں عیسائی مدارس نے مغربی تہذیب کو خوب فروغ دے رکھا ہے جس سے مشرقی بالخصوص عربی تہذیب کو سخت نقصان پہونچ رہا ہے۔ عدن میں عیسائی مشنریوں کا جال پھیلا ہوا ہے جو اپنے بے پناہ سرمایہ سے مغربی لعنت کو پوری بے حیائی سے پھیلانے پر تلے ہوئے ہیں ... جارہی ہیں۔ لڑکیوں کے والدین نے اسلامی اور وطنی حمیت کو بالائے طاق رکھ کر ان کو بے شرم بنانے پر کمر باندھی ہے۔ عدن کے بعض حساس اور غیرت مند عربوں کا ارادہ ہے کہ وہ بھی مدارس کے مقابلہ میں اسلامی مدارس کھول کر اپنی بچیوں کو مغربی بے حیائی سے بچائیں اور مشنریوں کے پروپیگنڈہ کو بے اثر کردیں۔

(صراط المستقیم)

الجزائر میں انسداد مسکرات کی تحریک

جمعیۃ اسلامیہ کا قیام

الجزائر میں مسکرات کے انسداد کیلئے مقامی علماء و زعماء نے "جمعیۃ اسلامیہ" قائم کی ہے۔ اس جمعیۃ کی طرف سے شراب نوشی اور دیگر مسکرات کے خلاف زبردست لسانی اور قلمی جہاد کیا جائے گا اور شراب کے مفاسد و مضرات پر اشتہارات، رسائل اور پمفلٹ تقسیم کئے جائیں گے تاکہ شراب نوش طبقہ پر اتمام حجت کے تمام طریقے پورے ہوجائیں۔ اس کے بعد بھی اگر وہ اس خبیث عادت کو ترک نہ کریں تو پورے ملک کو ان کے مقابلہ کیلئے کھڑا کردیا جائے۔ الجزائر کے ہر گوشہ میں جمعیۃ کی تاسیس پر مسرت کا اظہار کیا جارہا ہے۔ (صراط المستقیم)

بغداد سے مدینہ منورہ تک موٹر سروس

حکومت حجاز و عراق کی گفت و شنید

گزشتہ سال حکومت حجاز اور حکومت عراق میں، قدیم سڑکوں پر بغداد سے مدینہ منورہ تک موٹروں کے سلسلہ میں گفت و شنید ہوئی تھی جو کچھ مدت کے بعد معرض التوا میں پڑگئی۔ اب حکومت حجاز دوبارہ حکومت عراق سے اسی مسئلہ پر تبادلہ خیالات کرنا چاہتی ہے جس کا آغاز رمضان المبارک سے پہلے پہلے ہوجائے گا۔ حکومت حجاز کی خواہش ہے کہ بغداد سے مدینہ منورہ تک موٹروں کی آمد و رفت شروع ہوجائے تاکہ حجاج بآسانی فریضہ حج ادا کرسکیں خیال ہے کہ گفت و شنید کے بعد حکومت عراق اس تجویز کو تسلیم کرلے گی۔ (ام القریٰ)

عربی زبان میں گفتگو کرنیکا جرم

ترکی میں بارہ اشخاص کو سزا

مصری جرائد سے معلوم ہوا کہ ترکی حکومت نے حال میں ۱۲ اشخاص کو گرفتار کیا ہے ان کا جرم یہ تھا کہ وہ عربی زبان میں گفتگو کررہے تھے۔ ان تمام اشخاص کو عدالت نے عربی میں گفتگو کرنے کی پاداش میں ۱۵-۱۵ یوم کی سزا دیدی۔ (صراط المستقیم)

نجف اشرف میں ایک علمی مجلس کا قیام

نجف اشرف کے فضلاء میں آج کل ادبی اور علمی شوق پیدا ہو رہا ہے اور وہ نجف میں ایک مجلس "جمعیۃ علمیہ ادبیہ" کے نام سے قائم کرنا چاہتے ہیں جس کا مقصد اخلاق کی ترویج، علوم و ادب کی اشاعت اور فنون لطیفہ کی خدمت ہے۔ علماء نجف کے ایک وفد نے وزارت داخلہ میں پہونچکر ارکان دولت سے اس معاملہ میں گفتگو کی جس کے بعد وزارت نے نہایت خوشی سے اس جمعیۃ کے قیام و تاسیس کی اجازت دیدی۔ (صراط المستقیم)

کویت میں برقی روشنی کا انتظام

امیر کویت شیخ احمد جابر نے بعض عراقیوں کو عمرانی اور اقتصادی سہولتیں بہم پہونچانے کا وعدہ کرلیا ہے اور بعض تعمیری کاموں کی اجازت بھی مرحمت فرمادی ہے۔ عراقیوں کی ایک کمپنی کو بجلی بنانے کی اجازت دیدی گئی ہے جو تمام کویت میں روشنی کا انتظام کرے گی۔ ایک دوسری کمپنی کو نہروں کی کھدائی اور آب پاشی کیلئے مقرر کردیا گیا ہے۔ امیر کویت کا یہ تعمیری پروگرام ان کے سفر بغداد کے نتائج میں سے ایک اہم نتیجہ خیال کیا جاتا ہے۔ (صراط المستقیم)

عراق میں اجنبی امتیازات کا خاتمہ

حکومت عراق کی توقعات

فرانس، اٹلی، اسپین، بلجیم، ہالینڈ اور پولینڈ کی حکومتوں نے حکومت عراق کو مطلع کیا ہے کہ وہ عراق کے اجنبی امتیازات کے حقوق سے دستبردار ہوجائیں گی اور عراقی گورنمنٹ سے اس کا صلہ بھی نہیں طلب کریں گی۔ حکومت عراق کو امید ہے کہ ان کے علاوہ یورپ کی دیگر حکومتیں بھی اسی قسم کا اعلان کرکے حکومت عراق کی آزادی کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گی۔ مذکورہ حکومتوں کے فیصلہ پر حکومت عراق نے مسرت کا اظہار کیا ہے۔

پنجاب کا مسئلہ اطمینان بخش طریق پر طے ہو چکا

مسلمانوں کیلئے اکاون فی صدی نمایندگی یا کل نشستیں

آبادی کے تناسب پر نمائندگی کی حمایت

سکھوں کے بے پناہ مطالبات پر الہ آباد میں غور و بحث

فوجی بھرتی کے اصول کا تصفیہ دس سال کیلئے موجودہ ٹیکس کی بحالی

سندھ کا مسئلہ ابھی تک طے نہیں ہو سکا

دار الحکومت

جامع مسجد دہلی میں عام جلسہ

اتحاد کانفرنس کی زبردست کامیابی

مسلمانوں کے تیرہ مطالبات کی منظوری

ڈاکٹر منجے کا بیان

مالوی جی کے نام سندھی ہندوؤں کا تار

سندھ کی علیحدگی کو تسلیم کر لیجئے

سندھی مسلمانوں کی تائید

رضا کار جمعیۃ علماء ہند کو سزا

اتحاد کانفرنس میں سکھوں کا فارمولا

مسلمانان مظفر نگر کا عام جلسہ

جمعیۃ علمائے ضلع سہارنپور کے تیسرے ڈکٹیٹر گرفتار

دفتر جمعیۃ علماء ہند میں صدر جمعیۃ علماء پنجاب کی تشریف آوری

گول میز کانفرنس کی نمائندہ حیثیت کا ماتم

ڈاکٹر امبیڈکر کی مایوسی

اتحاد کانفرنس میں جمعیۃ علماء ہند کا پرسنل لا منظور کر لیا گیا

کانفرنس کی کاروائی ۱۳ نومبر تک جاری رہے گی

دہلی میونسپلٹی میں اچھوتوں کا داخلہ

جمعیۃ علماء سہارنپور کا چوتھا ڈکٹیٹر

گاندھی جی کی رہائی کی زبردست افواہ

اتحاد کانفرنس میں گورنمنٹ مالوی پر نوٹس کی تعمیل

بمبئی میں مجلس اقوام کے دفتر کا قیام

نئی دہلی میں آتشزدگی

پستول اور دیگر اسلحہ کی برآمدگی

ہندوستان کو بربادی سے بچاؤ!

بمبئی کے پارسیوں کی اتحاد کانفرنس سے اپیل

دانشمندی اور انسانیت اتحاد کے متقاضی ہیں

کراچی میں ہندو مسلمانوں کا مشترکہ جلسہ

سندھ کے مسئلہ کو طے کرنے کیلئے اتحاد کانفرنس سے استدعا

"شیخ عبدالمجید سندھی ہندوؤں کے فارمولا کو نامنظور کرتے ہیں"

شاستر کی رو سے اچھوت مندروں میں داخل نہیں ہو سکتے

حکومت ہند کے نام ہندوؤں کی یادداشت

گول میز کانفرنس کا افتتاح ۱۷ نومبر کو ہوگا

عراق میں برطانوی سفیر کا تقرر

ہندوستانی وزراء اور امن کو خطرہ

لندن میں سٹوارٹ امیری کی تقریر

کانگریس کے لاسلکی آلہ کا پتہ نہیں لگ سکا

گول میز کانفرنس پر دو لاکھ پونڈ کا خرچ

انگلستان میں یوم ہندوستان منایا جائیگا

بمبئی میں جلسہ اور جلوس کا امتناع

۹۰ کروڑ کا سونا لیکر برطانیہ نے کیا دیا

معاہدہ اوٹاوہ ہندوستان کیلئے مستقل خطرہ ہے

ننکانہ کے گوردوارہ میں پھوٹ پڑ گئی

ایک سکھ کی آنکھ نکل گئی

عدالتوں کو بم سے اڑانے کی دھمکی

سیاسی اسیروں پر بدسلوکی کے خلاف احتجاج

پنجاب میں فرقہ وارانہ اختلافات کو دور کرنے کیلئے ٹربیونل کا تقرر

اتحاد کانفرنس میں ایک نئی تجویز

وعدہ معاف گواہ پریم

اوٹاوہ کا معاہدہ منظور کیجئے

برطانیہ اور آئرلینڈ کی اقتصادی کشمکش

آئرلینڈ کی درآمد پر دوگنا محصول

ہندوستان کے معاملہ میں برطانیہ کی غلط فہمی

انگلستان کی روانگی پر انڈیا لیگ کے وفد کا بیان

بمبئی میں ہندو مسلم فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

پولیس کی بروقت مداخلت

جرمنی اور تخفیف اسلحہ

سر جان سائمن کی پالیسی سے جرمنی میں ہیجان

برطانیہ کی پالیسی کا آئرلینڈ کیطرف سے جواب

برطانوی مال پر ۲۰ فی صدی محصول لگا دیا گیا

آئرلینڈ کی جمہوری فوج غیر مسلح کر دی گئی

پیرزنگاروں کی امداد کا مسودہ قانون

مصارف حج کی تفصیلات

حکومت حجاز نے اپنے ایک اعلان میں مصارف حج کی جو تفصیلات شائع کی ہیں اُس کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے :-

کرایہ کشتی بندرگاہ جدہ پر اگر جہاز دور لنگر انداز ہو ۵ قروش میری ۸
// // // جبکہ جہاز درمیان میں ہو ۶ // = ۸
// // // جب کہ جہاز قریب ہو ۴ // = ۱۲
قلی کی اجرت کشتی سے اسباب بندرگاہ پر نکالنے کی ۵ پائے یعنی ۱ // = ۱
// // واپسی پر سامان پہنچانے کی // = ۱
// // بندرگاہ سے حاجی کے جائے قیام تک ۴ // = ۴
// بوقت واپسی بندرگاہ تک ۲ // = ۵
بواب نگہبان سامان بوقت وصول و روانگی نصف نصف قروش میری
کرایہ مکان جدہ بوقت وصول و واپسی اندازاً ۳ و ۴ شب فی شب
ڈیڑھ قروش میری
(اگر ۳ شب سے زائد رہنا ہو تو فی شب ایک قروش میری)
فیس تقسیم یعنی معلم کے آدمی کی بندرگاہ جدہ پہنچنے کے وقت ۳ // = ۸
// وکیل معلم جدہ بوقت وصول ۱۸ // = ۵
// // واپسی ۵ // = ۱۲
اجرت ملازم جو حاجی کے ساتھ جدہ سے مکہ مکرمہ جاویگا ۱ // = ۲
// // // مکہ مکرمہ سے بوقت واپسی جدہ آویگا ۱ // = ۲
فیس شغدف ایک نفر کی بوقت روانگی از جدہ تا مکہ مکرمہ
واپسی جدہ از مکہ سوا سوا قروش آمد و رفت کے
کرایہ شغدف جدہ سے مکہ مکرمہ اور مکہ سے جدہ تک کے
واسطے ایک نفر کا
کرایہ اونٹ جدہ سے مکہ معظمہ تک ایک نفر کا ۵۵
// // بوقت واپسی از مکہ تا جدہ

...

کرایہ شغدف مکہ مشرفہ سے مدینہ منورہ تک واپسی
کا ایک نفر کا

خرچ خوراک وقربانی و صدقہ و خیرات ارض مقدس حجاز میں خرچ کرنے ہوں گے اور ہندوستان سے ٹکٹ اسٹیمر جہاز آمد و رفت … میں ملے گا ٹکٹ ریل آمد و رفت بمبئی یا کراچی و خرچ قلی وغیرہ تقریباً … خرچ خوراک ایام سفر اندازاً تین ماہ و قربانی یک راس … روپے سمجھنا چاہیئے پس اونٹ پر سفر کرنے والوں کو احتیاطاً سفر خرچ … روپے سمجھنے چاہئیں اور لاری میں سفر کرنے والوں کو احتیاطاً … روپے علاوہ خرید ہدایہ وغیرہ اس لئے اشرفی کا نرخ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے۔ یہ تخمینہ ریل و جہاز میں تیسرے درجہ میں سفر کرنے والوں کا ہے۔

کلکتہ میں ایک مشہور فرم پر ڈاکہ
ڈاکو تین لاکھ روپے کے جواہرات لے گئے

کلکتہ ۹ نومبر۔ میسرز تلراچند گھنشام داس جنرل مرچنٹس جو ایک مشہور تاجر ہیں اور جو برابورن کے سیلنگ ایجنٹ ہیں کے یہاں ایک … ڈاکہ پڑا (نقصان) کا اندازہ تقریباً تین لاکھ روپیہ کیا جاتا ہے۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ ڈاکوؤں کے گروہ میں سے ایک شخص نے مکان کی ایک سمت جب کہ بڑی سی زمین پر سوئے ہوئے تھے ایک … فٹ اونچا بانس لگا کر اوپر چڑھ گیا اور کھڑکی کی سلاخ توڑ کر اندر داخل ہوگیا اور جاکر اس نے ایک تجوری سے جس کی چابی پہلے ہی سے حاصل کی ہوئی تھی بہت سے ہیرے جواہرات نکال لئے اور ایک کھڑکی کی راہ رسی باندھ کر نیچے اتر گیا۔ چور نے جاتے ہوئے رسی اور بانس وہیں چھوڑ دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ چوروں میں سے کوئی شخص اس فرم سے تعلق رکھتا تھا جس کے ذریعہ سے اس تجوری کی چابی حاصل کی گئی جو کہ عرصہ … سال سے ایک کمرہ میں لگی ہوئی تھی۔ مکان کے دربان کو گرفتار کرلیا گیا ہے مگر خیال کیا جاتا ہے کہ یہ کام ایک شخص کا نہیں ہے بلکہ ایک چالاک گروہ کا ہے۔

اخبار الجمعیتہ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اسلامی معلومات کا دریا کوزے میں
اسلامی تعلیم

تبدیل غدد و وسائل جراحی کے بغیر بھی
آدمی جوان ہوسکتا ہے
معجون شباب آور
منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

تار کا پتہ "میڈی سنٹر" دہلی ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

کروڑوں روپے

کے ذاتی اور خاندانی مجربات حضرت مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے فائدہ عام کی غرض سے ہندوستانی دواخانہ دہلی کے لئے وقف کرگئے ہیں اور آپ کے جانشین طبیب اعظم مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب رئیس اعظم دہلی اپنے نئے تجربات اسی دواخانہ کو بخش رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی جان عزیز ہے اگر آپ سخت اور دیرینہ بیماریوں سے شفا پانے کی تمنا رکھتے ہیں تو ہندوستانی دواخانے کی انمول مجربات سے فائدہ اٹھایئے۔

اس دواخانہ کی سب آمدنی طبیہ کالج اور اس کے متعلقہ شفاخانوں پر خرچ ہوتی ہے جہاں سینکڑوں ہندو مسلم اور سکھ طلباء طب یونانی اور آیورویدک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہزاروں مریض علاج کراکر شفایاب ہوتے ہیں (فہرست مفت طلب فرمایئے)

آپ کا خادم۔ منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی دواخانہ کی چار انمول دوائیں

قرص حیض | اکسیر نسواں | ملین | جوہری

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی

مقویات سرتاج عالم

آتشک گولیاں تبخیر اور بدہضمی خون اور منی کی خرابی دکھی جریان احتلام سرعت انزال رقت منی وغیرہ کی شکایتیں نابود کرکے حیرت انگیز طاقت عطا کرتی ہیں ضرور تجربہ کریں قیمت فی ڈبیہ ۳۲ گولیاں صرف عہ پانچ ڈبیاں چار روپیہ (للعہ)

صحت و تندرستی کی نعمت "کام شاستر" بالکل مفت طلب فرمائیں

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے!

ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر ہے قبض بالکل نہیں کرتی

فرمائش کے ہمراہ ایک علیحدہ تحریر بھیجئے کہ فائدہ ہونے کی صورت میں اس دوا کی پوری قیمت مبلغ دو روپیہ ضرور ارسال کردیں گے محصول ڈاک و پیکنگ اور اشتہار کے خرچ کے لئے فی الحال ۸ کے ٹکٹ بھیج دیں۔

اگر اب بھی اس دوا سے کوئی فائدہ نہ ہو تو یہ اس کی قسمت

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

ہر طبقہ کے لوگ بکثرت شریک تھے اور جلسہ کے اختتام تک آتے رہے سب سے پہلے مولانا سید شاہ نعمت اللہ صاحب قادری مجیبی نے تحریک پیش کی کہ قبل کسی دوسری تحریک پیش ہونے کے بعد مرحوم کی روح کو فاتحہ پڑھکر ثواب پہنچایا جائے۔ چنانچہ سارے مجمع نے پہلے فاتحہ پڑھی اس کے بعد ریزولیوشن ذیل صدر کی جانب سے پیش ہوکر پاس ہوا۔

(۱) مسلمانان مظفرپور کا یہ جلسہ عام مسلم کلب میں جمع ہوکر اپنے دلی صدمہ و قلق کا اظہار کرتا ہے جو واقعہ ناگہانی وفات حسرت آیات سر سید علی امام صاحب بار ایٹ لا مرحوم مغفور کے پیدا ہوا ہے اور یہ جلسہ اسی واقعہ جانکاہ کو کل قوم مسلم کے لئے عموماً اور مسلمانان صوبہ بہار کے لئے خصوصاً ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے اور دست بدعا ہے کہ خدا وند کریم اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کے ساتھ کمال درجہ اظہار ہمدردی و تاسف کرتا ہے۔

بدرالحسن سکریٹری

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کو عطیہ

مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کو نواب سر نظامت جنگ بہادر نے ایک ہزار روپیہ اور نواب میر مسعود عالم خاں صاحب نواب بلہانے دو سو روپے کا عطیہ مرحمت فرمایا ہے۔

(ڈپٹی ڈائرکٹر مسلم یونیورسٹی علی گڈھ)

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دارالعلوم روح الاسلام بنگال

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ۵ر علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ۱۰ر

ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے۔ نہایت مفصل اور مدلل جواب قیمت ۲ر

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں صدہا قرآن مجید مترجم اور غیر مترجم شائع ہوئے ہیں لیکن پانچ ترجمہ والا قرآن جید ہندوستان تو ہندوستان بیرون ہند میں بھی شائع نہیں ہوا صحت طباعت اور خوشخطی کے علاوہ اس قرآن مجید میں پانچ ترجمے جمع کئے گئے ہیں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی ان بزرگوں میں سے ہر ایک بزرگ کا ترجمہ بین السطور لکھا گیا ہے اور حاشیہ پر کامل احسن التفاسیر چھاپی گئی ہے مصری کاغذ والے قرآن مجید غیر مجلد کا رعایتی ہدیہ ناظرین الجمعیۃ کے لئے مبلغ عـــہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ جلد چرمی عـــہ فرمائش کے ہمراہ کم از کم دو روپے (عہ) پیشگی آنا چاہئیں۔

غریبوں کا قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اسقدر صفائی و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں ایسا دوسرا قرآن مجید آپ کو مشکل سے ملیگا کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با قاعدہ ہیں کہ عورت، مرد، بوڑھے بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کر سکتے ہیں ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرہ دو روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

نورانی قرآن مجید مترجم

اس کلام اللہ میں ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے جو نہایت فصیح اور محاورہ ہے اس کا ٹائٹل سات رنگ کا ہے ایک جانب مکہ معظمہ دوسری جانب مدینہ منورہ اور نیچے شاہی جامع مسجد دہلی کا نقشہ ہے صرف ٹائٹل ہی اتنی خوبیاں رکھتا ہے جسے دیکھ کر دل مسرور ہو جاتا ہے عمدہ قسم اعلیٰ سفید کاغذ حنا شدہ دیا جلد ہے قسم دوم حنا شدہ بلا جلد ۶ر علاوہ محصولڈاک کپڑے کی جلد کا ۸ر اور چرمے کی جلد کا عـــہ ہدیہ کے علاوہ

ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلی ماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۸ رجب المرجب ۱۳۵۱ھ

اتحاد کانفرنس کے فیصلے

مسلم مطالبات اور طریق انتخاب

ہم نے اشاعت گزشتہ میں الہ آباد کی اتحاد کانفرنس کے فیصلوں کے متعلق یہ عرض کیا تھا کہ اگر قارئین کرام ان فیصلوں کو غور سے ملاحظہ فرمائیں اور ان کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کریں تو انہیں بہت جلد یہ معلوم ہو جائے گا کہ ان فیصلوں میں مسلمانوں کے تقریباً تمام مطالبات منظور کر لئے گئے ہیں اور اب ان کے لئے مخلوط انتخاب کی کوئی مشروط تسلیم قبول کر لینے کا عذر باقی نہیں رہا ہے ...

سندھ کے تحفظات

بلوچستان اور صوبہ سرحد

وزارتیں اور ملازمتیں

تمدن اور مذہب کا تحفظ

طریق انتخاب

فریضہ حج کی ادائیگی میں رکاوٹیں پیدا کرنے والا مسودۂ قانون

سلیکٹ کمیٹی کی ترمیمات کے بعد موجودہ شکل میں

(ترجمۂ خصوصی)

قارئین کرام کو معلوم ہوگا کہ مسودات حج پر غور کرنے کے لئے جو سلیکٹ کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس نے گزشتہ موسم گرما میں ایک مسودۂ قانون حج کمیٹیوں کے متعلق ... اسمبلی سے منظور کرا لیا تھا ...

عجائب خانے کے نوادر

کیا حضرت آدم اور حوا ترک تھے؟

ترک مورخین کا ایک نیا دعویٰ

حبشہ میں مشنری مدرسہ کی اسلام دشمنی

مسلمانوں کے بچے کس طرح گمراہ کئے جا رہے ہیں

سلطان حجاز اور سلطان مراکش کی سرپرستی میں ایک انجمن کا قیام

دنیا میں کیتھولک مشنوں کی تعداد

دو لاکھ چھ ہزار مبلغ دنیا میں کام کر رہے ہیں

ترکی میں جدید ہوائی اور ریلوے لائن کا افتتاح

امریکہ سے جدید طیاروں کی طلبی

حکومت ترکیہ کو بدنام کرنے کی کوشش

مسجد سلطان احمد کو فروخت کرنے کا الزام

استانبول کے بعض جرائد نے یہ غلط خبر اڑائی تھی کہ ترکی حکومت جامع سلطان احمد کو فروخت کرنے کا ارادہ کر رہی ہے۔ اس خبر نے ترکی مسلمانوں کو سخت برہم کر دیا ... جامع سلطان احمد یا اس کے کسی حصہ کو حکومت فروخت کرنے کا تصور بھی نہیں کرتی۔

الہ آباد کانفرنس اور صوبہ سرحد
سرخ پوشوں کے ذمہ دار رہنماؤں کا متفقہ اعلان

پشاور ۲۳ نومبر۔ اس حقیقت سے کوئی متنفس بھی انکار نہیں کرسکتا کہ ہندوستان کے مختلف فرقوں کا اتحاد ہندوستان کی نجات کیلئے ازبس ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں جہاں تک صوبہ سرحد کا تعلق ہے۔ ایک سے زائد بار ہمارے ذمہ دار رہنما اس امر کا اعلان کرچکے ہیں کہ ہندو مسلم سکھ اور دوسرے فرقوں کا اتحاد ہی ہندوستان کو کامیاب بنا سکتا ہے۔ ...

اتحاد کانفرنس کی مفاہمت متفقہ ہے
سکھ مسلمان ہونگے سب اسکے حامی ہیں
برطانوی معترضین کو مالویہ کا جواب

الہ آباد ۲۳ نومبر۔ پنڈت مدن موہن مالویہ کو لندن سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اتحاد کانفرنس کے سمجھوتہ کے متعلق انہوں نے انڈیا ریویو کو جو بیان بذریعہ بحری تار بھیجا تھا اس پر انگلینڈ میں اعتراض کیا جارہا ہے۔ لہٰذا کل شب کو پنڈت جی نے اسی سلسلہ میں مندرجہ ذیل بیان بذریعہ بحری تار لندن ارسال کیا ہے۔ ...

گاندھی جی کی رہائی کیلئے مولانا شوکت علی کی کوشش
الہ آباد کے سمجھوتہ کا برطانوی حلقوں میں خیرمقدم
مولانا شوکت علی صاحب کا بحری پیغام

لندن ۲۴ نومبر۔ مولانا شوکت علی کی جانب سے بمبئی میں ایک بحری پیغام موصول ہوا ہے جس میں مولانا فرماتے ہیں کہ الہ آباد کے سمجھوتہ کا برطانوی حلقوں میں بہت زیادہ اثر ہوا ہے۔ ...

پارلیمنٹ کے اجلاس میں ملک معظم کی افتتاحی تقریر
کانفرنس کا فیصلہ میری تمام سلطنت کیلئے اہم ہوگا
ہندوستان کے تشدد کو نظر انداز کردیا گیا

لندن۔ ملک معظم نے آج پارلیمنٹ کے اجلاس کا افتتاح کیا۔ ...

گاندھی جی کی رہائی کے متعلق حکومت کا خیال
ہندوستان سے ۴۰ کروڑ روپیہ کا سونا باہر جاچکا
اسمبلی میں ہوم ممبر کا جواب

نواح میں سول نافرمانی کے نتائج
مختلف صوبجات میں گرفتار ہونے کے اعداد و شمار

یو۔پی میں ۱۲ ہزار اشخاص کو سزا

کانگرسی تحریک بدستور جاری ہے
آرڈیننس بل پر گورنر کی تقریر

اسمبلی میں آرڈیننس بل پاس ہوگیا
ممبران کے اعتراضوں کا جواب

بمبئی کے ایک کارخانہ میں ہولناک آتشزدگی
دو لاکھ روپیہ کا زبردست نقصان

ڈاکٹر عالم رہا کردیئے گئے
حکومت پنجاب کا سرکاری اعلان

ڈاکٹر عالم کا اپریشن ضرور ہوگا!
حکیم عالم کا بیان

لارڈ سینکی کو گاندھی جی کا جواب

پنڈت مالویہ گاندھی جی کی رہائی پر زور دینگے

چین نے لٹن رپورٹ کو مسترد کردیا
مجلس اقوام کے اجلاس میں چین و جاپان کی جھڑپ

بنگال کا کالا قانون منتخبہ کمیٹی کے سپرد

ہندوستانی مسئلہ کوٹ کے جیبے

لکھنؤ میں آل مسلم پارٹیز کانفرنس
آٹھ انجمنوں کو شرکت کی دعوت

اتحاد کانفرنس کا اجلاس ملتوی کردیا گیا

جمعیۃ علمائے ہند کے ڈکٹیٹر نہم کو سی کلاس
مسلمانان مراد آباد میں اضطراب

آرڈیننس کے خلاف ۱۴ ممالک کا احتجاج
بین الاقوامی لیگ کی کمیٹی کا بیان

کیتھولک عیسائیوں میں شدید فساد

بنگال کے ۴۳ نظر بندوں کو امتحان دینے کی اجازت

کوئٹہ کے اسلحہ خانہ سے گولہ بارود غائب

کلکتہ میں اتحاد کانفرنس کے فیصلوں کی حمایت
سب سے زیادہ مسلمانوں کو فائدہ پہونچے گا
مولانا ظفر علی خاں صاحب کی بصیرت افروز تقریر

مجلس مرکزیہ احرار اسلام ہند کا ایک اہم اجلاس
الہ آباد کانفرنس کے فیصلوں پر غور و فکر

فوج اور پولیس کی بھرتی برابر قائم رہیگی

ہندو مسلم معاہدہ کس کے اشارہ پر نامنظور کیا گیا
صدر آل انڈیا مجلس احرار کا انکشاف
لندن کے بحری تار کا نتیجہ

الہ آباد کانفرنس حکومت کا جواب
مسٹر جناح بھی اتحاد کانفرنس کے فیصلہ سے متفق ہیں

متھرا میں بم پھٹنے کا دوسرا حادثہ
ایک عورت ہلاک ہوگئی

مسلم مشترکہ بورڈ کا جلسہ
آتشبازی کے خلاف مؤثر تدابیر

جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر پر پولیس کا چھاپہ
ایک کارکن جمعیۃ کی گرفتاری

ایک صناع جمعیۃ علماء ہند کی رہائی

تمام ملک میں اتحادی مجالس قائم کی جائیں

فرخ آباد میں اتحاد کانفرنس کی تائید
جمعیۃ علمائے ہند کا فارمولا اسلامی شریعت کا محافظ ہے

بنگال کے قانون انسداد دہشت انگیزی کا نفاذ

دارالحکومت
مردہ اور بے عمل جماعتوں کو نظر انداز کردو
جامع مسجد دہلی میں اتحاد کانفرنس کے فیصلوں کی زبردست تائید
مسلمانوں کو آتش بازی سے پرہیز کرنا چاہئے

اردو اکادمی جامعہ ملیہ کا جلسہ

فرقہ ضالہ قادیانیہ کے عقائد کذبیہ

مسلمان اس فتنہ کی سرکوبی کیوں نہیں اٹھتے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، فرقہ قادیانیہ کے زہریلے پروپیگنڈے اور اسلام کش پالیسی سے اکثر مسلمان غافل ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آئے دن ناواقف مسلمان قادیانیت کا شکار ہوتے رہتے ہیں ورنہ اگر اہل اسلام قادیانی فتنہ کی اصلیت سے کماحقہ واقف ہو جائیں تو بفضل خدا امید واثق ہے کہ تھوڑے دنوں کے اندر اندر اس فتنہ کا استیصال ہو جائے۔ قادیانیوں کی کامیابی کا راز صرف ایک بات میں مضمر ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ بہت منظم ہیں اگرچہ ان کی تنظیم قابل تعجب نہیں کیونکہ نہایت مختصر اور نوخیز جماعت ہے۔ ان کے یہاں مختلف امور کیلئے مختلف شعبے قائم ہیں جن میں تنخواہ دار اور مستقل سٹاف کام کرتا ہے مریدین کے چندوں کا اکثر کافی حصہ غیر متعلقہ مدات میں بھی صرف ہوتا ہے لیکن پھر بھی قادیانی پروپیگنڈا کے لئے کافی سرمایہ موجود رہتا ہے۔ ظاہر ہے کہ موجودہ زمانہ میں سرمایہ اور تنظیم کے بغیر کوئی کام ممکن نہیں اور یہ دونوں چیزیں قادیانیوں کو میسر ہیں علاوہ مرکزی سٹاف کے جو قادیان میں ہے، ہر اس مقام پر جہاں دو چار قادیانی بھی ہیں ایک الگ جماعت قائم ہے جو مرکزی جماعت کے زیر نگرانی ہے اس طرح سے ہر ایک قادیانی اپنے مرکز سے وابستہ ہے اخبار اور رسالہ جات سے اس تنظیم کی اور بھی تکمیل ہو جاتی ہے۔ گویا قادیانیوں کا سالانہ جلسہ بسلسلہ تنظیم وہ کام کر رہا ہے جو مسلمانوں کے یہاں حج بیت اللہ سے ہونا چاہیے اب اس قادیانی تنظیم کے مقابلے میں مسلمانوں کی حالت دیکھی جائے تو نہایت پراگندہ اور غیر منظم ہے جہاں جہاں مسلمانوں کی انجمنیں قائم ہیں وہ بھی قادیانیوں کے پروپیگنڈہ کو زائل کرنے میں کوئی نمایاں حصہ نہیں لیتیں بلکہ اکثر ...

تحریک سیرت کے دوسرے مبلغ کا عزم افغانستان

مقویات سرتاج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بکس نامی

حب نعمت (رجسٹرڈ)

حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

پیشوا کا معراج نمبر شائع ہو گیا

منیجر رسالہ پیشوا دہلی

آگیا، نیا سال ۱۹۳۳ء مبارک ہو

چھپ کر تیار ہو گئی ہے — نئی پاکٹ ڈائری

منیجر دواخانہ ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

دنیا میں سب سے بڑا لغت — جامع اللغات اردو

السنہ متعلقہ

خواجہ عبدالمجید ... منیجر جامع اللغات کمپنی پوسٹ بکس لاہور

طبی دنیا میں ہلچل

بال کالا ... دربھنگہ

نئی زندگی

احمد اینڈ کو

ٹھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۷

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

منیجر دواخانہ ... دہلی

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم (اردو)

عاشقان مثنوی مولانا روم کی خاطر ہم نے بصرف زر کثیر ایک فاضل اجل اور صوفی کامل سے یہ شرح لکھوایا ہے جس میں اول مثنوی کا شعر جلی قلم سے بعض اعراب دے کر لکھا گیا ہے اس کے بعد مشکل الفاظ کی لغات اور صرفی نحوی ترکیب لکھ کر شعر کا ترجمہ سلیس اردو میں ایسی طرز سے لکھا ہے کہ جو تحت لفظی بھی ہے اور بامحاورہ بھی اس کے بعد شعر کے مطلب کو قرآن و حدیث اور بزرگان دین کے اقوال کے حوالہ جات سے مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے اور مثنوی کے رموز و نکات کو حل کرنے کیلئے جا بجا مفصل بحث کر کے مشکل ترین ...

ایڈیٹر صاحب اخبار الجمیعۃ نے

اس شرح کو بے حد پسند فرما کر ناظرین الجمعیۃ سے اس کی خریداری کی پرزور سفارش کی ہے

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی (جے) کشمیری بازار لاہور

مجبوب عاشق کے قدموں پر

شیر گجرات کی روح کو ایصال ثواب

سو برس کے بڈھوں کی ضرورت ہے

معجون مددگار غدود

احمد مجتبیٰ برادرز دفتر رسالہ نظام المشائخ

۲۲ کوچہ چیلان دہلی

تبدیل غدود یا کسی جراحی کے بغیر بھی آدمی جوان ہو سکتا ہے

معجون شباب آور

منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رعایتی اعلان

صرف ایک ایڈیشن کے لئے نصف قیمت

منیجر سپلائی ...

مدرسہ دارالعلوم سیفیہ کا وفد رنگون میں

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ الجامعہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ۔۔
ششماہی ... ۔۔
سہ ماہی ... ۔۔
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ۔۔
ششماہی ... ۔۔
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ
یداللہ علی الجماعۃ

معاون
محمد عثمان فارقلیط

مسئول مدیر
ہلال احمد زبیری بی اے

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۵ ۲۹
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار) ...
نصف صفحہ (") ...
ایک کالم (") ...

جلد ۱۶ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲ شعبان المعظم ۱۳۵۱ھ مطابق یکم دسمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۳۹

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

معاصرین کے افکار و آراء

مغربی اور اسلامی تہذیب

آفتاب اتحاد کا طلوع

دہلی میں کانگرس جمعیت پسند کا فیصلہ

کیا لیڈر جانیں رضامند ہو جائیں گے؟

انگریزی تاجر کی خدمت

مسلمانوں کے لئے تفتیش

نیلم حبوب مقوی (رجسٹرڈ)

۱۶ خوراک ۱۲/ علاوہ محصول
قیمت مکمل ۳۲ خوراک ۱۲/ علاوہ محصول

قوت باہ اور جریان کی وہ لاجواب دوا ہے جو پرانے سے پرانے جریان کو دور کرتی ہے اور قوت باہ کسی وجہ سے بھی کم ہو گئی ہو خواہ کثرت سے یا جوانی کی غلط کاریوں سے یا جریان کے سبب سے یا ضعیف العمر ہو جانے کی وجہ سے ہر صورت میں یہ وہ ایک خاص نسخہ پھونک دیتی ہے جس کے متعلق ہم اپنی طرف زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتے ہیں بلکہ آپ خود مندرجہ ذیل

مشاہیر اطباء ہند کے ارشادات ملاحظہ فرمائیے

نیلم حبوب سوزاک ... قیمت فی شیشی ...
پتہ: غنی حمید منیجر نیلم میڈیسن اسٹور نمبر ۵ وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

خالص کیسٹر آئیل سے تیار کردہ کیسٹوفین (جلاب کی میٹھی گولیاں)

کھانے میں نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہیں مروڑ کی تکلیف اور عادت کے خطرے سے خالی ہیں مشہور ڈاکٹروں اور حکیموں نے اس کے حق میں رائے دی ہے بچے انہیں مٹھائی سمجھ کر شوق سے کھاتے ہیں نہایت سائنٹفک طریقہ پر تیار ہوتی ہیں مرد عورت بچے بوڑھے ہر موسم میں کھاتے ہیں گولیوں کے خراب ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

ہر دوا فروش سے مل سکتی ہیں

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) بندر روڈ کراچی
Castophen Mfg. Co., (India) P. Box 88, Bunder Road, Karachi.

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

رسالہ حقیقت اسلام لاہور کی شہرت کا راز

پیکو آرٹ پریس بیرون موچی دروازہ لاہور

اپنی زندگی برباد نہ کرو

دونوں دواؤں کی قیمت سات روپیہ

جریان کی گولیاں | سفوف جریان

منیجر حاذق فارمیسی پو جنگپورہ دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔ (منیجر)

کیا واقعی آپ بھی مسلمان ہیں؟

حمیدیہ پریس کوچہ چیلان دہلی سے منگائیے

کتاب الاسلام کے مضامین کا بہت ہی مختصر خلاصہ جو مزید تعارف کے لئے ہے ضخامت صفحات قیمت

باب اول | باب دوم | باب سوم | باب چہارم | باب پنجم

منیجر حمیدیہ پریس کوچہ چیلان دہلی

اتنا سستا رسالہ جس کا یقین بھی نہیں آسکتا صرف رسالہ مولوی ہے۔ جو ۸۰ صفحہ کی ضخامت میں بہترین مضامین لیکر ناظرین کی معلومات۔ مذہبی و سیاسی و معاشرتی میں بیش بہا اضافہ کرتا ہے۔ صرف ایک روپیہ سالانہ چندہ ہے۔ ایک روپیہ فوراً بھیجکر جاری کرائیے۔ جب بھی ناپسند ہو پرچے واپس کرکے اپنا روپیہ واپس لے لیجیے اور مطالعہ مفت کیجیے۔ منیجر رسالہ مولوی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲ شعبان المعظم ۱۳۵۱ھ ہجری

الہ آباد کی تجاویز پر مخالفین اتحاد کے تبصرے

مغالطہ انگیزیاں اور ابلہ فریبیاں

ہم الجمعیۃ کی گزشتہ دو اشاعتوں میں اتحاد کانفرنس الہ آباد کی تجاویز پر اجمالی بحث کر چکے ہیں اور یہ بتا چکے ہیں کہ مسلمانوں کے وہ تمام اہم مطالبات جنہیں مسلم کانفرنس کے پلیٹ فارم سے ۱۹۲۶ء میں پیش کیا گیا تھا کس طرح پورے کر دئے گئے ہیں اور

اب ناظرین کرام ذرا غور فرمائیں کہ اس عبارت میں الہ آباد کانفرنس کے فیصلوں کے متعلق کس قدر مغالطے دئے گئے ہیں اور کتنی فریب کاری سے کام لیا گیا ہے۔ سب سے پہلا مغالطہ تو یہ ہے کہ طرز حکومت کے وفاقی یا فیڈرل ہونے کے متعلق

انصاف کا سرچشمہ ہوگا جہاں بالکل غیر جانبداری کے ساتھ فیصلے کئے جایا کریں گے جس طرح کہ دوسری حکومتوں میں ہوتے ہیں اور اس کا موقع نہیں آئے گا کہ کسی بات پر نزاع ہو اور سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی فریقین کو مطمئن نہ کر سکے۔ یہ ساری ستم ظریفیاں اور اس قسم کی تمام باتیں محض اس لئے ہیں کہ جاہل اور بھولے بھالے مسلمانوں کو اتحاد و اتفاق کی راہ سے بھٹکایا جائے ورنہ مندرجہ بالا حقائق کے اظہار کے بعد ناظرین کرام نے ملاحظہ فرما لیا ہوگا کہ ہندوستان کے آئندہ نظام حکومت کا وفاقی ہونا مسلم ہے، صوبوں کی خود مختاری مسلم ہے، مرکز صوبوں کے اختیارات کو واپس نہیں لے سکتا، اختیارات مابقی مرکز کو نہیں دئے گئے، بلکہ ان کی تقسیم بھی باہمی تفاہم سے ہوگی اور اگر اختلاف ہوگا تو فیصلہ سپریم کورٹ کرے گا، پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ اس قدر شور مچانے سے سوائے آنکھوں میں خاک جھونکنے کے اور کیا مقصد ہے۔

انقلاب کے دوسرے اعتراضات پر ہم آئندہ بحث کریں گے۔

مسلمانوں کی نمائندہ تاریخی کانفرنس

اتحاد کانفرنس کے فیصلوں کی تصدیق و توثیق کے لئے جس کانفرنس لکھنؤ میں یکم و ۲ دسمبر کو منعقد ہونے والی تھی اور جس کی تاریخ انعقاد بعض افراد اور جماعتوں کے اصرار پر آئندہ کے لئے ملتوی کر دی گئی تھی اس کے متعلق شیخ عبدالمجید صاحب سندھی صدر مجلس خلافت کا اب قطعی اعلان شائع ہو گیا ہے جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی اس نمائندہ کانفرنس کا انعقاد ... بمقام لکھنؤ ہوگا اور اس میں مسلمانوں کے باہمی اتحاد و اتفاق اور دیگر اقوام ہند کے ساتھ ...

سب سے زیادہ مضر مسودۂ قانون

عزیز احمد مرحوم

نکات و لطائف

(مدیر نکات و لطائف کے قلم سے)

انقلاب کے اڈیٹر صاحب اپنے مقالہ افتتاحیہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"فرقہ وارانہ فیصلہ تیسری طاقت کا صادر کیا ہوا فیصلہ ہے جس میں مسلمانوں کی رضامندی کو قطعاً کوئی دخل نہیں اگر اس میں مسلمانوں کا کوئی مطالبہ خدانخواستہ مجروح ہوتا اس کی حیثیت بالکل مختلف ہوگی۔"

یہ خدانخواستہ کی خوب رہی یعنی آپ چاہتے ہیں ... مجروح ہو واقعی آپ نے تو ... کو بھی مات کر دیا۔

حج کے متعلق موجودہ مسودۂ قانون مذہبی مداخلت ہے

حجاج کے ساتھ امتیازی سلوک اور ناقابل برداشت دشواریاں

شاہ مسعود صاحب کا اختلافی نوٹ

ہم گزشتہ اشاعت میں اس مسودۂ قانون کا ترمیم شدہ متن شائع کر چکے ہیں جو اس وقت اسمبلی کے سامنے پیش ہے اور جس پر متعدد اراکین سلیکٹ کمیٹی نے اپنے اختلافی نوٹ لکھے ہیں۔ ہم آج کی اشاعت میں شاہ مسعود احمد صاحب ایم ایل اے کے اختلافی نوٹ کا ترجمہ ناظرین کرام کی معلومات کے لئے درج کرتے ہیں۔ اس مضمون سے مسلمانوں کو یہ معلوم ہوگا کہ اس مسودۂ قانون کا اصل منشا کیا ہے اور کس سلیکٹ کمیٹی بنایا گیا ہے اور جمعیۃ علمائے ہند نے ان مسودات کے متعلق جو رائے دی تھی اور جس کی تائید تمام ہندوستان میں جلسوں، جلوسوں اور دیگر مظاہرات کے ساتھ کی جا چکی ہے وہ کس درجہ صحیح ہے اور افسوس واقعات اور صحیح حالات اس کو کس قدر درست ثابت کر رہے ہیں۔ شاہ مسعود احمد صاحب ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے سلیکٹ کمیٹی کے تمام مباحث کو سنا ہے اور ان پر کافی غور

قانون سازی کی تاریخ

مرکز مسودۂ قانون

عربی اخبارات کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

ٹیونس کی اسلامی درسگاہ میں جدید اصلاحات

شیخ الاسلام کا تقرر، جامع زیتونیہ میں جلسہ

ڈھائی ہزار طلباء کی تعلیم کا انتظام

ٹیونس میں ایک عالیشان مدرسہ جامع زیتونیہ کے نام سے قائم ہے جو شمال مغرب میں علوم دینیہ کی سب سے بڑی درسگاہ ہے۔ اس وقت مدرسہ مذکور میں ڈھائی ہزار طلباء ...

یورپ زدہ مسلمانوں کے لئے تازیانۂ عبرت

صدر جمہوریہ فرانس کی مذہب پرستی

یہودیوں کی طرف سے اسلام اور مسلمانوں کی توہین

متعدد یہودیوں کو حکومت فرانس نے گرفتار کر لیا

ٹیونس میں حزب دستوری کا جلسہ

اٹلی کے خونریز نظام کی مذمت

حوادث و احکام

(گزشتہ سے پیوستہ)

(جواب) کسی انتظامیہ کمیٹی کو صاحب ... ایسے مفید اور مذہبی ضروری جلسوں سے روکنے کا حق نہیں اور نہ مسلمانوں کو اس کی اطاعت کرنا چاہئے۔

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق۔ حضور روحی فداہ کا ارشاد ہے کہ کسی مخلوق کی ایسی اطاعت جائز نہیں جس سے خالق کی معصیت لازم آتی ہو۔

بالخصوص جبکہ ایسے جلسوں کے نہ ہونے میں تقویۃ و زحمانوں کے لئے مضرتوں کے سامان پیدا ہوتے ہوں کمیٹی مذکور الصدر کو ایسے جلسوں سے روکنا جائز نہیں بالخصوص جبکہ ظالم دشمن کے اشارہ سے ہو۔

قال سبحانہ تعالیٰ ... ارشاد خداوندی ہے کہ مومن کو ...

حاجیوں کی سہولت کیلئے جدہ میں بار برداری کے انتظامات

حجاج کے جہاز کن کن تاریخوں میں روانہ ہونگے؟

حکومت نے باربرداری کے انتظامات کمپنیوں کے سپرد کر دیئے

دہلی ۲۸ نومبر۔ ایک پریس کمیونک مظہر ہے کہ حکومت ہند اس تجویز پر غور کر رہی ہے کہ حاجیوں کی سہولتوں اور مفاد کے پیش نظر حج کے موجودہ طریق سفر کو بدل کر دیا جائے جس کے مطابق حجاج جدہ میں جہاز سے ساحل پر اور ساحل سے جہاز پر سامان لے جانے کا خود انتظام کیا کرتے ہیں اور اس کی جگہ ایسے انتظامات کر دئے جائیں کہ باربرداری کی ذمہ داریاں جہازی کمپنیوں کے سپرد ہوں بعد ازیں کے لئے انہیں ٹکٹ کی قیمت کے علاوہ ایک مقررہ رقم ادا کی جائے۔

اس مسئلہ میں قطعی فیصلہ نہ ہونے کی وجہ سے فی الحال کمپنیوں کو اختیار دیدیا گیا ہے کہ وہ باربرداری کے لئے ٹکٹ کی قیمت علاوہ واپسی کے ٹکٹ پرمٹ اور کیطرفہ ٹکٹ پر علیحدہ لے سکتے ہیں۔

غریب ترین مسافر کو بھی اس وقت تک سفر حج پر روانہ نہونا چاہئے جب تک کہ اس کے پاس کم از کم ۵۰ روپے موجود نہ ہوں۔ سیکنڈ کلاس مسافروں کے کم از کم مصارف کے لئے ۳۰۰ روپے کا تخمینہ کیا گیا ہے اور فرسٹ کلاس مسافروں کے لئے ۱۰۰ روپے کا۔

حکومت ہند کو اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ معمولی جہازوں کے علاوہ جن میں پہلا جہاز ایس۔ ایس "اکبر" زیادہ سے زیادہ یکم دسمبر کو بمبئی سے روانہ ہو جائیگا) میسرز ٹرنر مارسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ نے حاجیوں کے مخصوص جہاز روانہ کرنا طے کر لیا ہے اس انتظام کے ماتحت ایس۔ ایس رضوانی یا کوئی اور جہاز زیادہ سے زیادہ ۱۲ فروری ۱۹۳۳ء کو بمبئی سے براہ راست جدہ کے لئے روانہ ہوگا اور کراچی سے ایس۔ ایس "رحمانی" زیادہ سے زیادہ ۱۴ فروری کو ہوگا۔ اور ایس۔ ایس "علوی" زیادہ سے زیادہ ۲ مارچ کو کلکتہ سے روانہ ہو جائیگا۔

افغانستان میں سمت جنوبی کے افغانوں کی وطنی خدمات

حکومت متبوعہ کی طرف سے اظہار تشکر و امتنان

شاہ نادر خاں کا فرمان ہمایونی

سمت جنوبی کے افغانوں نے امنیت عمومی کی اشاعت اور موجبات شر و فساد کی بیخ کنی کے لئے جو کارہائے نمایاں انجام دئے ان کو تمام افغانستان میں نظر استحسان دیکھا جا رہا ہے۔ قبیلہ دری خیل کی عاقبت نا اندیشی سے غلام نبی خاں نے جو مہلک ذرم اٹھایا تھا اس کے خلاف سمت جنوبی کے افغانوں نے عجلت تمام تدارک کی طرف توجہ مبذول کی اور ایک بہت بڑے انقلاب سے سرزمین افغانستان کو بچا لیا۔ ان ہی لوگوں کی مساعی سے حکومت افغانستان اس فتنہ کے سدباب میں کامیاب ہوئی اور اس نے مادہ فساد و شقاق کو اکھاڑ کر پھینکدیا۔ حکومت افغانستان نے سمت جنوبی کے افغانوں کی خدمات ملی اور وطنی کا پرزور الفاظ میں اعتراف کیا ہے چنانچہ شاہ نادر خاں نے ایک بیان سمت جنوبی کے نام ذیل کا فرمان ہمایونی ارسال فرمایا ہے:۔

میرے عزیز و اتم نے مختلف مواقع میں حکومت متبوعہ کی خاطر جن خدمات گذاری۔ وہ صداقت شعاری کا اظہار کیا ہے ان سے میں بخوبی آگاہ ہوں اور تم کو اپنی حکومت کا خیر خواہ اور مخلص خادم تصور کرتا ہوں۔ اس وقت جبکہ غلام نبی خاں کے اغواء سے قبیلہ دری خیل سمت جنوبی میں اسباب نفاق و شقاق فراہم کر رہا تھا اور امنیت و اتحاد کو تباہ کرنے کی سازشوں میں مشغول تھا تو حکومت نے ازراہ مرحمت خسروانہ ان کے پاس ایک جرگہ روانہ کیا تا کہ ان کو عواقب و نتائج سے آگاہ کرے۔ لیکن ان بدبختوں نے اپنی جہالت کے باعث ایک نہ سنی اور اپنے ارادوں پر رہے۔ یہاں تک کہ حکومت متبوعہ کے حکم سے تم اٹھا کی سرکوبی کے لئے کھڑے ہو گئے۔

میں تمہاری اس ملی اور وطنی خدمت سے بہت خورسند اور رضامند ہوں اور خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تم کو اس سے زیادہ امنیت وطن کی خدمات کی توفیق بخشے۔ تمہاری سابقہ و لاحقہ خدمات ہمیشہ نظر میں ہیں جو میرے لئے مسرت اور شادمانی کا باعث ہیں۔ اس عریضہ سے تم کو میری رضامندی کی اطلاع ہو جائے گی۔ (دستخط)

دارالحکومت

اتحاد کانفرنس کی تائید اور کانپوری جمعیت

ینگ مسلم سوسائٹی کا اہم جلسہ

معاہدہ پونا ہندوؤں کے لئے مہلک ہے

بنگال کونسل کے ارکان کا بحری تار

مسلمانوں کی آل پارٹیز کانفرنس اور مسلم سنگھٹن بھی منعقد ہوگی

تمام آل انڈیا اور صوبجاتی مسلم جماعتوں کو دعوت

شیخ عبدالمجید سندھی کا اعلان

اسمبلی میں معاہدہ اوٹاوہ پر کشاکشی

قوم پرور اراکین کی علیحدہ رپورٹ

وائسرائے ہند جامع مسجد دہلی میں

مسجد کی وسعت پر حیرت کا اظہار

مسٹر عزیز احمد زبیری کی وفات حسرت آیات

کانپور میں شیر کوٹی ملا کی تواضع

مسلمانوں کی طرف سے اشتعال انگیزی کا مظاہرہ

انتقال پر ملال

کلکتہ کی ایک مسجد میں مولانا ظفر علی خاں کی تقریر

طاقت پرست متولی کی درگت

دہلی میں اتحاد لیگ کا قیام

معاہدہ الہ آباد کی تائید کے لئے زبردست پروگرام

جزیرہ منورہ کراچی میں ایک مسجد کی تعمیر

مسلمانوں سے مالی اعانت کی درخواست

مولانا شوکت علی مشرق بعید کا دورہ کرینگے

آل پارٹیز کانفرنس کا اجلاس ۱۲ دسمبر کو منعقد ہو گا

مخالف جماعتوں نے سمجھوتہ پر غور کرنے کیلئے مہلت طلب کی ہے

لاہور ۲۸ نومبر۔ پنڈت گووند مالویہ جنرل سکریٹری اتحاد کانفرنس نے ذیل کا اعلان شائع فرمایا ہے:۔

چونکہ پنڈت مدن موہن مالویہ اور مولانا ابوالکلام آزاد کو متعدد مراسلات موصول ہوئے ہیں جن میں مخالف جماعتوں نے اتحاد کانفرنس الہ آباد کی کمیٹی کے سمجھوتہ پر غور و خوض اور مشورہ کے لئے مہلت طلب کی ہے اس لئے الہ آباد کانفرنس کے اجلاس کی تاریخ ۱۱ دسمبر اور ۲ دسمبر پر ملتوی کر دی گئی ہے۔ آل پارٹیز کانفرنس کا اجلاس الہ آباد میں ۱۲ دسمبر کو منعقد ہو گا۔

ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں اتحاد کانفرنس کے فیصلوں کی تائید

رجعت پسندوں کے عاجلانہ اقدام کی پرزور مذمت

ہر خیال اور ہر طبقہ کے مسلمانوں کا اظہار خیال

ڈکٹیٹر دہم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

جمعیۃ علماء ہند کے دسویں ڈکٹیٹر حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب رئیس بٹالہ نے ذیل کا بیان پریس کو مرحمت فرمایا:۔

"الہ آباد کی اتحاد کانفرنس نے جس حد تک کامیابی حاصل کی ہے بظاہر بالکل خلاف توقع ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ بحالات موجودہ اس سے بہتر تصفیہ باتفاق رائے ناممکن ہے اور مسلمانوں کے ۱۴ مطالبات پورے منظور ہو گئے ہیں۔ صرف ایک مسئلہ تقرر قضاۃ کا ابھی تک غیر منفصل ہے اور امید ہے کہ آئندہ اجلاس میں وہ بھی طے ہو جائے گا۔ ...

مسلم کانفرنس کے دھوکہ میں نہ آؤ

لکھنؤ ۲۸ نومبر۔ چودھری خلیق الزماں مسلم نیشنلسٹ پارٹی کے ایک ممتاز رکن نے ذیل کا اعلان شائع کیا ہے:۔

"مسلم لیگ اب چند ایسے لوگوں پر مشتمل ہے جن کے سیاسی خیالات ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ...

مردہ انجمنوں کو دفن کردو

ڈاکٹر انصاری اور شروانی کا مکتوب

دہلی کا خندہ آفریں فیصلہ

الہ آباد اتحاد کانفرنس کی تائید

شیخ ضیاء الدین صاحب سکریٹری ہندو مسلم کمیٹی کا بیان

جیل میں گاندھی جی کے مشاغل

چھوت چھات کے انسداد پر غور و خوض

ایک طویل لائحہ عمل کی ترتیب

گاندھی جی جیل میں ہیں لیکن انہیں چھوت چھات کے کام کرنے کی پوری آزادی حاصل ہے۔ کوئی دن ناغہ نہیں جاتا جب کہ سینکڑوں آدمیوں سے اس سلسلہ میں ملاقاتیں نہ کرتے ہوں اور انہیں چھوت چھات کے انسداد کی ترکیبیں نہ بتلاتے ہوں۔ ...

جرمن سیاسیات کا چکر

اجلاس کے بعد پارلیمنٹ منتشر ہو جائیگی

برلن ۲۶ نومبر۔ ہٹلر ... نے ترتیب وزارت کے لئے ... کو دعوت دی تھی لیکن اس میں کامیابی نہیں ہوئی خیال کیا جاتا ہے کہ اب وہ فان پاپن کو ڈکٹیٹر مقرر کریں گے ...

فرانس میں شادی، طلاق، پیدائش اور اموات

۱۹۳۱ء اور ۱۹۳۲ء کے نو مہینوں کا مقابلہ

مخصوص انتخابات اور اسمبلی کی وسعت پر بحث

خواتین کی بین الاقوامی کانفرنس کی تجویز!

گول میز کانفرنس کا کھیل

جنگ کی وضعیت پھر عود کر آئی ہے

تحکمات رفع کرنے کے لئے مسٹر چرچل کا مطالبہ

مسلمانان مراد آباد کا جلسہ

پولیس اور فوج کے حلقہ میں داخل ہونے کی کوشش

ایک شخص کو گولی ماردی گئی

جمعیۃ علماء سہارنپور کے ایک رضاکار کی سزا

آرڈیننس بل پر حکومت کی ترمیم منظور ہو گئی

افغانستان اور مدراس کے پٹھان

راجہ صاحب سلیم پور کا اعلان

مدرسہ قاسم العلوم وارسا کا شاندار اجلاس

مورخہ ۔۔۔ رجب المرجب ۱۳۵۱ھ مطابق ۔۔۔ نومبر ۱۹۳۲ء کو مدرسہ قاسم العلوم وارسا ضلع چاندہ (سی۔پی) کا نہایت شاندار اجلاس بصدارت حضرت العلامہ مولانا محمد یسین صاحب ناظم جمعیۃ العلماء دہلی پرانی دہلی مدرس مدرسہ عربیہ رامپور منعقد ہوا۔ جلسہ کے انعقاد کا اعلان کئی ہفتہ قبل اطراف و جوانب میں کر دیا گیا تھا اور جلسہ کے پنڈال کی تیاری تاریخ مذکورہ سے ایک ہفتہ قبل نہایت انہماک کے ساتھ جلسہ استقبالیہ نے زیر اہتمام میاں جی عبدالرحیم خاں صاحب شروع کر دی تھی چنانچہ ۔۔۔ کے وقت ایک نہایت وسیع اور خوبصورت پنڈال تیار ہو گیا مگر ۔۔۔ میل سے مہمانوں کی آمد ایک دن قبل ہی سے آنا شروع ہو گئی تھی بعد نماز عشاء جلسہ کی کارروائی اس طرح شروع ہوئی کہ اول مولانا محمد سمیع اللہ صاحب (فاضل دیوبند) صدر مدرس و مہتمم مدرسہ قاسم العلوم کی تحریک پر جناب منشی عبدالحمید صاحب وائس چیئرمین لوکل بورڈ و ممبر ڈسٹرکٹ کونسل (ضلع چاندہ) کی تائید سے مولانا محمد یسین صاحب کو جلسہ کا صدر منتخب کیا گیا تلاوت قرآن مجید کے بعد جناب چاند میاں صاحب نے ایک نہایت ہی پر اثر اپنی نظم جلسہ کے مناسب پڑھی اس کے بعد مدرسہ کے طلباء عبدالجلیل محمد ۔۔۔ عبدالستار عبدالحکیم حبیب الرحمن ۔ عبدالعلیم ۔ عبدالغنی حشمت علی عبدالمجید ظہیر الدین ۔ بشیر الدین نے توحید رسالت نماز وغیرہ مضامین پر تقریریں ۔۔۔ تقریریں کر کے سامعین کو محظوظ کیا آخری طالب علم بشیر الدین نے جس کی عمر صرف گیارہ سال ہے تبلیغ و تعلیم کی فضیلت اسی دلنشین پیرایہ میں بیان کی کہ سامعین جلسہ کی زبان سے بے اختیار تحسین و آفرین کی صدا تمام پنڈال میں گونجنے لگی طلباء کی تقریر کے بعد مولانا محمد سمیع اللہ صاحب مہتمم مدرسہ نے اولا بانیٔ مدرسہ عالیجناب نواب محمد عبدالوحید صاحب غازی آنریری اسسٹنٹ کی جلسہ میں عدم شرکت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اعلیٰ جناب نواب عبدالوحید صاحب آجکل بغرض تفریح دہلی تشریف لے گئے ہیں اور معلوم ہوا ہے کہ مدرسہ کا دعوت نامہ موصوف کے نام ایسے وقت میں روانہ کیا گیا جب کہ وہ اپنی قیامگاہ سے دہلی روانہ ہو چکے تھے ۔۔۔

مولانا نے بعض خاص ان مہمانوں کا جو کہ بذریعہ موٹر یا بیل گاڑی کے ذریعہ تشریف لائے تھے مثلاً محمد نثار صاحب رنجیر و مرزا واحد بیگ صاحب وغیرہ کا شکریہ ادا کیا اور جناب محب اللہ صاحب پٹیل کو کوڑی و سود اگر محمد حنیف صاحب ۔۔۔ اکبر حسین بیگ صاحب وغیرہ کے پیغامات پڑھ کر سنائے جن میں موصوفین نے جلسہ میں عدم شرکت کی وجہ تحریر کی تھی اور مدرسہ کے متعلق اپنے اظہار ہمدردی کے علاوہ مالی امداد کا وعدہ بھی کیا تھا مولانا نے علم کی فضیلت و ضرورت پر تقریر کرنے کے بعد طلباء کی تعداد و مقدار خواندگی و مدرسہ کے آمد و خرچ کا حساب پیش کیا آخر میں صدر حضرت مولانا محمد یسین صاحب نے اپنی تقریر کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا کہ اب شب کے دو بج چکے ہیں اور میں سفر کی تکان کے باعث اس کے لئے بالکل تیار نہ تھا کہ کچھ بیان کروں لیکن مدرسہ کی تعلیمی کیفیت اور طلبہ کی تقاریر خصوصاً عزیزم بشیر الدین طالب علم کی تقریر سے جس خوبی سے ہوئی ہے اس نے مجھکو مجبور کر دیا کہ میں بھی کچھ اظہار خیال کروں چنانچہ موصوف نے مولانا محمد سمیع اللہ صاحب کے طریقہ تعلیم و خدمات مندوبی کی تحسین فرماتے ہوئے مدرسہ کی ضرورت و مالی امداد کی طرف توجہ دلائی اس کا بحمد اللہ سامعین نے خاطر خواہ جواب دیا اور چار بجے کے قریب جلسہ مولانا نے حضور رسول کی محبت کے بیان پر ختم کیا صبح ناشتہ کر کے الشرنہان اسی دن رخصت ہو گئے اور کچھ دوسرے دن رخصت ہوئے تقریباً تین چار سو مہمانوں کے خورد نوش کا انتظام میاں جی عبدالرحیم خاں صاحب (ناظم) ساکن وارسا نے اپنی جانب سے کیا۔

محمود خاں ممبر ڈسٹرکٹ کونسل ضلع چاندہ

مسجد پانی پتیان کی جدید تعمیر

مدرسہ امینیہ دہلی جس نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپنی عمارت بنالی ہے اس کی مسجد جو بادشاہی زمانہ کی ہے اور جس کی تعمیر کو ۲۴۰ سال کے قریب ہو چکے ہیں بہت بوسیدہ ہو گئی تھی اور اندیشہ تھا کہ وہ کسی وقت منہدم ہو جائے ۔۔۔ کا طول ۵۵ ۔۔۔

دعوت نامہ طبیہ کالج دہلی

مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم کی وفات کے بعد گذشتہ چند سال ۔۔۔

ہیں جن کے ذاتی انہماک اور غفلت مجرمانہ نے آج صرف اس کے وقار کو ہی خطرے میں ڈال دیا ہے ۔ بلکہ اس کی زندگی و موت کے اہم مسئلے کو ہمارے پیش نظر کر دیا ہے ۔ کالج میں روز مرہ ہڑتالیں ہوتی ہیں ۔ خاندان شریفی اور اجمل خاں اعظم کی یہ بہترین یادگار اور ہندوستان کی عظیم الشان ۔۔۔

بندہ ضیاء الحق عفی عنہ ۔۔۔ مدرسہ امینیہ دہلی

پیلی بھیت کیوں مشہور ہے

اس لئے کہ یہاں سے بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کی ایک مشہور دوا بہرے پن کی (روغن کرامات) تمام دنیا میں پہونچتی ہے ہزارہا ڈاکٹر اور انگریز جس کی قدر کرتے ہیں۔

بلب اینڈ سنز پیلی بھیت کا ایجاد کردہ روغن کرامات ہے

کان بہنے اور طرح طرح کی آوازیں ہونے اور کان کی ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیماری کی ایک خاص صفت دوا ہے

بہرا پن

قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ۱)

جن صاحبان کا اعتبار نہ ہو وہ خود یہاں تشریف لا کر علاج کرا سکتے ہیں دھوکہ دینے والوں مکار ٹھگوں اور جعلسازوں نقالوں سے بچنا آپ کا فرض ہے ۔ ہمارا پتہ یہ ہے

کان کی دوا بلب اینڈ سنز پیلی بھیت (یوپی)

مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں!

سکنڈ ہینڈ کوٹ اور کٹ پیس

براہ راست امریکہ ۔ جاپان سے منگوا کر ہماری کمپنی عرصہ چودہ سال سے تمام ہندوستان میں سپلائی کرتی ہے ۔ آپ ۔۔۔

اسلامی ۔ ایڈورٹ ۔۔۔ سینڈ ۔۔۔ بمبئی ۔۔۔

حب لغمت (رجسٹرڈ)

جریان سرعت کثرت احتلام ضعف باہ وغیرہ کو ۔۔۔

نیلم حب مقوی (رجسٹرڈ)

قوت باہ و جریان کو دور کرنے کی وجہ سے بے حد مقبول ہے ۔۔۔

مشاہیر اطباء کے ارشادات ملاحظہ کیجیے

نیلم طلاء ۔۔۔

چاؤ عظیٰ حمید منیجر نیلم میڈیسن اسٹور نمبرہ وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

رمضان المبارک کا رعایتی اعلان ۔۔۔

ملنے کا پتہ ۔۔۔ نصیر واچ کمپنی ۔۔۔ صدر بازار میرٹھ (یوپی)

یہ جلسہ شہید وطن وملت سر علی امام کی وفات پر غم و افسوس کا اظہار کرتا ہے بعنوان آپ کی وفات کو ایسے وقت جب کہ ملک وملت کو آپ کی سخت ضرورت تھی ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے۔

سر علی امام مرحوم کی تعزیت میں جلسہ

مدراس ۔۔۔ نومبر طلبائے جامعہ عربیہ کالج نے سر علی امام مرحوم کی تعزیت کے لئے ایک جلسہ زیر صدارت جناب مولوی ابو الخیال محمد یحییٰ صاحب ۔۔۔

سیرت کمیٹی کا اہم اعلان

مولانا سید ابو سلیمان صاحب ۔۔۔ دورہ کریں گے

انسانی ہمدردی کی اعلیٰ مثال

ایک شاہزادہ کی حیارت

(اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے)

آگیا ہے نیا سال ۱۹۳۳ء مبارک ہو اور

بخشی پاکٹ ڈائری

قیمت ایک آنہ

کتب فروش صاحبان کو کو نمونہ بلا قیمت روانہ کیا جاتا ہے ہر شہر ہر مقام پر ڈائری بکتی ہے صرف ایک آنہ کا ٹکٹ آنے پر بخشی ڈائری ہم روانہ کریں گے ملنے کا پتہ منیجر دواخانہ بخشی کمپنی نمبر ۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

بکس نامردی

اپنے ہاتھوں اپنی بربادی کا سامان پیدا کرنے والے موت کو زندگی سے بہتر سمجھنے والے آئیں اور اپنے دامن کو گوہر مراد سے بھریں دنیا جن کی نظروں میں اندھیر ہے سچی خوشی آرام راحت عیش عشرت سے تبدیل کریں بکس نامردی سے اندرونی بیرونی جملہ خرابیاں اور نقائص دور کر نامرد کو مرد اور بڈھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بناتا ہے خواہ کیسی ہی مایوسی کیوں نہ ہو گئی ہو مرض کی ہر حالت اور ہر درجہ میں حیرت انگیز فائدہ پہونچا کر مریض کو ایک نئی روح اور نئی قوت عطا کرتا ہے جس سے بچپن کی غلط کاریوں کی کافی تلافی ہو جاتی ہے ۔ بکس نامردی نہایت کامیاب ثابت ہو رہا ہے ۔ بکس نامردی میں تین دوائیں ہیں۔

(۱) طلاء اس سے عضو کی کجی لاغری کوتاہی سستی نامردی دور ہو جاتی ہے

(۲) جوہر لقا اس سے سرعت انزال کثرت احتلام جریان ضعف باہ دور ہو جاتا ہے

(۳) ۔۔۔

مکمل بکس کی قیمت صرف چار روپیہ (للعہ) علاوہ محصولڈاک جملہ خطوط خفیہ اور اردو میں ہونا چاہیے ۔ ملنے کا پتہ

حکیم سید عزیز الحسن پری گھاٹ بھوپال

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کیلئے

کتب خانہ اعزازیہ دیوبند کی ترقی اور حیرت انگیز کامیابی کا راز یہ ہے کہ وہ فرمائشوں کی تعمیل میں اعلیٰ درجہ کی دیانت اور انتہائی ارزانی سے کام لیتا ہے جو صاحب ایک مرتبہ اس کتبخانہ سے کچھ کتابیں منگوا لیتے ہیں ۔ وہ ہمیشہ کے گرویدہ ہو جاتے ہیں ۔ اس کتبخانہ میں ہر قسم کی اردو عربی ۔ فارسی درسی وغیرہ درسی کتابیں اور مشاہیر علماء کی تصانیف ۔۔۔

شرح نقایہ جلد اول

اسہم المصیب

قصائد الحبیب

قصائد الحبیب علاوہ دار العلوم دیوبند کے اور بہت اکثر مدارس اسلامیہ میں داخل نصاب ہو چکا ہے ۔ قیمت ایک روپیہ (عہ)

مفردات مزاج عالم

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

تسوڑ بسے بدھنی کی ضرورت ہے

محبوب عاشق کے قدموں پر

تبدیل غدود یا جراحی کے بغیر بھی آدمی جوان ہو سکتا ہے

معجون شباب آور

منیجر محمودی دواخانہ یونانی دہلی

معجون مددگار غدود

احمد بخش برادرز دفتر رسالہ نظام المشائخ

بستی کوچہ چیلان دہلی

تعداد الفاظ و محاورات اور ضرب الامثال کے لحاظ سے

دنیا میں سب سے بڑا لغت

جامع اللغات اردو و السنۂ متعلقہ

مصنفہ خواجہ عبدالمجید ۔ بی ۔ اے

اردو ہندی ۔ فارسی ۔ عربی اور سنسکرت کے لاتعداد الفاظ ۔ کئی لاکھ محاورات ۲۵ ہزار سے زائد علمی ضرب الامثال و اقوال معہ تشریح و قصص متعلقہ مشاہیر عالم کی سوانح عمریاں ۔ خصوصاً ہندوؤں اور مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے مشاہیر کے حالات علم الاصنام کے قصے ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات اور تاریخی واقعات ۔ محاورات نسواں ۔ محاورات عامہ ۔ اصطلاحات علمیہ ۔ اصطلاحات پیشہ وران لاکھوں کی تعداد میں ہوں گے ہر لفظ کا مادہ اور تلفظ بھی ہوگا ۔ خریداروں کی سہولت کے لئے اس کتاب کو ۸۰۰ ۔۔۔ صفحات کے تیس ماہوار حصوں میں شائع کیا جائے گا جس کی تقطیع ۲۰×۲۶ ہوگی اور فی صفحہ ۳ کالم ہوں گے اس کے لئے بہترین کاتب اور نہایت اعلیٰ کاغذ مہیا کیا گیا ہے ۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے قیمت فی حصہ صرف ایک روپیہ چار آنہ ہوگی ۔ اس طرح یہ لغت تیس ماہ میں شائع ہو جائے گا ۔ حالانکہ اس سے پہلے جو لغت شائع ہوئے ہیں وہ ۱۵ ۔ ۲۰ سال کے عرصہ میں شائع کئے گئے ہیں ۔ کوئی رقم پیشگی نہیں لی جائے گی ۔ ہر حصہ ہر ماہ کے شروع میں بذریعہ وی ۔ پی ۔ ارسال کیا جائے گا ۔ جو صاحب یکمشت ۳۷ روپے ۸ آنے ارسال کریں گے ۔ انہیں محصولڈاک و پیکنگ معاف ہوگا اور ہر حصہ کمپنی کے خرچ پر رجسٹرڈ بھیجا جائے گا ۔ آج تک کوئی بڑے سے بڑا لغت اس قدر کم قیمت پر شائع نہیں ہوا ۔ حالانکہ اس میں الفاظ محاورات اور ضرب الامثال وغیرہ ان سے پانچ گنا زیادہ ہیں ۔ جو صاحب اسے خریدنا چاہیں ۔ وہ اپنا نام فوراً درج کرا دیں ۔ کیونکہ لغت کی تکمیل ہو جانے پر اس کی قیمت پچاس روپے ہو جائے گی ۔ اگر نام درج کرانے میں تاخیر ہوئی ۔ تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا پہلا حصہ جنوری ۱۹۳۳ء میں شائع ہو جائے گا۔

خواجہ اکرم محمود طوری بی اے منیجر جامع اللغات کمپنی پوسٹ بکس ۳۲ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۲۹۳

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ
ششماہی
سہ ماہی
ممالک غیر کے لئے
سالانہ
ششماہی
نمونہ
مفت

الجمعیۃ
سہ روزہ — دہلی
ید اللہ علی الجماعۃ

معاون: محمد عثمان فارقلیط
مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
۱ ۵ ۹ ۱۳ ...
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات

جلد ۱۶ — دہلی — یوم دوشنبہ ۶ شعبان المعظم ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ دسمبر ۱۹۳۲ء — نمبر ۴۰

اسلامی تاریخ کے چمکتے ہوئے اوراق

صلیبیوں کی طرف سے شہر انطاکیہ کا محاصرہ

مسلمانوں کے اختلافات نے خود مسلمانوں کو تباہ کیا

عیسائیوں کے روایتی اور تاریخی مکر و فریب کا مظاہرہ

گزشتہ الجمعیۃ میں لکھا جا چکا ہے کہ صلیبی سرداروں نے شہر انطاکیہ کا محاصرہ کر لیا ...

انطاکیہ کے باشندوں کا قتل عام

دو متضاد خلافتوں کے تباہ کن نتائج

فتح کے بعد صلیبیوں کی جانشینیاں

معاصرین کے افکار و آراء

ہمارا مخالف ہمارا معین ہے (ملت)

مسلم فرقہ پرستوں کا اتحاد ثلاثہ (سرفراز)

کانپوری جمعیۃ یا کلنک کا ٹیکہ (مدینہ)

افریقیوں کی حرکات (ہلال)

موافقین اور مخالفین کا مقابلہ (زمیندار)

فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس

اپنی زندگی برباد نہ کرو

دونوں دواؤں کی قیمت سات روپیہ

جریان کی گولیاں — **سفوف جریان**

منیجر حاذق فارمیسی ... دہلی

مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

ہر قسم کے جریان کیلئے اکسیر۔ قبض بالکل نہیں کرتی

منیجر دواخانہ مجربات خصوصی دہلی

رسالہ حقیقت اسلام لاہور کی شہرت کا راز

کیسٹوفین

بچوں کی صحت

کیسٹوفین مینوفیکچرنگ کمپنی (انڈیا) کراچی

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

دوا و درد بول اٹھے

اکسیر حیات

فیملی ڈاکٹر یا گھر کا حکیم

جامعہ رحمانی مونگیر کا ماہوار رسالہ

الجامعہ

فائدہ مند تجارت

گرم کوٹوں کا تازہ چالان آ گیا!

ایس۔ رفیق بھائی جنرل سپلائیرز اینڈ کمیشن ایجنٹ جیکب سرکل بمبئی نمبر ۱۱

S. RAFIQ BROS YACOB CIRCLE
BOMBAY No. 11

احمد امین اینڈ کو

تھوک انگریزی دوا فروش

بازار بلی ماران دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶

طبی دنیا میں ہلچل

سفید بال جڑ سے کالا

الجمعیۃ میں

اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

منیجر

مولانا حکیم محمد عبد الہادی صاحب

پھلواری شریف ضلع پٹنہ

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

آج تک ہندوستان میں ...

مترجم قرآن مجید ... نوٹ ... ملنے کا پتہ

منیجر اخبار الجمعیۃ بازار بلیماران دہلی

خاموش تبلیغ

یہ حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دینی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جس کی تمام ملک میں دھوم مچ چکی ہے۔ مسلمانوں کی اقتصادی بدحالی اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے اور بہت سے ایسے مذہبی مسائل جن کی مسلمانوں کو آجکل اپنی فلاح و بہبود کے لئے شدید ضرورت ہے افسانے کے نہایت دلنشین اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ اس اصلاحی اور تبلیغی افسانہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری ہے۔ ... صفحات قیمت ... علاوہ محصولڈاک۔

تعلیم الاسلام

مصنفہ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

اب یہ حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم الاسلام سے بہتر اردو کا کوئی نصاب تعلیم نہیں ہے۔ یہ رسالے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہوتے ہیں۔

تعلیم الاسلام کا قاعدہ — تعلیم الاسلام کا پہلا نمبر — تعلیم الاسلام کا دوسرا نمبر — تعلیم الاسلام کا تیسرا نمبر

تعلیم الاسلام کا چوتھا نمبر ... علاوہ محصولڈاک۔

علامہ شبلی کی مشہور تصنیف "اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" قیمت ...

ابدی نجات۔ آریہ سماج کے اس عقیدہ کا کہ نجات محدود اور عارضی ہوتی ہے نہایت مفصل اور مدلل جواب ... قیمت

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ بازار بلی ماران دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

دہلی

مسئول مدیر ہلال احمد زبیری

معاون محمد عثمان فارقلیط

قیمت اخبار
ہندوستان کیلئے
سالانہ ... ... للعہ
ششماہی ... ...
سہ ماہی ... ...
ممالک غیر کے لئے
سالانہ ... ...
ششماہی ... ...
نمونہ
مفت
فی پرچہ ایک آنہ

تاریخہائے اشاعت
ہر عیسوی ماہ کی
یکم ۵ ۹ ۱۳
۱۷ ۲۱ ۲۴ ۲۸
کو شائع ہوتا ہے

نرخنامہ اشتہارات
ایک صفحہ (ایک بار)
نصف صفحہ (")
ایک کالم (")
½ کالم (")
¼ کالم (")

جلد ۱۶ | دہلی یوم دوشنبہ ۶ شعبان المعظم ۱۳۵۱ھ مطابق ۵ دسمبر ۱۹۳۲ء | نمبر ۴۰

معاصرین کے افکار و آراء

"ہمارا مخالف ہمارا معین ہے" (ملت)

"ہمارا مخالف" درحقیقت "ہمارا معین ہوتا ہے" یہ برک، انگلستان کے مشہور مدبر کا مقولہ ہے "انقلاب فرانس پر چند تاثرات" کے عنوان سے ایڈمنڈ برک نے اپنی مشہور کتاب میں لکھا ہے۔

"وہ شخص جو ہم سے کشتی لڑتا ہے درحقیقت ہمارے بازوؤں کی طاقت کو زیادہ کرتا ہے اور ہمیں کشتی کرنے کے قابل بناتا ہے اور ہماری پھرتی کو زیادہ کرتا ہے، اس لئے ہمیں مخالفت سے کبھی گھبرانا نہ چاہئے بلکہ خوش ہونا چاہئے۔"

لیکن آج کل مخالف رائے سننے کے لئے کسی کو تاب نہیں حالانکہ اگر کوئی شخص تم پر اعتراض کرے تو تم کو چاہئے کہ تم اس پر غور کرو اور یہ دیکھو وہ کیا ہے۔ اگر اس کا اعتراض صحیح ہے اور اس کی نکتہ چینی جائز تو تمہیں اس کا ممنون ہونا چاہئے کہ اس نے اس بات کا موقعہ دیا کہ تم اپنی اصلاح کر سکو۔ اور اگر اس کا اعتراض غلط اور صرف بغض و عناد پر مبنی ہے تو تمہیں کوئی فکر نہ ہونی چاہئے کہ اس طرح کے اعتراضات اور حاسدانہ مخالفتیں ہمیشہ ناکام ہوتی ہیں اور آخر کار رسوا اور بدنام وہی ہوتا ہے جو صرف بدنیتی اور عناد سے مخالفت کرتا ہے!

اس میں شک نہیں کہ جس قوم میں اس قسم کے افراد پیدا ہو جائیں کہ وہ صرف کینہ اور بغض کی بنا پر لوگوں کی مخالفتیں کریں وہ قوم تباہی سے کسی طرح بچ نہیں سکتی لیکن وہ جماعت بھی یقیناً خوش قسمت ہے جسے (اس قسم کے مخالفین کا مقابلہ کرنا پڑے) جن کی مخالفت کی بنیاد حقیقت اور صداقت پر نہ ہو بلکہ تمام تر ذاتی اور بغض پر ہو۔ ایسی مخالفت یقیناً بہت اچھی ہے اور اس سے بجائے نقصان کے فائدہ ہوتا ہے۔ رہنمایان قوم کی زندگی میں اس قسم کی کوئی مثال لے لو اور غور سے دیکھو تو تمہیں صاف نظر آ جائے گا کہ بغض و عناد کی بنیاد پر مخالفت کرنے والے کی لوگوں کے دلوں میں کوئی وقعت نہیں ہوتی اور آخر کار وہ رسوا ہو کر رہتا ہے!

کانپوری جمعیۃ پا کلنک کا ٹیکہ (مدینہ)

مسلم کانفرنس اب چند خود غرض اور بے حقیقت افراد پر مشتمل رہ گئی ہے جن کی صدائے بے ہنگام اتنی وقعت بھی نہیں رکھتی جتنی ان لیڈروں کے شور و غل کو حاصل ہو سکتی ہے جو راتوں کے سکوت کو درہم برہم کیا کرتے ہیں۔ مسلم کانفرنس سے ہر قابل تذکرہ مسلمان رہنما علیحدہ ہو چکا ہے، جمعیۃ علمائے ہند علیحدہ ہے، مجلس خلافت علیحدہ ہے، جمعیۃ احرار اس پر لعنت بھیجتی ہے، نیشنلسٹ پارٹی اس سے بیزار ہے۔ یہاں تک کہ خود وہ لوگ جو کل تک اس کے سرگرم ارکان تھے اور نہ صرف ارکان بلکہ اس کے صدر، سکرٹری اور مجلس عاملہ کے رکن تھے وہ بھی اس کی غداریوں، بے اصولیوں اور بے ایمانیوں سے تنگ آ کر اس کو چھوڑ چکے ہیں۔ مولانا حسرت موہانی، مولانا شوکت علی، نواب اسمٰعیل خاں، سید محمد حسین بیرسٹر، سید ذاکر علی، شیخ عبد المجید سندھی، شاہ مسعود احمد بیرسٹر اور ان کے وہ تمام ہمراہی جن کو ملک میں صحیح اعتماد حاصل ہے، باقی رہی جمعیۃ علمائے کانپور تو اس کی تاریخ "اہل علم" کے نامیہ تقدس پر ایک کلنک کا ٹیکہ ہے اس کا وجود و عدم وجود برابر ہے اس کا تذکرہ صرف اتنا باقی ہے کہ مولوی مظہر الدین صاحب خود کو قائم مقام سکرٹری لکھا کرتے ہیں یعنی سکرٹری بھی مفرور ہے۔ ان تینوں جماعتوں کے ارکان کو ملک کے مسلمانوں کے سامنے جانے کی کیا جرأت ہو سکتی ہے اور شیخ عبد المجید سندھی نے بالکل صحیح فرمایا کہ اصل فیصلہ وہ نہیں جو چند خوش پوش اور متمول حضرات بلیماران کے ایک کونے میں کر رہے ہیں بلکہ وہ ہوگا جو تمام ہندوستان کے مسلمان کھلے اجلاس میں بمقام لکھنؤ کریں گے۔ لیکن "افتراقیان کرام" کو اپنی بے حقیقی اور کمپرسی کا علم ہے۔ لہٰذا سرکاری فیصلے کی خدمت کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایک کونے میں دبکے فیصلے اس کی مدح و ستائش کر دی جائے اور چونکہ حکومت کے نقاد اس سے ہوتے رہتے ہیں، وہ کہہ سکتی ہے کہ یہی مسلمانوں کی حقیقی آواز ہے۔ لیکن ان کو معلوم نہیں کہ مسلمانوں کے پاس وہ ذرائع موجود ہیں جن سے حقیقی رائے ملت کا اظہار کیا جا سکتا ہے۔

موافقین اور مخالفین کا مقابلہ (زمیندار)

مسلم لیگ یا مسلم کانفرنس نے کوئی جماعتی رائے ظاہر نہ کی تھی کہ اس کے کسی رکن کو موتمر الہ آباد میں شریک نہ ہونا چاہئے۔ اس لئے اس کے ایک طبقہ کی اس میں شمولیت اس طبقہ کی عدم شمولیت سے اگر زیادہ نہیں تو کم اہمیت بھی نہیں رکھتی۔ مولانا شوکت علی، نواب اسمٰعیل، راجہ صاحب سلیم پور، مولانا شیخ عبد المجید سندھی، مسٹر ذاکر علی، مسٹر محمد حسین، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد، مولانا حسرت موہانی جب تک مسلم کانفرنس سے وابستہ تھے انہیں حق رکنیت سے کوئی محروم نہیں کر سکتا۔ اور اس لئے ہمارا یا موتمر الہ آباد کے ارباب بست و کشاد کا یہ خیال بالکل درست ہے کہ مسلم کانفرنس کے ایک طبقہ نے جو بہت مقتدر ہے الہ آباد کانفرنس میں شمولیت کی اور یہ ایک ایسا دعویٰ ہے جس کی کوئی تردید ممکن نہیں۔

ایک طرف سر محمد یعقوب، ملک فیروز خاں نون، حاجی سیٹھ عبد اللہ ہارون، مولانا شفیع داؤدی، سر عبد اللہ سہروردی، مولانا مظہر الدین وغیرہ اس وضع کے دوسرے اصحاب ہیں، دوسری طرف مولانا ابو الکلام آزاد، مولانا شوکت علی، مسٹر محمد علی جناح (مولانا شوکت علی کے حالیہ برقیہ کے مطابق) ڈاکٹر انصاری، مولانا ظفر علی خاں، مولانا حسین احمد، مولانا محمد سجاد (نائب امیر شریعت صوبہ بہار) مولانا داؤد غزنوی، شیخ حسام الدین، نواب اسمٰعیل میرٹھی، راجہ صاحب سلیم پور، مولانا شیخ عبد المجید سندھی، مولانا حسرت موہانی، مسٹر ذاکر علی، مسٹر محمد حسین ہیں۔ کیا کوئی انسان بقیام ہوش و حواس ان اصحاب کی نمائندگی سے انکار کی جرأت کر سکتا ہے؟ یہ مستقبل بتائے گا کہ مسلم کانفرنس اور مسلم لیگ کا وہ ایک طبقہ "جو اپنے فعال اعضا کے کٹ کر الگ ہو جانے کے باعث بے جسد بے روح بن کر رہ گیا ہے۔ الہ آباد کے فیصلہ کی دھجیاں بکھیرنے میں کامیاب ہوتا ہے یا نہیں، سرونوں اور خان بہادروں کی فعالیت کی داستان بہت رسوا ہو چکی ہے۔ اور اب اس سے خوشگوار توقعات وابستہ کرنا کچھ تیلیوں سے تلوار چلانے کی توقع قائم کرنا ہے۔

مسلم فرقہ پرستوں کا اتحاد ثلاثہ (سرفراز)

اس کی لہ میں بھی جس میں سرکاری اثر و نفوذ چھپایا ہوا تھا اتحادی کوششوں کے اثر کو زائل کر دینے کے لئے ان تینوں نام نہاد جماعتوں کی مجالس عاملہ کے ارکان نے ایک تجویز منظور کی جس میں اس نے اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کی رپورٹ کو اس وقت تک قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے جب تک کہ مسلمانوں کو بلا ایک نقطہ کی کمی کے وہی حقوق نہ دیئے جائیں جن کا مطالبہ مسلم کانفرنس اپنے اجلاس منعقدہ جنوری ۱۹۲۹ء میں کر چکی ہے۔ مسلم کانفرنس، مسلم لیگ اور کانپوری معطل و مغلوج جمعیۃ العلماء (جو دہلی کی مقتدر جمعیۃ علمائے ہند کے مقابلہ میں تشکیل کی گئی تھی) کے اثر و اقتدار اور اس کی کارروائیوں سے ہر شخص بخوبی واقف ہو چکا ہے۔ ان تینوں جماعتوں کے کرتا دھرتا علی الترتیب مولوی شفیع داؤدی، سر محمد یعقوب اور مسٹر مظہر الدین ایڈیٹر الامان ہیں جن کی افتاد طبع پبلک پر اظہر من الشمس ہو چکی ہے اور دنیا سمجھتی ہے کہ مسلمانوں کا تنازعہ ان حضرات کے دل میں ہے۔ یہ تینوں جماعتیں طلب کی حیثیت رکھتی ہیں جن میں عیش پسند اور عشرت کوش اصحاب اپنی دلبستگیوں، دلچسپیوں اور شوق لیڈری کی وجہ سے شریک ہیں۔

یہ جماعتیں میدان عمل میں سب سے پیچھے اور دستر خوان ضیافت پر ہمیشہ پیش نظر آتی ہیں۔ اس قول کی انصاف پسندی، اسلام دوستی اور دیانتداری کا اندازہ صرف اس سے کیا جا سکتا ہے کہ وزیر اعظم کے فرقہ وارانہ فیصلہ کو وہ مسلمانوں کیلئے مضر بخش نہیں سمجھتیں لیکن الہ آباد اتحاد کانفرنس کی سب کمیٹی کی رپورٹ کو مسلمانوں کے مفاد و اغراض کے منافی خیال کرتی ہیں۔ اول الذکر فیصلہ کے خلاف اس نے کسی شور و غوغا کو ضروری نہیں سمجھا لیکن آخر الذکر فیصلہ کی مخالفت اس کے نزدیک اسلام کی سب سے بڑی خدمت ہے۔

افتراقیوں کی حرکات (ہلال)

فیصلہ الہ آباد کو ستو کر نا ملت اسلامیہ کے اعلیٰ ترین مفاد کی گردن پر چھری چلانے کی مترادف ہے اور یہ اتنی بڑی اور اتنی کھلی ہوئی غداری ہے کہ اس سے بڑھ کر کسی غداری کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ ہم اس موقعہ پر ایک بار پھر اپنی اس رائے کا اعادہ کرنے پر مجبور ہیں کہ اگر آج مسلمانوں میں قومی بیداری اور وطنیت کا احساس دیگر ترقی یافتہ اقوام کی طرح موجود ہوتا تو ایک نون، ایک یعقوب اور ایک شفیع نہیں بلکہ ان جیسے ہزار بھی موجود ہوتے تو ان کو دم مارنے اور زبان ہلانے کی جرأت نہیں ہو سکتی تھی۔ لیکن قوم کی عام پست حالی اور غفلت ان کے لئے جرأت آموز ہے اور وہ اس عام پست حالی سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور حکومت کی امداد سے دنیا کی آنکھوں میں خاک جھونکنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

اسلامی تاریخ کے چند اوراق پارینہ

(الصادق)

صلیبیوں کی طرف سے شہر انطاکیہ کا محاصرہ
مسلمانوں کے اختلافات نے خود مسلمانوں کو تباہ کیا
عیسائیوں کے ذاتی اور تاریخی مکر و فریب کا مظاہرہ

گزشتہ الجمعیۃ میں لکھا جا چکا ہے کہ صلیبی سورماؤں نے شہر انطاکیہ کا محاصرہ کر لیا جس کی مدافعت سلجوقی گورنر باغیسیان کر رہا تھا۔ آج اس سے آگے بڑھتے ہیں۔

عیسائیوں نے شہر انطاکیہ کا بڑے زور سے محاصرہ کیا مگر اس کو جلد فتح نہ کر سکے اس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ ترکوں نے محاصرین کا بڑی سختی سے مقابلہ کیا اور ان کو اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہونے دیا۔ دوسرا سبب یہ تھا کہ انطاکیہ ایک سبزہ زار اور شاداب ماحول میں واقع تھا جہاں غلہ اور انگور بکثرت پیدا ہوتے تھے عیسائیوں نے انگوری شراب پی کر خوب عیش کئے اور چراگاہ میں جو مویشی تھے ان کو بے فکری سے اڑاتے رہے۔ عیسائیوں کے فسق و فجور اور شراب نوشی سے ترکوں نے یہ فائدہ اٹھایا کہ وہ موقعہ پا کر باہر نکلتے اور صلیبیوں کو تہ تیغ کر دیتے۔ ترکوں کے اس شبخون سے عیسائی بہت پریشان ہوئے اور جب ان کے پاس غلہ ختم ہو گیا اور مویشی سب ہضم ہو گئے تو انہیں قحط و بھوک سے بھی دوچار ہونا پڑا۔

دو متضاد خلافتوں کے تباہ کن نتائج

اتفاق سے فاطمی خلیفۂ مصر کے ایلچی یہاں آ پہونچے کیونکہ انہوں نے ترکوں پر یورش کر کے فلسطین اور صور (طائر) کو فتح کر لیا تھا۔ ایلچیوں نے کہا عیسائیوں سے کہا کہ اب ظالم ترکوں کی حکومت ختم ہو گئی ہے اس لئے تم ہم سے صلح کر لو خلیفۂ مصر کا یہ پیغام بھی پہونچایا گیا کہ عیسائی زائرین غیر مسلح ہو کر ایک ماہ کے لئے ارض مقدس میں آ سکتے ہیں۔ نیز یہ بھی وعدہ کیا گیا کہ ہر عیسائی کو سفر کی سہولتیں بہم پہونچائی جائے گی بشرطیکہ وہ جب تک ارض مقدس میں رہیں خلیفہ کو اپنا بادشاہ تسلیم کریں۔

صلیبیوں نے دیکھا کہ اس وقت خود مسلمان، مسلمان کے خلاف ہو رہے ہیں اس لئے ان کی باہمی عداوتوں سے کیوں فائدہ نہ اٹھایا جائے۔ اللہ اکبر! اسلام نے مسلمانوں کو وہ لیس سبق ہی دیا ہے کہ آپس میں اختلاف نہ کرنا ورنہ تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔ چنانچہ یہی ہوا کہ عیسائیوں نے مسلمانوں کی بگڑی ہوئی کو دیکھ کر نہایت متکبرانہ اور مغرورانہ جواب دیا کہ ارض مقدس پر صرف عیسائی حکومت کر سکتے ہیں۔ کسی دوسری قوم کو اس پر قبضہ رکھنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اگر کوئی دوسری قوم ارض مقدس کو ہمارے سپرد نہ کرے گی تو اس کی سزا یا تو جلا وطنی ہے اور یا قتل۔ یہ جواب سن کر خلیفۂ مصر کے ایلچی مایوس ہو کر لوٹ گئے۔ گورنر انطاکیہ کو یقین ہو گیا کہ اب صلیبی فوجوں سے بچنا بہت مشکل ہے اس لئے اس نے بھی پیر پھیلنے چھوڑ دیئے۔

صلیبی سورماؤں کی ایک اور وحشیانہ حرکت

اتفاق سے صلیبی سورما رسد اور سامان حرب لے کر محاصرین کی امداد کے لئے آ رہے تھے کہ ترکوں نے کمین گاہ سے نکل کر ان پر حملہ کر دیا اور ہزاروں سورماؤں کو خاک و خون میں تڑپا دیا لیکن گاڈ فرے اور رابرٹ کے بروقت ہو پہنچنے پر ان کی شکست فتح سے بدل گئی اور صلیبیوں نے سینکڑوں ترکوں کو شہید کر ڈالا۔ شہید ترکوں کی لاشوں کو ان کے ساتھیوں نے دفن کر دیا مگر ان بہادروں نے قبریں اکھاڑ کر لاشوں کو باہر نکال لیا اور ان کے دھڑوں سے سروں کو کاٹ کر نیزوں میں لٹکا لیا اور پھر ان کی تشہیر کی۔ متعدد سروں کو خلیفۂ مصر کے پاس بھیجا تا کہ وہ دیکھ لے کہ اس کے ہم مذہب سلجوقیوں کا کیا حشر ہوا یہ وہ وحشت اور بربریت ہے جو صرف عیسائی سورماؤں کے ساتھ مخصوص ہے۔

خیر وہ زمانہ تو وحشت کیلئے بدنام ہی ہے، لیکن موجودہ زمانہ جو تہذیب و تمدن، علم و ہنر، انصاف اور حق پرستی کا زمانہ شمار کیا جاتا ہے، اس میں بھی عیسائیوں کا یہی طرز عمل رہا ہے لارڈ کچنر جو برطانوی فوج کا کمانڈر انچیف تھا اس نے مہدی سوڈانی کی قبر کھود کر اس کی ہڈیوں کو آگ کی نذر کر دیا اور ملکہ وکٹوریہ کو لکھ بھیجا کہ خود مسلمانوں نے مہدی سوڈانی کی قبر کو کھود کر پھینک دینے کی بابت درخواست کی تھی۔ اظہار صرف ظلم ہی نہیں کرتا بلکہ وہ کذب و افترا کا فاتق بھی بنا جاتا ہے۔

بہادر سورماؤں کا رذالتی مکر و فریب

اگرچہ انطاکیہ کا گورنر اپنی انتہائی قلت اور دشمنوں کی کثرت کو دیکھ کر بالکل مایوس ہو چکا تھا لیکن اس نے اسلامی غیرت و حمیت کے باعث مرہم پرستوں سے صلح کی مطالبہ اور خواست نہیں کی۔ دوسری طرف عیسائی بھی باوجود اپنی کثرت کے انطاکیہ کو فتح نہ کر سکے کیونکہ محصورین بڑی سختی سے اپنے قلعہ کی حفاظت میں لگے رہے۔ بالآخر عیسائیوں کی روایتی چال چل گئی۔ بوہیمانڈ نے سوچا کہ جو کام قوت سے نہیں نکل سکتا اس کو مکر و فریب سے نکالنا چاہئے۔ شاید اس طریقے سے ہم کامیاب ہو جائیں۔ چنانچہ اس شخص نے انطاکیہ کے ایک شخص فیروز کو (جو مذہباً عیسائی تھا) اپنے ساتھ ملا لیا فیروز گورنر انطاکیہ کا استرہ بردار ملازم تھا اور دربار کی ہر نقل و حرکت کی خبر رکھتا تھا۔

فیروز نے کہا کہ میں صرف ایک رات میں شہر پر قبضہ کرا سکتا ہوں بشرطیکہ انطاکیہ پر میری ہی حکومت ہو۔ اس شرط کو بوہیمانڈ نے تسلیم کر لیا۔ باغیسیان کو اس امر کی اطلاع مل گئی کہ ہم میں سے کوئی شخص عیسائیوں سے مل گیا ہے مگر اس کو کسی سازشی کا یقینی پتہ نہیں لگ سکا آخر کار ایک رات کو فیروز کی ترکیبوں سے فصیل شہر پر رسی ڈالی گئی اور اس کے ذریعہ ایک سو صلیبی چڑھ گئے۔ پہلے ان لوگوں نے سات برجوں پر قبضہ کر کے دربانوں کو قتل کر ڈالا اس کے بعد شہر کا پھاٹک کھول دیا۔

انطاکیہ کے باشندوں کا قتل عام

پھاٹک کا کھلنا تھا کہ عیسائیوں کی بے شمار فوج شہر میں گھس پڑی۔ ان وحشیوں نے گھستے ہی قتل عام شروع کر دیا۔ انہوں نے نہ تو عیسائیوں کو دیکھا اور نہ مسلمانوں کو تمام بے گناہ باشندے تہ تیغ کر دیئے گئے۔ اس قتل عام میں دس ہزار سے زائد باشندے مارے گئے اور انطاکیہ کا تمام شہر انسانی خون سے سرخ ہو گیا۔

